فَلَوْلَا نَفَرَ مِنْ كُلِّ فِرْقَةٍ مِنْهُمْ طَآئِفَةٌ لِيَتَفَقَّهُوا فِي الدِّيْنِ

فتاویٰ قاسمیہ

منتخب فتاویٰ

حضرت مولانا مفتی شبیر احمد القاسمی
خادم الافتاء و الحدیث جامعہ قاسمیہ
مدرسہ شاہی مراد آباد، الہند

(جلد ۱۲)

المجلد الثانی عشر

کتاب الحج بتمام ابوابھا النکاح الیٰ
باب نکاح المکرہ

۴۸۷۴ ——— ۵۳۴۸

ناشر
مکتبہ اشرفیہ، دیوبند، الہند
01336-223082

مکمل اجمالی فہرست ایک نظر میں

	رقم المسأله		عنوانات
المجلد الأول	١	١٧٢	مقدمة التحقيق، الإيمان والعقائد إلى باب ما يتعلق بالارواح.
المجلد الثاني	١٧٣	٥٥٧	بقية الإيمان والعقائد من باب الحشر إلى باب ما يتعلق بأهل الكتاب، التاريخ والسير، البدعات والرسوم.
المجلد الثالث	٥٥٨	١٠٠٥	بقية البدعات والرسوم من باب رسومات جنائز إلى رسومات نكاح، كتاب العلم إلي باب ما يتعلق بالكتابة.
المجلد الرابع	١٠٠٦	١٤١٥	بقية كتاب العلم من كتابة القرآن إلي باب الوعظ والنصيحة، الدعوة والتبليغ، السلوک والاحسان، الأدعية والأذكار.
المجلد الخامس	١٤١٦	١٩٣٥	الطهارة بتمام أبوابها، الصلوة من أوقات الصلوة إلى صفة الصلوة.
المجلد السادس	١٩٣٦	٢٤٥٧	الجماعة، المساجد، الإمامة.
المجلد السابع	٢٤٥٨	٢٩٦٤	بقية الصلوة من تسوية الصفوف إلي سجود التلاوة.
المجلد الثامن	٢٩٦٥	٣٤٢٣	بقية الصلوة من الذكر والدعاء بعد الصلوة، الوتر، ادراک الفريضة، السنن والنوافل، التراويح، صلوة المسافر.

المجلد التاسع	٣٤٢٤	٣٨٩٣	بقية الصلوة، صلوة المريض، الجمعة، العيدين، الجنائز إلي حمل الجنازة.
المجلد العاشر	٣٨٩٤	٤٤٠٤	بقية الجنائز من صلوة الجنائز إلي باب الشهيد، كتاب الزكوة.
المجلد الحادي عشر	٤٤٠٥	٤٨٧٣	بقية الزكوة، كتاب الصدقات، الصوم، بتمام أبوابها إلي صدقة الفطر.
المجلد الثاني عشر	٤٨٧٤	٥٣٤٨	كتاب الحج بتمام أبوابها، النكاح إلى باب نكاح المكره.
المجلد الثالث عشر	٥٣٤٩	٥٩٤٣	بقية النكاح إلي باب المهر.
المجلد الرابع عشر	٥٩٤٤	٦٤٦٢	الرضاع، الطلاق إلي باب الكناية.
المجلد الخامس عشر	٦٤٦٣	٦٩٠٢	بقية الطلاق، الرجعة، البائن، الطلاق بالكتابة، الطلاق الثلاث، الشهادة في الطلاق، الحلالة.
المجلد السادس عشر	٦٩٠٣	٧٤٠٢	بقية الطلاق، تعليق الطلاق، التفويض، الفسخ والتفريق، الظِهار، الإيلاء، الخلع، الطلاق على المال، العدة، النفقة، ثبوت النسب، الحضانة.
المجلد السابع عشر	٧٤٠٣	٧٨٦٧	الأيمان والنذور، الحدود، الجهاد، اللقطة، الامارة والسياسة، القضاء، الوقف إلي باب المساجد.
المجلد الثامن عشر	٧٨٦٨	٨٤٠٨	بقية الوقف من الفصل الثالث، المسجد القديم إلي مصلى العيد، والمقبرة. (قبرستان)

المجلد	من	إلى	المحتوى
المجلد التاسع عشر	۸٤۰۹	۸۸۵٦	بقية الوقف، باب المدارس، كتاب البيوع، البيع الصحيح، الفاسد، المرابحة، الصرف، السلم، الوفاء، الشفعة، المزارعة.
المجلد العشرون	۸۸۵۷	۹۳۵۰	الشركة، المضاربة، الربوا بتمام أنواعها.
المجلد الحادي والعشرون	۹۳۵۱	۹۷۳۵	الديون، الوديعة، الأمانة، الضمان، الهبة، الإجارة.
المجلد الثاني والعشرون	۹۷۳٦	۱۰۲٤۵	الغصب، الرهن، الصيد، الذبائح بتمام أنواعها، الأضحية بتمام أنواعها، العقيقة، الحقوق، بأكثر أبوابها إلي باب حقوق الأقارب.
المجلد الثالث والعشرون	۱۰۲٤٦	۱۰۷۰۵	بقية الحقوق، الرؤيا، الطب والرقیٰ بتمام أنواعها، كتاب الحظر والإباحة إلي باب السابع، ما يتعلق باللحية.
المجلد الرابع والعشرون	۱۰۷۰٦	۱۱۲۰۵	بقية الحظر والإباحة، باب الأكل والشرب، الانتفاع بالحيوانات، الخمر، الدخان، الهدايا، الموالاة مع الكفار، المال الحرام، الأدب، اللهو، استعمال الذهب والفضة، كسب الحلال، الغناء، التصاوير.
المجلد الخامس والعشرون	۱۱۲۰٦	۱۱٦۰۰	الوصية، الفرائض بتمام أبوابها.
المجلد السادس والعشرون	۱	۱۱٦۰۰	فهارس المسائل

❖❖ ❍❖❍

بسم اللہ الرحمن الرحیم

فہرست مضامین

۱۴/ کتاب الحج

❐	۱ / باب من یجب علیه الحج	۳۲

مسئلہ نمبر		صفحہ نمبر
۴۸۷۴	حج کب فرض ہوا؟ اور کیا حضور ﷺ نے فرضیت سے قبل کوئی حج کیا؟	۳۲
۴۸۷۵	حج فرض ہونے کے بعد ادا نہ کرنے کا گناہ	۳۳
۴۸۷۶	حج فرض ہونے کے بعد ادائے گی میں تاخیر نہ کریں................	۳۴
۴۸۷۷	حج کس پر فرض ہوتا ہے؟.............................	۳۵
۴۸۷۸	کیا حاجی پر واپسی تک گھر والوں کا نان ونفقہ لازم ہے؟	۳۷
۴۸۷۹	استطاعت سے پہلے حج کرنا	۳۸
۴۸۸۰	حاجیوں کو مع اپنی محرم عورتوں کے مسائل حج سیکھنے کے لئے جمع کرنا ..	۳۹
۴۸۸۱	کیا نفلی حج کرنے والوں کی وجہ سے حج فرض کرنے والوں کی درخواست منظور نہیں ہوتی	۴۰
۴۸۸۲	کیا ماہ شوال مکہ میں پانے والے پر حج فرض ہے؟	۴۲
۴۸۸۳	رمضان میں عمرہ کرنا بہتر ہے یا نفلی حج؟	۴۳
۴۸۸۴	عورت کے لئے نفلی حج بہتر ہے یا کار خیر میں رقم صرف کرنا.........	۴۴
۴۸۸۵	منظوری نہ ملنے کی وجہ سے حج کی رقم علاج میں خرچ ہو جانے پر کیا حج نہ کرنے کا گناہ ملے گا؟	۴۶
۴۸۸۶	بواسیر کے مریض کا حج کرنا........................	۴۸
۴۸۸۷	پہلے حج بدل کی قسم کھانے کا حکم	۴۸

۴۸۸۸	مستطیع کے لئے پہلے حج کو جانا لازم ہے یا بیرون ملک جماعت میں؟ ...	۵۰
۴۸۸۹	باپ کی فیملی میں رہ کر کمانے والے شخص پر کیا حج فرض ہے؟	۵۱
۴۸۹۰	والدین کا اولاد کے مال سے حج کرنا	۵۲
۴۸۹۱	کیا باپ کے حج سے پہلے بیٹے کا حج ہو جائے گا؟	۵۳
۴۸۹۲	غرباء کو حج کرانے کے لئے چندہ جمع کرنا	۵۴
۴۸۹۳	رشتہ طے ہو جانے کے بعد میاں بیوی کے نام سے حج کی درخواست دینا	۵۵
۴۸۹۴	اشہر حج آنے سے قبل مستطیع کے روپئے تلف ہو گئے	۵۶
۴۸۹۵	حج نہ کر کے اس کی رقم دیگر دینی مصارف میں خرچ کرنا	۵۷
۴۸۹۶	وعدہ خلافی کر کے حج نہ کرانا	۵۸
۴۸۹۷	لوگوں کے حق مار کر حج کو جانا............................	۵۹
۴۸۹۸	بہن کا حصہ نہ دینے والے کا حج قبول ہوگا یا نہیں؟	۶۰
۴۸۹۹	ایضاً	۶۱
۴۹۰۰	بھائی کا بہنوں کا حصہ نہ دے کر حج کو جانا......................	۶۲
۴۹۰۱	ضعیف وکمزور والدہ کو حج پر لیجائیں یا اہلیہ کو؟	۶۳
۴۹۰۲	حج پر والدہ کو ساتھ لے جائیں یا بیوی کو؟......................	۶۵
۴۹۰۳	حج کے لئے بیوی کو ساتھ لے جائیں یا والدہ کو؟	۶۵
۴۹۰۴	چھوٹی بیوی کو حج پر ساتھ لے جانے سے کیا بڑی بیوی کی حق تلفی نہ ہوگی؟ .	۶۶
۴۹۰۵	کیا زمین کو فروخت کر کے حج پر جانا ضروری ہے؟...............	۶۸
۴۹۰۶	کیا زیورات کو بیچ کر حج کرنا ضروری ہے؟	۶۹
۴۹۰۷	حج کے لئے جمع شدہ رقم سے حج کرے یا مکان کا کرایہ ادا کرے؟ ...	۷۰
۴۹۰۸	تعمیرِ مکان، بچوں کی شادی اور حج میں سے پہلے کس کو انجام دیں؟ ..	۷۱
۴۹۰۹	حج فرض ہونے کے بعد سارے روپئے شادی اور عمارت میں لگانے کا حکم ..	۷۲

۴۹۱۰	مستطیع پہلے حج کرے یا اولاد کی شادیوں کا نظم؟	۷۴
۴۹۱۱	لڑکی کی رخصتی کرے یا نفلی حج؟	۷۵
۴۹۱۲	بیٹی کی شادی کی وجہ سے حج کو مؤخر کرنا	۷۶
۴۹۱۳	لڑکی کی شادی کریں یا حج؟	۷۸
۴۹۱۴	غیر مستطیع کا قرض لے کر حج کو جانا	۷۹
۴۹۱۵	فیس دے کر حج کی منظوری کرانا	۸۰
۴۹۱۶	تصویروں کی آمدنی سے حج کرنے کا حکم	۸۱
۴۹۱۷	حجامت کی آمدنی سے حج کرانے کا حکم	۸۳
۴۹۱۸	وکالت کی آمدنی سے حج بیت اللہ کرنے کی شرعی حیثیت	۸۴
۴۹۱۹	حج یا عمرہ کے لئے حلال اور پاک مال ضروری ہے	۸۵
۴۹۲۰	مال مخلوط میں سے صرف حلال مال سے حج کرنا	۸۶
۴۹۲۱	مال حرام سے حج کرنا	۸۷
۴۹۲۲	بقدر استطاعت مال حرام ہو تو حج کا حکم	۸۹
۴۹۲۳	رشوت دے کر حج کرنا	۹۰
۴۹۲۴	حج کی منظوری کرانے کے لئے رشوت دینے کا حکم	۹۱
۴۹۲۵	بینک سے لون لے کر حج کرنا	۹۲
۴۹۲۶	بینک سے قرض لے کر حج کو جانا	۹۳
۴۹۲۷	حج کے لئے بینک سے قرض لینا	۹۴
۴۹۲۸	پگڑی کی رقم سے حج کرنے کا حکم	۹۵
۴۹۲۹	سرکاری ملازم کا بیماری کی چھٹی لے کر حج کو جانا	۹۶
۴۹۳۰	سعودی میں دوران ملازمت حج کرنے کا حکم	۹۷
۴۹۳۱	حکومت کے قانون کے خلاف ہر سال حج کرنا	۹۸

۴۹۳۲ دوران حج ایکسیڈنٹ کی بنا پر حج کمیٹی سے رقم لینا ۹۹
۴۹۳۳ حکومت ہند سے حاجیوں کو ملنے والی سبسڈی جائز ہے یا نہیں؟ ۱۰۰
۴۹۳۴ قرعہ اندازی کے ذریعہ حج ادا کرنے کا حکم ۱۰۱
۴۹۳۵ حج وعمرہ کی مختلف اسکیموں کا حکم ۱۰۳
۴۹۳۶ حج بیسی اور اس کے ذریعہ حج کا حکم ۱۰۴
۴۹۳۷ حج کمیٹی اور ٹور ایجنٹ اجیر ہیں یا وکیل بالأ جرۃ؟ ۱۰۶
۴۹۳۸ دوران حج خارجی اوقات میں تجارت کرنا ۱۰۸
۴۹۳۹ سفید صحن مسجد حرام میں داخل ہے یا نہیں؟ ۱۰۹
۴۹۴۰ کیا حاجیوں پر عید الاضحیٰ کی نماز واجب ہے؟ ۱۱۰

| | ۲ / باب اشتراط المحرم للمرأة | ۱۱۲ |

۴۹۴۱ عورت پر حج کب فرض ہوتا ہے؟ ۱۱۲
۴۹۴۲ محرم کا خرچ نہ ہونے کی صورت میں عورت پر حج فرض نہیں ۱۱۳
۴۹۴۳ عورتوں کا بے پردہ حج پر جانا ۱۱۴
۴۹۴۴ شوہر بیوی کو حج کرائے تو کونسا حج ادا ہوگا؟ ۱۱۶
۴۹۴۵ عورت کے ساتھ جانے والے محرم کا کونسا حج ادا ہوگا؟ ۱۱۷
۴۹۴۶ عورت بلا محرم سفر حج پر نہیں جاسکتی ۱۱۸
۴۹۴۷ مشتہاۃ عورت کا بلا محرم حج کو جانا ۱۱۹
۴۹۴۸ بلا محرم شرعی عورت کا حج کے لئے جانا ۱۲۰
۴۹۴۹ کیا بیوی بغیر شوہر کے حج کرسکتی ہے؟ ۱۲۱
۴۹۵۰ ایئر پورٹ سے ایئر پورٹ تک محرم یا شوہر کے ساتھ اور جہاز میں بلا محرم سفر .. ۱۲۱
۴۹۵۱ مشتہاۃ عورت کا بغیر محرم کے ۴۸ ر میل کا سفر کرنا ۱۲۳
۴۹۵۲ عورت کا بغیر محرم کے حج کرنا ۱۲۵

۴۹۵۳ شوہر کی اجازت کے بغیر غیر محرم کے ساتھ حج کو جانا ۱۲۶
۴۹۵۴ غیر محرم کے ساتھ حج کا سفر کرنا ۱۲۸
۴۹۵۵ شوہر کے مقروض ہونے کی حالت میں بیوی کا حج کرنا ۱۲۹
۴۹۵۶ حج کے لئے غیر محرم عورتوں کو ساتھ لے جانا ۱۳۰
۴۹۵۷ شوہر کی مرضی کے بغیر داماد کے ساتھ حج پر جانا ۱۳۱
۴۹۵۸ داماد کے ساتھ حج کو جانا ۱۳۲
۴۹۵۹ کیا عورت داماد کے ساتھ حج کو جا سکتی ہے؟ ۱۳۳
۴۹۶۰ اپنی بیوی کے ساتھ پھوپھی زاد بہن کو حج پر لے جانا ۱۳۴
۴۹۶۱ بہو کا اپنی ساس کے ہمراہ غیر محرم کی معیت میں سفر حج کرنا ۱۳۵
۴۹۶۲ سالی کا بہنوئی کے ساتھ حج کو جانا ۱۳۶
۴۹۶۳ عورت کا بہن اور بہنوئی کے ساتھ حج کو جانا ۱۳۷
۴۹۶۴ بیٹے کے ساتھ انتقال شدہ بہن کی طرف سے حج بدل کو جانا ۱۳۸
۴۹۶۵ محرم نہ ہونے کی صورت میں سہیلی کے ساتھ حج کو جانا ۱۳۹
۴۹۶۶ عورت کا اپنی بہن اور بہنوئی کے ساتھ حج کو جانا ۱۴۰
۴۹۶۷ بیوہ کا اپنی بہن اور بہنوئی کے ہمراہ حج کو جانا ۱۴۱
۴۹۶۸ عورت اپنے دیور کے ساتھ حج کو جا سکتی ہے یا نہیں؟ ۱۴۲
۴۹۶۹ کیا بھاوج دیور کے ساتھ حج کو جا سکتی ہے؟ ۱۴۳
۴۹۷۰ بنائے ہوئے بھائی کے ساتھ حج پر جانا ۱۴۳
۴۹۷۱ چچی کا بھتیجے کے ساتھ حج کو جانا ۱۴۵
۴۹۷۲ دوران عدت حج کا سفر کرنا ۱۴۵
۴۹۷۳ حالت عدت میں سفر حج ۱۴۶
۴۹۷۴ حمل کی وجہ سے حج کو ملتوی کرنا ۱۴۷

۴۹۷۵ دورانِ سفر شوہر کا انتقال ہوگیا ۱۴۸
۴۹۷۶ مکہ میں حج سے پہلے شوہر کا انتقال ہوگیا ۱۴۹
۴۹۷۷ دورانِ حج شوہر کا انتقال ہوجائے تو عورت کیا کرے؟ ۱۵۰
۴۹۷۸ سفرِ حج کی پرواز سے قبل شوہر کا انتقال ہوجائے تو کیا بیوی حج بدل کرے؟ ۱۵۱
۴۹۷۹ عورت کا بلا محرم سفر کر کے حج کرنا ۱۵۳
۴۹۸۰ بوڑھی عورت کا جوان پوتے کے ساتھ حج کو جانا ۱۵۴
۴۹۸۱ بوڑھی عورت کا بلا محرم حج کرنا ۱۵۶
۴۹۸۲ عمر دراز عورت کا بلا محرم سفر حج کو جانا ۱۵۶
۴۹۸۳ کیا ۵۵/سالہ عورت تنہا حج کو جاسکتی ہے؟ ۱۵۷
۴۹۸۴ ۵۷/سالہ عورت کا انٹرنیشنل گروپ سے حج کرنا ۱۵۸
۴۹۸۵ ۵۸/سالہ عورت کے لئے غیر محرم کے ساتھ سفر حج کا حکم ۱۵۹
۴۹۸۶ ساٹھ سالہ عورت کا قافلہ کے ساتھ حج کو جانا ۱۶۰
۴۹۸۷ ۶۵/سالہ عورت کا بلا محرم سفر حج پر جانا ۱۶۱
۴۹۸۸ ۶۵/سال کی عورت کا بلا محرم حج کا سفر کرنا ۱۶۲
۴۹۸۹ کیا ۶۵-۷۰/سالہ عورت بلا محرم حج پر جاسکتی ہے؟ ۱۶۳
۴۹۹۰ ۶۵/۷۰/سال کی عورت کا بلا محرم شرعی سفر حج کے لئے جانا ۱۶۴
۴۹۹۱ ۷۰/سال کی عورت کے لئے نامحرم کے ساتھ سفر حج کا حکم ۱۶۵
۴۹۹۲ ۷۰/سالہ عورت کا بغیر محرم کے حج کرنا ۱۶۶
۴۹۹۳ ۷۵/سالہ عورت کا بلا محرم سفر حج پر جانا ۱۶۷
۴۹۹۴ ۸۰/سالہ عورت کا سمدھی سمدھن کے ساتھ حج پر جانا ۱۶۸
۴۹۹۵ ۸۰/سالہ عورت کا بلا محرم حج کو جانا ۱۶۸
۴۹۹۶ ۸۵/سالہ عورت کا ۸۵/سالہ پھوپھی زاد بھائی کے ساتھ حج کو جانا ... ۱۶۹

۳/ باب رسومات الحج ۱۷۱

۴۹۹۷ حجاج کرام کا حج سے قبل اعزہ واقرباء سے ملاقات کے لئے جانا ۱۷۱
۴۹۹۸ حجاج کرام کی روانگی کے وقت مسجد میں دعا کا اہتمام کرنا ۱۷۲
۴۹۹۹ حاجی کی رخصتی ۱۷۳
۵۰۰۰ حج کو جاتے وقت دعوت وغیرہ کا التزام ۱۷۵
۵۰۰۱ حجاج کرام کا روانگی سے قبل دعوت کرنا ۱۷۸
۵۰۰۲ حج کے لئے جانے سے قبل دعوت اور دیگر منکرات کا حکم ۱۷۹
۵۰۰۳ حاجی کے لئے ہدیہ قبول کرنا ۱۸۰
۵۰۰۴ حج سے واپسی میں ضمناً گھریلو سامان لانا ۱۸۲
۵۰۰۵ حج سے واپسی کے بعد عزیز واقارب کی دعوت ۱۸۲

۴/ باب المیقات والإحرام ۱۸۴

۵۰۰۶ مکہ کا باشندہ جب کبھی سال چھ مہینے میں ریاض وغیرہ جا کر واپس آئے تو احرام باندھنے کا حکم ۱۸۴
۵۰۰۷ کاروبار اور تجارت کی وجہ سے ہر مرتبہ احرام کے ساتھ مکہ مکرمہ میں داخل ہونا لازم نہیں ۱۸۵
۵۰۰۸ ملازم کا بغیر احرام کے مکہ میں جا کر کام کرنا ۱۸۶
۵۰۰۹ اہل حل کا بلا احرام مکہ مکرمہ میں آنا جانا ۱۸۷
۵۰۱۰ کیا جدہ ایئرپورٹ میقات میں داخل ہے؟ ۱۸۹
۵۰۱۱ بغیر تلبیہ پڑھے میقات سے گذر جانا ۱۹۱
۵۰۱۱ حدود میقات کے اندر آکر احرام باندھنا اور عمرہ کرنا ۱۹۲
۵۰۱۲ مدینہ منورہ سے بلا احرام مکہ مکرمہ میں تشریف لانے کا حکم ۱۹۳
۵۰۱۳ عمرہ کے احرام سے حج کرنا ۱۹۶
۵۰۱۴ حالت احرام میں نیکر پہننا ۱۹۷

۵۰۱۵ حاجی کا غیر مخیط لنگوٹ استعمال کرنا ۱۹۸
۵۰۱۶ حالت احرام میں لنگوٹ اور نیکر پہننا ۱۹۹
۵۰۱۷ احرام میں سلا ہوا تہبند پہننا ۲۰۰
۵۰۱۸ حج میں بالوں پر خضاب لگانا ۲۰۱
۵۰۱۹ بوقت سعی سر ڈھکنا ۲۰۲
۵۰۲۰ بحالت احرام عورت کا زیورات استعمال کرنا ۲۰۳
۵۰۲۱ حالت احرام میں پاؤں کی کونسی ہڈی ڈھانکنا ممنوع ہے؟ ۲۰۴
۵۰۲۲ قربانی وحلق سے قبل سلے ہوئے کپڑے پہننے اور بیوی سے صحبت کرنے کا حکم .. ۲۰۵
۵۰۲۳ حالت احرام میں بوٹ پہننا ۲۰۶
۵۰۲۴ احرام سے متعلق چند سوالات ۲۰۷

۵/ باب الإفراد والقران والتمتع ۲۱۰

۵۰۲۵ اہل مکہ وحل صرف حج افراد کریں گے ۲۱۰
۵۰۲۶ مکی یا حلی کا حج قران کرنے کا شرعی حکم ۲۱۱
۵۰۲۷ مکی یا حلی کے لئے حج تمتع کا شرعی حکم ۲۱۲
۵۰۲۸ آفاقی قران، تمتع وافراد تینوں کرسکتا ہے جب کہ مکی صرف افراد ۲۱۳
کیا مکۃ المکرّمہ میں غیر ملکی مقیم کے لئے حج قران وتمتع کرنا جائز ہے؟ ۲۱۴
۵۰۲۹ مضافات حرم میں مقیم غیر ملکی آفاقی ہیں یا میقاتی ؟ ۲۱۴
۵۰۳۰ کیا مکہ یا جدہ میں مع اہل وعیال رہنے والے تمتع یا قران کرسکتے ہیں؟ ۲۱۸
۵۰۳۱ مکہ والوں کے لئے حج تمتع وحج قران کا حکم ۲۲۰
۵۰۳۲ حج تمتع کا طریقہ ۲۲۱
۵۰۳۳ کیا متمتع عمرہ کا احرام کھولنے کے بعد حج کا احرام باندھنے سے قبل عمرہ کرسکتا ہے؟ . ۲۲۲
۵۰۳۴ متمتع کا عمرہ کے بعد حج سے قبل طواف کرنا ۲۲۳

نمبر	عنوان	صفحہ
۵۰۳۵	کیا جدہ والے حج تمتع وقران کر سکتے ہیں؟	۲۲۴
۵۰۳۶	متمتع کا بار بار عمرہ کرنا	۲۲۵
۵۰۳۶	عمرہ کا احرام کہاں سے؟ ایک تحقیق	۲۲۵
۵۰۳۷	متمتع کا اشہر حج میں بار بار عمرہ کرنا	۲۲۷
۵۰۳۸	عمرہ حلی سے حج تمتع درست نہیں ہوگا	۲۳۰
۵۰۳۹	دورِ حاضر میں اپنے علاقہ سے ہدی کا جانور لے جانا	۲۳۲
۵۰۴۰	کیا سعی سے قبل نفلی طواف کرنا واجب ہے؟	۲۳۳
۵۰۴۱	قارن و متمتع کی ہدی کا حلق سے پہلے ذبح ہونا معلوم ہو جائے تو دم واجب ہے یا نہیں؟	۲۳۵
۵۰۴۲	عمرۂ تمتع میں آٹھویں ذی الحجہ کے بعد عورت کا حیض جاری رہا تو کیا کرے گی؟	۲۳۶
۵۰۴۳	منیٰ روانگی سے قبل عورت کو حیض آگیا	۲۳۸
۵۰۴۴	متمتعہ کے حیض کی وجہ سے عمرہ چھوڑنے کا حکم	۲۳۹
۵۰۴۴	احرام عمرہ کے بعد یوم الترویہ تک عورت پاک نہ ہو تو اس کا حکم	۲۳۹
۵۰۴۵	طوافِ زیارت کئے بغیر سعی کرنے کا حکم	۲۴۲
	۶/ باب ما یتعلق بالطواف	**۲۴۷**
۵۰۴۶	مسجد حرام کی چھت پر طواف کرنا	۲۴۷
۵۰۴۷	کیا طواف پے در پے کرنا لازم ہے؟	۲۴۸
۵۰۴۸	کیا طواف میں سترِ عورت واجب ہے؟	۲۵۰
۵۰۴۹	دورانِ طواف کعبۃ اللہ کی طرف سینہ یا پیٹھ کرنا	۲۵۳
۵۰۵۰	طواف عمرہ یا زیارت کا ایک چکر بے وضو کرنا	۲۵۶
۵۰۵۱	طواف کا ایک چکر چھوٹ جائے تو کیا حکم ہے؟	۲۵۷
۵۰۵۲	شدید بیماری کی وجہ سے طوافِ زیارت مؤخر کرنا	۲۶۲
۵۰۵۳	عذر کی وجہ سے ۱۲/ ذی الحجہ کے بعد طوافِ زیارت کرنے کا حکم	۲۶۳

۵۰۵۴ گیارہ ذی الحجہ میں حائضہ عورتوں کے طواف زیارت کا حکم ۲۶۵
۵۰۵۵ عورت کو ۱۲/ذی الحجہ کے بعد بھی دو روز ماہواری جاری رہی تو طواف زیارت کا کیا حکم ہے؟ ۲۶۷
۵۰۵۶ عذر کی وجہ سے طواف زیارت حالت حیض میں کرنے کی گنجائش ہے یا نہیں؟ ۲۶۹
۵۰۵۷ ۱۲/ذی الحجہ کو غروب کے بعد طواف زیارت کا ایک چکر کیا تو ایک صدقہ لازم ۲۷۱
۵۰۵۸ اکثر اشواط غروب کے بعد کئے تو دم واجب ۲۷۲
۵۰۵۹ طواف زیارت نہ کرنے والے کا حکم ۲۷۳
۵۰۶۰ طواف زیارت کئے بغیر گھر آنے والی عورت شوہر کے لئے حلال نہیں ہے؟ . ۲۷۵
۵۰۶۱ جو عورت طواف زیارت اور سعی کئے بغیر لوٹ آئے اس کا حکم ۲۷۶
۵۰۶۲ طواف وداع کے بعد سعی کا حکم ۲۷۷
۵۰۶۳ طواف وداع کے بعد الٹا واپس ہونا ۲۷۸
۵۰۶۴ عورت کے دوران سفر حیض آنے سے متعلق چند سوالات ۲۷۹
۵۰۶۵ حالت طواف میں پہلی مرتبہ حیض آیا پھر طواف پورا کرلیا تو کیا حکم ہے؟ ۲۸۲
۵۰۶۶ حالت حیض میں طواف زیارت کرلیا تو کیا سالم اونٹ ذبح کرنا ضروری ہے؟ ۲۸۳
۵۰۶۷ طواف زیارت سے قبل ہمبستری کی صورت میں بدنہ واجب ہے.... ۲۸۴

۷/باب مسائل منی ومزدلفہ وعرفات ۲۸۶

۵۰۶۸ رمی جمار کی حقیقت ۲۸۶
۵۰۶۹ شوہر کا بیوی کی طرف سے رمی کرنا ۲۸۷
۵۰۷۰ مزدلفہ میں کتنی کنکریاں لیں؟ ۲۸۸
۵۰۷۱ حج میں بسبب مرض رمئ جمار چھوڑنے کا حکم ۲۸۹
۵۰۷۲ کیا صحت مند کے لئے رمی میں نیابت جائز ہے؟ ۲۹۰
۵۰۷۳ رمی، قربانی، حلق میں ترتیب کا وجوب ۲۹۱

۵۰۷۴	مزدلفہ میں داخل ہونے سے قبل راستہ میں مزدلفہ سمجھ کر سورج طلوع ہونے تک بیٹھ جائے تو کیا حکم؟	۲۹۲
۵۰۷۵	نائب کے رمیٔ جمار نہ کر پانے کا حکم	۲۹۳
۵۰۷۶	تیسرے دن کی رمی چھوٹ جائے تو کیا حکم ہے؟	۲۹۴
۵۰۷۷	رمی کے لئے وکیل بنانا	۲۹۵
۵۰۷۸	گیارھویں وبارھویں کی رمی زوال سے قبل کرنا	۲۹۶
۵۰۷۹	دس ذی الحجہ کو رمی، قربانی اور حلق میں ترتیب فوت ہونے کا حکم	۲۹۹
۵۰۸۰	رمی میں نیابت سے دم واجب نہیں ہوتا	۳۰۰
۵۰۸۱	سعی سے قبل طواف کرنا	۳۰۴
۵۰۸۲	حج کی سعی حج کے مہینوں میں کرنے پر اشکال کی وضاحت	۳۰۵
۵۰۸۳	وقوفِ عرفہ کے معاف ہونے کی شکل	۳۰۸
۵۰۸۴	منی میں قیام کرنے کے بجائے دوسری جگہ قیام کرنا	۳۱۰
۵۰۸۵	احرام کھولنے کے لئے ایک کا دوسرے کے بال مونڈنا	۳۱۱
۵۰۸۶	کیا چھوٹے بال والی عورت حلق کرائے گی؟	۳۱۲
۵۰۸۷	مزدلفہ میں ایام منی میں جو خیمے لگائے جاتے ہیں ان میں وقوف کا حکم	۳۱۴
۵۰۸۸	مزدلفہ کے راستہ میں مغرب وعشاء کو صبح صادق سے اتنی دیر پہلے تک مؤخر کرنا جتنی میں دونوں نمازیں پڑھ سکیں	۳۱۵
۵۰۸۹	عرفات اور مزدلفہ میں جمع بین الصلاتین	۳۱۶
۵۰۹۰	منیٰ مزدلفہ اور عرفات میں آفاقی کے لئے قصر واتمام کا مسئلہ	۳۱۹
۵۰۹۱	منی ومزدلفہ میں قصر واتمام کا حکم	۳۱۹
۵۰۹۲	منی مکہ میں شامل ہے یا نہیں؟	۳۲۱
۵۰۹۳	حج میں حاجی نمازیں پوری پڑھے گا یا قصر کرے گا؟	۳۲۳

۵۰۹۴ منی مزدلفہ میں قصرو اتمام سے متعلق چند سوالات کے جوابات ۳۲۴
۵۰۹۵ منی مزدلفہ میں قصرو اتمام سے متعلق دار العلوم کے فتوی کا حکم ۳۳۲
○ قصرو اتمام کے مسئلہ میں منی ومزدلفہ مکہ مکرمہ شہر کے جزو ہیں ۳۳۴
○ فنائے شہر کسے کہتے ہیں؟ ۳۳۵
○ کیا فنائے شہر کا شہر سے متصل ہونا لازم ہے؟ ۳۳۶
○ شہر کی آبادی سے فنائے مصر کی دوری ۳۳۸
○ فنائے شہر کا مصالحِ شہر کے لئے پورے سال استعمال ہونا لازم ہے یا ایک آدھ دفعہ کافی ہے؟ ۳۴۴
○ مکہ مکرمہ اور منی کے درمیان کا فاصلہ ۳۴۶
○ مکہ مکرمہ اور مزدلفہ کا فاصلہ ۳۴۹
○ مکہ مکرمہ اور عرفات کا فاصلہ ۳۵۰
○ جس جگہ سے شہر کا اتصال ہونا ہے، کیا اس میں پہلے سے آبادی شرط ہے؟ ۳۵۳
○ مقام واحد بننے کے لئے صرف ایک جانب سے اتصال کافی ہے یا ہر طرف سے؟ . ۳۵۶
○ کیا شہری اعتبار سے پہاڑ آبادی کے اتصال کو مانع ہے؟ ۳۵۸
○ حدود کے توقیفی ہونے کی وجہ سے اتصال کی صورت میں قصرو اتمام میں فرق نہیں .. ۳۶۰
○ منی ومزدلفہ کے بارے میں علماء کے اختلاف کا مختصر جائزہ ۳۶۲
○ برصغیر کے علماء کا اختلاف ۳۶۳
○ معمولی فاصلہ اتصال کو مخل نہیں ۳۶۴
○ علمائے عرب کی رائے ۳۶۵
○ رئیس شئون الحرمین شیخ سبیلؒ کا فتوی ۳۶۶
○ شیخ سبیلؒ کے فتوی کے ایک جزو کو تسلیم اور دوسرے پر رد کیسے؟ ۳۶۹
○ شیخ سبیلؒ کا مکمل فتویٰ بعینہٖ ملاحظہ فرمائیے ۳۷۳
○ موسمِ حج میں منی باقاعدہ شہر بن جاتا ہے ۳۷۵

- حکمِ حاکم رافع اختلاف ۳۷۶
- منی مصالح بلد کے لئے بھی مستعمل ہے ۳۸۱
- منی ومزدلفہ میں قصر واتمام کا مسئلہ فاصلہ کی علت کے ساتھ معلول ہے یا توقیفی؟ ۳۸۲
- حدودحرم کے باہر کا حصہ بھی شہر میں داخل ۳۸۳
- ایک شبہ کا ازالہ اور باغات کا حکم ۳۸۵
- شہر کی آبادی سے نکلتے ہی قصر کا حکم کس طرح کے لوگوں کے لئے ہے؟ ۳۸۶
- منی میں جمعہ کیوں جائز ہے؟ ۳۸۹
- موسم حج میں شہر منی وشہر مکہ قطعی طور پر ایک ہوجاتے ہیں ۳۹۱
- ایضاح المناسک میں لکھے ہوئے مسئلہ سے رجوع ۳۹۳
- حدیث ''منی مناخ من سبق'' کا مطلب ۳۹۳
- دومحلوں کے درمیان پہاڑوں کے حائل ہونے کا مسئلہ ۳۹۵
- قصر واتمام کے مسئلہ میں اتمام افضل ۳۹۷
- مقالہ کا خلاصہ ۳۹۹

	۸/ باب الهدی	۴۰۳

۵۰۹۶	ذی الحجہ کے چاند دیکھنے کے بعد بال وناخن وغیرہ کاٹنا حاجی کے لئے ممنوع نہیں	۴۰۳
۵۰۹۷	حاجی پر بقرعید کی قربانی لازم ہے یا نہیں؟	۴۰۴
۵۰۹۸	ایامِ نحر میں غیر صاحب نصاب حاجی پر مالی قربانی واجب نہیں	۴۰۵
۵۰۹۹	مفرد بالحج کے لئے قربانی کی شرعی حیثیت	۴۰۶
۵۱۰۰	حاجی کے لئے بینک کے توسط سے قربانی کرانے کا حکم	۴۰۷
۵۱۰۱	کیا حاجی پر دونوں جگہ قربانی واجب ہے؟	۴۰۹
۵۱۰۲	حج کمیٹی والوں کا جبراً قربانی کا پیسہ وصول کرنا	۴۱۰
۵۱۰۳	حج کمیٹی کا پیشگی طور پر حاجیوں سے قربانی کی رقم وصول کرنے کی شرعی حیثیت	۴۱۲

۵۱۰۴	کیا مکی، حلی، میقاتی کے لئے حج تمتع کی قربانی کا گوشت کھانا جائز ہے؟	۴۱۴

۹/ باب العمرۃ ۴۱۶

۵۱۰۵	والدین کا نابالغ اولاد کی طرف سے عمرہ کرنا	۴۱۶
۵۱۰۶	حالت حیض میں عورت ارکان عمرہ ادا کر کے حلال ہوگی تو دم لازم ...	۴۱۷
۵۱۰۷	حج سے پہلے عمرہ کرنا	۴۱۸
۵۱۰۸	اشہر حج میں بار بار عمرہ کرنا	۴۱۹
۵۱۰۹	عمرہ کرنے کی وجہ سے حج کی فرضیت	۴۲۰
۵۱۱۰	کیا عمرہ کی قضا ضروری نہیں؟	۴۲۱

۱۰/ باب الحج عن الغیر ۴۲۴

۵۱۱۱	حج بدل کی ادائے گی کا طریقہ	۴۲۴
۵۱۱۲	حج بدل کا آسان طریقہ	۴۲۵
۵۱۱۳	حج بدل کرنے کا حکم	۴۲۶
۵۱۱۴	کیا حج بدل کرنے والے کا اپنا حج ادا ہو جائے گا؟	۴۲۷
۵۱۱۵	حج بدل کس سے کرائیں؟	۴۲۸
۵۱۱۶	کیا حج بدل کرنے والے کے لئے حاجی ہونا شرط ہے؟	۴۲۹
۵۱۱۷	غیر حاجی سے حج بدل کرانا	۴۳۰
۵۱۱۸	حج بدل کے لئے کہاں سے جانا شرط ہے؟	۴۳۲
۵۱۱۹	سعودی میں مقیم شخص سے حج بدل کرانے کی صورت میں سفر خرچ کا حکم	۴۳۳
۵۱۲۰	حج کے لئے بینک میں جمع شدہ روپئے کا انتقال کے بعد کیا کیا جائے؟	۴۳۴
۵۱۲۱	قرض خواہ کا قرض دار کو حج بدل کے لئے لے جانا	۴۳۶
۵۱۲۲	کیا داماد اپنے پیسوں سے مرحوم سسر کی طرف سے حج بدل کرسکتا ہے؟	۴۳۷

۵۱۲۳	حج بدل کن لوگوں کی طرف سے کیا جا سکتا ہے؟	۴۳۷
۵۱۲۴	کیا حاجی زندہ یا مردہ عورت کا حج بدل کر سکتا ہے؟	۴۳۹
۵۱۲۵	مرحوم ماں کی طرف سے بیٹے کا حج فرض ادا کرنا	۴۴۰
۵۱۲۶	پوتے کا دادا کی طرف سے بلا وصیت حج بدل کرنا..........	۴۴۱
۵۱۲۷	کیا بالغہ بہن کی شادی حج بدل پر مقدم ہے؟	۴۴۳
۵۱۲۸	مرحوم بیٹے کی طرف سے حج کرنا	۴۴۴
۵۱۲۹	کیا بیٹی ماں کی طرف سے حج بدل کر سکتی ہے؟	۴۴۵
۵۱۳۰	دادا، دادی کی طرف سے حج بدل کرنا..................	۴۴۶
۵۱۳۱	مریض شخص کا حج بدل کرانا	۴۴۷
۵۱۳۲	جس شخص پر حج فرض ہو اور اس کا انتقال ہو جائے تو کیا حکم ہے؟.....	۴۴۸
۵۱۳۳	حج بدل میں تمتع	۴۵۰
۵۱۳۴	حج بدل میں حج تمتع	۴۵۱
۵۱۳۵	حج بدل میں قربانی کس پر لازم ہے؟	۴۵۱
۵۱۳۶	حج بدل میں تمتع کی قربانی اور اس کا خرچ مامور پر لازم ہے	۴۵۲
۵۱۳۷	حج بدل میں تمتع کی صورت میں قربانی کا حکم	۴۵۳
۵۱۳۸	حج بدل سے متعلق چند سوالات وجوابات	۴۵۵
۵۱۳۹	کیا حج بدل میں جمع کردہ رقم پر زکوۃ واجب ہے؟	۴۵۷
۵۱۴۰	حج بدل کرنے والے روضۂ اقدس پر کس کی طرف سے سلام پیش کریں؟	۴۵۹
۵۱۴۱	''ایضاح المناسک'' کے مسئلہ حج بدل میں تمتع کرنے کی وضاحت ..	۴۶۰

۱۱/ باب الجنایات ۴۶۲

۵۱۴۲	دمِ جنایت کا مصرف	۴۶۲

۵۱۴۳	کیا دمِ جنایت کے گوشت کا حکم قربانی کے گوشت کی طرح ہے؟	۴۶۲
۵۱۴۴	دم جنایت کہاں ادا کریں؟	۴۶۳
۵۱۴۵	کیا دمِ احصار حدودِ حرم میں ادا کرنا لازم ہے؟	۴۶۴
۵۱۴۶	دمِ جنایت حرم میں کسی دوسرے کے ہاتھ سے بھیجنا	۴۶۶
۵۱۴۷	صدقۃ الفطر کتنے ریال کا ہوتا ہے؟	۴۶۶
۵۱۴۸	حالت جنابت میں طواف کرنا	۴۶۷
۵۱۴۹	حاجی کا منیٰ میں قربانی نہ کرنا	۴۶۸
۵۱۵۰	زوال سے قبل رمی کرنے سے وجوب دم	۴۶۹
۵۱۵۱	رمی سے قبل قربانی کرنے کا حکم	۴۷۰
۵۱۵۲	متمتع کے وکیل نے رمی سے قبل قربانی کردی تو کیا حکم ہے؟	۴۷۱
۵۱۵۳	کیا رمضان کے بعد عمرہ کرنے والے مکی پر اس سال حج کرنے سے دم جبر لازم ہے؟	۴۷۳
۵۱۵۴	حلق کرانے سے قبل خوشبودار صابن استعمال کرنا یا ناخن کاٹنا	۴۷۴
۵۱۵۵	بلاعذر وقوف مزدلفہ ترک ہوگیا تو؟	۴۷۵
۵۱۵۶	جو حج فاسد ہوجائے اس کا اسی سال اعادہ کرنا	۴۷۶
۵۱۵۷	کیا فاسد شدہ حج کی قضاء اس سال ممکن ہے؟	۴۸۳

۱۵/ کتاب النکاح

❏	۱/ باب فضائل النکاح وغیرها	۴۸۵

۵۱۵۸ نکاح کے فضائل ۴۸۵
۵۱۵۹ فوائدِ نکاح ۴۸۸
۵۱۶۰ مستحباتِ نکاح ۴۸۹
۵۱۶۱ شرعی شادی ۴۹۱
۵۱۶۲ شادی بیاہ کا مسنون طریقہ ۴۹۲
۵۱۶۳ نکاح کا مسنون طریقہ ۴۹۲
۵۱۶۴ نکاح کا طریقہ ودعا ۴۹۳
۵۱۶۵ کم خرچ والے نکاح کی فضیلت ۴۹۵
۵۱۶۶ اقسامِ نکاح ۴۹۶
۵۱۶۷ نکاح کی اقسام ۴۹۷
۵۱۶۸ کن حالات میں نکاح جائز نہیں ۴۹۹
۵۱۶۹ کیا شادی نہ کرنے سے آدمی گنہگار ہوگا؟ ۵۰۰
۵۱۷۰ غیر شادی شدہ بالغ اولاد کے گناہ میں کیا ماں باپ شریک ہیں؟ ۵۰۱
۵۱۷۱ خطبۂ نکاح ۵۰۲
۵۱۷۲ نکاح میں خطبہ کی حیثیت اورمروجہ طریقہ پر نکاح پڑھانے کا ثبوت .. ۵۰۴
۵۱۷۳ خطبۂ نکاح کس طرح پڑھا جائے؟ ۵۰۶
۵۱۷۴ نکاح کا خطبہ بیٹھ کر یا کھڑے ہو کر پڑھنا مسنون ہے ۵۰۷

۵۱۷۵ نکاح کے وقت پیش آنے والے امور کا حکم ۵۰۹
۵۱۷۶ نکاح کے بعد دعا کی حیثیت ۵۱۱
۵۱۷۷ دورانِ حج بیت اللہ میں نکاح کرنا ۵۱۱
۵۱۷۸ مجلسِ نکاح مسجد میں منعقد کرنے پر انتظامی قانون نافذ کرنا ۵۱۳
۵۱۷۹ زیارت میں نکاح پڑھوانا ۵۱۶
۵۱۸۰ سمیلن میں اجتماعی نکاح، مہر، نیز حالت حیض میں اور نابالغ لڑکی کے نکاح کا حکم ۵۱۷
۵۱۸۱ اجتماعی شادی ۵۲۱
۵۱۸۲ حکومت کی جانب سے جاری کردہ نکاح کے رجسٹریشن کا حکم ۵۲۳

❐	۲/ باب الخِطبة	۵۲۷

۵۱۸۳ منگنی کے متعلق چند مسائل ۵۲۷
۵۱۸۴ مخطوبہ کو دیکھنا مستحب اور افضل ۵۲۸
۵۱۸۵ نکاح سے قبل منگیتر کو دیکھنا ۵۲۹
۵۱۸۶ نکاح سے قبل لڑکی لڑکے کا فوٹو دیکھنا ۵۳۱
۵۱۸۷ نکاح سے قبل لڑکی کو دیکھنے کا حکم ۵۳۱
۵۱۸۸ مخطوبہ عورت کو دیکھنے کا شرعی حکم ۵۳۳
۵۱۸۹ رشتہ طے کرنے میں کھانے کے عوض کا حکم ۵۳۴
۵۱۹۰ منگنی ختم ہونے کی صورت میں اس میں دیئے گئے سامان کی واپسی .. ۵۳۵

❐	۳/ باب الإطعام في النكاح	۵۳۷

۵۱۹۱ بارات کے لغوی وشرعی معنی ۵۳۷

۵۱۹۲	بارات	۵۳۷
۵۱۹۳	بارات کی شرعی حیثیت	۵۳۹
۵۱۹۴	بارات کی شرعی حیثیت	۵۴۰
۵۱۹۵	شادی میں بارات کا حکم	۵۴۲
۵۱۹۶	بارات اور جہیز کا حکم	۵۴۳
۵۱۹۷	کیا لڑکی کو لانے کے لئے چند لوگوں کا جانا بارات ہے؟	۵۴۴
۵۱۹۸	کیا لڑکی کے نکاح پر دعوت کا نظم کرنا ولیمہ ہے؟	۵۴۵
۵۱۹۹	بارات لے جانا اور بارات میں شرکت کرنا	۵۴۷
۵۲۰۰	بارات اور اس کے کھانے کا حکم	۵۴۸
۵۲۰۱	لڑکی والوں کے یہاں دعوت	۵۵۱
۵۲۰۲	لڑکی والوں کے یہاں کھانا کھانا کیسا ہے؟	۵۵۲
۵۲۰۳	لڑکی کی شادی میں رشتہ داروں کی دعوت کرنا	۵۵۳
۵۲۰۴	بارات میں کتنے لوگ جاسکتے ہیں؟	۵۵۵
۵۲۰۵	شادی میں باراتیوں کی تعداد متعین کرنا	۵۵۷
۵۲۰۶	باراتیوں کی تعداد اور کھانے کا معیار متعین کرنا	۵۵۸
۵۲۰۷	بارات میں کتنے لوگ جائیں؟	۵۵۹
۵۲۰۸	لڑکی والوں کے یہاں کھانے کا انتظام	۵۶۱
۵۲۱۰	حضرت مفتی صاحب رومیؒ کی طرف سے یاددہانی	۵۶۱
۵۲۱۱	شبِ زفاف کہاں مسنون ہے؟ اور بارات کے کھانے کا حکم	۵۶۵
۵۲۱۲	منڈھے کی دعوت کا حکم	۵۶۷
۵۲۱۳	دعوت ولیمہ ودیگر دعوتوں کے اقسام	۵۶۸
۵۲۱۴	ولیمہ کے معنی اور ولیمہ کا وقت کب ہے؟	۵۶۹

۵۲۱۵	ولیمہ کی علت اور اصولی شرائط	۵۷۰
۵۲۱۶	کیا دوسری شادی میں بھی ولیمہ کرنا مسنون ہے؟	۵۷۱
۵۲۱۷	ولیمہ کا کھانا کتنے لوگوں کو کھلائیں؟	۵۷۲
۵۲۱۸	بارات روانگی سے قبل دعوت سے ولیمہ کی ادائیگی ہوگی یا نہیں؟	۵۷۳
۵۲۱۹	ہمبستری سے قبل ولیمہ کرنا	۵۷۴
۵۲۲۰	شبِ زفاف سے قبل ولیمہ کرنا	۵۷۵
۵۲۲۱	ہمبستری سے قبل ولیمہ کرنے سے سنت ادا ہوگی یا نہیں؟	۵۷۶
۵۲۲۲	نکاح کے بعد رخصتی سے قبل ولیمہ	۵۷۸
۵۲۲۳	ولیمہ سے متعلق چند سوالات کے جوابات	۵۷۸
۵۲۲۴	ولیمہ تیسرے دن یا بعد میں کیا جائے تو کیا حکم ہے؟	۵۸۳
۵۲۲۵	نکاح میں چھوہارے تقسیم کرنے کی ذمہ داری کس پر اور ولیمہ کتنے دن بعد تک ہوسکتا ہے؟	۵۸۴
۵۲۲۶	ولیمہ کی دعوت میں لڑکے والوں کا ہدیہ قبول کرنا کیسا ہے؟	۵۸۵
۵۲۲۷	شادی میں مدعوئین کے ہدیہ تحائف کا حکم	۵۸۶
۵۲۲۸	اسٹینڈنگ (کھڑے ہوکر کھانے) میں شرکت کا حکم	۵۸۷
۵۲۲۹	کس طرح کی دعوت ولیمہ میں شرکت ضروری ہے؟	۵۸۹
۵۲۳۰	خرافات والی شادی میں ولیمہ کی دعوت کھانا	۵۹۱
۵۲۳۱	ولیمہ کے لئے قرض لینا ازروئے شرع کیسا ہے؟	۵۹۲
۵۲۳۲	عقیقہ کی نیت سے خریدے گئے جانور سے ولیمہ کرنا اور اس کے برعکس کا حکم ..	۵۹۳

۴/ باب الجهاز ۵۹۵

۵۲۳۳	جہیز کا صحیح معنی	۵۹۵
۵۲۳۴	جہیز میں کتنا سامان دیا جائے؟	۵۹۷

۵۲۳۵	کیا حسبِ استطاعت جہیز دینا جائز ہے؟	۵۹۸
۵۲۳۶	جہیز دینے کی جائز صورت	۶۰۰
۵۲۳۷	جہیز دینے کا ثبوت ہے یا نہیں؟	۶۰۱
۵۲۳۸	شادی کے موقع پر جہیز دینا	۶۰۲
۵۲۳۹	جہیز کی مقدار کیا ہے؟	۶۰۳
۵۲۴۰	جہیز کا مطالبہ کرنا	۶۰۴
۵۲۴۱	شادی میں بطور مطالبہ یا بلا مطالبہ جہیز کا حکم	۶۰۵
۵۲۴۲	لڑکے والوں کے مطالبہ پر لڑکی والوں کا رقم دینا	۶۰۷
۵۲۴۳	لڑکی والوں سے سامان یا نقد روپیوں کا مطالبہ کرنا	۶۰۸
۵۲۴۴	لڑکے والوں کو مطالبۂ جہیز میں سودی رقم دینا	۶۰۹
۵۲۴۵	جہیز کی مطلوبہ رقم سود سے ادا کرنے کا حکم	۶۱۱
۵۲۴۶	جہیز سے متعلق چند سوالات کے جوابات	۶۱۲
۵۲۴۷	جہیز کے معنی شرعی اور اس کا حکم	۶۱۴
۵۲۴۸	جہیز سے متعلق مزید چند سوالات اور جوابات	۶۱۶
۵۲۴۹	مفتی اور مقتدیٰ کے لئے جہیز لینا کیسا ہے؟	۶۱۹
۵۲۵۰	شادی میں لین دین کی شرعی حیثیت	۶۲۰
۵۲۵۱	بلا مطالبہ شادی سے قبل یا بعد میں لڑکے کو ملنے والی اشیاء کا حکم	۶۲۲
۵۲۵۲	کیا جہیز میراث میں شمار ہوگا اور بھائی اپنی بہنوں کو وراثت سے محروم کر سکتا ہے؟	۶۲۳
۵۲۵۳	سسرال والوں کا لڑکی کو جہیز کی وجہ سے پریشان کرنا	۶۲۴
۵۲۵۴	نکاح سے قبل مہر اور زیورات وغیرہ کا لین دین کرنا	۶۲۷
۵۲۵۵	جہیز میں تالا، قینچی، سروتہ دینا	۶۲۸
۵۲۵۶	خسر کا داماد کو نکاح سے پہلے یا بعد میں سائیکل وغیرہ دینا	۶۲۸

۵۲۵۷ سسر داماد کو دیا ہوا سامان واپس لے سکتا ہے یا نہیں؟ ۶۳۰
۵۲۵۸ لڑکی والوں کا ولیمہ میں دیئے ہوئے روپیوں کو واپس لینا ۶۳۰
۵۲۵۹ جہیز میں ملی ہوئی بھینس سے پیدا شدہ بچہ کا مالک کون؟ ۶۳۱
۵۲۶۰ جہیز میں آئی گائے کس کی ملک ہوگی ۶۳۲
۵۲۶۱ شادی سے قبل بیوی کو دئے گئے سامان کا حکم ۶۳۳
۵۲۶۲ عورت کا زیور سسرال میں چوری ہو جائے تو لڑکی والے اس کی قیمت لے سکتے ہیں؟ ۶۳۵
۵۲۶۳ سسرال والوں کا لڑکی کے جہیز کو اپنے قبضہ میں رکھنا ۶۳۶
۵۲۶۴ شادی کے موقع پر دئے ہوئے پیسے کو لڑکی کے باپ کا اپنے اختیار سے خرچ کرنا ۶۳۷
۵۲۶۵ شرعاً مہر اور جہیز کس کی ملک ہیں؟............................ ۶۳۹
۵۲۶۶ جہیز، زیورات اور استعمالی سامان کا مالک کون؟ ۶۴۰
۵۲۶۷ شادی کے موقع پر دئے گئے جہیز اور زیورات وغیرہ کس کی ملکیت ہیں؟ ۶۴۱
۵۲۶۸ شوہر کی طرف سے دئے گئے زیور اور جہیز کا مالک کون؟ ۶۴۲
۵۲۶۹ لڑکی کو میکے کی طرف سے ملنے والے سامان کا مالک کون؟ ۶۴۴
۵۲۷۰ شادی کے موقع پر دولہن کو ملنے والے زیورات سامان وغیرہ کا مالک کون؟ ۶۴۵
۵۲۷۱ زیور اور جہیز کے سامان پر ملکیت کس کی ہے؟ ۶۴۶
۵۲۷۲ مہر، جہیز اور زیورات کا حکم.............................. ۶۴۹
۵۲۷۳ نکاح کے وقت دئے گئے زیورات وغیرہ کا حکم ۶۵۰
۵۲۷۴ دولہن پر چڑھائے جانے والے زیور کا حکم ۶۵۲
۵۲۷۵ سسر کی طرف سے بہو کو دئے گئے زیورات کا مالک کون؟............ ۶۵۳
۵۲۷۶ شادی میں چڑھائے ہوئے زیور کا مالک کون؟ ۶۵۴
۵۲۷۷ کیا تھان اور زیورات مہر کا حصہ ہیں؟.......................... ۶۵۵
۵۲۷۸ شادی میں عورت کو چڑھائے گئے کپڑوں اور زیورات کا مالک کون؟. ۶۵۶

۵۲۷۹	شوہر کی طرف سے دئے گئے زیورات کا حکم	۶۵۷
۵۲۸۰	زیورات کا حکم	۶۵۸
۵۲۸۱	زیورات کا مالک کون ہے؟	۶۶۰
۵۲۸۳	منہ دکھائی کے زیورات کا مالک کون؟	۶۶۲
۵۲۸۴	جہیز کی واپسی اور لڑکی پر ظلم کرنے کا حکم	۶۶۲
۵۲۸۵	متوفیہ کے مہر، جہیز میکے میں علاج کا خرچ اور زیورات کا حکم	۶۶۵
۵۲۸۶	لڑکے کے والد کا چڑھایا ہوا سامان طلاق کے بعد کس کا ہوگا؟	۶۶۷
۵۲۸۷	طلاق کے بعد زیورات کی واپسی کا حکم	۶۶۸
۵۲۸۸	طلاق کے بعد جہیز کی واپسی اور نفقہ کا حکم	۶۶۹
۵۲۸۹	لڑکی کا انتقال ہوگیا تو جہیز واپس ہوگا یا ورثاء میں تقسیم ہوگا؟	۶۷۱
۵۲۹۰	استعمال کی وجہ سے ختم شدہ جہیز کے سامان کا حکم	۶۷۱
۵۲۹۱	لڑکی کے والد بارات کا خرچ لے سکتے ہیں یا نہیں؟	۶۷۲
۵۲۹۲	بلا تفریق دوسرا نکاح کرنے کے بعد مہر وسامان جہیز کا حکم	۶۷۳
۵۲۹۳	جہیز اور مہر کے بارے میں شریعت کے خلاف پنچایت کے فیصلہ کا حکم	۶۷۴

۵/ باب الأجرة في النكاح ۶۷۷

۵۲۹۴	اجرتِ نکاح	۶۷۷
۵۲۹۵	نکاح خوانی کی اجرت کی شرعی حیثیت	۶۷۸
۵۲۹۶	نکاح خوانی کی اجرت کا حکم	۶۷۹
۵۲۹۷	اصل اور نائب امام میں سے اجرت نکاح کا مستحق کون؟	۶۸۰
۵۲۹۸	نکاح خوانی کی اجرت نکاح خواں کو دی جائے یا محلّہ کے امام کو؟	۶۸۲
۵۲۹۹	اعتراض پر جواب مذکور	۶۸۳

۵۳۰۰ نکاح خوانی کی اجرت کس کو ملے؟ ۶۸۴
۵۳۰۱ نکاح خوانی کی اجرت کا حقدار کون؟ ۶۸۵
۵۳۰۲ اجرت نکاح کا حقدار کون؟ ۶۸۶
۵۳۰۳ نکاح کے بعد دولہے کی طرف سے دی گئی رقم کا حقدار ۶۸۸
۵۳۰۴ نکاح کی اجرت پر کس کا حق ہے؟ ۶۸۹
۵۳۰۵ نکاح خوانی کی اجرت کا کچھ حصہ مسجد کو دینے پر مجبور کرنا ۶۹۱
۵۳۰۶ نکاح خوانی کی اجرت کا مستحق کون قاضی یا مسجد کا امام؟ ۶۹۲
۵۳۰۷ نکاح پڑھانے کے لئے حلقہ باٹنے اور اس کی اجرت کا حکم ۶۹۳
۵۳۰۸ گاؤں پنچایت والوں کا نکاح خوانی کی اجرت مقرر کرنا ۶۹۴
۵۳۰۹ نکاح خوانی کی اجرت کی ادائیگی کس کے ذمہ واجب؟ ۶۹۵
۵۳۱۰ نکاح کی اجرت سے متعلق چند سوالات کے جوابات ۶۹۷
۵۳۱۱ نکاح کا رشتہ کرانے پر کمیشن یا دلالی لینا ۷۰۰
۵۳۱۲ نکاح کے وکیل اور گواہوں کا پیسہ لینا ۷۰۱
۵۳۱۳ برادری والوں کا نکاح خواں کی اجرت پانچ سو طے کرنے اور امام سے متعلق کرنے کا حکم ۷۰۲

❐	۶/ باب من أحق بالإنكاح	۷۰۴

۵۳۱۴ نکاح پڑھانے کا حق دار کون ہے؟ ۷۰۴
۵۳۱۵ کیا نکاح خواں کا عاقل بالغ ہونا شرط ہے ۷۰۵
۵۳۱۶ دولہے کا خود اپنا نکاح پڑھانا ۷۰۷
۵۳۱۷ نکاح پڑھانے کا حق کس کو ہے؟ ۷۰۸
۵۳۱۸ نکاح پڑھانا کس کا حق ہے؟ ۷۰۹

۵۳۱۹ نکاح کس سے پڑھوایا جائے؟ ۱۰ے
۵۳۲۰ محلوق اللحیہ کا اپنی لڑکی کا نکاح پڑھانا ۱۱ے
۵۳۲۱ دیوبندی کا نکاح بدعتی نے پڑھادیا تو کیا حکم ہے؟ ۱۳ے
۵۳۲۲ فاسد العقیدہ کے پڑھائے ہوئے نکاح کا حکم ۱۴ے
مذکورہ مدرسہ سے متعلق ’’مدرسہ ضیاء العلوم‘‘ کرتپور بجنور کا جواب ۱۶ے
دارالعلوم دیوبند کا جواب ۱۷ے
۵۳۲۳ کیا بوقت عقد دماغ کا حاضر ہونا ضروری ہے؟ ۱۸ے
۵۳۲۴ نکاح پڑھاتے وقت سکہ رائج الوقت کہنا بھول جائے تو کیا حکم ہے؟ . ۱۹ے
۵۳۲۵ کیا حاملہ کا نکاح پڑھانے والا اپنے نکاح کی تجدید کرے گا؟ ۲۰ے

❐	۷/ باب نكاح الفضولي	۲۲ے

۵۳۲۶ لڑکے کے وکیل و گواہوں نے مجلس نکاح میں ایجاب وقبول کے بعد لڑکی کو اطلاع کردی، لڑکی نے اجازت دے دی ۲۲ے
۵۳۲۷ فضولی کے پڑھائے ہوئے نکاح کا حکم ۲۴ے
۵۳۲۸ فضولی کا نکاح کرانا ۲۵ے

❐	۸/ باب تعدد النكاح	۲۷ے

۵۳۲۹ ایک نکاح سے زائد پر پابندی مسلم پرسنل لاء کے خلاف ۲۷ے
۵۳۳۰ ازروئے شرع ایک شخص کتنی شادی کرسکتا ہے؟ ۲۸ے
۵۳۳۱ حق زوجیت ادا نہ کرنے کی وجہ سے دوسری شادی کرنا ۲۹ے
۵۳۳۲ نکاح ثانی ۳۱ے

۵۳۳۳　ایک سے زائد عورتوں سے شادی کرنا ۷۳۲
۵۳۳۴　بیوی کی رضامندی کے بغیر دوسری شادی کرنا ۷۳۳
۵۳۳۵　زوجۂ اول کی طلاق کا مسئلہ عدالت میں ہوتے ہوئے دوسری شادی کرنا ۷۳۵
۵۳۳۶　پہلی بیوی کی طلاق کا مقدمہ عدالت میں ہوتے ہوئے دوسری شادی کرنے کا حکم ۷۳۶
۵۳۳۷　دوسری شادی کرنے پر اعزاء کا طلاق دینے پر مجبور کرنا ۷۳۶
۵۳۳۸　پہلی بیوی کے نہ آنے پر دوسری شادی کرنا ۷۳۷
۵۳۳۹　دوسری شادی کرنے پر پہلی بیوی کا میکہ چلے جانا ۷۳۹
۵۳۴۰　دوسری شادی کرنے کے لئے پہلی بیوی کی اجازت ضروری ہے؟ ... ۷۴۱
۵۳۴۱　پہلی بیوی کی اجازت کے بغیر دوسری شادی کرنا ۷۴۲
۵۳۴۲　مرد کو چار شادیوں کا اختیار ہے، عورت اس میں مخل نہیں ہوسکتی ۷۴۳

۹/ باب نکاح المکرہ　۷۴۵

۵۳۴۳　نکاح بالجبر کی ایک صورت ۷۴۵
۵۳۴۴　جبراً نکاح کا حکم ۷۴۶
۵۳۴۵　کیا جبراً قبول کرانے سے نکاح منعقد ہو جائے گا ۷۴۸
۵۳۴۶　زبردستی لڑکی کا ناح کرنا اور لڑکی کا شوہر کے ساتھ چھ سال رہنا ۷۴۸
۵۳۴۷　زبردستی نکاح کرانے سے نکاح کا انعقاد ۷۵۰
۵۳۴۸　لڑکی کو نکاح پر مجبور کرنا اور رات گذارنا ۷۵۱

بسم اللہ الرحمن الرحیم

۱۴/ کتاب الحج

۱/ باب من يجب عليه الحج

حج کب فرض ہوا؟ اور کیا حضور ﷺ نے فرضیت سے قبل کوئی حج کیا؟

سوال [۴۸۷۴]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: حج کب فرض ہوا ہے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حج کی فرضیت سے پہلے کوئی حج کیا ہے؟ آپ کے حج کو حجۃ الوداع کیوں کہتے ہیں۔ ۹ھ میں حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کو جو حج کا امیر بنا کر بھیجا تھا، وہ حج آپؓ کا فرض تھا یا نفلی؟ جس طرح حضرت مفتی شبیر احمد صاحب نے آپ ﷺ کے عمروں کے بارے میں لکھا ہے کہ آپ ﷺ نے ہجرت کے بعد چار عمرہ ادا فرمائے ہیں، ایسے ہی حج کے بارے میں معلومات کرنی ہے۔

المستفتی: سعید احمد قاسمی، بجنور

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: حج کب فرض ہوا ہے اس کے بارے میں اختلاف اور متعدد اقوال ہیں: ۹ھ، ۶ھ، ۵ھ، ان میں سے راجح ۹ھ ہے۔ اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہجرت سے قبل متعدد حج ادا فرمائے ہیں۔ اور ہجرت کے بعد صرف ایک حج ادا فرمایا ہے، جس کو حجۃ الوداع بھی کہا جاتا ہے، اس کو حجۃ الوداع اس لئے کہا جاتا ہے کہ یہ آپ

ﷺ کی زندگی کا آخری حج تھا اور ۹ھ میں حج فرض ہونے پر سب کا اتفاق ہے؛ اس لئے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی امارت میں جو حج ہوا ہے وہ حج فرض ہی تھا۔

فإنه عليه الصلاة والسلام حج سنة عشر، وفرضية الحج كانت سنة تسع. (فتح القدير، كتاب الحج، زكريا ٢/ ٤١٩، كوئٹه ٢/ ٣٢٤، دار الفكر ٢/ ٤١٤)

فرضية الحج كانت سنة تسع أو سنة خمس أو سنة ست.

(مرقاة، كتاب المناسك، الفصل الأول، كوئٹه ٥/ ٢٦٣، وهكذا في الدرالمختار زكريا ٣/ ٤٥٠، كراچی ٢/ ٤٥٥) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ	الجواب صحیح:
۱۹/۱/۱۴۲۹ھ	احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
(الف فتویٰ نمبر: ۹۴۲۳/۳۸)	۱۹/۱/۱۴۲۹ھ

حج فرض ہونے کے بعد ادا نہ کرنے کا گناہ

سوال [۴۸۷۵]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کسی شخص پر حج فرض ہو جائے اور وہ نہ کوشش کرے نہ ارادہ کرے اور اسی حال میں دنیا سے رخصت ہو جائے تو ایسے شخص کے لئے قرآن وحدیث میں کیا وعیدیں آئی ہیں؟

المستفتی: صغیر احمد رامپوری

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: جس شخص پر حج فرض ہوا اور اس نے نہ حج ادا کیا اور نہ اس کے لئے کوشش کی اور اسی حال میں موت واقع ہوگئی، تو ایسے شخص کے بارے میں حدیث شریف میں آیا ہے کہ ممکن ہے کہ یہودیت کی موت مرے یا نصرانیت کی موت مرے۔

عن أبي أمامة، قال: قال رسول الله ﷺ: من لم يمنعه عن الحج حاجة ظاهرة، أو سلطان جائر، أو مرض حابس، فمات ولم يحج، فليمت

إن شاء يهوديا، وإن شاء نصرانيا. (سنن دارمي، باب من مات ولم يحج، دارالمغني ۲/ ۱۱۲۲، رقم: ۱۸۲٦، وهكذا في المصنف لابن أبي شيبة، الحج، في الرجل يموت ولم يحج وهو موسر، مؤسسة علوم القرآن ۸/ ٤٥۸، رقم: ١٤٦٦٥)

عن علي –رضي الله عنه– قال: قال رسول الله ﷺ: من ملك زادا وراحلة تبلغه إلى بيت الله ولم يحج، فلا عليه أن يموت يهوديا أو نصرانيا. الحديث (ترمذي، الحج، باب ماجاء في التغليظ في ترك الحج، النسخة الهندية ۱/ ۱٦۷، دارالسلام، رقم: ۸۱۲) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۴ رمحرم الحرام ۱۴۲۳ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳٦/ ۷۴۵۸)

حج فرض ہونے کے بعد ادائے گی میں تاخیر نہ کریں

سوال [۴۸۷٦]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: میرے والد صاحب سرکاری ملازم تھے، اب وہ ریٹائر ہوگئے ہیں، انہیں ریٹائرمنٹ کے وقت دولاکھ اسی ہزار روپئے ملے تھے، اس میں سے انہوں نے چالیس ہزار روپئے قرض کے دئے ان کے تین لڑکے ہیں، جس میں سے انہوں نے ایک لاکھ روپئے ایک لڑکے کو دیا، پچاس ہزار دوسرے کو دیا، اب ان کے پاس نوے ہزار روپئے بچے ہوئے ہیں، انہوں نے حج کے لئے درخواست دی، درخواست منظور ہوگئی؛ لیکن وہ نوے ہزار جو انہوں نے حج کے لئے رکھے تھے وہ اپنے تیسرے لڑکے کو اس لئے دے دیا کہ سودی مقروض تھا، اب ان کے پاس کوئی روپیہ نہیں بچا جس سے وہ حج کو جائیں، شریعت کی رو سے انہوں نے صحیح کیا یا غلط؟ ان کو آئندہ ایک لاکھ ستر ہزار روپیہ اور ملے گا، اب اس رقم سے وہ حج کریں یا نہ کریں؟ جب کہ وہ کرائے کے مکان میں رہتے ہیں، ان کا مکان بالکل بوسیدہ ہے، تو اس

روپیہ سے مکان کی مرمت کریں، تاکہ مکان کے کرائے سے بچ سکیں یا حج کو جائیں؟

المستفتی: عامر فہیم خان، صدر ہاسپٹل رامپور

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: آپ کے والد صاحب پر مذکورہ رقم ملنے کی وجہ سے شرعاً حج فرض ہو چکا، جس کی ادائے گی ضروری ہے، اب آئندہ ملنے والی رقم سے پہلے حج کرنا ضروری ہے، مکان وغیرہ کی مرمت بعد میں کریں؛ کیوں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے کہ جس شخص پر حج فرض ہو اور وہ حج نہ کرے، تو ممکن ہے کہ وہ یہودیت کی موت مرے یا نصرانیت کی موت مرے۔

عن علي –رضي الله عنه– قال: قال رسول الله ﷺ: من ملك زادا وراحلة تبلغه إلى بيت الله ولم يحج، فلا عليه أن يموت يهوديا أو نصرانيا. الحديث (ترمذي، الحج، باب ماجاء في التغليظ في ترك الحج، النسخة الهندية ١/ ١٦٧، دارالسلام، رقم: ٨١٢)

وفي البحر: هو فرض بشرط حرية وبلوغ وعقل وصحة وقدرة زاد وراحلة. (البحرالرائق، كتاب الحج، كوئٹه ٢/ ٣١١، زكريا ديوبند ٢/ ٥٤٤، هكذا في الدرمختار على الشامي، زكريا ٣/ ٤٥٥-٤٥٨، كراچى ٢/ ٤٥٨-٤٥٩) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۴؍ ذیقعدہ ۱۴۲۱ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۶۹۳۱/۳۵)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۲۱/۱۱/۴ھ

حج کس پر فرض ہوتا ہے؟

سوال [۴۸۷۷]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: زید نے اپنی زندگی میں اولاد کے درمیان اپنی تمام جائیداد تقسیم کردی، اولاد

اپنے اپنے حصوں پر قابض ہوگئی، زید کے ایک لڑکے نے زید کو اپنے پاس رکھ لیا، کھانے پینے کے تمام اخراجات یہی لڑکا برداشت کرتا ہے، زید کا یہ لڑکا مالدار ہے، حج کے لئے جانا چاہتا ہے؛ لیکن محلّہ کے کچھ لوگ یہ کہہ رہے ہیں کہ حج زید پر فرض ہے نہ کہ لڑکے پر؛ اس لئے پہلے زید کو حج کے لئے بھیجنا ضروری ہے، اس کے بعد اگر گنجائش ہو تو خود حج کرے، ایسی صورت میں زید کے لڑکے کو کیا کرنا چاہئے؟

المستفتی: محمد عابد بجنوری، متعلم دارالعلوم دیوبند

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: جب زید نے اپنی جائیداد اور سرمایہ الگ الگ تقسیم کر کے تمام لڑکوں کو قبضہ دے کر مالک بنا دیا ہے، تو سب لڑکے اپنے اپنے قبضہ شدہ کے مالک بن گئے، اسی طرح وہ لڑکا بھی اپنے حصہ کا مالک بن چکا ہے جس نے اپنے باپ کو ساتھ رکھا ہے؛ اس لئے کہ اس نے بھی اپنے حصہ پر قبضہ کر لیا ہے۔ اور باپ کو ساتھ رکھنا گویا کہ ایسا ہے جیسا کہ بیوی نے اپنے شوہر کو رہائشی مکان ہبہ کر دیا ہے، پھر بیوی مع ساز وسامان کے شوہر کے ساتھ اسی مکان میں رہنے لگی، تو قبضہ شوہر ہی کا شمار ہوتا ہے۔ اور بیوی شوہر کی فیملی کے تابع ہو کر رہتی ہے، ایسا ہی یہاں بھی باپ اپنے بیٹے کی فیملی کے تابع ہو کر رہا ہے؛ لہٰذا قبضہ شدہ جائیداد اور سرمایہ بیٹے کی ملکیت ہے، اس کے بعد بیٹے نے جو کمایا ہے، اس کا مالک بھی بیٹا ہی ہے، ایسا نہیں ہے کہ بیٹا باپ کی فیملی میں ہے؛ بلکہ باپ بیٹے کی فیملی میں ہے؛ اس لئے سرمایہ کا مالک بیٹا ہی ہے؛ لہٰذا بیٹے ہی پر حج فرض ہے، ہاں البتہ اگر باپ کے پاس الگ سے حج فرض ہونے کے لئے سرمایہ ہے تو اس پر بھی حج فرض ہو جائے گا، مگر یہاں بیٹے کا حج کو جانا لازم ہے۔ (مستفاد: فتاویٰ محمودیہ قدیم ۳/۱۷۸، جدید میرٹھ ۱۵/۳۶۴)

إذا وهبت المرأة دارها من زوجها، وهي ساكنة فيها ولها أمتعة فيها، والزوج ساكن معها حيث يصح. (شامي، كتاب الهبة، زكريا ديوبند ١٢/ ٥٨٥، الفتاوى التاتارخانية زكريا ١٤/ ٤٣١، رقم: ٢١٦٠٧، المحيط البرهاني، كتاب الهبة

والصدقة، الفصل الثاني ما يجوز من الهبة وما لايجوز، المجلس العلمي ۹/ ۱۷۵، رقم: ۱۱۵۲۹، مجمع الأنهر مصري قديم ۲/ ۳۵۴، دارالکتب العلمية بيروت ۳/ ۴۹۱، قاضيخان على هامش الهندية ۳/ ۲۸۶، جديد ۳/ ۱۹۷) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۴۲۳/۶/۱۱ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۰/۷۶۸۹)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۲۳/۶/۱۳ھ

کیا حاجی پر واپسی تک گھر والوں کا نان ونفقہ لازم ہے؟

سوال [۴۸۷۸]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: میری بیوی سے باہمی تعلقات جو میاں بیوی میں ہونے چاہئیں وہ دونوں کے درمیان نہیں ہیں، صرف رسمی گفت وشنید ہو رہی ہے، اب میں حج بیت اللہ کے لئے ۲۳/ مئی ۱۹۹۲ء کو جا رہا ہوں، اس کی اطلاع میں نے بذات خود اپنی بیوی کو نہیں دی ہے، ہمارے دو لڑکے ہیں، جن کی پرورش ان کی ماں کر رہی ہے، اب اس حال میں میں حج بیت اللہ کے لئے جا سکتا ہوں یا نہیں؟ قرآن وحدیث کی روشنی میں مفصل جواب تحریر فرمائیں۔

المستفتی: محمد اسماعیل ولد محمد اسحاق صدیقی مون بلڈنگ کسرول

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: حج کو جانے کے لئے شوہر پر اتنا واجب ہے کہ واپسی تک بیوی کے پورے اخراجات نان ونفقہ اور رہائش کا انتظام کر دے۔ اور اسی طرح اپنی اولاد کی ضروریات کے اسباب فراہم کرنا بھی واجب ہے۔ اور بیوی کو باقاعدہ اطلاع دینا واجب نہیں ہے۔

الحج واجب على الأحرار البالغين العقلاء الأصحاء إذا قدروا على الزاد والراحلة فاضلا عن المسكن، ومالا بد منه، وعن نفقة عياله إلى حين

عوده. (هداية، كتاب الحج، أشرفيه ديو بند ١/ ٢٣١، تبيين الحقائق، مكتبه إمداديه ملتان ٢/ ٢، زكريا ٢/ ٢٣٥)

لیکن گھریلوسکون اور انتظام کو برقرار رکھنے کے لئے مصلحت کے طور پر بیوی کو بتلا دیا جائے تو بہتر ہے۔ فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۳/ ذیقعدہ ۱۴۱۲ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۲۸/ ۲۸۷۳)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۳/ ۱۱/ ۱۴۱۲ھ

استطاعت سے پہلے حج کرنا

سوال [۴۸۷۹]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ میرا ایک لڑکا ہے، اس کی اولاد بیوی وغیرہ بھی ہیں، وہ لڑکا نااہل ہے، کچھ کام کرنا نہیں چاہتا، مجھے اس کے بچوں کی دیکھ بھال کرنی پڑتی ہے، اگر میں ان کی دیکھ بھال نہ کروں تو فاقوں کی نوبت آجائے، میرے پاس اتنی گنجائش نہیں ہے کہ میں حج بھی کرسکوں اور ان کی دیکھ بھال بھی کرسکوں، ان حالات میں میرا حج کرنا بہتر ہوگا یا اپنے لڑکے کی اولاد کی پرورش کرنا تربیت کرنا بہتر ہوگا؟ شریعت کی روشنی میں مفصل جواب مرحمت فرمائیں۔

المستفتی: کفیل احمد شاہ آباد، رامپور

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: اگر آپ کے پاس حج کا پورا خرچہ میسر نہیں ہے، تو آپ پر حج کرنا فرض نہیں ہے، آپ پر حج اس وقت واجب ہوگا کہ جب گھر کے تمام لوگوں کے اخراجات کے بعد اتنی رقم زائد ہو جس سے حج کے لئے پورے سفرخرچ اور اس درمیان میں گھر والوں کے لئے بھی پورے اخراجات میسر ہوں، ورنہ حج فرض نہیں اور پوتے پوتیاں جن کی ذمہ داری آپ ادا کرتے ہیں وہ بھی آپ کے گھر کے لوگوں میں شامل ہیں۔

إذا قدروا علی الزاد والراحلة فاضلا عن المسکن ومالا بد منه، وعن نفقة عیاله إلی حین عوده. الخ (هداية، أشرفيه ديوبند ١/ ٢٣٢، وهكذا في الشامي زكريا ديوبند ٣/ ٤٦٠، ٤٦٢، كراچي ٢/ ٤٦١-٤٦٣) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۱ر شوال ۱۴۱۸ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۳/ ۵۴۴۸)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۱۸/۱۰/۲۱ھ

حاجیوں کو مع اپنی محرم عورتوں کے مسائل حج سیکھنے کے لئے جمع کرنا

سوال [۴۸۸۰]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: علاقہ پالن پور کے ایک گاؤں میں چند عالم مل کر حاجیوں کا ایک پروگرام دن میں چند گھنٹوں کے لئے قائم کرتے ہیں، جس کی صورت یہ ہوتی ہے کہ قرب وجوار کے دیہات کے رہنے والے حجاج کرام مرد وعورتیں اس مجلس میں حاضر ہوتے ہیں، واضح رہے کہ ہر عورت اپنے محرم مرد کے ساتھ حاضر ہوتی ہے۔ اور اس مجلس میں عورتوں کے لئے پردہ کا انتظام ہوتا ہے، ایک جانب مستورات اور دوسری جانب مرد حضرات بیٹھتے ہیں اور درمیان میں دبیز کپڑے کی آڑ ہوتی ہے، ایک عالم صاحب حاجیوں کو حج کے ارکان، آداب دعا اور عملی ترتیب بتاتے ہیں، اس کے بعد وقت ہونے پر دوپہر کے کھانے کا انتظام ہوتا ہے، جس میں عورتوں کا انتظام علیحدہ پردہ کی رعایت کے ساتھ ہوتا ہے اور اس میں کھانا تقسیم کرنے والی بھی عورتیں ہی ہوتی ہیں۔

(۱) اب سوال یہ ہے کہ اس طرح مختلف گاؤں کے حاجیوں کو مع اپنی محرم عورتوں کے جمع کرنا ازروئے شرع اس کی گنجائش ہے یا نہیں؟

(۲) کیا کسی بھی دینی تعلیم کے لئے عورتوں کو جمع کرنا مطلقاً ممنوع ہے، یا شرائط کے ساتھ اس کا جواز بھی ہے، وجوہات ممانعت کیا اور شرائط جواز کیا ہیں رہنمائی فرمائیں؟

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: سوال نامہ میں حاجیوں کے جس پروگرام کا ذکر کیا گیا ہے پردۂ شرعی کی رعایت کرتے ہوئے ایسے پروگرام کی شرعاً اجازت ہے؛ اس لئے کہ اس پروگرام کا مقصد یہ ہوتا ہے کہ حج کے طریقہ سے ناواقف مرد اور عورتیں حج کا طریقہ سیکھ کر اس اہم فریضہ کو مسنون طریقہ پر ادا کرسکیں، نیز ہر حاجی کو جانے سے پہلے حج کے ضروری مسائل ذہن نشین کرنا نہایت ضروری ہے، ورنہ فریضۂ حج صحیح طور پر ادا نہیں ہوسکتا، اور اس اہم دینی فریضہ کے سیکھنے کے لئے سوال نامہ میں ذکر کردہ شکل اور عورتوں کا محرم کے ساتھ آکر کے شریک ہوکر سیکھنا جائز اور درست ہے، جیسا کہ محرم کے ساتھ سفر حج میں جاکر حج کا فریضہ ادا کرنا جائز ہے۔

واعلم أن تعلم العلم یکون فرض عین، وهو بقدر مایحتاج لدینه. (تحته فی الشامیة:) وفرض علی کل مکلف ومکلفة -إلی- والحج لمن وجب علیه. (الدرمع الرد، المقدمة، زکریا ۱/ ۱۲۵-۱۲۶، کراچی ۱/ ۴۲، الموسوعة الفقهیة الکویتیة ۳۰/ ۲۹۱-۲۹۲) **فقط واللّٰہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللّٰہ عنہ
۱۸/ ربیع الاول ۱۴۲۸ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۸/ ۹۲۱۸)

کیا نفلی حج کرنے والوں کی وجہ سے حج فرض کرنے والوں کی درخواست منظور نہیں ہوتی

سوال [۴۸۸۱]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: ہر سال نوافل اور حج بدل کرنے والے حج کو جاتے ہیں، جن کی وجہ سے فرائض حج والوں کی درخواستیں کوٹہ کم ہونے کی وجہ سے نامنظور ہوجاتی ہیں، اس حالت میں جو حجِ فرض کو درخواست نامنظوری کی وجہ سے نہیں جارہا ہے، یا اس کا انتقال ہوجاتا ہے، تو ان نوافل حج کرنے والوں پر اس فرض حج نہ کرنے والے کا گناہ ہوگا یا نہیں؟ اگر یہ نوافل والے

درخواست نہ دیتے تو ان کی درخواست منظور ہوجاتی۔ اور پھر نوافل حج کرنے والے ہر سال فارم میں جو حلف نامہ ہوتا ہے اس میں لکھ دیتے ہیں کہ ہم نے حج نہیں کیا، سراسر جھوٹ یہ کیسا ہے؟ نوافل حج، نوافل حج بدل سے بیواؤں مسکینوں، محتاجوں کی لڑکیاں جو آج ایسی ہی بے نکاحی بیٹھی ہیں اور کوئی ان کو جہیز نہ ہونے کی وجہ سے دیکھ تک نہیں رہا، تو اس حالت میں نفلی حج بہتر ہے یا ایسی لڑکیوں کی شادی کرادینا یہ زیادہ افضل ہے؟

المستفتی: سعید احمد ٹانڈہ، رامپور

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: یہ کہنا کہ حج نفل کرنے والوں کی وجہ سے حج فرض کرنے والوں کی درخواست منظور نہیں ہوتی، اس کی وجہ سے فریقین پر شرعاً کوئی اثر نہیں پڑتا، حج نفل کو جانے والوں کے لئے شرعاً جانا جائز ہے اور جو لوگ حج فرض کی درخواست منظور نہ ہونے کی وجہ سے حج کو نہ جاسکے شریعت کی طرف سے ان پر کوئی الزام نہیں ہے۔ اور نہ ہی ان پر تاخیر کا گناہ ہوگا۔ اور یہ جو کہا گیا ہے کہ حج نفل کرنے والے حج نفل نہ کریں اور بیواؤں و مسکینوں کی شادیوں میں خرچ کریں یہ صرف سائل کے دماغ کی بات ہے، شرعاً اس کے اوپر کوئی دباؤ نہیں ہے، دنیا کا معائنہ کرکے دیکھیں کہ کتنے لوگ صاحب حیثیت ہیں، مگر حج کو بھی نہیں جارہے ہیں اور نہ ہی بیواؤں و مسکینوں کی شادی بیاہ میں اتنا خرچ کررہے ہیں جتنے میں حج کو جاسکتے ہیں، یہ اشکال حج کرنے والوں پر کیوں ہورہا ہے، آخر حج نہ کرنے والوں پر کیوں نہیں ہورہا ہے؟ جو نفلی عبادات ہورہی ہیں ان پر پابندی کے علاوہ کوئی حاصل نہیں، جب کہ شرعاً ان کے اوپر کوئی پابندی بھی نہیں ہے، ہاں البتہ شرعاً یہ پابندی ہے کہ وہ اپنے مال کا چالیسواں حصہ بطور زکوۃ غرباء اور مسکینوں میں تقسیم کریں، اس کے بعد شریعت کی طرف سے اس کے مال پر کوئی پابندی نہیں ہے۔ فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۰؍صفر المظفر ۱۴۲۰ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۴/۳۴/۶۰۳۵)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصورپوری غفرلہ
۱۴۲۰/۲/۱۷ھ

کیا ماہ شوال مکہ میں پانے والے پر حج فرض ہے؟

سوال [۴۸۸۲]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: رمضان میں عمرہ کرنے والا جب کہ مکہ میں عید کی نماز پڑھے اور شوال کا مہینہ پالے، تو کیا اس شخص پر حج فرض ہو جاتا ہے؛ حالانکہ اس پر حج فرض نہیں تھا؟

المستفتی: نوح سبوح، محلّہ بھٹی، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: اصل حکم یہی تھا کہ جس شخص پر حج فرض نہیں ہے اور وہ رمضان میں عمرہ کرنے کے بعد عید کی نماز مکہ میں ادا کر لے اور ماہ شوال کا کوئی حصہ مکہ مکرمہ میں پالے تو اس کے اوپر حج کرنا فرض ہو جاتا ہے؛ اس لئے کہ اس نے حج کا مہینہ مکہ میں پالیا؛ لیکن دو وجہوں کی وجہ سے یہ حکم بدل گیا ہے، پہلی وجہ یہ ہے کہ حکومت سعودیہ کی طرف سے رمضان میں عمرہ کرنے والے کے لئے حج تک قیام کرنے کی اجازت نہیں ہے، اگر پتہ چلے تو گرفتار کر لیا جائے گا، دوسری وجہ یہ ہے کہ غریب آدمی جس کے اوپر حج فرض نہیں تھا، اگر اس کے اوپر حج فرض قرار دیا جائے تو گھر واپس آنے کے بعد دوبارہ حج کے لئے جانا تکلیف مالا یطاق کا مکلّف بنانا ہے؛ اس لئے کہ اس کے پاس اتنا پیسہ نہیں ہے، اسی لئے شیخ عبدالغنی نابلسی رحمۃ اللہ علیہ کے قول کے مطابق راجح اور مفتی بہ یہی ہے کہ مذکورہ اعذار کی وجہ سے اس کے اوپر حج فرض نہیں ہے۔

قلت: وقد أفتى بالوجوب مفتي دار السلطنة العلامة أبو السعود وتبعه في سكب الأنهر، وكذا أفتى به السيد أحمد بادشاه، وألف فيه رسالة، وأفتى سيدي عبدالغني نابلسي بخلافه، وألف فيه رسالة؛ لأنه في هذا العام لا يمكنه الحج عن نفسه؛ لأن سفره بمال الآمر، فيحرم عن الآمر، ويحج عنه، وفي تكليفه بالإقامة بمكة إلى قابل ليحج عن نفسه،

ويترك عياله ببلده حرج عظيم، وكذا في تكليفه بالعود وهو فقير حرج عظيم أيضا. (شامي، كتاب الحج، باب الحج عن الغير، مطلب: في حج الضرورة، زكريا ٤/ ٢٢، كراچی ٢/ ٦٠٤) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۴ر محرم الحرام ۱۴۳۴ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۴۰/ ۱۰۹۴۶)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۲۴/۱/۱۴۳۴ھ

رمضان میں عمرہ کرنا بہتر ہے یا نفلی حج؟

سوال [۴۸۸۳]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: ماہ مبارک رمضان شریف میں عمرہ کرنے کا ثواب زیادہ ہے یا نفلی حج کرنا بہتر ہے؟ امید کہ جوابات سے محظوظ فرمائیں گے۔

المستفتی: محمد یونس جامع مسجد احمد گڑھ پنجاب

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: فی نفسہ تمام ایام کی بہ نسبت رمضان شریف میں عمرہ کرنا افضل ہے، حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ رمضان میں عمرہ کرنے کا ثواب میرے ساتھ حج کرنے کے برابر ہے۔

عن ابن عباس -رضي الله عنه- أن النبي صلى الله عليه وسلم قال: فعمرة في رمضان تقضي حجة أو حجة معي. (صحيح مسلم، الحج، باب فضل العمرة في رمضان، النسخة الهندية ١/ ٤٠٩، بيت الأفكار، رقم: ١٢٥٦)

لیکن عمرہ کی بہ نسبت نفلی حج کرنا عقلاً وشرعاً افضل ہے۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: عمرہ کرنا ایک عمرہ سے دوسرے عمرہ کے درمیان تمام گناہوں کا کفارہ بنتا ہے؛ لیکن حج مبرور کی جزاء جنت ہے۔

عن أبي هريرة –رضي الله عنه– أن رسول الله ﷺ قال: العمرة إلى العمرة كفارة لما بينهما، والحج المبرور ليس له جزاء إلا الجنة. (صحيح البخاري، الحج، باب وجوب العمرة وفضلها، النسخة الهندية ١/ ٢٣٨، رقم: ١٧٣٩، ف: ١٧٧٣، صحيح مسلم، الحج، باب في فضل الحج والعمرة، ويوم عرفة، النسخة الهندية ١/ ٤٣٦، بيت الأفكار، رقم: ١٣٤٩) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۵/ جمادی الاولیٰ ۱۴۲۱ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۵/ ۶۶۸۸)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۲۵/۵/۱۴۲۱ھ

عورت کے لئے نفلی حج بہتر ہے یا کار خیر میں رقم صرف کرنا

سوال [۴۸۸۴]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: آج کل کے زمانہ میں موسم حج میں افعال حج کی ادائے گی کے وقت مردوں اور عورتوں کا از دحام اور خلط ملط بہت زیادہ ہوتا ہے، خاص طور پر بوقت طواف عورت کا جسم مرد کے جسم سے ملتا ہے اور باوجود کوشش کے اس سے پرہیز نہیں کیا جاسکتا، جب کہ پہلے زمانہ میں عورتوں کو کچھ احتیاط کرنے کا موقع مل سکتا تھا۔

اب دریافت طلب امر یہ ہے کہ ایسے حالات میں کسی ایسی عورت (جس پر شرعاً حج فرض نہیں) کے لئے نفل حج کو جانا بہتر ہوگا یا پیسہ کار خیر میں صرف کرنا اولیٰ ہوگا؟

المستفتی: مولانا بلال احمد، خادم التدریس دار الحدیث بدر پور، کریم گنج، آسام

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: عورت کا سفر حج میں جانے کے لئے ساتھ میں محرم کا ہونا یا شوہر کا ہونا لازم ہے، اور یہ حج حج فرض ہو یا نفلی حج ہو، اس میں کوئی فرق نہیں

ہے، اب رہی یہ بات کہ حج میں بھیڑ بھاڑ ہوتی ہے تو حج میں بھیڑ ہونے کی بات نئی چیز نہیں ہے؛ بلکہ سید الکونین علیہ الصلاۃ والسلام کے ساتھ حجۃ الوداع میں بھی بھیڑ تھی، حجۃ الوداع میں ایک لاکھ بیس ہزار افراد تھے، اس میں بھی زبردست ازدحام تھا اور اس زمانہ میں اتنا وسیع انتظام بھی نہیں تھا؛ بلکہ اس زمانہ کے مطاف کا حصہ آج کے مقابلہ میں بیسواں حصہ بھی نہیں تھا جو مقام ابراہیم کے اندر اندر کا حصہ تھا۔ اور اس کے بعد حجاج کی تعداد میں اضافہ ہی ہوتا گیا۔ اور دورِ نبوت کے بعد حضرت ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا ہر سال حج کو جاتی تھیں؛ لہٰذا اگر عورت محرم کے ساتھ حج کو جا رہی ہے تو ازدحام کو علت بنا کر اس پر روک لگانے کی کوئی ضرورت نہیں۔ اور حج کے علاوہ کار خیر میں خرچ کرنا یہ بھی ایک اچھا کام ہے؛ لیکن حج اور دوسرے کار خیر میں مقابلہ کرنے کی کوئی ضرورت نہیں ہے، اگر یہی بات ہوتی تو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا ہر سال حج کو نہ جاتیں اور سفر حج میں جو خرچ ہو سکتا تھا اسے کار خیر میں خرچ کر کے گھر بیٹھ جاتیں؛ لیکن ایسا نہیں کیا؛ بلکہ حج کو جاتی رہیں؛ اس لئے شرعی شرائط کے ساتھ حج کو جانے والی عورت کو دوسرے کار خیر کی ترغیب دے کر سفر حج سے روکنے کی کوئی ضرورت نہیں۔ (مستفاد: فتاوی دارالعلوم ۶/۵۲۹)

عن عائشة أم المؤمنين قالت: قلت يا رسول الله! ألا نغزو ونجاهد معكم؟ فقال: لكن أحسن الجهاد وأجمله، الحج، حج مبرور، فقالت عائشة: فلا أدع الحج بعد إذ سمعت هذا من رسول الله صلى الله عليه وسلم. (صحيح البخاري، المناسك، باب النساء، النسخة الهندية ١/ ٢٥٠، رقم: ١٨٢٣، ف: ١٨٦١)

الصدقة أفضل من الحج تطوعا كذا روى عن الإمام لكنه لما حج وعرف المشقة أفتى بأن الحج أفضل. (شامي، كتاب الحج، باب الهدي، مطلب في تفضيل الحج على الصدقة، زكريا ديوبند ٤/ ٤٦، كراچی ٢/ ٦٢١، منحة الخالق،

کوئٹہ ۲/ ۳۱۰، زکریا دیوبند ۲/ ٥٤٤، التاتارخانية، کوئٹہ ۲/ ٥٧٦، زکریا دیوبند ۳/ ٦٨٦،
رقم: ٥٣٥٣) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۴؍ ربیع الثانی ۱۴۲۳ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۶/ ۷۶۱۰)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۲۴/ ۴/ ۱۴۲۳ھ

منظوری نہ ملنے کی وجہ سے حج کی رقم علاج میں خرچ ہو جانے پر کیا حج نہ کرنے کا گناہ ملے گا؟

سوال [۴۸۸۵]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: سال گذشتہ ہم پر حج فرض تھا، درخواست بھی دی تھی، مگر منظور نہ ہوئی، امسال ایسی بیماری ہوئی کہ سارے پیسے بیماری میں لگ گئے، معلوم یہ کرنا ہے کہ اگر ہماری موت آ گئی تو حج نہ کرنے کا گناہ تو ہم پر نہیں ہوگا؟

المستفتی: سعید احمد سیڈھا بجنور

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: حج کے اخراجات فراہم ہو جانے کے بعد حج کی منظوری کی درخواست وغیرہ دینا سفر حج کی کوشش جاری رکھنے میں شامل ہے؛ لیکن اس کوشش کے باوجود حج کی منظوری نہیں ہوسکی اور حج کمیٹی کے علاوہ گروپ سے جانے کی بھی کوئی شکل نہیں بن سکی حتی کہ اگلے سال کے آنے سے پہلے پہلے بیماری وغیرہ میں پیسہ خرچ ہو چکا ہے، تو ایسی صورت میں جب تک دوبارہ حج کے اخراجات کا پیسہ فراہم نہ ہو جائے اور سفر حج کی رکاوٹیں ختم نہ ہو جائیں اس وقت تک حج کرنا فرض نہیں ہے اور ایسے حالات میں حج کئے بغیر موت آ جائے تو نہ گنہگار ہوگا، اور نہ حج بدل کرانا لازم ہوگا۔

والذي يظهر أنه يعتبر مع غلبة السلامة عدم غلبة الخوف حتى إذا غلب الخوف على القلوب في المحاربين لوقوع النهب و الغلبة

منهم مرارا، أو سمعوا أن طائفة تعرضت للطريق ولها شوكة والناس يستضعفون أنفسهم عنهم لا يجب. (فتح القدير، كتاب الحج، دارالفكر مصري قديم ٢/ ٤١٨، زكريا ديوبند ٢/ ٤٢٥، كوئٹه ٢/ ٣٢٩، البحرالرائق، زكريا ٢/ ٥٥٠، كوئٹه ٢/ ٣١٤)

وإنما فسر النبي صلى الله عليه وسلم الاستطاعة بالزاد والراحلة لكونهما من الأسباب الموصلة إلى الحج لا لاقتصار الاستطاعة عليهما، ألاترى! أنه إذا كان بينه وبين مكة بحر زاخر لا سفينة ثمة أو عدو حائل يحول بينه وبين الوصول إلى البيت لا يجب عليه الحج مع وجود الزاد والراحلة، فثبت أن تخصيص الزاد والراحلة ليس لاقتصار الشرط عليهما بل للتنبيه على أسباب الإمكان. (بدائع الصنائع، كتاب الحج، شرائط فرضيته، زكريا ٢/ ٢٩٦)

والذي يظهر أنه يعتبر مع غلبة السلامة عدم غلبة الخوف حتى لو غلب لوقوع النهب والغلبة من المحاربين مرارا، أو سمعو أن طائفة تعرضت للطريق ولها شوكة والناس يستضعفون أنفسهم عنهم لايجب. (شامي، زكريا ٣/ ٤٦٢، كراچی ٢/ ٤٦٣)

وكذا كل من وجب عليه الحج إما حجة الإسلام أو القضاء، أوالنذر إذا مات قبل التمكن من أدائه سقط عنه الحج، ولا يجب عليه الوصية. (غنية الناسك، باب شرائط الحج، كراچی جديد ص: ٣٣/ مكتبه خيريه ميرٹھ قديم/ ١٤) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۳؍صفر ۱۴۲۹ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۸/ ۹۴۴۱)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۲۹/۲/۱۵ھ

بواسیر کے مریض کا حج کرنا

سوال [۴۸۸۶]: کیافرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: مجھے بواسیر کی بیماری ہے، جس کی وجہ سے سفر میں طہارت میں دشواری ہوتی ہے، اس بیماری کی وجہ سے کچھ نہ کچھ نجاست لگ جاتی ہے، تو کیا میں ایسی حالت میں بھی حج جیسی عظیم عبادت کے لئے سفر کرسکتا ہوں میرے اوپر حج فرض ہے؟

المستفتی: افتخار الاسلام، قاضی ٹولہ، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: حسب تحریر سوال آپ اس حالت میں بھی حج کا فریضہ ادا کرسکتے ہیں، اپنی سہولت کے لئے آپ یہ طریقہ اختیار کریں کہ انڈرویئر وغیرہ پہننے کے بجائے ایک لمبا کپڑا لے کر اسے لنگوٹ وغیرہ کی طرح باندھ لیں۔

أو لبس مخيط لبسا معتادا، ولو اتزره ...... لا شيء عليه. (شامي، كتاب الحج، باب الجنايات، كراچى ٢/ ٥٤٧، زكريا ديوبند ٣/ ٥٧٧، حاشية الطحطاوي على مراقي الفلاح، دارالكتاب ديوبند ٧٤٢)

ما خيط بعضه ببعض لا بحيث يحيط بالبدن مثل المرقعة، فلا بأس بلبسه. (شامي، زكريا ٣/ ٤٩٩، كراچى ٢/ ٤٨٩) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۷/ربیع الاول ۱۴۳۲ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۹/۱۰۳۱۴)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۳۲/۳/۱۷ھ

پہلے حج بدل کی قسم کھانے کا حکم

سوال [۴۸۸۷]: کیافرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ

ذیل کے بارے میں: میری ایک بہن تھی، بڑی ہونے کے ناطہ سے وہ مجھ سے بہت محبت کرتی تھی، کئی سال پہلے میں نے ان سے محبت میں کہہ دیا تھا کہ اگر میرے بچے بڑے ہوکراس قابل ہوئے کہ مجھے حج کو بھیجیں تو میں خدا کی قسم اپنا حج نہ کر کے آپ کی طرف سے کروں گی، اس وقت مجھے یہ نہیں معلوم تھا کہ پہلے اپنا حج کیا جاتا ہے، بعد میں حج بدل کیا جاتا ہے، یہ مسئلہ بعد میں معلوم ہوا ان کے کوئی اولاد نہ ہونے کی وجہ سے یہ قسم میں نے کھائی تھی اور امسال حج کو جانے کا ارادہ ہے، تواس قسم کو کیسے پوری کروں اور اتنی حیثیت بھی نہیں ہے کہ دوسرے کو بھیج دوں، یا خود دوبارہ جاسکوں؟

المستفتیه: والدہ پرویز ناظم

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: پہلے اپنا حج کرنا ضروری ہے، اس کے بعد گنجائش ہوتو دوسرے کی طرف سے حج کیا جاتا ہے؛ لہٰذا آپ بھی پہلے اپنا ہی حج کریں۔ اور حج سے واپس آکر کے قسم کا ایک کفارہ دے دیں اور قسم کا کفارہ دس مسکینوں کو دونوں وقت کا کھانا دینا یااس کا پیسہ دینا ہے۔ (مستفاد: انوار مناسک/ ۱۶۷)

والحج مطلقا هو الفرض، فإذا أخره إلى العام الثاني بلا عذر يأثم لترك الواجب. (غنية، مقدمة في تعريف الحج وما يتعلق به، كراچي جديد، ص: ١١، قديم مكتبه خيريه ميرٹھ، ص: ٢)

ولو غدى مسكينا وأعطاه قيمة العشاء أجزأه، وكذا إذا فعله في عشرة مساكين، ولو عشاهم في رمضان عشرين ليلة أجزأه. (شامي، كراچي ٣/ ٧٢٦، زكريا ٥/ ٥٠٣) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۳؍ ربیع الثانی ۱۴۲۹ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۸/ ۹۵۷۷)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۲۹/۴/۲۳ھ

مستطیع کے لئے پہلے حج کو جانا لازم ہے یا بیرون ملک جماعت میں؟

سوال [۴۸۸۸]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: زید کے پاس اتنی رقم ہے کہ وہ حج بیت اللہ کے لئے جا سکے، جب کہ اس نے حج نہیں کیا ہے، اس پر حج فرض ہے، زید تبلیغی جماعت سے بھی وابستگی رکھتا ہے، جماعت کے کچھ لوگ زید سے کہتے ہیں کہ ایک جماعت بغرض تبلیغ دین غیر ممالک جارہی ہے تم اس میں شریک ہوجاؤ، زید کا کہنا ہے کہ مجھے حج کے لئے جانا ہے، جماعت کے کچھ افراد اس پر زور دے رہے ہیں کہ اس سال جماعت میں غیر ممالک چلئے اگلے سال حج بیت اللہ کے لئے جائیے، زید کو کس پر کس کو ترجیح دینی چاہئے کہ زید جماعت میں غیر ملک جائے یا کہ حج بیت اللہ کے واسطے؟

المستفتی: مرزا سلیم بیگ

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: جب زید پر حج فرض ہو چکا ہے، تو اس کے لئے لازم ہے کہ وہ پہلے حج کو ادا کرے بعد میں موقع ہو تو جماعت میں چلا جائے؛ کیوں کہ فرضیت حج کے بعد حج کے لئے جانا ضروری ہے اس میں تاخیر کرنے کی اجازت نہیں ہے؛ کیوں کہ خدانخواستہ حج کی ادائے گی سے پہلے موت آجائے گی تو گنہگار رہو گا۔

عن علي –رضی اللہ عنہ– قال: قال رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم: من ملک زادا وراحلة تبلغه إلی بیت اللہ ولم یحج فلا علیه أن یموت یهودیا أو نصرانیا. (سنن الترمذي، الحج، باب ماجاء في التغلیظ في ترک الحج، النسخة الهندیة ۱/ ۱۶۷، دارالسلام، رقم: ۸۱۲)

وهو فرض علی الفور، وهو الأصح فلا یباح له التأخیر بعد الإمکان

إلی العام الثاني. (هندية، كتاب الحج، الباب الأول ۱/ ۲۱٦، جديد زكريا ۱/ ۲۸۰)

فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۸/ رجب ۱۴۱۹ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۵۸۷۲/۳۴)

کیا باپ کی فیملی میں رہ کر کمانے والے شخص پر حج فرض ہے؟

سوال [۴۸۸۹]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: (۱) زید کا بیٹا اپنے کاروبار کے نتیجہ میں اس قدر مالدار ہوگیا ہے کہ وہ بآسانی فریضۂ حج ادا کرسکتا ہے، نیز کاروبار میں والد کا کچھ حصہ بھی نہیں ہے، تو ایسی شکل میں زید حج کرے گا یا اس کا بیٹا حج کرے گا؟ جب کہ زید نے اپنے بیٹے کو اپنے سے الگ نہیں کیا ہے، دریافت طلب امر یہ ہے کہ حج فرض کس پر ہے؟ شریعت کی روشنی میں جواب مرحمت فرمائیں۔

(۲) زید اور اس کے بیٹے عمر نے مل کر کوئی کاروبار اپنایا، جس کے نتیجہ میں اتنا مال جمع ہوگیا کہ ان دونوں میں سے ایک حج کا فریضہ انجام دے سکتا ہے، سوال یہ ہے کہ اب حج کون کرے گا؟ صحیح جواب مرحمت فرمائیں، نیز یاد رہے کہ یہاں بھی باپ بیٹا ایک ہی فیملی میں ہیں، یعنی بٹوارہ نہیں ہوا ہے؟

المستفتی: ڈاکٹر کفایت اللہ قاسمی

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: (۱) ایسی صورت میں بیٹے پر حج کرنا فرض ہے، اگر بیٹے کے پاس گنجائش زیادہ ہے اور اپنے ساتھ باپ کو بھی حج کرائے، تو بیٹے کے لئے بڑی سعادت ہوگی؛ اس لئے کہ سفر کے خرچ اور دیگر اخراجات پر بیٹے کو قدرت حاصل ہے، باپ کو نہیں۔

وَلِلّٰهِ عَلَى النَّاسِ حِجُّ الْبَيْتِ مَنِ اسْتَطَاعَ إِلَيْهِ سَبِيْلًا. [آل عمران: ۹۷]

إن القدرة علی الزاد والراحلة لا بد فیها من الملک دون الإباحة والعاریة الخ. (شامي، کتاب الحج، قبیل مطلب في قولهم: یقدم حق العبد علی حق الشرع، کراچی ۲/ ٤٦١، زکریا دیوبند ۳/ ٤٦٠، ھندیة، زکریا دیوبند ۱/ ۲۱۷، جدید زکریا ۱/ ۲۸۱)

(۲) اگر بیٹا باپ کی فیملی میں ہے، پھر دونوں کی محنت سے مال جمع ہوا ہے، تو سارا مال باپ کی ملکیت ہے، باپ پر حج فرض ہوگا، بیٹے پر نہیں۔ اور اگر بیٹا باپ کی فیملی میں نہیں ہے، دونوں کا چولہا الگ الگ ہے اور کاروبار مشترک ہے جس کا بٹوارہ نہیں ہوا ہے، تو مال دونوں کے درمیان نصف نصف ہے اور دونوں میں سے کسی پر حج فرض نہ ہوگا۔

الأب وابنه یکتسبان في صنعة واحدة ولم یکن لهما شيء، فالکسب کله للأب إن کان الابن في عیاله؛ لکونه معینا له. (شامي، فصل في الشرکة الفاسدة، مطلب اجتمعا فی دار واحدة واکتسبا ولا یعلم التفاوت فهو بینهما بالسویة، زکریا دیوبند ٦/ ۲۰۵، کراچی ٤/ ۳۲۵، وهکذا فی شرح المجلة اتحاد بک ڈپو دیوبند ۲/ ۷٤۱، رقم: ۱۳۹۸) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۷/ محرم الحرام ۱۴۲۵ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۷/ ۸۲۰۴)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۲۵/۱/۱۷ھ

والدین کا اولاد کے مال سے حج کرنا

سوال [۴۸۹۰]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: اگر والدین پر حج فرض نہ ہو؛ لیکن اولاد نے اپنے مال سے والدین کو حج کرایا تو والدین کا حج فرض ادا ہوگا یا نفل؟

المستفتی: عبدالکریم بی بلڈنگ روم، ممبئی

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: والدین اپنی اولاد کے مال سے حج ادا کریں، اس سے حج فرض ادا ہوگا، خواہ ان پر حج فرض نہ رہا ہو، بشرطیکہ انہوں نے نفل کی نیت نہ کی ہو۔

وأما الفقير ومن بمعناه كمن له مال مستغرق بالديون أو بحقوق المسلمين كالظلمة من الأمراء والسلاطين إذا حج سقط عنه الفرض إن نواه، أو أطلق النية. (غنية الناسك، باب شرائط الحج، جديد كراچی، ص: ۳۲، قديم مكتبه خيريه ميرٹھ، ص: ١٤) **فقط واللّٰہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۵/ ذی قعدہ ۱۴۱۵ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۷/ ۸۳۳۳)

کیا باپ کے حج سے پہلے بیٹے کا حج ہوجائے گا؟

سوال [۴۸۹۱]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ بیٹے پر حج فرض ہوگیا اور باپ نے ابھی حج نہیں کیا ہے، تو کیا اگر بیٹا حج کو جانے کا ارادہ کرے تو اس کو باپ سے اجازت لینی پڑے گی اور باپ کے حج سے پہلے بیٹے کا حج ہوجائے گا یا نہیں؟

المستفتی: محمد نیر پیرزادہ، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: سائل سے زبانی معلوم ہوا کہ زید اپنے باپ کی فیملی میں ہے، ایسی صورت میں ساری دولت کا مالک باپ ہی ہوگا؛ لہٰذا حج باپ ہی پر فرض ہوگا، حج کے لئے باپ ہی کو جانا چاہئے؛ البتہ اگر باپ خود نہیں جارہا ہے بیٹے کو حج کا شوق

ہے، تو باپ کی دولت میں سے خرچ لے کر باپ کی اجازت ہی سے جاسکتا ہے، باپ کی اجازت کے بغیر ایسی صورت میں بیٹے کو حج کے لئے جانا منع ہے۔

الأب وابنه يكتسبان في صنعة واحدة، ولم يكن لهما شيء، فالكسب كله للأب إن كان الابن في عياله؛ لكونه معينا له. (شامي، فصل في الشركة الفاسدة، مطلب: اجتمعا فى دار واحدة واكتسبا ولا يعلم التفاوت، فهو بينهما بالسوية، زكريا ديوبند ٦/ ٥٠٢، كراچى ٤/ ٣٢٥، شرح المجلة، مكتبه اتحاد ديوبند ٢/ ٧٤١، رقم: ١٣٩٨) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲؍ ذیقعدہ ۱۴۱۷ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۵۰۱۳/۳۲)

غرباء کو حج کرانے کے لئے چندہ جمع کرنا

سوال [۴۸۹۲]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: (۱) چند ہمدردان ملت اسلامیہ نے ایک کمیٹی مدینہ ویلفیئر سوسائٹی کے نام سے بغرض مالی تعاون کمزور وعازمین حج تشکیل دی ہے، جس کا نصب العین اقتصادی طور پر کمزوری کے باعث حج کے سفر کے لئے مالی تعاون فراہم کرنا ہے، جو کہ عام احباب اہل خیر کے چندے سے جمع کیا جائے گا، کیا اس جمع شدہ رقم سے مالی اعتبار سے کمزور عازمین حج کا مالی تعاون شریعت اسلامی کے اعتبار سے جائز ہے یا نہیں؟

(۲) ایسے چندہ سے اگر ایک لاکھ روپیہ کی رقم جمع ہوجائے اور مستحقین طلب کرنے والے ایک دو نہیں بلکہ پچاس سے زیادہ ہوجائیں، تو کس کو ترجیح دی جائے؟ براہ کرم قرآن وحدیث کی روشنی میں مفصل جواب تحریر فرمائیں۔ اگر طالب امداد پچاس ہوں تو حاصل شدہ رقم کو کسی اہم معزز اور معتبر شخص کے ہاتھ سے قرعہ اندازی کر کے مستحق کی مدد جائز ہے یا نہیں؟

المستفتی: ضمیر الدین وشکیل الدین، نئی بستی مراد آباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: غریب کمزور لوگوں پر نہ حج فرض ہے نہ لازم اور نہ ہی ان کو حج میں بھیجنے کے لئے چندہ جمع کرنا شرعی طور پر جائز ہے۔اور نہ یہ شرعی ضروریات میں داخل ہے، جب ان کو حج کرانے کے لئے چندہ جمع کرنا ہی جائز نہیں تو آگے قرعہ اندازی کی ساری باتیں فضول ہیں۔

وقد اختلف في حج الفقير، فقال أصحابنا والشافعي: لا حج عليه.

(أحكام القرآن للجصاص، باب فرض الحج، سهيل اكيڈمی لاهور ۲/ ۲۵)

ولو وهب له مال ليحج به لا يجب قبوله، سواء كان الواهب ممن تعتبر منته كالأجانب، أو لا تعتبر كالأبوين والمولودين. (فتح القدير، كتاب الحج، دارالفكر مصري قديم ۲/ ۴۱۰، زكريا ۲/ ۴۱۶، كوئٹه ۲/ ۳۲۲، عالمگیری،زکریا ديوبند ۱/ ۲۱۷، جديد مطول ۱/ ۲۸۱) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ:شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۹/جمادی الاولیٰ ۱۴۲۹ھ
(الف فتویٰ نمبر:۳۸/۹۶۰۱)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۲۹/۵/۱۱ھ

رشتہ طے ہوجانے کے بعد میاں بیوی کے نام سے حج کی درخواست دینا

سوال [۴۸۹۳]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: ایک رشتہ تین چار ماہ پہلے ہوا اور شادی ونکاح کی تاریخ ۱۵/جون ۲۰۰۶ء ہونا قرار پائی ہے۔اور حج جانے کے لئے آخری تاریخ ۳۱/۸/۵/درخواست دینے کی ہے،تو نکاح سے پہلے درخواست دونوں دے سکتے ہیں یا نہیں؟

المستفتی:عبد اللہ

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: صورت مسئولہ میں چوں کہ رشتہ پکا ہوگیا ہے اور مہینہ بھر کے اندر اندر نکاح اور رخصتی ہونے والی ہے؛ اس لئے مایؤول کے اعتبار سے دونوں کو میاں بیوی کہا جاسکتا ہے۔ اور جس وقت دونوں حج کو جائیں گے اس وقت دونوں حقیقی معنی میں میاں بیوی ہوجائیں گے، اس لئے فارم میں میاں بیوی لکھنے کی گنجائش ہے، مگر چونکہ کبھی عین وقت میں بھی رشتہ ختم ہوجاتا ہے؛ اس لئے بہتر یہی ہے کہ پہلے عقد نکاح ہوجائے پھر حج کا فارم بھر دیں اور رخصتی وقت مقررہ پر ہوجائے۔

أو تسمية الشيء باسم مايؤول ذلك الشيء إليه في الزمان المستقبل نحو إني أراني أعصر خمرا، أي عصيرا يؤول إلى الخمر.

(مختصر المعاني/۳۷۳) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۲؍ جمادی الاولیٰ ۱۴۲۹ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۸/۹۶۰۲)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصورپوری غفرلہ
۱۴۲۹/۵/۱۲ھ

اشہر حج آنے سے قبل مستطیع کے روپئے تلف ہوگئے

سوال [۴۸۹۴]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: ایک شخص کے پاس جائز طریقہ سے ایک لاکھ روپئے آئے اور اشہر حج آنے سے پہلے پہلے وہ تلف ہوگئے، تو اس پر حج فرض ہوا یا نہیں؟

المستفتی: قمر الدین قاسمی، ٹانڈہ رامپور

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: حج کے مہینے آنے سے پہلے پہلے جب روپیہ تلف ہوگیا تو شرعی طور سے اس کے اوپر حج فرض نہیں ہوا۔

لو ملك الزاد والراحلة في أول السنة قبل أشهر الحج، أو قبل أن يخرج أهل بلده إلى مكة فهو في سعة من صرف ذلك إلى حيث أحب، وإذا صرف ماله، ثم خرج أهل بلده لا يجب عليه الحج، فأما إذا جاء وقت خروج أهل بلده، فيلزمه التأهب فلا يجوز له صرفه إلى غيره، فإن صرفه إلى غير الحج أثم وعليه الحج. (عالمگيری، كتاب الحج، الباب الأولى في تفسير الحج ١/ ٢١٩، جديد زكريا مطول ١/ ٢٨٣) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۴۲۴/۳/۱۶ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۷۹۸۱/۳۶)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۲۴/۳/۱۸ھ

حج نہ کرکے اس کی رقم دیگر دینی مصارف میں خرچ کرنا

سوال [۴۸۹۵]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: زید ایک مالدار شخص ہے اور اس کی روزی بھی شرعی اعتبار سے کمائی گئی ہے، یعنی بالکل جائز روزی ہے، زید خود حج کے لئے نہ جاکر اپنے مقام پر ہی حج کے علاوہ دیگر کاموں میں خرچ کرتا ہے، جیسے دینی مدرسہ کی تعمیر، مسجد کی تعمیر کرانا، یا کسی غریب کی بیٹی کی شادی کرانا، تو کیا یہ سب چیزیں حج نہ کرنے کا شرعی اعتبار سے بدل ہوجائیں گی؟

المستفتی: ذاکر قریشی، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: زید جب کہ مالدار ہے اور اس پر حج فرض ہوگیا ہے، تو پہلے حج کرے، پھر غریب بھائیوں کی امداد کرے، پھر مدرسہ ومسجد بنوائے، حج ایک مستقل عبادت ہے، یہ چیزیں اس کی بدل نہیں بنیں گی۔

فرض مرة على مسلم، حر، مكلف، صحيح، بصير، ذي زاد وراحلة

فضلا عما لا بد منه. (تنویر الأبصار مع الشامي، کتاب الحج، کراچی ۲/ ٤٥٥، زکریا دیو بند ۳/ ٤٦٠) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۹/ جمادی الثانیہ ۱۴۱۵ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۱/ ۴۰۸۹)

وعدہ خلافی کر کے حج نہ کرانا

سوال [۴۸۹۶]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: میرے چار لڑکے ہیں جن میں دو کا کاروبار علیحدہ علیحدہ تھا، دو بھائیوں کا ایک جگہ تھا، بڑے بھائی کی شادی ہو چکی تھی اور چھوٹے کی نہیں ہوئی تھی، جب حج کو گئے تھے اس وقت ساجھے میں تھے، دو سال حج کئے ہوئے ہو گئے، حج کرتے ہوئے مکہ میں میرے یعنی ماں کے سامنے یہ کہا تھا کہ میں اپنے چھوٹے بھائی کو اور اس کی بیوی کو شادی ہو جانے پر حج کراؤں گا، اب چھ ماہ گذر گئے، چھوٹے بھائی کی شادی ہو چکی ہے، اب کاروبار سے دونوں علیحدہ ہو رہے ہیں، حج کے لئے چھوٹے بھائی نے پیسہ دینے کو بڑے بھائی سے کہا، تو بڑے بھائی نے اور اس کی بیوی نے صاف منع کر دیا، دین کی رو سے اس کا کیا مسئلہ ہے؟ کیا صحیح ہے؟

المستفتیة: والدہ پرویز محلّہ رحمت نگر، کرولہ

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: اگر چھوٹے بھائی کا بڑے بھائی پر اتنا پیسہ پہلے سے لازم نہ تھا جس سے حج کو جا سکے، تو بڑے بھائی کی طرف سے ایثار کا وعدہ تھا، اب اگر وعدہ پورا نہیں کر رہا ہے تو وعدہ خلافی کا گناہ ہوگا اور وعدہ خلافی کرنے والا دین کے اعتبار سے بہت بڑا گنہگار شمار ہوتا ہے۔

عن عبدالله ابن مسعود –رضي الله عنه– قال: قال رسول الله ﷺ: لا إيمان لمن لا أمانة له، ولا دين لمن لا عهد له. الحديث (المعجم الكبير، دار احياء التراث العربي ۸/ ۲۲۷، رقم: ۱۰۵۵۳) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۵ر شوال المکرّم ۱۴۲۹ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۸/ ۹۷۱۷)

لوگوں کا حق مار کر حج کو جانا

سوال [۴۸۹۷]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: ایک صاحبہ حج کو جارہی ہیں اور اپنے سوتیلے بیٹے کو اس کا حق اس کے والد کی جائیداد میں سے نہیں دیا ہے، جو حصہ والد کی جائیدا د ترکہ میں ملنا چاہئے اس پر حج کو جانے والی سوتیلی ماں قابض ہیں، تو جو کسی کا حق دبائے ہوئے ہو اور اس پر ناجائز قبضہ کر رکھا ہو، تو کیا اس کا حج قبول ہوگا یا نہیں؟ اور اسے حج کے لئے جانے سے پہلے سوتیلے بیٹے کا حق ادا کردینا چاہئے یا نہیں؟

المستفتی: عبداللہ مظفر نگر

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: اگر سائل کا بیان صحیح ہے تو مرنے والے کے لڑکے کو اس کے والد مرحوم کی میراث میں سے اس کا حق نہ دے کر اس مال میں سے لے کر حج کرنا جائز نہیں ہے۔ اور ایسا حج قبول نہیں ہوتا ہے۔ مذکورہ صاحبہ پر واجب ہے کہ شوہر کے مذکورہ بیٹے کو اس کا حق دے دے اور نہ دے کر دبالینا گناہ کبیرہ، حرام اور ظلم وغصب ہوگا، اور نہ ہی اس مال سے حج کرنے سے حج قبول ہوگا۔

اِنَّ الَّذِيۡنَ يَاۡكُلُوۡنَ اَمۡوَالَ الۡيَتٰمٰى ظُلۡمًا اِنَّمَا يَاۡكُلُوۡنَ فِىۡ بُطُوۡنِهِمۡ نَارًا.

[سورۃ النساء، آیت: ۱۰]

لا یجوز لأحد أن یأخذ مال أحد بلا سبب شرعي. (قواعد الفقه، أشرفیه دیوبند، ص: ۱۱۰، الموسوعة الفقهیة الکویتیة ۲۱/ ۱۱۲، ۲۸/ ۲٦٤) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۲ ؍ ذیقعدہ ۱۴۱۵ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۱/ ۴۲۲۲)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۱۵/۱۱/۲۲ھ

بہن کا حصہ نہ دینے والے کا حج قبول ہوگا یا نہیں؟

سوال [۴۸۹۸]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: میرے دو بیٹے اور ایک بیٹی ہے، میں نے اپنی سب جائیداد کو تین حصوں میں تقسیم کردیا ہے، جو کہ تینوں کے نام کردیا ہے، بڑے لڑکے جس مکان میں رہتے ہیں، اسی میں لڑکی کا حصہ بھی شامل ہے، لڑکی شادی شدہ ہے، مگر رہنے کے لئے گھر سے پریشان ہے، میں اپنے چھوٹے لڑکے کے پاس رہتی ہوں، میرے بڑے بیٹے لڑکی کو حصہ دینے پر راضی نہیں ہیں، اب میرا بڑا لڑکا ان کی بیوی اور میں تینوں حج پر جارہے ہیں، کیا ایسی صورت میں جب کہ لڑکی کو اس کا حق نہیں مل سکا، میرے اور میرے بیٹے کا حج قبول ہوگا؟ اس بارے میں علمائے کرام کیا فرماتے ہیں؟

المستفتیة: ظفری بیگم گوئیاں باغ، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: اگر مذکورہ جائیداد آپ ہی کی ملکیت ہے آپ کے شوہر کا وہ ترکہ نہیں ہے جو اس کے وارثین کے درمیان مشترک ہے، تو آپ کا اپنی زندگی میں لڑکی کو بھی لڑکوں کے برابر دے کر مالک بنا دینا شریعت کے مطابق ہے، جس لڑکے نے اپنی بہن کے حصہ پر قبضہ جما رکھا ہے، اس پر لازم ہے کہ بہن کا حصہ بہن کو فوراً دے دے۔

فسوی بینهم یعطی البنت کالابن عند الثاني، وعلیه الفتوی.

(درمختار، کتاب الهبة، قبیل الرجوع في الهبة، زکریا ۸/ ۵۰۱-۵۰۳، کراچی ۵/ ۶۹۶)

فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۳۰؍شوال ۱۴۱۹ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۴/ ۵۹۱۲)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۱۹/۱۰/۳۰ھ

ایضاً

سوال [۴۸۹۹]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: دو بھائی آپس میں شرکت سے کام کرتے ہیں، بڑے بھائی چھوٹے بھائی کو عرصہ پانچ سال سے حساب نہیں دیتے اور نہ پانچ سال سے زکوۃ دی ہے، اب چھوٹے بھائی حج بیت اللہ کے لئے تشریف لے جارہے ہیں، اس حالت میں حج ہو جائے گا یا نہیں؟ بہت کوشش کی، مگر حساب نہیں کرتے کہ کتنے روپے ہیں، مجبوراً حج کے لئے بغیر حساب صاف کئے چلا جانا چاہئے یا نہیں؟

المستفتی: عبدالرؤف محلّہ بھٹی مراد آباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: جب وجوب حج کی شرائط پائی گئیں، تو حج ادا کرنا واجب ہے۔

وَلِلّٰهِ عَلَى النَّاسِ حِجُّ الْبَيْتِ مَنِ اسْتَطَاعَ اِلَيْهِ سَبِيْلًا. [آل عمران: ۹۷]

عن ابن عمر -رضي الله عنه- قال: جاء رجل إلى النبي صلى الله عليه وسلم فقال: يا رسول الله! مايوجب الحج؟ قال: الزاد والراحلة.

(سنن الترمذي، الحج، باب ماجاء في إيجاب الحج بالزاد والراحلة، النسخة الهندية ۱/ ۱۶۸، دارالسلام، رقم: ۸۱۳)

الحج واجب على الأحرار البالغين العقلاء الأصحاء إذا قدروا

علی الزاد و الراحلة فاضلا عن المسکن و مالا بد منه. (هداية، كتاب الحج، أشرفيه ديو بند ۱/ ۲۳۱)

حج کی ادائے گی زکوۃ کی ادائیگی پر موقوف نہیں، نیز جس مال کی زکوۃ ابھی ادانہیں کی گئی ہے اس سے حج جائز ہے؛ البتہ زکوۃ ادا نہ کرنے کا گناہ الگ ہوگا، جب بڑے بھائی حساب نہیں دیتے اور نہ ہی زکوۃ ادا کرتے ہیں، تو چھوٹے بھائی کو ان سے اپنا معاملہ حساب کرکے الگ کرلینا چاہئے اور اپنی زکوۃ خود ادا کر دیا کریں؟ فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ

۲۲/ ذیقعدہ ۱۴۰۷ھ

(الف فتویٰ نمبر: ۲۳/ ۳۶۴)

بھائی کا بہنوں کا حصہ نہ دے کر حج کو جانا

سوال [۴۹۰۰]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: زید کا لڑکا محمد احسان میاں حج بیت اللہ کو جارہا ہے بہنوں کو حصہ نہ دے کر، اب ایسی صورت میں اس کے حج کے متعلق شریعت کا کیا حکم ہے، ایسا کرنے والے کو کیا عمل کرنا چاہئے جو شریعت کی رو سے درست ہو؟

المستفتی: حافظ طاہر حسین، اصالت پورہ، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: اگر بہنوں کی جائیداد کے پیسے سفر حج میں خرچ کرے گا تو وہ غصب کا پیسہ ہے اور غصب کے پیسے سے حج کرنے سے حج مقبول نہیں ہوتا، ہاں البتہ اگر اس کے پاس اپنی ذاتی رقم اتنی ہے کہ جس سے وہ حج کرسکتا ہے، بہنوں کا کوئی پیسہ حج میں خرچ نہیں کرتا، تو اس کا حج صحیح ہوجائے گا اور بہنوں کا حق اس کے اوپر باقی رہے گا، جس کا ادا کرنا اس کے اوپر لازم ہے۔

ويجتهد فى تحصيل نفقة حلال، فإنه لا يقبل بالنفقة الحرام كما ورد

فی الحدیث مع أنه یسقط الفرض عنه معها، ولا تنافی بین سقوطه وعدم قبوله، فلا یثاب لعدم القبول ولا یعاقب عقاب تارک الحج. (فتاوی شامي، کتاب الحج، زکریا ۳/ ۴۵۳، کراچی ۲/ ۴۵٦، هندیة، زکریا ۱/ ۲۲۰، جدید ۱/ ۲۸۳، مجمع الأنهر دارالکتب العلمیة بیروت ۱/ ۳۸۳) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲٦ رجمادی الاولی ۱۴۲۳ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳٦/ ۷٦٦۴)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۲٦/ ۵/ ۱۴۲۳ھ

ضعیف وکمزور والدہ کو حج پر لے جائیں یا اہلیہ کو؟

سوال [۴۹۰۱]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: پچھلے تین سالوں سے میں فریضۂ حج ادا کرنے کا ارادہ رکھتا ہوں، اسی لحاظ سے میں نے اپنا اپنی والدہ اور اپنی اہلیہ کا پاسپورٹ بھی بنوالیا ہے، تینوں کے جانے کا ارادہ رکھتا تھا؛ لیکن کافی سالوں سے والدہ بیمار رہتی ہیں، مگر اب دو سال سے ان کی بیماری زیادہ تکلیف دہ ہوگئی ہے، ان سے ٹانگوں سے چلا نہیں جاتا ہے، دیوار پکڑ کر یا کسی کے سہارے سے اپنی ضروریات سے بڑی مشکل سے فارغ ہوتی ہیں اور سانس کا بھی مرض ہے، بے انتہاء سانس پھولتا ہے، میں نے والدہ سے کہا آپ اب اس قابل نہیں ہیں، آپ سے سفر بھی نہیں ہوسکتا اور وہاں پر ارکان بھی کس طرح پورے کریں گی؟ اس لئے میں اہلیہ کو لے کر چلا جاتا ہوں، آپ مجھے اجازت دے دیں، یہ بات سن کر وہ بہت ناراض ہوئیں اور کہا کہ میں تمہیں اجازت نہیں دوں گی، اور تمہیں بھی نہیں جانے دوں گی، فریضۂ حج ادا کرنے کی بے انتہاء خواہش رکھتا ہوں؛ کیوں کہ اس وقت میرے مالی حالات بھی سازگار ہیں، کل کا کچھ پتہ نہیں کل کیا ہو، لہٰذا علماء حضرات سے درخواست ہے کہ میرے مسئلہ کا حل واضح کریں۔

المستفتی: شہزاد عالم

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: بہت زیادہ ضعیف کمزور عمر دراز عورت حج کے ارکان ادانہیں کرسکتی۔ سوال نامہ میں جو حالات لکھے گئے ہیں ایسے حالات میں اس کے لئے ارکان حج ادا کرنا بہت ہی مشکل بات ہے، اگر وہ حج نہ کرے گی، تو اللہ کی طرف سے کوئی داروگیر نہیں ہوگی، ہاں البتہ اگر سرمایہ دار ہے، تو ان کی طرف سے کسی تندرست آدمی کے ذریعہ سے حج بدل کرایا جاسکتا ہے۔

عن ابن عباس –رضي الله عنه– قال: كان الفضل رديف النبي ﷺ، فجاءت امرأة من خثعم –إلى– فقال: إن فريضة الله أدركت أبي شيخا كبيرا لا يثبت على الراحلة، أفأحج عنه؟ قال: نعم، وذلك في حجة الوداع.

(صحيح البخاري، جزاء الصيد، باب حج المرأة عن الرجل ١/ ٢٥٠، رقم: ١٨١٧، ف: ١٨٥٥)

منها: أن يكون عجزه مستمرا إلى الموت عادة، كالمريض الذى لايرجى برؤه، وكالأعمى والزمن، ومتى كان عاجزا بحيث لا يرجو القدرة على الحج إلى الموت، ثم أناب من يحج عنه وحج عنه النائب، فقد سقط الفرض عنه، ولو زال عذره وقدر على الحج بعد. (الفقه على المذاهب الأربعة، دارالفكر ١/ ٧٠٧، غنية الناسك كراچی جديد، ص: ٣٢٠، قديم ص: ١٧٢، أنوار مناسك /١ ٥٤١)

وأما من يجب عليه أن يحج عنه في حياته: وهو المسلم البالغ العاقل الحر العاجز عن الحج بنفسه، إما بكسر أو زمانة لا يرجى زوالها، أو مرض لا يرجى برؤه. الخ (البحرالعميق، الباب الثامن في الحج عن الغير، المكتبة المكية ٤/ ٢٢٣٩) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۵؍ربیع الاول ۱۴۳۴ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۴۰/۱۱۰۲۵)

حج پر والدہ کو ساتھ لے جائیں یا بیوی کو؟

سوال [۴۹۰۲]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: میں حج کرنے اپنی بیوی کے ساتھ جانا چاہتا ہوں، میرے والد والدہ موجود ہیں، میں چاہتا ہوں کہ ان کو پہلے بھیج دوں؛ لیکن میرے پاس اتنا انتظام نہیں ہے کہ میں چاروں کو لے کر جاؤں، اس کے بارے میں مجھے فتوی دیں کہ میں کیا کروں؟

المستفتی: انوار ٹھیکیدار پا کبڑہ، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: اولاً آپ کا حج کرنا فرض ہے، بیوی کو لے جانے کی والدین بخوشی اجازت دیں تو بیوی کو ساتھ لے جائیں اور ناگواری کی صورت میں والدہ صاحبہ کو بیوی پر ترجیح دے کر والدہ کو ساتھ لے جائیں؛ کیوں کہ حسن سلوک کی زیادہ حقدار یہی ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم میں ارشاد فرمایا:

وَوَصَّيْنَا الْإِنْسَانَ بِوَالِدَيْهِ إِحْسَانًا. [أحقاف: ۱۵] فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۱؍ربیع الاول ۱۴۲۵ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۷/ ۸۳۲۵)

حج کے لئے بیوی کو ساتھ لے جائیں یا والدہ کو؟

سوال [۴۹۰۳]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: میں حج کرنا چاہتا ہوں اور ساتھ میں میری بیوی بھی جانا چاہتی ہے، میرے پاس دو آدمیوں کا انتظام ہے، میری والدہ حیات ہیں، میں نے ان سے اجازت چاہی حج کے لئے تو ان کا بھی ارادہ حج کرنے کا ہے، اس لئے انہوں نے مجھے پوری طرح سے

اجازت نہیں دی حج کے لئے، اس کے بارے میں اب میں کیا کروں؟ کیا میں ان کو چھوڑ کر جاؤں یا نہیں یا ساتھ لے کر جاؤں تو اتنا انتظام نہیں ہے؟

المستفتی: ٹھیکیدار ظہیر عرف ملاجی، چمروادلپت پور، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: والدہ صاحبہ جب آپ کو پورے طور پر اجازت نہیں دے رہی ہیں اور آپ کے پاس اپنے خرچ کے علاوہ مزید ایک فرد کو لے جانے کی استطاعت ہے، تو بہتر یہی ہے کہ اپنے ساتھ والدہ صاحبہ کو لے جائیں، ان کے احسانات کا تقاضہ بھی یہی ہے کہ اپنی بیوی پر ان کو ترجیح دیں اور جب کسی موقع پر وسعت ہو جائے تو بیوی کو ساتھ لے جائیں، اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم کے اندر ارشاد فرمایا:

وَوَصَّيْنَا الْإِنْسَانَ بِوَالِدَيْهِ إِحْسَانًا. [أحقاف: ١٥] فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۱ ربیع الثانی ۱۴۲۵ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۷/ ۸۳۲۶)

چھوٹی بیوی کو حج پر ساتھ لے جانے سے کیا بڑی بیوی کی حق تلفی نہ ہوگی؟

سوال [۴۹۰۴]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: زید حقوق العباد ادا کرنے میں اپنے اہل خاندان کے ساتھ مساوات نہیں رکھتا، اسکی دو بیویاں ہیں، بڑی بیوی سے زید کا کئی سال پہلے سے کوئی تعلق اور واسطہ نہیں، صرف اس کے لئے محدود خرچ ماہانہ دیتا ہے، اب حج بیت اللہ کے لئے بھی چھوٹی بیوی کو ساتھ لیجانے کا ارادہ ہے، کیا اس بڑی بیوی کی حق تلفی نہ ہوگی؟

المستفتی: راشد قاضی سرائے

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: شوہر کے ذمہ بیویوں کے درمیان عدل اور مساوات کرنا ضروری ہے، حتی کہ ان کے خورد ونوش اور رہن سہن ہر چیز میں برابری کا برتاؤ کرنا واجب ہے، رہی یہ بات کہ سفر میں چھوٹی بیوی کو لیجانا، تو اس بارے میں شریعت نے کسی قسم کی قید نہیں لگائی، اس کا شوہر کے مزاج اور دلی میلان پر دار و مدار ہے؛ لہٰذا جس بیوی کو چاہے اپنے ہمراہ سفر میں لے جاسکتا ہے کہ اس کا مزاج سفر سے موافق ہو، تاہم بہتر یہ ہے کہ دونوں میں قرعہ اندازی کر کے جس کا نام نکل آئے اس کو ساتھ لے جائے۔

فَاِنْ خِفْتُمْ اَلَّا تَعْدِلُوْا فَوَاحِدَةً. [النساء: ٣]

عن عائشة -رضي الله عنها- قالت: كان رسول الله صلى الله عليه وسلم إذا أراد سفرا، أقرع بين نسائه، فأيتهن خرج سهمها خرج بها معه. الحديث (صحيح البخاري، الهبة، باب هبة المرأة لغير زوجها وعتقها، النسخة الهندية ١/ ٣٥٣، رقم: ٢٥٢١، ف: ٢٥٩٣)

ومنها وجوب العدل بين النساء في حقوقهن -إلى- والسكنى والبيتوتة. (بدائع الصنائع، كتاب النكاح، حكم النكاح، فصل ومنها وجوب العدل، كراچی ٢/ ٣٣٢، زکریا دیوبند ٢/ ٦٤٦-٦٦٧)

لا حق لهن في القسم حالة السفر، فيسافر الزوج بمن شاء منهن، والأولى أن يقرع بينهن فيسافر بمن خرجت قرعتها. (الهداية، كتاب النكاح، باب القسم، اشرفیه دیوبند ٢/ ٣٤٩، الهندية، زكريا ديوبند ١/ ٣٤١ جديد زكريا ١/ ٤٠٧)

فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۷/۶/۱۴۱۸ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۳/۵۳۵۵)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۲۷/۶/۱۴۱۸ھ

کیا زمین کوفروخت کر کے حج پر جانا ضروری ہے؟

سوال [۴۹۰۵]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: بکر کے پاس نقد بالکل نہیں ہاں اتنی زمین ہے کہ اس زمین سے اتنا ٹکڑا جس میں حج ہوسکتا ہے فروخت کر دیا جائے اور باقی زمین بچوں کے گذارے کے لئے کافی رہے گی، تو اس حالت میں بکر پر حج فرض ہے یا نہیں کہ زمین کا ٹکڑا فروخت کر کے حج ادا کرے؟

المستفتی: سعید احمد ٹانڈہ، رامپور

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: اگر زمین اتنی زیادہ ہے کہ اس کی آمدنی سے گھر کی ضروریات پوری ہونے کے بعد آمدنی بچ جاتی ہے اور بچی ہوئی آمدنی سے حج کیا جاسکتا ہے، تو اس کے اوپر حج فرض ہے، چاہے اس آمدنی سے حج کرے یا زمین کا کوئی ٹکڑا بیچ کر حج کرے، بہرحال حج کرنا اس کے اوپر لازم ہوجائے گا۔ اور اگر زمین اتنی زیادہ نہیں ہے کہ جس کی آمدنی اور پیداوار سے گھر کی ضروریات پوری ہوجاتی ہوں تو ایسی صورت میں اس کے اوپر حج فرض نہیں ہے۔ اور زمین کا ٹکڑا بیچ کر حج کو جانا اس پر لازم نہیں ہے، ہاں البتہ اس کو اختیار ہے کہ اس کو حج کا ذوق وشوق ہو اور اپنی زمین بیچ کر اس عبادت کا شوق پورا کرنا چاہے تو اس کو اجازت ہے لازم نہیں۔

وإن كان صاحب ضيعة إن كان له من الضياع ما لو باع مقدار ما يكفي لزاده ولراحلته ذاهبا وجائيا، ونفقة عياله وأولاده، ويبقى له من الضيعة قدر ما يعيش بغلة الباقي يفترض عليه الحج، وإلا لا. (قاضيخان على هامش الهندية، كتاب الحج، زكريا ديوبند ۱/ ۲۸۲، جديد زكريا ۱/ ۱۷۳، هندية ۱/ ۲۱۸، جديد زكريا ۱/ ۲۸۲)

وإن كان له من الضياع ما لو باع مقدار ما يكفي الزاد والراحلة،

يبقى بعد رجوعه من ضيعته قدر ما يعيش بغلته الباقي يفترض عليه الحج، وإلا فلا، كذا في الخانية. (غنية الناسك، باب شرائط الحج، جديد كراچی ٢٠- ٢١، قديم مطبع خيريه ٧) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
١٠/٢/١٤٢٠ھ
(الف فتویٰ نمبر: ٣٤/ ٦٠٣٥)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
١٧/٢/١٤٢٠ھ

کیا زیورات کو بیچ کر حج کرنا ضروری ہے؟

سوال [٤٩٠٦]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: زید کے پاس تیس ہزار روپیہ ہے اور گھر میں سونے چاندی کے زیوارت ہیں، جوخود اس کی ملکیت میں ہیں، بیوی استعمال کرتی ہے، نقد اور مذکورہ زیورات دونوں کو ملا کر حج پر استطاعت ہوجاتی ہے، تو کیا ایسی صورت میں زید پر ان زیورات کو بیچ کر حج کرنا ضروری ہے یا نہیں؟

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: زیورات کو ہی بیچنا لازم نہیں بیچے یا نہ بیچے، جب وہ صاحب حیثیت ہوگیا تو اس پر حج کرنا فرض ہے۔

وَلِلّٰهِ عَلَى النَّاسِ حِجُّ الْبَيْتِ مَنِ اسْتَطَاعَ اِلَيْهِ سَبِيْلًا. [آل عمران: ٩٧]

قال الشامي: الأول شروط الوجوب: وهي التي إذا وجدت بتمامها وجب الحج، وإلا فلا، وهي سبعة ...... ومنها: الاستطاعة. (شامي، كتاب الحج، مطلب فيمن حج بمال حرام، كراچی ٢/ ٤٥٨، زكريا ٣/ ٤٥٥)

السادس: الاستطاعة، وهي القدرة على زاد يليق بحاله. (غنية الناسك،

باب شرائط الحج، جدید کراچی ۱٦، قدیم مطبع خیریه، میرٹھ ٤) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۹ ربیع الاول ۱۴۲۰ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۴/۳/۶۰۹۳)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱/۴/۱۴۲۰ھ

حج کے لئے جمع شدہ رقم سے حج کرے یا مکان کا کرایہ ادا کرے؟

سوال [۴۹۰۷]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: ایک شخص کے پاس ذریعۂ آمد صرف امامت کی تنخواہ ہے، گھریلو اخراجات کی ذمہ داری بھی بہت حد تک شخص مذکور پر ہے، حج کی تمنا ہے اور حج کے مصارف کے لئے ایک لاکھ کا انتظام کیا ہے، مگر چھوٹے بیٹے کے ساتھ نبھاؤ نہ ہونے کے اندیشہ سے کوئی مکان قیمتاً یا کرایہ پر اگر لینا پڑا تو پھر حج کی رقم کم ہو جائے گی، کیا ایسی ضرورتوں کو پورا نہ کیا جائے اور حج کا فریضہ لازماً ادا کیا جائے؟ نیز مذکورہ صورت میں حج فرض بھی ہے یا نہیں؟ اگر یہ ساری رقم حج میں صرف کردی جائے گی تو پھر پسماندگان کے لئے کچھ بھی نہیں رہے گا۔

المستفتی: عبدالرحیم بڈیڈوی

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: اگر شخص مذکور پر اس سے پہلے زندگی میں کبھی فریضۂ حج ادا کرنے کے بقدر پیسوں کا انتظام نہیں ہوا تھا اور یہ انتظام پہلی مرتبہ ہوا ہے اور اس پیسہ کی فراہمی کے بعد کوئی حج کا موسم شخص مذکور کے اوپر نہیں گذرا ہے اور اس کے پاس رہائش کے لئے کوئی مکان بھی نہیں ہے اور ابھی حج کا موسم آنے میں کئی مہینے باقی ہیں، تو ایسی صورت میں اس رقم کو رہائشی مکان کے انتظام میں خرچ کر دیتا ہے، تو اس پر حج فرض نہیں ہوا ہے۔ اور اگر اس رقم کے ہوتے ہوئے حج کا موسم آجائے اور اس سے پہلے پہلے مکان میں خرچ نہیں کیا ہے، تو شخص مذکور پر حج کرنا فرض ہو جائے گا؛ لہٰذا اگر حج نہ کرکے اس پیسہ کو مکان کے انتظام

میں لگادے گا اور حج کا موسم اس کے اوپر سے گذر جائے گا تو حج نہ کرنے کا گناہ بھی ہوگا۔ اور فریضۂ حج کی ذمہ داری بھی شخص مذکور پر باقی رہے گی۔

وإن لم يكن له مسكن ولا شيء من ذلك وعنده دراهم تبلغ به الحج، وتبلغ ثمن مسكن، وخادم، وطعام، وقوت وجب عليه الحج، وإن جعلها في غيره أثم لكن هذا إذا كان وقت خروج أهل بلده. (شامي، كتاب الحج، كراچی ۲/ ٤٦٢، زكريا ديوبند ۳/ ٤٦١، وهكذا في الهندية ۱/ ۲۱۷، جديد زكريا ۱/ ۲۸۱)

ومن لا مسكن له ولا خادم وهو محتاج إليهما، وله مال يكفيه لقوت عياله من وقت ذهابه إلى حين إيابه، وله مال يبلغه، فليس له صرفه إليهما إن حضر وقت خروج أهل بلده. (غنية الناسك، باب شرائط الحج، جديد كراچی، ص: ۲۰، قديم مكتبه خيريه ميرٹھ، ص: ۷) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۸؍ ربیع الثانی ۱۴۲۴ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۶/ ۸۰۱۰)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۸/ ۴/ ۱۴۲۴ھ

تعمیرِ مکان، بچوں کی شادی اور حج میں سے پہلے کس کو انجام دیں؟

سوال [۴۹۰۸]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: ایک مسلمان کے پاس جو صاحب مال اور صاحب حیثیت ہے اور حج بیت اللہ شریف ادا کرسکتا ہے، وہ یہ کہتا ہے کہ میرے بچے جوان ہیں اور مجھے مکان بھی تعمیر کرانا ہے۔ اور حج کو بھی جانا ہے، ان تینوں باتوں میں سے پہلے اس کو کس کام کو انجام دینا چاہئے؟

المستفتی: حاجی عبد الغنی، عبد الحئ، محلّہ اصالت پورہ مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: شخص مذکور پر پہلی فرصت میں حج کرنا فرض اور ضروری ہے، دوسرے امور بعد میں حسب موقع انجام دئے جائیں؛ کیوں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے کہ جس شخص پر حج فرض ہو اور وہ حج نہ کرے، تو ممکن ہے کہ وہ یہودیت یا نصرانیت کی موت مرے۔

عن علي –رضي الله عنه– قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: من ملك زادا وراحلة تبلغه إلى بيت الله ولم يحج، فلا عليه أن يموت يهوديا أو نصرانيا. الحديث (ترمذي، الحج، باب ماجاء في التغليظ في ترك الحج، النسخة الهندية ١/ ١٦٧، دارالسلام، رقم: ٨١٢)

وفي البحر: هو فرض بشرط حرية وبلوغ وعقل وصحة وقدرة زاد وراحلة. (البحرالرائق، كتاب الحج، زكريا ديوبند ٢/ ٥٤٤، ٢/ ٣١١، هكذا في شامي زكريا ٣/ ٤٥٥، ٤٥٨، كراچی ٢/ ٤٥٨-٤٥٩) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۴ر محرم الحرام ۱۴۲۲ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۷۰۴۲/۳۵)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۲۲/۱/۲۴ھ

حج فرض ہونے کے بعد سارے روپئے شادی اور عمارت میں لگانے کا حکم

سوال [۴۹۰۹]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: ایک شخص پر حج فرض ہوگیا، مگر روپیہ اس نے شادی میں یا تعمیر مکان میں لگا دیا اور مرنے تک اس کے پاس اتنی رقم جمع نہ ہوسکی کہ حج کا فریضہ انجام دے سکے، تو کیا وہ شخص تارک حج مرا یا فریضۂ حج اس سے ساقط ہوگیا؟

المستفتی: قمرالدین قاسمی، ٹانڈہ رامپور

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: اگراس کے علاقہ سے حاجیوں کے حج کے لئے روانہ ہونے کا سلسلہ ابھی شروع نہیں ہوا ہے، اس سے پہلے پہلے مکان خرید لیا ہے، یا مکان تعمیر کرنا شروع کردیا یا شادی کرلی ہے اوراس میں پیسہ خرچ ہوگیا، تو ایسی صورت میں اس شخص پر حج فرض نہیں ہوا اور ترک حج کا گناہ اس پر نہ ہوگا۔ اور اگر حاجیوں کی روانگی کا وقت آگیا ہے، یا حج کا مہینہ گذر گیا، پھر بھی حج نہیں کیا، اس کے بعد مکان تعمیر کرلیا یا شادی کرلی، تو ایسی صورت میں اس کے اوپر حج فرض ہو چکا ہے، پھر مرتے دم تک سرمایہ حاصل نہیں ہوسکا، تو اس کے اوپر ترک حج کا گناہ ہوگا۔

لو كان عنده ما لو اشترى به مسكنا، وخادما لا يبقى بعده ما يكفي للحج لا يلزمه –إلى– وفي الأشباه: معه ألف وخاف العزوبة إن كان قبل خروج أهل بلده فله التزوج، ولو وقته لزمه الحج. (الدرالمختار مع الشامي، كتاب الحج، زكريا ديوبند ٣/ ٤٦١، كراچی ٢/ ٤٦٢، وهكذا فی حاشية الطحطاوي على مراقي الفلاح، دارالكتاب ديوبند ص: ٧٢٨)

إذا كان له مال يكفي للحج، وليس له مسكن ولا خادم، أو خاف العزوبة، فأراد أن يتزوج ويصرف الدراهم إلى ذلك إن كان قبل خروج أهل بلده إلى الحج يجوز؛ لأنه لم يجب الأداء بعد، وإن كان وقت الخروج فليس له ذلك؛ لأنه قد وجب عليه. (فتح القدير، دارالفكر مصري قديم ٢/ ٤١٣، زكريا ديوبند ٢/ ٤١٨، كوئٹه ٢/ ٣٢٤) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۶؍ربیع الاول ۱۴۲۴ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۶/۷۹۸۱)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۲۴/۳/۱۸ھ

مستطیع پہلے حج کرے یا اولاد کی شادیوں کا نظم؟

سوال [۴۹۱۰]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: زید کے سات لڑکے ۲/لڑکی کل ۹/اولا دیں ہیں، ان میں سے سب سے بڑے کا رشتہ ہوگیا ہے، باقی دولڑکی اور ایک لڑکا بالغ ہیں، باقی سب نابالغ اور چھوٹے ہیں، تعلیم حاصل کررہے ہیں، جس کا رشتہ ہوگیا ہے، وہ بھی تعلیم حاصل کررہا ہے، ایک زمین آدھا بیگہ اب سے دس سال قبل خریدی تھی، بچوں کے مکانات کے لئے اور اب تک مکانوں کی نیت ہی ہے، اس وقت اس زمین کی قیمت لگ بھگ ڈیڑھ لاکھ روپے ہے، زید کو والدہ مرحومہ کے ترکہ سے چالیس ہزار روپئے ملے ہیں اور کچھ ملازمت سے تھوڑا تھوڑا کرکے جمع کیا جو کہ بیس ہزار روپئے ہوتے ہیں، اس وقت زید کے پاس مبلغ ۶۰/ہزار روپئے ہیں، اوران کی بھی چاول وغیرہ کی بھر سال پڑی ہے، نقد فی الحال کچھ نہیں ہے، زید کی اہلیہ اس بات پر مصر ہے کہ تم اس رقم سے اپنا حج کرلو، ہمارا خدا حافظ ہے، جس نے پیدا کیا ہے، وہ ہمارا خود انتظام کرے گا، زید کہتا ہے کہ بچوں کے مکانات کا معاملہ ہے، جس بچے کا رشتہ ہوگیا ہے لڑکی والے شادی کو کہہ رہے ہیں، میرے پاس اس رقم کے علاوہ اور کچھ اثاثہ نہیں، ایک لڑکا جس کا رشتہ نہیں ہوا ہے، وہ کہتا ہے کہ ہمارا مکان بنوا کر دو صرف ملازمت ہے، اس میں اخراجات ہی بڑی مشکل سے ہو پاتے ہیں، مگر زید کی اہلیہ اسی بات پر مصر ہے کہ تم اپنا حج کرلو، ہم کو خدا کے بھروسہ پر چھوڑو، اب زید بڑی مشکل میں ہے، زید کیا کرے ان حالات میں زید پر حج فرض ہے یا نہیں؟ اگر فرض نہیں ہے اور زید اہلیہ کے اصرار پر حج کرلے تو فریضۂ حج آئندہ کے لئے ادا ہوجائے گا یا پھر کرنا پڑے گا، ویسے زید کا ظاہری طور پر کسی جائیداد کا کسی بھی رشتہ دار غیر رشتہ دار کا کوئی سہارا نہیں ہے، اس وقت گھر کے گیارہ نفر (۹/بچے دو ہم) کا بوجھ زید ہی کے سر پر ہے۔ مسئلہ کے ہر جزو پر غور وخوض کرکے تسلی بخش جواب سے مطلع فرمادیں کوئی جزو مسئلہ کا تشنہ نہ رہ جائے۔

المستفتی: سعید احمد ٹانڈہ رامپور

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: مذکورہ صورت میں زید پر حج کرنا فرض ہے؛ کیوں کہ سوال نامہ میں غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ سوال میں مذکورہ مالیت ان حوائج اصلیہ سے زائد ہے شریعت جن کا اعتبار کرتی ہے۔ اور سوال نامہ میں جن چیزوں کو بطور عذر پیش کیا گیا ہے ان کو شریعت اعذار تسلیم نہیں کرتی؛ لہٰذا زید پر حج کر لینا فرض ہے، حج کرنے کے بعد اپنی اولاد کے لئے مکانات اور ان کی شادیوں کا نظم کریں۔ (مستفاد: فتاوی دار العلوم ۱/۳۹۴)

وَلِلّٰهِ عَلَى النَّاسِ حِجُّ الْبَيْتِ مَنِ اسْتَطَاعَ اِلَيْهِ سَبِيْلًا. [آل عمران: ۹۷]

ومن الشرائط: الاستطاعة: وهي أن يملك مالا فاضلا عن مسكنه، وفرشه، وثياب بدنه، وفرسه، وسلاحه، ونفقة عياله، وأولاده الصغار مدة ذهابه وإيابه. (قاضيخان على هامش الهندية، كتاب الحج ۱/ ۲۸۲، جديد ۱/ ۱۷۲، وهكذا في الشامي زكريا ديوبند ۳/ ۴۶۰، كراچی ۲/ ۴۶۱) **فقط واللّٰہ** سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۵/محرم الحرام ۱۴۳۲ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۴/۳۵-۱۰۲)

لڑکی کی رخصتی کرے یا نفلی حج؟

سوال [۴۹۱۱]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: میرے والد صاحب پانچ مرتبہ خانہ کعبہ کی زیارت کر چکے ہیں، ان کے دو لڑکے اور ایک لڑکی غیر شادی شدہ ہیں، لڑکی کا نکاح ہو چکا ہے، جس کی رخصتی باقی ہے اور اس بار پھر میرے والد صاحب زمین بیچ کر حج کو جانا چاہتے ہیں، کیا یہ جائز ہے؟ آپ کی رائے جاننا چاہتا ہوں آپ کی بڑی مہربانی ہوگی۔ فقط والسلام

المستفتی: احقر عشرت اللہ خان، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: شریعت اسلامی کی رو سے لڑکی کی شادی اور رخصتی میں اتنا خرچ نہیں ہوتا ہے کہ جس سے حج کرنے میں رکاوٹ پیدا ہوجائے، شریعت اسلامی میں کم سے کم صرفہ سے شادی کی ترغیب ہے؛ اس لئے شرعاً حج نفل لڑکی کی شادی ورخصتی کو مانع نہیں ہے؛ لہٰذا کم سے کم صرفہ سے لڑکی کی رخصتی کرکے پھر حج نفل کا ارادہ بہتر ہے اور زمین بیچ کر کے حج کرنا مالک زمین کے لئے جائز ہے۔

وإن كان صاحب ضيعة إن كان له من الضياع مالو باع مقدار ما يكفي الزاد والراحلة ذاهبا وجائيا، ونفقة عياله، وأولاده، ويبقى له من الضيعة قدر ما يعيش بغلة الباقي يفترض عليه الحج، وإلا فلا. (الهندية، كتاب الحج، الباب الأول في تفسير الحج وفرضيته، ووقته وشرائطه، وأركانه، زكريا ديوبند ۱/ ۲۱۸، جديد ۱/ ۲۸۱-۲۸۲، قاضيخان على هامش الهندية ۱/ ۲۸۱، جديد زكريا ۱/ ۱۷۳، غنية الناسك جديد كراچى ص: ۲۰-۲۱، قديم مطبع خيريه ميرٹھ، ص: ۷)

المالك هو المتصرف في الأعيان المملوكة كيف شاء. الخ (بيضاوي ۱/ ۷) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۷؍ ربیع الاول ۱۴۱۱ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۲۶/ ۲۱۷۷)

بیٹی کی شادی کی وجہ سے حج کو مؤخر کرنا

سوال [۴۹۱۲]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: عمر کے پاس اتنا روپیہ ہے کہ وہ حج کرسکتا ہے، لیکن گھر میں لڑکی جوان ہے رشتہ ہوگیا ہے، مگر ابھی شادی میں دیر ہے، اور آج سماج میں جہیز کا لین دین اتنا بڑھ چکا ہے

کہ اگر جہیز نہ دیا جائے تو کوئی لڑکی کو سونگھتا بھی نہیں، اس حالت میں اگر عمر حج کرتا ہے، تو لڑکی کی شادی کا مسئلہ رہ جاتا ہے۔ اور اگر شادی کرتا ہے تو حج رہ جاتا ہے، تو عمر کیا کرے؟ اگر جہیز کا لین دین نہ ہو تو لڑکی گھر میں بیٹھی رہے گی، کوئی رشتہ نہیں آسکتا اور اگر رشتہ ہو گیا ہے، تو رشتہ منقطع ہوسکتا ہے، کیا کرنا چاہئے؟ عمر کی اتنی حیثیت نہیں کہ دونوں کام کر سکے، تھوڑا تھوڑا کر کے رقم جمع کی ہے۔

المستفتی: سعید احمد ٹانڈہ رامپور

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: مذکورہ صورت میں عمر کے اوپر حج کرنا فرض ہے، رسم ورواج کو اللہ تعالیٰ کے فرض پر مقدم کرنے کی اجازت نہیں ہے؛ بلکہ حج کا فریضہ ادا کرنے کے بعد جو کچھ سرمایہ رہے اس سے بیٹی کی شادی کا انتظام کیا جائے۔ (مستفاد: فتاوی دارالعلوم ۴/ ۳۹۴)

وفي الأشباه، معه ألف وخاف العزوبة إن كان قبل خروج أهل بلده، فله التزوج، ولو وقته لزمه الحج. (الدرمع الرد، كتاب الحج، زكريا ديوبند ٣/ ٤٦١، كراچی ٢/ ٤٦٢)

إذا وجد ما يحج به، وقد قصد التزوج، يحج به ولا يتزوج؛ لأن الحج فريضة أوجبها الله تعالىٰ على عبده. (هندية، الباب الأول في تفسير الحج، زكريا ديوبند ١/ ٢١٧، جديد ١/ ٢٨٠، تبيين الحقائق، مكتبه إمداديه ملتان ٢/ ٣، زكريا ديوبند ٢/ ٢٣٦)

ذكر ابن شجاع عن أبي حنيفة رحمهما الله تعالىٰ قال: سئل عمن له مال أيحج به أم يتزوج؟ قال: بل يحج به، فذلك دليل على أن الوجوب عنده على الفور. (المبسوط للسرخسي، دارالكتب العلمية بيروت ٤/ ١٦٣، ١٦٤)

فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۰/۲/۱۴۲۰ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۴/ ۶۰۳۵)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۷/۲/۱۴۲۰ھ

لڑکی کی شادی کریں یا حج؟

سوال [۴۹۱۳]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: میں حج بیت اللہ کو اپنی زوجہ کے ہمراہ جانا چاہتا ہوں، میرے تین لڑکے ہیں جو دس سال سے کم ہی عمر کے ہیں، دو لڑکیاں ہیں ایک لڑکی چار سال کی ہوگی، دوسری لڑکی الحمد للہ جوان ہے، میرا خیال ہے کہ بڑی لڑکی کو اس کے ماموں کے پاس چھوڑ جاؤں گا، لڑکوں کو بھی تقسیم کر دوں گا، میرے بڑے بھائی کا مشورہ ہے کہ لڑکی کا نکاح کرنا پہلے فرض ہے، مجھے اس حالت میں کیا کرنا چاہئے؟

المستفتی: عبداللہ

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: لڑکی کا نکاح فریضۂ حج کی ادائے گی کے لئے رکاوٹ نہیں ہے، حقیقی ماموں شرعی محرم ہے، اس کے پاس جوان لڑکی کو چھوڑ کر جا سکتے ہیں، جب کہ ماموں اس کی حفاظت کی ذمہ داری لے رہا ہو، حج سے واپس آ کر اس کی شادی کا انتظام کیا جا سکتا ہے۔

وَلِلّٰهِ عَلَى النَّاسِ حِجُّ الْبَيْتِ مَنِ اسْتَطَاعَ إِلَيْهِ سَبِيلًا. [آل عمران: ۹۷]

أشهر الحج، وهي شوال، وذوالقعدة، وعشر ذي الحجة، فرض مرة على الفور في الأصح. (حاشية الطحطاوي على مراقي الفلاح، قديم ص: ۳۹۶، دارالكتاب ديوبند ۷۲۶-۷۲۷)

وأن لا يجب في العمر إلا مرة، كذا في محيط السرخسي، وهو فرض على الفور، وهو الأصح، فلا يباح له التأخير بعد الإمكان إلى العام

الثاني. (هندية زكريا ديوبند ۱/ ۲۱٦، جديد زكريا ۱/ ۲۸۰، وهكذا في الشامي زكريا ديوبند ۳/ ٤٥٤، كراچی ۲/ ٤٥٦-٤٥٧) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۰؍شوال ۱۴۱۸ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۳/ ۵۴۴٦)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۲۰/۱۰/۱۴۱۸ھ

غیر مستطیع کا قرض لے کر حج کو جانا

سوال [۴۹۱۴]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: میں نے حج کا فارم بھرا تھا، اللہ تعالیٰ کے حکم سے میری اور میری والدہ صاحبہ کی حج کی منظوری آ گئی، اس وقت میرے پاس روپیہ کا انتظام نہیں ہے؛ کیوں کہ میرے روپئے جس پر ہیں وہاں سے مجھے نہیں مل پا رہے ہیں اور جہاں جہاں سے روپئے مجھے آنے تھے وہ بھی نہیں آ رہے ہیں، جہاں سے روپئے آنے تھے اس کے وعدہ کے حساب سے میں نے لوگوں سے پہلے ہی روپئے ادھار لے رکھے ہیں، کہ وہاں سے آئیں گے تو دے دوں گا، جب تک روپئے میرے ہاتھ میں نہیں آ جاتے میں نہیں بتا سکتا کہ میرے روپئے مجھے کب تک واپس ملیں گے، اب حج کے فارم کی تاریخ ۲۰۱۰/٦/۳۰ء آخری ہے۔ کیا میں مزید اور روپئے لوگوں سے ادھار لے کر حج کو جا سکتا ہوں؛ کیوں کہ میرے روپئے جہاں پر پھنسے ہوئے ہیں ان میں سے ایک دو کی مالی حالات بہت خراب چل رہے ہیں، میں ان پر سخت تقاضہ بھی نہیں کر سکتا، اسی وجہ سے میرے اوپر قرض ہو گیا ہے، مہربانی فرما کر مجھے بتائیں کہ میرے مسئلہ کا حل کیا ہے؟

المستفتی: محمد طارق پیر غیب، مراد آباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: جب آپ کے پاس حج کو جانے کا مکمل خرچ نہیں ہے، تو آپ کے اوپر قرض لے کر حج کو جانا لازم نہیں ہے؛ کیوں کہ حج پر جانا اسی شخص

کے ذمہ لازم ہوتا ہے جس کے پاس اتنا پیسہ ہو جس کے ذریعہ سفر حج کا مکمل خرچ پورا ہو سکے اور اس کے علاوہ سفر حج کو جانے سے لے کر واپس آنے تک گھر والوں کا خرچ بھی مکمل موجود ہو، جب آپ کے پاس اتنا پیسہ نقد موجود نہیں ہے اور نہ ہی بغیر قرض لئے رقم فراہم ہونے کی کوئی شکل ہے، تو آپ کے لئے حج کو جانا لازم نہیں۔

عن ابن عمر –رضي الله عنه– قال: جاء رجل إلى رسول الله صلى الله عليه وسلم فقال: ما يوجب الحج؟ قال: الزاد والراحلة. هذا حديث حسن. (سنن الترمذي، الحج، باب ماجاء في إيجاب الحج بالزاد والراحلة، النسخة الهندية ١/ ١٦٨، دارالسلام رقم: ٨١٣، سنن ابن ماجة، المناسك، باب ما يوجب الحج، النسخة الهندية ١/ ٢٠٨، دارالسلام، رقم: ٢٨٩٦)

فرض على مسلم ذي زاد وراحلة فضلا عن مالابد منه. (شامي، كتاب الحج، زكريا ديوبند ٣/ ٤٥٥، ٤٦١، كراچی ٢/ ٤٥٥- ٤٦١)

وتفسير الزاد والراحلة، فهو أن يملك من المال مقدار ما يبلغه إلى مكة ذاهبا وجائيا راكبا لا ماشيا بنفقة وسط لا إسراف فيها، ولا تقتير فاضلا عن مسكنه وخادمه، وفرسه، وسلاحه، وثيابه، وأثاثه، ونفقة عياله، وخدمه، وقضاء ديونه. (بدائع الصنائع، زكريا ٢/ ٢٩٧) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۹؍رجب ۱۴۳۱ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۹/ ۱۰۱۲۱)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۹/۷/۱۴۳۱ھ

فیس دے کر حج کی منظوری کرانا

سوال [۴۹۱۵]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: حج کمیٹی آف انڈیا ملک کے ہر صوبہ کے ہر ضلع سے مقررہ تعداد میں حاجیوں کو

قرعہ کے ذریعہ منتخب کرتی ہے، اس سال میں نے بھی درخواست دی تھی، میرا نام قرعہ میں نہیں آسکا، اب معلوم ہوا ہے کہ پچھ ایجنٹ ہوتے ہیں وہ اپنی کچھ فیس لے کر حج کمیٹی میں انتخاب کرا دیتے ہیں، اغلب یہی ہے کہ وی آئی پی کوٹے کی سیٹیں ہوتی ہیں، جن کو وہ کسی طرح حاصل کرلیتے ہیں، تواب دریافت طلب امر یہ ہے کہ کیا اس طرح فیس دے کر اپنا انتخاب کرانا درست ہے، جب کہ ہمیں یہ معلوم نہیں ہے کہ اس کام کے لئے ایجنٹ کیا طریقہ اختیار کرتے ہیں، تواس صورت میں حج کی مقبولیت میں کوئی کمی تو نہیں ہوگی ؟

المستفتی: محمد انعام اللہ نور منزل دودھ پور، علی گڑھ

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: وکیل اور ایجنٹ کو اجرت دے کر حج میں جانے کے لئے اپنے لئے مخصوص کوٹہ سے سیٹ منتخب کرانا درست ہے، اس سے حج کی مقبولیت میں کوئی فرق نہیں آئے گا۔ اور ایجنٹ کا اس طرح اجرت لے کر کام کرنا جائز اور درست ہے۔

وفي الحاوي: سئل محمد بن مسلمة عن أجرة السمسار، فقال: أرجو أنه لا بأس به. (شامي، كتاب الإجارة، مطلب في أجرة الدلال، زكريا ۹/ ۸۷، كراچی ٦/ ٦٣)

تصح الوكالة بأجر و بغير أجر –إلى قوله– لأن الوكالة عقد جائز لايجب على الوكيل القيام بها، فيجوز أخذ الأجرة فيها. (الفقه الإسلامي وأدلته، تعريف الوكالة وركنها و مشروعيتها، هدى انٹر نيشنل ٤/ ٧٤٥) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ	الجواب صحیح:
۲۳؍ جمادی الثانیہ ۱۴۳۱ھ	احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۹/ ۱۰۱۰۷)	۱۴۳۱/۶/۲۳ھ

تصویروں کی آمدنی سے حج کرنے کا حکم

سوال [۴۹۱٦]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے

بارے میں: ایک شخص تصویروں کی آمدنی سے اپنی والدہ اور والد کو حج بیت اللہ کراتا ہے، اور بعد میں خود بھی حج کرتا ہے، تو کیا اس کا حج ہو گیا یا نہیں؟

المستفتی: عبد القدیر شاہی مسجد مراد آباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰه التوفيق: اس کی آمدنی امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک بلا کراہت جائز اور حلال ہے۔ امام محمد اور امام ابو یوسف کے نزدیک مکروہ ہے۔ اور کراہت کے باوجود تجارت کرنے والا اس آمدنی کا مالک ہو جاتا ہے شرعاً؛ اس لئے اپنا اور والدین کا فریضۂ حج اس آمدنی سے ادا ہو جائے گا؛ البتہ قبولیت کے بارے میں اللہ تعالیٰ کو معلوم ہے۔

الكسب يملك بملك الأصل. (قواعد الفقه، أشرفی بك ڈپو دیو بند، ص: ١٠٠، رقم: ٢٢٣)

إذا آجر دابة ليحمل عليها الخمر أو نفسه ليرعى له الخنازير، فإنه يطيب له الأجر عنده، وعندهما يكره. (البحر الرائق، كتاب الكراهية، فصل فی البيع، كوئٹه ٨/ ٢٠٣، زكريا ٨/ ٣٧٢، شامي، كراچی ٦/ ٣٩٢، زكريا ديوبند ٩/ ٥٦٢، تبيين الحقائق، مكتبه إمداديه ملتان ٦/ ٢٩، زكريا ديوبند ٧/ ٦٤)

ومن استأجر حمالا يحمل له الخمر، فله الأجر في قول أبی حنيفة، وعند أبي يوسف ومحمد لا أجر له، كذا ذكر في الأصل، وذكر في الجامع الصغير أنه يطيب له الأجر في قول أبي حنيفة، وعندهما يكره. (بدائع الصنائع، كتاب الإجارة، مطلب فيما يرجع إلى المعقود عليه، كراچی ٤/ ١٩٠، باب الاستئجار إلى العمل، زكريا ديوبند ٤/ ٤١) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۵ / ربیع الاول ۱۴۰۹ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۲۴/ ۱۱۵۹)

حجامت کی آمدنی سے حج کرانے کا حکم

سوال [۴۹۱۷]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: زید ایسا شخص ہے جس کا پیشہ بال کاٹنا اور داڑھی مونڈنا اور چہرہ وغیرہ بنانا ہے اور اکثر اس کے پاس غیر مسلم ہی آتے ہیں، اگر وہ اس کام کو چھوڑتا ہے، تو کوئی دوسرا کام اس کے پاس نہیں ہے جس سے اس کے بال بچوں کا خرچ چلے؛ لہٰذا وہ اس کمائی سے اپنے والدین کو حج کراسکتا ہے یا نہیں؟

المستفتی: افتخار احمد، بجنور (یوپی)

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: نائی کے بال کاٹنے کی اجرت جائز اور حلال ہے، اب شبہ یہ پیدا ہوتا ہے کہ داڑھی مونڈنا اور مونڈوانا دونوں گناہ کے کام ہیں اور جس شخص کی داڑھی مونڈی جاتی ہے، اس کے اوپر دو طرح کے گناہ ہیں: ایک داڑھی مونڈوانے کا دوسرے داڑھی مونڈوا کر عورتوں کی مشابہت اختیار کرنے کا۔ اور نائی پر ایک گناہ ہے کہ اس نے داڑھی مونڈ دی ہے، اب رہی اس کی اجرت کی بات، اگر استرہ اور صابون یا کریم وغیرہ نائی کی طرف سے ہے، تو اس طرح کی اجرت کو فقہاء نے حلال کہا ہے؛ لیکن پھر بھی تعاون علی المعصیت کی وجہ سے اجرت میں کراہت تنزیہی کی بات سمجھ میں آتی ہے، حرام نہیں ہوتی؛ اس لئے اس پیسے سے حج کو جانے کی بھی گنجائش معلوم ہوتی ہے۔

في نوادر هشام عن محمد: رجل استأجر رجلا ليصور له صورا، أو تماثيل الرجال في بيت أو فسطاط، فإني أكره ذلك، وأجعل له الأجر، قال هشام: تأويله إذا كان الاصباغ من قبل الأجير. (تاتارخانية، كتاب الإجارة، الفصل الخامس عشر في الاستئجار على المعاصي، زكريا ١٥/ ١٣٠، رقم: ٢٢٤٣١)

وجاز إجارة بيت بسواد الكوفة ...... ليتخذ بيت نار أو كنيسة أو بيعة، أو يباع فيه الخمر. (تحته في الشامية:) هذا عنده أيضا. الخ (شامي، کراچی ٦/ ٣٩٢، زکریا ٩/ ٥٦٢) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۷ / ربیع الثانی ۱۴۳۴ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۴۰/ ۱۱۰۵۸)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۷/ ۴/ ۱۴۳۴ھ

وکالت کی آمدنی سے حج بیت اللہ کرنے کی شرعی حیثیت

سوال [۴۹۱۸]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: زید کا پیشہ وکالت ہے، اس پیشہ کی آمدنی جائز ہے یا نہیں؟ زید کا ذریعۂ آمدنی وکالت کے علاوہ زمینداری بھی ہے، زید کا حج بیت اللہ کے سفر کا ارادہ ہے، کیا اس سفر کے لئے اس آمدنی سے اخراجات کرنے سے حج درست سمجھا جائے گا؟

المستفتی: راشد نگم قاضی سرائے

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: وکالت کا پیشہ جائز ہے، بایں طور کہ مؤکل کا وکیل کو عدالت میں لے جانا اور اپنے کام کے لئے محبوس رکھنا متقوم فی الشرع ہے، جس طرح بسا اوقات ایک مقدمہ میں کئی کئی وکیل ہوتے ہیں، ان میں سے بعض گفتگو کرتے ہیں اور بعض خاموش بیٹھے رہتے ہیں، جب عدالت کا وقت ختم ہو جاتا ہے، تو سب چلے جاتے ہیں اور فیس لے لیتے ہیں، حالانکہ ان خاموش بیٹھنے والوں نے عدالت میں کسی کی نصرت نہیں کی، تو ایسا ہی وکیل بھی اس حبس کی بنا پر اجرت لے تو جائز ہے، جب اس کا پیشہ شرعاً درست ہوا تو اس کی آمدنی سے حج بیت اللہ کا سفر بھی جائز سمجھا جائے گا۔ (مستفاد: امداد الفتاوی ۳/ ۹۷)

تصح الوكالة بأجر و بغير أجر –إلى قوله– لأن الوكالة عقد جائز

لایجب علی الوکیل القیام بها، فیجوز أخذ الأجرة فیها. (الفقه الإسلامي وأدلته، تعریف الوکالة ورکنها ومشروعیتها، هدی انٹر نیشنل ۴/ ۷۴۵) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۷/۶/۱۴۱۸ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۳/ ۵۳۵۵)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۲۷/۶/۱۴۱۸ھ

حج یا عمرہ کے لئے حلال اور پاک مال ضروری ہے

سوال [۴۹۱۹]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: میں نے پڑھا ہے کہ حج یا عمرہ کے لئے حلال اور پاکیزہ مال فراہم کرنا لازم اور ضروری ہے، اس لئے کہ اللہ تعالیٰ پاک مال ہی کی عبادت قبول کرتا ہے، حرام اور مشتبہ مال سے حج یا عمرہ کرنا جائز نہیں، اس سے حج وعمرہ قبول نہ ہوگا۔

(۱) زید کہتا ہے کہ حج یا عمرہ کے لئے پاکیزہ مال فراہم کرنا لازم اور ضروری نہ لکھ کر کے کوئی اور لفظ استعمال کرنا چاہئے۔

(۲) حرام اور مشتبہ مال سے حج یا عمرہ کرنا جائز نہیں کا لفظ استعمال نہ کر کے کوئی اور لفظ استعمال کرنا چاہئے، یہ میری ناقص رائے ہے یا میرے سمجھنے میں فرق ہے، ساتھ میں دونوں مسئلے نتھی ہیں، ان پر نظر ثانی کی جائے۔

المستفتی: محمد شریف مسلم فنڈ

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: جن حضرات نے یہ لکھا ہے کہ حج یا عمرہ کے لئے حلال یا پاکیزہ مال فراہم کرنا لازم اور ضروری ہے، وہی صحیح اور درست ہے۔ اور زید کا قول درست نہیں ہے، اس کے سمجھنے میں کمی ہے، اسی طرح حج یا عمرہ حرام اور مشتبہ مال سے کرنا جائز نہیں ہے، یہ تعبیر بھی اپنی جگہ درست ہے۔ اور عین مسئلہ کی ترجمان اور فقہاء کی عبارات کا

ترجمہ وخلاصہ ہے؛ لہٰذا زید کا یہ کہنا کہ حرام اور مشتبہ مال سے حج یا عمرہ کرنا جائز نہیں کا لفظ نہ استعمال کر کے کوئی اور لفظ استعمال کرنا چاہئے درست نہیں ہے۔

ویجتهد في تحصیل نفقة حلال، فإنه لا یقبل بالنفقة الحرام.
(البحرالرائق، کتاب الحج، کوئٹه ۲/ ۳۰۹، زکریا ۲/ ۵٤۱، شامي، کراچی ۲/ ٤٥٦، زکریا ۳/ ٤٥۳، هندیة، قدیم زکریا ۱/ ۲۲۰، جدید زکریا ۱/ ۲۸۳، ومثله في غنیة الناسك، کراچی جدید، ص: ۲۱، قدیم مکتبه خیریه میرٹھ، ص: ۸، المسالك في المناسك، دارالبشائر الإسلامیه ۱/ ۱٥٥، المناسك لملا علي قاري، کراچی/ ۸، هدایة السالك إلی المذاهب الأربعة في المناسك دارالبشائر الإسلامیه ۱/ ۱۳۳)

وقدرة زاد وراحلة، فلا تجب بإباحة ولا بمال حرام. (الدرالمنتقی، دارالکتب العلمیة بیروت ۱/ ۳۸٥) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۰؍محرم الحرام ۱۴۳۵ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۱/ ۱۱۳۹۵)

مال مخلوط میں سے صرف حلال مال سے حج کرنا

سوال [۴۹۲۰]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: ایک کمیٹی میں آپس میں بیس آدمی مشورہ کر کے ایک ایک ہزار روپیہ فی کس ماہوار جمع کرتے ہیں اور پھر اس بیس ہزار کی اپنی اپنی ضرورت کے اعتبار سے بولی بولتے ہیں، کوئی اٹھارہ ہزار اور کوئی سترہ ہزار اور کوئی سولہ ہزار لگاتا ہے، اب مثلاً سترہ ہزار والے کو سترہ ہزار دے دیئے اور تین ہزار جو بچے وہ آپس میں تمام ممبران نے نفع کے طور پر تقسیم کر لئے، جب کہ جس نے اپنی ضرورت شدیدہ کی وجہ سے سترہ ہزار لئے ہیں اس کو آخر تک بیس ہزار پورے کرنے پڑیں گے، جس مہینہ میں منافع ہوں گے اس کو بھی برابر باقی ماندہ رقم کے منافع

ملتے رہیں گے، تو اس کی اصل رقم میں یہ سود ملتا چلا جائے گا، تو اس طرح ایک آدمی نے مثلاً تین لاکھ روپئے جمع کیئے، جس میں ڈھائی لاکھ، مثلاً اس کی اصل رقم ہے اور پچاس ہزار اس طرح منافع کے ہیں، تو کیا وہ اپنی اصل رقم کے ذریعہ فریضۂ حج ادا کر سکتا ہے، یا ساری رقم مل جانے کی وجہ سے اس رقم سے اس کا حج نہیں ہو سکتا جو بھی شکل ہو جواب سے مطلع فرمائیں۔

المستفتی: ثناء اللہ خان سٹھلہ میرٹھ

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: اپنی اصل رقم کے ذریعہ سے فریضۂ حج بلا کراہت ادا کر سکتا ہے۔ اور سود والی رقم سے جائز نہیں ہے اور اگر دونوں مخلوط ہو چکے ہیں، تو ان کو اولاً الگ کر لے، پھر اصل رقم کو سود سے ملنے نہ دے جو سود کا حصہ ہے اس کو اسی نسبت سے ان لوگوں کو واپس کر دے جن سے یہ رقم آئی ہے۔ اور اگر یہ کسی طرح ممکن نہیں ہے تو فقراء کو بلا نیت ثواب دے دے، روپیہ از قبیل دیون خالص ہے؛ اس لئے گنجائش ہے، ورنہ اختلاط مضر ثابت ہو جاتا، پھر احتیاط بہتر ہے۔

ویجب علیه أن یرده علی مالکه إن وجد المالک، وإلا ففي جمیع الصور یجب علیه أن یتصدق بمثل تلک الأموال علی الفقراء. (بذل المجهود مصري ۱/ ۱٤۷، قدیم ۱/ ۳۵) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲ / ذیقعدہ ۱۴۲۰ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۴/ ۶۳۴۸)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۲۰/۱۱/۲ھ

مال حرام سے حج کرنا

سوال [۴۹۲۱]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: حدیث شریف میں آیا ہے کہ مال حرام سے حج کیا جائے تو حج قبول نہیں ہوتا، اس

پر سوال یہ ہے کہ حج ادا بھی ہوتا ہے یا نہیں؟ اگر ادا ہو جاتا ہے تو اس کو مال حرام سے حج کو جانا چاہئے اور اگر حج ادا نہیں ہوتا، تو اس پر حج فرض ہی نہیں ہونا چاہئے؟ لہٰذا جس کے پاس کثیر تعداد میں مال حرام ہے اس پر حج فرض ہے یا نہیں؟ ہمارا سوال قبولیت وعدم قبولیت کے بارے میں نہیں ہے؛ بلکہ ادا اور صحت ادا کے بارے میں سوال ہے۔

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: جس شخص کے پاس کثیر تعداد میں صرف مال حرام ہو تو اس پر حج فرض نہیں ہے؛ البتہ اگر اس نے اسی مال حرام سے حج کرلیا ہے، تو فریضۂ حج اس کے اوپر سے ساقط ہوجائے گا؛ لیکن حج کا ثواب نہ ملے گا؛ بلکہ مال حرام سے حج کرنے کی وجہ سے وہ شخص سخت گنہگار ہوگا۔ (مستفاد: فتاوی محمودیہ ڈابھیل ۱۰/ ۳۱۱-۳۱۵)

عن أبي هريرة –رضي الله عنه– قال: قال رسول الله ﷺ: إذا خرج الرجل حاجا بنفقة طيبة، ووضع رجله في الغرز، فنادى: لبيك –إلى– وإذا خرج بالنفقة الخبيثة، فوضع رجله في الغرز، فنادى: لبيك، ناداه مناد من السماء لا لبيك ولا سعديك، زادك حرام، ونفقتك حرام، وحجك غير مبرور. (المعجم الأوسط، دارالفكر ٤/ ٦٦، رقم: ٥٢٢٨)

عن أبي هريرة –رضي الله عنه– أن رسول الله ﷺ قال: من أم هذا البيت من الكسب الحرام شخص في غير طاعة الله، فإذا أهل ووضع رجله في الغرز أو الركاب وانبعثت به راحلته، قال: لبيك اللهم لبيك، ناداه مناد من السماء: لا لبيك ولا سعديك، كسبك حرام، زادك حرام، وراحلتك حرام، فارجع مأزورا غير مأجور، وأبشر بما يسوؤك. الحديث

(مسند البزار، مكتبه العلوم والحكم المدينة المنورة ١٥/ ٢٢١، رقم: ٨٦٣٨)

ويجتهد في تحصيل نفقة حلال، فإنه لا يقبل الحج بالنفقة الحرام ...... مع أنه يسقط الفرض عنه معها، ولا تنافي بين سقوطه وعدم قبوله، فلا

يثاب لعدم القبول، ولا يعاقب عقاب تارك الحج. (شامي، كتاب الحج، مطلب في من حج بمال حرام، كراچى ٢/ ٤٥٦، زكريا ٣/ ٤٥٣، هندية، قديم زكريا ١/ ٢٢٠، جديد زكريا ١/ ٢٨٣)

فلا تجب بالإباحة ولا بمال حرام لكن لو حج به جاز؛ لأن المعاصي لا تمنع الطاعات، فإذا أتى بها لا يقال إنها غير مقبولة. (سكب الأنهر، دارالكتب العلمية بيروت ١/ ٣٨٥، مجمع الأنهر، دارالكتب العلمية بيروت ١/ ٣٨٣)

ولا بمال حرام، ولو حج به سقط عنه الفرض؛ لكنه لا تقبل حجته.

(غنية الناسك، باب شرائط الحج، كراچى، ص: ٢١، قديم مكتبه خيريه ميرٹھ، ص: ٨)

فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۶؍محرم الحرام ۱۴۳۵ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۴۰/ ۱۱۳۹۰)

بقدر استطاعت مال حرام ہوتو حج کا حکم

سوال [۴۹۲۲]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: زید ایک مالدار آدمی ہے؛ لیکن اس کی مالداری غیر شرعی طریقہ سے یعنی مکمل حرام روزی ہے، تو کیا اس شخص پر حج فرض ہوگا، یہ شخص اپنی حرام کمائی سے حج ادا کرسکتا ہے؟ اسے حج ادا کرنا چاہئے یا نہیں؟

المستفتی: ذاکر قریشی، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: مال حرام ملک میں داخل نہیں ہوتا؛ اس لئے ایسا شخص جس کے پاس صرف مال حرام ہی ہو اس پر حج فرض نہیں، اس پر لازم ہے کہ حرام مال کو دور کرکے

جلد ہی حلال روزی تلاش کرے۔ اور مال حرام جب اپنے مال میں مخلوط ہوجائے تو ملک میں داخل تو ہوجاتا ہے، مگر دین شمار ہوتا ہے؛ اس لئے مال حرام سے زائد اگر بقدر استطاعت مال ہوتو حج فرض ہوجائے گا۔ اور حج حلال اور پاکیزہ مال ہی سے کرے، مال حرام سے حج مقبول نہیں، اگرچہ فرض ساقط ہوجائے گا، اپنا مال مشتبہ ہوتو اس سے بچنے کا حیلہ یہ ہے کہ کسی غیر مسلم سے قرض لے کر حج کرے اور اپنے مال سے قرض ادا کرے۔ (مستفاد: امدادالفتاوی ۳/۱۶۰)

الرشوة لا تملك بالقبض. (درمختار، کتاب الحظر والإباحة، کراچی ٦/ ٤٢٣، زكريا ٩/ ٦٠٧)

كالحج بمال حرام (در) مع أنه يسقط الفرض عنه معها. الخ (شامي، مطلب فيمن حج بمال حرام، زكريا ديوبند ٣/ ٤٥٣، كراچی ٢/ ٤٥٦)

ولا بمال حرام، ولو حج به سقط عنه الفرض؛ لكنه لا تقبل حجته. (غنية الناسك، باب شرائط الحج، جديد كراچی ٢١، قديم مكتبه خيريه ميرٹھ ٨)

ويجتهد في تحصيل نفقة حلال، فإنه لا يقبل الحج بالنفقة الحرام مع أنه يسقط الفرض معها وإن كانت مغصوبة. (هندية، الباب الأول في تفسير الحج وفرضيته، زكريا ديوبند ١/ ٢٢٠، جديد ١/ ٢٨٣) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ

۲۹/۷/۱۴۱۵ھ

(الف فتویٰ نمبر: ۳۱/ ۴۰۸۹)

رشوت دے کر حج کرنا

سوال [۴۹۲۳]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کیا رشوت دے کر حج کرنا جائز ہے؟

المستفتی: مشتاق مؤمن سابق ممبر صوبہ مہاراشٹر حج کمیٹی

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: مسئولہ صورت میں یہ تفصیل ہے کہ اگر کسی دلال کو پیسہ دے کر حج پر جانے کے انتظامات کرائے جارہے ہیں، تو یہ رشوت نہیں؛ بلکہ دلالی کی اجرت ہے جو شرعاً جائز ہے؛ البتہ اگر کسی بااختیار افسر کو باقاعدہ رشوت دے کر کاغذات میں خرد برد کے ذریعہ اپنا نام نکلوا کر حج کو جارہا ہے، تو یہ رشوت ہوگی، اس کی حرمت حدیث شریف سے ثابت ہے، اس طرح رشوت دے کر حج کو جانے سے حج تو ادا ہوجائے گا؛ لیکن رشوت دینے کی بناپر گنہگار رہوگا۔

سئل محمد بن سلمة عن أجرة السمسار، فقال: أرجو أنه لا بأس به. (شامي، كتاب الإجارة، مطلب في أجرة الدلال، كراچی ٦/ ٦٣، زكريا ٩/ ٨٧)

عن أبي سلمة بن عبدالرحمن بن عوف عن أبيه قال: قال رسول الله ﷺ: الراشي والمرتشي في النار. (مسند البزار، مكتبة العلوم والحكم ٣/ ٢٤٧، رقم: ١٠٧٣، المعجم الصغير للطبراني ١/ ٥٧، رقم: ٥٨)

عن عبدالله بن عمرو قال: لعن رسول الله صلى الله عليه وسلم الراشي والمرتشي. (مسند أحمد بن حنبل ٢/ ١٦٤، رقم: ٦٥٣٢، ٢/ ١٩٠، رقم: ٦٧٧٨-٦٧٧٩) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ	الجواب صحیح:
۹؍محرم الحرام ۱۴۳۲ھ	احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۹/۱۰۲۵۵)	۱۴۳۲/۱/۹ھ

حج کی منظوری کرانے کے لئے رشوت دینے کا حکم

سوال [۴۹۲۴]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: زید نے حج بیت اللہ کرنے کے لئے پانی کے جہاز سے اسی سال منظوری

کرانے کی غرض سے تین ہزارروپئے بطور رشوت دئے، اس رشوت کی وجہ سے فرائض میں کوئی نقص تو نہیں ہوگا، شرعی حکم تحریر فرمائیں؟

المستفتی: عبدالحکیم نینی تالی

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: حج کے فارم کو منظور کرانے کے لئے رشوت دینا جائز نہیں ہے، اگر رشوت دے دی تو اس کا گناہ ہوگا اور حج کا فریضہ ذمہ سے ساقط ہوجائے گا، اس سے حج پر کوئی اثر نہیں پڑے گا۔

عن أبي سلمة بن عبدالرحمن بن عوف عن أبيه قال: قال رسول الله ﷺ: الراشي والمرتشي في النار. (مسند البزار، مكتبة العلوم والحكم ٣/ ٢٤٧، رقم: ١٠٣٧، المعجم الصغير للطبراني ١/ ٥٧، رقم: ٥٨)

عن عبدالله بن عمرو قال: لعن رسول الله صلى الله عليه وسلم الراشي والمرتشي. (سنن أبي داؤد، القضاء، باب في كراهية الرشوة، النسخة الهندية ٢/ ٥٠٤، دار السلام، رقم: ٣٥٨٠) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۹/ رجب ۱۴۱۴ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۱/ ۳۵۳۸)

بینک سے لون لے کر حج کرنا

سوال [۴۹۲۵]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کچھ لوگ بینک سے لون لے کر حج کرنے جاتے ہیں اور کہتے ہیں کہ ہماری فصل برباد ہوگئی؛ اس لئے مجبوراً لون لیا ہے، اس شکل میں حج ہوگا یا نہیں؟

المستفتی: ڈاکٹر محمد الیاس بن مرزا جی عبدالرحیم

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: بینک سے لون لے کر یا اسی طرح کسی ناجائز معاملہ سے حاصل شدہ مال سے حج کرنے سے فریضۂ حج تو ادا ہو جائے گا؛ لیکن حج مقبول کا ثواب نہیں ملے گا۔ (مستفاد: فتاوی محمودیہ، قدیم ۱۹۲/۳، ۱۶۷/۹، جدید ڈابھیل ۳۱۱/۱۰)

وفي الشامية: قال في البحر: ويجتهد في تحصيل نفقة حلال، فإنه لا يقبل بالنفقة الحرام كما ورد في الحديث مع أنه يسقط الفرض عنه معها، ولا تنافي بين سقوطه وعدم قبوله، فلا يثاب لعدم القبول ولا يعاقب عقاب تارك الحج. (شامي، كتاب الحج، مطلب في من حج بمال حرام، كراچی ۲/ ٤٥٦، زكريا ديوبند ۳/ ٤٥٣، وهكذا في الهندية، زكريا ديوبند قديم ۱/ ۲۲۰، جديد ۱/ ۲۸۳ مجمع الأنهر، دارالكتب العلمية بيروت ۱/ ۳۸۳، قديم ۱/ ۲٦۱، غنية الناسك جديد كراچی، ص: ۲۱، قديم مكتبه خيريه ميرٹھ، ص: ۸) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۶؍ محرم الحرام ۱۴۲۱ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۶۴۳۱/۳۴)

بینک سے قرض لے کر حج کو جانا

سوال [۴۹۲۶]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: زید اس سال حج کو جانا چاہتا ہے، حج فرض ہے، مگر ساری رقم دوسروں پر ادھار ہے اور حج کمیٹی نے ۳۱؍ جولائی تک ساری رقم جمع کرنے کو کہا ہے، جب کہ زید کا قرض ستمبر کو وصول ہوگا، اب معلوم یہ کرنا ہے کہ کیا بینک سے قرض لے کر حج کو جا سکتے ہیں، جب کہ کسی رشتہ داری وغیرہ سے قرض نہیں مل رہا ہے اور بینک سے قرض لینے میں سود دینا پڑ رہے گا؟

المستفتی: زاہد حسین سیڈھا، بجنور

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: جب آپ کے پاس ۳۱/جولائی تک جمع کرنے کے لئے حلال پیسہ موجود نہیں ہے، تو شریعت نے سود پر قرض لے کر حج کو جانے پر مجبور نہیں کیا ہے؛ بلکہ جب پیسہ وصول ہوجائے گا اس کے بعد آپ پر حج کو جانا لازم ہے، اگر حج کمیٹی سے جانے کی شکل نہ بنے تو انٹرنیشنل ٹور کے ذریعہ سے حج کو جانا چاہئے، مگر سودی قرض لے کر حج کو نہیں جائیں گے۔

عن أبي هريرة –رضي الله عنه– قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: أيها الناس! إن الله طيب لا يقبل إلا طيبا. الحديث (صحيح مسلم، الزكوة، باب قبول الصدقة من الكسب الطيب وتربيتها، النسخة الهندية ١/ ١٢٧، بيت الأفكار، رقم: ١٠١٥)

عن جابر –رضي الله عنه– قال: لعن رسول الله صلى الله عليه وسلم آكل الربا ومؤكله، وكاتبه، وشاهديه، وقال: هم سواء. (صحيح مسلم، المساقاة، باب لعن آكل الربا ومؤكله، النسخة الهندية ٢/ ٢٧، بيت الأفكار، رقم: ١٥٩٨)

ولا بمال حرام ولو حج به سقط عنه الفرض؛ لكنه لا تقبل عنه حجته. (غنية الناسك، باب شرائط الحج، جديد كراچى، ص: ٢١، قديم مطبع خيريه ميرٹھ، ص: ٨) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۴۲۹/۵/۱۶ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۸/۹۶۱۰)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصورپوری غفرلہ
۱۴۲۹/۵/۱۸ھ

حج کے لئے بینک سے قرض لینا

سوال [۴۹۲۷]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: ہمارے یہاں کئی کاشتکار ہیں، جو حج کو جانا چاہتے ہیں، مگر سارا پیسہ گنے کا میل والوں پر ادھار ہے جو اگلے سال ملے گا، کیا ایک سال کے لئے بینک سے قرض لے کر حج کو جاسکتے ہیں؟

المستفتی: زاہد حسین سیڈھا، بجنور یوپی

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: جب اگلے سال سے پہلے پہلے پیسہ نہیں مل پائے گا تو ان لوگوں پر حج کو جانا لازم نہیں، جب اگلے سال پیسہ مل جائے گا تب ان پر حج کو جانا لازم ہوگا، مگر بینک سے سودی قرض لے کر حج کو نہیں جائیں گے؛ بلکہ حلال اور پاک پیسے سے حج کو جانا ضروری ہے، ہاں البتہ اگر غیر سودی قرض مل جائے تو اس سے حج کو جائیں؛ اس لئے کہ اللہ تعالیٰ ناپاک کو قبول نہیں کرتے اور پاک کو قبول کرتے ہیں۔ اور حدیث شریف میں آیا ہے کہ سود دینے والے اور سود لینے والے پر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے لعنت بھیجی ہے، تو سود دینا لعنت ہے، اور حج کرنا رحمت ہے، لعنت کے ذریعہ سے رحمت حاصل ہونا مشکل ہے، حدیث شریف ملاحظہ فرمائیے:

عن جابر –رضي الله عنه– قال: لعن رسول الله ﷺ آكل الربا ومؤكله، وكاتبه، وشاهديه، وقال: هم سواء. (مسلم شريف، المساقاة، باب لعن آكل الربا ومؤكله، النسخة الهندية ٢/ ٢٧، بيت الأفكار، رقم: ١٥٩٨)

فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۶/۵/۱۴۲۹ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۹۶۱/۲۴)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۸/۵/۱۴۲۹ھ

پگڑی کی رقم سے حج کرنے کا حکم

سوال [۴۹۲۸]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: پگڑی کی رقم کسی نیک کام میں صرف ہوسکتی ہے یا نہیں؟ جیسے حج وغیرہ

المستفتی: محمد فہیم مغل پورہ اول لاکڑی والان، مراد آباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: طویل مدتی کرایہ داری سے دستبرداری کے عوض میں جو پیسہ ملا ہے، تو اس پیسے کو کرایہ دار اور اس کے وارثین کے لئے لینا جائز ہے یا نہیں؟ اس سلسلہ میں علماء کی دو جماعتیں ہیں؛ اس لئے یہ پیسہ مشکوک ہو گیا اور حج جیسی عبادت میں ایسا مشکوک پیسہ خرچ نہیں کرنا چاہئے۔

عن أبي هريرة –رضي الله عنه– قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: أيها الناس! إن الله طيب لا يقبل إلا طيبا. الحديث (صحيح مسلم، الزكوة، باب قبول الصدقة من الكسب الطيب و تربيتها، النسخة الهندية ١ / ١٢٧، بيت الأفكار، رقم: ١٠١٥) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۸/ربیع الثانی ۱۴۱۹ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۴۰/ ۱۱۰۱۵)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۸/۴/۱۴۱۹ھ

سرکاری ملازم کا بیماری کی چھٹی لے کر حج کو جانا

سوال [۴۹۲۹]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: زید ایک سرکاری اسکول کا ٹیچر ہے اور اس پر حج فرض ہے؛ لہٰذا وہ حج کو جانا چاہتا ہے؛ لیکن پریشانی یہ ہے کہ وہ اسکول سے اتنے دنوں کی چھٹی نہیں لے سکتا کہ جس میں حج کرلے، سوائے اس کے کہ بیماری کا عذر بتا کر چھٹی لے اور حج کو جائے یا یہ کہ حج کو چلا جائے اور آکر حاضری لگا دے، تو کیا اس صورت میں اس کا حج صحیح ہے؟ اور اگر وہ حاضری نہ لگائے، تو اس کی نوکری ختم ہونے کا خطرہ ہے، اب وہ کیا کرے؟

المستفتی: محمد فیاض عالم ممبئی

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: اگر سرکاری ملازم کو فریضۂ حج ادا کرنے کے لئے

اتنی لمبی چھٹی نہیں مل سکتی ہے جس میں وہ فریضۂ حج ادا کر کے واپس آسکے، تو اس کے لئے اس بات کی گنجائش ہے کہ بطور ''توریہ'' بیماری کی رخصت حاصل کر کے فریضۂ حج ادا کر لے اور حج فرض ادا ہو جانے کے بعد حج نفل کے لئے یہ توریہ جائز نہیں ہوگا۔ (مستفاد: فتاوی محمودیہ جدید ۱۵/ ۵۳۷، امداد الاحکام ۳/ ۱۶۴)

وفي الأشباه: إذا تعارض مفسدتان روعي أعظمهما ضررا بارتكاب أخفهما. (الأشباه والنظائر، القاعدة الخامسة قديم: ۱٤٥) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۴۲۹/۲/۵ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۸/ ۹۴۴۵)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۲۹/۲/۵ھ

سعودی میں دوران ملازمت حج کرنے کا حکم

سوال [۴۹۳۰]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: میں ملازمت کے لئے سعودی عرب گیا، اسی دوران حج کا موسم آگیا، اب میں چھٹی لے کر وہیں سے حج کے لئے چلا گیا اور حج سے فراغت پا کر پھر اپنی جائے ملازمت پر آگیا تو میرا حج ہو گیا یا نہیں؟

المستفتی: حاجی محمد اطہر، کتب فروش مین مارکیٹ، افضل گڑھ بجنور

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: آپ کا حج بلاشبہ صحیح اور درست ہو گیا ہے۔

آفاقي لما صار كالمكي وجب عليه، فلو نواه نفلا لزمه الحج ثانيا.

(شامي، كتاب الحج، زكريا ديوبند ۳/ ٤٥٩، كراچی ۲/ ٤٦٠) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۰/ ربیع الاول ۱۴۱۴ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۹/ ۳۲۵۲)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۰/۳/۱۴۱۴ھ

حکومت کے قانون کے خلاف ہر سال حج کرنا

سوال [۴۹۳۱]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: حج کے فارم پر حلفیہ بیان لکھا ہوتا ہے کہ پانچ سال میں میں نے حج نہیں کیا ہے، جب کہ ہمارے بہت سے اکابر ہر سال حج کے لئے جاتے ہیں، کچھ ٹور وغیرہ سے جاتے ہیں، کچھ حج کمیٹی سے جاتے ہیں، عوام کی طرف سے ہم پر بہت بڑا سوالیہ نشان ہے، از راہ مہربانی عوام کو مطمئن کرنے کے لئے ہم کو تسلی بخش جواب انڈیا اور سعودیہ کے اس پنج سالہ قانون اور شریعت کی روشنی میں عنایت فرمادیجئے۔

المستفتی: عبدالرشید سیڈھا، بجنور

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: پنج سالہ قانون سعودی حکومت کا نہیں ہے؛ بلکہ صرف ہندوستانی حج کمیٹی کا ہے، اسی لئے حج کمیٹی سے پانچ سال کے اندر اندر دوسرے حج کا سفر کرنے کی اجازت نہیں ملتی ہے۔ ہندوستانی حج کمیٹی کی طرف سے ممانعت کی علت یہ تھی کہ حج کمیٹی سے جانے والوں کو منجانب حکومت جہاز کے ٹکٹ کی سبسڈی ملتی ہے، مثلاً انٹرنیشنل اور گروپ سے جانے والے کا ٹکٹ کرایہ 60,000/- روپیہ ہے، تو حج کمیٹی سے منظوری میں صرف 18,000/- روپیہ ہے۔ اور ٹکٹ کا باقی پیسہ حکومت ہند بھرتی ہے؛ اس لئے اس سبسڈی کی وجہ سے حج کمیٹی سے ممانعت ہے۔ اور چونکہ سعودیہ کی طرف سے ایسا قانون نہیں ہے؛ اس لئے سعودی سفارت خانہ کی طرف سے انٹرنیشنل پاسپورٹ کے ذریعہ ہر سال اور بار بار حج کا ویزا لگتا ہے جو علماء ہر سال یا پانچ سال کے اندر اندر دوبارہ یا سہ بارہ حج کو جاتے ہیں، وہ انٹرنیشنل پاسپورٹ کے ذریعہ گروپ لیڈر کے توسط سے ویزا لگا کر جاتے ہیں، اس میں کسی قسم کی قانون شکنی نہیں ہے اور نہ ہی جھوٹا حلفیہ بیان ہوتا ہے۔ اور جس فارم پر حلفیہ بیان ہوتا ہے وہ صرف حج کمیٹی ہی کا فارم ہوتا ہے؛ لہٰذا اس سلسلہ میں پھر بھی اگر شبہ

ہوتو از خود تحقیق بھی فرمالیں۔ اور ہم نے یہ بات تحقیق کے بعد ہی لکھی ہے، بعد میں چل کر دوسرا قانون بھی بن گیا ہے۔ فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۸؍ربیع الثانی ۱۴۳۲ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۹/۱۰۳۶۳)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۸؍۴؍۱۴۳۲ھ

دوران حج ایکسیڈنٹ کی بنا پر حج کمیٹی سے رقم لینا

سوال [۴۹۳۲]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: میں حنفی مسلک سے منسلک ہوں، ضروری عرض یہ ہے کہ میں گذشتہ سال ۲۰۰۸ء میں حج کمیٹی سے حج کرنے گیا تھا، وہاں پر دوسری گاڑی سے میرا ایکسیڈنٹ ہوگیا، جس کی وجہ سے میرا وہاں بازو کاٹ دینا پڑا اور داہنی ٹانگ کی ہڈی بھی کئی جگہ سے ٹوٹ گئی تھی، ایکسیڈنٹ بہت زبردست ہوا تھا، میری ٹانگ کی ہڈی ابھی تک جڑی نہیں ہے، گیارہ مہینے ہوگئے ہیں، اب ڈاکٹر نے کہا ہے کہ شاید ایک آپریشن اور کرنا پڑے، میری کپڑوں کی سلائی کی کرایہ کی دوکان ہے، میرے دو بیٹے ہیں، اسی دوکان میں بیٹھتے ہیں، میرا روزگار یہی ہے، اب کام ہلکا ہوگیا ہے، سعودی عرب کی حکومت کا یہ قانون ہے کہ جس گاڑی سے آپ کا ایکسیڈنٹ ہوا تھا، اس کے ڈرائیور سے آپ کو معاوضہ مل سکتا ہے، یہ سوچ کر کہ ڈرائیور روٹی روزی کمانے خود مکہ مکرمہ آیا ہے، وہ معاوضہ کیسے ادا کرے گا، میں نے اسے معاف کردیا، اپنے وطن پہنچنے کے بعد اب پتہ چلا کہ جو حضرات حج کمیٹی کی معرفت حج کرنے جاتے ہیں ان تمام صاحبان کا انشورنس ہوتا ہے اور جس نوعیت کا میرا ایکسیڈینٹ ہوا ہے، اس کے لئے انشورنس کمپنی مجھے تین لاکھ تک دے سکتی ہے، تو کیا میں یہ رقم شرعاً لے سکتا ہوں؟ جب کہ میری ٹانگ کا آپریشن ہونا باقی ہے اور اس کے لئے خطیر رقم کی ضرورت ہے، اور اگر جواب ہاں میں ہے تو یہ بھی بتادیں کہ اس رقم کو لینے کے بعد میرے حج میں کوئی

خرابی تو نہیں آئے گی؟ یا میرے ثواب اور اجر میں کمی تو نہیں آئے گی، جو اللہ کے یہاں مجھے ملے گا ان شاء اللہ، اگر یہ رقم میرے کام نہیں آسکتی تو کیا میں یہ رقم حج کمیٹی سے لیکر کسی ضرورت مند کی ضرورت پوری کرسکتا ہوں؟

المستفتی: اخلاص احمد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: ہوائی جہاز سے سفر کرنے والا نہ انشورنس کے نام سے پیسے جمع کرتا ہے اور نہ ہی اس کو بتایا جاتا ہے اور نہ ہی اس کو اس قسم کی کوئی خبر رہتی ہے، وہ تو صرف ہوائی جہاز کے کرایہ کی نیت سے کرایہ ہی جمع کرتا ہے، اس کے بعد اگر حج کمیٹی کی طرف سے یا جہاز کمپنی کی طرف سے علاج کے لئے تین لاکھ روپئے مل رہے ہیں، تو اس کو ہم ایک قسم کا تعاون سمجھتے ہیں اور بیمار آدمی کے لئے کسی کا بھی تعاون حاصل کرنا جائز ہے۔ (مستفاد: انوار رحمت، ص: ۳۴۲-۳۵۷، وایضا مستفاد محمودیہ جدید ۹/ ۳۳۶)

فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ	الجواب صحیح:
۱۰/ ربیع الاول ۱۴۳۱ھ	احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۸/ ۹۹۳۲)	۱۰/ ۳/ ۱۴۳۱ھ

حکومت ہند سے حاجیوں کو ملنے والی سبسڈی جائز ہے یا نہیں؟

سوال [۴۹۳۳]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: حکومت حاجیوں کو جو سبسڈی دیتی ہے اس کا لینا کیسا ہے؟

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: حکومت کی طرف سے حاجیوں کو جو سبسڈی ملتی ہے وہ ایک تعاون ہے، اس کے لینے میں کوئی قباحت اور کوئی کراہت نہیں؛ بلکہ بلا شبہ جائز ہے۔ (مستفاد: فتاوی رحیمیہ ۱۰/ ۲۲۵)

قال الفقيه أبو الليث: اختلف الناس في أخذ الجائزة من السلطان، قال بعضهم: يجوز مالم يعلم أنه يعطيه من حرام، قال محمد: وبه نأخذ مالم نعرف شيئا حراما لعينه. (هندية، زكريا قديم ٥/ ٣٤٢، اتحاد جديد ٥/ ٣٩٦)

إن عمر بن الخطاب كان يعطيهم العطاء ولا يزكيه. (مصنف ابن أبي شيبة بيروت ٦/ ٥٢٨، رقم: ١٠٥٦٩)

غالب مال المهدي إن كان حلالا، لا بأس بقبول هديته وأكل ماله ما لم يتبين أنه من حرام. (مجمع الأنهر، دارالكتب العلمية بيروت ٤/ ١٨٦، بزازية على هامش الهندية قديم زكريا ٦/ ٣٦٠، جديد زكريا ٣/ ٢٠٣، قاضي خان على هامش الهندية قديم زكريا ٣/ ٤٠٠، جديد زكريا ٣/ ٢٨٩) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۳؍ جمادی الاخریٰ ۱۴۳۵ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۴۰/ ۱۱۵۵۱)

قرعہ اندازی کے ذریعہ حج ادا کرنے کا حکم

سوال [۴۹۳۴]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: مسئلہ ہے کہ ایک کمیٹی چند آدمی کے تحت قائم ہے، جس میں سالانہ رقم کچھ جمع کرتے ہیں اور اس رقم کے ذریعہ پھر قرعہ اندازی کر کے اس روپئے سے یکے بعد دیگرے حج کرتے ہیں اور جو شخص حج کر کے آگیا اس کا نام قرعہ میں نہیں ڈالا جاتا ہے، اور پھر حج سے آتے ہی دوسرا قرعہ ڈالا جاتا ہے، تاکہ آئندہ سال کے لئے فارم جمع کیا جاسکے اور اس میں قید نہیں ہے کہ دس ہزار روپئے ہی جمع کرنا ہے؛ بلکہ حج کمیٹی کی طرف سے جتنا خرچ آئے گا سب کے ذمہ ہوگا اور اگر جس شخص نے حج کرلیا ہے، پھر اس کے پاس اتنا مال ہوگیا ہے کہ وہ اپنے مال سے حج کرسکتا ہے، تو جو حج پہلے کیا ہے وہ فرض ہوگا؟ اور پھر دوسرا حج جو کرے گا

فرض ہوگا یا نفل ہوگا؟ کیوں کہ پہلا حج کمیٹی کے تحت تھا، دوسرا حج اپنے ذاتی پیسے سے؟ قرآن وحدیث کی روشنی میں اس کا جواب مرحمت فرمائیں۔

المستفتی: محمد عبداللہ بانکوی

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: قرعہ اندازی کے ذریعہ بعض ممبران کا نام نکلنے پر ان کو حج کے لئے بھیجنا اور بعض کو محروم کردینا لاٹری کے مشابہ ہونے کی وجہ سے ناجائز ہے؛ اس لئے مذکورہ طریقہ پر حج نہیں کرنا چاہئے، تاہم اگر کرلیا جائے گا تو فریضۂ حج تو ادا ہوجائے گا؛ لیکن حج مقبول کا ثواب نہیں ملے گا اور سرمایہ دار بننے کے بعد دوبارہ حج کرے گا، تو وہ حج نفل ہی ہوگا۔ (مستفاد: محمودیہ میرٹھ ۱۵/ ۴۷۹)

وذكر في الأجناس: القرعة ثلاث: الأولى: لإثبات حق وإبطال حق آخر، وإنها باطلة. (تاتارخانية، كتاب القسمة، الفصل الخامس فى الرجوع عن القسمة، زكريا ۱۷/ ۱۷۷، رقم: ۲٦۸۷٦)

مع أنه يسقط الفرض عنه معها، ولا تنافي بين سقوطه وعدم قبوله، فلا يثاب لعدم القبول، ولا يعاقب عقاب تارك الحج، أي لأن عدم الترك يبتني على الصحة، وهي الإتيان بالشرائط والأركان والقبول المترتب عليه الثواب يبتني على أشياء كحل المال والإخلاص. (شامي، كتاب الحج، مطلب في من حج بمال حرام، زكريا ديوبند ۳/ ٤٥۳، كراچی ۲/ ٤٥٦، هندية، زكريا ۱/ ۲۲۰)

ولا بمال حرام ولو حج به سقط عنه الفرض؛ لكنه لا تقبل حجته، ولا تنافي بين سقوطه وعدم قبوله، فلا يثاب لعدم القبول، ولا يعاقب عقاب تارك الحج. (غنية الناسك، باب شرائط الحج، كراچی ص: ۲۱، مكتبه خيريه ميرٹھ ص: ۸) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۱؍ محرم الحرام ۱۴۳۳ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۹/ ۱۰۶۰۲)

حج وعمرہ کی مختلف اسکیموں کا حکم

سوال [۴۹۳۵]: کیافرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: حضرت میرا نام محمد اسحاق شریف ہے، اڑیسہ کا رہنے والا ہوں، میں نے ایک ٹورٹراویلس شروع کیا ہے، حضرت دینی معلومات زیادہ نہیں رکھتا، اسی لئے چار صورتیں لکھ کر آپ کے پاس بھیج رہا ہوں، براہ کرم آپ میری رہبری فرمائیں کہ سب صورتیں جائز ہیں یا نہیں؟ براہ کرم تفصیل سے وضاحت فرمائیں عین کرم ہوگا۔

(۱) میں نے عمرہ کی ایک اسکیم بنائی ہے، مختلف پیکیج ہوں گے یعنی ۲۵/ ہزار، ۳۶/ ہزار، ۵۰/ ہزار وغیرہ، اس میں سب سے پہلے تین ہزار پانچ سو روپیہ دے کر ممبر بننا ہوتا ہے، پھر قسط وار بھی رقم پوری کر سکتے ہیں، ایک ہزار کر کے یا نہیں تو درمیان میں بھی اکٹھے بقیہ رقم پیکیج کا دے کر عمرہ میں جا سکتے ہیں، یہ صورت درست ہے یا نہیں؟

(۲) دوسری صورت یہ ہے کہ انہیں ممبران کے درمیان ہر مہینہ کی بارہ تاریخ کو قرعہ اندازی کی جاتی ہے، اب اس میں ان ممبروں میں سے جس کا بھی نام آجائے گا اس کو ۳۱/ ہزار روپیہ چھوٹ ملے گی، پھر یہ ۳۱/ ہزار روپیہ چھوٹ لینا درست ہے یا نہیں؟

(۳) تیسری صورت یہ ہے کہ اگر کسی نے ممبروں سے اگلے دو آدمی کو ممبر بنا دیا، پھر ان دونوں نے چار آدمیوں کو بنا دیا، پھر اس نے چار سے چھ آدمی کو بنا دیا، غرض یہ کہ یہ سلسلہ وار چلتے ہوئے ایک ہزار بائیس آدمی تک پہنچ جائے تو ہر اول والے شخص کو پچاس ہزار روپئے انعام یا چھوٹ ملے گی، تو یہ رقم لینا درست ہے یا نہیں؟

(۴) اگر کسی ممبر نے ۳۰/ آدمی کا ایک گروپ تیار کرایا، تو اس تیار کرانے والے شخص کو ۵۰/ ہزار روپیہ نقد یا عمرہ ادا کرا دیا جائے گا، پچاس ہزار پیکیج کا، تو کیا اس رقم سے عمرہ ادا کرنا درست ہوگا؟ براہ کرم جلد جواب مرحمت فرمائیں بہت ہی کرم ہوگا۔ والسلام

المستفتی: محمد اسحاق شریف، معرفت عبد الرحمٰن مدرسہ کاشف العلوم برہم پور اڑیسہ

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: حج اور عمرہ کے لئے جو بھی اسکیم قسط وار رقم جمع کر کے چل رہی ہے اور سوال نامے میں جو شکلیں لکھی گئیں ہیں، ان میں سے کوئی بھی جواز کے دائرہ میں داخل نہیں ہیں؛ اس لئے حج وعمرہ کے لئے اس طرح کی اسکیمیں چلانا جائز نہیں ہے اور اس کے عدم جواز سے متعلق گذشتہ سالوں میں بار بار مفصل جواب لکھا جا چکا ہے۔

الربا يقتضي أخذ مال الإنسان من غير عوض؛ لأن من يبيع الدرهم بالدرهمين نقدا أو نسيئة فيحصل له زيادة درهم من غير عوض، ومال الإنسان متعلق حاجته، وله حرمة عظيمة ...... وأخذ الدرهم الزائد متيقن.

(تفسير رازي ٧/ ٩٣، الموسوعة الفقهية ٢٢/ ٥٤) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ

۲۲؍شوال ۱۴۳۲ھ

(الف فتویٰ نمبر: ۱۰۸۰۲/۳۹)

حج بیسی اور اس کے ذریعہ حج کا حکم

سوال [۴۹۳۶]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: (۱) فریضۂ حج کی ادائیگی میں آسانی پیدا کرنے کے لئے حج بیسی کے نام سے ایک طریقہ رواج پا رہا ہے، جس کی تفصیل یہ ہے کہ ہمارے یہاں بیس ممبر تشکیل کئے گئے، فی ممبر سالانہ سات ہزار روپئے سے ایک لاکھ چالیس ہزار روپئے جمع کر کے قرعہ اندازی سے جن دو ممبروں کے نام آجائیں ان کو وہ رقم دے دی جاتی ہے، جس سے وہ سفر حج کرتے ہیں، اس طرح شرعاً یہ طریقہ کیا حکم رکھتا ہے؟

(۲) اگر یہ درست ہے تو فریضۂ حج کی فرضیت ذمہ سے ادا ہوئی یا نہیں؟ اگر ہو جاتی ہے، تو پہلے جانے والے ممبروں پر دوسرے ممبروں کا یہ قرض ہوا؛ لہٰذا ان پہلے جانے والوں پر

زکوۃ کا کیا حکم ہے، جب کہ اس قرض کی ادائیگی تو دس سال میں پوری ہوگی۔

حج بیسی کے شرائط یہ ہیں:

(۱) یکم ربیع الاول کو فی ممبر ایک ہزار روپئے ادا کرنا لازم، بقیہ رقم ختمِ شوال پر۔

(۲) اگر حج کرنے سے پہلے کسی ممبر کی موت واقع ہوجائے تو اب تک بھری گئی رقم اس کے ورثاء کو واپس کردی جائے گی۔

(۳) اگر حج کرنے کے بعد کسی ممبر کی موت واقع ہوجائے تو اس کے ورثا سے ان کے رضامندی کے ساتھ بقیہ رقم وصول کی جائے گی، اگر وہ بخوشی نہ دیں تو پھر تمام ممبران اپنی طرف سے اس مرنے والے ممبر کو اپنا حق معاف کرتے ہوئے اس کی قسط کو اپنے اوپر تقسیم کرلیتے ہیں۔

المستفتی: ممتاز احمد قاسمی، خادم الاسلام بھاکری پیپاڑی شہر راجستھان

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: (۱) فریضۂ حج اس شخص پر لازم ہوتا ہے جو صاحب استطاعت یعنی اتنے پیسے کا مالک ہو کہ کسی سے قرض لئے بغیر حج کو آنے جانے اور وہاں کی رہائش اور دیگر تمام اخراجات پورے ہونے کا پیسہ اس کے پاس موجود ہو، نیز اس کے علاوہ اس کی واپسی تک اس کے گھر والوں کے لئے پوری مدت کا خرچ موجود ہو، ان تمام اخراجات کے پورے ہونے کا پیسہ جس کے پاس ہو اسی پر حج کا فریضہ لازم ہوتا ہے، دیگر لوگوں پر لازم نہیں ہوتا؛ اس لئے حج کا فریضہ ادا کرنے کے لئے اس طرح کی اسکیم اور حیلہ اختیار کرنے کی ضرورت نہیں، نیز حج بیسی کی جو شکل بیان کی جارہی ہے، اس میں ۲۰ ممبروں میں سے ہر ایک چاہے گا کہ میرا نمبر پہلے آئے، مگر ایسا نہیں ہوتا، ۲۰ میں سے صرف دو ہی کا آتا ہے۔ اور باقی کا نمبر نہیں آتا، پھر شک وتردد میں رہتے ہیں کہ دوسری مرتبہ میں بھی نمبر آتا ہے یا نہیں؟ تو اس طرح تعلیق الشيء علی الخطر ہونے کی وجہ سے جوا اور قمار کی مشابہت بھی موجود ہے، جس کی شریعت اجازت نہیں دیتی؛ اس لئے حج کا یہ طریقہ قابل ترک اور ممنوع ہوگا۔

(۲) اگر اس طرح کا معاملہ کرلیا گیا، تو پہلے جانے والوں پر اتنے پیسے کی زکوۃ لازم ہے، جتنے پیسے ان کی ملکیت کے ہیں، دیگر ممبروں کا جو قرض ان کے سر سوار ہو چکا ہے، ان پیسوں کی زکوۃ ان دونوں پر لازم نہیں؛ کیوں کہ ان دونوں کو دیگر ممبروں کی طرف سے آیا ہوا پیسہ بہر حال ادا کرنا لازم ہے، مگر یہ نہ سمجھا جائے کہ یہ معاملہ درست ہوگیا۔

لأن القمار هو الذی یستوي فیه الجانبان في احتمال الغرامة علی مابینا. (شامي، کتاب الحظر والإباحة، فصل في البیوع، زکریا دیوبند ۹/ ۵۷۸، کراچی ۶/ ۴۰۳، تبیین الحقائق، مکتبه إمدادیه ملتان ۶/ ۲۲۸، زکریا دیوبند ۷/ ۴۶۷)

وعلیه الفتوی فلو استقرض مائتي درهم، وحال علیها الحول عنده، ولیس له إلا ثیاب البذلة ونحوها مما لیس مال زکوة لا زکوة علیه، ولو کانت الثیاب تفی بالدین؛ لأن الدین علیه یصرف إلی الدراهم التي عنده دون الثیاب. (شامي، کتاب الزکاة، کراچی ۲/ ۲۶۴، زکریا ۳/ ۱۸۱-۱۸۲) **فقط** واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۹ رجمادی الاولیٰ ۱۴۲۶ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۷/ ۸۸۳۸)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۲۶/۶/۲ھ

حج کمیٹی اور ٹور ایجنٹ اجیر ہیں یا وکیل بالأجرۃ؟

سوال [۴۹۳۷]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: حج کمیٹی وعمرہ ٹور اینڈ ٹراویلز اور تفریحی ٹور اینڈ ٹراویلز، فقہی نقطۂ نظر سے کس زمرہ میں آتے ہیں، یہ اجیر ہیں یا وکیل بالأجرۃ ہیں یا کچھ اور؟

المستفتی: مفتی عبد الرشید نعمانی بمبئی مہاراشٹر

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: حج کمیٹی اور ٹراویل ایجنٹ من وجہ حجاج کی طرف

سے وکیل ہیں اور من وجہ حجاج کے لئے کفیل بالدرک اور ضامن ہیں۔ وکیل اس حیثیت سے ہیں کہ حکومت ہند اور حکومت سعودیہ سے قانونی دائرہ میں رہ کر حاجیوں کے لئے کاغذات تیار کر کے فراہم کردیتے ہیں۔ اور کفیل بالدرک اس حیثیت سے ہیں کہ تمام سہولیات کی ذمہ داری لیتے ہیں، ہوائی جہاز کے جس کٹیگری میں بات طے ہوتی ہے، اس کٹیگری میں سیٹ دلواتے ہیں اور مکۃ المکرّمہ اور مدینۃ المنورہ کے ٹرانسپورٹ کی ذمہ داری اور مکۃ المکرّمہ اور مدینۃ المنورہ کے رہائش کی ذمہ داری اسی طرح منی کی رہائش کی بھی ذمہ داری لیتے ہیں، اگر خدانخواستہ کسی حاجی کا پروگرام کسی وجہ سے کینسل ہوجائے تو ساری رقم کی واپسی کے ذمہ دار ہوتے ہیں، اس حیثیت سے کفیل بالدرک ہیں۔

قال الأستاذ الدكتور وهبة الزحيلي: تصح الوكالة بأجر و بغير أجر.

(الفقه الإسلامي وأدلته، جديد هدى انٹر نيشنل ديوبند ٥/ ٤٥٨)

إذا اشترطت الأجرة في الوكالة وأوفاها الوكيل اسحق الأجرة.

(شرح المجلة تسليم رستم باز، اتحاد بك ڈپو ديوبند ٢/ ٧٨٩، رقم: ١٤٦٨)

قال رحمه الله: (وكفالته بالدرک تسليم) معناه إذا باع رجل دارا مثلا، فكفل رجل للمشتري عن البائع بالدرک، وهو ضمان الثمن عند استحقاق المبيع، فكفالته تسليم للمبيع وإقرار منه أنه لا حق له فيها حتى لو ادعى أن الدار ملكه أو ادعى فيها الشفعة أو الإجارة لا تسمع دعواه؛ لأن الكفالة إن كانت مشروطة في البيع توقف جوازه على قبول الكفيل للكفالة في المجلس. (تبيين الحقائق جديد زكريا ٥/ ٥٧، قديم إمداديه ملتان ٤/ ١٦٤)

وأما الكفالة بالمال فجائزة معلوما كان المكفول به أو مجهولا إذا كان دينا صحيحا مثل أن يقول: تكفلت عنه بألف، أو بمالک عليه أو بما يدرکک في هذا البيع؛ لأن مبنى الكفالة على التوسع، فيتحمل

فيها الجهالة، وعلى الكفالة بالدرك إجماع، وكفى به حجة، وتحته في الفتح: وعلى ضمان الدرك إجماع، وضمان الدرك أن يقول للمشتري: أنا ضامن للثمن إن استحق المبيع أحد مع جواز أن يظهر استحقاق بعضه أو كله . الخ (هداية مع فتح القدير، زكريا ۷/ ۱۷۱، كوئٹه ۶/ ۲۹۸)

فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۸؍صفر ۱۴۳۵ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۴۰/ ۱۱۴۳۱)

دوران حج خارجی اوقات میں تجارت کرنا

سوال [۴۹۳۸]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: زید اپنا فریضۂ حج ادا کر چکا ہے، زید دوسری مرتبہ حج کی نیت سے حاضر ہوا، وہاں پہنچ کر حج کے تمام ارکان کو ادا کرنے میں جد وجہد کرتے ہوئے ادا کیا، خارجی اوقات میں تجارت کر لی، کیا زید کا یہ فعل صحیح ہوگا؟ حج کے دوران ایسا کرنا کیسا ہے؟

المستفتی: محمد طالب مہک ریسٹورنٹ سنبھل، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: اگر آپ کا مقصد اصلی حج ہی تھا اور خارجی اوقات میں ضمناً آپ نے تجارت کر لی، تو اس کی وجہ سے آپ کے حج کے ثواب میں کوئی کمی نہیں آئے گی اور تجارت کے ذریعہ کمائے گئے روپئے بھی آپ کے لئے حلال ہیں، قرآن کریم میں بھی اس کی اجازت ہے۔ (مستفاد: ایضاح المسائل/ ۱۲۶، انوار مناسک/ ۱۷۲)

واستدل على إباحة التجارة والإجارة، وسائر أنواع المكاسب

فـي الـحـج، وإن ذلك لا يحبط أجرا، ولا ينقص ثوابا. (روح المعاني زكريا ۲/ ۱۳۰، أحكام القرآن للتهانوي ۱/ ۲۵۰، أحكام القرآن للجصاص، سهيل اكيڈمی لاهور ۱/ ۳۱۰)

لَيۡسَ عَلَيۡكُمۡ جُنَاحٌ اَنۡ تَبۡتَغُوۡا فَضۡلاً مِنۡ رَبِّكُمۡ. [البقرة: ٢٦]

وتـجـريـد السفر عن التجارة أحسن، ولـو اتـجـر لا ينقص ثوابه.

(البحر الرائق، كتاب الحج، زكريا ديوبند ۲/ ۵۴۱، كوئٹه ۲/ ۳۰۹، الفتاوى الهندية، الباب الأول قديم زكريا ۱/ ۲۲۰، جديد ۱/ ۲۸۳) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ	الجواب صحیح:
۱۵/ جمادی الاولیٰ ۱۴۲۸ھ	احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۸/ ۹۲۹۶)	۱۴۲۸/۵/۱۵ھ

سفید صحن مسجد حرام میں داخل ہے یا نہیں؟

سوال [۴۹۳۹]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: آں محترم نے ۲۳/ جمادی الثانیہ ۱۴۲۸ھ کو ایک سوال کے جواب میں تحریر فرمایا ہے کہ حرم مکہ میں باب فہد، باب عبد العزیز، باب فتح، باب عمرہ، باب صفا کے سامنے جو سفید حصہ کا صحن ہے یہ سفید حصہ کا صحن مسجد حرام میں داخل ہے، اس میں حائضہ، نفساء داخل نہیں ہوسکتیں، معلوم یہ کرنا ہے کہ کیا اس حصہ میں جوتے چپل پہن کر بھی نہیں چل سکتے: کیوں کہ ہم نے دیکھا ہے کہ ہمارے علاقہ کے اکثر حاجی اندر سے نکل کر سفید حصہ والے صحن میں جوتے چپل پہن لیتے ہیں، اس سلسلے میں وضاحت مطلوب ہے، کیا اس حصہ میں جوتے چپل پہن سکتے ہیں؟

المستفتی: جمعیۃ علماء سیڈھا، بجنور

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: ہم نے فتوی نمبر :۹۳۴۰ ؍ میں حتمی طور پر یہ نہیں لکھا ہے کہ باب ملک فہد، باب عبدالعزیز، باب الفتح، باب العمرہ، باب الصفا کی طرف کا سفید صحن مسجد حرام میں داخل ہے؛ بلکہ یہ لکھا ہے کہ وہاں کے اہم لوگوں سے معلوم ہوا ہے کہ سفید حصہ مسجد حرام میں داخل ہے، اگر سفید حصہ مسجد حرام میں داخل ہے تو حائضہ اور نفساء کے لئے وہاں سے گزرنا جائز نہیں ہے، جواب اگر مگر کے ساتھ لکھا گیا ہے؛ اس لئے کہ دوسروں سے سنی سنائی بات ہے، اس وجہ سے ہم کو حتمی طور پر لکھنے کا حق نہیں ہے؛ البتہ اس سال حتمی طور پر یہ بات معلوم ہوگئی ہے کہ صفاء مروہ کی طرف سے سفید صحن مسجد حرام میں داخل نہیں ہے۔ اور اس سلسلے میں حرمین شریفین کے ذمہ دار علماء میں سے شیخ سبیل کا تحریری فتوی ہم کو موصول ہوا ہے، کہ یہ حصہ مسجد حرام سے باہر ہے، چنانچہ اس سال اس صحن کی طرف مسعی کو ڈبل کر کے بڑا کیا گیا ہے؛ اس لئے اس حصہ میں حائضہ ونفساء کا گزرنا اور جوتا چپل سے گزرنا بلاشبہ جائز ہے؛ لیکن باب عبدالعزیز، باب فہد وغیرہ کی جانب کے سفید حصہ کے متعلق تحریری طور پر کوئی حتمی بات ہمارے سامنے نہیں آئی، اور وہاں والوں کا عمل خارج مسجد جیسا ہے؛ اس لئے کوئی ذمہ دارانہ بات اس سلسلے میں ہم نہیں کر سکتے۔ اور شیخ سبیل کا فتویٰ ہمارے یہاں موجود ہے۔ فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۰؍۱؍۱۴۲۹ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۸؍ ۹۴۲۶)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۲۰؍۱؍۱۴۲۹ھ

کیا حاجیوں پر عید الاضحیٰ کی نماز واجب ہے؟

سوال [۴۹۴۰]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے

بارے میں: بموقع حج حجاج کرام پر نماز عید الاضحیٰ واجب ہے یا نہیں؟ اگر واجب ہے، تو کہاں اور کس طرح ادا کریں گے؟

المستفتی: محمد حبیب جامع مسجد کاس گنج

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: حاجیوں پر عید الاضحیٰ کی نماز لازم نہیں ہے، دسویں ذی الحجہ کو عید الاضحیٰ کی نماز کے بعد ان کو مزدلفہ سے چل کر منی پہنچ کر جمرۂ عقبہ کی رمی کرنے کا حکم ہے۔

إن منى موضع تجوز فيه صلاة العيد إلا أنها سقطت عن الحاج.

(شامي، كتاب الحج، مطلب في حكم صلاة العيد والجمعة في منى كراچی ۲/ ۵۲۰، زكريا ديوبند ۳/ ۵٤۰) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۴؍محرم ۱۴۱۸ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۳/ ۵۰۹۴)

۲ / باب اشتراط المحرم للمرأة

عورت پر حج کب فرض ہوتا ہے؟

سوال [۴۹۴۱]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: (۱) فاطمہ پر حج بیت اللہ فرض ہے، وہ حج ادا کرنا چاہتی ہے؛ لیکن کوئی شرعی محرم نہیں ملتا ہے، تو کیا کرے؟ فاطمہ کی جانب سے حج بدل ہوسکتا ہے کہ نہیں؟

(۲) اگر فاطمہ کی جانب سے حج بدل ہوسکتا ہے، تو حج بدل میں اپنے شوہر کو یا لڑکے کو بھیج سکتی ہے کہ نہیں؟ اور شوہر یا لڑکے کے پاس اتنا روپیہ نہیں ہے کہ وہ حج اپنی جانب سے کرے، روپیہ فاطمہ ہی کا ہے بھیج سکتی ہے یا نہیں؟

(۳) کیا فاطمہ بغیر شرعی محرم کے حج کو جاسکتی ہے کہ نہیں؟

نوٹ: فاطمہ کو اپنے باپ کی وراثت میں روپیہ ملا ہے، مفصل جواب تحریر فرمائیں۔

المستفتی: زاہد علی مونڈی کھیرا پوسٹ مکن پور، ضلع سیتا پور

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: (۱-۲-۳) عورتوں پر اس وقت تک حج فرض نہیں ہوتا ہے جب تک کہ ان کے پاس حج کو جانے کے لئے اپنے اور محرم دونوں کا مکمل خرچ موجود نہ ہو؛ لہٰذا اگر فاطمہ کے پاس دو آدمی کے حج کرنے کی رقم موجود ہے، تو اپنے شوہر یا بھائی کے ساتھ جاسکتی ہے۔ اور اگر دو آدمی کا خرچ نہیں ہے تو اس پر حج فرض نہیں ہوا اور نہ ہی اس پر حج بدل کرانا لازم ہے۔ (مستفاد: انوار مناسک/۱۷۴)

عن ابن عباس –رضي الله عنه– قال: قال النبي صلی اللہ علیہ وسلم: لا تسافر المرأة إلا مع ذي محرم، ولا يدخل عليها رجل إلا ومعها محرم، فقال رجل: يا رسول الله! إني أريد أن أخرج في جيش كذا وكذا، وامرأتي تريد

الحج، فقال: اخرج معها. (صحيح البخاري، كتاب جزاء الصيد، باب حج النساء ١/ ٢٥٠، رقم: ١٨٢٤، ف: ١٨٦٢)

ومع زوج، أو محرم (إلى قوله) مع وجوب النفقة لمحرمها عليها؛ لأنه محبوس عليها. (الدرالمختار، كتاب الحج، مطلب في قولهم يقدم حق العبد على حق الشرع، کراچی ٢/ ٤٦٤، زکریا ٣/ ٤٦٤)

وأما الذى يختص النساء فشرطان، أحدهما: أن يكون معها زوجها، أو محرم لها، فإن لم يوجد أحدهما لا يجب عليها الحج، وهذا عندنا -إلى- أن المحرم أو الزوج من ضرورات حجها بمنزلة الزاد والراحلة إذ لا يمكنها الحج بدونه كما لا يمكنها الحج بدون الزاد والراحلة. (بدائع الصنائع قديم ٢/ ١٢٣، جديد زكريا ٢/ ٢٩٩-٣٠٠) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۲؍ ربیع الاول ۱۴۱۳ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۲۸/ ۳۰۹۵)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۱۳/۳/۱۳ھ

محرم کا خرچ نہ ہونے کی صورت میں عورت پر حج فرض نہیں

سوال [۴۹۴۲]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: میری ایک دوست بہن حج کو جانا چاہتی ہیں، وہ بیوہ ہیں؛ لیکن اپنے سفرِ حج کے خرچ کے لئے وہ روپیہ جمع کر چکی ہیں، ان کے پاس کوئی محرم نہیں ہے، سوائے ایک بھانجے کے؛ لیکن وہ لڑکا بے روزگار اور بہت نادار ہے، کوئی اس کو روپیہ دے دے تو وہ خالا کے محرم کے فرائض انجام دے سکتا ہے، اس کی خالہ کے پاس جو روپیہ سفر کے خرچ سے بچتا ہے، اگر وہ اس بھانجہ کو دے دیں گی تو واپسی پر آ کر کیا خرچ کریں گی، اس وجہ سے میرا خیال ہے کہ میرے پاس کچھ روپیہ غریبوں کو دینے کے لئے رکھا ہے، جو میں نے اپنی نماز روزے کی قضاء کے فدیہ کے طور پر الگ نکال دیا ہے، میں نماز قضاء عمری پڑھ رہی ہوں، پھر بھی اس خیال سے کہ اگر

اچانک موت آگئی نماز روزہ کی قضاء میرے ذمہ رہ گئی تو یہ روپیہ اس کا کفارہ ہوجائے گا، آپ سے یہ جاننا چاہتی ہوں کہ یہ روپیہ اپنی بیوہ دوست کے بھانجے کو حج کے سفر کے لئے دے سکتی ہوں کہ نہیں؟ تاکہ بیوہ بہن پر زیادہ مالی بوجھ نہ پڑے، کیا ایسا کرنا میرے لئے جائز ہے؟

المستفتیۃ: ثریا بیگم

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: جو حج کو جانا چاہتی ہے اس پر اس وقت تک حج فرض ہی نہیں ہے، جب تک کہ محرم کا خرچ مکمل اس کے پاس موجود نہ ہو یا اس کا کوئی محرم شرعی خود حج کو نہ جا رہا ہو اور ساتھ جانے میں کوئی رکاوٹ نہ ہو؛ اس لئے محرم کا خرچ دوسرے سے لے کر جانے کا شرعاً حکم نہیں ہے، نیز اگر آپ اس میں دیں گی تو اس سے آپ کا کوئی کفارہ اور فدیہ ادا نہ ہوگا، نیز فدیہ مرنے کے بعد ہی دینے کا حکم ہے۔ (مستفاد: انوار مناسک/۱۷۴)

وأما الذي يخص النساء فشرطان، أحدهما أن يكون معها زوجها، أو محرم لها، فإن لم يوجد أحدهما لا يجب عليها الحج، وهذا عندنا –إلى– أن المحرم أو الزوج من ضرورات حجها بمنزلة الزاد والراحلة إذ لا يمكنها الحج بدونه كما لا يمكنها الحج بدون الزاد والراحلة. (بدائع الصنائع، كتاب الحج، فصل في شرائط فرضيته قديم ۲/ ۱۲۳، جديد زكريا ديوبند ۲/ ۳۰۰)

ومع زوج أو محرم (إلى قوله) مع وجوب النفقة لمحرمها عليها.

(درمختار كراچی ۲/ ٤٦٤، زكريا ۳/ ٤٦٤) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۶/ ذیقعدہ ۱۴۲۰ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۴/ ۶۳۵۹)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۲۰/۱۱/۶ھ

عورتوں کا بے پردہ حج پر جانا

سوال [۴۹۴۳]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے

بارے میں: خواتین کا بے پردہ حج کو جانا اور دوسری خواتین کا بے پردہ رخصت کرنا اور اسی بے پردگی میں ان کا اخبار کی زینت بننا اور اسی حالت میں کسی مولوی کا تقریر کرنا حرام ہے یا نہیں؟

المستفتی: راشد علی پیپل سانہ، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: بغیر برقعہ کے بے پردہ سفر حج کو جانا یا کسی اور سفر کو جانا عورتوں کے لئے جائز نہیں، پردہ کے ساتھ نکلنا واجب ہے اور جو عورتیں رخصت کرتے وقت مردوں کے بیچ میں سڑکوں اور راستوں پر آجائیں اور ان کی بے پردگی کی وجہ سے مردوں کی غلط نگاہ ان پر پڑتی ہو، تو غلط نگاہ ڈالنے والوں کو جو گناہ ہوگا ویسا ہی گناہ ان عورتوں کو بھی ہوگا۔ اور کسی عالم صاحب کا حاجیوں کو رخصت کرتے وقت یا ٹریننگ دینے کے لئے کسی جگہ اصلاحی تقریر کرنا اور حج کے متعلق تربیتی بیان کرنا بلا شبہ جائز اور درست ہے۔ اور اگر تقریر کے درمیان کوئی عورت بے پردہ آجاتی ہے تو اس کا گناہ عورت پر ہوگا عالم پر نہیں۔ (مستفاد: محمودیہ میرٹھ ۲۸/ ۹۵)

عن عبدالله عن النبي صلى الله عليه وسلم قال: المرأة عورة، فإذا خرجت استشرفها الشيطان. (ترمذي، كتاب الطلاق، باب بلا ترجمة، النسخة الهندية ١/ ٢٢٢، دارالسلام رقم: ١١٧٣)

والإسلام قد حرم على المرأة أن تكشف شيئا عن عورتها أمام الأجانب خشية الفتنة. (روائع البيان ٢/ ١٦٢، بحواله محموديه ٢٨/ ٩٥ ميرٹھ)

إن النساء أيضا مامورات بغض البصر عن الرجال الأجانب كما أن الرجال مامورون بغض البصر عن النساء الأجنبيات. (أحكام القرآن للتهانوي ٣/ ٤٣) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۷/ ذیقعدہ ۱۴۳۲ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۹/ ۱۰۵۴۴)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصورپوری غفرلہ
۱۴۳۲/۱۱/۲۷ھ

شوہر بیوی کو حج کرائے تو کونسا حج ادا ہوگا؟

سوال [۴۹۴۴]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: اگر عورت استطاعت سبیل نہ رکھتی ہو اور شوہر اپنی رضا وخوشی سے اپنے اخراجات کے ذریعہ حج کرائے تو بیوی کا کونسا حج ادا ہوگا، یعنی فرض یا نفل، اگر نفل ہوگا تو کیا آئندہ استطاعت سبیل حاصل ہونے پر حج فرض ہوگا؛ کیوں کہ جب اتنے اخراجات کی مالک ہی نہیں تو اس پر حج فرض نہیں ہوا؟ نیز کیا شوہر کو اتنے مال کا بیوی کو مالک بنانا ضروری ہے جتنے مال کے ذریعہ بیوی پر حج فرض ہو؟

المستفتی: شیخ عبدالکریم ممبئی

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: مذکورہ صورت میں عورت کا حج اپنا حج فرض ہی ادا ہوگا، شوہر عورت کو خرچ کا مالک بنا دے تب بھی اس کا فرض حج ادا ہوجائے گا، خرچہ شوہر اپنے ہاتھ سے پورا کرے، عورت کے ہاتھ پر کوئی پیسہ بھی نہ دے تب بھی اس کا فرض حج ادا ہوجائے گا، جیسا کہ آج کل کے زمانہ میں عام طور پر میاں بیوی کے ایک ساتھ حج کرنے میں ایسا ہی ہوا کرتا ہے۔

فإذا بلغ مكة وهو يملك منافع بدنه فقد قدر على الحج بالمشي، وقليل زاد فوجب عليه الحج، فإذا أدى وقع عن حجة الإسلام. (بدائع، كتاب الحج، فصل في شرائط فرضيته، زكريا ٢/ ٢٩٤)

لو خرج معها زوجها فهي لا نفقة له عليها بل لها عليه النفقة نفقة الحضر دون السفر، ولا يجب الكراء، فلينظر إلى قيمة الطعام في الحضر لا في السفر، بحر. قلت: لا يخفى أن هذا إذا خرج معها

لأجلها أما لو أخرجها هو يلزمه جميع ذلك. (غنية الناسك قديم ۱۱، جديد كراچی ۲۷) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۶ر ربیع الثانی ۱۴۲۵ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۷/ ۸۳۳۶)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۶ر ربیع الثانی ۱۴۲۵ھ

عورت کے ساتھ جانے والے محرم کا کونسا حج ادا ہوگا؟

سوال [۴۹۴۵]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: ایک عورت جو استطاعت سبیل رکھتی ہے اور اس پر حج فرض ہے، اب وہ محرم کے ساتھ حج کے لئے جائے تو محرم کے اخراجات کی ذمہ دار خود ہوتی ہے؛ لہٰذا اس صورت میں محرم کا حج کونسا ادا ہوگا؟ یعنی فرض یا نفل؟ اور اگر محرم پر بھی حج فرض ہے اور اپنے مال سے حج کرے اور عورت اپنے مال سے تو کیا حکم ہے؟

المستفتی: شیخ عبدالکریم بی بلڈنگ روم نمبر ۶

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: عورت کے ساتھ حج کی ادائے گی کے لئے جانے والا محرم خواہ اپنے مال سے حج کرے یا عورت کے مال سے کرے، بہر صورت اس سے حج فرض ادا ہوگا۔

كالفقير إذا حج ثم استغنى، و كذا كل من حج ممن لا يجب عليه الحج، فإنه يقع عن حجة الإسلام. (غنية الناسك، كتاب الحج، باب شرائط الحج، قديم /۹، جديد كراچی ۲٤) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۷ر ربیع الثانی ۱۴۲۵ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۷/ ۸۳۳۳)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۹/۴/ ۱۴۲۵ھ

عورت بلا محرم سفر حج پر نہیں جاسکتی

سوال [۴۹۴۶]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: دو بہنیں جو غیر شادی شدہ ہیں اور شادی ہونے کی امید بھی نہیں ہے؛ کیوں کہ ان کی عمر چالیس سال ہو چکی ہے اور ان کے بھائی ہیں جو ساتھ جانے کے لئے تیار نہیں ہیں۔ اور ان دونوں نے حلال کمائی سے جو روپیہ جمع کیا ہے وہ ان روپیوں سے حج کرنا چاہتی ہیں؛ لہٰذا وہ حج کر سکتی ہیں یا نہیں؟ اگر کر سکتی ہیں تو کس طرح کریں؟

المستفتی: عبدالقادر لکھیم پوری

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: مذکورہ عورتوں کے لئے محرم یا شوہر کے بغیر حج کو جانا جائز نہیں ہے۔ اور چونکہ ان کا کوئی محرم حج کو جانے پر تیار نہیں ہے اور انہوں نے شادی بھی نہیں کی ہے کہ شوہر کا ساتھ ہو سکے؛ اس لئے ان پر فی الفور حج کی ادائیگی فرض بھی نہیں ہے، انہیں چاہئے کہ وہ کسی محرم کا انتظام ہونے تک انتظار کریں۔ اور جب کوئی شرعی محرم مل جائے تو اس کے ساتھ حج کو جائیں، یا اگر مناسب رشتہ مل جائے تو نکاح کر کے شوہر کے ساتھ حج کریں۔

عن ابن عباس –رضي الله عنه– قال: قال النبي ﷺ: لا تسافر المرأة إلا مع ذي محرم، ولا يدخل عليها رجل إلا ومعها محرم، فقال رجل: يا رسول الله! إني أريد أن أخرج في جيش كذا وكذا وامرأتي تريد الحج، فقال: اخرج معها. (صحيح البخاري، كتاب جزاء الصيد، باب حج النساء ۱/ ۲۵۰، رقم: ۱۸۲٤، ف: ۱۸٦۲)

ويعتبر في المرأة أن يكون لها محرم تحج به، أو زوج ولا يجوز لها أن تحج بغيرهما. (هداية، كتاب الحج، أشرفي ديوبند ۱/ ۲۳۳، إيضاح المسائل/ ٦۳) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۴؍ رجب ۱۴۲۷ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۸/ ۹۰۶۹)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۵؍۷؍۱۴۲۷ھ

مشتہاۃ عورت کا بلا محرم حج کو جانا

سوال [۴۹۴۷]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: ہندہ حج بیت اللہ کا ارادہ رکھتی ہے، مگر ساتھ میں کوئی محرم نہیں ہے؛ البتہ ہندہ کی خالہ اپنے بیٹے کے ہمراہ اور اسی طرح ہندہ کی خالہ زاد بہن کی لڑکی اپنے شوہر کے ہمراہ حج بیت اللہ کا ارادہ رکھتی ہیں، تو دریافت کرنا ہے کہ یہ ہندہ اپنی خالہ اور خالہ زاد بہن کی لڑکی (جب کہ ان کے اپنے اپنے محرم ساتھ ہیں) کے ساتھ سفر حج کو جا سکتی ہے یا نہیں؟

المستفتی: جلیس احمد ٹانڈہ بادلی، رامپور

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: اگر ہندہ کی عمر ساٹھ ستر سال نہیں ہے؛ بلکہ مشتہات تندرست عورت ہے، تو اس کے لئے بلا محرم مذکورہ لوگوں کے ساتھ حج کو جانا جائز نہیں ہے۔ (مستفاد: فتاوی خلیلیہ ۱/۸۲)

عن ابن عباس –رضي الله عنه– قال: قال النبي صلی اللہ علیہ وسلم: لا تسافر المرأة إلا مع ذي محرم، ولا يدخل عليها رجل إلا ومعها محرم، فقال رجل: يا رسول الله! إني أريد أن أخرج في جيش كذا وكذا وامرأتي تريد الحج، فقال: اخرج معها. (صحيح البخاري، كتاب جزاء الصيد، باب حج النساء ١/ ٢٥٠، رقم: ١٨٢٤، ف: ١٨٦٢)

ويعتبر في المرأة أن يكون لها محرم تحج به، أو زوج ولا يجوز لها أن تحج بغيرهما. (هداية، كتاب الحج، أشرفي ديوبند ١/ ٢٣٣، إيضاح المسائل/ ٦٣)

وجود المحرم للمرأة شرط لوجوب الحج. (هندية، زكريا قديم ١/ ٢١٩، جديد ١/ ٢٨٢) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۶؍ ربیع الاول ۱۴۱۶ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۴۳۹۴/۳۲)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۱۶/۳/۲۶ھ

بلامحرم شرعی عورت کا حج کے لئے جانا

سوال [۴۹۴۸]: کیافرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: میں اور میری بیوی حج کو جارہے ہیں اور ایک سن رسیدہ عورت ہے جوکہ میری ماموں زاد بہن اور میری بیوی کی تایا زاد بہن ہے، کیا سن رسیدہ عورت ہم دونوں کے ساتھ حج کو جاسکتی ہے؟

المستفتی: ریاض الدین تمباکو والا ان

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: سوال مذکور میں سن رسیدہ کو آپ دونوں کے ساتھ حج کرنا جائز نہیں ہے؛ کیوں کہ شرعی محرم کا ہونا لازم ہے، وہ یہاں نہیں ہے۔ (مستفاد: فتاوی دارالعلوم ۶/ ۵۳۹، انوارمناسک/۱۷۴)

عن ابن عباس – رضي الله عنه – قال: قال النبي صلی اللہ علیہ وسلم: لا تسافر المرأة إلا مع ذي محرم، ولا يدخل عليها رجل إلا ومعها محرم، فقال رجل: يا رسول الله! إني أريد أن أخرج في جيش كذا وكذا وامرأتي تريد الحج، فقال: اخرج معها. (صحيح البخاري، كتاب جزاء الصيد، باب حج النساء ١/ ٢٥٠، رقم: ١٨٢٤، ف: ١٨٦٢)

يعتبر في المرأة أن يكون لها محرم تحج به، أو زوج، ولا يجوز لها أن تحج بغيرهما. (هداية، كتاب الحج، أشرفي ديوبند ١/ ٢٣٣)

والنوع الثاني: شروط الأداء: وهي التي إن وجدت بتمامها مع شروط الوجوب وجب أداؤه بنفسه، وإن فقد بعضها مع تحقق شروط الوجوب فلا يجب الأداء ...... وهى خمسة –إلى– والمحرم أو الزوج للمرأة. (شامي، كتاب الحج زكريا ٣/ ٤٥٥، ٤٥٦، كراچى ٢/ ٤٥٨) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۲؍ربیع الاول ۱۴۱۰ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۱۷۲۴/۲۵)

کیا بیوی بغیر شوہر کے حج کر سکتی ہے؟

سوال [۴۹۴۹]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: ایک عورت اپنے شوہر کو چھوڑ کر چلی گئی اور کئی سال آوارہ رہی، شوہر نے طلاق بھی نہیں دی، اب اس عورت کو دین کی اور اسلام کی طرف جو دھیان ہوا تو نماز بھی پڑھنے لگی اور توبہ واستغفار، تہجد گذار بن گئی۔ اور یہ چاہتی ہے کہ مکان کو بیچ کر حج کرلوں، کچھ پڑھے لکھے لوگوں سے مشورہ کیا تو انہوں نے بتایا تم بغیر شوہر کے حج نہیں کرسکتی، تو اب عورت چاہتی ہے کہ اپنے شوہر کے پاس چلی جائے، تو اس کا شوہر اسے کس طرح رکھے؟

المستفتی: عبدالحمید خان ریٹائر حافظ منزل شری چوک، راجستھان

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: ایسی عورت پر ضروری ہے کہ فوراً آکر شوہر کو راضی کر کے شوہر کے پاس رہنا شروع کردے اور شوہر کے مشورہ سے شوہر کے ساتھ حج کے لئے بھی جاسکتی ہے۔ (مستفاد: ایضاح المناسک/۶۳، انوار مناسک/۱۷۴)

ویعتبر في المرأة أن یکون لها محرم تحج به، أو زوج ولا یجوز لها أن تحج بغیرهما. (هدایة، کتاب الحج، أشرفي دیوبند ۱/ ۲۳۳)

وجود المحرم للمرأة شرط لوجوب الحج. (هندیة، زکریا قدیم ۱/ ۲۱۹، جدید ۱/ ۲۸۲) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۶؍رجب ۱۴۱۶ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۲/۴۵۳۴)

ایئر پورٹ سے ایئر پورٹ تک محرم یا شوہر کے ساتھ اور جہاز میں بلا محرم سفر

سوال [۴۹۵۰]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے

بارے میں: زید سعودی میں رہتا ہے، اس کی بیوی ہندوستان میں ہے، بیوی کا حج کرنے کا ارادہ ہے، شوہر بھی حج کرانا چاہتا ہے، اسی طرح زید کی بہن بھی حج کرنا چاہتی ہے، مگر اس کے پاس محرم کا خرچ نہیں ہے، یہاں سے زید کی بیوی اور بہن کو کوئی محرم ایئر پورٹ تک پہنچا دے اور زید ان کو سعودی میں ایئر پورٹ سے اپنے ساتھ لے جائے اس طرح زید اپنی بیوی اور بہن کے ساتھ حج کرلے، یہ حج جائز طریقہ سے ہوگا یا ناجائز طریقہ سے؟ اور زید کی بیوی کو سفر حج کے ساتھ شوہر سے ملاقات بھی کرنی ہے؟

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: زید کی بیوی کا مقصد سفر حج کے ساتھ ساتھ شوہر سے ملاقات بھی کرنی ہے، زید کی بیوی اور اس کی بہن کا سفر اس طریقہ پر کہ محرم ان کو ہندوستان میں ایئر پورٹ تک پہنچادے، پھر سعودی ایئر پورٹ سے زید ان کو اپنے ساتھ لے کر حج کرائے تو یہ سفر حج جائز اور درست ہے؛ کیوں کہ دونوں طرف کے ایئر پورٹ سے ایئر پورٹ تک محرم یا شوہر کے ساتھ ہی یہ سفر ہوا ہے اور درمیان میں صرف جہاز کا سفر بلا محرم ہوا ہے اور جہاز کے اندر کسی فتنہ کا اندیشہ نہیں۔ (مستفاد: انوار مناسک/۱۸۰)

قال حماد: لا بأس للمرأة أن تسافر بغير محرم مع الصالحين.

(هندية زكريا قديم ٥/ ٣٦٦، جديد ٥/ ٤٢٣)

إن المحرم ليس بشرط في الحج الواجب، قال الأثرم: سمعت أحمد يسأل هل يكون الرجل محرما لأم امرأته يخرجها إلى الحج؟ فقال: أما في حجة الفريضة فأرجو؛ لأنها تخرج إليها مع النساء ومع كل من أمنته، وأما في غيرها فلا، وقال مالك والشافعي: ليس المحرم شرطا في حجتها بحال. (أوجز المسالك بيروت ٨/ ٦٤٨، المغني مكببتة دارالفكر ٣/ ٩٧)

يجوز عندي مع غير محرم أيضا بشرط الإعتماد والأمن عن الفتنة، وقد وجدت له مادة كثيرة في الأحاديث. (فيض الباري كوئٹه ٢/ ٣٩٧)

فقال مالک: تخرج مع جماعة النساء، وقال الشافعي: تخرج مع ثقة حرة مسلمة، وقال ابن سيرين: تخرج مع رجل من المسلمين، وقال الأوزاعي تخرج مع قوم عدول. (إعلاء السنن كراچی ۱۰/ ۱٤، دارالكتب العلمية بيروت ۱۰/ ۱۷) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۴۳۵/۲/۲۹ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۱۱۴۵۴/۴۰)

مشتہاۃ عورت کا بغیر محرم کے ۴۸ رمیل کا سفر کرنا

سوال [۴۹۵۱]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: اگر کوئی محرم یا شوہر کسی عورت یا اپنی بیوی کو ایئر پورٹ یا اسٹیشن پر لاکر چھوڑ دے، یعنی رخصت کر کے خود لوٹ جائے، پھر وہ عورت یا بیوی وہاں ۴۸ رمیل یا اس سے زیادہ کی مسافت تنہا طے کرے بغیر محرم کے اور جہاں جارہی ہے وہاں کے ایئر پورٹ یا اسٹیشن پر پہنچ کر وہاں سے کوئی اور محرم اسے گھر تک لے جائے، تو کیا اس طرح سفر کرنا جائز ہے؟ نیز کسی عذر یا شدید مجبوری کے وقت کیا حکم ہے؟

المستفتی: محمد عمر فتح پور، سیتاپور

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: شریعت کا اصل حکم تو اس سلسلہ میں یہی ہے کہ بغیر محرم یا بغیر شوہر کے مشتہاۃ عورت کے لئے تین منزل (جس کی مسافت شرعی میل کے اعتبار سے ۴۸ رمیل ہے اور موجودہ زمانہ میں کلومیٹر کے حساب سے ۷۷ رکلومیٹر ۸۲ رمیٹر ۴۰ رسینٹی میٹر ہوتی ہے) یا اس سے زیادہ مسافت کا سفر کرنا جائز نہیں ہے، اور حضرت امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک سفر حج کے لئے بھی اس سے زائد مسافت کا سفر بغیر محرم یا بغیر شوہر کے عورت کے لئے کرنا جائز نہیں ہے؛ لیکن سوال نامہ میں یہ پوچھا گیا ہے کہ کسی خاص عذر یا

شدید مجبوری کے وقت کیا حکم ہوگا؟ تو اس کے لئے چند قیودات کے ساتھ حضرت امام مالکؒ، حضرت امام شافعیؒ، امام محمد بن سیرین، امام اوزاعی اور امام حماد کے قول پر عمل کی گنجائش ہے، ان حضرات کے نزدیک ایسی جماعت کے ساتھ اور ایسے لوگوں کے ساتھ یا ایسی عورتوں کی جماعت کے ساتھ بغیر محرم اور بغیر شوہر کے ضرورت کے وقت سفر کی گنجائش ہے جن سے کسی قسم کے فتنہ میں مبتلا ہونے کا اندیشہ نہ ہو؛ لہٰذا اگر عورت کا شوہر سعودیہ عربیہ یا یورپ یا امریکہ یا دور دراز کے ایسے ممالک میں ہو جہاں پہنچنے کے لئے بھاری اخراجات لازم ہیں اور محرم کا خرچ برداشت کرنا دشوار ہو اور عورت کا شوہر حقوق زوجیت کے لئے عورت کے پاس خود نہیں آ پا رہا ہے، تو ایسی صورت میں جہاں عورت ہے، وہاں کے ایئر پورٹ تک محرم پہنچا دے اور جہاں جانا ہے، وہاں کے ایئر پورٹ سے شوہر یا محرم جا کر کے ساتھ میں لے آئے، اسی طرح اگر عورت کو شوہر وہاں سے بھیج دے اور دوسری جگہ کے ایئر پورٹ سے محرم آ کر کے لے جائے تو درمیان میں ہوائی جہاز میں سفر کے دوران عورت کے کسی غیر مرد کے ساتھ فتنہ میں مبتلا ہونے کا کسی قسم کا خطرہ نہیں ہے، لہٰذا ایسی صورت میں مذکورہ ائمہ کے مسلک پر عمل کرتے ہوئے اس کی گنجائش ہے، کہ عورت دونوں جانب کے ایئرپورٹ تک محرم یا شوہر کے ساتھ سفر کرے اور درمیان میں صرف ہوائی جہاز میں بغیر محرم یا بغیر شوہر کے اس بات پر اطمینان کے ساتھ سفر کرے کہ ہوائی جہاز میں کسی نامحرم مرد کے ساتھ برائی اور فتنہ میں مبتلا ہونے کا کوئی خطرہ اور اندیشہ نہ ہو، ڈائرکٹ فلائٹ سے سفر بہتر ہے۔

قال حماد: لا بأس للمرأة أن تسافر بغير محرم مع الصالحين.

(هندية زكريا قديم ٥/ ٣٦٦، جديد ٥/ ٤٢٣)

فقال مالک: تخرج مع جماعة النساء، وقال الشافعيؒ: تخرج مع ثقة، حرة، مسلمة، وقال ابن سيرين: تخرج مع رجل من المسلمين، وقال الأوزاعي: تخرج مع قوم عدول. (إعلاء السنن كراچی ١٠/ ١٤، بيروت ١٠/ ١٧)

إن المحرم ليس بشرط في الحج الواجب، قال الأثرم: سمعت

أحمد يسأل هل يكون الرجل محرما لأم امرأته يخرجها إلى الحج؟ فقال: أما في حجة الفريضة فأرجو؛ لأنها تخرج إليها مع النساء ومع كل من أمنته، وأما في غيرها فلا، والمذهب الأول وعليه العمل، وقال ابن سيرين ومالک، والأوزاعي، والشافعي: ليس المحرم شرطا في حجها بحال، وقال ابن سيرين تخرج مع رجل من المسلمين لا بأس به، وقال مالک: تخرج مع جماعة النساء، وقال الشافعی: تخرج مع حرة، مسلمة، ثقة، وقال الأوزاعي: تخرج مع قوم عدول. (أوجز المسالك قديم ٣/ ٧٣٧، جديد بيروت ٨/ ٦٤٨) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۷/ شعبان ۱۴۲۵ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۸۵۵۲/۳۷)

عورت کا بغیر محرم کے حج کرنا

سوال [۴۹۵۲]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ زید کی امی حج کرنا چاہتی ہے اور اس کا لڑکا اپنے دوست کے ساتھ بھیجنا چاہتا ہے۔ اور گھر کی طرح سب کا معاملہ ہے اور اس کی امی کی عمر پچاس سال ہے اور ان کے ساتھ ان کے دوست کی بیوی بھی حج کرنے جارہی ہے۔ اور زید کا باپ نہیں ہے اور اتنے روپئے نہیں ہیں کہ اس کا لڑکا یا کوئی محرم اس کے ساتھ جاسکے، آپ اس معاملہ کا حل حوالۂ کتب سے تحریر فرمائیں

المستفتی: محمد عیسیٰ مدھوبنی

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وبالله التوفيق: پچاس سالہ عورت بالکل بوڑھی عورتوں میں شمار نہیں ہوتی؛ اس لئے بغیر محرم کے اس کے لئے حج کو جانا جائز نہیں۔ اور سوال نامہ میں جن

لوگوں کا تذکرہ کیا گیا ہے، ان میں کوئی بھی محرم نہیں ہے؛ اس لئے جب تک محرم کا انتظام نہ ہو حج کے لئے جانا جائز نہیں۔

ومع زوج أو محرم، وفي الشامي: أن ما استفيد من المقام من عدم جواز السفر للمرأة إلا بزوج أو محرم. (شامي، كتاب الحج زكريا ۳/ ٤٦٤، كراچی ۲/ ٤٦٤)

ويعتبر في المرأة أن يكون لها محرم تحج به، أو زوج ولا يجوز لها أن تحج بغيرهما. (هداية، كتاب الحج، أشرفي ديوبند ۱/ ۲۳۳) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۱/ جمادی الاولیٰ ۱۴۲۶ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۷/ ۸۷۹۹)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۲۶/۵/۱۱ھ

شوہر کی اجازت کے بغیر غیر محرم کے ساتھ حج کو جانا

سوال [۴۹۵۳]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: میری اہلیہ حج کے لئے جانا چاہتی ہے، میری اجازت کے بغیر محلّہ کے ایک شخص کے ساتھ جس سے رشتۂ خاص کا کوئی واسطہ نہیں ہے، محض محلّہ کے حساب سے وہ شخص پھوپھی کہتا ہے، وہ سگا رشتہ دار نہیں ہے، رہا حج کے اخراجات کا معاملہ تو اس کے نام ایک زمین تھی وہ اس نے بیچ دی اسی پیسہ سے حج کو جارہی ہے، میں بذات خود اتنا مقروض ہوں کہ میرے پاس اتنا پیسہ نہیں ہے کہ حج کو جاسکوں میں نے اس سے کہا کہ ابھی موقع نہیں ہے، تو اس نے جواب دیا کہ میں تو جارہی ہوں، حج ہو یا نہ ہو اور درخواست فارم حج معہ ڈرافٹ اس نے بھیج دیا ہے، میری بغیر مرضی اور سرپرستی کے یہ کہاں تک جائز یا روا ہے؟ جناب سے درخواست ہے کہ فقہ وحدیث کی روشنی میں سوال کا جواب عنایت فرمائیں۔

المستفتی: عبدالشکور کانٹھ، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: جب آپ کی اہلیہ کے پاس محرم کا خرچ نہیں ہے، تو شرعی طور پر حج کو جانا اس پر لازم نہیں ہے۔ اور اس پر حج فرض نہیں ہے۔

ويعتبر في المرأة أن يكون لها محرم تحج به، أو زوج ولا يجوز لها أن تحج بغيرهما. (هداية، كتاب الحج، قديم ١/ ٢١٣، جديد أشرفي ديوبند ١/ ٢٣٣، ايضاح المناسك/ ٦٣)

نیز آپ کی اجازت اور مرضی کے بغیر حج کے لئے جانا اس کو ہرگز جائز نہیں، اور بلامحرم حج کو جانا بھی اس کے لئے جائز نہیں ہے، بجائے ثواب کے گناہ ہوسکتا ہے۔ (مستفاد: ایضاح المناسک/ ٦٥)

عن أبي سعيد الخدري –رضي الله عنه– قال رسول الله ﷺ: لا يحل لامرأة تؤمن بالله واليوم الآخر أن تسافر سفرا يكون ثلاثة أيام فصاعدا، إلا ومعها أبوها، أو ابنها، أو زوجها، أو أخوها، أو ذو محرم منها. (صحيح مسلم، الحج، باب سفر المرأة مع محرم إلى حج وغيره، النسخة الهندية ١/ ٤٣٤، بيت الأفكار رقم: ١٣٤٠)

ولو حجت بلا محرم جاز مع الكراهة، وتحته في الشامية مع الكراهة، أي التحريمية للنهي في حديث الصحيحين لا تسافر امرأة ثلاثا إلا ومعها محرم، زاد مسلم في رواية: أو زوج. (شامي، كراچی ٢/ ٤٦٥، زكريا ٣/ ٤٦٥، غنية الناسك، قديم ١٢، جديد كراچی ٢٩) **فقط واللّٰہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۳/ ربیع الثانی ۱۴۱۷ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۶/ ۴۷۶۸)

غیر محرم کے ساتھ حج کا سفر کرنا

سوال [۴۹۵۴]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: میرے ابا کی حج جانے کی درخواست منظور ہوگئی ہے، میرے محلّہ کی ایک رانڈ عورت ابا کی درخواست میں بغیر مرضی نام لکھوا دی، اس عورت سے کوئی رشتہ بھی نہیں ہے، محلّہ کی طرف سے وہ میرے ابا کی چھوٹی بھاوج لگتی ہے، اس معاملہ میں ہم لوگ یہ جاننا چاہتے ہیں کہ دونوں کا حج ہوجائے گا یا نہیں؟ اگر دونوں میں سے کسی ایک کا ہی حج ہوگا تو کس کا ہوگا؟

المستفتی: ابوحذیفہ ڈیروالی مسجد اصالت پورہ

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: صحت منداور تندرست عورت کے لئے شوہر یا محرم شرعی کے بغیر حج کو جانا جائز نہیں ہے۔ اور غیر محرم کے ساتھ اس کی رضامندی کے بغیر چلی جانے کی صورت میں عورت گنہگار ہوگی؛ لیکن اس غیر محرم کے حج میں کوئی اثر نہیں پڑے گا۔ (مستفاد: ایضاح المناسک ص: ۶۴، فتاوی دار العلوم ۶/ ۵۶۸)

عن ابن عباس –رضي الله عنه– قال: قال النبي ﷺ: لا تسافر المرأة إلا مع ذي محرم، ولا يدخل عليها رجل إلا ومعها محرم، فقال رجل: يا رسول الله! إني أريد أن أخرج في جيش كذا وكذا وامرأتي تريد الحج، فقال: اخرج معها. (صحيح البخاري، كتاب جزاء الصيد، باب حج النساء ١/ ٢٥٠، رقم: ١٨٢٤، ف: ١٨٦٢)

أحدهما أن يكون معها زوجها، أو محرم لها، فإن لم يوجد أحدهما لا يجب عليها الحج. (إلى قوله) عن النبي صلى الله عليه وسلم أنه قال: ألا! لا تحجن امرأة إلا ومعها محرم. (بدائع الصنائع، كتاب الحج، فصل في شرائط

فرضية، قديم ۲/ ۱۲۳، جديد زكريا ديوبند ۲/ ۲۹۹، شامي، كراچی ۲/ ٤٦٤، زكريا ۳/ ٤٦٤) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

كتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
یکم جمادی الاولیٰ ۱۴۱۷ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۲/۴۸۰۵)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۱۷/۵/۱ھ

شوہر کے مقروض ہونے کی حالت میں بیوی کا حج کرنا

سوال [۴۹۵۵]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: ہندہ کا شوہر کوئی کاروبار نہیں کرتا ہے، ہندہ اپنے باپ کے گھر پر ہی رہتی ہے، ہندہ اور اس کے شوہر کا کھانا ہندہ کے باپ ہی کے ذمہ ہے، ہندہ کپڑا وغیرہ سلائی کر کے اپنا اوپری خرچ پورا کرتی ہے، ہندہ کا زیور جو کہ ہندہ کے باپ نے بوقت شادی ہندہ کو دیا تھا، اس کو فروخت کر کے ہندہ حج بیت اللہ شریف جانے کی خواہش مند ہے۔ واضح ہو کہ ہندہ کا شوہر تقریباً چار ہزار روپئے کا قرض دار بھی ہے، تو ایسی صورت میں ہندہ حج بیت اللہ شریف کو جا سکتی ہے یا نہیں؟

المستفتی: حافظ اعجاز الحق قریشی ڈیر والی مسجد اصالت پورہ مراد آباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: بیوی پر شوہر کا قرض ادا کرنا شرعاً واجب نہیں ہے، باپ کا دیا ہوا زیور ہندہ کی ملکیت میں ہے، اس کو مذکورہ زیور کی قیمت سے حج کرنا جائز ہے، اس پر کسی کو رکاوٹ ڈالنے کا حق نہیں ہے، وہ اپنی ملکیت کی چیز کو جس طرح چاہے خرچ کر سکتی ہے۔

والمالک هو المتصرف في الأعيان المملوكة كيف شاء. (بيضاوي شريف ۱/ ۷، سورة الفاتحة تحت رقم الآية: ۳، مكتبه رشيديه دهلی)

ولـو كان معها محرم، فلها أن تخرج مع المحرم في الحجة الفريضة مـن غير إذن زوجها عندنا. (بدائع الصنائع، كتاب الحج، فصل في شرائط فرضيته قديم ۲/ ۱۲٤، جديد زكريا ديوبند ۲/ ۳۰۰) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲/ جمادی الثانیہ ۱۴۰۹ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۲۴/ ۱۲۴۸)

حج کے لئے غیر محرم عورتوں کو ساتھ لے جانا

سوال [۴۹۵۶]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: زید حج کو جارہا ہے اور اس کے ساتھ اس کی بیوی بھی حج کے لئے جارہی ہے، ساتھ ہی زید دو نامحرم عورتوں کو بھی لے جارہا ہے، تو یہاں دریافت طلب بات یہ ہے کہ کیا زید کے لئے شرعاً ایسا کرنا درست ہے؟ اور کیا زید کے حج میں شرعاً کوئی کمی واقع ہوگی یا نہیں؟

المستفتی: محمد اطہر کتب فروش، افضل گڑھ بجنور

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: صورت مسئولہ میں زید کے لئے ان دو غیر محرم عورتوں کو حج کے لئے ساتھ لے جانا درست نہیں ہے، چاہے ان کی بیوی ہی ساتھ کیوں نہ ہو، اسی طرح ان دو عورتوں کا بھی زید (جو غیر محرم ہے) کے ساتھ حج کو جانا درست نہیں ہے؛ البتہ اس سے زید کے حج میں شرعاً کوئی کمی نہیں آئے گی۔ (مستفاد: بہشتی زیور ۳/ ۴۴)

ومنها أي من شرائط الحج المحرم للمرأة شابة كانت أو عجوزا إذا كانت بينها وبين مكة مسيرة ثلاثة أيام، هكذا في المحيط. (عالمگيري، زكريا قديم ۱/ ۲۱۹، جديد ۱/ ۲۸۲) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۷/ ذیقعدہ ۱۴۱۵ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۱/ ۴۱۹۷)

شوہر کی مرضی کے بغیر داماد کے ساتھ حج پر جانا

سوال [۴۹۵۷]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: زید اپنے ماں اور باپ کو حج کرانا چاہتا ہے؛ لیکن زید کا باپ زید کی ماں کو امسال حج کرنے سے منع کررہا ہے اور آئندہ سال پر معلق کررہا ہے۔ اور زید کی والدہ امسال حج کرنا چاہتی ہے تو کیا شوہر کی اجازت کے بغیر جاسکتی ہے یا نہیں؟ اور داماد کے ساتھ حج کرنے جاسکتی ہے یا نہیں؟

المستفتی: محمد مسعود عالم، معرفت مجیب الرحمٰن متعلم مدرسہ امدادیہ مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: اگر زید کی ماں پر حج فرض ہوچکا ہے تو شوہر کی مرضی کے بغیر اپنے حقیقی داماد کے ساتھ حج کرنے کے لئے جاسکتی ہے۔ اور اگر ان پر حج فرض نہیں ہوا ہے، تو شوہر کی مرضی کے بغیر داماد کے ساتھ یا کسی دوسرے محارم کے ساتھ حج کو جانا جائز نہیں ہے۔

وإذا وجدت محرما ولا يأذن لها زوجها أن تخرج ، فلها أن تخرج بغير إذنه في حجة الإسلام دون التطوع. (تاتارخانية، كتاب الحج، الفصل الأول في شرائط الوجوب، قديم ٢/ ٤٣٥، جديد زكريا ٣/ ٤٧٥، رقم: ٤٨٨٧)

ولو كان معها محرم، فلها أن تخرج مع المحرم في الحجة الفريضة من غير إذن زوجها عندنا ...... ولنا: أنها إذا وجدت محرما فقد استطاعت إلى حج البيت سبيلا؛ لأنها قدرت على الركوب والنزول، وأمنت المخاوف؛ لأن المحرم يصونها. (بدائع الصنائع، زكريا ديوبند ٢/ ٣٠٠) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۳؍ جمادی الاولیٰ ۱۴۱۷ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۲/ ۴۸۰۹)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصورپوری غفرلہ
۱۴۱۷/۵/۳ھ

داماد کے ساتھ حج کو جانا

سوال [۴۹۵۸]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: ایک عورت مقصدی خاتون زوجہ چاند خان مرحوم جن کی عمر ۸۰/سال کے اوپر ہے، اب وہ حج بیت اللہ کے لئے جانا چاہتی ہیں اور وہ اپنے داماد کے ساتھ جانا چاہتی ہیں، واضح رہے یہ داماد پہلے تھے، اب مقصدی کی بیٹی کا انتقال ہو چکا ہے، اس وقت مقصدی کے اسی لڑکی کی لڑکی کے لڑکے موجود ہیں، جو مقصدی کے پرنواسے ہوتے ہیں، نیز اسی داماد کی موجودہ بیوی کو لے کر جا رہے ہیں، تو ان کے ساتھ مقصدی حج کے لئے جاسکتی ہیں یا نہیں؟ نیز اس داماد اور ساس (مقصدی) اور نئی بیوی سب میں ہمیشہ میل جول رہا ہے، کوئی نا اتفاقی کبھی نہیں ہوئی، حج کے لئے ویزا ٹکٹ وغیرہ سب کچھ مکمل ہو چکا ہے، اب شرعاً جو حکم ہے؟ مدلل ومفصل جواب سے نوازیں۔

نوٹ: مقصدی کے دو لڑکے ہیں اور وہ بخوشی انہیں حج کے لئے بھیج رہے ہیں۔

المستفتی: کلیم اللہ غفرلہ مقیم حال موضع فتح پور پوسٹ کملاپور، سیتاپور

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: داماد شرعی طور پر محرم ہوتا ہے، اگرچہ لڑکی کا انتقال کیوں نہ ہو جائے اور داماد اور ساس کے درمیان حرمت ابدی ہوتی ہے؛ اس لئے مذکورہ داماد کے ساتھ مقصدی خاتون کا حج کو جانا جائز اور درست ہے۔

والمحرم من لا یجوز له منا كحتها على التأبيد بقرابة أو رضاع، أو صهرية. (شامي، كتاب الحج زكريا ٣/ ٤٦٤، كراچی ٢/ ٤٦٤)

والمحرم الزوج ومن لا يجوز مناكحتها على التأبيد برضاع، أو صهرية. (الفتاوى التاتارخانية زكريا ٣/ ٤٧٥، رقم: ٤٨٨٦) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۱/شعبان ۱۴۱۲ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۲۸/۲۸۰۲)

کیا عورت داماد کے ساتھ حج کو جاسکتی ہے؟

سوال [۴۹۵۹]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: عورت کو حج کی ادائیگی کے لئے محرم کا ہونا شرط ہے، تو کیا داماد عورت کے حق میں محرم ہوسکتا ہے یا نہیں؟

المستفتی: بحکم حضرت مولانا مفتی نسیم احمد فریدی امروہوی مدظلہ العالی

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: ہاں داماد بھی اس میں داخل ہے۔

ولها أن تخرج مع كل محرم على التأبيد بنسب أو رضاع، أو مصاهرة سواء كان مسلما أو كافرا إلا أن يكون مجوسيا أو فاسقا لا يؤمن من الفتنة. (تبيين الحقائق، كتاب الحج، زكريا ٢/ ٢٤٣، إمداديه ملتانى ٢/ ٦، هكذا في البحر الرائق، زكريا ٢/ ٥٥١، كوئٹه ٢/ ٣١٥، منحة الخالق، كوئٹه ٢/ ٣١٥، زكريا ٢/ ٥٥١، فتاوى عالمگيرى جديد ١/ ٢٨٢، زكريا ١/ ٢١٩، فتاوى قاضى خان على الهندية زكريا ١/ ٢٨٣، جديد زكريا ١/ ١٧٣)

وفي الشامي: المحرم من لا يجوز له مناكحتها على التأبيد بقرابة، أو رضاع، أو صهرية كما في التحفة: وأدخل في الظهيرية بنت موطوئته من الزنا حيث يكون محرما لها، وفيه دليل على ثبوتها بالوطء الحرام، وبما تثبت به حرمة المصاهرة. (شامي مطبوعه كوئٹه ٢/ ١٥٧، مصري ٢/ ١٩٩، كراچى ٢/ ٤٦٤، زكريا ٣/ ٤٦٤، زبدة المناسك ١/ ٢١) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۳؍ جمادی الثانیہ ۱۴۰۸ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۲۴/ ۷۱۷)

اپنی بیوی کے ساتھ پھوپھی زاد بہن کو حج پر لے جانا

سوال [۴۹۶۰]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ میں اپنی بیوی کے ساتھ اپنی پھوپھی کی لڑکی کو حج کے لئے لے جانا چاہتا ہوں جو کہ غیر محرم ہے، تو کیا غیر محرم کو اپنے ساتھ اپنی بیوی کی موجودگی میں سفر حج میں لے جانا درست ہے یا نہیں؟ جواب عنایت فرمائیں عین کرم ہوگا۔

المستفتی: اقبال احمد قاسمی، ککرالہ بدایوں

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وبالله التوفيق: آپ اپنی پھوپھی زاد بہن کے لئے شرعاً غیر محرم ہیں اور عورتوں کے لئے شرط یہ ہے کہ اپنے شوہر یا کسی مرد محرم کے ساتھ حج کو جائیں، اگر محرم مرد نہ ملے تو عورتوں پر حج فرض نہیں ہوتا ہے؛ اس لئے اگر چہ آپ کی بیوی بھی ساتھ ہے، پھر بھی جائز نہ ہوگا۔

عن ابن عباس –رضي الله عنه– قال: قال النبي صلى الله عليه وسلم: لا تسافر المرأة إلا مع ذي محرم، ولا يدخل عليها رجل إلا ومعها محرم، فقال رجل: يا رسول الله! إني أريد أن أخرج في جيش كذا وكذا وامرأتي تريد الحج، فقال: اخرج معها. (صحيح البخاري، كتاب جزاء الصيد، باب حج النساء ١/ ٢٥٠، رقم: ١٨٢٤، ف: ١٨٦٢، صحيح مسلم، الحج، باب سفر المرأة مع محرم إلى حج وغيره، النسخة الهندية ١/ ٤٣٢، بيت الأفكار رقم: ١٣٤١، سنن الدارقطني الحج ٢/ ١٩٩، رقم: ٢٤١٩)

والمحرم فى حق المرأة شرط، شابة كانت أو عجوزا. (الفتاوى التاتارخانية، كتاب الحج، الفصل الأول في شرائط الوجوب زكريا ٣/ ٤٧٤، رقم: ٤٨٨٥)

ومع زوج أو محرم، وتحته في الشامي: والمحرم من لا يجوز له

مناكحتها على التأبيد بقرابة أو رضاع، أو صهرية. (الدرالمختار مع الشامي كراچی ۲/ ٤٦٤، زکریا ۳/ ٤٦٤) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۷ رجمادی الاولیٰ ۱۴۱۱ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۲۶/ ۲۲۳۷)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۱۱/۵/۲۷ھ

بہو کا اپنی ساس کے ہمراہ غیر محرم کی معیت میں سفر حج کرنا

سوال [۴۹۶۱]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: زید کے ساتھ اس کی حقیقی خالہ نجمہ حج بیت اللہ کے لئے جارہی ہے، ساتھ نجمہ کے بیٹے کی بیوی خالدہ بھی اس سفر میں اپنی ساس کے ساتھ حج بیت اللہ کو جانا چاہتی ہے، جب کہ زید اس کے لئے غیر محرم ہے، تو شرعی اعتبار سے کیا نجمہ کے بیٹے کی بیوی کا سفر حج کے لئے جانا جائز ہے؛ لیکن نجمہ کا بیٹا خالدہ کا شوہر سعودیہ میں ملازم ہے اور ایئر پورٹ جدہ میں بیوی کے ساتھ ہوجائے گا۔ اور وہ ساتھ حج کرے گا، تو کیا اپنی ساس کے ساتھ خالدہ کا سفر حج جائز ہے؟

المستفتی: احقر جان محمد خانپوری میرٹھ

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: زید کے ساتھ اس کی حقیقی خالہ نجمہ کا سفر حج کرنا شرعاً جائز ہے؛ لیکن نجمہ کی بہو کا اپنی ساس کے ساتھ زید کی معیت میں سفر حج کرنا جائز نہیں ہے؛ اس لئے کہ زید اس کے لئے غیر محرم ہے اور اس کی عمر بھی ۶۰-۶۵ رسال سے کم ہے۔

ثم صفة المحرم أن تكون ممن لا تجوز له نكاحها على التأبيد، إما بالقرابة أو الرضاع، أو الصهرية؛ لأن الحرمة المؤبدة تزيل التهمة في الخلوة. (بدائع الصنائع، زکریا ۲/ ۳۰۰)

وأما الذی یخص النساء فشرطان، أحدهما: أن یکون معها زوجها، أو محرم لها. (بدائع زکریا ۲/ ۲۹۸) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲/ جمادی الاولیٰ ۱۴۲۸ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۸/ ۹۲۷۹)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۲۸/۵/۳ھ

سالی کا بہنوئی کے ساتھ حج کو جانا

سوال [۴۹۶۲]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: خالد اپنی بیوی کے ہمراہ حج کو جا رہا ہے، اس کی سالی بھی اس کے ساتھ حج کو جانا چاہتی ہے، جس کی عمر پچاس سال کے قریب ہے، اس قافلہ میں دیگر عورتیں بھی اپنے اپنے محرم کے ساتھ شامل ہیں، نیز ''**وان تجمعوا بین الاختین**'' کے تحت بیوی کی موجودگی میں سالی کا بہنوئی سے نکاح بھی جائز نہیں، تو کیا صورت مذکورہ میں خالد کے ساتھ اس کی سالی حج کو جاسکتی ہے؟

المستفتی: احقر جان محمد خانپوری، میرٹھ

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: ''**وان تجمعوا بین الاختین**'' میں حرمت موقت بیان کی گئی ہے۔ اور سفر حج کے لئے حرمت مؤبد لازم ہے؛ اس لئے سالی کا اپنے بہنوئی کے ساتھ سفر حج کو جانا جائز نہیں ہے۔ (مستفاد: أنوار مناسک/ ۱۷۶)

والمحرم من لا یجوز له مناکحتها علی التأبید بقرابة، أو رضاع، أو صهریة. (شامي، کتاب الحج، کراچی ۲/ ٤٦٤، زکریا ۳/ ٤٦٤) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲/ جمادی الاولیٰ ۱۴۲۸ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۸/ ۹۲۷۹)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۲۸/۵/۳ھ

عورت کا بہن اور بہنوئی کے ساتھ حج کو جانا

سوال [۴۹۶۳]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: ایک خاتون اپنے خاوند کے ساتھ حج بیت اللہ کے لئے تشریف لے جارہی ہیں، تو ان دونوں میاں بیوی کے ساتھ آیا ان خاتون کی بڑی بہن حج کے لئے جاسکتی ہیں یا نہیں؟ جب کہ بڑی بہن کے ساتھ کوئی محرم آدمی نہیں ہے، شرعی حکم کیا ہے؟

المستفتی: محمد مستقیم ٹھیکری، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: بیوی کی بڑی بہن کے لئے اپنی بہن اور بہنوئی کے ساتھ حج کو جانا جائز نہیں ہے۔ (مستفاد: ایضاح المناسک ص:۶۵)

عن ابن عباس –رضي الله عنه– قال: قال النبي صلى الله عليه وسلم: لا تسافر المرأة إلا مع ذي محرم، ولا يدخل عليها رجل إلا ومعها محرم، فقال رجل: يا رسول الله! إني أريد أن أخرج في جيش كذا وكذا وامرأتي تريد الحج، فقال: اخرج معها. (صحيح البخاري، كتاب جزاء الصيد، باب حج النساء ١/ ٢٥٠، رقم: ١٨٢٤، ف: ١٨٦٢)

والمحرم في حق المرأة شرط، شابة كانت أو عجوزا. والمحرم الزوج ومن لا يجوز مناكحتها على التأبيد برضاع، أو صهرية. (الفتاوى التاتارخانية، كتاب الحج، الفصل الأول في شرائط الوجوب زكريا ٣/ ٤٧٤-٤٧٥، رقم: ٤٨٨٥-٤٨٨٦) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۶؍ربیع الثانی ۱۴۱۹ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۳/۵۷۲۳)

بیٹے کے ساتھ انتقال شدہ بہن کی طرف سے حج بدل کو جانا

سوال [۴۹۶۴]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: میں اپنا پہلا حج کر چکی ہوں، میری بہن کا انتقال ہوگیا ہے، ان کا حج بدل کرانا ہے، میرا بیٹا اپنے حج کو جارہا ہے، میں اپنی بہن کا حج بدل کرنے اپنے بیٹے کے ساتھ چلی جاؤں تو میری بہن کا حج بدل ادا ہو جائے گا؟

المستفتی: والدہ محمد خالد تمبا کو والان، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: جی ہاں اپنے بیٹے کے ساتھ بہن کا حج بدل کرسکتی ہیں، جب کہ بہن کے وارثین نے آپ کو حج بدل کا وکیل بنا دیا ہو۔

عن ابن عباس –رضي الله عنه– قال: كان الفضل رديف النبي صلى الله عليه وسلم، فجاء ت امرأة من خثعم، فجعل الفضل ينظر إليها، وتنظر إليه، فجعل النبي صلى الله عليه وسلم يصرف وجه الفضل إلى الشق الآخر، فقالت: إن فريضة الله أدركت أبي شيخا كبيرا لا يثبت على الراحلة، أفأحج عنه؟ قال: نعم، وذلک في حجة الوداع. (صحيح البخاري، كتاب جزاء الصيد، باب حج المرأة عن الرجل ١/ ٢٥٠، رقم: ١٨١٧، ف: ١٨٥٥)

والمركبة منهما كحج الفرض تقبل النيابة عند العجز فقط.

(درمختار، باب الحج عن الغير کراچی ٢/ ٥٩٨، زکریا ٤/ ١٤)

العبادات أنواع: مالية محضة، كالزكاة، وبدنية محضة، كالصلاة، ومركبة منهما كالحج، والنيابة –إلى– تجرئ في النوع الثالث عند العجز،

ولا تجرئ عند القدرة، والشرط العجز الدائم إلى وقت الموت. (الفتاوى التاتارخانية زكريا ٣/ ٦٤٦، رقم: ٥٢٤٠) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۰/ ربیع الاول ۱۴۱۹ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۱/ ۳۹۳۶)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۲۰/ ۳/ ۱۴۱۵ھ

محرم نہ ہونے کی صورت میں سہیلی کے ساتھ حج کو جانا

سوال [۴۹۶۵]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: ایک خاتون جو حج کرنا چاہتی ہے؛ لیکن اس کے محرم میں سے کوئی بھی زندہ نہیں، تو کیا وہ کسی دوسری عورت کے ساتھ جو اس کی سہیلی ہے، اس کے ساتھ حج کرنے جا سکتی ہے؟ نیز یہ کہ اگر وہ تنہا سفر کرنا چاہے تو اس کو سفر کرنے کی اجازت ہونی چاہئے؛ کیوں کہ سفر نہ کرنے کی علت فتنہ ہے اور انڈین ایئر لائن کی طرف سے تمام حفاظتی امور کا بندوبست رہتا ہے؛ لہٰذا کوئی ایسی شکل ہو سکتی ہے کہ وہ اپنا فریضہ پورا کرے؟ اور اگر وہ پورا نہیں کر سکتی تو کیا عند اللہ وہ ماخوذ ہوگی؟ آج کل ایسا بھی ہوتا ہے کہ عورت کے گھرانے کے لوگ اس کو بمبئی کے ہوائی اڈے جہاز پر بیٹھا کر رخصت کرتے ہیں اور دوسرے پہچان کے لوگ سعودی عرب کے ہوائی اڈے پر آ کر اتار لیتے ہیں اور درمیان سفر میں پیش آنے والے خطرات وفتن کی ذمہ داری ہوائی جہاز کے انتظامیہ پر ہوتی ہے، تو کیا ایسی صورت میں عورت کو تنہا سفر کرنے کی اجازت ہے؟

المستفتی: محمد حامد کیرالہ، ممبئی

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: اگر کوئی محرم نہیں ہے، تو شوہر کے ساتھ جائے اور اگر شوہر بھی نہیں ہے، تو کسی سے شادی کر لے اس کے بعد شوہر کے ساتھ حج کو جائے۔ اور آپ نے فتنہ نہ ہونے کی جو علتیں لکھی ہیں وہ اپنی جگہ ٹھیک ہیں، مگر علتوں کو پیش نظر رکھ کر

تصریح شدہ مسئلہ کے خلاف حکم بتلانا مجتہد کا کام ہے اور ہم مجتہد نہیں ہیں، مسلک حنفی کے مصرح مسائل کو نقل کر دیتے ہیں اور مسلک حنفی میں اگرچہ بظاہر فتنہ نہ ہو پھر بھی بلامحرم حج کو جانے کی ممانعت صراحت کے ساتھ موجود ہے؛ اس لئے سوال نامہ کی درج شدہ شکل میں بھی بلامحرم حج کو جانا عورت کے لئے جائز نہیں ہے۔

من عدم جواز السفر للمرأة إلا بزوج، أو محرم خاص بالحرة، فيجوز للأمة (وقوله) ولو عجوزا، أي لإطلاق النصوص. (شامي، كتاب الحج، زكريا ۳/ ٤٦٤، كراچی ۲/ ٤٦٤) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۴۱۵/۶/۴ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۱/ ۴۰۴۹)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۱۵/۶/۴ھ

عورت کا اپنی بہن اور بہنوئی کے ساتھ حج کو جانا

سوال [۴۹۶۶]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: ایک مالدار عورت ہے، جس کے پاس حج کے مصارف کے بقدر روپئے ہیں؛ لیکن شوہر اس کے ساتھ جانے کو تیار نہیں، تو کیا وہ عورت اپنی بہن اور اس کے شوہر کے ساتھ حج کرنے جا سکتی ہے یا نہیں؟ جب کہ حج کے شرائط ووجوبات میں سے محرم کا ساتھ ہونا ضروری ہے؟

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: عورت کے حج کرنے کے لئے ساتھ میں محرم کا ہونا ضروری ہے، بغیر محرم کے حج کرنا جائز نہیں ہوگا۔

والمحرم في حق المرأة شرط، شابة كانت أو عجوزا. -إلى قوله-: والمحرم الزوج ومن لا يجوز له مناكحتها على التأبيد برضاع، أو صهرية.

(الفتاوى التاتارخانية، كتاب الحج، الفصل الأول في شرائط الوجوب زكريا ٣/ ٤٧٤-٤٧٥، رقم: ٤٨٨٥-٤٨٨٦)

والمحرم من لا يجوز له مناكحتها على التأبيد بقرابة، أو رضاع، أو صهرية. (شامي، زكريا ٣/ ٤٦٤، كراچی ٢/ ٤٦٤، عالمگيری، زكريا قديم ١/ ٢١٩، جديد ١/ ٢٨٢) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۴/ جمادی الاولیٰ ۱۴۱۴ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۲۹/ ۳۴۵۸)

بیوہ کا اپنی بہن اور بہنوئی کے ہمراہ حج کو جانا

سوال [۴۹۶۷]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: ایک بیوہ عورت اپنی بہن کے ساتھ حج کو جانا چاہتی ہے، جب کہ اس کی بہن اپنے شوہر کے ساتھ حج کو جارہی ہے، تو اس عورت کے لئے اپنی بہن اور بہنوئی کے ساتھ حج کو جانا جائز ہے یا نہیں؟

المستفتی: معظم حسین لالباغ، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: بیوہ عورت کے لئے اپنے بہنوئی یعنی بہن کے شوہر کے ساتھ حج کو جانا جائز نہیں؛ اس لئے کہ بہنوئی اس کا محرم نہیں ہے۔

ويعتبر في المرأة أن يكون لها محرم تحج به أو زوج، ولا يجوز لها أن تحج بغيرهما. (هداية، كتاب الحج، أشرفي ديوبند ١/ ٢٣٣)

وأما الذي يخص النساء فشرطان، أحدهما: أن يكون معها زوجها،

أو محرم لها، فإن لم يوجد لا يجب عليها الحج. (بدائع الصنائع، قديم ٢/ ١٢٣، زكريا ٢/ ٣٠٠) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۵/ ربیع الثانی ۱۴۲۳ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۶/ ۷۵۸۵)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۲۳/۴/۵ھ

عورت اپنے دیور کے ساتھ حج کو جاسکتی ہے یا نہیں؟

سوال [۴۹۶۸]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ میری والدہ اور میرا چھوٹا بھائی حج بیت اللہ کے لئے جارہے ہیں، ان کے ساتھ میں اپنی بیوی کو حج بیت اللہ کے لئے بھیجنا چاہتا ہوں، آپ بتائیں کہ کیا میری بیوی اپنے دیور کے ساتھ یا والدہ کے ساتھ جاسکتی ہے یا نہیں؟

المستفتی: رفیق احمد فیض گنج، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: عورت کے حج کے لئے محرم شرعی کا ساتھ ہونا واجب ہے، اس کے بغیر حج کو جانا جائز نہیں ہے۔ اور آپ کا بھائی آپ کی بیوی کے لئے شرعی محرم نہیں ہے؛ اس لئے آپ کے بھائی کے ساتھ آپ کی بیوی کا حج کو جانا جائز نہیں ہوگا، اگرچہ آپ کی والدہ بھی ساتھ کیوں نہ ہوں۔

والمحرم من لا يجوز له مناكحتها على التأبيد بقرابة، أو رضاع، أو صهرية. (شامي، كتاب الحج، زكريا ٣/ ٤٦٤، كراچی ٢/ ٤٦٤) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۶/ ذیقعدہ ۱۴۱۲ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۲۸/ ۲۸۷۹)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۱۲/۱۱/۱۶ھ

کیا بھاوج دیور کے ساتھ حج کو جاسکتی ہے؟

سوال [۴۹۶۹]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ میں اپنی بیوی کے ساتھ حج کے لئے جارہا ہوں اوراپنے ساتھ میں اپنی بڑی بھاوج کو لے کر جانا چاہتا ہوں اوران کے شوہر جانے کی اجازت دے رہے ہیں، ان کی عمر ۶۰ رسال ہے اور جو لے کر جارہے ہیں ان کی عمر ۵۵ رسال ہے، آپ اس معاملہ پر روشنی ڈال کر اجازت دیں عین نوازش ہوگی۔

المستفتی: ذاکرحسین گلشہید، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: بھاوج کے لئے دیور شرعی محرم نہیں ہے؛ اس لئے جائز نہیں ہے۔

ویعتبر في المرأۃ أن یکون لها محرم تحج به، أو زوج، ولا یجوز لها أن تحج بغیرهما إذا کان بینها و بین مکة ثلاثة أیام. الخ (هدایة، کتاب الحج، أشرفي دیوبند ۱/ ۲۳۳) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۴ رشوال المکرّم ۱۴۱۴ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۱/ ۳۶۴۵)

بنائے ہوئے بھائی کے ساتھ حج پر جانا

سوال [۴۹۷۰]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: میری والدہ حج بیت اللہ کو جانا چاہتی ہیں، عمر پچاس سال ہے، ہمارے والد صاحب کا انتقال ہوچکا ہے، ہمارے گھر میں چار بہنیں دو بھائی ہیں، دو بہنوں کی شادی ہوچکی

ہے، دوابھی شادی کرنے سے باقی ہیں، والدہ ریلوے میں جوب کرتی ہیں، انہیں حج کو جانے کی تڑپ ہے، ساتھ میں کوئی محرم نہیں ہے، پڑوس میں بھائی رہتے ہیں، جو بنائے ہوئے ہیں اوران سے دس سال چھوٹے ہیں، پڑوسی بھائی اپنی بیوی کوبھی ساتھ لے کر جارہے ہیں، کیا میں اپنی والدہ کوان بنائے ہوئے بھائی کے ساتھ حج بیت اللہ کوبھیج سکتاہوں یانہیں؟

المستفتی: حاجی محمد معراج محلّہ دولت باغ گلی نمبر:۷، تھانہ ناگ پھنی، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: بنایا ہوا بھائی شرعی نہیں ہوا کرتا، بدستور نامحرم اجنبی مرد ہوتا ہے، اس کے ہمراہ پچاس سالہ بیوہ عورت کے لئے حج کو جانا جائز نہیں۔ اور جب تک شرعی محرم میسر نہ ہو اس عورت پر حج کرنا فرض نہیں ہے۔ اور شرعی محرم میں باپ دادا، چچا تایا بیٹے پوتے، داماد، نواسے، حقیقی بھانجے وغیرہ ہیں، پس ان میں کسی ایک کے بغیر حج کو جانا آپ کی والدہ کے لئے جائز نہیں ہے۔

عن أبي أمامة –رضي الله عنه– قال: سمعت رسول الله ﷺ يقول: لا تسافر امرأة سفراً ثلاثة أيام، أو الحج إلا ومعها زوجها. (دارقطني ۲/ ۱۹۹، برقم: ۲۴۱۹، بخاري شريف ۱/ ۲۵۰، برقم: ۱۸۲٤، ف: ۱۸٦۲)

والمحرم في حق المرأة شرط إذا كانت بينها وبين مكة مسيرة ثلاثة أيام. (تاتارخانية ۳/ ٤۷٤، رقم: ٤۸۸٥)

وأما شرائط وجوب الأداء فخمسة على الأصح ...... والرابع: المحرم، أو الزوج لامرأة بالغة. (غنية قديم ۹-۱۰، جديد كراچى ۲۳-۲٦)

والمحرم الزوج، ومن لا يجوز له مناكحتها على التأبيد برضاع، أو صهرية. (تاتارخانية ۳/ ٤۷٥، رقم: ٤۸۸٦) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۴؍ جمادی الاولیٰ ۱۴۳۳ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۹/۱۰۷۰۲)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۳۳/۵/۲۵ھ

چچی کا بھتیجے کے ساتھ حج کو جانا

سوال [۴۹۷۱]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: اگر زید کی چچی زید کے ساتھ چچا کی اجازت سے حج کے لئے جائے تو جائز ہے؟

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: زید اپنی چچی کے لئے محرم نہیں ہے؛ اس لئے سفر حج میں محرم بن کر جانا جائز نہ ہوگا۔ (مستفاد: ایضاح المناسک/۶۱)

ومع زوج، أو محرم. وتحته في الشامي: والمحرم من لا يجوز له مناكحتها على التأبيد بقرابة، أو رضاع، أو صهرية. (الدرالمختار مع الشامي، كتاب الحج، كراچی ۲/ ٤٦٤، زكريا ۳/ ٤٦٤) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۸/صفر ۱۴۱۸ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۲/ ۵۱۷۸)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۱۸/۲/۱۸ھ

دوران عدت حج کا سفر کرنا

سوال [۴۹۷۲]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: میاں بیوی نے حج کی درخواست لگائی منظور ہوگئی اور روپیہ بھی جمع ہوگیا، اب شوہر کا انتقال ہوگیا، بیوی عدت میں ہے، شوہر کے انتقال سے حج کے ٹائم تک ساڑھے تین مہینے ہوتے ہیں، کیا یہ بیوی اپنے بیٹے کے ساتھ حج کو جاسکتی ہے یا نہیں؟

المستفتی: شریف شہباز پور کلاں

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: اگر حج کی منظوری کے بعد شوہر کا انتقال ہوگیا

ہے اور حج کی روانگی کے وقت بیوی کی عدت پوری نہیں ہوتی، تو ایسی صورت میں عدت کے اندر بیوی کو سفر حج پر جانا جائز نہیں ہے؛ لہٰذا وہ اس سال حج نہیں کرے گی؛ بلکہ اگلے سال محرم شرعی کے ساتھ حج کو جاسکتی ہے۔ (مستفاد: انوار مناسک/۱۹۳)

فلو كانت معتدة عند خروج أهل بلدها لا يجب عليها الخ فإن حجت وهي في العدة جازت بالاتفاق وكانت عاصية. (غنية قديم، ص: ۱۲، جديد، ص: ۲۹) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۳/شعبان ۱۴۳۳ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۹/ ۱۰۷۸۵)

حالت عدت میں سفر حج

سوال [۴۹۷۳]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کیا متوفی عنہا زوجہا حج کے لئے عدت کے اندر محرم کے ساتھ سفر کرسکتی ہے یا نہیں؟ نیز عمران کی پچاس سے زائد ہے، آئندہ سال کمزوری آسکتی ہے۔

المستفتی: محمد نعیم فیض گنج، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: عدت ختم ہونے سے قبل حج کے لئے سفر کرنا حنفی مذہب میں جائز نہیں ہے، چاہے عورت پچاس سال کی کیوں نہ ہو۔ (مستفاد: فتاوی دارالعلوم ۶/ ۵۳۴)

ولا تخرج المرأة إلى الحج في عدة الطلاق أو الموت، وكذا لو وجبت العدة في الطريق في مصر من الأمصار وبينها وبين مكة مسيرة سفر

لاتخرج من ذلک المصر ما لم تنقض عدتها. (فتاوی قاضي خان مع الهندية، زکریا ۱/ ۲۸۳، عالمگیری، زکریا قدیم ۱/ ۲۱۹، جدید ۱/ ۲۸۲، هکذا شامي کراچی ۲/ ٤٦٥، زکریا ۳/ ٤٦٥) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۹رشوال المکرّم ۱۴۰۹ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۱۴۴۴/۲۵)

حمل کی وجہ سے حج کوملتوی کرنا

سوال [۴۹۷۴]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: (۱) ہندہ آنے والے سال حج کے لئے جانا چاہتی ہے اور حاملہ ہے، ایام حج سے پہلے وضع حمل نہیں ہوگا، عید الاضحیٰ کے بعد ہی بچے کے پیدا ہونے کی امید ہے، معلوم یہ کرنا ہے کہ ہندہ سفر حج کی وجہ سے اپنے حمل کو دوائی وغیرہ استعمال کر کے ضائع کرسکتی ہے؛ کیوں کہ نہ معلوم دوران سفر وضع حمل ہوگیا تو بڑی پریشانی ہوگی، ان حالات میں کیا اسقاط کی گنجائش ہے یا سفر حج ہی ملتوی کردے؟

(۲) حاملہ عورت کو جس کے وضع حمل کا وقت قریب ہو حکومت سفر حج پر جانے کی اجازت نہیں دیتی، معلوم یہ کرنا ہے کیا حکومت کا یہ قانون شرعاً سفر حج کے ملتوی کرنے کے لئے عذر ہے؟ اس سے عورت سے اس سال حج کی فرضیت ساقط ہوجائے گی؟

المستفتی: سعید احمد سیڈھا، بجنور

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: ایسے حالات میں دوا وغیرہ کے ذریعہ سے حمل کو ضائع کرنا جائز نہ ہوگا، ہاں البتہ شریعت نے اس بات کی اجازت دی ہے کہ اگر حاملہ کو سفر حج میں اپنے یا بچے کے نقصان کا خطرہ ہے، تو حج کو اس سال مؤخر کرنے کی گنجائش ہے اور سفر حج

کوملتوی کر کے آئندہ سالوں میں حج کو جانے کی اجازت ہے، جیسا کہ حاملہ عورت کوحمل کے نقصان کے خطرہ سے صوم رمضان کوملتوی کرنے کی اجازت ہے اور بعد میں قضاء کرے گی۔

ومنها: حبل المرأة وإرضاعها، الحامل والمرضع إذا خافتا علی أنفسهما، أو ولدهما أفطرتا وقضتا، ولا كفارة عليهما. (هندية، قديم زكريا ١/ ٢٠٧، جديد زكريا ١/ ٢٧٠)

(۲) کا جواب بھی اوپر آچکا ہے۔ فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۳/۲/۱۴۲۹ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۸/ ۹۶۴۱)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۵/۲/۱۴۲۹ھ

دوران سفر شوہر کا انتقال ہو گیا

سوال [۴۹۷۵]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: خالد اپنی بیوی کے ساتھ سفر حج کو جارہا تھا، جہاز کے اڑان کے ایک گھنٹہ بعد خالد کا انتقال ہو گیا اور جہاز ایئر پورٹ جدہ پر اترے گا، اب خالد کی بیوی کیا کرے؟ آگے جا کر حج کرے گی یا واپس آئے گی؟

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وبالله التوفيق: خالد کی بیوی جدہ ایئر پورٹ سے اتر کر حاجیوں کے قافلہ کے ساتھ بلا محرم کے مکہ پہنچ جائے اور مناسک حج ادا کرلے، حج کوملتوی نہ کرے؛ البتہ عدت کی پابندی مثلاً بے ضرورت رہائش گاہ سے نکلنا اور زیورات وغیرہ کے استعمال سے احتراز کرتی رہے۔ (مستفاد: انوار مناسک/۱۸۲، کتاب المسائل ۳/ ۹۵)

إن كان بينها وبين منزلها مسيرة سفر فصاعدا، وبينها وبين مكة دون ذلك فعليها أن تمضي عليها ...... وإن كان ذلك في المفازة أوفي بعض القرى بحيث لا تأمن على نفسها ومالها، فلها أن تمضي

حتى تدخل موضع الأمن. (بدائع الصنائع زكريا ۲/ ۳۰۱، التاتارخانية ۳/ ٤٧٤، رقم: ٤٨٨٩، شامي، زكريا ۳/ ٤٦٦، كراچى ۲/ ٤٦٥)

فإن كان إلى كل من بلدها ومكة أقل من مدة السفر تخيرت أو إلى أحدهما سفر دون الآخر تعين أن تصير إلى الآخر. (فتح القدير، مكتبه أشرفيه ۲/ ٤٢٦، كوئٹه ۲/ ۳۳۰، زكريا ۲/ ٤٢٦) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۴۳۵/۲/۲۹ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۱۱۴۵۴/۴۰)

مکہ میں حج سے پہلے شوہر کا انتقال ہوگیا

سوال [۴۹۷٦]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: ہندہ اپنے شوہر کے ساتھ حج پر گئی، مکہ پہنچ کر عمرہ کیا اور حج سے پہلے مدینہ شریف جانے کی تیاری تھی کہ شوہر کا انتقال ہوگیا۔ معلوم یہ کرنا ہے کہ کیا عورت اس عدت کی حالت میں مدینہ چلی جائے، اور واپس آکر حج کرے، اگر مدینہ نہیں جائے گی تو مکہ میں تنہا کہاں رہے گی؟ وضاحت مطلوب ہے۔

المستفتی: سعید احمد سیڈھا، بجنور

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: جب حج سے قبل شوہر کا انتقال ہوگیا ہے، تو کوشش کی جائے کہ کسی رہائش کا انتظام ہوجائے، جس میں امن وحفاظت سے عورت رہ سکے اور مدینہ کا سفر حج سے قبل نہ کرے؛ لیکن قافلہ کے ساتھ رہے بغیر اس کے امن وحفاظت کی کوئی دوسری صورت نہ ہو تو قافلہ کے ساتھ ہر جگہ رہنے کی گنجائش ہے۔ اور قافلہ ہی کے ساتھ عدت کی حالت میں مناسک حج ادا کرنے کی بھی گنجائش ہے۔ (مستفاد: انوار مناسک/ ۱۸۴)

وإن كان بينها وبين منزلها مسيرة سفر فصاعدا، وبينها وبين مكة دون ذلك فعليها أن تمضي عليها الخ. (تاتارخانية، كتاب الحج، الفصل الأول في شرائط الوجوب قديم ۲/ ٤۲٥، جديد زكريا ۳/ ٤۷٦، رقم: ٤۸۸۹) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۹؍محرم الحرام ۱۴۲۹ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۸/۹۴۲۳)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۲۹/۱/۱۹ھ

دوران حج شوہر کا انتقال ہو جائے تو عورت کیا کرے؟

سوال [۴۹۷۷]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: (۱) زید اور ہندہ دونوں زوج زوجہ ہیں، حج بیت اللہ کے لئے تشریف لے گئے، حج سے پہلے مدینہ طیبہ گئے، وہاں جاکر دو چار یوم بعد ہندہ کے شوہر زید کا انتقال ہو گیا، اب ہندہ کیا کرے؟ آیا حج کرے گی یا واپس آجائے گی؟ جب کہ کوئی محرم وہاں اس کے پاس نہیں ہے، پھر کسی محرم کو لے کر دوبارہ حج کے لئے جائے؟ جب کہ وہ صاحب یسر بافراغت وصاحب اولاد لائق ہونہار ہے۔

(۲) اس نے عدت نہ کر کے حج کرلیا، تو کیا وہ پھر دوبارہ حج کرے گی یا نہیں؟ صاحب سخا ویسر بھی ہے، صاحب اولاد بھی، تنگی بھی کوئی نہیں ہے، وضاحت فرمائیں، اس کے حق میں کیا فیصلہ ہے اور افضل کیا ہے؟

المستفتی: جمیل اختر عثمانی، مظفر نگر

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: (۱) شوہر کے وفات پانے کی صورت میں دو وجہوں سے اس کو حج کرنا جائز نہیں ہے:

(۱) بحالت عدت خروج ممنوع ہونے کی وجہ سے۔

(۲) محرم ساتھ نہ ہونے کی وجہ سے؛ بلکہ ایسی حالت میں اگر احرام نہیں باندھا ہے،

تو حج کے ارادے سے احرام باندھنا جائز نہیں۔ اور احرام باندھنے کے بعد شوہر کا انتقال ہوا ہے، تو احرام کھول دینا چاہئے۔ (مستفاد: فتاوی رحیمیہ قدیم ۵/ ۲۳۸، جدید زکریا ۸/ ۶۱))

إذا أحصر بعدو، أو مرض، أو موت محرم أو هلاک نفقة حل له التحلل، وتحته في الشامي: منها العدة، فلو أهلت بالحج فطلقها زوجها ولزمتها العدة صارت محصرة، ولو مقيمة أو مسافرة. (درمختار مع الشامي، كتاب الحج، باب الإحصار زكريا ٤/ ٣، كراچی ٢/ ٥٩٠، هنديه قديم زكريا ١/ ٢١٩، جديد زكريا ١/ ٢٨٢)

(۲) اگر ایسی حالت میں حج کرلیا ہے، تو حرام کے ارتکاب کا شبہ ہے؛ لیکن نفس حج صحیح اور درست ہو چکا ہے، اعادے کی ضرورت نہیں ہے اور نہ ہی کوئی جرمانہ دم وغیرہ لازم ہوگا؛ بلکہ صرف توبہ واستغفار کرلینا کافی ہے۔ (مستفاد: فتاوی دارالعلوم ۶/ ۵۲۲)

ولو حجت بلا محرم جاز مع الكراهة، ومع عدم عدة عليها.

(الدرالمختار زكريا ٣/ ٤٦٥، كراچی ٢/ ٤٦٥، المدرالمنتقى قديم ١/ ٢٦٢، جديد بيروت ١/ ٣٨٦)

وإن حجت بدونه حرم وأجزأه. (أوجز المسالك، كتاب الحج، حج المرأة بغير ذي محرم، جديد دار القلم ٨/ ٦٥٠)

البتہ حضرت گنگوہیؒ کی ''زبدۃ المناسک'' کی شرح ''عمدۃ المناسک'' میں اس کو عذر شدید شمار کر کے حرمت کا حکم لگانے سے احتراز کیا گیا ہے۔ (عمدۃ المناسک، ص: ۲۴-۲۵)

فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۹؍ محرم الحرام ۱۴۱۱ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۲۶/ ۲۱۱۶)

سفر حج کی پرواز سے قبل شوہر کا انتقال ہوجائے تو کیا بیوی حج بدل کرے؟

سوال [۴۹۷۸]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل

کے بارے میں: زید اور ہندہ شوہر بیوی دونوں نے سال گذشتہ حج کے فارم بھر دئے تھے؛ لیکن پرواز شروع ہونے سے پہلے ہی گھر پر زید کا انتقال ہوگیا، ہندہ بھی نہیں گئی اور پیسہ بھی زید کی بیماری میں خرچ ہوگیا، اس سال ہندہ کے بچے ہندہ کو حج کے لئے بھیجنا چاہتے ہیں، محرم بھی مل رہا ہے، معلوم یہ کرنا ہے کہ ہندہ اپنا حج کرے یا زید کا حج بدل کرائے، چونکہ زید پر حج فرض تھا اور ہندہ پر نہ جب حج فرض تھا نہ اب فرض ہے؟ اولاد کی سعادت کی بات ہے کہ ماں کو بھیج رہے ہیں، مگر ہندہ کا کہنا ہے کہ میں اپنا حج کروں یا اپنے شوہر کا حج بدل کروں یا کراؤں، شرعاً وضاحت فرمادیں۔

المستفتی: زاہد حسین سیڑھا، بجنور

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: اگر زید پر گذشتہ سال سے ایک سال پہلے حج فرض ہو چکا تھا اور اس نے ایک سال تاخیر کر کے دوسرے سال کے لئے فارم بھرا ہے اور حج کو جانے سے پہلے پہلے اس کا انتقال ہوگیا ہے، تو اس کے ذمہ حج کی فرضیت باقی ہے، ساقط نہیں ہوئی ہے؛ لہٰذا اگر اس نے وصیت کی ہے تو اس کے تہائی ترکہ سے حج بدل کرانا لازم ہے، اور اگر گذشتہ سال سے ایک سال پہلے اس کے اوپر کبھی حج فرض نہیں ہوا تھا؛ بلکہ سال گذشتہ ہی فرض ہوا تھا اور ادائے فریضہ کے لئے فارم بھی بھر دیا تھا؛ لیکن حج کو جانے سے پہلے اس کا انتقال ہوگیا ہے اور بیماری میں پیسہ بھی ختم ہوگیا ہے، تو اب اس کے اوپر حج کی فرضیت باقی نہیں رہی، ہاں البتہ اگر پیسہ بدستور باقی رہتا، تو اس کے اوپر حج کی فرضیت باقی رہتی اور اس پر حج کرنا لازم ہوتا اور پھر اس کی طرف سے حج بدل کرانا لازم ہو جاتا؛ لیکن سوال نامہ میں ہے کہ پیسہ زید کی بیماری میں ختم ہوگیا ہے؛ اس لئے اس کے اوپر حج کرنا لازم نہیں رہا، ہاں البتہ اگر ورثین اپنی طرف سے بخوشی حج کرادیں تو زید کو ثواب بھی مل جائے گا۔ اور حج کرانے والے ورثین کو بھی ثواب ملے گا۔ اور ہندہ کو پہلے اپنا ہی حج کرنا چاہئے اور شوہر کی طرف سے کوئی دوسرا آدمی حج کرلے؛ کیوں کہ سوال نامہ کے مطابق ہندہ پر حج فرض نہیں

ہے۔ اورسوال نامہ کے واقعہ کے مطابق ہندہ کے شوہر زید پر بھی حج فرض نہیں رہا ہے۔

وكذا كل من وجب عليه الحج أما حجة الإسلام أو القضاء، أو النذر إذا مات قبل التمكن من أدائه سقط عنه الحج، ولا يجب عليه الوصية به. (غنية الناسك، ص: ١٤)

ولو أفرز الموصى بنفسه مالا ليحج عنه، فهلك لا يلزمه شيء، وبطلت الوصية (إلى قوله) إن محل الوصية الثلث، فيجب تنفيذها ما بقي محلها، وإذا لم يبق بطلت لفوات محلها. (هداية، أشرفي ديوبند ٤/ ٦٩٦)

والمراد بما ذكر في دليل محمد هو أن الموصى لو أفرز بنفسه مالا ليحج عنه، فهلك ذلك المال لا يؤخذ بشيء من تركته بعد مماته، بل تبطل وصيته أصلا. (تكملہ فتح القدير، زكريا ١٠/ ٥٣٩، كوئٹه ٩/ ٤٣١) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۶/ جمادی الاولیٰ ۱۴۲۹ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۸/ ۹۶۱۰۱)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۲۹/۵/۱۸ھ

عورت کا بلا محرم سفر کر کے حج کرنا

سوال [۴۹۷۹]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: بغیر محرم کے زیارتی ویزا پر اگر کوئی عورت دہلی سے جدہ کا سفر بذریعۂ ہوائی جہاز سات گھنٹہ طے کرے اوراس کا شوہر جدہ ایئر پورٹ پر اس کو لے لے اور قیام جدہ میں ہو، پھر جدہ سے عمرہ وحج کی ادائے گی شوہر کے ساتھ ہو، تو کیا یہ حج اس عورت کا صحیح ہے یا نہیں؟

(نوٹ) وطن سے دہلی تک کا تو لڑکے کے ہمراہ سفر ہوگا، جب کہ لڑکا بھی عمرہ کے

ویزا پر جانا چاہتا ہے؛ لیکن عمر ۲۰ سال ہونے کی وجہ سے سعودی سفارت خانہ نے لڑکے کو عمرہ کا ویزا نہیں دیا۔ اور بدرجۂ مجبوری غیر محرم کے ہمراہ سفر کرنا پڑا، عورت کے ساتھ دہلی سے جدہ تک تین سال کا بچہ تھا۔

المستفتی: شفیع احمد اعظمی، مقیم حال جدہ

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: بلامحرم سفر کر کے جو حج کر لیا ہے، وہ حج بالاتفاق صحیح اور درست ہو چکا ہے، اس حج کا فریضہ ادا ہو کر ذمہ سے ساقط ہو چکا ہے۔ (مستفاد: فتاوی دار العلوم ۶/۵۲۲)

ولو حجت بلا محرم جاز. (شامي، کراچی ۲/ ٤٦٥، زکریا ۳/ ٤٦٥، غنية الناسك قديم ۱۲، جديد کراچی ۲۹)

اب رہی یہ بات کہ بلامحرم سفر کرنے کی وجہ سے عورت گنہگار ہوگئی ہے یا نہیں؟ تو اس سلسلہ میں بعض علماء فرماتے ہیں کہ فتنہ کا خوف ہو یا نہ ہو ہر حال میں گنہگار ہوگی، توبہ واستغفار کر لینا ضروری ہے۔ (مستفاد: فتاوی دار العلوم ۶/۵۲۲)

مگر حضرت علامہ انور شاہ کشمیریؒ فرماتے ہیں کہ اگر فتنہ کا خطرہ نہیں ہے اور قابل اعتماد لوگوں کے ساتھ سفر کر کے حج کر لیتی ہے، تو گنہگار بھی نہیں ہوگی۔ (ملفوظات محدث کبیر ۴۱۵)

ويجوز عندي مع غير محرم أيضا بشرط الاعتماد والأمان عن الفتنة، وقد وجدت له مادة كثيرة في الأحاديث. (فيض الباري، أبواب التقصير، باب يقصر إذا خرج، کوئٹہ ۲/ ۳۹۷) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۶؍شوال ۱۴۱۵ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۱/۲/۴۱۷)

بوڑھی عورت کا جوان پوتے کے ساتھ حج کو جانا

سوال [۴۹۸۰]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل

کے بارے میں: راشدہ جو زید کی بیوی ہے، اس کے خاوند زید کے مرنے کے بعد راشدہ حج کا ارادہ کرتی ہے اور اس کے پوتا، پوتی وغیرہ بھی ہیں، جو سمجھ دار اور جوان ہیں، پوچھنا یہ ہے کہ راشدہ حج کے لئے کس کے ساتھ جاسکتی ہے؟ دوسری بات یہ ہے کہ اگر کسی عورت کا شوہر اسے طلاق دے دے اور مطلقہ عورت جو ۵۵؍ سال کی ہو، اگر وہ حج کو جانا چاہتی ہو تو کس کے ساتھ جاسکتی ہے؟ برائے مہربانی دونوں سوالوں کے جوابات حدیث اور قرآن پاک کی روشنی میں دے کر احسان فرمائیں۔

المستفتی: عبدالشکور محلّہ پرتھی گنج، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: اپنے جوان پوتے کے ساتھ عورت حج کو جاسکتی ہے؛ اس لئے کہ پوتا محرم شرعی ہے اور مطلقہ عورت اپنے جوان لڑکے، حقیقی بھائی، حقیقی داماد، حقیقی پوتے، حقیقی نواسہ کے ساتھ حج کو جاسکتی ہے؛ اس لئے کہ یہ سب شرعی محرم ہیں۔ (مستفاد: ایضاح المناسک/ ۶۳، انوار مناسک/ ۱۷۶)

ثم صفة المحرم أن يكون ممن لا يجوز له نكاحها على التأبيد إما بالقرابة أو الرضاع، أو الصهرية؛ لأن الحرمة المؤبدة تزيل التهمة في الخلوة الخ. (بدائع الصنائع، كتاب الحج، فصل في شرائط الوجوب قديم ۲/ ۱۲٤، جديد زكريا ۲/ ۳۰۰)

والمحرم من لا يجوز له مناكحتها على التأبيد بقرابة، أو رضاع، أو صهرية. (شامي، کراچی ۲/ ٤٦٤، زکریا ۳/ ٤٦٤) **فقط واللّٰہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللّٰہ عنہ
۴؍ رمضان المبارک ۱۴۱۸ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۳/ ۵۴۳۴)

بوڑھی عورت کا بلا محرم حج کرنا

سوال [۴۹۸۱]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: خاتون حج کرنے کا ارادہ کررہی ہے، حج کے جملہ شرائط بھی پائے جاتے ہیں؛ لیکن کوئی محرم ان کے ساتھ جانے والا نہیں، تاخیر کرنے میں صحت کی کمزوری کا اندیشہ ہے، دیور جن کی عمر ۶۵ ر سال ہے، اور خاتون کی عمر تقریباً ۷۰ ر سال ہے، ایسی صورت میں دونوں کا ایک ساتھ حج کو جانا عدم جواز کا سبب تو نہ ہوگا؟ اور کسی کو کوئی گناہ تو لازم نہ ہوگا؟

المستفتی: ضیاء الدین ندوی معصوم پور، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: ساٹھ ستر سالہ بوڑھی اور عجوزہ عورت کا بلا محرم سفر حج کو جانا حضرت تھانویؒ نے گنجائش نقل فرمائی ہے، بشرطیکہ فتنہ اور معصیت میں مبتلا ہونے کا کوئی خطرہ نہ ہو۔ (مستفاد: امداد الفتاوی ۴/۲۰۱)

أما العجوز التي لا تشتهي فلا بأس بمصافحتها، ومس يدها إذا أمن ومتى جاز المس جاز سفره بها، ويخلوا إذا أمن عليه وعليها، وإلا لا. الخ

(الدرالمختار، كتاب الحظر و الإباحة، فصل في النظر والمس، کراچی ۶/ ۳۶۸، زکریا ۹/ ۵۲۹) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۹ ر ربیع الاول ۱۴۱۶ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۲/۳۲/۴۴۰۳)

عمر دراز عورت کا بلا محرم سفر حج کو جانا

سوال [۴۹۸۲]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل

کے بارے میں: ایک بوڑھی عورت جس کی عمر ۶۰ ؍سال سے اوپر ہوچکی ہے، وہ حج بیت اللہ کے لئے جانا چاہتی ہے، اس کے ساتھ اس کے جیٹھ اور دیور اور جیٹھ کی بیوی بھی جائے گی، تو ان حضرات کے ساتھ یہ بوڑھی عورت سفر حج کرسکتی ہے یا نہیں؟

المستفتی: محمد شعیب شاہ آباد، رامپور

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: ساٹھ سال سے زیادہ عمر کی عورت کے لئے بلا محرم حج کا سفر اس شرط کے ساتھ جائز ہے کہ فتنہ کا خطرہ نہ ہو۔ (مستفاد: امداد الفتاوی دیوبند ۴/ ۲۰۱، ایضاح المناسک ص: ۶۴)

أما العجوز التي لا تشتهي فلا بأس بمصافحتها، ومس يدها إذا أمن ومتى جاز المس جاز سفره بها، ويخلو إذا أمن عليه وعليها، وإلا لا.

(درمختار، كتاب الحظر والإباحة، فصل في النظر والمس، زكريا ۹/ ۵۳۹، كراچی ۶/ ۳۶۸) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۴؍صفر ۱۴۱۸ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۳/ ۵۱۸۸)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۱۸/۲/۲۴ھ

کیا ۵۵؍سالہ عورت تنہا حج کو جاسکتی ہے؟

سوال [۴۹۸۳]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: میرے شوہر کے انتقال کو تقریباً تین سال ہوگئے ہیں، ان کی حیات میں ہم دونوں کا حج کا ارادہ تھا؛ لیکن اچانک ان کو ہارٹ فیل ہوگیا؛ لہٰذا میں ان کا حج بدل اور اپنا حج کرنا چاہتی ہوں، میں نے اپنے بھائیوں سے کہا کہ میرے ساتھ حج کو چلو، انہوں نے باوجود کوشش کے انکار کردیا اور میرے دو بیٹے ہیں، ایک کی عمر ۱۶؍سال اور دوسرے کی عمر ۱۲؍سال

ہے، یہ دونوں ابھی میرے حساب سے ناسمجھ ہیں، امسال میری ایک حقیقی نند اور نند کے شوہر حج کے لئے جارہے ہیں، جن کی عمریں تقریباً ۵۸/ یا ۶۰/ سال ہے؛ لہٰذا میں حج بدل کے لئے اپنے شوہر کے بھانجے جو دوسال قبل اپنا حج کا فریضہ بھی ادا کر چکے ہیں میری عمر ۵۵/ سال ہے اور مجھے اس گروپ میں جانے سے کوئی فتنہ یا معصیت کا کوئی خدشہ نہیں ہے، شریعت مطہرہ کی روشنی میں مدلل ومفصل جواب عنایت فرمائیں۔

المستفتية: سیدہ بیگم بازار جھنڈا چوک کوٹ دروازہ، نگینہ

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: اگر ۵۵/ سالہ عورت بالکل آئیسہ ہوگئی ہے، صحت کے اعتبار سے بھی ۶۰ - ۶۵ / سالہ عورت کی طرح کمزور ضعیف ہے اور مذکورہ لوگوں کے ساتھ جانے میں کسی قسم کا فتنہ اور معصیت کا خطرہ بھی نہیں ہے، تو ایسی صورت میں بلا محرم حج کو جانے کی گنجائش ہے، مگر بہتر یہی ہے کہ اپنے ۱۶/ سالہ لڑکے کو ساتھ لے کر جائیں۔ (مستفاد: امداد الفتاوی ۲/۲۰۱)

أما العجوز التي لا تشتهي فلا بأس بمصافحتها، ومس يدها إذا أمن ومتى جاز المس جاز سفره بها، ويخلو إذا أمن عليه وعليها، وإلا لا.

(درمختار، كتاب الحظر والإباحة، فصل في النظر والمس، زكريا ۹/ ۵۳۹، كراچی ۶/ ۳۶۸)

فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۳/ جمادی الاولیٰ ۱۴۱۸ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۳/۵۲۹۰)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۱۸/۵/۱۳ھ

۵۷/ سالہ عورت کا انٹرنیشنل گروپ سے حج کرنا

سوال [۴۹۸۴]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل

کے بارے میں: میری عمر ۵۷/سال ہے، میں حج کو انٹرنیشنل گروپ سے جانا چاہتی ہوں، میرے بھائی، چچا، تایا، شوہر، بیٹا کوئی نہیں ہے، آپ مجھ کو بتائیں کہ میں گروپ میں دینی بھائی بنا کر حج کر سکتی ہوں یا نہیں؟ اور میرا حج کارآمد رہے گا یا نہیں؟

المستفتیة: ذکیہ خاتون محلّہ کٹار شہید، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: ۵۷/سال کی عمر کی عورت کے لئے بغیر شوہر یا بغیر محرم شرعی کے سفر حج کو جانا جائز نہیں ہے، اگر عورت کا بھائی، چچا، شوہر یا بیٹا کوئی نہیں ہے تو شرعی طور پر ایسی عورت پر حج فرض نہیں ہے۔ اور حج کو نہ جانے کی وجہ سے اللہ کے یہاں کوئی داروگیر نہ ہوگی۔ (مستفاد: ایضاح المناسک/۶۳)

ومع زوج، أو محرم ولو عبدا، أو ذميا، أو برضاع. (درمختار زکریا ۳/ ٤٦٤، کراچی ۲/ ٤٦٤، هداية أشرفيه ۱/ ۲۳۳) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۸/شوال ۱۴۲۵ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۷/۸۵۶۳)

۵۸/سالہ عورت کے لئے غیر محرم کے ساتھ سفر حج کا حکم

سوال [۴۹۸۵]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: ایک عورت جس کی عمر ۵۸/سال ہے اور صحت مند ہے، کسی غیر محرم کے ساتھ حج کے سفر پر جا سکتی ہے یا نہیں؟

المستفتی: شجاع الحق محلّہ سیدی سرائے، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: مذکورہ عمر کی عورت کے لئے بلا محرم حج کو جانا جائز نہیں۔ اور اگر محرم کا نظم نہ ہو تو اس پر حج فرض نہیں۔ (مستفاد: ایضاح المناسک/۶۳)

ومع زوج، أو محرم (إلى قوله) مع وجوب النفقة لمحرمها عليها؛ لأنه محبوس عليها. (الدرالمختار، كتاب الحج، مطلب في قولهم يقدم حق العبد على حق الشرع، كراچی ۲/ ٤٦٤، زكريا ۳/ ٤٦٤)

وأما الذی يختص النساء فشرطان، أحدهما: أن يكون معها زوجها، أو محرم لها، فإن لم يوجد أحدهما لا يجب عليها الحج، وهذا عندنا -إلى- أن المحرم أو الزوج من ضرورات حجها بمنزلة الزاد والراحلة إذ لا يمكنها الحج بدونه كما لا يمكنها الحج بدون الزاد والراحلة. (بدائع الصنائع قديم ۲/ ۱۲۳، جديد زكريا ۲/ ۳۰۰)

ويعتبر في المرأة أن يكون لها محرم تحج به، أو زوج ولا يجوز لها أن تحج بغيرهما. (هداية، كتاب الحج، أشرفي ديوبند ۱/ ۲۳۳، إيضاح المسائل/ ٦۳) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۳؍ شوال المکرم ۱۴۲۵ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۷/ ۸۵۵۶)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۲۵/۱۰/۱۳ھ

ساٹھ سالہ عورت کا قافلہ کے ساتھ حج کو جانا

سوال [۴۹۸۶]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: ایک عورت جس کا شوہر اور باپ موجود نہیں ہے، صرف بھائی اور بھتیجے ہیں، عمر ساٹھ سال ہے، مشتہاۃ بھی نہیں ہے، وہ عورت حج پر اپنے محلّہ کی ان عورتوں کے ساتھ جانا چاہتی ہے جو محرم کے ساتھ ہیں؛ چونکہ بھائی بھتیجے جانے کی وسعت میں نہیں ہیں، کیا مذکورہ عورتوں کے ساتھ حج پر جاسکتی ہے۔

المستفتی: مجیب الرحمٰن سمدھن، قنوج

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: ساٹھ ستر سالہ عورت کے لئے بغیر محرم نیک لوگوں کے قافلہ کے ساتھ جس میں دوسری عورتیں بھی ہوں، حج کو جانے کی گنجائش ہے؛ لیکن اس میں بھی یہ شرط ہے کہ فتنہ اور برائی کا اندیشہ نہ ہو۔ (مستفاد: انوار مناسک/ ۱۷۷، امداد الفتاوی ۴/ ۲۰۱)

أما العجوز التي لا تشتهى فلا بأس بمصافحتها ومس يدها إذا أمن ومتى جاز المس جاز سفره بها، ويخلو إذا أمن عليه وعليها وإلا لا.

(شامي، كتاب الحظر والإباحة، فصل في النظر والمس، زكريا ۹/ ۵۲۹، كراچی ٦/ ٣٦٨)

فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۹/ ربیع الاول ۱۴۳۴ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۴۰/ ۱۱۰۳۷)

۶۵/ سالہ عورت کا بلا محرم سفر حج پر جانا

سوال [۴۹۸۷]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: زید کی والدہ کافی عمر رسیدہ ہیں، زید اپنے خرچ سے ان کو حج کرانے کی دلی خواہش رکھتا ہے؛ لیکن ان کے ہمراہ خود جانے یا کسی اور محرم شرعی کو بھیجنے کی وسعت نہیں رکھتا ہے، کیا اس صورت میں زید اپنی والدہ کو کسی نامحرم قابل اعتماد شخص کے ساتھ سفر حج پر بھیج سکتا ہے یا نہیں؟ اس وقت عمر پینسٹھ سال سے زائد ہے۔

المستفتی: شہزاد رشید اصالت پورہ، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: ۶۵/ سالہ بوڑھی عورت کے لئے سفر حج میں جانے

کے واسطے محرم شرعی ساتھ میں ہونا لازم نہیں ہے؛ لیکن اس عورت کی خدمت کے لئے جوان عورت ساتھ میں ہونی چاہئے، اگر اس کی دیکھ بھال کرنے والی اس کے ساتھ میں موجود ہو تو نیک لوگوں کے قافلہ کے ساتھ ایسی عورت کے لئے حج کو جانا جائز ہے۔ (مستفاد: انوار مناسک/۱۷۷)

لا بأس للمرأة أن تسافر بغير محرم مع الصالحين. (عالمگیری قدیم ۵/ ۳٦٦، جدید زکریا ۵/ ۴۲۳)

أما العجوز التي لا تشتهى فلا بأس بمصافحتها ومس يدها إذا أمن ومتى جاز المس جاز سفره بها، ويخلو إذا أمن عليه وعليها وإلا لا.

(شامي، كتاب الحظر والإباحة، فصل فى النظر والمس، زكريا ۹/ ۵۲۹، كراچی ٦/ ۳٦۸)

فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۴؍ ربیع الثانی ۱۴۲۸ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۹۲۷۲/۳۸)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۲۸/۴/۲۵ھ

٦۵؍ سال کی عورت کا بلا محرم حج کا سفر کرنا

سوال [۴۹۸۸]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: ایک مسماۃ ہے، ان کے شوہر کو انتقال ہوئے ۱۴؍ سال ہو گئے، کوئی لڑکا نہیں ہے، تین لڑکیاں تھیں، شادی ہو گئی ہے؛ لہٰذا بھتیجے کی لڑکی اور ان کا شوہر اور بھتیجے کی خالہ اور بھتیجے کے داماد کے بھائی اور ان کی بھاوج حج کو جا رہے ہیں، ان کے ساتھ مستفتیہ حج کو جا سکتی ہے یا نہیں؟ قرآن وحدیث سے مدلل وضاحت فرما کر شکریہ کا موقع عنایت فرمائیں۔

المستفتیۃ: مسماۃ آمنہ بیگم عمر ٦٦؍ سال، محلّہ کسرول دیوان خانہ، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: ٦۵-۷۰؍ سال کی عورت نیک لوگوں کے قافلہ کے ساتھ حج کو بلا محرم جا سکتی ہے، بشرطیکہ فتنہ کا خطرہ نہ ہو؛ لہٰذا مذکورہ ٦٦؍ سالہ عورت مذکورہ

جماعت کے ساتھ حج کو جاسکتی ہے۔ (مستفاد: ایضاح المناسک/۶۴، امداد الفتاوی ۴/ ۲۰۱)

أما العجوز التي لا تشتهى فلا بأس بمصافحتها و مس يدها إذا أمن و متى جاز المس جاز سفره بها، ويخلو إذا أمن عليه وعليها وإلا لا .

(شامي، كتاب الحظر والإباحة، فصل فى النظر والمس، زكريا ۹/ ۵۲۹، كراچى ۶/ ۳۶۸)

فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۲/ شعبان ۱۴۲۱ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۵/ ۶۸۷۸)

کیا ۶۵-۷۰/ سالہ عورت بلا محرم حج پر جاسکتی ہے؟

سوال [۴۹۸۹]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: میں ایک بیوہ عورت ہوں، میری عمر تقریباً ۷۰/ سال ہے، میں اس سال حج پر جانا چاہتی ہوں، میرے چار بیٹے ہیں، مگر کوئی بھی میرے ساتھ حج پر نہیں جاسکتا، میں پرائیویٹ ٹور سے حج پر جانا چاہتی ہوں، آپ سے مسئلہ جاننا چاہ رہی ہوں کہ کیا میں ٹور میں حج پر جاسکتی ہوں؟

المستفتية: شہزادی بیوہ حاجی برکت، پیر غیب مراد آباد

الجواب وبالله التوفيق: ۶۵-۷۰/ سالہ عورت بغیر محرم قابل اعتماد نیک لوگوں کے ساتھ حج کو جاسکتی ہے، بشرطیکہ فتنہ کا خطرہ نہ ہو۔ (مستفاد: امداد الفتاوی ۴/ ۲۰۱، انوار مناسک/ ۱۸۸)

أما العجوز التي لا تشتهى فلا بأس بمصافحتها و مس يدها إذا أمن و متى جاز المس جاز سفره بها، ويخلو إذا أمن عليه وعليها وإلا لا .

(شامي، كتاب الحظر والإباحة، فصل فى النظر والمس، زكريا ۹/ ۵۲۹، كراچى ۶/ ۳۶۸)

فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۳/ شوال ۱۴۳۱ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۹/ ۱۰۱۷۵)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۳/ ۱۰/ ۱۴۳۱ھ

۶۵/ ۷۰/سال کی عورت کا بلا محرم شرعی سفر حج کے لئے جانا

سوال [۴۹۹۰]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: (۱) زید اپنی بیوی کے ساتھ حج بیت اللہ شریف کو جارہا ہے، کیا اپنے ساتھ اپنی بیوی کی حقیقی بہن کو بھی حج بیت اللہ شریف کو لے جاسکتا ہے، جب کہ زید کی بہن کی عمر تقریباً ۶۰/سال ہے اور وہ بیوہ بھی ہیں؟

(۲) زید اپنی بیوی کے ساتھ حج بیت اللہ شریف کو جارہا ہے، کیا زید اپنے ساتھ اپنے حقیقی ماموں کی بیوی اپنی حقیقی ممانی کو بھی حج بیت اللہ شریف کے لئے لے جاسکتا ہے، جب کہ زید کی ممانی کی عمر تقریبا ۷۰/سال ہے، وہ بھی بیوہ ہیں۔

(۳) کیا بکر اپنی والدہ کو اپنے حقیقی پھوپھا کے ساتھ حج بیت اللہ شریف کے لئے بھیج سکتا ہے؟ بکر کے پھوپھا کے ساتھ پھوپھی بھی جارہی ہیں اور بکر کی والدہ کی عمر تقریباً ۷۰/سال ہے اور وہ بھی بیوہ ہیں۔

المستفتی: محمد جابر خان

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: (۱-۲-۳) غیر محرم کے ساتھ عورت کے لئے سفر حج پر جانا عمومی حالات میں ناجائز ہے، اس کی اصل وجہ فتنہ میں مبتلا ہونے کا خطرہ ہے؛ لہٰذا ۶۰-۶۵/سال سے کم عمر کی عورتوں کو فتنہ کا اندیشہ نہ ہونے کی صورت میں بھی نامحرم کے ساتھ حج کو جانا جائز نہیں ہے؛ لیکن ۶۰/ ۷۰/سالہ بڑھیا عورت کے لئے قابل اعتماد ونیک لوگوں کے قافلہ کے ساتھ بغیر محرم کے سفر حج کو جانے کی گنجائش ہے، اور اس میں بھی یہ شرط ہے کہ کسی قسم کے فتنہ کا اندیشہ نہ ہو۔ اور سوال نامہ میں جتنی عورتوں کا تذکرہ ہے وہ سب کی سب ۶۰/ ۷۰/سالہ بڑھیا ہیں، ان کے لئے قابل اعتماد نامحرم رشتہ داروں کے ساتھ سفر حج کو جانے کی گنجائش ہے۔ (مستفاد: انوار مناسک ۱۷۷، کتاب المسائل ۳/۹۳، امداد الفتاوی ۴/۲۰۱)

أما العجوز التي لا تشتهي، فلا بأس بمصافحتها ومس يدها إذا أمن، ومتى جاز المس جاز سفره بها، ويخلو إذا أمن عليه وعليها وإلا لا.

(درمختار، كتاب الحظر والإباحة، فصل في النظر والمس، زكريا ٩/ ٥٢٩، كراچی ٦/ ٣٦٨)

ويجوز عندي مع غير محرم أيضا بشرط الاعتماد والأمن عن الفتنة.

(فيض الباري، أبواب التقصير، قبيل باب يقصر إذا خرج ٢/ ٣٩٧) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
١٣/ صفر ١٤٣٥ھ
(الف فتویٰ نمبر: ٤٠/ ١١٤٣٦)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
١٣/ ٢/ ١٤٣٥ھ

٧٠/ سال کی عورت کے لئے نامحرم کے ساتھ سفر حج کا حکم

سوال [٤٩٩١]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: جناب مفتی صاحب! عرض یہ ہے کہ میں محلّہ لال باغ کی رہنے والی ہوں اور میں حج شریف کو جانا چاہتی ہوں، مجبوری یہ ہے کہ میرے ساتھ کوئی محرم نہیں ہے، میں کسی جان پہچان کے ساتھ جا سکتی ہوں؟ مہربانی فرما کر بتا دیجئے، میری عمر ستر سال کی ہے۔

المستفتية: نعیمہ خاتون محلّہ لال باغ، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفيق: اگر آپ کی عمر ستر سال کی ہوگئی ہے، تو آپ کے لئے سفر حج میں شرعی محرم کے ساتھ سفر کرنا واجب نہیں ہے؛ بلکہ جب فتنہ کا خطرہ نہیں ہے تو قابل اعتماد لوگوں کے ساتھ سفر حج کی گنجائش ہے؛ لیکن یہ ضروری ہے کہ آپ کی دیکھ بھال اور خدمت کے لئے کوئی تندرست عورت یا مرد ہو؛ اس لئے کہ حج کے پانچ دن بہت زیادہ بھیڑ اور محنت ومشقت کے ہوتے ہیں، اس درمیان میں کوئی بھی حادثہ پیش آسکتا ہے۔ (مستفاد: امداد الفتاوی ٤/ ٢٠١، ایضاح المناسک/ ٦٤)

أمـا العجوز التي لا تشتهي، فلا بأس بمصافحتها ومس يدها إذا أمن، ومتى جاز المس جاز سفره بها، ويخلو إذا أمن عليه وعليها وإلا لا . .

(درمختار، كتاب الحظر والإباحة، فصل في النظر والمس، زكريا ٩/ ٥٢٩، كراچی ٦/ ٣٦٨)

فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
١٩/ربیع الثانی ١٤٢٤ھ
(الف فتویٰ نمبر: ٣٦/ ٨٠٠٩)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
١٩/٤/١٤٢٤ھ

٧٠/سالہ عورت کا بغیر محرم کے حج کرنا

سوال [٤٩٩٢]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: ایک عورت مسماۃ بانو اس کی عمر لگ بھگ ستر سال ہے، وہ حج کو جانا چاہتی ہے، مگر اس کے ساتھ کوئی شرعی محرم نہیں ہے، تو کیا اس کے لئے بغیر محرم کے حج کو جانا جائز ہے یا نہیں؟

المستفتی: محمد علی حسن پنڈت نگلہ، مراد آباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: پینسٹھ ستر سالہ عورت کے لئے بلا محرم مسلمانوں کے قافلہ کے ساتھ حج کو جانا بلا کراہت جائز اور درست ہے؛ اس لئے کہ اس کا نامحرم مردوں کے ساتھ ناجائز تعلق قائم ہونے اور ناجائز فتنہ میں مبتلا ہونے کا اندیشہ نہیں ہے۔ اور شریعت نے شوہر یا محرم شرعی کے ساتھ سفر کی شرط اس لئے لگائی ہے کہ نامحرم مردوں کے ساتھ فتنہ میں مبتلا نہ ہو جائے اور ستر سالہ عورت میں ایسے فتنہ میں مبتلا ہونے کا اندیشہ نہیں ہے؛ لہٰذا جب قابل اطمینان مسلمانوں کے قافلہ کے ساتھ حج کو جائے اور کوئی فتنہ اور معصیت کا خطرہ بھی نہ ہو اور قافلہ کے لوگ ضرورت پڑے تو اس کی خدمت کر سکتے ہوں، تو ایسی صورت میں بلا محرم حج کو جانے سے اس کو روکا نہیں جا سکتا۔

(مستفاد: امداد الفتاوی ٢/٢٠١، ایضاح المناسک، ص: ٦٤)

أمـا العجوز التي لا تشتهي، فلا بأس بمصافحتها ومس يدها إذا أمن، ومتى جاز المس جاز سفره بها، ويخلو إذا أمن عليه وعليها وإلا لا..

(درمختار، كتاب الحظر والإباحة، فصل في النظر والمس، زكريا ۹/ ۵۲۹، كراچی ۶/ ۳۶۸)

فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۸/ جمادی الاولیٰ ۱۴۲۷ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۸/ ۹۰۱۳)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۲۷/۵/۲۸ھ

۷۵/ سالہ عورت کا بلا محرم سفر حج پر جانا

سوال [۴۹۹۳]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: گزارش یہ ہے کہ میں اپنی ہمشیرہ اور بھانجی کو لے کر اس سال حج کرنے جا رہا ہوں، میرے ہمراہ رشتہ کی خالہ جو ممانی بھی ہوتی ہیں، شاہ زمانی بیگم جن کی عمر تقریباً ۷۵/ سال ہے، جو بیوہ ہیں، وہ بھی حج کرنے جانا چاہتی ہیں، کیا وہ میرے ہمراہ حج کرنے جاسکتی ہیں؟

المستفتی: شمیم احمد لال کوٹھی ناگ پھنی، مراد آباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: ۷۵/ سال کی بوڑھی عورت میں فتنہ کا اندیشہ نہیں ہے؛ اس لئے غیر محرم کے ساتھ حج کو جاسکتی ہے۔ (مستفاد: ایضاح المناسک ۶۴، امداد الفتاوی ۴/ ۲۰۱)

أمـا العجوز التي لا تشتهي، فلا بأس بمصافحتها ومس يدها إذا أمن، ومتى جاز المس جاز سفره بها، ويخلو إذا أمن عليه وعليها وإلا لا..

(درمختار، كتاب الحظر والإباحة، فصل في النظر والمس، زكريا ۹/ ۵۲۹، كراچی ۶/ ۳۶۸)

فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۳/ ربیع الاول ۱۴۲۰ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۴/ ۶۰۷۲)

۸۰؍سالہ عورت کا سمدھی سمدھن کے ساتھ حج پر جانا

سوال [۴۹۹۴]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: ہندہ کے ماں باپ حج کو جارہے ہیں اور ہندہ کی ساس بھی ان کے ساتھ حج کو جانا چاہتی ہے، ساس کی عمر اسّی سال ہے، تو ایسی صورت میں ہندہ کی ساس اپنے سمدھی سمدھن کے ساتھ حج کو جاسکتی ہے یا نہیں؟

المستفتی: محمد شمشاد، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: ۸۰؍سالہ بوڑھی عورت کے لئے سفر حج میں جانے کے واسطے محرم شرعی کا ساتھ میں ہونا لازم نہیں ہے؛ لہٰذا ایسی عورت کا اپنی سمدھی اور سمدھن کے ساتھ حج کو جانا جائز ہے۔ اور بہتر یہ ہے کہ ایسے تندرست لوگ ساتھ میں ہوں جو ضرورت پر ان کی خدمت کرسکیں۔ (مستفاد: انوار مناسک/ ۱۷۷)

أما العجوز التي لا تشتهي، فلا بأس بمصافحتها ومس يدها إذا أمن، ومتى جاز المس جاز سفره بها، ويخلو إذا أمن عليه وعليها وإلا لا..

(درمختار، كتاب الحظر والإباحة، فصل في النظر والمس، زكريا ۹/ ۵۲۹، كراچى ۶/ ۳۶۸)

وقال حماد رحمه الله تعالىٰ: لا بأس للمرأة أن تسافر بغير محرم مع الصالحين. (عالمگيري قديم زكريا ۵/ ۳۶۶، جديد ۵/ ۴۲۳) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۳؍جمادی الاولیٰ ۱۴۲۸ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۸/ ۹۳۱۶)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۲۸/۵/۲۳ھ

۸۰؍سالہ عورت کا بلا محرم حج کو جانا

سوال [۴۹۹۵]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل

کے بارے میں: اسّی سال کی عورت بلا محرم حج بیت اللہ کو جا سکتی ہے یا نہیں؟ جواب با صواب سے نوازیں۔

المستفتی: سعید احمد اصالت پورہ، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: اسی سال کی عورت کے لئے حج بیت اللہ کو جانے کے لئے محرم ساتھ لے جانا لازم نہیں ہے؛ اس لئے کہ اس میں خوف فتنہ نہیں ہے، ہاں البتہ ساتھ میں خدمت کے لئے جوان لوگوں کا ہونا ضروری ہے۔ (مستفاد: ایضاح المناسک/۶۴، امدادالفتاوی ۴/ ۲۰۱)

أما العجوز التي لا تشتهي، فلا بأس بمصافحتها ومس يدها إذا أمن، ومتى جاز المس جاز سفره بها، ويخلو إذا أمن عليه وعليها وإلا لا..

(درمختار، كتاب الحظر والإباحة، فصل في النظر والمس، زكريا ۹/ ۵۲۹، كراچی ۶/ ۳۶۸)

فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۰؍ جمادی الثانیہ ۱۴۲۴ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۸۰۷۶/۳۷)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۲۴/۶/۱۰ھ

۸۵؍ سالہ عورت کا ۸۵؍ سالہ پھوپھی زاد بھائی کے ساتھ حج کو جانا

سوال [۴۹۹۶]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: ایک عورت کی عمر ۸۵؍ سال ہے اور وہ حج کو جانا چاہتی ہے، ساتھ جانے والا کوئی محرم نہیں ہے اور نہ اتنی گنجائش ہے کہ اپنے پیسے سے کسی کو اپنے ساتھ لے جا سکے، ایسے حالات میں کیا وہ اپنے پھوپھی زاد بھائی کے ساتھ جا سکتی ہے یا نہیں؟ جب کہ پھوپھی زاد بھائی کی عمر بھی ۸۶/۸۵؍ سال ہے اور وہ اپنی اہلیہ کے ساتھ جا رہے ہیں، جواب سے نوازیں۔

المستفتی: شکیل الرحمٰن بجنوری

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: مذکورہ صورت میں جب کہ عورت کی عمر ۸۵/ سال ہے اور پھوپھازاد بھائی کی عمر بھی پچاسی سال ہے، تو ایسی صورت میں اگر اس کے ساتھ سفر کرنے میں کسی طرح کے فتنہ کا اندیشہ نہ ہوتو پھر ان کے ساتھ سفر کی گنجائش ہے؛ لیکن ان کے ساتھ ایسے جوان افراد کا ہونا ضروری ہے جو ضرورت کے موقع پر ان کی خدمت کرسکیں، اور ان کا سہارا بن سکیں؛ اس لئے کہ حج آسان کام نہیں ہے، جوانوں کے لئے بھی مشکل ہوجاتا ہے۔ (مستفاد: امداد الفتاوی ۴/۲۰۴، فتاوی دارالعلوم ۶/۵۳۴، ایضاح المناسک ۶۲، انوار مناسک ۱۷۷)

أما العجوز التي لا تشتهي، فلا بأس بمصافحتها ومس يدها إذا أمن، ومتى جاز المس جاز سفره بها، ويخلو إذا أمن عليه وعليها وإلا لا..

(درمختار، كتاب الحظر والإباحة، فصل في النظر والمس، زكريا ۹/ ۵۲۹، کراچی ۶/ ۳۶۸)

فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۶/ جمادی الاولیٰ ۱۴۲۳ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۶/ ۷۶۵۹)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۶/۵/۱۴۲۳ھ

۳/ باب رسومات الحج

حجاج کرام کا حج سے قبل اعزاء واقرباء سے ملاقات کے لئے جانا

سوال [۴۹۹۷]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: (۱) حج کے لئے جانے سے پہلے اعزاء واقرباء سے ملاقات کے لئے جگہ جگہ گاؤں گاؤں گھومنا صحیح ہے یا غلط ہے؟

(۲) حج پر جانے والے حجاج کو کپڑے دینے کا رواج ہے، یہ صحیح ہے یا غلط ہے؟

المستفتی: محمد ایوب کیلاش نگر، دہلی

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: حج کو جانے والے کا جانے سے پہلے اعزاء واقرباء سے ملاقات کے لئے جگہ جگہ، گاؤں گاؤں گھومنا اور اپنے حج کو جانے کی شہرت دینا قرآن وحدیث اور سنت رسول اور سلف صالحین کے طریقہ کے خلاف ہے، اسی طرح اعزاء کے یہاں جا جا کران سے تحفہ تحائف کا وصول کرنا سنت اور طریقۂ سلف کے خلاف ہے، اس سے حج جیسی عبادت کی روح ختم ہو جاتی ہے، پھر عجیب بات ہے کہ حاجی صاحب کی واپسی کے بعد جن لوگوں نے تحفہ تحائف دیئے تھے، حاجی ان کا بدلہ چکانے کی فکر میں مبتلا ہوتا ہے۔ اور سفر حج کے دوران حاجی صاحب کے دل ودماغ پر اس کا خیال رہتا ہے جس سے حج کی روح ختم ہو جاتی ہے، ایسے طرز عمل سے حجاج کرام کو گریز کرنا چاہئے۔ (مستفاد: انوار مناسک ص: ۱۴۳-۱۴۴، ۶۷۹)

عن أنس بن مالک –رضي الله عنه– قال: حج النبي صلى الله عليه وسلم على رحل رث وقطيفة تسوى أربعة دراهم، أو لا تسوى، ثم قال:

اللهم حجة لا رياء فيها، ولا سمعة. (ابن ماجة، أبواب المناسك، باب الحج على الرحل، النسخة الهندية ٢٠٧، دارالسلام بيروت ٤١٨، رقم: ٢٨٩٠) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۱/محرم الحرام ۱۴۳۵ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۱۱۳۹۸/۴۰)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۳۵/۱/۲۱ھ

حجاج کرام کی روانگی کے وقت مسجد میں دعا کا اہتمام کرنا

سوال [۴۹۹۸]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: ہماری بستی میں عرصۂ دراز سے دستور چلا آ رہا ہے کہ حجاج کرام کی روانگی کے وقت کسی ایک مسجد میں جمع ہوجاتے ہیں، مسجد ہی میں سفرحج کے متعلق کچھ باتیں بتلائی جاتی ہیں اور اجتماعی دعا ہوتی ہے اور اس اجتماعی دعا میں بستی کے بہت سے لوگ شریک ہوتے ہیں، اب بعض علماء اس عمل پر نکیر کرتے ہیں، کیا شرعاً ایسا عمل ممنوع ہے؟ دلائل کی روشنی میں وضاحت فرمائیں۔

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: اگر حاجیوں کے واسطے بوقت روانگی کچھ معلومات اور نصائح فراہم کرنے کے لئے یہ عمل کیا جاتا ہے تو ایسا کرنا جائز اور فائدہ سے خالی نہیں۔ اور اگر صرف ریاکاری اور ایک ہنگامہ ظاہر کرنے کے لئے ہے تو ممنوع ہے، اب آپ لوگ اپنے یہاں کے حالات کو خود سمجھ لیں یہ عمل کس قسم میں شامل ہے۔

عن أنس بن مالك –رضي الله عنه– قال: حج النبي ﷺ على رحل رث وقطيفة تسوى أربعة دراهم، أو لا تسوى، ثم قال: اللهم حجة لا رياء فيها ولا سمعة. (سنن ابن ماجة، أبواب المناسك، باب الحج على الرحل، النسخة الهندية ٢٠٧، دارالسلام رقم: ٢٨٩٠) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۶/شوال ۱۴۱۹ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۵۹۰۲/۳۴)

حاجی کی رخصتی

سوال [۴۹۹۹]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: فریضۂ حج سے فراغت کے بعد حاجی حضرات جب اپنے وطن واپس آجاتے ہیں تو ان حاجی حضرات کو دعوت ناموں کے ذریعہ اطلاع دے کر اور یہ کہہ کر کہ اپنے ساتھ کھجوریں اور زمزم بھی لیکر آئیں، جلسۂ استقبالیہ باقاعدہ اسٹیج بنا کر اسکول میں کیا جاتا ہے، اس جلسہ میں ایس ڈی ایم، سی او، تھانہ کے انسپکٹر، ہوسپٹل سے ڈاکٹر وسیاسی حضرات مسلمانوں کے علاوہ دوسرے غیر مسلم حضرات کو بھی جلسہ میں شرکت کی دعوت دے کر بلایا جاتا ہے، جلسہ کا صدر بھی بنایا جاتا ہے، جلسہ کی ابتدا تلاوت کلام پاک اور نعت شریف سے کی جاتی ہے، اس کے بعد اسپیکر صاحب اعلان کرتے ہیں کہ فلاں صاحب حج کر کے تشریف لائے ہیں ان کا استقبال فلاں صاحب کریں گے، استقبال کرنے والے اپنے ہاتھوں میں پھولوں کا ہار لے کر حاجی صاحب کے گلے میں ڈالتے ہیں، اس وقت ان کا فوٹو بھی کھینچ لیا جاتا ہے، پھر یہ حاجی صاحب اپنی جگہ پر جا کر بیٹھ جاتے ہیں، اس طرح ترتیب سے ہر ایک حاجی صاحب کا استقبال کیا جاتا ہے۔ اسی جلسہ میں کھجوریں حاجی صاحبان سے لے کر تقسیم کی جاتی ہیں اور زمزم پلایا جاتا ہے، ان سب حاضرین کو ناشتہ بھی دیا جاتا ہے، جلسۂ استقبالیہ کرانے والوں کی طرف سے بطور انعام کے ایک پلیٹ جس میں حج مبارک لکھا ہوا ہوتا ہے، حاجی صاحب کو دی جاتی ہے، اس وقت بھی حاجی صاحب کو اسٹیج پر بلا کر ان کا فوٹو کھینچ لیا جاتا ہے۔

کچھ علماء حضرات بھی اس جلسہ میں شرکت کرتے ہیں، یہ استقبال مسلمانوں اور غیر مسلموں وسیاسی حضرات سے کرایا جاتا ہے، جلسہ کے اخراجات، پھولوں کا ہار، حج مبارک کی پلیٹ، ناشتہ، دعوت نامہ، سب چندہ سے کئے جاتے ہیں باری تعالیٰ کی توفیق کی بناء پر مقدس

فریضۂ حج کی ادائے گی کے بعد اس طرح اسٹیج بنا کر حاجیوں کا تعارف کرانا، ان کا استقبال کرنا، ان کے گلے میں پھولوں کا ہار ڈال کر فوٹو کھینچنا ان کو انعام کے طور پر حج مبارک کی پلیٹ دینا، مزید علماء کی شرکت شریعت اسلامیہ کی روشنی میں درست ہے یا نہیں؟ مدلل ومفصل جواب باصواب سے نوازا جائے۔

المستفتی: جمیل احمد قاسمی محلّہ منہاری سرائے، نگینہ

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: سوال نامہ میں جتنے امور ذکر کئے گئے ہیں، ان میں سے کوئی بھی امر حاجی کے لئے جواز کے دائرہ میں داخل نہیں، حج جیسی عبادت کو اس طرح کی ریاکاری، اور شہرت کی تقریبات سے پاک رکھنا لازم اور ضروری ہے، آج کل کے زمانے میں دو قسم کی فضول خرچی عام ہوتی جارہی ہے:

(۱) حاجی کے حج کو جانے سے پہلے دولہا یا دولہن بنا کر رخصت کیا جاتا ہے، اور اس وقت رخصتی کی دعوت ہوتی ہے۔

(۲) جب حاجی صاحب واپس آتے ہیں تو حاجی صاحب کا ولیمہ ہوتا ہے، دیکھنے والے فیصلہ نہیں کر سکتے کہ یہ حاجی صاحب ہیں یا دولہا میاں؟ اب تک ہم یہ سمجھتے رہے ہیں کہ یہ فضول خرچی حاجی صاحب اپنی جیب خاص سے کرتے ہیں؛ لیکن اب یہ نئی بات معلوم ہوئی ہے کہ حاجی صاحب کی رخصتی اور ولیمہ کا پروگرام چندہ سے کیا جاتا ہے، چندہ دہندگان کو سوچنا چاہئے کہ حج جیسی عبادت کو چندہ دے کر برباد کرنا کونسی سمجھ کی بات اور کونسا عقل کا کام ہے؟ اللہ تعالیٰ تمام حجاج کرام کی ان خرافات سے حفاظت فرمائے اور حج مقبول ومبرور حاصل کرنے کی توفیق عطاء فرمائے۔ حدیث شریف میں یہ ضرور ثابت ہے کہ حاجی صاحب سے دعاء کرائی جائے؛ لیکن سوال نامہ میں ذکر کردہ کوئی بھی چیز حدیث شریف سے ثابت نہیں۔

قال الله تبارک وتعالیٰ: اِنَّ الْمُبَذِّرِيْنَ كَانُوْا اِخْوَانَ الشَّيَاطِيْنِ وَكَانَ الشَّيْطَانُ لِرَبِّهٖ كَفُوْرًا. [سورة بني إسرائيل: ٢٧]

قال الله تبارک وتعالیٰ: وَكُلُوْا وَاشْرَبُوْا وَلَا تُسْرِفُوْا اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ الْمُسْرِفِيْنَ. [سورۂ اعراف: ٣١]

عن المغيرة بن شعبة –رضي الله عنه– قال: قال رسول الله ﷺ: إن الله حرم عليكم عقوق الأمهات ...... وإضاعة المال. (بخاري شريف، كتاب الأدب، باب عقوق الوالدين، النسخة الهندية ٢/ ٨٨٤، رقم: ٥٤١، ف: ٥٩٧٥)

عن عمر –رضي الله عنه– أنه استأذن النبي ﷺ بالعمرة، فأذن له وقال: يا أخي! أشركنا في شيء من دعائک، ولا تنسنا. (سنن ابن ماجة، أبواب المناسك، باب فضل دعاء الحج، النسخة الهندية، ٢٠٨، دارالسلام، رقم: ٢٨٩٤، سنن أبي داؤد، كتاب الصلاة، باب الدعاء، النسخة الهندية ١/ ٢٠٨، دارالسلام رقم: ١٤٩٨)

عن عبدالله بن عمر –رضي الله عنه– قال: قال رسول الله ﷺ: إذا لقيت الحاج فسلم عليه وصافحه، ومره أن يستغفر لک قبل أن يدخل بيته، فإنه مغفور له. (مسند أحمد ٢/ ٦٩، برقم: ٥٣٧١)

البدعة ما أحدث على خلاف حق المتلقى عن رسول الله صلى الله عليه وسلم من علم أو عمل. (شامي، باب الإمامة، مطلب البدعة خمسة أقسام، كراچی ١/ ٥٦٠، زكريا ٢/ ٢٩٩) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۳؍ ربیع الاول ۱۴۳۲ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۱۰۳۰۱/۳۹)

حج کو جاتے وقت دعوت وغیرہ کا التزام

سوال [۵۰۰۰]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے

بارے میں: ہماری بستی میں حج سے متعلق کئی رسوم رائج ہیں، جن کی وجہ سے عازمین حج کو مختلف قسم کی پریشانیوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے:

(۱) عازمین کے لئے یہ ضروری سمجھا جاتا ہے کہ روانگی سے قبل طلبۂ مدارس اور اعزاء واحباب کی دعوت کریں، اسی طرح اعزاء واحباب کے لئے ضروری سمجھا جاتا ہے کہ وہ اپنے عازمین اقرباء کی مع اقارب دعوت کریں از روئے شرع اس قسم کی دعوت کرنا اور اس میں شرکت کر کے کھانا کھانا کیسا ہے؟

(۲) عازمین کے اعزاء واحباب ان عازمین کو کپڑوں کے جوڑے دیتے ہیں؟

(۳) عازمین روانگی کے وقت اپنے رشتہ داروں کو بس کرایہ پر لے کر دہلی تک لے جاتے ہیں، عازمین کے لئے دوران سفر اور دہلی میں ان ہم سفر رشتہ داروں کے قیام وطعام اور راحت وآرام کا مکمل خیال رکھنا ضروری ہے، اگر کسی عزیز پر خاطر خواہ توجہ نہ ہو سکے تو اس کو شکایت ہوتی ہے، جب کہ دہلی میں ان عازمین کی کاغذات کی کارروائی وغیرہ کی مصروفیات بہت ہوتی ہیں؟

(۴) یہ دہلی جانے والی بسیں ایک خاص مقام اسپتال پر کھڑی ہوتی ہیں، وہاں تک رخصت کرنے کے لئے عورتیں ساتھ جاتی ہیں اور اتنا ہجوم کرتی ہیں کہ بسا اوقات روڈ بند ہو جاتا ہے، ورنہ مردوں عورتوں کا اختلاط تو ہوتا ہی ہے۔

(۵) حجاج کے لئے واپسی پر اپنے اعزاء واحباب کو کپڑوں کے جوڑے تقسیم کرنا اور ان کے بچوں کو کھلونے تقسیم کرنا ضروری سمجھا جاتا ہے، ان تمام رسوم پر ایک عازم کو بیس سے تیس ہزار روپئے کا صرفہ، حج کے خرچ کے علاوہ برداشت کرنا پڑتا ہے، اور اس زائد خرچ کو صرف حج کے ساتھ شامل سمجھا جاتا ہے، حتی کہ بعض لوگ جن کے پاس سفر حج کے لائق مال ودولت ہے؛ لیکن ان رسوم کے ادا کرنے کی وسعت نہیں ہے، وہ اپنے اوپر حج فرض ہی نہیں سمجھتے یا فرض جاننے کے باوجود اتنی وسعت نہ ہونے کی وجہ سے ادائے گی حج سے قاصر

رہتے ہیں، آں جناب ان رسوم کا تمام حدود وشروط کے ساتھ شرعی حکم بیان فرمائیں، نیز یہ کہ عازم حج کے لئے کون سا خرچ لازم ہے؟ اگر کوئی شخص ان رسومات کے دباؤ میں حج نہیں کرتا، تو اس کو گناہ تو نہیں ہوگا؟ اور معذور سمجھا جائے گا، اگر گناہ ہوگا تو اس گناہ میں اعزاء واحباب بھی شریک ہوں گے یا نہیں؟

المستفتی: افتخار احمد ولد حاجی گو ہر علی اطہر کمال، کلاتھ ہاؤس صدر بازار، ٹانڈہ رامپور

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: حجاج کرام کا سفر حج کو جانے سے پہلے یا سفر حج سے واپسی پر دعوت کرنا اور اس دعوت کو ضروری سمجھنا حضور صلی اللہ علیہ وسلم، صحابہ کرام رضی اللہ عنہم، ائمہ مجتہدین اور سلف وخلف کسی سے بھی ثابت نہیں ہے، سلف وخلف کے طریقۂ مسنونہ کے خلاف ایک نئے طریقہ کا ایجاد کرنا ہے، جو فریضۂ حج کی ادائے گی کے لئے رکاوٹ ہے، ان سے گریز کرنا ہر حاجی اور ہر مسلمان پر لازم ہے، اسی طرح حاجی کو دھوم دھام کے ساتھ رخصت کرنا اور اس وقت اس کو ایئرپورٹ پہنچانے میں ہزار ہا روپیہ برباد کرنا اور پھر واپسی کے وقت حاجی کو دولہا بنا کر لانا اور پھر حاجی صاحب کا دعوت ولیمہ کرنا اور حاجی صاحب کا کپڑا تقسیم کرنا سب بیجا فضول خرچی ہے، جو نص قرآنی کے مطابق: ”اِنَّ الْمُبَذِّرِيْنَ كَانُوْا اِخْوَانَ الشَّيَاطِيْن“ کے دائرہ میں داخل ہو کر ناجائز اور ممنوع ہے، حاجی کو دولہن بنا کر رخصت کرنے میں اور پھر واپسی میں دولہا بنا کر لانے میں نامحرم عورتوں کی بھیڑ بھی ناجائز اور ممنوع ہے، ہاں البتہ حاجی کو رخصت کے وقت اس سے دعاء کی گزارش کرنا، اسی طرح واپسی کے وقت اس سے دعا کرانا جائز اور درست ہے۔ اور نص حدیث سے ثابت ہے۔ (معلم الحجاج/ ۳۳۸، مستفاد: ایضاح المناسک/۲۱۲)

عن عبداللّٰہ بن عمر –رضي اللّٰه عنه– قال: قال رسول اللّٰه ﷺ: إذا لقيت الحاج فسلم عليه، وصافحه، ومره أن يستغفر لک قبل أن يدخل بيته، فإنه مغفور له. (مسند إمام أحمد بن ۲/ ۶۹، رقم: ۵۳۷۱)

عن عائشة -رضي الله عنها- أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال: من أحدث في أمرنا هذا ماليس منه، فهو رد. (ابن ماجة شريف، باب تعظيم حديث رسول الله صلى الله عليه وسلم و التغليظ على من عارضه، النسخة الهندية ۳، دارالسلام رقم: ١٤)

من عمل عملا ليس عليه أمرنا فهو رد. (مسلم، كتاب الأقضية، باب نقض الأحكام الباطلة ورد محدثات الأمور، النسخة الهندية ٢/ ٧٧، دارالسلام، رقم: ١٧١٨)

فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ	الجواب صحیح:
۲۲/ جمادی الثانیہ ۱۴۲۵ھ	احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
(الف فتویٰ نمبر: ۸۴۲۰/۳۷)	۱۴۲۵/۶/۲۲ھ

حجاج کرام کا روانگی سے قبل دعوت کرنا

سوال [۵۰۰۱]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: روانگی سے پہلے حجاج کرام کی دعوت کی جاتی ہے اور خود حجاج کرام بھی طلبہ اور اپنے رشتہ داروں دوستوں کی دعوت کرتے ہیں، ازروئے شرع کیا حکم ہے؟

المستفتی: جلیس احمد ٹانڈہ بادل رامپور

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: روانگی سے قبل یا بعد میں حجاج کرام کی دعوت کرنے میں کوئی قباحت نہیں معلوم ہوتی ہے، مگر حجاج کرام کی طرف سے جو روانگی سے قبل یا بعد میں دعوتوں کا رواج اور سلسلہ شروع ہوگیا ہے یہ مختلف خرابیوں کا شکار ہونے کی وجہ سے ممنوع اور قابل ترک ہے، اولاً ایک تو عبادت حج میں ریاکاری ہے اور دوسری بات حج کے خرچ میں دعوت کا خرچ بھی جوڑا جاتا ہے، اس فضول خرچی کی وجہ سے فریضۂ حج میں رکاوٹ کا عظیم خطرہ ہے؛ اس لئے حجاج کرام کو اس سے باز رہنے کی ترغیب دی جائے۔

قال اللّٰہ تبارک وتعالیٰ: اِنَّ الْمُبَذِّرِيْنَ كَانُوْا اِخْوَانَ الشَّيَاطِيْنِ وَكَانَ الشَّيْطَانُ لِرَبِّهٖ كَفُوْرًا. [سورة بني إسرائيل: ۲۷]

عن المغيرة بن شعبة –رضي الله عنه– قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: إن الله حرم عليكم عقوق الأمهات ...... وإضاعة المال. (بخاري شريف، كتاب الأدب، باب عقوق الوالدين، النسخة الهندية ۲/ ۸۸۴، رقم: ۵٤۱، ف: ۵۹۷۵)

عن أنس بن مالك –رضي الله عنه– قال: حج النبي صلى الله عليه وسلم على رحل رث وقطيفة تسوى أربعة دراهم، أو لا تسوى، ثم قال: اللهم حجة لا رياء فيها ولا سمعة. (سنن ابن ماجة، أبواب المناسك، باب الحج على الرحل، النسخة الهندية ۲۰۷، دارالسلام رقم: ۲۸۹۰) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ	الجواب صحیح:
۱۵ / ربیع الاول ۱۴۱۶ھ	احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۲/ ۴۳۸۴)	۱۴۱۶/۳/۱۵ھ

حج کے لئے جانے سے قبل دعوت اور دیگر منکرات کا حکم

سوال [۵۰۰۲]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: حاجی لوگ جب حج کے لئے جاتے ہیں، تو حج کی شہرت کرنا دعوت کے ذریعہ سے ہو یا محفل میلاد کے ذریعہ سے اور جس وقت روانگی ہو تو سب لوگوں کا جمع ہو جانا مرد ہوں یا عورت، اور جاتے وقت مرد عورت دور تک یعنی گاؤں سے کلومیٹر سے بھی زیادہ دور تک ان کے ساتھ ٹریکٹر یا ٹرالی میں بیٹھ کر جانا ہے، اور عورتوں کا بلند آواز سے قصیدے پڑھنا شریعت کی رو سے یہ افعال درست ہیں یا نہیں؟ اور ان سے حاجی کے ثواب میں کمی آتی ہے یا نہیں؟

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: حاجی صاحب کی روانگی کے وقت مقامی لوگوں کا

حاجی صاحب سے دعا کی درخواست کرنا، دور نبوت اور دور صحابہ سے ثابت ہے؛ لیکن حاجی صاحب کا اس موقع پر دعوت کرنا، محفل میلاد منعقد کرنا، نیز رخصت کرتے وقت بسوں، گاڑیوں کے ذریعہ بارات کی شکل میں رخصت کرانا، قصیدہ خوانی اورنعرہ بازی وغیرہ کسی طرح بھی جائز ودرست نہیں، یہ بے جا اسراف اور فضول خرچی ہے، جو حج جیسی مبارک عبادت کے لئے نہایت نقصان دہ ہے؛ اس لئے ان امور سے بچنا لازم اور ضروری ہے، ہاں البتہ اگر ایک دو آدمی ایئر پورٹ تک پہنچانے کے لئے جائیں تو کوئی حرج نہیں ہے۔ (مستفاد: فتاوی محمودیہ قدیم ۳/۲۰۲، جدید ڈابھیل ۱۰/ ۴۵۷، ایضاح المناسک/ ۶۸، سفر حج میں غلطیوں کی اصلاح/ ۷۶)

قال اللہ تبارک و تعالیٰ: اِنَّ الْمُبَذِّرِيْنَ كَانُوْا اِخْوَانَ الشَّيَاطِيْنِ وَكَانَ الشَّيْطَانُ لِرَبِّهٖ كَفُوْرًا. [سورة بني إسرائيل: ۲۷]

عن ابن عمر –رضي الله عنه– أنه استأذن النبي ﷺ بالعمرة، فأذن له وقال: يا أخي! أشركنا في شيء من دعائك، ولا تنسنا. (سنن ابن ماجة، أبواب المناسك، باب فضل دعاء الحج، النسخة الهندية، ۲۰۸، دارالسلام، رقم: ۲۸۹٤)

عن المغيرة بن شعبة –رضي الله عنه– قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: إن الله حرم عليكم عقوق الأمهات ...... وإضاعة المال. (صحيح البخاري، كتاب الأدب، باب عقوق الوالدين، النسخة الهندية ۲/ ۸۸٤، رقم: ۵٤۱، ف: ۵۹۷۵) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۸؍محرم الحرام ۱۴۲۲ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۲۰۱۲/۳۵)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۲۲/۱/۸ھ

حاجی کے لئے ہدیہ قبول کرنا

سوال [۵۰۰۳]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل

کے بارے میں: زید نے حج بیت اللہ کا ارادہ ظاہر کیا، اس کے چاہنے والے نے کہا جب آپ بیت اللہ جائیں گے تو میں اپنی خوشی سے دو یا چار ہزار روپیہ یا جتنا بھی ہوگا آپ کی نذر کروں گا، تو کیا وہ دو چار ہزار روپیہ لے کر اپنے خرچ میں لگا سکتا ہے؟ فرائض میں تو کوئی کمی نہیں آئے گی؟

المستفتی: عبدالحکیم نینی تال

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: آپ کے چاہنے والوں میں سے جو بھی بطیبِ خاطر اور خوش دلی سے آپ کو ہدیہ اور نذرانہ پیش کرے اس کو آپ کے لئے لینے میں کوئی حرج نہیں ہے، اور اس کو آپ لے کر خرچ کر سکتے ہیں، فرائض میں کوئی نقص لازم نہیں آئے گا؛ لیکن یہ شرط ہے کہ آپ کو جو نذرانہ دیا جا رہا ہو وہ حلال رقم ہو۔

أهدى إلى رجل شيئا أو أضافه إن كان غالب ماله من الحلال فلا بأس إلا أن يعلم بأنه حرام. (عالمگیری، كتاب الكراهية، الباب الثاني عشر في الهدايا والضيافات، قديم زكريا ديوبند ٥/ ٣٤٢، جديد ٥/ ٣٩٦)

ويرى الحنفية أن المدعو يجيب دعوة من كان غالب ماله حلال مالم يتبين عنده أنه حرام. (الموسوعة الفقهية ٤٥/ ٢٤٤)

وأما الإهداء والضيافة فينظر إن كان غالبًا المهدي والضيف لا يقبله ما لم يجز أن ذلک المال حلال، وإن كان غالب ماله حلالا فلا بأس بأن يقبل حتى يتبين عنده أنه حرام. (البناية شرح الهداية أشرفيه ديوبند ١٢/ ٢٠٩) **فقط** واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۵؍شعبان ۱۴۱۴ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۱/ ۳۵۸۰)

حج سے واپسی میں ضمناً گھریلو سامان لانا

سوال [۵۰۰۴]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: میرا حج کرنے کا بہت ارادہ ہے اور یہ بھی ارادہ ہے کہ حج کی واپسی پر وہاں سے صرف اپنے گھر کے لئے ۵۰/۴۰/۶۰/ ہزار کے زیوارت اور گھر میں کام آنے والی کچھ چیزیں، کچھ کپڑے، کچھ زمزم، کھجور وغیرہ لاؤں گا، اگر شریعت اجازت دے تو کیا کیا لا سکتا ہوں، اور کتنا کتنا لا سکتا ہوں؟ نیز دوست بھی کچھ لانے کے لئے پیسے دیتے ہیں، ان کے لئے میں کیا کیا لا سکتا ہوں؟

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: اگر سفر حج میں ضمنی طور پر گھر کی ضروریات کا سامان خرید کر لایا جائے تو اس میں کوئی حرج نہیں اور جو چیز جتنی آپ لانا چاہیں لا سکتے ہیں، بشرطیکہ حج کی ادائے گی میں حارج نہ ہو۔

لَيۡسَ عَلَيۡكُمۡ جُنَاحٌ اَنۡ تَبۡتَغُوا فَضۡلًا مِنۡ رَّبِّكُمۡ. [سورة البقرة: ۱۹۸]

وتحته في روح المعاني: أي رزقا منه تعالىٰ بالربح بالتجارة في مواسم الحج. (تفسير روح المعاني، زكريا ۲/ ۱۳۰، أحكام القرآن للجصاص سهيل اكيڈمي لاهور ۱/ ۳۰۹) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۹/ ذی الحجہ ۱۴۰۹ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۲۵/ ۱۵۱۷)

حج سے واپسی کے بعد عزیز واقارب کی دعوت

سوال [۵۰۰۵]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل

کے بارے میں: واپسی حج کے بعد عزیز واقارب کا کھانا کرنا کیسا ہے؟

المستفتی: حمد الرحمٰن محلّہ گلشہید، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: حاجی صاحب کے سفرحج سے واپس آنے پران سے ملاقات سلام ومصافحہ اور دعا کی درخواست کرنا حدیث شریف سے ثابت ہے اور اس موقع پر حاجی صاحب اوران کے اہل خانہ کی طرف سے عزیز واقارب اوررشتہ داروں کے کھانے کی دعوت کرنا یہ فضول خرچی اور بیجا اسراف ہے، اس سے احتراز کرنا لازم اورضروری ہے۔ (انوارمناسک/۵۹۶)

عن عبداللہ بن عمر –رضي اللہ عنه– قال: قال رسول اللہ ﷺ: إذا لقيت الحاج فسلم عليه فصافحه ومره أن يستغفر لک قبل أن يدخل بيته، فإنه مغفور له. (مسند أحمد ۲/ ۶۹–۱۶۸، رقم: ۵۳۷۱–۶۱۱۲)

عن ابن عمر –رضي اللہ عنه– أنه استأذن النبي صلى اللہ عليه وسلم بالعمرة، فأذن له وقال: يا أخي! أشركنا في شيء من دعائک، ولا تنسنا.

(سنن ابن ماجة، أبواب المناسك، باب فضل دعاء الحج، النسخة الهندية، ۲۰۸، دارالسلام، رقم: ۲۸۹٤) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۶/ذیقعدہ ۱۴۳۰ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۸/۹۸۲۰)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصورپوری غفرلہ
۲۶/۱۱/۱۴۳۰ھ

۴/ باب المیقات والإحرام

مکہ کا باشندہ جب کبھی سال چھ مہینے میں ریاض وغیرہ جا کر واپس آئے تو احرام باندھنے کا حکم

سوال [۵۰۰۶]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: ذاکراللہ جو مکہ کا باشندہ ہے، ریاض گیا اب ریاض سے مکہ واپس آرہا ہے، تو اس کے اوپر عمرہ کا احرام باندھ کر کے مکہ میں داخل ہونا لازم ہے یا بغیر احرام کے بھی داخل ہوسکتا ہے؟

المستفتی: ذاکراللہ دہلی

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: مکہ کا باشندہ ذاکراللہ سال، چھ مہینے میں کبھی مکہ سے باہر ریاض یا کسی دوسرے شہر میں جائے پھر واپس مکہ میں آئے، تو اس کے اوپر عمرہ کا احرام باندھنا لازم ہوگا، بغیر احرام باندھے مکہ میں داخل ہوگا تو دم لازم ہوگا۔ (مستفاد: انوار مناسک/۲۵۴)

المكي إذا خرج منها وجاوز المواقيت لا يحل له العود بلا إحرام لكن إحرامه من الميقات. (شامي، زكريا ۳/ ٤٨٤، شامي كراچی ۲/ ٤٧٧)

المكي إذا خرج من الحرم لحاجة له أن يدخل مكة بغير إحرام بشرط أن لا يكون جاوز الميقات كالآفاقي، فإن جاوزه فليس له أن يدخل مكة من غير إحرام؛ لأنه صار آفاقيا. (البحرالرائق، کراچی ۲/ ۳۱۹، زکریا ۲/ ٥٦٠)

المكي إذا خرج إلى الحل لحاجة له أن يدخل مكة بغير إحرام بشرط أن لا يكون جاوز الميقات كالآفاقي، فإن جاوزه فليس له أن يدخل مكة بغير إحرام؛ لأنه صار آفاقيا. (غنية الناسك، قديم ۳۲، جديد كراچی ٦٤)

مكي خرج من الحرم يريد الحج، وأحرم ولم يعد إلى الحرم حتى وقف بعرفة، فعليه شاة. (الفتاوى التاتارخانية، زكريا ۳/ ۵۵۳، رقم: ۵۰۰۳) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۴۳۵/۳/۲۳ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۴۰/ ۱۱۰۶۸)

کاروبار اور تجارت کی وجہ سے ہر مرتبہ احرام کے ساتھ مکہ مکرمہ میں داخل ہونا لازم نہیں

سوال [۵۰۰۷]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ خالد مکہ کا باشندہ ہے، اور اس کا کاروبار مدینہ میں ہے، ہر ماہ ۲/۳ بار آنا جانا پڑتا ہے، تو کیا اس کے اوپر ہر بار مکہ میں داخل ہونے کے لئے احرام باندھنا لازم ہے یا نہیں؟

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: خالد جو مکہ کا باشندہ ہے اور اس کا کاروبار مدینہ میں ہے، جس کی وجہ سے اس کو ہر ہفتہ یا ۲/ ہفتہ میں مدینہ جانا پڑتا ہے، تو اس کے اوپر ہر بار مکہ میں داخل ہونے کے لئے احرام باندھنا سخت مشکلات کا سامنا کرنا ہے؛ اس لئے ایسے لوگوں پر ہر بار احرام لازم نہیں؛ بلکہ بغیر احرام کے ہر بار مکہ میں داخل ہونا ان کے لئے جائز ہے۔ (مستفاد: انوار مناسک، ص: ۲۴۹)

وكذا من كان من أهل مكة وخرج منها لحاجة له نحو الاحتطاب وما أشبهه جاز له أن يدخلها بغير إحرام. (الفتاوى التاتارخانية، زكريا ۳/ ۵۵۱، رقم: ۴۹۹۷)

عن ابن عباس –رضي الله عنه– قال: لا يدخل مكة أحد بغير إحرام إلا الحطابون والعمالون، وأصحاب منافعها. (مصنف ابن أبي شيبة، موسسة علوم القرآن بيروت ۸/ ۲۲۷، رقم: ۱۳۶۹۱)

وقال أبو عمر لا أعلم خلافا بين فقهاء الأمصار في الحطابين، ومن يد من الاختلاف إلى مكة ويكثره في اليوم والليلة أنهم لا يأمرون بذلك لما عليهم فيه من المشقة. (عمدة القاري، كتاب الحج، باب دخول الحرم ومكة بغير إحرام، دار احياء التراث العربي بيروت ١٠/ ٢٠٥، زكريا ٧/ ٥٣٥)

ومن كان داخل الميقات له أن يدخل مكة بغير إحرام لحاجته؛ لأنه يكثر دخوله مكة، وفي إيجاب الإحرام في كل مرة حرج بين فصار كأهل مكة حيث يباح لهم الخروج منها، ثم دخولها بغير إحرام لحاجتهم. (هدایه، مكتبه بلال ديوبند ١/ ٢٥٣، أشرفي ديوبند ١/ ٢٣٥) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ

۱۴۳۵/۲/۲۳ھ

(الف فتویٰ نمبر: ۴۰/ ۱۱۰۶۷)

ملازم کا بغیر احرام کے مکہ میں جا کر کام کرنا

سوال [۵۰۰۸]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: زید بجنور کا رہنے والا ہے، مکہ مکرمہ میں کام کرتا ہے، سال میں دومرتبہ گھر آتا ہے، مگر جب مکہ مکرمہ جاتا ہے، تو بغیر احرام کے جا کر کام میں لگ جاتا ہے، معلوم یہ کرنا ہے، کیا ایسے شخص پر مسجد عائشہ جا کر احرام باندھ کر عمرہ کی قضاء اوردم دینا دونوں ضروری ہیں یا صرف عمرہ کرے، دم ضروری نہیں، یا صرف دم دے دے، عمرہ ضروری نہیں؟ شرعاً جو حکم ہو واضح فرمائیں۔

المستفتی: عبدالرشید قاسمی سیڈھا بجنور

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: مسئولہ صورت میں زید پر لازم ہے کہ وہ میقات

سے عمرہ کا احرام باندھ کر مکہ معظّمہ میں داخل ہو، پس اگر وہ بغیر احرام کے مکہ معظّمہ چلا جائے گا تو اس پر لازم ہوگا کہ وہ کسی میقات پر آکر احرام باندھ کر داخل ہو، ورنہ ترک میقات کی بناء پر اس پر ایک دم لازم ہوگا۔ اور عمرہ صحیح ہو جائے گا۔

آفاقي مسلم مكلف أراد دخول مكة أو الحرم، ولو لتجارة، أو سياحة، وجاوز أخر مواقيته غير محرم، ثم أحرم أو لم يحرم أثم ولزمه دم، وعليه العود إلى ميقاته الذي جاوزه الخ. (غنية، باب مجاوزة الميقات بغير إحرام، فصل في مجاوزة الأفاقي في وقته، قديم ۳۰، جديد كراچی ٦٠، هندية قديم زكريا ۱/ ۲۵۳، جديد زكريا ۱/ ۳۱۷)

ومن دخل أي من أهل الآفاق مكة أو الحرم بغير إحرام، فعليه أحد النسكين، أي من الحج والعمرة، وكذا عليه دم المجاوزة أو العود. (مناسك ملا علي قاري كراچی ۸۷، البحرالعميق، المكتبة المكية بيروت ۳/ ٦۱۸، شامي، كراچی ۲/ ۵۸۳، زكريا ۳/ ٦۲٦، تاتارخانية زكريا ۳/ ۵۵۲، رقم: ٤۹۹۸، كتاب المسائل ۳/ ۱۰٦، أنوار مناسك ۲٤۸) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۵/ جمادی الاولیٰ ۱۴۳۵ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۴۰/ ۱۱۵۵۰)

اہل حل کا بلا احرام مکہ مکرمہ میں آنا جانا

سوال [۵۰۰۹]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: جدہ حدود حرم سے باہر حل میں ہے اور مکہ مکرمہ سے جانب مغرب میں ساحل سمندر پر واقع ہے۔ اور عرفات بھی حدود حرم سے باہر حل میں ہے؛ لیکن مکہ مکرمہ سے جانب مشرق میں واقع ہے اور جدہ والوں کو عرفات جانے کے لئے پہلے مکہ مکرمہ میں داخل ہونا پڑے گا، اس کے بعد عرفات پہنچ سکتے ہیں، اب سوال یہ ہے کہ جدہ کے رہنے والے حج کے

ارادے سے روانہ ہوئے، مگر احرام نہیں باندھا اور مکہ مکرمہ سے ہوتے ہوئے عرفات پہنچ گئے اور عرفات پہنچ کر حج کا احرام باندھ لیا، اس کے بعد حج کے سارے ارکان بھی ادا کر لئے، تو ایسی صورت میں ان کے اوپر کوئی دم یا کفارہ لازم ہوا یا نہیں؟ مدلل جواب تحریر فرمادیں نوازش ہوگی۔

المستفتی: قاری خلیق الرحمٰن صاحب، مدرس مدرسہ صولتیہ مکہ مکرمہ

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: اہل حل کے لئے حکم شرعی یہ ہے کہ اگر حج یا عمرہ کا ارادہ نہ ہو تو بلا احرام مکہ مکرمہ میں آنا جانا بلا کراہت جائز اور درست ہے؛ لیکن اگر حج یا عمرہ کے ارادہ سے جائے تو حدود حل سے ہی احرام باندھ کر جانا ان کے اوپر لازم ہوگا۔ اور جدہ چونکہ حل میں داخل ہے اور ساحل جدہ محاذات میقات میں ہونے کی وجہ سے میقات کے حکم میں ہے۔ اور اہل میقات بھی اہل حل کے حکم میں ہوتے ہیں؛ لہٰذا جب جدہ والے حج کے ارادہ سے مکہ مکرمہ جائیں تو ان کے اوپر حج کا احرام باندھ کر جانا واجب ہے۔ اور جب بغیر احرام کے حج کے ارادے سے مکہ مکرمہ میں داخل ہو جائیں تو ان پر ایک دم واجب ہو جاتا ہے اور دم ساقط ہونے کے لئے یہی شکل ہے کہ کسی بھی رکن کی ادائے گی سے پہلے پہلے کسی بھی طرف کے حل میں جا کر کے حج کا احرام باندھ لیں اور عرفات حدود حرم سے باہر حل میں ہے؛ لہٰذا جب عرفات میں جا کر احرام باندھ لیا ہے، تو جو دم واجب ہوا تھا وہ ساقط ہو گیا؛ لہٰذا اب ارکان حج کی ادائے گی کے بعد ان کے اوپر کوئی دم وغیرہ واجب نہیں ہے؛ لیکن یہ بات بھی یاد رکھنی چاہئے کہ بالقصد ایسا نہ کیا جائے، اگرچہ دم ساقط ہو گیا ہے، پھر بھی بلا عذر ایسا کرنا کراہت سے خالی نہیں، ہاں البتہ اگر کوئی خاص عذر اور رکاوٹ ہے، تو بلا کراہت ایسا کرنا درست ہوگا، جیسا کہ فقہی عبارات سے واضح ہوتا ہے، ملاحظہ فرمائیے:

وفي شرح الطحاوي: وإن عاد إلى ميقات آخر سوى الميقات التي جاوز قبل أن يصل إحرامه بالفعل يسقط عنه الدم عندنا، وعوده إلى هذا

المیقات أو إلی میقات آخر سواء، وقوله: قال في الجامع الصغیر: مکي خرج من الحرم یرید الحج، وأحرم ولم یعد إلی الحرم حتی وقف بعرفة، فعلیه شاة، وإن لم یشتغل بأعمال الحج حتی عاد إلی الحرم إن عاد ملبیا سقط عنه الدم بلا خلاف. (الفتاوی التاتارخانیة ۳/ ۵۵۳، رقم: ۵۰۰۱-۵۰۰۳)

قال القطبي في منسکه: ومما یجب التیقظ له سکان جدة …… وأهل الأودیة القریبة من مکة، فإنهم غالبا ما یأتون مکة في سادس أو سابع ذي الحجة بلا إحرام ویحرمون للحج من مکة، فعلیهم دم لمجاوزة المیقات بلا إحرام لکن بعد توجههم إلی عرفة ینبغي سقوطه عنهم بوصولهم إلی أول الحل ملبین. (شامي، کتاب الحج، مطلب في المواقیت کراچی ۲/ ۴۷۸، زکریا ۳/ ۴۸۴)

فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۳؍ ذی الحجہ ۱۴۳۵ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۴۱/ ۱۱۷۸۱)

کیا جدہ ایئرپورٹ میقات میں داخل ہے؟

سوال [۵۰۱۰]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: (۱) آں محترم نے ''انوار مناسک ص: ۵۲۸'' پر تحریر فرمایا ہے کہ جدہ بھی صحیح اور راجح قول کے مطابق بحکم میقات ہے، جدہ سے جدہ شہر مراد ہے یا جدہ ایئرپورٹ مراد ہے، یا پانی کے جہاز جہاں اترتے ہیں جدہ میں وہ مراد ہے؟ اگر ہم نے بھول سے دلی ایئرپورٹ یا جدہ ایئرپورٹ اترنے سے ایک گھنٹہ پہلے احرام کی نیت نہ کی اور جدہ ایئرپورٹ پر اتر کر احرام باندھا تو کیا ہم پر دم واجب ہوگا؟

(۲) ہمارے ایک بھائی جدہ شہر میں کام کرتے ہیں، جب وہ سے دلی سے ہوائی جہاز سے جاتے ہیں اور جدہ ایئرپورٹ پر اترتے ہیں کیا جدہ ایئرپورٹ پر اتر کر وہ مقیم ہوجائیں گے؛ کیوں کہ

وہ دو سال کے لئے جدہ شہر جا رہے ہیں، یا ایئر پورٹ پر بھی نماز قصر ہی کریں گے؟

(۳) کیا جدہ ایئر پورٹ فناء جدہ شہر میں داخل ہے یا خارج ہے؟

المستفتی: عبدالرحمٰن، بجنور

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: (۱) جدہ کو جو میقات کہا گیا ہے اس سے ساحل جدہ مراد ہے۔ اور اسی طرح جدہ ایئر پورٹ بھی یلملم اور رابغ کے محاذات کے اندر نہیں ہے؛ اس لئے ایئر پورٹ بھی ساحل جدہ کی طرح میقات کے حکم میں ہے؛ لہٰذا مغرب کی جانب سے جدہ ایئر پورٹ آنے والے اسی طرح پانی کے جہاز سے آنے والے کے لئے جدہ کی بندرگاہ اور اس کے ایئر پورٹ پر احرام باندھنا جائز ہوگا؛ لیکن مشرق کی طرف سے آنے والے کو قرن المنازل اور اس کے محاذات سے ہو کر گذرنا ہوتا ہے۔ اور آفاقی کے لئے میقات یا میقات کے محاذات سے بلا احرام گذر جانا ممنوع اور موجب دم ہے؛ لہٰذا دہلی سے احرام باندھے بغیر قرن المنازل سے احرام باندھے بغیر جو لوگ جدہ پہنچ جاتے ہیں، ان پر دم واجب ہو جاتا ہے؛ لیکن جدہ ایئر پورٹ دوسرے میقات کے محاذات میں ہونے کی وجہ سے ایئر پورٹ پر احرام باندھ لے گا، تو واجب شدہ دم ساقط ہو جائے گا؛ اس لئے کہ جو شخص بغیر احرام کے کسی بھی میقات سے گذر جائے پھر وہ دوبارہ کسی میقات یا محاذات پر جا کر احرام باندھ لیتا ہے، تو واجب شدہ دم ساقط ہو جاتا ہے، جیسا کہ ''انوار مناسک'' میں اس کی وضاحت ہے۔ اور ''بدائع'' کی عبارت شاہد ہے۔ (مستفاد: انوار مناسک/۲۵۴)

لو أحرم بعد ما جاوز الميقات قبل أن يعمل شيئا من أعمال الحج، ثم عاد إلى الميقات ولبیٰ سقط عنه الدم. (بدائع زکریا ۲/ ۳۷۳)

(۲) جدہ ایئر پورٹ آبادی سے کافی فاصلہ پر ہے، ایئر پورٹ تک تسلسل آبادی کسی بھی طرف سے نہیں ہے؛ اس لئے جدہ ایئر پورٹ پر قصر کرنا لازم ہے۔ اور جب جدہ کی آبادی کے تسلسل میں پہنچ جائے گا، تو قصر ساقط ہو جائے گا۔ (مستفاد: انوار رحمت/۲۷۴)

إذا كانت القرى متصلة بربض المصر، فحينئذ تعتبر مجاوزة

القری، والصحیح ما ذکرنا أنه یعتبر عمران المصر إلا إذا ثمة قریة أو قری متصلة بربض، فحینئذ یعتبر مجاوزة القری. (الفتاوی التاتارخانیة قدیم ۲/ ٥، جدید زکریا ۲/ ٤۹٥، رقم: ۳۰۹۸، عالمگیری زکریا ۱/ ۱۳۹، جدید ۱/ ۱۹۹)

(۳) جدہ ایئر پورٹ شہر کی آبادی سے کافی فاصلہ پر ہے؛ اس لئے اس کو فنائے شہر میں داخل نہیں مانا جاسکتا ہے۔ (مستفاد: انوار رحمت/ ۷۴) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۳۰/ ذیقعدہ ۱۴۲۹ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۸/ ۹۷۲۸)

بغیر تلبیہ پڑھے میقات سے گذر جانا

سوال (الف) [۱۵۰۱]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: چند لوگوں نے مدینہ منورہ سے احرام باندھنے کی نیت سے احرام کا کپڑا پہن لیا اور ذوالحلیفہ سے باقاعدہ نماز پڑھ کر تلبیہ پڑھنے کا ارادہ تھا، مگر گاڑی والا ذوالحلیفہ رکے بغیر چلا گیا، لگ بھگ ڈیڑھ سو کلو میٹر کے بعد بات چیت ہوئی اور واپس ذوالحلیفہ نہیں لے گیا، ان لوگوں نے اسی حالت میں عمرہ کرلیا، تو ان پر کوئی دم تو لازم نہیں؟

المستفتی: سید اعظم علی مغل پورہ مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: جب ان لوگوں نے میقات میں یا میقات سے قبل احرام کی نیت کے ساتھ تلبیہ نہیں پڑھا اور اسی حالت میں ارکان عمرہ ادا کرلئے تو ان میں سے ہر ایک پر ایک دم واجب ہو چکا ہے؛ کیوں کہ احرام کے لئے دو چیزیں لازم ہوجاتی ہیں: (۱) دل کی نیت (۲) زبان سے تلبیہ پڑھنا، اگر دونوں میں سے ایک نہ ہو تو دم واجب ہوجاتا ہے اور یہاں میقات سے غیر تلبیہ کے گذرنا پایا گیا ہے؛ اس لئے دم لازم ہوگیا۔

فإذا جاوز المیقات ولم یلب بنیة النسک صار مجاوزا للمیقات

غير إحرام عند الحنفية ولزمه ما يلزم ذلک عندهم. (الموسوعة الفقهية ٢/ ١٣٢)

وإذا أراد الرجل الإحرام ينبغي له أن ينوى بقلبه الحج أو العمرة أي ذلک أراد الإحرام له ويلبي ولا يصير داخلا في الإحرام بمجرد النية ما لم يضم إليه التلبية أو يسوق هديا. وفي المضمرات: لا يصير شارعا مجرد النية ما لم يات بالتلبية أو ما يقوم مقامها من الذكر أو سوق الهدى أو تقليد البدنة. الخ (الفتاوى التاتارخانية ٣/ ٤٨٢، رقم: ٤١٠٤)

وإن لم يلب وجاوز الميقات واشتغل بأعمال ما عقد له الإحرام لا يسقط عنه الدم. الخ (المحيط البرهاني ٣/ ٤١٤، رقم: ٣٢٧٥) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
٨/ ذی الحجہ ١٤٣٦ھ
(الف فتویٰ نمبر: ١٢٣٠٤/٤١)

حدود میقات کے اندر آکر احرام باندھنا اور عمرہ کرنا

سوال (ب) [١١٥٠١]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: ایک شخص عمرہ کے ارادہ سے رمضان المبارک سے دو دن قبل عمرہ کا ویزا لے کر ہندوستان سے مدینہ منورہ پہنچا، دو دن مدینہ منورہ میں قیام کر کے احرام باندھ کر عمرہ کے لئے روانہ ہونا تھا؛ لیکن ان دنوں میں اچانک طبیعت علیل ہوگئی، ان کو بغیر احرام باندھے جدہ لے جایا گیا جو کہ حدود میقات کے اندر ہے، وہاں ان کا تین یوم تک علاج ہوا، اس کے بعد انہوں نے جدہ شہر سے احرام باندھا اور عمرہ کیا، کیا حدود میقات کے اندر آکر احرام باندھنا اور پھر عمرہ کرنا جائز ہے یا ان پر دم لازم ہے؟ اس طرح عمرہ کر کے واپس اپنے وطن ہندوستان ٢٤/ دنوں کے اندر آگئے، جس میں مدینہ منورہ کے سات یوم اور جدہ کے چار یوم شامل ہیں، یعنی پورا وقت سفر ہی میں گذرا۔

المستفتی: محمد سیف صدیقی ١/ ٢٠/ اسٹاف اپارٹمنٹ دہلی کالج، اندور

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: اگرچہ اس شخص نے عمرہ کے ارادے سے وطن سے سفر کا سلسلہ شروع کیا ہے اور مدینہ منورہ پہلے پہنچا ہے، تو یہاں سے مدینہ جانے کے لئے احرام باندھنا اس پر لازم نہیں، پھر مدینہ منورہ سے جدہ علاج کے لئے جاتے ہوئے بھی احرام باندھنا اس پر لازم نہیں تھا؛ اس لئے کہ وہ جدہ علاج ہی کے لئے گیا ہے اور جدہ میں علاج ہوجانے کے بعد جب وہاں سے عمرہ کے ارادہ سے مکہ مکرمہ جانے کا ارادہ کرلیا ہے، تو اب اس کے لئے جدہ یا حل کے اندر حدود حرم سے پہلے پہلے احرام باندھنا لازم ہے۔ اور اس احرام کے لئے اس کو دوبارہ میقات مدینہ جانا لازم نہیں ہے۔ اور اس کا عمرہ مسنون طریقہ سے ادا ہوگیا اور اس پر کوئی دم بھی نہیں۔

أما لو قصد موضعا من الحل كخليص وجدة حل له مجاوزته بلا إحرام، فإذا حل به التحق بأهله فله دخول مكة بلا إحرام (إلى قوله) ما لم يرد نسكا للحرج، وتحته في الشامية: أما إن أراده وجب عليه الإحرام قبل دخوله أرض الحرم، فميقاته كل الحل إلى الحرم. (شامي، كتاب الحج، مطلب في المواقيت كراچی ۲/ ۴۷۷، زکریا ۳/ ۴۸۲-۴۸۴) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۳؍ربیع الثانی ۱۴۲۸ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۹۲۴۲/۳۸)

مدینہ منورہ سے بلا احرام مکہ مکرمہ میں تشریف لانے کا حکم

سوال [۵۰۱۲]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: سال گذشتہ ایک قافلہ حیدر آباد سے حج تمتع کے لئے روانہ ہوا، پہلے مدینہ طیبہ پہنچا، بعد از قیام مدینہ طیبہ، ذوالحلیفہ سے عمرہ کا احرام باندھ کر مکۃ المکرّمہ وارد ہوا۔ الحمد للہ

عمرہ اور حج سے فراغت ہوئی، شوق زیارت میں پھر دوبارہ مدینہ طیبہ تشریف لے گئے، ایک عالم صاحب کی غلط رہبری کی وجہ سے ذوالحلیفہ سے احرام نہیں باندھا اور نہ ہی مکۃ المکرّمہ پہنچ کر عمرہ کے فرائض کو انجام دینا ضروری سمجھا، اور ہندوستان واپس ہوگئے، ایسی صورت میں از روئے احکام شریعت ایک عمرہ کی قضاء اور دم واجب ہوگیا۔ حیدرآباد آنے کے بعد جب اپنی غلطی کا علم ہوا تو چند لوگوں نے دم کی رقم بھیج کر حرم میں دم دینے کا انتظام کردیا؛ لیکن ابھی عمرہ کی قضاء باقی ہے، دریافت طلب امر یہ ہے کہ:

(۱) جن لوگوں نے دوران قیام مکۃ المکرّمہ اپنے نام سے یا دوسروں کے نام سے نفل عمرے مسجد عائشہ سے کئے ہوں کیا وہ قضاء شدہ عمرے کے متبادل ہوسکتے ہیں یا نہیں؟

(۲) اگر خدانخواستہ زندگی وفاء نہ کرے تو اس عمرہ کے کفارہ کے لئے کیا کیا جائے؟

(۳) دوبارہ وہاں جانے کی صورت نہ ہو تو اس عمرہ کی قضاء کے لئے کیا طریقہ اختیار کیا جائے؟ برائے کرم شرعی احکام سے سرفراز فرمائیں۔

المستفتی: میر سعادت علی، حیدرآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: مدینہ منورہ سے بغیر احرام مکہ مکرمہ پہنچنے کی وجہ سے دو چیزیں ایک ساتھ لازم ہوچکی ہیں:

(۱) بغیر احرام میقات سے تجاوز کرنے کی وجہ سے ایک دم واجب ہوچکا ہے۔

(۲) احدالنسکین بھی واجب ہوچکا ہے، یعنی حق مکہ اور باہر سے آنے والوں پر حق مکہ حج یا عمرہ ہے۔ اور حج کا زمانہ ہمیشہ نہیں رہتا ہے، مگر عمرہ کا زمانہ ہمیشہ رہتا ہے؛ اسی لئے اس کے اوپر ایک عمرہ کی قضاء بھی لازم ہوچکی ہے۔ اور اگر ان لوگوں نے میقات سے بغیر احرام گزرنے کی وجہ سے واجب شدہ دم ادا کردیا ہے، تو اب ایک عمرہ کی قضاء لازم ہے اور یہ عمرہ عمرۂ حلی کے ذریعہ سے بھی پورا ہوجائے گا؛ لہٰذا ان حاجیوں میں سے جن لوگوں نے بغیر احرام مکہ آنے کے بعد قیام مکہ کے دوران اپنی طرف سے بطور نفل عمرۂ حلی کیا ہے، تو نفل عمرہ

کے ذریعہ سے قضاء عمرہ ادا ہو جائے گا۔ اور اگر نفل عمرہ دوسرے کی طرف سے کیا ہے، تو وہ قضاء کے لئے کافی نہیں۔ اور اگر عمرہ کئے بغیر ہندوستان واپس آگیا ہے تو جب بھی کبھی مکہ مکرمہ پہنچے گا، اس عمرہ کی قضاء کرنا اس پر لازم ہوگا۔ اور اگر اس کی قضا کئے بغیر موت آگئی ہے، تو اس کی طرف سے عمرۂ بدل ادا کیا جا سکتا ہے، مثلاً جو حاجی حج کرنے کے لئے جاتے ہیں ان کو مسجد عائشہ یا مسجد جعرانہ جا کر کے اس کی طرف سے ایک عمرۂ بدل کی ذمہ داری دے دی جائے اور اس عمرہ کی ادائے گی کا پیسہ اسے دے دیا جائے؛ اس لئے کہ عمرۂ میقاتی کی قضا عمرۂ حلی کے ذریعہ کرنا جائز اور درست ہے، جیسا کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے مسجد عائشہ سے عمرۂ حلی کے ذریعہ سے عمرۂ میقاتی کی قضاء کی ہے، جو حدیث شریف کی ہر کتاب میں وضاحت سے موجود ہے۔ اور "غنیۃ الناسک" کی حسب ذیل عبارت سے بھی اس کا جواز واضح ہوتا ہے، اب عربی عبارتیں ملاحظہ فرمائیں:

عن عائشة رضی الله تعالیٰ عنها قالت: خرجنا مع النبي صلی الله علیه وسلم -إلی قوله- وكنت ممن أهل بعمرة، فأظلني یوم عرفة، وأنا حائض، فشكوت إلی النبي صلی الله علیه وسلم، فقال: ارفضي عمرتک وانقضي رأسک وامتشطي وأهلي بالحج، فلما كان لیلة الحصبة أرسل معي عبدالرحمن إلی التنعیم، فأهللت بعمرة مكان عمرتي. (بخاري شریف، كتاب العمرة، باب العمرة للیلة الحصبة وغیرها، النسخة الهندیة ۱/ ۲۳۹، رقم: ۱۷٤۸، ف: ۱۷۸۳)

ومن دخل مكة أو الحرم بلا إحرام، علیه أحد النسكین، فلو أحرم به بعد تحول السنة أو قبله من مكة، أو خارجها داخل المواقیت أجزأه، وعلیه دم المجاوزة. (غنیة الناسك قدیم ۳۱، جدید كراچی ٦۲)

اور نفل کے ذریعہ سے ادائے قضاء کے متعلق شامی کی عبارت ملاحظہ فرمائیے:

والظاهر أنه لو عاد إلی المیقات، ونوی نسكا نفلا یقع واجبا عما

علیه بالدخول ولا یکون نفلا؛ لأنه بعد تقرر الوجوب علیه. (شامي، کراچی ۲/ ۵۸۳، زکریا ۳/ ۶۲۶) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ	الجواب صحیح:
۲۸؍ ذیقعدہ ۱۴۳۳ھ	احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
(الف فتویٰ نمبر: ۴۰/ ۱۰۸۶۹)	۲۸/۱۱/۱۴۳۳ھ

عمرہ کے احرام سے حج کرنا

سوال [۵۰۱۳]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ امسال مسجد حرام میں اور مسعیٰ میں کثرت ازدحام کو سبب بتا کر ہندوستان سے تمتع اور قران کا احرام باندھ کر جانے والوں میں سے بہت سوں کو عزیزیہ میں روانہ ہونے کو کہا گیا، کیا انہیں حج کے بعد عمرہ قضاء کرنا ہوگا اور دم بھی دینا ہوگا؟

المستفتی: قمر الدین موسی، ممبئی

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: کچھ حجاج کو عمرہ کے احرام کی حالت میں عزیزیہ لے جایا گیا اور وہاں سے ڈائریکٹ عرفات لے جا کر کے حج کرایا گیا، اس سے معلوم ہوتا ہے کہ عمرہ کے احرام کے ذریعہ سے حج کیا گیا ہے اور حج کے لئے الگ سے احرام نہیں باندھا گیا ہے، اس طرح کرنے سے خلاف سنت اور امر مکروہ لازم آیا ہے، مگر عمرہ کے احرام کے ذریعہ سے ان کا فریضۂ حج مکمل ہو چکا ہے، اور ان کے اوپر ایک عمرہ اور ایک دم بھی لازم ہو چکا ہے۔

ثانیا إضافة إحرام العمرة إلی الحج -إلی أن قال:- وصرح الحنفیة والمالکیة بکراهة هذا العمل، لکن قال الحنفیة بصحة الإحرام. (الموسوعة الفقهیة ۲/ ۱۴۰)

إضافة إحرام العمرة إلى إحرام الحج في حق الآفاقي إساءة وكراهة. (البحر العميق، المكتبة المكية ٢/ ٧٧٨)

وأما بناء إحرام الحج على إحرام العمرة فليس ببدعة. (هندية قديم زكريا ١/ ٢٥٤، جديد زكريا ١/ ٣١٨)

ولو أحرم بالعمرة ثم بالحج ولم يأت بشيء من أفعال العمرة، فإنه يرفض العمرة إتفاقا. (هندية قديم زكريا ١/ ٢٥٤، جديد زكريا ١/ ٣١٨)

والرافضة عنده عليها دم للرفض، وعليها عمرة. (عمدة القاري، أبواب العمرة، باب الاعتماد بعد الحج بغير هدي، زكريا ٧/ ٤٢٢، دار احياء التراث العربي، بيروت ١٠/ ١٢٣) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۱ ؍ربیع الثانی ۱۴۳۴ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۴۰/۱۱۰۶۳)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۲۰؍۴؍۱۴۳۴ھ

حالت احرام میں نیکر پہننا

سوال [۵۰۱۴]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: احرام کی حالت میں نیچے کچھ پہن سکتے ہیں یا نہیں؟

المستفتی: گلفام لاڈپور، ڈاک خانہ پیغمبر پور (رامپور)

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: نیچے جو نیکر وغیرہ پہنا جاتا ہے وہ بغیر سلا ہوا نہیں ہوتا ہے، اس لئے حالت احرام میں نیچے نیکر وغیرہ پہننا ناجائز اور موجب دم ہوگا۔

الواجب دم على محرم بالغ ولو ناسيا إن طيب عضوا (إلى قوله) أو

لبس مخيطا الخ. (تنوير الأبصار مع الدرالمختار والشامي، باب الجنايات كراچی ۲/ ۵٤۳، زكريا ۳/ ۵۷۲) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۸؍رمضان المبارک ۱۴۰۹ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۲۵/۱۳۹۳)

حاجی کا غیر مخیط لنگوٹ استعمال کرنا

سوال [۵۰۱۵]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: ایک صاحب کو تقاطر بول کی شکایت ہے، دیر تک قطرات آتے ہیں، حرم میں ڈھیلے کا بندوبست نہیں ہے، ایسے آدمی کے لئے بڑی تکلیف ہوگی، تو کیا ایسے مریض کے لئے کچھ دیر کے لئے غیر مخیط لنگوٹ کا استعمال جائز ہے، سفر کی سہولت اور مقبولیت کے لئے دعاؤں کی احتیاج ہے۔

المستفتی: محمد اسلم المظاہری، دارالعلوم ٹانڈہ، ضلع رام پور (یوپی)

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وبالله التوفيق: حاجی کے لئے مخیط کپڑا پہننا ممنوع ہے اور غیر مخیط لنگوٹ سلے ہوئے کپڑے میں شامل نہیں ہے؛ اس لئے مذکورہ عذر کی بنا پر اس کا استعمال حالت احرام میں جائز اور درست ہوگا۔

كما استفيد من الهداية لو ارتدى بالقميص واتشح به أو اتزر بالسراويل، فلا بأس به؛ لأنه لم يلبسه لبس المخيط. (هداية، كتاب الحج، باب الجنايات، أشرفي ديوبند ۱/ ۲٦۷)

والحاصل أن المحرم ممنوع عن لبس المخيط على الوجه المعتاد حتى لو اتزر بالسراويل أو ارتدى بالقميص أو اتشح به بأن أدخله تحت

یده الیمنی وألقاه علی کتفه الیسری فلا بأس به. (الفتاوی التاتارخانیة زکریا دیو بند ۳/ ۵۷۳، رقم: ۵۰۵۳) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۹؍ ذیقعدہ ۱۴۱۲ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۲۸/ ۲۸۹۲)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۱۲/۱۱/۱۹ھ

حالت احرام میں لنگوٹ اور نیکر پہننا

سوال [۵۰۱۶]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کیا احرام کی حالت میں لنگوٹ اور احرام کے نیچے نیکر پہننے کی اجازت ہے؟

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: حالت احرام میں لنگوٹ باندھنے کی اجازت ہے، بشرطیکہ وہ سلا ہوا نہ ہو اور نیکر پہننا جائز نہیں ہے۔ (مستفاد: احسن الفتاوی ۴/ ۵۲۱)

فإن زرره أو خلله أو عقده أساء، ولا دم علیه، وفي الشامي: وکذا لو شده بحبل ونحوه لشبهه حینئذ بالمخیط. (شامي، کتاب الحج، فصل في الإحرام، کراچی ۲/ ۴۸۱، زکریا ۳/ ۴۸۸)

ولبس قمیص وسراویل، أي کل معمول علی قدر بدن أو بعضه، وتحته في الشامیة: أن ضابطه لبس کل شيء معمول علی قدر البدن، أو بعضه بحیث یحیط به بخیاطة أو تلزیق بعضه ببعض أو غیرهما، ویستمسک علیه بنفس لبس مثله، قلت: فخرج ما خیط بعضه ببعض لا بحیث یحیط بالبدن مثل المرقعة فلا بأس بلبسه. (شامي، کراچی ۲/ ۴۸۹، زکریا ۳/ ۴۹۸-۴۹۹) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۴۲۳/۸/۱۴ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۶/ ۷۸۱۹)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۲۳/۸/۱۷ھ

احرام میں سلا ہوا تہبند پہننا

سوال [۵۰۱۷]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کیا حالت احرام میں نبی پاک ﷺ سے یا کسی صحابی سے سلا ہوا تہبند پہننا ثابت ہے؟ عمومی طور پر اب حاجیوں کا رجحان سلا ہوا تہبند پہننے کا بنتا جارہا ہے، دارالافتاء سے رجوع کررہے ہیں، کہ افضل اور مسنون بغیر سلا تہبند ہے یا سلا ہوا حالت احرام میں؟

المستفتی: انیس احمد قاسمی نہٹور، بجنور

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: حالت احرام میں مرد کے لئے ایسے کپڑے پہننے ناجائز ہیں جو بدن کی ہیئت اور جسم کی بناوٹ کے مطابق سلے گئے ہوں، جیسے کرتا، قمیص وغیرہ اور جو کپڑا بدن کی ہیئت کے مطابق نہ سلا گیا ہو اس کا پہننا جائز ہے۔ اور یہ جو سوال نامہ میں لکھا گیا ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے سلی ہوئی لنگی حالت احرام میں پہننا ثابت ہے یا نہیں؟ تو اس سلسلہ میں حدیث شریف میں اصولی طور پر یہ بیان کیا گیا ہے کہ کس قسم کا کپڑا پہننا جائز نہیں ہے، اس میں قمیص، شلوار کا ذکر آیا ہے، جو بدن کی ہیئت کے مطابق ہے، اس کے علاوہ کپڑے کا پہننا جائز ہے، نیز ازار کے پہننے کا ذکر حدیث شریف میں ہے اور اس میں ازار کے سلے ہوئے یا غیر سلے ہوئے ہونے کی کوئی صراحت نہیں ہے، اسی سے فقہاء نے یہ ضابطہ نکالا ہے، ہاں اگر کسی کو سلی ہوئی لنگی پہننے کی ممانعت کسی حدیث شریف میں ملے تو وہ ہم کو بھی بتادے، بہت سے لوگ بغیر سلی ہوئی لنگی پہنتے ہیں جس سے ران کھل جاتے ہیں، جو کہ حرام ہے اور شریعت اس قسم کی حرمت کے ارتکاب کی اجازت نہیں دے سکتی، فقہاء کرام کی عبارت ملاحظہ فرمائیے:

إن ضابطة لبس كل شيء معمول على قدر البدن أو بعضه بحيث يحيط به بخياطة أو تلزيق بعضه ببعض، أو غيرهما، ويستمسك عليه

بنفس لبس مثله، فخرج ما خيط بعضه ببعض لا بحيث يحيط بالبدن مثل المرقعة، فلا بأس بلبسه. (شامي، كتاب الحج، مطلب فيما يحرم بالإحرام ومالا يحرم، كراچی ۲/ ۴۸۹، زكريا ۳/ ۴۹۹، مستفاد أنوار مناسك/ ۱۹۶، ۲۰۹، ۲۶۰) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۲؍ ذی الحجہ ۱۴۲۹ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۹۷۳۲/۳۸)

حج میں بالوں پر خضاب لگانا

سوال [۵۰۱۸]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: میرا سر کالا اور داڑھی سفید ہے؛ اس لئے میں خضاب لگا کر داڑھی کو بھی کالا بنالیتا ہوں اور لوگوں کے پوچھنے پر یہ ایک قسم کی مہندی ہے لگا سکتے ہیں، کہہ دیتا ہوں، میری عورت کے بال بھی سفید ہیں، وہ بھی خضاب لگاتی ہے اور حج کو جانے کا خیال ہے، وہاں بھی خضاب لگانے کا خیال ہے، ایسا ہے تو شریعت کیا اجازت دیتی ہے؟ کیا میرے حج میں خضاب لگانے سے حج میں کوئی فرق پڑے گا یا نہیں؟ تفصیل سے مجھے سمجھائیے۔

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: احرام باندھنے کے بعد خضاب لگانا جائز نہیں، اگر کوئی لگائے گا تو اس پر ایک دم جنایت لازم ہو جائے گا۔

وإن خضب رأسه بحناء يجب الدم (وقوله) لا يغسل رأسه ولحيته بالخطمي، فإن غسل فعليه دم. (فتاوى عالمگيری، كتاب المناسك، الباب الثامن في الجنايات، كوئٹه ۱/ ۲۴۱، جديد زكريا ۱/ ۳۰۵)

فلو خضبت يدها أو خضب لحيته بحناء وجب الدم. (شامي، كراچی،

باب جنايات الحج ٢/ ٥٤٦، زكريا ٣/ ٥٧٥)

اسی طرح عورت کے لئے بھی خضاب لگانا جائز نہیں ہے، جیسا کہ موجودہ دلیل میں وضاحت موجود ہے۔ فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۹/ ذی الحجہ ۱۴۰۹ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۲۵/ ۱۵۸۷)

بوقت سعی سرڈھکنا

سوال [۵۰۱۹]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کیا حالت احرام میں سعی کرتے وقت بھی سرڈھکے رکھنا ضروری ہے؟ اگر کسی کا سر کھلا رہا تو کوئی مضائقہ تو نہیں؟

المستفتی: محمد یونس جامع مسجد احمد گڑھ

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰه التوفيق: حالت احرام میں بحالت سعی مرد کے لئے سر ڈھکے رکھنا جائز نہیں ہے۔ (مستفاد: ایضاح المناسک/ ۸۰، غنیۃ الناسک قدیم ۴۵، جدید کراچی ۸۸)

وإذا أحرم يتقي ما نهى الله تعالىٰ عنه من الرفث والفسوق والجدال، ويتقي ستر الرأس والوجه، ولايغطي فاه. (هندية، كتاب المناسك، الباب الرابع فيما يفعله المحرم بعد الإحرام زكريا ١/ ٢٢٤، جديد زكريا ١/ ٢٨٧)

يتقي الرفث والفسوق والجدال ...... ولبس قميص وسراويل وقباء، وعمامة، وقلنسوة. (تنوير الأبصار مع الدرالمختار، زكريا ٣/ ٤٩٥-٤٩٩، كراچی ٢/ ٤٨٦-٤٩٠)

إذا لبس المخيط من قميص، أو جبة، أو سراويل، أو عمامة، أو

قلنسوة ...... من غير عذر وضرورة يوما كاملا، فعليه الدم، لا يجوز غيره.
(بدائع الصنائع، زكريا ۲/ ۴۱۰) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۴۲۰/۸/۲۷ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۴/۳۲۲۲)

بحالت احرام عورت کا زیورات استعمال کرنا

سوال [۵۰۲۰]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: عورت احرام کی حالت میں کانوں میں بندے، ناک میں لونگ، ہاتھوں میں چوڑیاں، پاؤں میں پازیب پہن سکتی ہے یا نہیں؟

المستفتی: فراست حسین

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: احرام کی حالت میں عورت کانوں میں بندے، ناک میں لونگ اور ہاتھوں میں چوڑیاں وغیرہ پہن سکتی ہے؛ اس لئے کہ ان زیورات کے استعمال کرنے میں ممنوعات احرام کا ارتکاب نہیں ہے۔

وتلبس الحرير، والذهب، وتتحلى بأي حلي شاء ت. (غنية الناسك، باب الإحرام، فصل في إحرام المرأة، قديم ۹۴، جديد كراچى ۹۴، حاشية الطحطاوي، قديم ۳۹۹، جديد دارالكتاب ديوبند ۷۳۸، سكب الأنهر، دارالكتب العلمية بيروت ۱/ ۴۲۱)
فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۳/ ذیقعدہ ۱۴۲۳ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۶/۷۸۵۸)

حالت احرام میں پاؤں کی کونسی ہڈی ڈھانکنا ممنوع ہے؟

سوال [۵۰۲۱]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: حالت احرام میں پاؤں کی کونسی ہڈی ڈھانکنا ممنوع ہے؟ انگلیوں کی جڑوں سے کتنی اوپر وہ جگہ ہے جس کو ڈھانکنا ممنوع ہے؟

المستفتی: سعید احمد سیڈھا، بجنور (یوپی)

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: حالت احرام میں پیر کی جس ہڈی کو ڈھانکنے کی ممانعت ہے، اس سے مراد پنجہ کی وہ ابھری ہوئی ہڈی ہے جو پیر کی انگلیوں اور ٹخنوں کے درمیان ہوتی ہے جو عام طور پر ہوائی چپل وغیرہ پہننے کی حالت میں چپلوں کے تسمہ کے ذریعہ سے وہاں تک نہیں ڈھکتا۔ اور اس جگہ بال اگ جاتے ہیں۔

فيقطعهما أسفل من الكعبين عند معقد الشراك، وفي الشامية: وهو المفصل الذي في وسط القدم كذا روي هشام عن محمد بخلافه في الوضوء، فإنه العظم الناتئ أي المرتفع ولم يعين في الحديث أحدهما لكن لما كان الكعب يطلق عليهما حمل على الأول احتياطا؛ لأن الأحوط فيما كان أكثر كشفا. الخ (شامي، كتاب الحج، مطلب فيما يحرم بالإحرام وما لا يحرم کراچی ۲/ ۴۹۰، زکریا ۳/ ۵۰۰) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲؍صفر ۱۴۳۰ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۸/ ۹۷۳۷)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۳۰/۲/۲ھ

قربانی وحلق سے قبل سلے ہوئے کپڑے پہننے اور بیوی سے صحبت کرنے کا حکم

سوال [۵۰۲۲]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: ایک شخص کو پولیس نے قربانی وحلق سے پہلے ہی گرفتار کرلیا اور پھر اسے انڈیا بھیج دیا، اس نے بغیر حلق کے سلے کپڑے بھی پہنے اور گھر آ کر بیوی سے بھی قریب ہوا، اب اس کی صلاحیت جانے کی نہیں ہے، غریب شخص ہے، پہلے ہی قرض لے کر نوکری کی غرض سے سعودیہ گیا تھا؛ لیکن پکڑا گیا اور یہ مصیبت آ گئی۔

المستفتی: محمد رونق ندوی، دارالقضاء اندور

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: اگر اس شخص نے فی ظنہ اپنے آپ کو احرام سے باہر حلال سمجھا ہے اور حلال سمجھ کر ہی سلا ہوا کپڑا پہنتا رہا ہے، تو اس کے لئے صرف ایک دم دینا کافی ہے، ہاں البتہ اگر اس نے حج تمتع کیا ہے، تو اس کے اوپر مزید دو دم لازم ہوجائیں گے، ایک دم شکر اور ایک دم تمتع؛ لہٰذا نہ اس کو وہاں جانے کی ضرورت ہے اور نہ سفر کا خرچ اٹھانے کی ضرورت ہے، جب بھی موقع ہو اس دم کا پیسہ کسی کے ہاتھ بھیج دے۔

(مستفاد: انوار مناسک ۲۸۵)

إن المحرم إذا نوى رفض الإحرام، فجعل يصنع ما يصنعه الحلال من لبس الثياب والتطيب، والحلق، والجماع، وقتل الصيد، فعليه دم واحد بجميع ما ارتكب. (غنية الناسك، قديم ١٢٩، جديد كراچی ٢٤١)

فلو رجع إلى أهله أجزأه أن لا يعودو يبعث شاة. (تاتارخانية قديم ٢/ ٥١٨، جديد زكريا ٣/ ٦٠٦، رقم: ٥١٥٢)

ولو أخر القارن والمتمتع الذبح عن أيام النحر، فعليه دم. (غنية الناسك قديم ١٤٩، جديد كراچی ٢٧٩)

إذا رمي يوم النحر ذبح للتمتع كالقران. (غنية الناسك قديم ١١٥، جديد ٢١٦) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۲/محرم الحرام ۱۴۳۱ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۹۸۵۳/۳۸)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۳۱/۱/۱۳ھ

حالت احرام میں بوٹ پہننا

سوال [۵۰۲۳]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: حج کے موقع پر کسی نے احرام کی حالت میں بوٹ پہن لیا تو کیا حکم ہے؟

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: حالت احرام میں مکمل ایک دن یا ایک رات بوٹ پہننے سے ایک دم واجب ہوتا ہے اور اس سے کم میں صرف صدقہ کرنا واجب ہے۔ (مستفاد: فتاوی دار العلوم ۶/۵۵۴)

إذا لبس المخيط من قميص ...... أو خفين أو جوربين من غير عذر وضرورة يوما كاملا، فعليه الدم لا يجوز غيره؛ لأن لبس أحد هذه الأشياء يوما كاملا ارتفاق كامل، فيوجب كفارة كاملة، وهي الدم لايجوز غيره؛ لأنه فعله من غير ضرورة، وإن لبس أقل من يوم لا دم عليه، وعليه الصدقة.

(بدائع، كتاب الحج، فصل في محظورات الإحرام، زكريا ٢/ ٤١٠)

وخفين إلا أن لا يجد نعلين، فيقطعهما أسفل من الكعبين، وتحته في الشامية: أما لو لبسهما قبل القطع يوما، فعليه دم، وفي أقل صدقة. (شامي كراچی ٢/ ٤٩٠، زكريا ٣/ ٤٩٩، ٥٠٠) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۴/شعبان ۱۴۲۳ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۷۸۱۹/۳۶)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۲۳/۸/۱۷ھ

احرام سے متعلق چند سوالات

سوال [۵۰۲۴]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: (۱) محرم کو سلا ہوا کپڑا پہننا منع ہے، اگر کسی شخص کا لا ابالی پن میں ستر کھلنے کا اکثر خطرہ ہو بغیر سلی ہوئی لنگی پہننے کی عادت ہی نہ ہو، تو کیا لنگی سامنے سے سل کر گول کر کے محرم پہن سکتا ہے، اجازت ہے یا نہیں؟

(۲) ایسے ہی زید کو خصیتین لٹکنے کا مرض ہے، ڈاکٹر نے کہا ہے کہ لنگوٹ (لنگر) کا استعمال کیا کرو، مذکورہ عذر کی وجہ سے محرم کو لنگر پہننے کی اجازت ہے، جب کہ وہ بھی سلا ہوا ہوتا ہے اور بلا عذر لنگوٹ محرم کے لئے کیا حکم رکھتا ہے؟

(۳) حاجی جب حج کرنے کے واسطے گیا، یکم ذی الحجہ کو مکہ مکرمہ پہنچا، اب ۸/ ذی الحجہ کو اس کو منیٰ جانا ہے، گویا کہ وہ پندرہ دن مکہ میں مقیم نہیں رہے گا، ایسی شکل میں اگر اس کو رباعی نماز تنہا پڑھنی پڑ جائے تو وہ قصر کرے گا یا اتمام شک اس لئے واقع ہوا ہے کہ ۸/ ذی الحجہ تک مدت اتمام نہیں اور منی مزدلفہ عرفات کے قیام کے ایام، پھر مکہ میں اقامت کے جوڑ کر پندرہ دن سے زیادہ ہوتے ہیں، تو یہ حاجی تنہا نماز اگر پڑھے تو قصر کرے گا یا اتمام؟

(۴) سنا ہے کہ عرفات میں امام نماز قصر پڑھاتے ہیں، ان کے مسلک میں مطلق سفر بھی موجب قصر ہے، احناف کے نزدیک وہ اتنی مسافت سے سفر کر کے نہیں آتے کہ قصر ہو، تو احناف کیا اپنی نماز کا اعادہ کریں یا کیا کریں؟ اگر چہ یہ بھی معلوم ہوا ہے کہ اب امام احناف کے مسلک کی رعایت کے پیش نظر ریاض سے سفر کر کے آتے ہیں اور ان پر قصر ہو جاتا ہے، بالفرض اگر وہ مکہ سے ہی آتے ہیں، تو پھر احناف کے لئے نماز کا کیا مسئلہ ہے؟

المستفتی: محمد اکبر شیر کوٹ، بجنور

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: (۱) حالت احرام میں مرد کے لئے بدن کی ہیئت پر سلے ہوئے کپڑے پہننا جائز نہیں ہے، مثلاً قمیص، کرتا، پائجامہ، اچکن، بنیان، نیکر، لنگوٹ وغیرہ جو کپڑا بدن کی ہیئت پر سلا ہوا نہ ہو اس کا پہننا جائز ہے؛ لہٰذا سلی ہوئی لنگی پہننا جائز ہے، اس سے احرام میں کوئی خرابی لازم نہ آئے گی، اور لنگوٹ پہننا جائز نہیں ہے، اگرچہ خصیتین نیچے کو لٹکتے ہوں۔ (مستفاد: ایضاح المناسک ۱۷، امداد الفتاوی ۲/ ۱۶۴، احکام حج/ ۳۳، معلم الحجاج/ ۱۰۵)

ولبس قيمص، وسراويل أي كل معمول على قدر بدن، أو بعضه، وتحته في الشامية: أن ضابطة لبس كل شيء معمول على قدر البدن، أو بعضه بحيث يحيط به بخياطة أو تلزيق بعضه ببعض، أو غير هما، ويستمسك عليه بنفس لبس مثله، فخرج ما خيط بعضه ببعض لا بحيث يحيط بالبدن مثل المرقعة، فلا بأس بلبسه. (شامي، كتاب الحج، مطلب فيما يحرم بالإحرام ومالا يحرم، كراچی ۲/ ٤٨٩، زكريا ۳/ ٤٩٩)

(۲) اب منیٰ مکۃ المکرّمہ کی آبادی سے متصل ہو چکا ہے، مگر عرفات ومزدلفہ بالکل الگ کٹا ہوا ہے؛ اس لئے اب ۸/ ذی الحجہ کے بجائے ۹/ ذی الحجہ سے مسئلہ قصر سمجھنے کی ضرورت ہے؛ لہٰذا اگر ۹/ ذی الحجہ سے پندرہ دن قبل مکہ مکرمہ پہنچ گیا ہے اور اس درمیان میں مدینۃ المنورۃ یا جدہ جا کر رات گذارنے کا ارادہ نہیں ہے؛ بلکہ مکۃ المکرّمہ ہی میں قیام کرنا ہے، تو تنہا نماز میں اتمام کرنا ہوگا۔ اور اگر پندرہ روز قبل نہیں پہنچا ہے؛ بلکہ اس کے بعد پہنچا ہے، تو ۹/ ذی الحجہ سے قبل پندرہ روز پورے نہ ہونے کی وجہ سے اس درمیان میں اتمام جائز نہ ہوگا؛ بلکہ قصر کرنا لازم ہوگا۔

إن الحاج إذا دخل مكة في أيام العشر، ونوى الإقامة نصف شهر لا تصح؛ لأنه لا بد له من الخروج إلى عرفات فلا يتحقق الشرط. (عالمگیری، باب صلاة المسافر، قديم زكريا ١/ ١٤٠، جديد زكريا ١/ ٢٠٠)

(۳) ان کے نزدیک مطلق سفر موجب قصر نہیں ہے؛ بلکہ ادائے مناسک کو وہ لوگ موجب قصر کہتے ہیں، مالکی اور حنبلی کے یہاں یہ مسئلہ ہے اور حنفی اور شافعی کے یہاں سفر شرعی موجب قصر ہوتا ہے، ایک زمانہ میں امیر مکہ عرفات ومزدلفہ میں نماز پڑھایا کرتا تھا اور اب کافی معتبر ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ عرفات ومزدلفہ منی میں نماز پڑھانے والا امام نجد سے آتا ہے، اور حج سے چند ہی دن پہلے آتا ہے؛ اس لئے اس کے پیچھے حنفی اور شافعی کے لئے بھی اقتداء کرنا جائز ہوگا؛ البتہ اگر مکہ ہی سے جاتا تو جائز نہ ہوتا۔ (مستفاد: ایضاح المناسک/ ۱۴۰)

فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۳/ ربیع الثانی ۱۴۱۸ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۳/ ۵۲۴۴)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۱۸/۴/۱۳ھ

□□□

۵/ باب الإفراد والقران والتمتع

اہل مکہ وحل صرف حج افراد کریں گے

سوال [۵۰۲۵]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: یہاں پر ایک عالم صاحب نے بتلایا ہے کہ مکہ اور جدہ کے رہنے والے حضرات حج افراد ہی کریں گے اور حج افراد والوں پر قربانی نہیں ہے۔

المستفتی: قاری محمد میاں، مقیم حال جدہ سعودی عرب

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: اہل مکہ اور اہل حل کے لئے صرف حج افراد ہی مشروع ہے، تمتع اور قران ان کے لئے مشروع نہیں ہے۔ اور حج افراد کرنے پر قربانی اس صورت میں لازم نہیں ہے کہ جب حاجی مکۃ المکرّمہ میں مسافر ہی رہے۔ اور اگر مکہ میں پندرہ روز سے زیادہ قیام کی نیت سے آٹھویں ذی الحجہ سے پندرہ روز یا اس سے زائد قیام کرلیا ہے اور اس کے پاس پیسہ بھی موجود ہے، تو اس پر قربانی لازم ہو جاتی ہے، چاہے وہ حاجی مکی ہو یا آفاقی دونوں کا حکم اس میں برابر ہے۔ اور ساحل جدہ خود میقات ہے اور ساحل سے ہٹ کر جدہ کا بقیہ حصہ حل میں داخل ہے؛ لہٰذا جدہ والوں کے لئے بھی صرف حج افراد ہی جائز ہے۔

ليس لأهل مكة تمتع ولا قران، وإنما لهم الإفراد خاصة (وقوله): ومن كان داخل الميقات فهو بمنزلة المكي حتى لا يكون له متعة ولا قران.

(هدايه، كتاب الحج، باب التمتع أشرفی ديوبند ۱/ ۲۶۳، جديد كراچی ۲۲۲، غنية الناسك قديم ۱۱۹) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۱/ ذیقعدہ ۱۴۱۵ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۱/ ۴۲۲۱)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۲۲/۱۱/۱۴۱۵ھ

مکی یا حلی کے لئے حج قران کرنے کا شرعی حکم

سوال [۵۰۲۶]: کیافرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: ہمارے ایک عالم مکہ مکرمہ کے قری ایک دیہات میں امام ہیں، انہوں نے ''انوارمناسک، ص:۲۸۲'' کے حوالہ سے بتایا ہے کہ مکی کا قران اصول ولغت کے اعتبار سے صحیح ہوجاتا ہے، مگر شرعاً مکی کے لئے قران مسنون نہیں ہے۔اس حوالہ کی وجہ سے انہوں نے قران کرنے کی اجازت دے دی اور کہا کہ صرف مسنون طریقہ کی رعایت نہ کرنے پر دم لازم نہیں آئے گا، آپ سے اس سلسلے میں بھی وضاحت مطلوب ہے۔

المستفتی: عبدالرشید سیڈھا، بجنور

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: مکی اور حلی کے لئے قران مشروع نہیں ہے؛ لیکن اگر وہ حج قران کرلے تو قران کی شرائط پائی جانے کی وجہ سے حج قران تو صحیح ہوجائے گا لیکن یہ قران مسنون نہیں ہوگا اور چونکہ مکی اور حلی کے لئے قران ممنوع ہے اور انہوں نے امر ممنوع کا ارتکاب کیا ہے، اس وجہ سے اس قارن کے اوپر ایک دم واجب ہوجائے گا اور فقہاء نے اس دم کو دم جبر قرار دیا ہے اور دم جبر کا گوشت کھانا خود اس کے لئے اور غنی کے لئے جائز نہیں ہے۔(مستفاد: انوارمناسک/۲۸۲)

فلو قرن مكي صح وأساء وعليه دم جبر. (غنية، جديد/ ٢٠٣)

ليس لأهل مكة ولا لأهل المواقيت تمتع ولا قران، إنما لهم أن يفردوا العمرة أو الحج، فإن قارنوا أو تمتعوا فقد أساؤا، ويجب عليهم الدم لإساتهم، ولا يباح لهم الأكل من ذلك الدم. (الفتاوى التاتارخانية ٣/ ٦٢٠، رقم: ٥١٩٠، بدائع الصنائع ٢/ ٣٨٠) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۴/ ذیقعدہ ۱۴۳۵ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۱۱/ ۱۱۷۴۶)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۳۵/۱۱/۲۴ھ

مکی یا حلی کے لئے حج تمتع کا شرعی حکم

سوال [۵۰۲۷]: کیافرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ اگرمکی، حلی، میقاتی تمتع یا قران کرلے تو کیا یہ حضرات بھی دس ذی الحجہ کو جمرۂ عقبہ کی رمی کر کے قربانی کر کے پھر سر منڈا کر احرام کھولیں گے یا ان کا تمتع اور قران غیر معتبر قرار دے کر جمرۂ عقبہ کی رمی کر کے سر منڈا کر احرام کھولیں گے؟

المستفتی: عبدالرشید سیڈھا، بجنور

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: ان کا تمتع غیر معتبر ہوکر ان کا حج حج افراد ہوتا ہے، جیسا کہ کتب فقہ میں اس کی صراحت موجود ہے؛ لہٰذا جب ان کا تمتع ہی نہیں ہوا ہے اور وہ حج افراد ہی ہوا ہے، تو ان کے لئے جمرۂ عقبہ کی رمی کے بعد حلق کر کے حلال ہوجانا جائز ہے اور چونکہ ان کا دم، دمِ کفارہ ہے اور حلق کے درمیان ترتیب واجب نہیں ہے۔

لكن المفرد لا ذبح عليه، فيجب عليه الترتيب بين الرمي والحلق فقط؛ لأن المفرد لا شيء عليه في ذلك؛ لأنه لا ذبح عليه فلا يتصوره تأخير النسك وتقديمه بالحلق قبله. (شامي، زكريا ۳/ ۵۸۸)

ثم الكفارات كلها واجبة على التراخي، فلا يأثم بالتأخير عن وقت الإمكان، ويكون مؤديا لا قاضيا في أي وقت. (شرح النقاية للقاري/ ۲۱۱، شامي، زكريا ۳/ ۵۷۲) **فقط واللّٰہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۴/ ذیقعدہ ۱۴۳۵ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۱۱/ ۱۱۷۴۸)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۳۵/۱۱/۲۴ھ

آفاقی قران، تمتع وافراد تینوں کرسکتا ہے جب کہ مکی صرف افراد

سوال [۵۰۲۸]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: حج افراد کس کے لئے ہے؟ کیا صرف ان لوگوں کے لئے ہے جو باشندگان مکہ اور جدہ ہیں جو کہ داخلِ میقات ہے، یا ہراس شخص کے لئے ہے جو غیر ملکی ہے، مگر حدود میقات کے اندر کام کرنے کی غرض سے مقیم ہے؟ جو لوگ حدود میقات کے باہر سے حج کرنے آتے ہیں اور وہ سعودی یا غیر سعودی حضرات ہیں، کیا وہ بھی افراد کر سکتے ہیں، یا ان کو تمتع ہی کرنا پڑے گا؟

اگر کوئی شخص سعودی عرب (جو میقات سے خارج ہے) سے حج کرنے آیا، خواہ وہ باشندہ سعودی عرب کا ہو یا غیر ملکی، اگر اس نے حج افراد کرلیا اور چونکہ اس میں قربانی واجب نہیں ہے، قربانی نہیں کی تو اس پر کیا دم ہے؟ بینوا وتوجروا۔

المستفتی: حبیب الرحمٰن انصاری متصل علی مسجد، شیر کوٹ، ضلع بجنور

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: حج قران وتمتع وافراد تینوں آفاقی کے لئے بلا تردد جائز ہیں، چاہے کہیں کا بھی رہنے والا ہو، کیوں کہ میقات کے باہر سے آئے ہوئے کا حکم یکساں ہے۔ اور جو آفاقی موسم حج میں کسی بھی غرض سے میقات کے اندر رہتے ہیں، ان کا حکم اندر والوں جیسا ہے۔ اور جو آفاقی مکہ میں رہتے ہیں، ان پر مکہ والوں کا حکم لاگو ہوگا۔ اور مکہ والوں کے لئے حج تمتع وقران نہیں ہے، ان کے لئے صرف افراد ہے۔

وليس لأهل مكة تمتع، ولا قران، وإنما لهم الإفراد. الخ (هداية، كتاب الحج، باب التمتع أشرفي ديوبند ۱ / ۲٦۳) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۰ محرم الحرام ۱۴۱۳ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۲۸ / ۲۹۸۹)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۱۳/۱/۱۹ھ

کیا مکۃ المکرّمہ میں غیر ملکی مقیم کے لئے حج قران وتمتع کرنا جائز ہے؟

مکرمی ومحترمی حضرت مفتی صاحب مدفیوضہم السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

حسب ذیل مسئلہ میں صحیح احکامات سے روشناس فرمائیں، ایسے احباب جن کا تعلق آفاق سے ہے، بغرض ملازمت یا تجارت یا اور کسی غرض سے حدود حرم (مکۃ المکرّمہ) جدہ اوراس کے مضافات اور میقات کے اندر رہتے ہیں، ان کی شرعی حیثیت کیا ہے؟ کیا وہ صرف حج افراد ہی کر سکتے ہیں یا حج تمتع وقران بھی ان کے لئے جائز ہے؟ اور طواف وداع کے بارے میں کیا حکم ہے؟ اس سلسلے میں ذیل کی تحریریں ایک دوسرے کے خلاف ہیں، براہ کرم صحیح احکام سے روشناس فرمائیں:

مضافات حرم میں مقیم غیر ملکی آفاقی ہیں یا میقاتی؟

سوال [۵۰۲۹]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: حج کے بعض احکام میں مکہ کے باشندہ اور بیرونی باشندوں کے درمیان فرق کیا گیا ہے، چنانچہ اہل مکہ اوران لوگوں کے لئے جو حدود میقات کے اندر رہنے والے ہوں، حج افراد کا حکم ہے، ان کے لئے تمتع اور قران مکروہ ہے، اسی طرح بیرونی حجاج کے لئے طواف وداع واجب ہے، اہل مکہ کے لئے واجب نہیں ۔ پس سوال یہ ہے کہ جولوگ مکہ اوراس کے اطراف میں طویل عرصہ سے قیام پذیر ہیں اوران کا ارادہ وہیں رہنے کا ہے، ان کا شمار باشندگان حرم میں ہوگا یا نہیں؟ اوران کے لئے حج تمتع جائز اور طواف وداع واجب سمجھا جائے گا یا نہیں؟ اس وقت جدہ اور طائف وغیرہ میں جولوگ طویل مدت سے مقیم ہیں، وہ اس مسئلہ سے دور چار ہیں۔

فقہاء نے بنیادی طور پر مکہ کے وطن ہونے کے لئے رہائش پذیر شخص کی نیت اورارادہ کو کافی قرار دیا ہے، چنانچہ طواف وداع کے سلسلہ میں علامہ شامیؒ لکھتے ہیں:

وفي اللباب: أنه لا يسقط بنية الإقامة ولو سنين، ويسقط بنية الاستيطان بمكة أو بما حولها. (ردالمحتار، كتاب الحج، قبيل مطلب: في طواف الصدر، كوئٹه ۲/ ۱۸٦، كراچی ۲/ ۵۲۳، زکریا ۳/ ۵٤٤)

''لباب'' میں ہے کہ طواف وداع اقامت کی نیت سے ساقط نہیں ہوگا، گوکئی سال کی اقامت ہو، ہاں مکہ اور اس کے مضافات میں توطن کی نیت سے طواف وداع ساقط ہو جائے گا۔

لیکن فی زماننا قانونی طور پر کسی بھی ملک میں محض کسی آدمی کا ارادۂ سکونت شہریت کے لئے کافی نہیں مانا جاتا ہے۔ اور وہ کسی بھی وقت وہاں سے شہر بدر کیا جاسکتا ہے؛ اس لئے جب تک حکومت وقت کسی شخص کو شہریت نہ دے دے اس وقت تک وہ بیرونی باشندہ سمجھا جائے گا اور وہ اہل مکہ کے حکم میں نہ ہوگا؛ لہٰذا اس کے لئے حج تمتع اور حج قران درست ہوگا۔ اور طواف وداع اس پر واجب ہوگا۔ شہریت کے لئے قانون ملکی کی اجازت مشروط ہونے پر فقہاء کے اس جزئیہ سے استدلال کیا جاسکتا ہے، جس میں فوجیوں کے لئے سپہ سالار لشکر کی نیت کے بغیر اقامت کی نیت کو غیر مؤثر سمجھا گیا ہے اور اس کو مسافر ہی کے حکم میں مانا گیا ہے۔ واللہ اعلم (ہدایہ ا/۱۴۶، بحوالہ کتاب: جدید فقہی مسائل ص: ۲۴۴-۲۴۵ ''مولانا خالد سیف اللہ رحمانی صاحب'')

ان لوگوں کا بیان جن کے لئے قران اور تمتع جائز نہیں ہے

مسئلہ: مکہ مکرمہ کے رہنے والوں اور میقات پر یا میقات کے اندر حل میں رہنے والوں کو قران اور تمتع کرنا جائز نہیں ہے۔ (غنية)

مسئلہ: اسی طرح وہ آفاقی جو مکہ مکرمہ میں آکر داخل ہوا، اگرچہ اشہر حج میں کسی شرعی طریق سے بغیر احرام عمرہ کے آیا ہو، جیسے پہلے حل کی حد میں کسی حاجت کے لئے آیا تھا، پھر وہاں سے کسی کام کی غرض سے مکہ معظّمہ میں بغیر احرام آیا، یا اشہر حج سے پہلے ہی مکہ میں داخل ہو کر عمرہ بجالا کر فارغ ہوا اور وہاں ٹھہر گیا، اس کے بعد اس پر اشہر حج واقع ہوئے، تو اب وہ مکہ والوں کے حکم میں ہے، پس اس کو بھی وہاں سے قران اور تمتع کرنا منع ہے۔

(حیات القلوب) اگر یہ لوگ قران یا تمتع کریں گے تو دم جنایت لازم ہوگا، نہ کہ دم شکر (ناقل) اور حقیقت میں یہ دم بھی بجمع ہے (شامی) ملا آخون جان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

(۱) ''حاجی مکہ سہ نوع است یا مکی اصلی ست اورج افراد ست بس''۔

(۲) ''یا آفاقی کہ بعمرہ داخل مکہ شدہ متمتع باشد یا نہ سوق ہدی کردہ یا نہ از عمرہ اش حلال شدہ یا نہ حکم ایں حکم مکی ست کہ اورا غیر افراد نیست یا آفاقی کہ داخل شد است بمکہ بحج پس امحتاج بتجدیدا احرام نیست''۔

(۳) ''یا میقاتی ست پس او برائے حاجتے بمکہ درآید مثل مکی ست در احرام بستن از حرم واگر بقصد حج درآمدہ باشد احرام بحج تنہا بند در از حل انتہی''۔ حاصل اس کا یہ ہے:

(۱) اصل مکی کو تو وہاں سے فقط حج افراد ہی کرنے کا حکم ہے۔

(۲) اور آفاقی جو عمرہ کے احرام سے مکہ مکرمہ میں آیا ہے، اگر قبل اشہر آیا اور یہ اشہر حج کے آنے سے پہلے ہی عمرہ کر کے حلال ہو کر رہا ہو، یا اشہر حج میں آیا اور افعال عمرہ بجالا کر احرام سے حلال ہوا، یا ایسا ہی احرام میں رہا، پھر جب حج کا احرام باندھے تو فقط حج ہی کا احرام باندھے، حج سے پہلے نہ دوسرے عمرہ کا اور نہ قران وغیرہ کا جو آفاقی اشہر حج سے پہلے آیا تھا اس کو تو مطلقاً ثانی عمرہ کرنے کی ممانعت ہے؛ البتہ جو اشہر حج میں عمرہ کر کے حلال ہو کر رہا ہو، اس کو ثانی عمرہ کرنے میں جو متاخرین کا اختلاف ہے، اس کی بحث تمتع کے بیان میں آئے گی۔ مطلب یہ کہ ان کو مکہ سے قران اور تمتع کرنا نہ چاہئے اگرچہ صورتاً ہو۔

(۳) اور جو میقاتی مکہ مکرمہ میں کسی حاجت کی وجہ سے آیا ہو اور وہاں سے حج کرنا چاہے، تو اس کی میقات حج حرم ہی ہے، وہ بھی فقط افراد حج کرے۔ (ناقل)

(بحوالہ کتاب: زبدۃ المناسک مع عمدۃ المناسک کامل، ص: ۳۰۵-۳۰۶، تالیف قطب الاقطاب فقیہ النفس حضرت مولانا رشید احمد گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ)

مرتبہ: میر سعادت علی حیدرآبادی، حال مقیم نلگنڈہ

جو غیر ملکی بغرض ملازمت طویل مدت کے لئے حدود حرم ومیقات کے درمیان

اقامت پذیر ہیں، گو کہ ان کو وہاں کی شہریت حاصل نہیں ہے؛ لیکن عبادت کے اندر وہی اجر وثواب حاصل ہے جو مقامی لوگوں کو حاصل ہے اور وہ احکامات کے اس طرح مکلّف ہیں جس طرح مقامی لوگ ہیں، جہاں تک شہریت کا تعلق ہے، وہ انسانوں کا بنایا ہوا قانون ہے، جو ہر ملک اپنے اقتصادی، معاشی اور ملک کی حفاظتی اصول کی بنیاد پر بناتا ہے، اللہ تعالیٰ نے اپنے گھر کی عظمت و بزرگی کی وجہ سے حدود قائم فرمائے ہیں۔ اور احکامات دیئے ہیں جو قیامت تک کے لئے ہیں اور ساری انسانیت کے لئے ہیں، اس میں سب شہری اور غیر شہری برابر ہیں؛ اس لئے حج جیسی عبادت کے اندر بھی اس کی رعایت ضروری ہے: اس لئے حضرت گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ کا دیا ہوا فتویٰ ہی اقوی معلوم ہوتا ہے، الحمدللہ مجھ سے بھی جب کوئی ان مقامات سے مسئلہ دریافت کرتا ہے، تو حج افراد ہی کی رہبری کرتا ہوں۔ فقط

سعادت علی

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: جو لوگ بغرض ملازمت حدود حرم ومیقات کے درمیان اقامت پذیر ہیں اور ان کا ارادہ تسلسل کے ساتھ پندرہ دن سے زائد وہاں پر قیام کا ہے، ان کا حکم بھی اہل مکہ وحل کا ہے۔ اور ان کے لئے بھی قران اور تمتع کرنا ممنوع ہوگا۔ اور ان کو فوجیوں پر قیاس کرنا درست نہیں ہے؛ اس لئے کہ جتنے لوگ وہاں پر رہتے ہیں وہ مستامن ہیں۔ اور حکومت سے ان لوگوں کا ایک مدت متعینہ تک وہاں پر قیام کا معاہدہ اور اجازت ہے، جس بناء پر ان کی اقامت کی نیت معتبر ہوگی۔ اور ان کا بھی وہی حکم ہوگا جو اہل مکہ اور وہاں کے مقامی حضرات کا ہے۔ اور مولانا خالد سیف اللہ صاحب نے ’’جدید فقہی مسائل‘‘ میں جو مسئلہ لکھا ہے اس سے ہم کو اتفاق نہیں ہے؛ اس لئے کہ ان کی بات تمام فقہاء کی رائے کے خلاف ہے، اور جس بات پر انہوں نے قیاس کیا ہے اس قیاس میں مقیس اور مقیس علیہ میں مطابقت نہیں ہے۔

وأما الآفاقي إذا دخل الميقات، أو دخل مكة بعمرة، وحل منها قبل

أشهر الحج، فإن مكث بها حتى دخل أشهر الحج، فهو كالمكي بالاتفاق. (غنية الناسك قديم ۱۲۱، جديد كراچی ۲۲۷)

ثم لو أحرم بأخرى بعد دخول أشهر الحج، وحج من عامه لم يكن متمتعا في قول الكل؛ لأنه صار في حكم المكي بدليل أن ميقاته ميقاتهم. (شامي، كراچی ۲/ ۵۳٦، زكريا ۳/ ۵٦۲)

ولو دخل الكوفي بعمرة، فأداها وتحلل، وأقام بمكة حتى دخل عليه أشهر الحج، فأحرم بعمرة أخرى لم يكن متمتعا في قولهم؛ لأنه لما أقام صار في حكم أهل مكة بدليل أن ميقاته ميقات أهل المكة، وليس لأهل مكة تمتع. (المسالك في المناسك ۱/ ٦٦۱)

ولو أحرم بعمرة أخرى بعد ما دخل أشهر الحج لم يكن متمتعا في قولهم جميعا؛ لأنه صار في حكم أهل مكة بدليل أنه صار ميقاته ميقاتهم، فلا يصح له التمتع. (بدائع الصنائع زكريا ۲/ ۳۸۰)

والآفاقي كل من كان داره خارج الميقات فلا تمتع لأهله ولا لأهل داخله، والعبرة للتوطن، فلو استوطن المكي فى المدينة مثلا فهو آفاقي ولو استوطن الآفاقي بمكة كالمدني وغيره، فهو مكي. (مناسك ملا علي قاري باب التمتع، كراچی/ ۲۷۳) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۶؍محرم الحرام ۱۴۳۵ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۴۰/ ۱۱۴۱۶)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۲۶/۱/۱۴۳۵ھ

کیا مکہ یا جدہ میں مع اہل وعیال رہنے والے تمتع یا قران کرسکتے ہیں؟

سوال [۵۰۳۰]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے

بارے میں: کہ ہمارے کچھ عزیز مکہ مکرمہ اور جدہ میں مع اہل وعیال بغرض تجارت وملازمت رہتے ہیں، ان کا پہلا ہی سفر ہے، وہ یہ چاہتے ہیں کہ ہم پہلے حج تمتع یا قران میں سے کوئی ایک کریں، کیا شرعاً ایسے لوگوں کے لئے حج تمتع یا قران کی اجازت ہے؟ جدہ میں ایک عالم ’’احسن الفتاویٰ‘‘ کے حوالہ سے ایسے حضرات کے لئے تمتع اور قران کی اجازت دے رہے ہیں، شرعاً مفتی بہ قول مطلوب ہے۔

المستفتی: عبدالرشید سیڈھا، بجنور

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: مکہ مکرمہ میں جو لوگ بغرض ملازمت ہندوستان سے جاکر قیام پذیر ہیں اور وہاں پر مہینوں اور سالوں کے لئے تسلسل کے ساتھ قیام کا ارادہ کر چکے ہیں؛ تو وہ مکہ والوں کے حکم میں ہیں، ان کے لئے وہاں پر رہتے ہوئے حج تمتع یا قران مشروع نہیں ہے؛ اس لئے کہ حج قران وتمتع کے لئے عمرۂ آفاقی لازم ہے اور مکہ میں رہ کر عمرۂ آفاقی نہیں ہوتا، اسی طرح جدہ میں ملازمت پر جو لوگ مامور ہیں، وہ اہل جدہ کے حکم میں ہے، اور جدہ محاذات میقات میں ہونے کی وجہ سے میقات کے حکم میں ہے اور میقاتی کو حلی کے درجہ میں قرار دیا گیا ہے؛ اس لئے حلی اور میقاتی کے لئے بھی حج قران اور تمتع مشروع نہیں ہے؛ کیوں کہ حل میں رہ کر عمرۂ آفاقی نہیں کر سکتے اور حج قران وتمتع عمرۂ آفاقی کے ساتھ ہی مشروع ہے۔

لا تمتع ولا قران ولا جمع بينهما في غير أشهر الحج لأهل مكة وأهل المواقيت الخمسة ومن دونها إلى مكة سواء بينه وبين مكة مسيرة سفر أو لا وكل آفاقي صار في حكم أهل مكة كأن دخل الميقات لحاجة في أشهر الحج أو قبلها ...... وفي شرح الاسبيجابي على مختصر الطحاوي: وإنما لهم أن يفردوا العمر أو الحج. (غنية، جدید ۲۸۳، قدیم/ ۲۱۹)

أحرم إذا حاذى أحدهما أو أبعدهما أفضل، وفي الشامية: أن وجوب الإحرام بالمحاذات إنما يعتبر عند عدم المرور على المواقيت.

(شامي، زكريا ۳/ ٤٨١، ومثله في الهندية ۱/ ۲۲۱، جديد ۱/ ۲۸٥، البحرالرائق، زكريا ۲/ ٥٥٧) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۴/ ذیقعدہ ۱۴۳۵ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۱۱/ ۱۱۷۵۱)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۳۵/۱۱/۲۴ھ

مکہ والوں کے لئے حج تمتع وحج قران کا حکم

سوال [۵۰۳۱]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: مکہ والوں کے لئے حج قران، حج تمتع مشروع نہیں ہے، اس کی وجہ یہ ہے کہ حج تمتع وحج قران کی صحت کے لئے اشہر حج میں عمرۂ آفاقی لازم ہے۔ اور اہل مکہ مکہ میں رہ کر کے عمرۂ آفاقی نہیں کرسکتے، تو سوال یہ ہے کہ جو لوگ باہر سے آکر اقامت وغیرہ کے ذریعہ مکہ مکرمہ میں مقیم ہیں، جو ۱۵/ دن سے زائد تسلسل کے ساتھ رہتے ہیں، اور ان کا یہ رہنے کا سلسلہ سالوں کے لئے ہوتا ہے، تو ان کا حکم مکہ والوں کے جیسا ہے یا ان کے لئے حج تمتع وحج قران جائز ہے؟

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: جو لوگ باہر سے آکر مکہ مکرمہ میں مقیم ہوگئے، اقامت وغیرہ کے ذریعہ سے اور ان کا یہ رہنے کا سلسلہ سالوں تک کے لئے ہے، تو ان کا حکم اہل مکہ کی طرح ہے؛ اس لئے ان کے لئے حج تمتع وحج قران جائز نہیں ہے۔

وأما الآفاقي إذا دخل الميقات أو دخل مكة بعمرة وحل منها قبل أشهر الحج، فإن مكث بها حتى دخل أشهر الحج، فهو كالمكي بالاتفاق ...... لو أحرم بعمرة قبل أشهر الحج، فقضاها وتحلل وأقام بمكة، فأحرم بعمرة، ثم حج من عامه ذلك لم يكن متمتعا. (غنية الناسك، كتاب الحج، باب

التمتع، المطلب الثالث قديم ۱۲۱، جديد كراچی ۲۲۷، جديد مكتبه يادگار شيخ ۲۹۲)

فشرائط صحته أي التمتع تسعة: الأول: أن يكون من أهل الآفاق والعبرة للتوطن، فلو استوطن المكي في المدينة مثلا فهو آفاقي، ولو استوطن الآفاقي بمكة فهو مكي. (غنية الناسك، قديم ۱۱۳، جديد كراچی ۲۱۲، يادگار شيخ ۲۷٤)

ولو بقي بمكة ولم يخرج إلى البصرة حتى اعتمر في أشهر الحج، وحج من عامه لا يكون متمتعا بالاتفاق؛ لأن عمرته مكية، والسفر الأول انتهى بالعمرة الفاسدة، ولا تمتع لأهل مكة. (هداية مكتبه أشرفيه ١/ ٢٦٥)

وليس لأهل مكة تمتع، ولا قران، وإنما لهم الإفراد خاصة، كذا في الهداية، وكذلك أهل المواقيت، ومن دونها إلى مكة في حكم أهل مكة.

(هندية، الحج، قبيل الباب الثامن في الجنايات، زكريا قديم ١/ ٢٣٩، جديد ١/ ٣٠٤)

ولو خرج إلى الميقات قبل أشهر الحج، ثم رجع يكون محرما في قولهم، وكما لا قران لأهل مكة، ومن كان في معناهم لا متعة لهم. (خانية على الهندية زكريا ١/ ٣٠٤، جديد زكريا ١/ ١٨٦)

ومن كان داخل المواقيت، فهو بمنزلة المكي، حتى لا يكون متعة ولا قران. (هداية، مكتبه أشرفيه ١/ ٢٦٣) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۴۳۵/۱/۲۳ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۱۱۴۰۹/۴۰)

حج تمتع کا طریقہ

سوال [۵۰۳۲]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: خدا اگر کسی کو توفیق دے کر حج افراد کے لئے قبول کر کے بلالے، تو اس کا کیا طریقہ

ہے؟ وطن سے جب سفر کرنا ہے، تو عمرہ کا احرام باندھے گا اور بیت اللہ پہنچ کر طواف وسعی کرنا ہوتا ہے، تو کیا اس کے بعد حلق یا قصر بھی کرنا ہے؟ اور دوبارہ حج افراد کا احرام باندھنا ہے، یا طواف وسعی تک ہی عمرہ کے اعمال محدود ہیں اور احرام جوں کا توں ہی ۱۰/ ذی الحجہ تک رہے گا؟

المستفتی: محمد یونس جامع مسجد احمد گڑھ، پنجاب

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: اگر یہ عمرہ رمضان کے بعد کا ہے اور اسی سفر میں حج کا بھی ارادہ ہے، تو یہ عمرہ حج تمتع کا ہے۔ اور حج تمتع کے عمرہ کا حال وہی ہے جو عام حالات میں کیا جاتا ہے؛ لہٰذا طواف وسعی کر کے حلق کرا کے احرام کھول دے اور عام لوگوں کی طرح آٹھ ذی الحجہ تک مکہ میں قیام کرے۔ اور اس درمیان بیوی کے ساتھ ہمبستری بھی جائز ہے۔ اور آٹھویں ذی الحجہ کی صبح کو صرف حج کا احرام باندھا جائے گا اور یہ احرام حدود حرم میں باندھا جائے گا، یہ بظاہر حج افراد کا احرام ہے، مگر حج افراد نہیں ہے؛ بلکہ حج تمتع ہی ہوگا۔ (مستفاد: ایضاح المناسک/ ۵۳)

فإذا كان يوم التروية أحرم به وقبله أفضل، وأفضل أماكنه الحطيم، ثم المسجد، ثم مكة، ثم الحرم. (غنية الناسك، كتاب الحج، باب التمتع، فصل في كيفية أداء التمتع المسنون، قديم ۱۱۵، جديد كراچی ۲۱۶) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۸/ شوال ۱۴۲۵ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۷/ ۸۵۷۸)

کیا متمتع عمرہ کا احرام کھولنے کے بعد حج کا احرام باندھنے سے قبل عمرہ کر سکتا ہے؟

سوال [۵۰۳۳]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: حج تمتع کرنے والے شخص کو مکۃ المکرّمہ پہنچتے ہی عمرہ کرنا ہے، یہ احرام کھول کر حلال ہو جاتا ہے، حج کا احرام باندھنے سے پہلے جو اس کو ٹائم ملتا ہے، دس روز پانچ روز یا

اس سے زائد کا یا کم کا کیا ان ایام میں یہ شخص عمرہ کرتا رہے، اپنے اعزاء واقرباء کے نام سے یا نہیں؟ کرنے کی اجازت ہو تو مطلع فرمائیں، کیسے کیا جائے؟

المستفتی: عبدالکریم الہ آبادی

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: متمتع نے جب عمرہ کے ارکان ادا کر کے احرام کھول دیا ہے، تو آٹھویں ذی الحجہ تک جتنی مرتبہ چاہے جس کے لئے چاہے عمرہ کرسکتا ہے، بس صرف پانچ دن عمرہ کرنا مکروہ ہے، یوم عرفہ، یوم النحر ، ایام التشریق۔ اور جہاں آٹھویں ذی الحجہ سے قبل عمرہ کو مکروہ لکھا ہے، وہ صرف اہل مکہ اور ان لوگوں کے حق میں ہے جو مکہ والوں کے حکم میں ہیں؛ اس لئے کہ ان کے لئے تمتع ممنوع ہے، اب اگر ایام حج میں عمرہ کریں گے اور پھر حج کریں تو تمتع کرنے والے بن جائیں گے، آفاقی کے لئے یہ حکم نہیں ہے، نیز اہل مکہ میں سے جو اس سال حج نہ کرنے والے ہیں، ان کے لئے آٹھویں ذی الحجہ سے قبل عمرہ کرنا جائز ہے۔

العمرة لا تفوت، وهي جائزة في جميع السنة إلا خمسة أيام يكره فيها، فعلها وهي يوم عرفة، ويوم النحر، وأيام التشريق. الخ (هداية، كتاب الحج، باب الفوات، اشرفی دیوبند ۱/ ۲۹۶، درمختار کراچی ۲/ ۴۷۳، زکریا ۳/ ۴۷۷)

فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۹/رمضان ۱۴۱۲ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۲۸/۲۸۴۲)

متمتع کا عمرہ کے بعد حج سے قبل طواف کرنا

سوال [۵۰۳۴]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل

کے بارے میں: جو شخص حج تمتع کرتا ہے، وہ طواف وسعی سے فارغ ہونے کے بعد حلق کرنے کے بعد حج سے پہلے طواف کرسکتا ہے یا نہیں؟ یہ طواف شرعاً جائز ہے یا نہیں؟

المستفتی: خدابخش گوبندپور، ۲۴ ر پرگنہ

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: متمتع شخص عمرہ کے افعال سے فارغ ہونے کے بعد ایام حج شروع ہونے سے پہلے جتنے چاہے، نفلی طواف کرسکتا ہے۔

وأقام بمكة حلالا، وفي الشامية: أفاد أنه يفعله ما يفعل الحلال، فيطوف بالبيت مابدأ له. (شامي، كتاب الحج، باب التمتع كراچی ۲/ ۵۳۷، زكريا ۳/ ٥٦٤) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۳۰ ر ربیع الاول ۱۴۳۲ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۹/ ۱۰۳۴۳)

کیا جدہ والے حج تمتع وقران کرسکتے ہیں؟

سوال [۵۰۳۵]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: ہمارے ایک دوست جدہ شہر میں رہتے ہیں، وہ جدہ سے حج کے لئے جانا چاہتے ہیں، کیا وہ حج قران یا تمتع کا احرام باندھ سکتے ہیں، یا وہ مکی کے حکم میں ہیں کہ افراد ہی کا احرام باندھیں؟ جدہ آفاق کے حکم میں ہے یا مکہ کے حکم میں؟

المستفتی: محمد امجد سیڈھوی، وارد حال ریاض سعودیہ

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: جدہ کو میقات قرار دیا گیا ہے اور وہاں سے آفاقی کو احرام باندھنے کی گنجائش دی گئی ہے؛ لیکن پورے جدہ کو میقات سے باہر نہیں قرار دیا گیا؛

اس لئے جدہ والے اہل حل کی طرح حج افراد ہی کریں گے، حج تمتع یا قران نہیں کریں گے، اس کی وجہ یہ ہے کہ جدہ شہر بہت دور دور تک پھیلا ہوا ہے، اس کا اکثر حصہ حل کے اندر داخل ہے اور سمندر کے کنارہ کا حصہ میقات یا میقات سے باہر ہے؛ اس لئے پورے جدہ والوں کے لئے تمتع یا قران کے جواز کی بات نہیں کہی جاسکتی۔ (مستفاد: انوار مناسک ۲۴۵-۲۴۶، امداد الفتاوی ۲/۱۴۹)

إن المحاذات لم تعتبر ميقاتا بالنص إنما ألحقت بالميقات اجتهادا بالقياس عليه في حرمة مجاوزته بلا إحرام -إلى قوله- كجدة من طرف البحر، فإنها على مرحلتين عرفتين من مكة وثلث مراحل شرعية. (غنية الناسك جديد كراچی ۵۳-۵۴، قديم ۲۶) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۰/ذیقعدہ ۱۴۳۱ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۹/۱۰۲۰۳)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۱/۱۱/۱۴۳۱ھ

متمتع کا بار بار عمرہ کرنا

عمرہ کا احرام کہاں سے؟ ایک تحقیق

سوال [۵۰۳۶]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: بعض حجاج قیام مکۃ المکرّمہ کے زمانہ میں اپنی طرف سے اور اپنے رشتہ داروں کی طرف سے نفل عمرہ ادا کرنے کے لئے مسجد تنعیم یا مقام جعرانہ جانے کا اہتمام کرتے ہیں، احرام عمرہ کے لئے تنعیم یا جعرانہ جانے کا عمل کہاں تک درست ہے، جب کہ ''زاد المعاد'' میں لکھا ہے کہ آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم نے عمرہ کے لئے جعرانہ کے مقام سے جب احرام باندھا، اس وقت آپ مکہ کی طرف تشریف لا رہے تھے۔ اور طائف کی جانب سے جو شخص مکہ میں داخل ہونا چاہے اس کے لئے بھی یہ سنت ہے۔ اور وہ طریقہ جو لوگ اختیار کرتے ہیں کہ

مکہ سے جعرانہ کی طرف جاتے ہیں، تاکہ وہاں جاکر عمرہ کا احرام باندھیں، پھر مکہ سے جعرانہ کی طرف واپس آئیں، یہ کام حضور نے اور نہ کسی صحابی نے کیا ہے اور نہ اہل علم میں سے کسی نے اس کو مستحب سمجھا ہے؛ بلکہ عوام ہی کرتے ہیں اور اسے حضور کی اقتدا خیال کرتے ہیں، حالانکہ انہیں غلط فہمی ہے۔ (زاد المعاد ۲/۴۲)

اسی طرح ''زاد المعاد'' میں یہ بھی لکھا ہے کہ آپ ﷺ نے زندگی بھر میں ایک عمرہ بھی مکہ سے باہر جاکر نہیں کیا، جیسا کہ آج کل عام طور پر لوگ کرتے ہیں، جو عمرہ آپ ﷺ نے کیا ہے اور مشروع ہے وہ داخل مکہ کا عمرہ ہے۔ (زاد المعاد اردوا/ قسط:۳،ص:۳۹۲)

اس سلسلے میں آپ وضاحت فرمائیں تو عنایت ہوگی۔

میر سعادت علی نلگنڈہ

جواب: ائمۂ اربعہ کا اس بات پر اتفاق ہے کہ جو شخص مکۃ المکرّمہ میں ہو خواہ وہ مکہ سے باہر کا رہنے والا ہو یا خود مکہ کا رہنے والا ہو، وہ اگر عمرہ کرنا چاہے، تو اس کو حل (حدود حرم اور میقاتِ عمرہ کی درمیانی جگہ) سے احرام باندھنا لازم ہوگا۔ (الفقہ علی المذاہب الأربعۃ ۱/ ۶۱۸)

ائمۂ اربعہ کا کسی امر پر اتفاق کرلینا اس بات کی علامت ہے کہ یہ بات درست اور قرآن وحدیث کی روح سے قریب تر ہے۔

''زاد المعاذ'' کے مصنف علامہ ابن قیم فقہ حنبلی کے پیرو تھے (ملاحظہ ہو زاد المعاد ۱/ ۱۱، قسط:۱)

فقہ حنبلی میں بھی مسئلہ یہی ہے کہ عمرہ کا ارادہ کرنے والا مکہ کا رہنے والا ہو یا مکہ میں مقیم ہو، دونوں صورتوں میں اسے عمرہ کا احرام حل (حدود حرم اور میقات عمرہ کی درمیانی جگہ) میں جاکر باندھنا ہوگا، اس کا مطلب یہ ہے کہ ابن قیم نے اس سلسلہ میں جو کچھ لکھا ہے وہ ان کا تفرد اور شخصی وانفرادی نتیجۂ فکر ہے، ابن قیم کی یہ بات کہ '' مکہ میں ہو تو جعرانہ جاکر احرام باندھنے کو کسی صاحب علم نے مستحب نہیں سمجھا ہے'' خلاف واقعہ ہے؛ کیوں کہ شوافع اور مالکیہ کے نزدیک جعرانہ سے عمرہ کا احرام باندھنا افضل ہے، اور فقہاء احناف اور فقہاء حنابلہ کے نزدیک ''تنعیم'' سے احرام باندھنا افضل ہے۔ (الفقہ علی المذاہب الاربعۃ ۱/ ۶۱۸)

امام بخاریؒ کا رجحان بھی وہی ہے جو ابن قیم کا ہے؛ لیکن جمہور فقہاء اور اصحاب علم نے اس کو رد کر دیا ہے۔ (درس ترمذی ۳/ ۲۰۶)

اس مسئلہ سے متعلق حدیث کی روایات کے مطالعہ سے معلوم ہوتا ہے کہ کوئی ایک روایت بھی ایسی نہیں ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یا کسی صحابی نے حرم مکہ کے اندر ہی عمرہ کا احرام باندھا ہو، یہاں یہ بات قابل غور وفکر ہے کہ خود آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم نے طائف سے واپسی کے موقع پر عمرہ کا احرام ''جعرانہ'' سے کیوں باندھا؟ نیز حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو عمرہ کا احرام بندھوانے کے لئے لیلۃ الحصبۃ میں ایام منی کے بعد حضرت عبدالرحمٰن کے ساتھ مقام ''تنعیم'' کیوں بھیجا تھا؟ جس کا تذکرہ امام بخاری نے صحیح بخاری (۱/ ۴۵) اور امام طحاوی نے اپنی کتاب (۱/ ۲۶۲) میں کیا ہے، ظاہر ہے کہ اگر حرم مکہ کے اندر ہی احرام باندھنا درست تھا، تو خود آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو مقام ''جعرانہ'' سے احرام باندھنے اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہ کو مقام تنعیم سے عمرہ کا احرام باندھنے کی ضرورت نہ تھی، ان احادیث پر تحقیقی نظر ڈالنے سے یہ نتیجہ سامنے آتا ہے کہ حرم مکہ ہی میں عمرہ کا احرام باندھنا شرعی اعتبار سے درست نہیں ہے، واضح رہے کہ سطور بالا میں ''جعرانہ'' اور ''تنعیم'' کا جو ذکر آیا ہے وہ دو مقامات کے نام ہیں، جو حرم مکہ سے باہر حل میں واقع ہیں۔

متمتع کا اشہر حج میں بار بار عمرہ کرنا

سوال [۵۰۳۷]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: جو شخص حج تمتع کرتا ہے اس کا حج سے پہلے اشہر حج یعنی شوال، ذیقعدہ، ذی الحجہ کے عشرۂ اول میں بار بار عمرہ کرنا کیسا ہے؟

جواب (۱) تو راجح اور صحیح قول کے مطابق حج سے قبل مذکورہ ایام میں بار بار عمرہ کرنا بلا کراہت جائز اور درست ہے، اس میں کسی قسم کی قباحت نہیں ہے۔ (مستفاد: اوجز

المسالک ۳/ ۴۷-۳۴، غنیۃ الناسک/ ۱۱۵، معلم الحجاج ۲۳۱، رحمۃ اللہ الواسعہ ۴/ ۱۸۳، مکمل و مدلل مسائل حج وعمرہ ۱۴۶، انوار مناسک ۳۱۷، انوار رحمت ۴۰)

(۲) **مسئلہ:** حج تمتع کرنے والے کے لئے حج اور عمرہ کے درمیان اور عمرہ کرنا جائز ہے۔ (آپ کے مسائل اور ان کا حل ۴/ ۵۱)

(۳) **مسئلہ:** آفاقی کے لئے ایک عمرہ سے زائد کرنا اشہر حج میں جائز ہے، نیز حج تمتع کرنے والا ایک عمرہ کرنے کے بعد دوسرا عمرہ حج سے پہلے کر سکتا ہے۔ (مکمل و مدلل مسائل حج وعمرہ ۱۴۹، فتاوی رحیمیہ ۶/ ۳۹۷، آپ کے مسائل اور ان کا حل ۴/ ۵۰)

(۴) **مسئلہ:** بعض علماء کے نزدیک متمتع ارکان عمرہ سے فارغ ہونے کے بعد جب دوسرا عمرہ کرے گا تو اس کے ذریعہ تمتع باطل ہو جائے گا، یہ اس لئے صحیح نہیں ہے کہ جب دوسرا عمرہ کرے گا تو اس کے ذریعہ سے تمتع ہو جائے گا اور جب تیسرا عمرہ کرے گا تو اس کے ذریعہ سے تمتع صحیح ہو جائے گا، الغرض جتنے عمرہ کرے گا ان میں سے آخر والے کے ذریعہ سے تمتع صحیح ہو جائے گا۔ (مستفاد: انوار مناسک ۳۱۷، انوار رحمت ۴۱، مکمل و مدلل مسائل حج وعمرہ ۱۴۶، فتاوی محمودیہ ۱۳/ ۱۸۳)

مذکورہ تحریر کے بعد مجھے جو اشکال درپیش ہے وہ حسب ذیل ہے: (۱) اگر یہ عمرۂ آفاقی ہو تو کوئی اشکال ہی نہیں؛ بلکہ آخری عمرہ سے تمتع صحیح ہو جائے گا، جیسا کہ مسئلہ نمبر: ۴/ سے ظاہر ہے (جو مدینہ پاک سے واپسی پر کیا جاتا ہے) لیکن موجودہ حالات میں لوگ عمرۂ آفاقی ہونے کے بعد دوران قیام مکۃ المکرّمہ نفل عمرہ کرتے ہیں، وہ میقات سے نہیں؛ بلکہ مسجد تنعیم سے کرتے ہیں جو حل میں ہے، تو یہ عمرۂ آفاقی نہیں؛ بلکہ حلی ہوا، جیسا کہ اوپر لکھا گیا کہ ہر آخری عمرہ کے ذریعہ تمتع صحیح ہو جائے گا، حالانکہ حج تمتع کے صحیح ہونے کی شرائط میں یہ بات بھی داخل ہے کہ تمتع کے لئے اشہر حج میں عمرۂ آفاقی لازم ہے۔ (انوار مناسک ۲۸۵-۲۸۶، غنیۃ الناسک جدید ۲۱۲، قدیم ۱۱۴)

اب یہاں سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ جو حج سے پہلے عمرہ ہوگا وہ آفاقی نہیں بلکہ حلی ہوگا، کیا ایسا کرنے سے حج تمتع میں فرق تو نہیں آئے گا اور حج تمتع باقی رہے گا؟

المستفتی: میر سعادت علی حیدرآبادی، حال مقیم نلگنڈہ

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: سائل نے مسئلہ موضوع بحث سے متعلق ایک شاندار نکتہ اٹھایا ہے، اس نکتہ کا حل یہ ہے کہ جن کتابوں کے حوالہ سے آپ نے یہ اشکال اٹھایا ہے کہ متمتع کے لئے اشہر حج میں عمرۂ آفاقی بار بار کرنے سے کوئی فرق نہیں پڑتا، آخری عمرہ کے ساتھ تمتع صحیح ہو جائے گا، مثلاً اشہر حج میں آفاق سے عمرہ کا احرام باندھ کر حرم شریف میں قیام کرے، پھر حج سے پہلے مدینہ یا طائف جا کر واپسی میں عمرہ کرتا ہے، تو یہ دوسرا عمرہ بھی عمرۂ آفاقی ہے، اسی طرح آخری عمرہ کے ذریعہ تمتع ہو جایا کرے گا، اس میں کوئی اشکال نہیں، مگر حل میں مسجد عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا یا مسجد جعرانہ وغیرہ سے حج سے پہلے بار بار عمرہ کیا جائے تو یہ عمرۂ حلی ہے اور اس میں سے آخری عمرہ کے ذریعہ سے تمتع صحیح ہو جانا قابل اشکال ہے؛ اس لئے کہ آخری عمرہ عمرۂ آفاقی نہیں ہے۔ اور تمتع کا سارا مدار اشہر حج میں عمرۂ آفاقی پر ہے، یہ مستفتی کی طرف سے ایک شاندار اشکال ہے، اس اشکال کا جواب یہ ہے کہ مسئلہ اپنی جگہ عملاً صحیح ہے اور تعبیر کا فرق ہو گیا ہے، عملاً یوں صحیح ہے کہ عمرۂ آفاقی کرنے کے بعد متمتع کے لئے حج سے پہلے بار بار عمرۂ حلی کرنا بھی جائز ہے، ہاں البتہ یہ تعبیر کرنا مسئلہ کو اشکال کا شکار بنا دیتا ہے کہ آخری عمرہ کے ذریعہ سے تمتع صحیح ہو جائے گا اور مسئلہ ایسا نہیں ہے؛ بلکہ اشہر حج میں عمرۂ حلی کے جائز ہونے کے ساتھ عمرۂ آفاقی جو کر چکا ہے اسی کے ذریعہ سے تمتع صحیح ہوگا۔ اور ''انوار مناسک، انوار رحمت، آپ کے مسائل اور ان کا حل، فتاوی رحیمیہ اور مسائل حج عمرہ'' وغیرہ ان تمام بعد کی کتابوں میں جو لکھا گیا ہے وہ معلم الحجاج یا فتاوی محمودیہ کے مسئلہ کو نقل کر دیا گیا ہے۔ اور ''فتاوی محمودیہ'' اور ''معلم الحجاج'' میں ''غنیۃ الناسک'' کی ایک عبارت پر اعتماد کیا گیا ہے، اس عبارت سے بظاہر یہی معلوم ہو رہا تھا کہ متمتع کے لئے

حج سے پہلے بار بار عمرۂ حلی کرنا جائز ہے؛ اس لئے کہ اس عبارت میں مکی اور آفاقی دونوں کے لئے بار بار عمرہ کی اجازت دی گئی ہے، اس سے یہ بات مترشح ہوتی ہے کہ بار بار عمرۂ حلی کرنا جائز ہے؛ لیکن اس عبارت میں اس بات کی وضاحت نہیں ہے کہ عمرۂ حلی میں سے آخری عمرہ کے ساتھ تمتع ہوگا، اور نہ ہی اس بات کی وضاحت ہے کہ عمرۂ آفاقی کے ساتھ تمتع ہوگا، یہ بڑوں نے اپنی طرف سے اضافہ فرمایا ہے۔ اور پھر چھوٹوں نے بڑوں کی بات پر اعتماد کرلیا ہے؛ لیکن ہر طرف کی جزئیات کو احاطہ کر کے دیکھنے کے بعد یہی بات صحیح ہے کہ تمتع تو اشہر حج میں عمرۂ آفاقی کرنے کی وجہ سے ہی صحیح ہوگا، مگر عمرۂ آفاقی کر لینے کے بعد حج سے پہلے بار بار عمرۂ حلی کرنا بھی جائز ہے۔ اور صحت تمتع کی شرط کی عبارت مستفتی کے سامنے موجود ہوگی کہ اشہر حج میں عمرۂ آفاقی صحت تمتع کے لئے لازم ہے۔ اور عمرۂ حلی کے جواز کی عبارت ''غنیۃ الناسک'' کی وہ عبارت ہے جو ''انوار مناسک ص: ۳۱۷'' کے حاشیہ میں منقول ہے، یہاں بھی درج کردی جاتی ہے:

ویعتبر قبل الحج ماشاء، وما في اللباب لا یعتبر قبل الحج، فغیر صحیح؛ لأنه بناء علی أن المکي ممنوع من العمرة المفردة، وهو خلاف مذهب أصحابنا جمیعًا، لأن العمرة جائزة في جمیع السنة بلا کراهة إلا في خمسة أیام، لا فرق في ذلک بین المکي والآفاقي . الخ (غنیة جدید کراچی ص: ۲۱۵، قدیم، ص: ۱۱۵) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۵؍شعبان ۱۴۲۸ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۸/۹۴۰۸)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۲۸/۸/۱۶ھ

عمرۂ حلی سے حج تمتع درست نہیں ہوگا

سوال [۵۰۳۸]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل

کے بارے میں: کہ میقات اور حل میں رہنے والے دوستوں نے شوال میں عمرے کر لئے، اب اسی سال وہ حج بھی کرنا چاہتے ہیں، کیا جو لوگ حکماً مکی ہیں یا حل اور میقات میں رہنے والے ہیں اور انہوں نے قصداً یا سہواً شوال میں عمرے بھی کر لئے ہیں، ان کو شریعت اس سال حج کرنے کی اجازت دیتی ہے؟ نیز ایسے شخص حج افراد کرلیں تو کیا ان کا حج صحیح ہو جائے گا؟ یا ان پر دم لازم آئے گا؟۔

المستفتی: عبدالرشید سیڑھا، بجنور

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: میقات اور حل میں رہنے والے لوگوں کے لئے مکہ والوں کی طرح حج تمتع مشروع نہیں ہے، اگر ان لوگوں نے حل سے احرام باندھ کر شوال میں عمرہ کیا ہے، تو ان کا عمرہ عمرۂ حلی ہوگا اور عمرۂ حلی کے ذریعہ سے تمتع صحیح نہیں ہوتا ہے؛ لہٰذا ان لوگوں نے اگر اسی سال حج بھی کرلیا تو ان کا یہ حج حجِ افراد ہی ہوا؛ اس لئے ان کے اوپر تمتع کی قربانی واجب نہیں ہوئی، اسی طرح اگر ان لوگوں نے شوال میں میقات سے باہر جا کر عمرۂ آفاقی کرلیا ہے، پھر اسی سال حج بھی کرلیا تو عمرہ اور حج کے درمیان اِلمام صحیح پائے جانے کی وجہ سے ان کا حج حجِ تمتع نہیں ہوگا؛ اس لئے کہ صحت تمتع کے لئے المام صحیح کا نہ ہونا لازم ہے اور یہاں ایسا نہیں۔ اور صورۃً ان کا حج حج تمتع ہونے کی وجہ سے ان کے اوپر کفارہ میں ایک دم، دمِ جبر لازم ہوگا؛ اس لئے کہ انہوں نے امر ممنوع کا ارتکاب کیا ہے اور اس قربانی کا گوشت کھانا بھی ان کے لئے اور غنی کے لئے جائز نہیں ہے، جزئیات ملاحظہ فرمائیے:

من كان داخل الميقات فهو بمنزلة المكي حتى لا يكون له متعة ولا قران، هذا راجع إلى تفسير ”حاضري المسجد الحرام“ فعندنا هم أهل مكة ومن كان داخل الميقات سواء كان بينه وبين مكة مسيرة سفر أو لم يكن. (عناية على الفتح ٣/ ١٣، شامي، زكريا ٣/ ٥٦٨)

ليس لأهل مكة ولا لأهل المواقيت تمتع ولا قران، إنما لهم أن

يفردوا العمرة أو الحج، فإن قارنوا أو تمتعوا فقد أساؤا، ويجب عليهم الدم لإساتهم، ولا يباح لهم الأكل منه. (الفتاوى التاتارخانية ۳/ ٦٢٠، رقم: ٥١٩٠، بدائع الصنائع ۲/ ۳۸۰، شامي، زكريا ۳/ ٦٢٩) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۴/ ذیقعدہ ۱۴۳۵ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۴۱/ ۱۱۷۵۰)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۲۴/۱۱/۱۴۳۵ھ

دورِ حاضر میں اپنے علاقہ سے ہدی کا جانور لے جانا

سوال [۵۰۳۹]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: موجودہ دور میں اگر کوئی حج تمتع کرنے والا ہدی روانہ کرنے والی حدیث پر عمل کرنا چاہے تو اس کی کیا صورت ہوگی؟

المستفتی: ولی اللہ سیتاپور

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: دوراول میں مکہ مکرمہ میں کثیر تعداد میں برائے فروخت جانور نہیں ملتے تھے اور اگر ملتے بھی تھے تو بہت مہنگے؛ اس لئے حاجی اپنے علاقہ سے جاتے وقت ہدی کا جانور ساتھ لے کر جایا کرتے تھے، تاکہ ان کو مہنگا خریدنا نہ پڑے اور جانوروں کے لے جانے میں کوئی رکاوٹ بھی نہیں ہوتی تھی، نیز حاجی جانوروں کی حفاظت اوراس کے کھانے پینے کی تمام چیزوں کا انتظام اچھی طرح کرتے تھے۔ اور آج کے دور میں حاجی کا جانور ساتھ لے کر جانا بہت دشوار امر ہے اوراس کی ضرورت بھی نہیں ہے؛ لیکن اگر کوئی اپنے ساتھ ہدی کا جانور لے جاتا ہے اور قربانی تک اس کی حفاظت اچھی طرح کرلیتا ہے، تو ایسی صورت میں ہدی کا جانور ساتھ لے جانے میں کوئی مضائقہ نہیں ہے۔ اور اگر سائل اس سوال سے صرف یہی پوچھنا چاہتا ہے کہ جانور لے جانے کی کیا شکل ہے، تو جواب

یہ ہے کہ جس کو جانور لے جانے کا شوق ہو وہی جانور لے جانے کی شکل خود تلاش کرلے، نہ ہم کبھی لے کر گئے ہیں اور نہ ہی لے جانے کی کوئی شکل ہمارے سامنے ہے؛ اس لئے ہم نہیں بتا سکتے ہیں اور نہ ہی یہ کوئی امر ضروری ہے۔ فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۸؍ ربیع الثانی ۱۴۲۵ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۸۳۳۲/۳۷)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۲۵/۴/۲۰ھ

کیا سعی سے قبل نفلی طواف کرنا واجب ہے؟

سوال [۵۰۴۰]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: (۱) سعی کو طواف زیارت، حلق، رمی، قربانی کی طرح ایام نحر کے اندر اندر کرنا واجب نہیں ہے؛ بلکہ ایام نحر گذر جانے کے بعد بھی کرنا جائز ہے؛ لہٰذا اگر کسی کو عذر یا تھکاوٹ دور کرنے کے لئے آرام کرنا ہے، تو جتنے دن چاہے تاخیر کرسکتا ہے، آج نہیں تو کل پرسوں یا دس پندرہ دن کے بعد بھی سعی کرنا جائز ہے، مگر شرط یہ ہے کہ طواف وسعی کے درمیان حج کا کوئی دوسرا رکن ادا نہ کیا جائے، اگر کوئی دوسرا رکن ادا کرے گا تو سعی سے قبل ایک طواف کرنا بھی واجب ہوگا، مثلاً طواف قدوم کے بعد سعی کرنا چاہتا ہے؛ لیکن طواف قدوم کے بعد وقوف عرفہ کرلیا اس کے بعد سعی کرنا چاہے تو جائز نہ ہوگا اور اس تاخیر کی وجہ سے کوئی جرمانہ بھی لازم نہ ہوگا۔ (بحوالہ ایضاح المناسک ۱۳۳-۱۳۴، غنیۃ الناسک ۶۸، انوار مناسک ۴۰۴)

مندرجہ بالا مسئلہ میں اگر رکن سے مراد تمام اعمال حج (جسے عرف عام میں کہا جاتا ہے) مراد ہیں، یعنی فرائض وواجبات تو کوئی اشکال نہیں؛ لیکن اگر رکن سے مراد صرف فرض ہی لیا جائے اور آپ کی دی ہوئی مثال بھی اسی طرف رہبری کرتی ہے، تو ذیل کے مسئلہ میں وضاحت فرمائیں:

متمتع بعد ادائیگی عمرہ احرام سے باہر ہوگیا اور ۸؍ ذی الحجہ کو حج کا احرام اپنی قیام گاہ

سے باندھ کر منی روانہ ہوگیا، حج کے ارکان وقوف عرفہ، وقوف مزدلفہ، جمرۃ العقبہ کی رمی، قربانی اور حلق سے فراغت پر احرام سے باہر ہوگیا اور ۱۰/ذی الحجہ کو طواف زیارت بھی کرلیا؛ لیکن سعی نہیں کی، ۱۱/اور ۱۲/ذی الحجہ کو رمی جمرات سے فراغت پر مکہ مکرمہ واپس لوٹا، اب مسئلہ یہ ہے کہ اپنی سہولت سے جب حج کی چھوٹی ہوئی واجب سعی کرنا چاہے تو کیا اس کے لئے ضروری ہے کہ سعی سے قبل ایک نفل طواف بھی کرے یا صرف سعی کرنا کافی ہوگا؟

المستفتی: میر سعادت علی حیدرآبادی حال مقیم نلگنڈہ

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: اشکال میں جو باتیں پیش کی گئی ہیں، ان سے متعلق غنیہ کی عبارت اسی مسئلہ کے ذیل میں حاشیہ ۲/ پر نقل کی جاچکی ہے، یہاں یہ بات بھی واضح ہوجائے کہ طواف زیارت اور رمئ جمرات، حلق، قربانی وغیرہ میں ترتیب لازم نہیں ہے؛ اسی طرح رمئ جمرات، قربانی، حلق اور سعی کے درمیان بھی ترتیب لازم نہیں ہے، یہاں اصل مسئلہ یہ ہے کہ ہر سعی سے پہلے کسی بھی قسم کا ایک طواف لازم ہوتا ہے، جب مفرد بالحج یا قارن نے طواف قدوم کے بعد سعی کرنے کا ارادہ کرلیا ہے، تو طواف قدوم سے جوڑ کر سعی اس وقت درست ہوسکتی ہے کہ جب وقوف عرفہ سے پہلے پہلے سعی کرلی جائے؛ لیکن جب وقوف عرفہ سے پہلے سعی نہیں کی گئی ہے اور وقوف عرفہ ہوچکا ہے، تو اب طواف قدوم سے جوڑ کر سعی درست نہیں ہوگی؛ بلکہ دوسرے طواف کے بعد ہی سعی درست ہوسکتی ہے، اور وقوف عرفہ کے بعد دوسرے طواف کا محل متعین ہے اور وہ طواف زیارت ہی ہے۔ اور وقوف عرفہ کے بعد ایام نحر کے اندر جو بھی طواف کیا جاتا ہے وہ طواف زیارت ہی ہوتا ہے، خواہ نفل طواف کی نیت سے کیا جائے یا مطلق طواف کی نیت سے؛ لہٰذا وقوف عرفہ کے بعد سعی سے پہلے والے طواف کا نمبر طواف زیارت کا ہوگیا ہے، طوافِ قدوم کا ختم ہوگیا ہے۔ اور یہی ہماری مراد ہے، نیز طوافِ زیارت کے بعد سعی میں تاخیر کی وجہ سے سعی سے پہلے نفل طواف کی ضرورت نہیں؛

بلکہ طوافِ زیارت جو کئی دن پہلے کیا جا چکا ہے، وہی کافی ہے۔ اور چونکہ متمتع پر طواف قدوم نہیں ہوتا ہے؛ اس لئے متمتع کے ذریعہ سے یہ اشکال نہ اٹھایا جائے۔ فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۳/ رجب ۱۴۳۰ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۸/ ۹۷۶۴)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۳/ ۷/ ۱۴۳۰ھ

قارن و متمتع کی ہدی کا حلق سے پہلے ذبح ہونا معلوم ہو جائے تو دم واجب ہے یا نہیں؟

سوال [۵۰۴۱]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: حکومت سعودیہ نے قربانی کا نظام بذریعۂ بینک کر دیا ہے، حاجی قربانی کی رقم بینک میں جمع کر دیتا ہے اور بینک حاجی کو حلق کا وقت بتا دیتا ہے کہ فلاں وقت حلق کرا لینا، وقت معینہ پر حاجی کو قربانی کا علم نہیں ہوا کہ قربانی ہوئی یا نہیں؟ قربانی کا علم نہ ہونے کی صورت میں وہ حلق کرائے یا نہیں؟ اور اگر اس نے حلق کرا لیا اور ابھی تک قربانی نہیں ہوئی تھی، تو کیا دم واجب ہے؟ اگر دم واجب ہو تو کیا اس کو مکہ ہی میں ادا کیا جائے یا ہندوستان میں بھی ادا ہو سکتا ہے؟

المستفتی: محمد عمر قدوائی اسسٹنڈ سکریٹری سنی سینٹر بورڈ لکھنو

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: سوال نامہ کے درج شدہ حالات میں اگر حاجی قارن یا متمتع ہے اور حکومت سعودیہ کے بینک میں اپنی قربانی کی رقم وکالۃً جمع کر دی ہے، اور وقت معینہ پر حلق کر لیا ہے، پھر بعد میں معلوم ہو جائے کہ قربانی سے قبل حلق کیا گیا ہے، تو اس طرح بھی قربانی پر حلق کی تقدیم شرعاً جنایت حج میں داخل ہوگی اور حاجی پر دم جنایت ادا کرنا واجب ہوگا، نیز یہ دم جنایت حدود حرم ہی میں ادا کرنا لازم ہوگا، ہندوستان میں ادا کرنے سے ادا نہ ہوگا، جو خود نہیں جا سکتے وہ کسی کو واسطہ بنا کر حرم میں قربانی کروا دیں۔

فائدة التعيين فلو ظن ذبحه ففعل كالحلال، فظهر أنه لم يذبح أو

ذبح في حل لزمه جزاء ما جنى. وفي الشامية: ففعل كالحلال، أي كما يفعل الحلال من حلق وطيب ونحو ذلك. (الدرالمختار مع الشامي، كتاب الحج، باب الاحصار، زكريا ٤/ ٦، كراچی ٢/ ٥٩٢)

ليس المراد به بعث الشاة بعينها؛ لأن ذلك قد يتعذر بل له أن يبعث بقيمتها حتى يشترى بها شاة، فتذبح في الحرم (إلى قوله) **ولهذا قالوا: إنه يواعد من يبعثه بأن يذبحها يوم معين فلو ظن أنه ذبح هديه، ففعل ما يفعله الحلال ثم ظهر أنه لم يذبح كان عليه ما على الذي ارتكب محظورات إحرامه لبقاء إحرامه.** (البحرالرائق، کوئٹه ٣/ ٥٤، زكريا ٣/ ٩٦، هندية، قديم زكريا ١/ ٢٥٥، جديد زكريا ١/ ٣١٩، مبسوط سرخسي دارالكتب العلمية بيروت ٤/ ١١٣، كتاب الفقه على المذاهب الأربعة دارالفكر بيروت ١/ ٧٠١، الدرالمنتقى شرح ملتقى الأبحر قديم ١/ ٣٠٦، جديد دارالكتب العلمية بيروت ١/ ٤٥٢)

إن الواجب عليه الذبح في الحرم، وفي هامشه: ومنه ما يختص بالمكان دون الزمان، وهو دم الجنايات، ودم الإحصار. الخ (شرح نقاية، مكتبه اعزازيه ديوبند ١/ ٢١٤) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲؍ربیع الثانی ۱۴۰۹ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۱۱۹۲/۲۴)

عمرۂ تمتع میں آٹھویں ذی الحجہ کے بعد عورت کا حیض جاری رہا تو کیا کرے گی؟

سوال [۵۰۴۲]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: ایک عورت اپنے شوہر کے ساتھ مکہ موسم حج میں گئی، اس کا حج تمتع کا ارادہ تھا؛ اس لئے میقات پر عمرہ کا احرام باندھ لیا تھا، ابھی مکہ پہنچ کر ارکان عمرہ شروع نہ کئے تھے کہ اس

کو حیض آ گیا اور یہ سلسلہ منی عرفات کو روانہ ہونے تک رہا، سب لوگ ارکان عمرہ ادا کرنے کے بعد حلال ہوکر مکہ میں رہے اور یہ ماہواری کی حالت میں رہی، پھر آٹھویں ذی الحجہ کو سب نے حج کا احرام باندھ کر منی کی طرف روانگی کی تیاری شروع کردی اور ابھی اس کا حیض ختم ہونے میں دو تین روز باقی ہیں، اب یہ عورت کیا کرے گی؟ خوب وضاحت سے لکھیں، اگر یہ رفض عمرہ کرکے حج کا احرام باندھتی ہے تو بعد میں قضاء کے ساتھ ساتھ دم بھی دینا پڑے گا یا نہیں؟

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: اس عورت کے لئے شرعی حکم یہ ہے کہ یہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی طرح عمرہ ترک نہ کرے گی اور آٹھویں ذی الحجہ کو عمرے کا احرام کھول کر حج کا احرام باندھ لے گی اور پھر طواف کے علاوہ باقی تمام ارکان حج ادا کرے گی، چنانچہ وقوف عرفہ ومزدلفہ اور رمیٔ جمرات سب ماہواری کی حالت میں کرسکتی ہے، پھر حیض سے فارغ ہونے کے بعد طواف زیارت کرکے ارکان حج سے فراغت حاصل کرے گی، پھر اس کے بعد اپنے چھوٹے ہوئے عمرے کی قضاء کرے گی اور قضا کے ساتھ ساتھ اس پر ایک دم کفارہ بھی لازم ہوگا۔ (مستفاد: انوار مناسک، ص: ۲۸۷)

وقد استدل بذلک الکوفیون علی أن للمرأة إذا أهلت بالعمرة متمتعة، فحاضت قبل أن تطوف أن تترک العمرة وتهل بالحج مفردة کما صنعت عائشة، وإنما یلزمها دم لرفض العمرة. (فتح الملهم ۳/ ۱۲۴۸)

ولو لم یطف لعمرته أو طاف لها أقله ولو بعذر کحیض مثلا حتی وقف بعرفة ارتفضت عمرته، وإن لم ینو الرفض؛ لأنه تعذر علیه أداء ها؛ لأنه لو أداها بعد الوقوف لصار بانیا أفعال العمرة علی أفعال الحج، وهو عکس المشروع، وبطل قرانه وسقط عنه دمه وعلیه قضاء ها بعد أیام التشریق، ودم لرفضها. (غنیة الناسك جدید کراچی ۲۰۵، رقم: ۱۱۰)

ولم یأخذ أبو حنیفة أیضا بذلک؛ لأنها کانت عنده رافضة لعمرتها،

والرافضة عنده عليها دم للرفض، وعليها عمرة. (عمدة القاري، بيروت ١٠/ ١٢٣، زكريا ديوبند ٧/ ٤٢٢، الفقه الإسلامي وأدلته ٣/ ٢١١) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۴۳۴/۱۲/۳ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۱۱۳۳۵/۴۰)

منیٰ روانگی سے قبل عورت کو حیض آ گیا

سوال [۵۰۴۳]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: ایک عورت تمتع کی نیت سے مکہ پہنچی اور ان دنوں حائضہ ہوئی اور عمرہ ادا نہ کرسکی کہ ایام حج شروع ہوگئے، اب وہ عورت کیا کرے؟ کیا عمرہ کے احرام کے ساتھ حج کا احرام بھی باندھ لے اور احکام حج ادا کرنے کے بعد حلق نہ کرے اور ایام تشریق کے بعد عمرہ کے طواف وسعی کے بعد حلق کرے؟ اس طریقہ سے کرنا درست ہے یا پھر کیسے کرنا چاہئے؟

المستفتی: عبدالرحیم رنگون

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: منیٰ روانگی سے قبل کسی عورت کو ایام حیض کی وجہ سے عمرہ کے طواف کا موقع نہیں ملا اور اسی حالت میں احرام حج باندھنے کا موقع آ گیا، تو عمرہ کا احرام توڑ کر حج کا احرام باندھ لے حج کے بعد اس عمرہ کی قضاء کرلے۔

عن عائشة -رضى الله عنها- قالت: خرجنا مع النبي صلى الله عليه وسلم ولا نرى إلا الحج، فقدم النبي صلى الله عليه وسلم، فطاف بالبيت، وبين الصفا والمروة ولم يحل وكان معه الهدي، فطاف من كان معه من نسائه وأصحابه، وحل منهم من لم يكن معه الهدي، فحاضت هي فنسكنا مناسكنا من حجنا، فلما كان ليلة الحصبة ليلة النفر قالت: يا رسول الله!

كل أصحابك يرجع بحج وعمرة غيري، قال: ما كنت تطوفين بالبيت ليالي قدمنا، قلت: بلى، قال: فاخرجي مع أخيك إلى التنعيم، فأهلي بعمرة وموعدك مكان كذا وكذا، فخرجت مع عبدالرحمن إلى التنعيم، فأهللت بعمرة. (بخاري شريف، كتاب المناسك، باب إذا حاضت المرأة بعد ما أفاضت ١/ ٢٣٧، رقم: ١٧٢٧، ف: ١٧٦٢، عمدة القاري، كتاب الحج، باب كيف تحل الحائض والنفساء، زكريا ٧/ ٨٧، داراحياء التراث العربي بيروت ٩/ ١٨٣، أبو داؤد، كتاب المناسك، باب إفراد الحج، النسخة الهندية ١/ ٢٤٨، دارالسلام رقم: ١٧٨١، بذل المجهود قديم سهارنپور ٣/ ٩٨، جديد دارالبشائر الإسلاميه بيروت ٧/ ١٠٤، مرقاة، كتاب المناسك، باب دخول مكة والطواف، ملتاني ٥/ ٣١٧) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲؍شعبان ۱۴۱۹ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۴/ ۵۸۷۵)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۱۹/۸/۲ھ

متمتعہ کے حیض کی وجہ سے عمرہ چھوڑنے کا حکم

احرام عمرہ کے بعد یوم الترویہ تک عورت پاک نہ ہوتو اس کا حکم

سوال [۵۰۴۴]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: تمتع کی نیت سے احرام باندھنے والی عورت جب عمرہ کے احرام کی نیت سے مکۃ المکرّمہ میں ایام حج سے قریب داخل ہو اور اس وقت وہ حیض کی حالت میں آ گئی ہو یہاں تک کہ یوم الترویہ تک پاکی حاصل نہ ہو تو ظاہر ہے کہ وہ عمرہ نہ کرسکے گی، اس کو چاہئے کہ اپنے سر کے بال کھول لے، کنگھی کرلے اور عمرہ چھوڑ کر حج کا احرام باندھ لے، پاک نہ ہونے کی صورت میں سوائے طواف زیارت کے حج کے تمام مناسک ادا کرلے، پاکی کے بعد طواف کرلے مناسک حج ادا ہوجانے کے بعد اپنے عمرہ کی قضا کرلے، اس عذر کی وجہ

سے اس پر کوئی دم وغیرہ واجب نہیں ہوگا۔ ام المومنین حضرت سیدتنا عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا حجۃ الوداع کے موقع پر حضرت نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ چلیں اور حج سے پہلے ایسے ہی عذر کی بنا پر عمرہ نہ کرسکیں تو حضرت نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ”**دعي عمرتک**“ کسی روایت میں ”**وارفضي عمرتک**“ اور کسی روایت میں ”**واترکي عمرتک**“ کے الفاظ ملتے ہیں، جس کے معنی یہ ہیں: اپنا عمرہ چھوڑ دو، سر کے بال کھول کر کنگھی کرلو اور حج کا احرام باندھ لو، چنانچہ آپؓ نے اسی طرح عمل فرمایا اور حج کے مناسک ادا کرلئے، جب حج سے واپس لوٹیں تو عرض کیا یا رسول اللہ! اور لوگ تو عمرہ اور حج کے ساتھ لوٹ رہے ہیں اور میں صرف حج کے ساتھ لوٹ رہی ہوں، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اپنے بھائی عبدالرحمٰن بن ابوبکر (رضی اللہ عنہما) کے ساتھ تنعیم جاؤ اور وہاں سے عمرہ کا احرام باندھ لو۔ ہشام کہتے ہیں: اس کی وجہ سے انہوں نے نہ قربانی کی، نہ روزہ رکھا، نہ ہی صدقہ دیا۔ (کتاب انوار حج وزیارت ۱۷، بحوالہ ملخص بخاری، کتاب المناسک، کتاب الحیض)

بحمد اللہ آپ نے اپنی کتاب (”انوار مناسک“ ص: ۳۰۲، ۳۰۳/اور ص: ۲۸۶، ۲۸۷/ میں بحوالہ عمدۃ القاری قدیم بیروت ۱/ ۱۲۳، جدید مطبوعہ زکریا دیوبند ۷/ ۴۲۲، فتح الملہم ۳/ ۲۴۸، غنیۃ الناسک قدیم: ۱۱۰، نسخہ جدید ۲۰۵) پورے وثوق کے ساتھ تحریر فرمایا ہے کہ عمرہ کو قضاء کرنے کی صورت میں حضرت امام ابوحنیفہؒ کے مسلک کے مطابق دم کفارہ اور عمرہ کی قضاء لازم ہوگی۔ چونکہ مذکورہ بالا تحریر ایک ذمہ دار مفتی صاحب کی طرف سے ہے، ہونا تو چاہئے تھا کہ بجائے بخاری کتاب المناسک، کتاب الحیض کہ باب اور حدیث کے نمبرات لکھتے؛ لیکن ایسا نہیں کیا، خیر میں اس مسئلہ کو آپ سے رجوع کر رہا ہوں، اس کی صحیح تشریح فرمائیں۔

المستفتی: میر سعادت علی حیدرآبادی، حال مقیم ملگنڈہ

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: جناب مفتی صادق محی الدین صاحب نے جو مسئلہ لکھا ہے وہ امام ابوحنیفہ کا مسلک نہیں ہے، دوسرے ائمہ کا مسلک ہے۔ اور وہ ایسے ہی دلیل

پیش کرتے ہیں جیسے کہ مفتی صاحب موصوف نے لکھا ہے۔ اور امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک عمرہ نہ کر سکنے کی وجہ سے عمرہ کی قضا لازم ہے۔ اور کنگھا وغیرہ کر کے عمرہ کا احرام ترک کر دینے کی وجہ سے دم واجب ہے۔ اور اس بات پر تقریباً اکثر علماء کا اتفاق ہے کہ رفض احرام موجب دم ہے۔ اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے یوم الترویہ میں رفض احرام کے بعد عمرہ فرمایا ہے؛ اس لئے دم بھی واجب ہوا۔ اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے واقعہ میں موجب دم کا تذکرہ نہ ہونا اس بات کو مستلزم نہیں ہے کہ نفس الامر میں دم واجب نہ ہوا؛ اس لئے کہ عدم ذکر عدم وجوب کو مستلزم نہیں ہے۔ اور ''انوار مناسک'' میں جہاں یہ مسئلہ لکھا گیا ہے، وہاں پر حاشیہ میں عربی عبارت کے ساتھ دلیل پیش کی جا چکی ہے، نیز مفتی صاحب موصوف نے ہشام کے حوالہ سے جو باتیں لکھی ہیں وہ موصوف نے بخاری شریف کی اس عبارت سے لی ہیں:

قال هشام: لم يكن في شيء من ذلك هدي، ولا صوم، ولا صدقة.

(بخاري شريف، كتاب الحيض، باب نقض امرأة شعرها ١/ ٤٦، تحت حديث برقم: ٣١٥، ف: ٣١٧)

ہشام کی عبارت کا ترجمہ یہ ہے کہ: ہشام کے والد حضرت عروہ بن زبیرؓ نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے جو روایت نقل فرمائی ہے اس میں قربانی، روزہ اور صدقہ میں سے کسی چیز کا ذکر نہیں ہے۔ یہ عبارت ہشام ابن عروہ نے اپنی طرف سے بڑھائی ہے۔ اور بخاری کے حاشیہ پر اس بات کو واضح کیا گیا ہے کہ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ کی ایک روایت اس بارے میں ثابت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی طرف سے ایک گائے ذبح فرمائی ہے، جس کی اطلاع ہشام ابن عروہ کو نہیں پہنچی۔

روي عن جابر رضي الله عنه أنه صلى الله عليه وسلم أهدى عن عائشة –رضي الله عنها– بقرة، ولعله لم يبلغ هشاما ذلك. (حاشية: ١، بخاري ١/ ٤٦) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

الجواب صحیح:	کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ	۱۸/۴/۱۴۱۹ھ
۱۸/۴/۱۴۱۹ھ	(الف فتویٰ نمبر: ۳۸/۶۳ے۹۷)

طوافِ زیارت کئے بغیر سعی کرنے کا حکم

سوال [۵۰۴۵]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: ایک صاحب گذشتہ سال سکندر آباد سے حج کے لئے تشریف لے گئے، انہوں نے حج تمتع کی نیت کی اور مکہ مکرمہ پہنچنے کے بعد عمرہ سے فارغ ہوئے، پھر ۷/ذی الحجہ کو حج کا احرام باندھا اور ایک طواف کیا، سعی نہیں کی اور منی کے لئے روانہ ہوگئے، حج کے ارکان ادا کرنے کے بعد حلق اور احرام سے باہر آگئے؛ لیکن طوافِ زیارت نہیں کیا؛ بلکہ بغیر طوافِ زیارت کئے سعی کرلی (اور اپنی عقل ودانست میں یہ دلیل قائم کرلی کہ منی جانے سے قبل طواف کر چکا ہوں، اب مزید طواف کی کیا ضرورت ہے) جس کی وجہ سے حسب ذیل اغلاط کے مرتکب ہوئے۔

(۱) منی جانے سے قبل جو طواف کیا وہ نفلی طواف بن گیا۔ اور حج کے ارکان درمیان میں آجانے سے سعی کے لئے وہ کفایت نہیں کرتا۔ (ایضاح المناسک ۱۳۳-۱۳۴، انوار مناسک/۴۰۴)

(۲) طواف زیارت نہیں کیا جس سے حج ہی مکمل نہیں ہوا، جس کی وجہ سے ازدواجی تعلقات بھی جائز نہیں۔

(۳) سعی سے پہلے طواف نہ ہونے کی وجہ سے سعی کرنا بے فیض ہوگیا اور ترک واجب سے دم لازم ہوگیا، مندرجہ بالا اغلاط کی وجہ سے یہ چیزیں ان پر لازم ہوگئیں:

الف: طواف زیارت کرنا ہوگا، جب تک طواف زیارت نہ کریں ازدواجی تعلقات سے اجتناب ضروری ہے۔

ب: طواف زیارت ایام نحر میں نہ کرنے کی وجہ سے ایک دم لازم آئے گا۔

ج: سعی کے چھوٹنے کی وجہ سے بھی دم لازم ہوگا۔

چونکہ ان صاحب سے میری ابھی ملاقات نہیں ہوئی؛ اس لئے اپنی معلومات کے لئے آپ سے دریافت کرنا چاہتا ہوں، تاکہ ممکنہ حد تک صاحب موصوف کو بڑی نافرمانی

سے بچایا جائے۔ اگر بالفرض ان صاحب نے طواف وداع کیا ہوتو کیا ان کے طواف وداع کوطواف زیارت شمار کرلیا جا سکتا ہے یا نہیں؟ اگر طواف وداع کو طواف زیارت شمار کرلیا جائے تو اس کی نوعیت یہ ہوگی:

(۱) طواف زیارت ایام نحر میں نہ کرنے کی وجہ سے ایک دم لازم ہوگا۔

(۲) سعی کے چھوٹنے پر (چونکہ وہ سعی باطل ہوچکی ہے) ایک دم دینا ہوگا۔

(۳) ترک طواف وداع کی وجہ سے بھی ایک دم واجب ہوگا۔ اس طرح ان پر تین دم دینے سے حج کی تکمیل ہوسکتی ہے اور ازدواجی تعلقات بھی صحیح ہوسکتے ہیں۔

دوسری صورت: اگر ان صاحب نے حج کے بعد دو یا دو سے زائد نفلی طواف کر لئے ہیں تو (۱) ایک طواف کوطوافِ زیارت شمار کیا جائے گا۔

(۲) دوسرے طواف کوطوافِ وداع سے تعبیر کیا جائے گا۔

پھر بھی اس صورت میں طوافِ زیارت وقت پر نہ کرنے کی وجہ سے ایک دم دینا ہوگا، سعی جو باطل ہوگئی ہے، اس کی وجہ سے بھی ایک دم واجب ہوگا، گویا اس طرح دو دم دینے کا انتظام کردیں، تو حج مکمل ہوجائے گا۔

المستفتی: میر سعادت علی حیدرآبادی، حال مقیم نلگنڈہ

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: (۱) یہ بات اپنی جگہ درست ہے کہ طواف اور سعی کے درمیان حج کے کسی رکن کا تخلل ہوجائے تو سعی معتبر نہیں ہوتی ہے، جیسا کہ سوال نامہ میں واضح کیا گیا ہے کہ حج کا احرام باندھنے کے بعد ایک طواف کیا سعی نہیں کی۔

لكن يشترط أن لا يتخلل بينهما ركن، فلو طاف للقدوم ولم يسعى، ثم وقف بعرفة، ثم أراد أن يسعى بعد طواف القدوم لم يجز ذلك. (غنية قديم: ٦٨ جديد كراچی ١٢٨)

اب وقوف عرفہ کے بعد جب بھی سعی کرے گا تو اس سے پہلے طواف کا ہونا لازم ہے۔

فصل في شرائط صحة السعي -إلى قوله- والثاني: أن يكون السعي بعد طواف، أي كامل ولو نفلا. (مناسك ملا علي قاري كراچی، ص: ۱۷٤)

اورسوال نامہ میں درج ہے کہ طوافِ زیارت بھی نہیں کیا ہے اور وقوفِ عرفہ کے بعد سعی کی ہے، تو ایسی صورت میں اس سعی کا کوئی اعتبار نہیں ہے؛ لہٰذا ترک سعی کی وجہ سے اس حاجی پر دم لازم ہو جائے گا۔

ومن ترک السعي بين الصفا والمروة فعليه دم. (هندية، قديم زكريا ۱/ ۲٤۷، جديد زكريا ۱/ ۳۱۱)

الواجب دم على محرم بالغ -إلى قوله- أو ترک السعي. (درمختار كراچی ۲/ ۵٤۳، ۵۵۳، زكريا ۳/ ۵۷۲، ۵۸۵)

اور یہ بات بھی درست ہے کہ طوافِ زیارت کے بغیر بیوی سے ازدواجی تعلق قائم کرنا جائز نہیں ہے۔

ثم قصر وحل له كل شيء إلا النساء، ثم طاف للزيارة يوما من أيام النحر -إلى قوله- وحل له النساء. (درمختار كراچی ۲/ ۵۱٦-۵۱۸، زكريا ۳/ ۵۳٤-۵۳۸)

ولو ترک الطواف كله أو طاف أقله، وترک أكثره، أي رجع إلى أهله، فعليه حتما أن يعود بذلک وليطفه، أي لأنه محرم في حق النساء. (مناسك ملا علي قاري كراچی ۳٤۵)

ہاں اگر اس شخص نے گھر واپسی سے پہلے کوئی بھی طواف کیا ہے، تو وہ طواف، طوافِ زیارت بن جائے گا؛ لیکن طوافِ زیارت ایامِ نحر میں نہ کرنے کی وجہ سے ایک دم لازم ہوگا۔

فالحاصل أن كل من عليه طواف فرض، أو واجب، أو سنة إذا

طاف أي مطلقا، أو مقيدا وقع عما يستحقه الوقت، أي من الترتيب المعتبر الشرعي دون غيره، فيقع الأول عن الأول، وإن نوى الثاني أو غيره، أي من الثالث ونحوه، والثاني عن الثاني، وإن نوى غيره فلا تعمل النية في التقديم والتأخير إلا كان الثاني أقوى من الأول باعتبار المرتبة كالفرض بالإضافة إلى الواجب، والواجب بالنسبة إلى السنة، فيبدأ بالأقوى، أي فيعتبر ابتداء بالأقوى، وإن كان فعله على خلاف الأولى.

(مناسك ملا علي قاري كراچى ١٤٦)

لیکن مذکورہ صورت میں طواف زیارت ایام نحر میں نہ کرنے کی وجہ سے ایک دم لازم ہوگا۔

ولو أخر طواف الزيارة كله أو أكثره عن أيام النحر، فعليه دم. (غنية قديم ص: ١٤٦، جديد كراچى ص: ٢٧٣)

وطواف الزيارة أول وقته بعد طلوع الفجر يوم النحر –إلى قوله– فإن أخره عنها، أي أيام النحر ولياليها كره تحريما، ووجب دم لترك الوجب. (شامي كراچى ٢/ ٥١٨-٥١٩، زكريا ٣/ ٥٣٨)

وإن طاف للصدر حقيقة أو حكما بعد أيام النحر، فعليه دمان، دم لترك الصدر أي لتحوله إلى الزيارة، ودم لتأخير الزيارة. (مناسك ملا علي قاري كراچى، ص: ٣٤٨)

اور اگر اس نے وطن واپس ہونے سے پہلے پہلے کسی بھی طرح کے دو طواف کئے ہیں، تو پہلا اوالاطواف، طواف زیارت بن جائے گا۔ اور دوسرا اوالاطواف، طواف وداع بن جائے گا۔

وإن طاف للزيارة ثانيا، أي في أيام النحر فلا شيء عليه لانتقال الزيارة إلى الصدر لاستحقاقه حينئذ –إلى قوله– وإن طاف للصدر ثانيا سقط عنه دمه كذا لو طاف للنفل، فإنه ينتقل إليه ويسقط عنه دمه، فإن

حصل الصدر في أيام النحر انتقل إلى الزيارة، ثم إن طاف للصدر ثانيا، فلا شيء عليه، وكذا لو طاف طواف النفل، وإلا أي إن لم يطف ثانيا فعليه دم لتركه. (مناسك ملا علي قاري كراچی ۳٤۸)

ایسی صورت میں مذکورہ حاجی پر صرف دو دم لازم ہوں گے، ایک دم ترک سعی کا اور دوسرا دم طواف زیارت کو ایام نحر سے موخر کرنے کا۔

ومن ترك السعي بين الصفا والمروة فعليه دم. (هندية، قديم زكريا ۱/ ۲٤۷، جديد زكريا ۱/ ۳۱۱)

ولو أخر طواف الزيارة كله أو أكثره عن أيام النحر، فعليه دم. (مناسك ملا علي قاري كراچی ۳٤۸) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۱؍ ربیع الثانی ۱۴۳۱ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۹/ ۱۰۰۲۷)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۱/ ۴/ ۱۴۳۱ھ

۶/ باب ما یتعلق بالطواف

مسجد حرام کی چھت پر طواف کرنا

سوال [۵۰۴۶]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: مجھے سعودیہ میں کام کرتے ہوئے ایک عرصہ ہو گیا، اللہ کے فضل سے میں تین حج کر چکا ہوں اور تیسرا حج اس سال یعنی ۱۴۱۶ھ میں کیا ہے، اس سال حج کے دوران منی کے مقام پر ایک صاحب سے ملاقات ہوئی، جن کے ساتھ ان کی ضعیف والدہ محترمہ اور اہلیہ محترمہ تھیں، ہم لوگ ساتھ ساتھ ہی عرفہ گئے، چنانچہ طوافِ زیارت کے لئے ہمارے ساتھی کا اصرار رہا کہ میں بھی ان کے ساتھ چلوں اور ہم تمام ایک جگہ ہو کر ہی طوافِ زیارت کرنے کے بعد واپس بھی منٰی سے ایک ساتھ ہی لوٹیں گے، جب کعبۃ اللہ کے صحن میں پہنچے تو کافی ہجوم تھا اور طواف کرنے میں کافی دشواری نظر آرہی تھی؛ اس لئے ہم تمام کا متفقہ فیصلہ یہ ہوا کہ مسجدِ حرام کی چھت پر طواف زیارت کر لیتے ہیں؛ اس لئے میں بھی ان کے ساتھ ہو گیا اور بفضلہٖ تعالیٰ ہمارا طواف زیارت ہو گیا اور اس طرح کا عمل یہاں کے سعودی اور غیر سعودی حضرات بھی کرتے ہیں۔ اور یہاں کی سعودی حکومت نے بھی ایسا انتظام کر رکھا ہے، تاکہ لوگوں کو سہولت پہنچے، تاہم اس سلسلے میں میری آپ سے ادباً گزارش ہے کہ برائے مہربانی تفصیل سے جواب مرحمت فرمائیں کہ یہ میرا طوافِ زیارت ہوا کہ نہیں؟ اور خدانخواستہ اگر کوئی عذر ہوتا ہے تو برائے مہربانی میری رہنمائی فرمائیں۔

المستفتی: زین العابدین، تجلیۃ الشقیق سعودیہ عربیہ

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: طواف کا بیت اللہ شریف کے ارد گرد مطاف یا مسجد حرام کے اندر اندر ہی ہونا ضروری ہے، خواہ مسجد حرام کی چھت پر ہو یا نیچے ہو؛ البتہ

کعبۃ اللہ کے قریب مطاف میں طواف کرنا افضل اور بہتر ہے؛ لہٰذا مذکورہ بالا سوال کے مطابق آپ کا مسجد حرام کی چھت پر کیا ہوا طواف بالکل صحیح اور درست ہے۔ (زبدۃ المناسک/ ۱۱۹، ایضاح المناسک/ ۹۸، معلم الحجاج/ ۱۲۴) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۳/ رجب المرجب ۱۴۱۷ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۲/ ۴۹۴۸)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۳/ ۷/ ۱۴۱۷ھ

کیا طواف پے در پے کرنا لازم ہے؟

سوال [۵۰۴۷]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: (۱) ایک شخص نے طواف زیارت گیارہ ذی الحجہ کو بعد عصر شروع کیا، اس روز اس کا وضو کم رک رہا تھا، وضو کر کے تین چکر طواف زیارت کر کے چوتھا چکر کا پاؤ حصہ باقی رہا اس کو محسوس ہوا ریاح خارج ہوگئی؛ اس لئے وضو بنانے حرم سے باہر بنے ہوئے طہارت خانوں کے پاس گیا، وہاں سے باہر نکل کر ناشتہ کیا، تقریباً آدھا گھنٹہ کے بعد کعبہ شریف کے پاس سے جہاں بابِ فہد ہے، طواف شروع کر کے چوتھا چکر پورا کیا، یعنی مغرب کے بعد پھر بعد میں طواف کے پانچ چکر کئے یعنی مزید دو چکر اس لئے کر لئے کہ خدشہ تھا کہ چوتھے چکر میں چند قدم اگر بغیر وضو کے ہوئے ہوں، تو ان کی تکمیل ہو جائے، تو مزید دو چکر کئے کل ۹/ چکر ہوگئے، ۱۴/ تاریخ کو بیوی کا پرہیز ٹوٹ گیا، تو اس صورت میں طواف زیارت ہو گیا یا نہیں؟ ۱۵/ ذی الحجہ کو مع سعی کیا؟

(۲) بعض لوگوں نے رمی زوال کے پہلے کر لی ۱۱/ ۱۲/ ذی الحجہ کو۔

(۳) بعض نے تندرست عورت کی طرف سے زوال کے بعد کی۔

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: (۱) طواف کے چکروں کو پے در پے کرنا سنت

ہے، چکروں کے درمیان فصل سے طواف فاسد نہیں ہوتا؛ البتہ بلا ضرورت فصل کرنا مکروہ ہے؛ لہٰذا وضو ٹوٹ جانے کے بعد وضو کر کے جہاں سے طواف چھوڑا تھا وہاں سے بقیہ طواف کر لینے سے طواف ہوجاتا ہے۔ مذکورہ صورت میں جب آپ نے بقیہ طواف کو وضو کر کے پورا کرلیا، تو آپ کا طواف صحیح ہوگیا؛ لیکن طواف پورا کرنے سے پہلے چائے ناشتہ کے لئے ہوٹل میں بیٹھنا غیر مناسب عمل تھا، جس کی وجہ سے آپ کے طواف میں کراہت آگئی، مگر طواف صحیح ہوگیا، جب طواف صحیح ہوگیا تو اس کے بعد عورت بھی حلال ہوگئی؛ لہٰذا عورت کا پرہیز توڑ دینا بھی درست ہوا، پھر دوبارہ ۱۵/ذی الحجہ کو از سر نوشک کی بنیاد پر طواف وسعی کرنے کی ضرورت نہیں۔

والموالاة في الطواف ليست بشرط حتى لو خرج الطائف من طوافه لصلاة جنازة، أو مكتوبة، أو لتجديد وضوء، ثم عاد بنى على طوافه، ولا يلزمه الاستئناف؛ لقوله تعالىٰ: ﴿وليطوفوا بالبيت العتيق﴾ مطلق عن شرط الموالاة. (بدائع الصنائع، كراچی ۲/ ۱۳۰، زكريا ديوبند ۲/ ۳۱۰-۳۱۱)

وكذلک عند الحنفية الموالاة سنة ليست بشرط. (أوجز المسالك ۳/ ۵۰۳)

لو خرج منه أو من السعي إلى جنازة، أو مكتوبة، أو تجديد وضوء، ثم عاد بنى، قال الشامي: على ما كان طافه، ثم قال: وإذا عاد للبناء هل يبني من محل انصرافه، أو يتبدئ الشوط من الحجر، والظاهر الأول قياسا على من سبقه الحدث في الصلاة، ثم قال: إذ خرج بغير حاجة كره، ولا يبطل، فقد قال في اللباب: ولا مفسد للطواف وعد من مكروهاته تفريقه، أي الفصل بين أشواطه تفريقا كثيرا.

(شامي، زكريا ۳/ ۵۰۹، كراچی ۲/ ۴۹۷)

قوله: أفاض أي طاف طواف الإفاضة حل له النساء، أي بعد فعل الركن منه، وهو أربعة أشواط. (طحطاوي على الدر كوئٹه ۱/ ۵۰۸)

(۲) جس شخص نے گیارہ بارہ ذی الحجہ کو زوال سے قبل رمی کی تو راجح قول کے موافق

اس کی رمی صحیح نہیں ہوئی، اس کا اعادہ لازم ہوگا؛ کیوں کہ ۱۱/۱۲/ کی رمی کا وقت زوال کے بعد سے شروع ہوتا ہے، وقت سے مقدم کرنے کی وجہ سے اس کی ادائیگی درست نہیں ہوگی، اب چونکہ وقت نکل گیا؛ اس لئے ایک دم واجب ہوگا۔

وأما وقت الرمي في اليوم الثاني والثالث، وهو ما بعد الزوال إلى طلوع الشمس من الغد حتى لا يجوز الرمي فيهما قبل الزوال. (فتاوى هندية قديم زكريا ديوبند ١/ ٢٣٣، جديد زكريا ١/ ٢٩٧)

وإن لم يقض حتى غربت الشمس منه فات وقت القضاء والأداء، وعليه دم واحد. (غنية الناسك، باب رمي الجمار قبيل فصل في صفة الرمي الجمار في الثاني، كراچی جديد ١٨٢، قديم: ٩٧)

(۳) تندرست عورت جو جمرات تک پہنچ کر رمی کرسکتی ہے، اس کی طرف سے رمی کرنا درست نہیں ہے، عورت کو اگر ازدحام کی وجہ سے دشواری ہو تو رات میں رمی کرے، اب چونکہ وقت نکل گیا اس لئے اس پر ایک دم واجب ہے۔

والرجل والمرأة في الرمي سواء إلا أن رميها في الليل أفضل فلا تجوز النيابة بغير عذر. (غنية الناسك، فصل في شرائط الرمي، كراچی جديد: ١٨٨، قديم: ١٠٠) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۰/ صفر ۱۴۲۴ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۶/ ۷۹۳۶)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۲۴/۲/۲۱ھ

کیا طواف میں ستر عورت واجب ہے؟

سوال [۵۰۴۸]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: طواف کے واجبات میں ستر چھپانا بھی ہے، جن اعضاء کو نماز میں چھپانا واجب ہے ان کو طواف میں چھپانا بھی واجب ہے، مرد کا ستر ناف سے لے کر گھٹنوں تک

ہے۔ اورعورت کا چہرہ اور ہتھیلی اور قدمین کو چھوڑ کر باقی پورا بدن ستر میں شامل ہے؛ لہٰذا اگر چوتھائی عضو کھلا رہے گا، تو طواف کا اعادہ واجب ہوگا۔ اور اگر اعادہ نہیں کرے گا تو دم دینا لازم ہوجائے گا۔ (زبدۃ المناسک جدید: ۳۷۴)

یہ بھی یاد رکھنا چاہیے کہ حج کا طواف مکمل یا چار اشواط میں چوتھائی عضو یا اس سے زائد کھلا رہنے کی حالت میں کیا ہے؟ تو طواف کے اعادہ یا دم میں سے کوئی ایک عمل لازم اور واجب ہوجاتا ہے۔ اور طواف عمرہ میں سے ایک شوط میں بھی دم لازم ہوجاتا ہے۔ اور بہت سے مردوں کو دیکھنے میں آتا ہے کہ احرام کی جو چادر لنگی کی جگہ پہنتے ہیں، اسے ناف کے نیچے پہنتے ہیں یا اس طرح پہنتے ہیں کہ چلتے ہوئے ران تک کھل جاتی ہے۔ اور بہت سی عورتوں کے سر کا کچھ حصہ کھل جاتا ہے، یہ سب جائز نہیں ہے، اگر چوتھائی حصہ یا اس سے زائد کھل جائے گا، تو طواف زیارت اور طواف وداع اور طواف عمرہ اور طواف نذر میں دم دینا لازم ہوجائے گا یا طواف کا اعادہ لازم ہوجائے گا۔ اور اگر طواف قدوم یا طواف نفل اور طواف تحیہ ہے، تو ایک صدقہ دینا لازم ہوجائے گا۔ (بحوالہ غنیہ جدید: ۲۷۳، انوار مناسک/ ۳۶۶)

(۲) مرد کی لنگی کا ناف سے گھٹنہ تک ہونا ضروری ہے، اگر لنگی ناف سے نیچے ہوا اور احرام کی چادر سے وہ حصہ ڈھکا ہوا نہ ہو تو طواف صحیح نہیں ہوگا، اگر طواف صحیح نہ ہوا تو حج وعمرہ بھی صحیح نہیں ہوگا۔ (بحوالہ مناسک حج شافعی/ ۱۶۱، وشافعی فقہ ۱/ ۶۸)

(۱) لیکن منھ اور دونوں ہتھیلی اور دونوں پیر کے سوا سر سے پیر تک سارا بدن خوب ڈھانک لے یہ صرف عورتوں کا حکم ہے، اور مردوں کو فقط ناف کے نیچے سے لے کر گھٹنے تک ڈھانکنا فرض ہے، اس کے سوا اور بدن کھلا ہو تو نماز ہوجائے گی؛ لیکن بلا ضرورت ایسا کرنا مکروہ ہے۔ (بحوالہ بہشتی زیور ۲/ ۷۷)

(۲) امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک ناف کے نیچے سے گھٹنے کے آخری حصہ تک کا حصہ ستر ہے، جس کا لوگوں کے سامنے کھولنا جائز نہیں اور جس کا نماز میں بھی چھپانا واجب ہوگا، ناف ستر میں داخل نہیں ہے، گھٹنہ داخل ہے۔

العورة للرجل من تحت السرة حتى تجاوز ركبتيه، فسرته ليست بعورة عند علمائنا الثلاثة فركبته عورة عند علماء نا جمعيا، هكذا في المحيط. (هندية ۱/ ۵۸، جديد زكريا ۱/ ۱۱٤، **ماخوذ اخبار منصف جمعه ایڈیشن ۲/ مئی ۲۰۰۸ء مولانا خالد سیف اللہ رحمانی صاحب**)

مذکورہ بالا دوشقوں سے یہ بات معلوم ہوتی ہے کہ ناف مرد کی ستر میں داخل ہے اور نیچے کی عبارتوں سے ناف کا خارج ستر ہونا معلوم ہوتا ہے؛ لہٰذا صحیح حکم سے مطلع فرمائیں۔

المستفتی: میر سعادت علی حیدر آبادی، حال مقیم نلگنڈہ

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وبالله التوفيق: یہاں مسئلہ غایت اور مغیا کا ہے کہ غایت مغیا میں داخل ہے یا نہیں؟ جمہور فقہاء کا مسلک یہی ہے کہ ناف کی طرف سے غایت مغیا میں داخل نہیں اور گھٹنوں کی طرف سے غایت مغیا میں داخل ہے، یعنی نفس ناف ستر میں شامل نہیں ہے اور اس کو چھوڑ کر نیچے کا حصہ پورا کا پورا ستر میں داخل ہے، اور گھٹنوں کی طرف سے گھٹنے ستر میں شامل ہیں، یہی جمہور کا قول ہے؛ اس لئے اکثر فقہاء نے ''الی ماتحت رکبتیہ'' کے الفاظ استعمال فرمائے ہیں۔ اور ''ہندیہ'' میں ''حتی تجاوز رکبتہ'' کے الفاظ ہیں۔ اور مذکورہ کتابوں میں کھل کر اس بات کا دعویٰ نہیں کیا گیا ہے کہ نفس ناف بھی ستر میں داخل ہے؛ بلکہ ناف سے لے کر گھٹنوں تک ستر بتلایا گیا ہے۔ اور یہ نہیں کہا گیا ہے کہ ناف کے اوپر سے لے کر گھٹنوں تک ستر ہے؛ اس لئے مذکورہ کتابوں کی عبارات سے شبہ کرنے کی ضرورت نہیں۔

والرابع: ستر عورته، وهي للرجل ما تحت سرته إلى ما تحت ركبته، وفي الشامي: فالسرة ليست من العورة ...... فالركبة من العورة لرواية الدار قطني ما تحت السرة إلى الركبة من العورة لكنه محتمل، والاحتياط في دخول الركبة. (شامي، كتاب الصلاة، باب شروط الصلاة، كراچی ۱/ ٤۰٤، زكريا ۲/ ٦)

وهي من تحت سرته إلى تحت ركبته، أي ما بينهما فالسرة ليست بعورة، والركبة عورة، فالغاية هنا لم تدخل تحت المغيا لما رواه الحاكم من غير تعقب ما بين السرة والركبة عورة. (البحرالرائق کوئٹہ ۱/ ۲٦۹، زکریا ۱/ ٤٦٨) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۲ رجمادی الاولیٰ ۱۴۲۹ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۸/ ۹٦۱۸)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۲۹/۵/۲۲ھ

دورانِ طواف کعبۃ اللہ کی طرف سینہ یا پیٹھ کرنا

سوال [۵۰۴۹]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: آنجناب کی کتاب ''ایضاح المناسک'' میں ص: ۱۱۷/ پر ہے کہ دوران طواف کعبۃ اللہ کی طرف سینہ یا پیٹھ کرنے سے طواف فاسد ہوجاتا ہے، اس طواف کا اعادہ واجب ہے جس طرح نماز کے اندر کعبۃ اللہ سے سینہ پھر جانے سے نماز فاسد ہوجاتی ہے، اسی طرح دوران طواف اپنی ہیئت سے سینہ یا پشت پھر جانے سے طواف فاسد ہوجاتا ہے اور اعادۂ طواف لازم ہوجاتا ہے۔ اور اگر بلا اعادہ وطن واپس ہوجائے گا تو ایک دم واجب ہوجائے گا؛ حالانکہ شامی میں ہے:

فقط قال في اللباب: ولا مفسد للطواف. (۲/ ۱۸۳)

اور ''غنیۃ الناسک'' ص: ٦۰/ پر ہے:

أو لم يجعل البيت عن يساره ولا عن يمينه، بل استقبله بصدره، أو استدبره بظهره، فطاف معترضا أو طاف كيف ما كان صح طوافه، واعتد به في ثبوت التحلل عندنا، ولكنه ترك الواجب، فعليه موجبه.

شامی کی عبارت سے معلوم ہوا کہ طواف کے لئے کوئی چیز مفسد نہیں ہے، خواہ دوران

طواف استقبال کعبہ ہی کیوں نہ ہو۔ اور غنیۃ سے معلوم ہوتا ہے کہ طواف تو ہو جائے گا مگر ترک واجب کی وجہ سے دم لازم ہوگا۔ اور شامی کی جو عبارت آنجناب نے پیش کی ہے اس کا صحیح مطلب غنیۃ کی عبارت کو دیکھتے ہوئے یہ معلوم ہوتا ہے کہ اعادۂ طواف یا وجوب دم کا حکم جب ہے، جب کہ ساتوں شوط استقبال یا استدبار کی حالت میں پائے جائیں۔ اور اگر ایک یا دو شوط میں تھوڑی دیر کے لئے استقبال کعبہ ہو جائے، تو اس کی تلافی کی دو صورت ہیں، یا تو صدقہ کرے یا جس شوط میں نقص واقع ہوا ہے، صرف اس شوط کا آخر میں اعادہ کرے یا جتنی دور میں استقبال پایا گیا ہے، اتنا ہی پیچھے ہٹ کر استقبال کی جگہ سے طواف کرے، کسی ایک شوط میں خرابی کی وجہ سے دیگر اشواط میں کوئی خرابی نہیں پیدا ہوتی، جیسا کہ کوئی شخص صرف کعبہ کے سات چکر لگائے اور حطیم کو چھوڑ دے، پھر صرف حطیم کے سات چکر لگالے تو نقص کی تلافی ہو جاتی ہے۔ اور جزا لازم نہیں ہوتی ہے۔

كما في (فتح القدير ۳/ ٥٦): **ومن طاف طواف الواجب في جوف الحجر، فإن كان بمكة أعاده، وإن أعاد على الحجر خاصة أجزأه.**

اور اگر غور کیا جائے تو خود شامی کی عبارت سے ہی مسئلہ حل ہو جاتا ہے؛ اس لئے کہ اس میں ”**وكذا لو استقبل البيت بوجهه، أو استدبره**“ کے بعد ”**وطاف معترضا**“ ہے ”**أو طاف معترضا**“ نہیں ہے، ”**هذا ماظهر لي**“ اگر میری فہم کا قصور ہو تو برائے کرام مسئلہ کی وضاحت فرمادیں؛ اس لئے کہ مسئلہ وجوب دم کا ہے۔ اور اگر اللہ رب العزت کی توفیق سے صحیح سمجھا ہو تو تائید و توثیق فرما کر عند اللہ ماجور ہوں۔

المستفتی: عبد اللہ غفرلہ، متعلم شعبہ افتاء مظاہر علوم جدید، سہارنپور

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفيق: ”ایضاح المناسک“ کے ص: ۱۱۷ر میں جو مسئلہ ہے اس میں آنجناب کے علاوہ اور بھی لوگوں کو شبہ پیدا ہوا ہے، یہ مسئلہ ان عبارتوں کا مفہوم ہے جو صاحب غنیۃ اور علامہ شامی نے نقل کی ہیں:

ليس بشيء من الطواف يصح مع استقبال البيت. (غنية الناسك، باب دخول مكة وحرمها كراچی جدید، ص: ۱۰۰، قدیم مکتبه خیریه میرٹھ، ص: ۵۳)

ليس بشيء من الطواف يجوز عندنا مع استقبال البيت. (غنية الناسك، فصل في واجبات الطواف، كراچی جدید ۱۱۳، قدیم مکتبه خیریه میرٹھ ۶۰)

ولو عكس أعاد ما دام بمكة فلو رجع، فعليه دم، وتحته في الشامية: وكذا لو استقبل البيت بوجهه أو استدبره، وطاف معترضا. (شامي، زكريا ۳/ ۵۰۶، کراچی ۲/ ۴۹۴)

ان عبارات کا مفہوم واضح ہے کہ استقبال قبلہ یا استدبار قبلہ کے ساتھ طواف کا کوئی بھی حصہ جائز نہیں ہے؛ لہٰذا جو حصہ استقبال قبلہ یا استدبار قبلہ کے ساتھ ادا کیا گیا ہو، اس کا اعادہ واجب ہے۔ اور طواف زیارت میں اگر تین چکروں سے زائد اور دیگر طوافوں میں پورا طواف اگر اسی طرح کیا جائے اور اس کا اعادہ نہ کیا جائے تو دم واجب ہوگا، اس وجوب اعادہ یا وجوب دم کی وجہ سے ہماری کتاب میں فساد کا لفظ لکھا گیا ہے۔ اور اس فساد کے لفظ سے نقص اور کمی مراد لی گئی ہے؛ لیکن اس کی وجہ سے بہت سے لوگوں کو شبہ پیدا ہوا؛ اس لئے فاسد کا لفظ جو ہم نے اپنی کتاب میں لکھا ہے، اس سے رجوع کرتے ہیں اور اصل مسئلہ اپنی جگہ بحالہ درست ہے کہ جتنا طواف استقبال یا استدبار کے ساتھ کیا جائے، اتنے کا اعادہ واجب ہے اور اگر اکثر طواف یا پورا طواف اسی طرح کیا ہو اور اعادہ نہ کیا ہو، تو دم واجب ہو جائے گا۔ اور آنجناب نے جو عبارت نقل کی ہے، وہ اس مسئلہ سے متعلق نہیں ہے؛ بلکہ فصل بعید سے متعلق ہے، اس کو دوبارہ دیکھ لیا جائے، اگر اقل طواف اسی طرح کیا جائے اور اعادہ کے بغیر وطن واپس چلا جائے تو ہر چکر کے بدلہ نصف صاع واجب ہے۔ (مستفاد: عالمگیری قدیم ۱/ ۲۴۶، جدید زکریا ۱/ ۳۱۰) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۵؍ جمادی الاولیٰ ۱۴۲۵ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۷/ ۸۳۷۸)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۲۵/۵/۱۵ھ

طواف عمرہ یا زیارت کا ایک چکر بے وضو کرنا

سوال [۵۰۵۰]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: (۱) اگر بے وضو عمرہ کا طواف کرے گا تو جرمانہ میں ایک دم دینا لازم ہوگا۔ اور اسی طرح اگر ایک چکر بھی بے وضو کرے گا تو دم دینا لازم ہوگا، نیز اگر ایک چکر بھی ترک کردے گا تو دم واجب ہوگا، اگر طواف کا اعادہ کرلے گا تو دم ساقط ہوجائے گا۔ (غنیۃ جدید: ۲۷۶، قدیم: ۱۴۷، ایضاح المناسک/ ۱۸۱، انوار مناسک/ ۳۲۲)

(۲) طواف عمرہ پورا یا اکثر یا اقل اگرچہ ایک ہی چکر ہو اگر جنابت یا حیض ونفاس کی حالت میں یا بلا وضو کیا تو دم واجب ہوگا۔ (معلم الحجاج ص: ۲۴۵، مسائل حج وعمرہ مع آداب زیارت: ۱۲۳)

(۳) اگر طواف زیارت کے چار چکر کے بعد وضو ٹوٹ جائے اور بقیہ تین پھیروں کو اسی حالت میں بغیر وضو کے پورا کرلے تو ہر چکر کے عوض میں ایک صدقۂ فطر دینا واجب ہوجائے گا۔ اور اگر ان چکروں کا اعادہ کرے گا، تو صدقہ کا کفارہ ساقط ہوجائے گا، چاہے اعادہ ایام نحر میں کیا ہو یا ایام نحر گذر جانے کے بعد دونوں صورتوں میں کفارہ کلی طور پر ساقط ہوجائے گا۔ (غنیۃ جدید: ۲۷۰، قدیم: ۱۴۵، انوار مناسک/ ۳۶۳)

دریافت طلب امر یہ ہے کہ جب طواف عمرہ اور طواف زیارت دونوں عمل رکن کی حیثیت رکھتے ہیں، پھر طواف عمرہ کا ایک چکر بھی بے وضو کرنے پر دم کا وجوب اور طواف زیارت کے تین چکر بھی بے وضو کرنے پر صرف صدقۂ فطر بطور کفارہ کفایت کرنا موجب اشکال ہے۔

المستفتی: میر سعادت علی نلگنڈہ

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: طواف عمرہ اور طواف حج کے چکروں میں حیثیت کا فرق ہے اور وہ حیثیت یہ ہے کہ طواف زیارت میں جرمانوں کی حیثیت سے کفارات میں تفاوت اور درجات ہوتے ہیں، جیسا کہ حالت حیض یا حالت نفاس یا حالت

جنابت میں طواف زیارت کیا جائے گا، تو جرمانہ میں بدنہ واجب ہوتا ہے، یعنی اونٹ یا گائے ذبح کرنا لازم ہوتا ہے۔ اور طواف زیارت کے چار چکر یا اس سے زائد بے وضو حالت حدث میں کرے گا، تو جرمانہ میں دم واجب ہوتا ہے، یعنی ایک بکرا لازم ہوتا ہے اور چار چکر کے بعد بقیہ چکروں کو بے وضو حالت حدث میں کرے گا، تو ہر چکر کے بدلہ میں ایک صدقۂ فطر دینا لازم ہوتا ہے، تو معلوم ہوا کہ طواف زیارت کے کفارات میں درجات کا فرق ہے، اسی طرح حج کے دوسرے ارکان کی ادائیگی کے جرمانہ میں بھی درجارت ہو جاتے ہیں، جیسا کہ رمیٔ جمرات کے کفارات میں بھی درجات ہوتے ہیں، اس کے برخلاف عمرہ کے طواف کے کفارات میں اسی طرح عمرہ کی سعی وحلق اوران کے درمیان ترتیب وغیرہ کے کفارات میں کوئی درجہ نہیں ہوتا؛ بلکہ عمرہ میں صرف ایک ہی کفارہ متعین ہے، وہ ہے دم اور دم کے علاوہ عمرہ میں نہ صدقہ کا کفارہ ہوتا ہے اور نہ ہی بدنہ کا کفارہ ہوتا ہے، یہی وجہ ہے کہ عمرہ کے ہر کفارہ میں ہر جگہ دم ہی کا حکم ملتا ہے۔

ولو طاف للعمرة كله، أو أكثر أو أقله ولو شوطا جنبا، أو حائضا، أو نفساء، أو محدثا، فعليه شاة، لا فرق فيه بين القليل والكثير، والجنب، والمحدث؛ لأنه لا مدخل في طواف العمرة للبدنة لا للصدقة بخلاف طواف الزيارة، وكذا لو ترك الأقل منه ولو شوطا لزمه دم ولو أعاده سقط عنه الدم. (غنية الناسك، قديم: ١٤٧، جديد: ٢٧٦) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۱؍ جمادی الاولیٰ ۱۴۳۲ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۹/۱۰۴۱۰)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۳۲/۵/۱۳ھ

طواف کا ایک چکر چھوٹ جائے تو کیا حکم ہے؟

سوال [۱۰۵۰۵۱]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے

بارے میں: (۱) زید طواف کر رہا تھا ۶ ر چکر کر چکا تھا، اچانک پیٹ میں شکایت ہوئی، ایک چکر چھوڑ کر حرم سے باہر دوائی کھانے کے لئے چلا گیا، یہ سوچ کر کہ دوائی لے کر واپس آ کر ایک چکر اور پورا کرلوں گا؛ لیکن باہر جا کر بھول گیا، جب اپنے وطن واپس آ گیا تب یہ بات یاد آئی، معلوم یہ کرنا ہے کہ اگر اس طرح طواف کا ایک یا دو چکر چھوٹ جائے اور وطن میں یاد آئے تو فدیہ میں کیا دیا جائے گا؟ اور یہ صدقہ حرم میں ہی ادا کیا جائے گا یا وطن میں بھی دے سکتے ہیں؟ (۲) عورت کے لئے بہتر یہی ہے کہ مدینہ میں مسجد نبوی کے مقابلہ میں اپنے کمرہ پر ہی نماز پڑھے، مگر چونکہ مسجد نبوی میں عورتوں کے لئے الگ جگہ ہے، نماز پڑھنے کی چنانچہ ہندہ مسجد نبوی میں نماز کے لئے گئی عورتوں کی جگہ اندر بھر گئی، اب ہندہ اندر جگہ بھر جانے کی وجہ سے باہر نماز پڑھ سکتی ہے، کیا یہ جگہ بھی مسجد نبوی کی نماز کا ثواب مل جانے کا ذریعہ ہوگی یا باہر نماز نہ پڑھے، اپنے کمرہ پر واپس چلی جائے؟ اگر باہر پڑھ لی تو کیا نماز نہ ہوگی؟ اس سلسلہ میں تفصیل سے وضاحت مطلوب ہے۔

المستفتی: عبدالرشید قاسمی سیڑھا، بجنور

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: (۱) سوال نامہ میں جس طواف کا ذکر ہے، اگر یہ طواف زیارت ہے اور اسے ترک کر کے واپس آ گیا ہے، تو جرمانہ میں دم لازم ہے۔ اور دم کی ادائے گی حدود حرم میں کرنا واجب ہے۔

ومن ترک من طواف الزيارة ثلاثة أشواط فما دونها، فعليه شاة.

(تاتارخانية قديم ۲/ ۲۱۸، جديد زكريا ۳/ ۶۰۶، رقم: ۵۱۵۲، عالمگيري قديم زكريا ۱/ ۲۴۶، جديد زكريا ۱/ ۳۱۰)

ذبحه في الحرم فلو ذبح في غيره لا يجزئه عن الذبح. (غنية الناسك قديم/ ۱۴۰، جديد/ ۲۶۲)

اور اگر جس طواف کا ذکر کیا ہے یہ طواف زیارت نہیں؛ بلکہ طواف وداع یا کوئی اور

طواف ہے، تو ایسی صورت میں جو چکر ترک ہوگیا اس کے عوض میں صدقۂ فطر واجب ہے۔ اوراس کا صدقہ وطن میں بھی ادا کرنا جائز ہے؛ لیکن اس کی رعایت ضرور کی جائے کہ مکہ مکرمہ میں صدقۂ فطر کی قیمت کیا ہے، اس کی رعایت کر کے یہ صدقہ اپنے وطن میں فقیروں کو دینا بھی جائز ہے۔ اور معلوم یہ ہوا کہ اس سال صدقۂ فطر سات ریال کے حساب سے وہاں ادا کیا گیا تھا اور بارہ روپے کے حساب سے سات ریال کی قیمت ہمارے ہندوستان میں ۸۴/ روپئے ہوتے ہیں۔ اور امام ابوحنیفہؒ کے قول کے مطابق جب قیمت دی جائے تو اس وقت کی قیمت کا اعتبار کیا جائے گا جس وقت صدقہ واجب ہوا ہے، اگرچہ وقت اور زمانہ حدودِ حرم اور غیر حرم میں یکساں ہے، مگر وقت وجوب کی قید سے یہ بات بھی مترشح ہوتی ہے کہ مکہ میں واجب ہوا ہے، اسی وقت اس کی قیمت لگائی جائے اور پھر وہی قیمت دنیا کے کسی بھی جگہ کے فقیروں کو ادا کر دی جائے، تو جائز ہے؛ اس لئے مکہ ہی کی قیمت کا اعتبار کیا جائے گا۔

وإن ترک أقله فعليه لكل شوط صدقة. (غنية الناسك كراچی جديد: ۲۷۵، قديم: ۱٤۷)

ويجوز له التصدق في غير الحرم. (غنية الناسك، قديم: ۱٤۲، كراچی جديد: ۲٦٦)

وتعتبر القيمة وقت الوجوب. (غنية الناسك، قديم: ۱٤۱، كراچی جديد: ۲٦٤)

(۲) سوال نامہ میں یہ جو لکھا گیا ہے کہ مسجد کے اندر جگہ نہ ملنے کی وجہ سے باہر آکر نماز پڑھی ہے، تو وہ نماز بہرحال درست ہوگئی ہے، اگر تسلسل جماعت وہاں تک پہنچ گئی ہے، تو مسجد نبوی کی جماعت کا ثواب بھی مل جائے گا، ہاں البتہ اس بات کی وضاحت ضروری ہے کہ عورت کے لئے کہاں نماز پڑھنا زیادہ افضل ہے، اس کی تفصیل یہ ہے کہ عورتوں کا اپنی نماز اپنی قیام گاہ اور اپنے گھروں میں پڑھنا افضل اور زیادہ بہتر ہے۔ اور اس موضوع پر کثیر تعداد میں احادیث موجود ہیں۔ (مسند إمام أحمد بن حنبل ٦/ ۳۷۱، رقم: ۲۷٦۳۰، مجمع الأنهر، دارالكتب العلمية بيروت ۲/ ۳۳، أبو داؤد شريف، كتاب الصلاة، باب التشديد في ذلك، النسخة الهندية ۱/ ۸٤، دارالسلام رقم: ٤۷۰)

البتہ امام طبرانیؒ نے "المعجم الکبیر" میں حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کی مسلسل چار حدیثیں نقل فرمائیں، جن میں مسجد نبوی اور مسجد حرام کو مستثنیٰ رکھا گیا ہے، انہیں میں سے دو روایتیں امام ابوبکر ہیثمی نے "مجمع الزوائد" میں نقل کی ہیں۔ اور انہیں دونوں کو علامہ ظفر احمد تھانویؒ نے "اعلاء السنن" میں ذکر فرمایا، پھر "اعلاء السنن" کے حاشیہ میں ان دونوں حدیثوں کا مطلب یہ بتایا ہے کہ اگر عورت مسجد حرام میں طواف کرنے جائے اور اسی میں نماز کا وقت ہوجائے تو مسجد حرام میں جماعت کے ساتھ نماز پڑھ کر واپس آئے تو کوئی حرج نہیں ہے۔ اور اسی طرح مدینہ منورہ کے قیام کے دوران حضرت سید الکونین صلی اللہ علیہ وسلم کی قبر اطہر کی زیارت کے لئے مسجد نبوی آجائے اور اسی میں تنہا یا جماعت کے ساتھ نماز پڑھ کر واپس آجائے، تو کوئی حرج نہیں، اس توجیہ سے تمام روایات میں تطبیق کے ساتھ عمل کرنا آسان ہوجاتا ہے۔ اور اگر یہ توجیہ نہ کی جائے؛ بلکہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کی حدیثوں پر صراحتاً عمل کیا جائے تو مسجد نبوی اور مسجد حرام ممانعت سے مستثنیٰ ہوجائیں گی اور عورتوں کے لئے مسجد نبوی اور مسجد حرام میں نماز پڑھنے کی گنجائش ہوجائے گی، اس وقت حرمین شریفین کے لوگوں کا عمل اسی پر ہے، مگر اوپر کی توجیہ پر عمل کرنا زیادہ بہتر ہے، اب ابن مسعود رضی اللہ عنہ کی تمام حدیثیں اور صاحب اعلاء السنن کی توجیہ ملاحظہ فرمایئے:

عن أبي عمرو الشيباني أن عبدالله بن مسعود -رضي الله عنه- قال: والذي لا إله غيره ما صلت امرأة قط خيرا لها من صلاة تصليها في بيتها إلا أن يكون المسجد الحرام أو مسجد الرسول صلى الله عليه وسلم إلا عجوزا فى منقليها. (المعجم الكبير للطبراني، دار احياء التراث العربي بيروت ٩/ ٢٩٣، رقم: ٩٤٧١)

عن ابن مسعود -رضي الله عنه- قال: ما صلت المرأة في مكان خير لها من بيتها إلا أن يكون المسجد الحرام أو مسجد النبي صلى الله عليه وسلم إلا امرأة تخرج في منقليها يعني خفيها. (المعجم الطبراني ٩/ ٢٩٣، رقم: ٩٤٧٢)

عن ابن مسعود -رضي الله عنه- أنه كان يحلف فيبالغ في اليمين ما من مصلى لامرأة خير من بيتها إلا في حج أو عمرة إلا امرأة قد يئست من البعولة فهي في منقليها، قلت: وما منقليها؟ قال: امرأة عجوز قد تقارب خطوها. (المعجم الكبير ۹/ ۳۹٤، رقم: ۹٤۷۳

عن أبي عمرو الشيباني قال: حلف عبدالله فبالغ في اليمين ما من مصلى لامرأة خير من بيتها إلا في حج أو عمرة إلا امرأة قد يئست من البعولة، فهي في منقليها. (المعجم الكبير ۹/ ۳۹٤، رقم: ۹٤۷٤)

قلت: فيه دلالة على جواز خروج النساء، مطلقا سواء كن شواب أو عجائز للصلاة في المسجد الحرام أو مسجد النبي صلى الله عليه وسلم وعليه عمل أهل الحرمين اليوم، ولكن ينبغي تقييده بوقت الضرورة كما إذا حضرت المسجد للطواف في الحج والعمرة، فلا بأس لها بأن تصلي فيه وحدها أو جماعة، أو حضرت المسجد النبوي للتسليم والصلاة على النبي صلى الله عليه وسلم، فلا بأس لصلاتها في المسجد تحية، أو مكتوبة، وأما أن تأتي المسجد الحرام أو المسجد النبوي لأجل الصلاة، فحسب فينا فيه قوله صلى الله عليه وسلم صلاتک في بيتک خير من صلاتک في حجرتک إلى أن قال ومن صلاتک في مسجدي. (إعلاء السنن، كتاب الصلاة، باب منع النساء عن الحضور في المساجد، دارالكتب العلمية بيروت ٤/ ٢٤٤)

فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۶ رمحرم ۱۴۲۶ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۸۶۶۲/۳۷)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۲۶/۱/۲۶ھ

شدید بیماری کی وجہ سے طوافِ زیارت مؤخر کرنا

سوال [۵۰۵۲]: کیافرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: ایک شخص کی طبیعت منی میں بعد قربانی زیادہ خراب ہوگئی اوروہ ایک ہفتہ زیر علاج رہا، واپسی کے وقت اس نے طواف وداع کی نیت سے طواف کیا، طواف زیارت نہیں کیا، وطن واپسی کے بعداز دواجی تعلقات بھی قائم ہوئے، کئی سالوں کے بعد مسئلہ سننے کے بعد احساس ہوا کہ اس نے طوافِ زیارت وسعی نہیں کی تھی، نیز یہ کہ اب نہ اس کی جسمانی حالت اچھی ہے اور نہ مالی حالت، ایسے شخص کے لئے کیا حکم ہے؟ کیا طوافِ وداع، طوافِ زیارت کی جگہ پر مان لیا جائے گا اور دم لازم ہوگا تو کتنا اور کون سا بدنہ یا دنبہ؟

المستفتی: محمد رونق ندوی دارالقضاء اندور

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: اگر وہ شخص طواف زیارت سے پہلے ہسپتال میں داخل ہوا اور ایسے سخت مرض میں مبتلا رہا ہے کہ حرم شریف آکر سواری پر طواف زیارت کرنا بھی اس کے لئے ممکن نہیں اور اسی حالت میں ایام نحر گذر گئے ہیں، تو اس طرح کے غیر اختیاری سخت مرض کی وجہ سے طواف زیارت ایام نحر سے مؤخر ہوجانے کی وجہ سے تاخیر کا دم واجب نہیں ہوتا ہے، جس طرح حیض کے عذر کی وجہ سے تاخیر کا دم لازم نہیں ہوتا ہے۔ اوراس کے بعد وہ طواف وداع کی نیت سے طواف کر کے وطن واپس آگیا ہے، تو ایسی صورت میں طواف وداع کی نیت سے جو طواف کیا ہے، وہ قدرتی طور پر طواف زیارت بن گیا ہے؛ اس لئے اس کا حج مکمل ہوگیا ہے، اب اس کے لئے طواف نہ کرنے کی وجہ سے ایک دم دینا کافی ہوجائے گا۔

وإن طاف للصدر حقيقة، أو حكما بعد أيام النحر، فعليه دمان، دم لترك الصدر، أي لتحوله إلى الزيارة، ودم لتأخير الزيارة. (المناسك لملا

علي قاري، باب الجنايات، فصل ولو طاف للزيارة جنبا، كراچی ص: ۳٤۸)

ومن ترك طواف الزيارة، وطاف طواف الصدر أجزأه من طواف الزيارة، وكان عليه الدم لطواف الصدر ...... ثم إن رجع و طاف للصدر ولم يطف للزيارة، فإن طواف الصدر ينتقل إلى طواف الزيارة. (تاتارخانية، كتاب الحج، الفصل السابع الطواف والسعي، زكريا ديوبند ۳/ ٦۰۷، رقم: ۵۱۵۷، کوئٹہ ۲/ ۵۱۸)

أما ترك الواجبات بعذر فلا شيء فيه، ثم مرادهم بالعذر ما يكون من الله تعالىٰ ...... وتأخير طواف الزيارة من أيامه لحيض، أو نفاس، أو حبس، أو مرض، ولم يوجد له حامل، أو لم يتحمل الحمل. الخ (غنية الناسك، قديم: ۱۲۸، جديد كراچی ص: ۲۳۹، انوار مناسك، ص: ۳۵۸) **فقط** واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۲/۱/۱۴۳۱ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۸/۹۸۵۳)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۲/۱/۱۴۳۱ھ

عذر کی وجہ سے ۱۲/ ذی الحجہ کے بعد طوافِ زیارت کرنے کا حکم

سوال [۵۰۵۳]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: طوافِ زیارت کثرتِ ازدحام اور اپنی کمزوری خاص طور پر شوگر کی وجہ سے ۱۲/ ذی الحجہ کے بعد کیا تو کیا ایسے کمزور آدمی کو دم دینا ہی ہوگا یا اس عذر کی وجہ سے دم معاف ہوجائے گا؟ بینوا توجروا

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: طوافِ زیارت بارھویں ذی الحجہ کے غروب سے پہلے پہلے کرنا واجب ہے اور اگر کوئی آدمی شوگر یا دیگر طبعی بیماری یا کمزوری کی وجہ سے

یا ازدحام کی وجہ سے بھیڑ میں ازخود طواف کرنے پر قادر نہیں ہے، تو ایسے معذور کے لئے شریعت نے سواری پر طواف کرنے کی گنجائش رکھی ہے، حرم شریف میں پیسے سے طواف کرانے والے بھی موجود ہوتے ہیں اور بغیر پیسے کے وہیل چیئر بھی مل جاتا ہے، کسی تعلق کے آدمی کے ذریعہ سے وہیل چیئر پر طواف کرایا جاسکتا ہے، اس لئے ایام نحر گزرجانے کے بعد تک جس نے شوگر یا ازدحام کی وجہ سے طواف زیارت میں تاخیر کی ہے، اس پر ایک دم واجب ہوجائے گا، ہاں البتہ اگر پیسے سے سواری پر طواف کرنے کے واسطے اپنے پاس پیسوں کا انتظام نہیں ہے، یا سواری پر طواف کرانے والا بھی کسی طرح میسر نہیں ہے اور اس کی کوشش جاری رہی اور طواف کرانے والا کوئی نہیں ملا اور ایام نحر اس مجبوری میں گزرجائیں تو کفارہ کا دم معاف ہوسکتا ہے۔

ولو أخر طواف الزيارة كله أو أكثره من أيام النحر، فعليه دم. (غنية الناسك، باب الجنايات الفصل السابع في ترك الواجب في أفعال الحج، كراچی جديد: ۲۷۳، قديم: مكتبه خيريه قديم: ۱٤٦)

والحاصل أن طواف الزيارة موقت بأيام النحر، فتأخيره عن أيام النحر يوجب الدم. (المبسوط، دارالكتب العلمية بيروت ٤/ ٤١)

ولو طافه راكبا أو محمولا أو زحفا بعذر كمرض، أو كبر فلا شيء عليه. (غنية الناسك، كراچی جديد: ۲۷۳، مكتبه خيريه ميرٹھ قديم: ۱٤٦)

أما ترك الواجب بعذر فلا شيء فيه إلى قوله وتأخير طواف الزيارة من أيامه لحيض أو نفاس، أو حبس، أو مرض، ولم يوجد له حامل أو لم يتحمل الحمل. (غنية جديد: ۲۳۹، قديم: ۱۲۸) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۴؍ محرم الحرام ۱۴۲۹ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۸/ ۹۴۲۷)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۲۹/۱/۱۷ھ

گیارہ ذی الحجہ میں حائضہ عورتوں کے طوافِ زیارت کا حکم

سوال [۵۰۵۴]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: بارھویں ذی الحجہ تک طوافِ زیارت کو مؤخر کرنا عورت ومرد سب کے لئے جائز ہے، چنانچہ عورت نے اتنی تاخیر کرلی کہ بارھویں ذی الحجہ کو غروب آفتاب ہونے میں اتنی دیر باقی ہے جتنی میں بآسانی طواف کیا جاسکتا ہے کہ اچانک حیض آ گیا اور طواف زیارت نہیں کرسکی، تو ایسی صورت میں عورت معذور ہے، اس پر کوئی دم لازم نہیں۔ (بحوالہ انوار مناسک ۳۴۱، مستفاد: شامی کراچی ۲/ ۵۱۹، غنیۃ جدید: ۲۷۴)

لیکن ''زبدۃ المناسک'' کی اس عبارت سے اشکال درپیش ہے: ''جو عورت جانتی ہے کہ حیض آنے والا ہے اور شروع حیض سے پہلے وقت میں طواف زیارت میں سے چار شوط کرسکتی ہے؛ لیکن نہیں کیا اور پھر بعد ایام نحر کے حیض سے پاک ہوئی تو بھی اپنی کاہلی کی وجہ سے دم دے گی''۔ (بحوالہ زبدۃ المناسک، ص: ۲۰۵)

عرض خدمت یہ ہے کہ ایسی خواتین جن کو یقینی طور پر گیارہ ذی الحجہ سے حیض شروع ہونے کا قوی امکان ہے؛ لیکن ۱۰/ ذی الحجہ کو طواف کرنے والوں کا اتنا ہجوم ہوجاتا ہے کہ یہ عورتیں تو کجا مردوں کی ہمت بھی جواب دے دیتی ہے۔ اور انتظامیہ کی طرف سے بھی اندر جانے سے روک دیا جاتا ہے، تاکہ کوئی حادثہ نہ ہونے پائے، اس صورت حال کے پیش نظر ایسی خواتین، باوجود معلوم ہونے کے ۱۱/ ذی الحجہ سے حیض میں مبتلا ہوجائیں گی، پھر بھی طواف نہ کرسکیں اور ایام نحر گذرنے کے بعد طواف کریں تو کیا ان پر دم واجب ہوگا یا ازروئے شریعت معذور ہوتے ہوئے دم لازم نہ ہوگا۔ برائے کرم جواب سے سرفراز فرمائیں۔

المستفتی: میر سعادت علی حیدرآبادی، حال مقیم نلگنڈہ

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: (۱) ''انوار مناسک'' اور ''زبدۃ المناسک'' دونوں

کے مسائل میں کوئی تعارض نہیں ہے؛ اس لئے کہ ''انوار مناسک'' میں یہ بات صاف ہے کہ سورج غروب ہونے سے پہلے پہلے طوافِ زیارت کر کے فارغ ہونے کا اس کا ارادہ رہا ہے اور اس وقت میں حیض آنے کا قطعی طور پر اس کو علم ہونے کی بات ''انوار مناسک'' میں نہیں ہے؛ لہٰذا یہ اس عورت کے بارے میں ہے جس کو اس وقت حیض آنے کا قطعی علم نہیں ہے؛ اس لئے اس کی طرف سے کوئی غفلت نہیں ہے، بریں بنا ایسی صورت میں وہ عورت معذور ہے۔ اور ''زبدۃ المناسک'' میں صاف عبارت ہے کہ عورت کو یقین سے معلوم ہے کہ وہ وقت اس کی ماہواری آنے کا ہے، پھر بھی اس نے لاپرواہی سے اس وقت تک مؤخر کر دیا ہے، تو ایسی صورت میں عورت معذور نہیں ہے؛ لہٰذا دونوں مسئلوں میں کوئی تعارض نہیں ہے۔

(۲) دس ذی الحجہ سے لے کر بارہ ذی الحجہ تک مسلسل تین دن بھیڑ رہتی ہے، بھیڑ میں کوئی کمی نہیں آتی ہے، ہاں البتہ جب مطاف بھر جاتا ہے اور خطرہ کا اندیشہ ہوتا ہے، تو مزید آنے والے لوگوں کو تھوڑی دیر کے لئے روک لیا جاتا ہے، اس میں عورتوں کی کوئی خصوصیت نہیں ہے؛ بلکہ عورت و مرد سب کو روک لیا جاتا ہے۔ اور جب پندرہ بیس منٹ یا آدھ گھنٹہ کے بعد کچھ ہلکا ہوجاتا ہے اور طواف سے فارغ ہونے والے باہر کو آجاتے ہیں، تو پھر اندر جانے کے لئے لوگوں کو چھوڑ دیا جاتا ہے، یہ سلسلہ ایام نحر کے بعد بھی ایک دو روز رہتا ہے اور اسی درمیان میں سب لوگ ایام نحر کے اندر اندر اپنا طواف زیارت کر لیتے ہیں: لہٰذا ایسی عورت جس کو گیارہ ذی الحجہ کو حیض آنے کا یقین یا ظن غالب ہے، تو اس پر حیض آنے کے وقت سے پہلے پہلے طوافِ زیارت سے فارغ ہوجانا لازم ہے۔ اور اگر اندر بھیڑ کی وجہ سے جانے سے روکا جارہا ہے، تو جا کر کے انتظار کرنا لازم ہوگا، اس لئے کہ بہر حال آدھا پون گھنٹہ انتظار کرنے کے بعد جانے کا موقع مل جائے گا۔ اور اگر انتظار نہیں کرنا ہے، تو چھت کے اوپر جا کر طواف کر لے: کیوں کہ چھت کے اوپر جا کر طواف کرنے سے کوئی نہیں روکتا ہے، بس صرف طواف لمبا ہوجاتا ہے؛ لہٰذا سوال نامہ میں جو شکل تحریر کی گئی ہے یہ ایسے عذر کے دائرہ میں داخل نہیں ہے، جس کی وجہ سے دم ساقط ہوجاتا ہو۔

ولو حاضت بعد ما قدرت على الطواف، فلم تطف حتى مضى الوقت لزمها الدم؛ لأنها مقصرة بتفريطها، أي بعد ما قدرت على أربعة أشواط، فقولهم لا شيء عليها لتأخير الطواف مقيد بما إذا حاضت في وقت لم تقدر على أكثر الطواف، أو حاضت قبل أيام النحر ولم تطهر إلا بعد مضيها. (شامي، كتاب الحج، مطلب في طواف الزيارة، كراچی ۲/ ۵۱۹، زكريا ديوبند ۳/ ۵۳۹، وهكذا في غنية، باب الجنايات، الفصل السابع في ترك الواجب في أفعال الحج، كالطواف و السعي، كراچی جديد: ۲۷۴، قديم مكتبه خيريه ميرٹھ: ۱۴۶) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۴؍ جمادی الاولیٰ ۱۴۳۵ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۴۰/۱۱۵۱۳)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۳۵/۵/۷ھ

عورت کو ۱۲؍ ذی الحجہ کے بعد بھی دو روز ماہواری جاری رہی تو طوافِ زیارت کا کیا حکم ہے؟

سوال [۵۰۵۵]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: ایک عورت حج کا احرام باندھ کر منیٰ وعرفات کے لئے روانہ ہوگئی، اسی اثناء میں اسے ماہواری شروع ہوگئی، تو اس کے لئے اسی حالت میں وقوف عرفہ جائز ہے؛ لیکن ابھی اس کی ماہواری کی مدت میں چھ دن ہے اور بارھویں ذی الحجہ کے سورج غروب ہونے سے پہلے پہلے طوافِ زیارت کرنا لازم ہوتا ہے، تو یہ عورت کیا کرے گی جب کہ بارھویں تک اس کی ماہواری ختم ہونے میں ابھی دو دن باقی ہیں، پندرہ ذی الحجہ تک ماہواری سے غسل کرسکتی ہے اور طواف کرسکتی ہے، تو ایسی صورت میں دم لازم ہوگا یا نہیں؟

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: ایسی عورت جس کی ماہواری کی مدت چھ دن ہے، اس نے پاکی کی حالت میں احرام باندھ لیا اور وہ عورت منی وعرفات چلی گئی، اسی اثناء میں اسے ماہواری شروع ہوگئی، بارھویں ذی الحجہ تک اس کی ماہواری ختم ہونے میں دو دن باقی رہے، لہٰذا یہ عورت طوافِ زیارت کو مؤخر کرے گی اور جب حیض سے پاک ہوجائے گی، تب اس کے اوپر طوافِ زیارت لازم ہوگا اور اس تاخیر کی بناء پر نہ عورت گنہگار ہوگی اور نہ ہی اس پر دم واجب ہوگا۔ (مستفاد: انوار مناسک ص: ۳۴۳، کتاب المسائل ۳/۳۴۳)

لا شيء على المرأة بتأخير طواف الزيارة لأجل النفاس والحيض. (سراجيه، اتحاد، ص: ۱۸۸)

إذا طهرت في آخر أيام النحر، فإن أمكنها الطواف قبل الغروب، ولم تفعل فعليها دم للتاخير، وإن لم يمكنها طواف أربعة أشواط، فلا شيء عليه. (شامي، زكريا ۳/ ۵۳۹، شامي كراچی ۲/ ۵۱۹)

إن الحائض إذا طهرت في آخر أيام النحر، فإن أمكنها الطواف قبل الغروب ولم تفعل فعليها دم للتأخير، وإن لم يمكنها طواف أربعة أشواط، فلا شيء عليها. (البحر الرائق، كتاب الحج، باب الإحرام، كوئٹه ۲/ ۳۴۸، زكريا ۲/ ۶۰۹)

فلا شيء على الحائض بتأخيره إذا لم تطهر إلا بعد أيام النحر. (غنية الناسك، قديم ص: ۹۵، جديد، ص: ۱۷۸)

ولا دم على الحائض للتأخير في قولهم؛ لأنها ممنوعة، فكان التأخير بعذر. (فتاوى ولوالجية، دارالأيمان ۱/ ۲۹۱) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۴۳۴/۱۲/۲ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۴۰/۱۱۳۳۵)

عذر کی وجہ سے طوافِ زیارت حالت حیض میں کرنے کی گنجائش ہے یا نہیں؟

سوال [۵۰۵۶]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: حج کا زمانہ ہے اور ایک بے چاری عورت کو حیض آ گیا اور طواف زیارت ابھی اس کے ذمہ باقی ہے، پاکی کا انتظار کرتی ہے، یہاں تک کہ ایام نحر گذر گئے اور سفر سے واپسی کا دن بھی آ گیا، مشکل یہ ہے کہ ٹکٹ ہوائی جہاز کا مؤخر نہیں کرا سکتی اور نہ کینسل (ختم) اور نیا ٹکٹ خریدنے کی گنجائش نہیں ہے؛ اس لئے کہ فی ٹکٹ کئی ہزار روپئے لگیں گے اور شوہر اور بچے بھی ساتھ ہیں، سب کے لئے نیا ٹکٹ بنوانا مشکل ہے، ہزار ہا روپئے لگیں گے اور اتنے روپئے نہیں ہیں؛ بلکہ ایام زائد کے لئے رہائش کا خرچ بھی نہیں ہے، ادھر بغیر طواف کئے ہوئے گھر لوٹنے سے یہ بے چاری شوہر کے لئے حرام رہے گی اور آئندہ لوٹ کر طواف کرنا متیقن بھی نہیں ہے، تو اس مجبوری وعاجزی کی حالت میں اس جیسی عورت کے لئے کیا صورت ہے؟

طواف کے لئے طہارت عند الاحناف واجب ہے، شرط یا فرض نہیں۔ اور قاعدہ: ”**الواجبات تسقط بالعجز**“ مسلم اور متفق علیہ ہے؛ لہٰذا صورت مرقومہ میں جب کہ عجز کے تحقق میں کوئی شک وشبہ ہی نہیں ہے، طواف بحالت حیض بلا کراہت جائز ہونا چاہئے؟ نیز یہ صورت کثیر الوقوع ہے، اس لئے واقعی ضرورت ہوتی ہے ”**والضرورات تبیح المحضورات**“ لہٰذا عورت ایسی حالت میں طواف کرنے سے کیسے گنہگار ہو سکتی ہے؟ اور اگر ضرورت بھی اس مسئلہ میں تسلیم نہیں کی جاتی ہے، تو براہ کرم ضرورت کا معیار کیا ہے؟ مطلع فرمائیں۔

المستفتی: محمد شعیب راوٹ ساؤتھ افریقہ

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: وقوفِ عرفہ اور طوافِ زیارت یہ امور ارکان میں سے ایسے ہیں کہ ان کے بغیر حج صحیح نہیں ہوتا؛ اس لئے یہ دونوں امور شدید عذر کی وجہ

سے ذمہ سے ساقط نہیں ہوتے، نیز ان دونوں رکنوں کی طرف سے نیابت بھی جائز نہیں ہوتی۔ اوران دونوں کے علاوہ دیگرارکان چاہے از قبیل واجب ہوں یا سنت عذر شدید کی وجہ سے ذمہ سے ساقط بھی ہو جاتے ہیں، اوران میں سے بعض میں نیابت بھی جائز ہے، مثلاً وقوف مزدلفہ شدید ازدحام کی وجہ سے کمزوراور ضعیف لوگوں سے ساقط ہو جاتا ہے اور دم بھی لازم نہیں ہوتا اور رمیٔ جمرات میں ازدحام کی وجہ سے نیابت جائز ہے۔ اور حیض ونفاس کے عذرکی وجہ سے طواف وداع جو کہ واجب ہے ساقط ہو جاتا ہے۔ اب یہاں سوال نامہ کے مطابق یہ اشکال لازم آتا ہے کہ حنفیہ کے نزدیک طواف کے لئے طہارت بھی تو از قبیل واجب ہی ہے از قبیل فرض یا رکن نہیں ہے؛ لہٰذا سوال نامہ میں ذکر کردہ عذر شدید کی وجہ سے طہارت کا وجوب بھی تو ساقط ہو جانا چاہئے تو اس کا جواب یہ ہے کہ اصل میں بات یہ ہے کہ واجبات دو قسموں پر ہیں:

(۱) وہ واجب جو عمل مستقل ہوتا ہے، جیسا کہ وقوف مزدلفہ، رمی، طواف وداع وغیرہ۔

(۲) وہ واجب جو عمل مستقل نہیں ہے؛ بلکہ عمل مستقل کا جزو ہوتا ہے، جیسا کہ طواف کے لئے طہارت ہے کہ یہ واجب تو ہے، مگر عمل مستقل نہیں ہے؛ بلکہ عمل مستقل کا جزو ہوتا ہے، اور جو واجب عمل مستقل کی قسم میں سے ہوتا ہے وہ عذر شدید کی وجہ سے ساقط ہو جاتا ہے، یا اس کی طرف سے نیابت جائز ہو جاتی ہے، جیسا کہ مذکورہ مثالوں سے معلوم ہو گیا ہے اور جو واجب عمل مستقل نہیں ہے؛ بلکہ عمل مستقل کا جزو ہوتا ہے وہ عذر شدید کی وجہ سے نہ ذمہ سے ساقط ہوتا ہے اور نہ ہی اس کی طرف سے نیابت جائز ہو سکتی ہے؛ لہٰذا سوال نامہ میں ذکر کردہ اعذار کی وجہ سے وجوب طہارت کی ذمہ داری ساقط نہ ہوگی؛ بلکہ اگر بغیر طہارت عورت طواف زیارت کرلے گی تو اس کے ذمہ سے طواف کا فریضہ تو ساقط ہو جائے گا، مگر ساتھ ساتھ جرمانہ میں ایک اونٹ یا ایک گائے کی قربانی بھی واجب ہو جائے گی۔ اور یہ قربانی حدود حرم میں کرنا لازم ہوگی؛ البتہ یہ کسی بھی موسم میں کی جا سکتی ہے۔ (مستفاد: فتاوی محمودیہ قدیم ۱۳/ ۱۷۷، جدید ڈابھیل ۱۰/۳۷۳)

لو هم الركب على القفول ولم تطهر فاستفتت هل تطوف أم لا؟ قالوا: يقال لها لا يحل لك دخول المسجد، وإن دخلت وطفت أثمت وصح طوافك، وعليك ذبح بدنة، وهذه مسألة كثيرة الوقوع، يتحير فيها النساء وتقدم حكم طواف المتحيرة في باب الحيض. (شامي، كتاب الحج، مطلب في طواف الزيارة كراچی ۲/ ۵۱۹، زكريا ۳/ ۵۳۹) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ	الجواب صحیح:
۲۹/ ذی قعدہ ۱۴۱۵ھ	احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۱/ ۴۲۲۷)	۱۴۱۵/۱۱/۲۹ھ

۱۲/ ذی الحجہ کو غروب کے بعد طوافِ زیارت کا ایک چکر کیا تو ایک صدقہ لازم

سوال [۵۰۵۷]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: ایک شخص بارھویں ذی الحجہ کی شام کو طوافِ زیارت کر رہا تھا، ابھی چھ چکر مشکل سے کر پایا تھا کہ اتنے میں سورج غروب ہو گیا بقیہ ایک چکر غروب کے بعد پورا کیا، تو اس کے بارے میں شریعت کا کیا حکم ہے؟

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: بارھویں ذی الحجہ کو جب یہ شخص غروب سے پہلے طواف مکمل نہیں کر پایا اور غروب کے بعد ایک چکر پورا کیا تو اس ایک چکر کے عوض میں ایک صدقۂ فطر لازم ہوگا۔ (مستفاد: انوار مناسک/ ۳۵۶)

ولو أخر أقله فعليه لكل شوط صدقة. (غنية الناسك، باب الجنايات، الفصل السابع، جديد: ۲۷۳، قديم: ۱۴۶)

إن في ترك أقل طواف الزيارة دما بالإتفاق، وفي تأخيره أقله صدقة

عـنـد أبي حنيفة، وفي ترک كله أو أكثره لا يخرج من الإحرام. (التاتارخانية زكريا ٣/ ٦٠٨، رقم: ٥١٦١)

ولـو تـرک شـوطـا، أو ثـلاثة من الصدر كان عليه لكل شوط صدقة نـصف صـاع؛ لأنـه لـو ترک كله، أو أكثره كان عليه الدم، فإذا ترک أقله كان عليه الصدقة. (فتاوی الولوالجية، دارالأيمان ١/ ٢٩٢)

إن أعـاده في أيـام الـنـحـر سـقـط، وإن أعـاده بعدها تجب عليه الصدقة لكل شوط نصف صاع من حنطة. (هندية، زكريا قديم ديوبند ١/ ٢٤٦، جديد زكريا ١/ ٣١٠) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۲/۳/ ۱۴۳۴ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۴۰/ ۱۱۳۲۶)

اکثر اشواط غروب کے بعد کئے تو دم واجب

سوال [۵۰۵۸]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: ایک شخص نے بارھویں ذی الحجہ کو غروب سے پہلے طواف زیارت شروع کردیا، ابھی دو چکر پورے نہیں کر پایا تھا کہ سورج غروب ہوگیا اور بقیہ سارے چکر غروب ہونے کے بعد پورے کئے اس کے بارے میں شریعت کا کیا حکم ہے؟

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: جب اس شخص نے سورج غروب ہونے کے بعد اکثر چکر پورے کئے تو اس شخص پر دم لازم ہوگا؛ کیوں کہ طواف زیارت کو ایام نحر کے اندر اندر پورا کرنا واجب ہے اور جب اس نے اکثر چکر غروب کے بعد پورے کئے تو گویا اس نے پورا طواف ایام نحر کے بعد پورا کیا؛ اس لئے کہ طواف میں اکثر چکر کل چکروں کے قائم مقام ہوتے ہیں۔ (مستفاد: انوار مناسک، ص: ۳۵۶)

ولو أخر طواف الزيارة كله أو أكثره عن أيام النحر، فعليه دم. (غنية الناسك، باب الجنايات، الفصل السابع في ترك الواجب في أفعال الحج، جديد: ۲۷۳، قديم: ١٤٦)

لو أخر طواف الزيارة عن أيام النحر، فعليه دم عند أبي حنيفة. (التاتارخانية، زكريا ديوبند ۳/ ٦٠٦، رقم: ٥١٥٠)

وإذا توقت هذا الطواف بأيام النحر وجوبا عنده، فإذا أخره عنها فقد ترک الواجب، فأوجب ذلک نقصانا فيه، فيجب جبره بالدم. (بدائع الصنائع زكريا ۲/ ۲۱۵، کراچی ۲/ ۱۳۲)

لو كان طاف ثلاثة أشواط فهو والذي لم يطف سواء؛ لأن الأقل لا يقوم مقام الكل. (بدائع الصنائع زكريا ۲/ ۳۱٦، کراچی ۲/ ۱۳۳) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ

۱۴۳۴/۱۲/۲ھ

(الف فتویٰ نمبر: ۴۰/۱۱۳۲۴)

طوافِ زیارت نہ کرنے والے کا حکم

سوال [۵۰۵۹]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: ایک شخص کو حج کے موقع پر جب کہ وہ منی میں قربانی کے بعد بال حلق کرا رہا تھا، پولیس نے گرفتار کر کے قید خانہ میں ڈال دیا اور پندرہ دنوں کے بعد انڈیا بھیج دیا، نہ وہ طواف زیارت کرسکا اور نہ سعی اور نہ طوافِ وداع، اس شخص کے لئے کیا حکم ہے؟ حال یہ ہے کہ اب اس کی حیثیت عمرہ پر بھی جانے کی نہیں ہے، نیز یہ مسئلہ پوچھنے کا خیال بھی شخص مذکور کو تین ماہ بعد آیا اس درمیان اس نے کئی مرتبہ صحبت بھی کی تو اس کا کیا حکم ہے؟۔

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: ایسے شخص کے لئے حکم شرعی یہ ہے کہ جب تک وہ وہاں جا کر طواف زیارت نہیں کرے گا، اس کے حج کی تکمیل نہیں ہوگی۔ اور عمر بھر میں کبھی بھی

جا کر کے طواف زیارت کیا جاسکتا ہے اور جرمانہ میں طواف زیارت سے پہلے ہمبستری کی وجہ سے ایک بدنہ لازم ہوگا اور پھر اس کے بعد بار بار ہمبستری کی وجہ سے ہر بار کے عوض میں دم لازم ہوتا جائے گا؛ لیکن اگر اس نے فی ظنہ اپنے آپ کو حلال سمجھا ہے، تو صرف ایک دم کافی ہو جائے گا؛ لیکن ایام نحر گذرنے کے بعد طواف زیارت کا مسئلہ پیش آیا ہے؛ اس لئے طواف زیارت جب بھی کرے گا، اس کے بعد ایک دم مزید دینا لازم ہوگا۔ (مستفاد: انوار مناسک ص:۳۴۰-۳۵۵-۳۶۰)

لو ترک طواف الزيارة كله أو أكثره فهو محرم أبدا في حق النساء حتى يطوف فكلما جامع لزمه دم إذا تعدد المجلس إلا أن يقصد الرفض فلا يلزمه بالثاني شيء، فعليه حتما أن يعود بذلك الإحرام، ويطوفه، ولا يجزئ عنه البدل أصلا. (غنية الناسك، باب الجنايات، الفصل السابع في ترك الواجب في أفعال الحج، كراچی جدید: ۲۷۳، قدیم مکتبه خیریه میرٹھ ۱۴۶، وهكذا في الهداية أشرفيه ديوبند ۱/ ۲۷۳، فتح القدير زكريا ۳/ ۴۹، كوئٹه ۲/ ۶۳ ۴، دارالفكر مصري قديم ۳/ ۵۴، الدر مع الرد، كراچی ۲/ ۵۵۳، زكريا ديوبند ۳/ ۵۸۴، الفتاوى التاتارخانية كوئٹه ۲/ ۴۹۶، زكريا ۳/ ۵۸۰، رقم: ۵۰۷۳)

فإن أخره عنها، أي أيام النحر ولياليها منها كره تحريما، ووجب دم لترك الواجب. (الدرالمختار كراچی ۲/ ۵۱۸-۵۱۹، زكريا ديوبند ۳/ ۵۳۸، الموسوعة الفقهية الكويتية ۱۰/ ۱۲-۱۳)

البدنة تجب في الحج في موضعين أحدهما إذا طاف جنبا، والثاني إذا جامع بعد الوقوف. (بدائع، كراچی ۲/ ۱۲۹، زكريا ديوبند ۲/ ۳۰۹، العناية مع الفتح، زكريا ۳/ ۴۳، دارالفكر مصري ۳/ ۴۷، الموسوعة الفقهية الكويتية ۱۶/ ۵۲)

من جامع بعد الوقوف بعرفة لم يفسد حجه، وعليه بدنة. (هداية، أشرفيه ديوبند ۱/ ۲۷۱) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۲/۱/۱۴۳۱ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۹۸۵۳/۳۸)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۲/۱/۱۴۳۱ھ

طوافِ زیارت کئے بغیر گھر آنے والی عورت شوہر کے لئے حلال نہیں ہے؟

سوال [۵۰۶۰]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: جو عورت طوافِ زیارت چھوڑ کر گھر آجائے وہ اپنے شوہر کے لئے حلال نہیں ہوگی، کیا ہر مرتبہ جماع کرنے پر بدنہ واجب ہوگا یا دم واجب ہوگا؟ یہ جو کتابوں میں لکھا ہے کہ دوسری مرتبہ اگر جماع احرام کھولنے کی نیت سے کیا تو پھر بدنہ واجب ہونے کے بعد دم نہیں آئے گا، اس کی وضاحت مطلوب ہے، کیا طوافِ زیارت چھوڑ کر آئی ہوئی عورت اپنے گھر پر بغیر طواف زیارت کے حلال ہوجائے گی؟ ہر سال علاقہ میں اسی طرح کی خبریں ملتی ہیں، اس مسئلہ کو تفصیل سے تحریر فرمادیں، تاکہ امکان بھر حجاج تک یہ بات پہنچادی جائے۔

المستفتی: سعید احمد سیڈھا، بجنور (یوپی)

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: جو عورت حیض ونفاس کے عذر کی وجہ سے بغیر طواف زیارت کئے اپنے گھر آجائے وہ اپنے شوہر کے لئے اس وقت تک حرام رہے گی جب تک وہ دوبارہ مکہ مکرمہ جاکر طواف زیارت نہ کرلے۔ اور اس درمیان میں پہلی مرتبہ ہمبستری کی وجہ سے بدنہ واجب ہوگا اور اس کے بعد جب جب مجلس بدل کر شوہر ہمبستری کرے گا، تو ایک دم واجب ہوگا بشرطیکہ احرام ختم کرنے کا ارادہ نہ کیا ہو، اگر احرام ختم کرنے کے ارادہ سے دوسری مرتبہ ہمبستری کرے گا تو کوئی چیز لازم نہ ہوگی، حاصل یہ نکلا کہ اس طرح کے حالات میں عام طور پر رفض احرام کا ارادہ ہوجاتا ہے؛ اس لئے ایک بدنہ اور ایک دم واجب ہوگا؛ کیوں کہ ایسے لوگ بعد کے جماعوں میں اپنے آپ کو حالت احرام میں نہیں سمجھتے۔ (مستفاد: مستفاد: انوار مناسک/۳۶۰)

ولو ترک طواف الزیارة کله أو أکثره، فهو محرم أبدا في حق النساء حتی یطوف، فکلما جامع لزمه دم إذا تعدد المجلس إلا أن

يقصد الرفض فلا يلزمه بالثاني شيء. (غنية الناسك، جديد: ۲۷۳، قديم: ۱٤٦، وهكذا في الهداية أشرفيه ديو بند ١/ ٢٧٣، شامي، كراچی ٢/ ٥٥٣، زكريا ٣/ ٥٨٤، الفتاوى التاتارخانية زكريا ٣/ ٣٨٠، رقم: ٥٠٧٣، فتح القدير كوئٹه ٢/ ٤٦٣، زكريا ٣/ ٤٩، دارالفكر مصري ٣/ ٥٤)

سواء جامع مرة أو مرارا إن اتحد المجلس، فإن اختلف ولم يقصد بالجماع الثاني رفض الإحرام، فبدنة للأول وشاة للثاني. (غنية الناسك، جديد كراچی ٢٦٩، قديم: ١٤٤) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲؍صفر ۱۴۳۰ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۸/ ۹۷۳۷)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۳۰/۲/۲ھ

جو عورت طواف زیارت اور سعی کئے بغیر لوٹ آئے اس کا حکم

سوال [۵۰۶۱]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: ایک محترمہ حج کے لئے گئی تھیں، مگر شرعی عذر اور فلائٹ کی تاریخ کی وجہ سے بغیر طواف زیارت اور سعی کے بمبئی لوٹ آئیں۔ (۱) ان کے شوہر کے لئے حلال ہونے کی کیا شکل ہے؟ (۲) کیا وہ اپنے بیٹے کو بھیج کر اپنا طواف زیارت اور سعی نیابۃً کرواسکتی ہیں؟

المستفتی: قمرالدین، موسی ممبئی

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: (۱) بیٹے کو بھیج کر کے طواف کرانا درست نہیں ہوگا؛ اس لئے کہ طوافِ زیارت میں نیابت درست نہیں ہے؛ بلکہ بذات خود جا کر کے طواف کرنا ضروری ہے، اس کے بعد حج مکمل ہوگا۔ اور شوہر کے لئے اس وقت تک حلال نہیں ہوسکے گی جب تک طوافِ زیارت خود جا کر کے نہیں کرے گی۔

وكونه بنفسه ولو محمولا فلا تجوز النيابة. (شامي، كتاب الحج، مطلب

في طواف الزيارة، زكريا ۳/ ۵۳۷، كراچی ۲/ ۵۱۷، منحة الخالق، كوئٹه ۲/ ۳٤۷، زكريا ۲/ ۶۰۸، مناسك ملا علی قاري/ ۲۳۳)

ولو ترك طواف الزيارة كله أو أكثره فهو محرم أبدا في حق النساء، حتى يطوف. (غنية جديد: ۲۷۳، قديم: ۱٤٦، مناسك ملا علي قاري ۳٤۵)

فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۰/ ربیع الثانی ۱۴۳۴ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۴۰/ ۱۱۰۶۳)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۲۰/ ۴/ ۱۴۳۴ھ

طوافِ وداع کے بعد سعی کا حکم

سوال [۵۰۶۲]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: طواف زیارت کے بعد دو رکعت نماز پڑھی جاتی ہے، اس کے بعد سعی کی جاتی ہے اور طوافِ وداع کے بعد سعی ہے یا نہیں؟

المستفتی: عبدالرحمٰن سنگاپور

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: طواف وداع کے بعد سعی بین الصفا والمروہ مشروع نہیں ہے۔

طاف للصدر، أي الوداع سبعة أشواط بلا رمل وسعي الخ. (شامي، كتاب الحج، مطلب في طواف الصدر، كراچی ۲/ ۵۲۳، زكريا ۳/ ۵٤٤) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۶/ جمادی الثانیہ ۱۴۱۵ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۱/ ۴۰۸۲)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۲۶/ ۶/ ۱۴۱۵ھ

طوافِ وداع کے بعد الٹا واپس ہونا

سوال [۵۰۶۳]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: طوافِ وداع کر کے خانہ کعبہ سے واپسی کے وقت کیا فقہاء نے الٹا واپس ہونے کو طواف وداع کے آداب میں شمار کیا ہے؟ بعض حاجی طواف وداع کر کے خانہ کعبہ کی طرف پشت نہیں کرتے؛ بلکہ الٹا لوٹتے ہیں اور اس کے بعد بھی حرم شریف حاضری ہوتی ہے، تب ایسا نہیں کرتے، مثلاً شام کو عشاء کے بعد مکہ سے جدہ واپسی ہے اور بعد ظہر طواف وداع کرلیا جس میں واپسی میں حرم سے الٹا نکلے اور پھر عصر کے بعد بھی خانۂ کعبہ گئے، مغرب بعد بھی گئے، عشاء بعد بھی گئے اور آخری حاضری عشاء بعد تھی، اس وقت خانۂ کعبہ کو دیکھ کر یوں ہی واپس آ گئے، اس سلسلہ میں فقہاء کی کیا رائے ہے؟

المستفتی: محمد اصغر سیڈھا، بجنور

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: طوافِ وداع کر کے آخری واپسی میں نہایت رنج وغم کے ساتھ روتے ہوئے رخصت ہونا مستحب اور آداب رخصتی میں سے ہے اور نہایت عاجزی اور انکساری سے دوبارہ حاضری کی دعا مانگے؛ لیکن واپسی کے وقت پیچھے کو چلتا ہوا مسجد حرام سے نکلنے کی بات غنیہ کی ایک عبارت میں موجود ہے، مگر اس کو مسنون یا مستحب سمجھنا ہمارے حلق سے نیچے نہیں اترتا؛ اس لئے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابہ سے اس کا ثبوت نہیں ملتا، نیز یہ فطری چال کے بھی خلاف ہے، اگر کوئی شخص طواف وداع کے بعد مطاف سے رخصت ہوتا ہوا باب ملک فہد سے مسجد حرام سے نکلے گا، تو اتنی دور تک پیچھے چلنا ایک انسان کے لئے سخت دشوار ہے۔ اور لاکھوں انسان اگر ایسا عمل کریں گے تو افراتفری کی شکل پیدا ہوگی۔ (معلم الحجاج کے حاشیہ میں تقریباً اسی طرح لکھا ہے جو ہم سمجھ رہے ہیں) اور غنیۃ کی عبارت میں صرف ترغیب ہے،

مستحب یا مسنون کے الفاظ نہیں ہیں، اگر دیکھنا ہو تو ''غنیۃ الناسک'' قدیم ص:۱۰۳، اور جدید ص:۱۹۲ / پر دیکھ لیا جائے۔ فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۰ / محرم الحرام ۱۴۲۹ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۸/ ۹۴۲۵)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۲۹/۱/۱۰ھ

عورت کو دورانِ سفر حیض آنے سے متعلق چند سوالات

سوال [۵۰۶۴]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: خالدہ حج کے لئے گھر سے چلی حیض کی حالت میں اور دہلی سے مدینہ شریف پہنچی تین دن کے بعد حیض سے فراغت ہوگئی، اب نماز قصر پڑھے یا پوری پڑھے؟

ایک عورت مدینہ شریف پاک رہی قصر نماز پڑھتی رہی، اب جب مدینہ سے حج کے لئے روانگی ہوئی تو حیض شروع ہوگیا، اب مکہ پہنچ کر ۵/ روز کے بعد حیض سے پاک ہوجائے گی، اب باقی ۲۵/ دن نماز قصر پڑھے یا پوری؟ اگر قصر پڑھے گی تو مسافر رہے گی تو قربانی کا وجوب رہے گا یا نہیں۔ (مالی قربانی)

ایک عورت مدینہ شریف سے پاک چلی، مگر پچاس کلومیٹر چلنے کے بعد حیض شروع ہوگیا، مکہ مکرمہ پہنچ کر بقیہ ایام میں جو پاکی کے ہوں گے نماز قصر پڑھے گی یا پوری پڑھے گی؟

ایک عورت مدینہ شریف سے پاک چلی، مگر ابھی مکہ مکرمہ پچاس کلومیٹر تھا کہ حیض شروع ہوگیا، مکہ پہنچ کر پاکی کے ایام میں نماز کیسے پڑھے گی؟

ایک عورت گھر سے مکہ مکرمہ پہنچی، حج کرنے کے بعد مدینہ شریف کا ارادہ کیا، حیض شروع ہوگیا مدینہ میں پاک ہوکر نماز پوری پڑھے گی یا قصر پڑھے گی؟

المستفتی: عبدالرشید قاسمی سیڈھا، بجنور

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: (۱) مدینہ منورہ میں حج کمیٹی کی جانب سے صرف آٹھ دن یعنی صرف چالیس نمازیں پڑھنے تک قیام کی اجازت ہوتی ہے؛ اس لئے مدینہ منورہ میں تنہا نماز پڑھنے کی صورت میں ہر حال میں قصر کرے گی، جب تین دن کے بعد حیض سے فراغت ہوگئی، تو بقیہ پانچ دن نمازوں میں قصر کرے گی۔

فیقصر إن نوی الإقامة في أقل منه، أي في نصف شهر. (شامي، كتاب الصلاة، باب صلاة المسافر، كراچی ۲/ ۱۲۵، زکریا ۲/ ۶۰۶)

(۲) جب عورت مدینہ منورہ سے روانگی کے وقت ماہواری کی حالت میں ہوگئی اور مکہ مکرمہ پہنچ کر پانچ دن کے بعد پاک ہوگئی، تو باقی پچیس دن جو مکہ مکرمہ میں مسلسل قیام ہے پوری نماز پڑھے گی۔ اور منی اور مزدلفہ میں بھی نماز پوری پڑھے گی؛ اس لئے کہ آج کل کے زمانہ میں منی اور مزدلفہ مکہ مکرمہ کی آبادی سے متصل ہوکر ایک ہوگئے ہیں۔

(مستفاد: انوار مناسک/ ۴۵۸)

اور اگر متمتعہ ہے تو اس کے اوپر تمتع کی قربانی واجب ہے۔ اور اگر اس حالت میں وہاں پر وہ صاحب نصاب اور سرمایہ دار رہی ہے، تو مالی قربانی بھی واجب ہے۔ اور اگر صاحب نصاب اور سرمایہ دار نہیں ہے، تو مالی قربانی اس پر واجب نہیں۔

(۳-۴) اس میں یہ دیکھا جائے گا کہ مکہ مکرمہ پہنچ کر حیض کا زمانہ کتنا ہے اور اس کے بعد پاکی کا زمانہ کتنا ہے؟ اگر پاکی کا زمانہ پندرہ دن یا اس سے زیادہ ہے، تو بہر حال نمازوں کا اتمام کرے گی۔ اور اگر پاکی کا زمانہ پندرہ دن سے کم رہ جائے تو اس سلسلے میں درمختار اور شامی کی ایک نہایت تشنہ عبارت جس سے بات زیادہ واضح نہیں ہوتی ہے، اس کو پیش نظر رکھ کر بہشتی زیور ۲/ ۴۹ وغیرہ میں یہی لکھا ہے کہ حیض سے پاک ہونے کے بعد کے ایام اگر پندرہ دن سے کم ہیں، تو نمازوں کا قصر کرے گی۔ عبارت ملاحظہ فرمائیں:

في الدر: طهرت الحائض وبقي لمقصدها يومان تتم في الصحيح، كصبي بلغ، بخلاف كافر أسلم. وتحته في الشامية: وكأنه لسقوط الصلاة عنها فيما مضى لم يعتبر حكم السفر فيه، فلما تأهلت للأداء اعتبر من وقته. (شامي، زكريا ۲/ ۶۱۹، كراچی ۲/ ۱۳۵)

وفي التاتارخانية: والحائض إذا طهرت من حيضها وبينها وبين المقصد أقل من مسيرة ثلاثة أيام تصلي أربعا، وهو الصحيح. (تاتارخانية، قديم ۲/ ۱۵، جديد زكريا ۲/ ۵۰۵، رقم: ۳۱۳۳)

لیکن احقر کو اس مسئلہ میں اطمینان نہیں ہے اور اسی وجہ سے جواب میں کچھ تاخیر بھی ہوئی ہے۔ اور عدم اطمینان کی وجہ یہ ہے کہ یہ جزئیہ اصول سے منطبق نہیں ہوتا؛ اس لئے کہ جہاں پر یہ جزئیہ لکھا ہے وہیں پر اس بات کی بھی صراحت ہے کہ حائضہ عورت کو نابالغ بچے کے درجہ میں مان لیا گیا ہے، اس کی نیت اقامت یا نیت سفر کا اعتبار نہیں؛ اس لئے جب اثنائے سفر بچہ بالغ ہوجائے گا تو جس وقت بالغ ہوگا اسی وقت سے اس کی نیت کا اعتبار ہوگا، مگر فوراً ''بخلاف كافر أسلم'' کہہ کر اس کی طرف اشارہ کردیا کہ اگر اثنائے سفر کافر، مسلمان ہوجاتا ہے، تو اس کے اسلام سے پہلے اور بعد کی پوری مدت اقامت پندرہ دن سے زیادہ ہے، تو وہ اتمام کرے گا، تو حالت کفر کی نیت کا اعتبار کیا گیا ہے، جب کہ وہ نماز، روزہ کا مکلّف نہیں تھا؛ لیکن حائضہ کی حالت حیض میں نیت اقامت کا اعتبار نہیں کیا گیا ہے، جس پر علامہ شامیؒ نے بھی تھوڑی سی بحث کی ہے، جو حسب ذیل ہے:

قوله: (بخلاف كافر أسلم) أي فإنه يقصر، قال في الدرر: لأن نيته معتبرة، فكان مسافرا من الأول بخلاف الصبي، فإنه من هذا الوقت يكون مسافرا، وقيل: يتمان، وقيل: يقصران، والمختار الأول، كما في البحر وغيره عن الخلاصة، قال في الشرنبلالية: ولا يخفى أن الحائض لا تنزل

عن رتبة الذي أسلم، فكان حقها القصر مثله، وأجاب في نهج النجاة بأن مانعها سماوي بخلافه، أي وإن كان كل منهما من أهل النية بخلاف الصبي، لكن منعها من الصلاة ما ليس بصنعها فلغت نيتها من الأول، بخلاف الكافر، فإنه قادر على إزالة المانع من الابتداء، فصحت نيته.

(شامي، كراچی ۲/ ۱۳۵، زکریا ۲/ ۲۱۹)

احقر کے عدمِ اطمینان کی اصل وجہ یہ ہے کہ سفر واقامت کا مدار ایک جگہ پندرہ دن تک قیام کی نیت کرنے نہ کرنے پر مان لیا گیا ہے، مگر حائضہ کے حق میں نہیں مانا گیا، اس وجہ سے احقر کو اس مسئلہ پر اطمینان نہیں ہے۔

(۵) مدینہ منورہ میں آٹھ دن سے زیادہ کا قیام نہیں ہوا کرتا؛ اس لئے مدینۃ المنورہ میں اتمام کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا؛ لہٰذا قصر ہی کیا کرے گی، جیسا کہ اوپر کی تفصیل سے واضح ہو چکا ہے۔ فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۱؍ربیع الاول ۱۴۲۹ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۸/ ۹۵۲۶)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۲۹/۳/۲۰ھ

حالت طواف میں پہلی مرتبہ حیض آیا پھر طواف پورا کرلیا تو کیا حکم ہے؟

سوال: [۵۰۶۵] اگر کوئی لڑکی عمرہ اور زیارت مدینہ کے لئے گئی اور دوران طواف اس نے پہلی مرتبہ حیض کے خون کو دیکھا اسی حالت میں اس نے پورا طواف اور سعی کی، ناواقفیت کی وجہ سے، کیا اس پر کچھ لازم ہے یا نہیں؟

جواب: اس لڑکی کو چاہئے تھا کہ عمرہ کا احرام نہ کھولتی؛ بلکہ پاک ہونے کے بعد دوبارہ طواف اور سعی کرتی بہر حال چونکہ اس نے احرام نابالغی کی حالت میں باندھا تھا؛ اس لئے اس پر دم واجب نہیں۔ (حوالہ مناسک لملا علی قاری رحمۃ اللہ تعالیٰ)

اگر بچے نے ممنوعات احرام میں سے کسی چیز کا ارتکاب کیا، تو اس کے ذمہ کچھ نہیں ہے، خواہ یہ ارتکاب بلوغت کے بعد ہو؛ کیوں کہ وہ اس سے پہلے مکلّف نہ تھا۔ (گلدستہ خواتین، ص:۶۱)

حالت حیض میں طواف زیارت کرلیا تو کیا سالم اونٹ ذبح کرنا ضروری ہے؟

سوال: [۵۰۶۶] کیا فرماتے ہیں علماء کرام اس مسئلہ کے بارے میں: ایک عورت طواف زیارت سے پہلے حائضہ ہوگئی، ابھی پاک نہیں ہوئی تھی کہ اتنے میں روانگی کی تاریخ آگئی، طواف کئے بغیر ہی وطن واپس آگئی، اس کے حج کا کیا حکم ہے؟ اس کی شرعاً کوئی تلافی ہوسکتی ہے؟

جواب: یہ صورت کثیر الوقوع ہے، مسئلہ معلوم نہ ہونے کی وجہ سے بہت سی مستورات حج کی ادائے گی سے محروم رہ جاتی ہیں، مصارف اور سفری صعوبتیں برداشت کرنے کے باوجود ان کا حج ادا نہیں ہوتا، طواف زیارت چونکہ فرض ہے، جو حائضہ عورت طواف زیارت کئے بغیر واپس آگئی، اس کا حج ادا نہیں ہوا؛ بلکہ خاوند کے پاس نہ جانے کے بارے میں اس کا احرام بھی باقی ہے۔ اور اس پر لازم ہے کہ اس احرام کے ساتھ واپس مکہ جاکر طواف زیارت کرے۔ ''درمختار'' میں ہے:

وبترک أکثره بقي محرما أبدا في حق النساء حتى يطوف الخ.

(شامیه ۲/ ۲۲٤، مطبوعه رشیدیه)

اس پر علامہ شامی رحمۃ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ: **فإن رجع إلى أهله فعليه حتما أن يعود بذلک الإحرام، ولا يجزئ عنه البدل.**

اور حج کی سعی نہیں کی تھی، تو وہ سعی بھی کرے۔ اور ایسی حائضہ عورت سے پاک ہونے کے بعد اس کے خاوند نے مجامعت بھی کی تو ایک بکری بطور کفارہ حدود حرم میں ذبح کرنا واجب ہے۔ اور اگر یہ فعل متعدد بار ہو چکا ہے، تو کفارے بھی متعدد واجب ہوں گے،

الا یہ کہ احرام توڑنے کی نیت سے مجامعت کی ہو۔

وفي اللباب: واعلم أن المحرم إذا نوى رفض الإحرام، فجعل يصنع ما يصنعه الحلال من لبس الثياب، والتطيب، والحلق، والجماع، وقتل الصيد؛ فإنه لا يخرج بذلك من الإحرام، وعليه أن يعود كما كان محرما، ويجب دم واحد لجميع ما ارتكب، ولو أكل المحظورات، وإنما يتعدد الجزاء بتعدد الجنايات إذا لم ينو الرفض. (شامي، زكريا ۳/ ۵۸۵، كراچی ۲/ ۵۵۳)

ایسی صورت میں مستورات اوران کے وارثوں کے لئے سخت مشکلات ہیں، اس لئے حکومت پرلازم ہے کہ ایسی معذورعورتوں کے لئے سفر مؤخر کرنے کی مناسب ہدایات متعلقہ محکمہ کو جاری کرے۔ اوراگر بالفرض پاک ہونے تک عورت کا ٹھہرنا کسی طرح ممکن نہ ہو، تو ایسی حالت ہی میں اگر یہ عورت طواف کرے گی تو اس کے طواف کا فریضہ ادا ہوجائے گا اور اس کے اوپر ایک بدنہ واجب ہوجائے گا۔ جزئیہ ملاحظہ ہو: (کراچی ۲/ ۵۱۹، زکریا ۳/ ۵۳۹)

طوافِ زیارت سے قبل ہمبستری کی صورت میں بدنہ واجب ہے

سوال [۵۰۶۷]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: شوہر اور بیوی دونوں نے ابھی طواف زیارت نہیں کیا اور ہمبستری کرلی، تو ایسی صورت میں ہر ایک پر بطور جرمانہ ایک ایک بدنہ (اونٹ یا گائے) حدود حرم میں قربان کرنا لازم ہوگا۔ (مستفاد: انوار مناسک/ ۱۱۸و ۳۵۵، آپ کے مسائل اوران کا حل ۴/ ۱۴۶، احسن الفتاوی ۴/ ۵۵۸، بدائع بیروت جدید ۳/ ۲۸۳، بدائع قدیم ۲/ ۲۱۷، ہدایہ ۱/ ۲۵۱، ۲۵۲)

لیکن کتاب مسائل مستورات/ ۹۹، جس کی زیروکس کاپی منسلک ہے، اس مسئلہ میں شامی کے حوالہ سے بجائے بدنہ کے دم بکری تحریر کیا ہے، از راہ کرم صحیح صورت حال سے روشناس فرمائیں۔

المستفتی: میر سعادت علی، حال مقیم نلگنڈہ

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: مسائل مستورات کی عبارت مذکورہ مسئلہ سے متعلق واضح نہیں ہے۔ مصنف اگر زندہ ہیں تو انہیں سے رجوع فرما لیجئے؛ اس لئے کہ یہ مسئلہ تمام کتب فقہ میں وضاحت کے ساتھ موجود ہے کہ طواف زیارت سے پہلے بیوی سے ہمبستری کرنے کی وجہ سے بدنہ واجب ہوجاتا ہے؛ لہٰذا ''انوار مناسک''، ''آپ کے مسائل اوران کا حل'' اور ''احسن الفتاوی'' وغیرہ میں جو مسئلہ ہے وہی صحیح اوردرست ہے۔ اور یہ بات یادرکھیں کہ رفض احرام کا مسئلہ بالکل الگ حکم رکھتا ہے، جس کی طرف ان کتابوں میں اشارہ کیا گیا ہے۔

وإن جامع بعد الوقوف بعرفة لم يفسد حجه عندنا، وعليه بدنة، وأما وجوب البدنة فالمروي عن ابن عباس رضى الله عنهما. (المسالك في المناسك بيروت ٢/ ٧٦٣)

وقول موجب البدنة أوجه؛ لأن إيجابها ليس إلا بقول ابن عباس رضي الله عنهما والمروي عنه ظاهر فيما بعد الحلق، فارجع إليه وتأمله. (فتح القدير، كوئٹه ٢/ ٤٥٨، زكريا ٣/ ٤٣) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۲ر جمادی الاولیٰ ۱۴۲۹ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۸/ ۹۶۱۹)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصورپوری غفرلہ
۲۲/ ۵/ ۱۴۲۹ھ

۷/ باب مسائل منیٰ ومزدلفہ وعرفات

رمئ جمار کی حقیقت

سوال [۵۰۶۸]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: جب اللہ تعالیٰ نے حضرت ابراہیم علیہ السلام کو حکم دیا کہ اپنی محبوب چیز اللہ کے راستہ میں قربان کیجئے، تو حضرت ابراہیم علیہ السلام اپنے محبوب بیٹے حضرت اسماعیل کو قربان کرنے کے لئے جانے لگے، تو اللہ نے اس کے بدلے میں دنبہ بھیجا، تمام علماء یہ بیان کرتے ہیں کہ پھر آپ کو شیطان نے بہکایا اور شیطان نے کہا کوئی باپ اپنے بیٹے کو ذبح کیا کرتا ہے؟ اس پر حضرت ابراہیم علیہ السلام نے سات کنکریاں ماریں اور تبھی سے یہ سنت جاری ہوگئی؛ لیکن زید کہتا ہے کہ یہ واقعہ حضرت ابراہیم واسماعیل علیہما السلام سے متعلق نہیں، یہ واقعہ اصحاب فیل یعنی ابرہہ کا جو لشکر بیت اللہ کو ڈھانے کے لئے آیا تھا تو اللہ نے ابابیل کو حکم دیا تھا اور انہوں نے فوج پر کنکریاں ماریں، تو اسی سنت کو لوگ ہمیشہ مناتے ہیں؛ لہٰذا حضرت سے مؤدبانہ التماس ہے کہ صحیح واقعہ کیا ہے؟ آیا کنکریاں مارنا یہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کی یادگار ہے یا ابرہہ کی فوج پر ابابیل کے کنکری مارنے کی یادگار ہے؟ صحیح کیا ہے؟

المستفتی: محمد یٰسین قصبہ انہل ضلع اجین، ایم پی

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: رمئ جمار کا تعلق حضرت ابراہیم واسماعیل علیہما السلام کے واقعہ سے ہے، اصحاب فیل کے واقعہ سے نہیں ہے۔ اور یہ بات بھی واضح رہے کہ اصحاب فیل منیٰ کی حدود میں داخل ہی نہ ہو سکے تھے؛ بلکہ اس سے پہلے ہی منیٰ اور مزدلفہ کے درمیان وادئ محسر میں تباہ کردئے گئے تھے۔ اور کنکریاں مارنے کی سنت حضرت ابراہیم علیہ السلام سے شروع ہوئی ہے۔ تفسیر کی کتابوں میں اس کی صراحت ہے کہ جب شیطان نے

حضرت ابراہیم واسماعیل علیہما السلام کو راستے میں بہکانا چاہا،تو حضرت ابراہیم علیہ السلام نے پہلے جمرۂ اولیٰ کے پاس پھر جمرۂ ثانیہ کے پاس، پھر جمرۂ ثالثہ کے پاس سات سات کنکریاں ماریں، آج تک حضرت ابراہیم علیہ السلام کی کنکریاں مارنے کی سنت عبادت کے طور پر جاری ہے اور انشاء اللہ قیامت تک جاری رہے گی۔

والمشهور أن أصل السنية رمي الشيطان هناک ففي خبر عن قتادة أن الشيطان أراد أن يصيب حاجته من إبراهيم وابنه يوم أمر بذبحه، فتمثل بصديق له، فأراد أن يصده عن ذلک فلم يتمكن، فتعرض لابنه، فلم يتمكن فأتى الجمرة فانتفخ حتى سد الوادي ومع إبراهيم ملک، فقال له: ارم يا إبراهيم، فرمي بسبع حصيات يكبر في أثر كل حصاة، فأفرج له عن الطريق، ثم انطلق حتى أتى الجمرة الثانية، فسد الوادي أيضا، فقال الملک: ارم يا إبراهيم فرمي كما في الأولىٰ، وهكذا في الثالثة. (روح المعاني، سورة الصافات، قديم: ۲۳/ ۱۳۲، جديد زكريا ۱۳/ ۱۹۳، ومثله في القرطبي ۸/ ۹۶-۹۵، تفسير الآيات/ ۱۰۲، ۱۱۳، تفسير معارف القرآن أشرفيه ديوبند ۸/ ٤٦٠)

فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۵/ربیع الثانی ۱۴۲۱ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۵/۶۵۸۸)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۵/۴/۱۴۲۱ھ

شوہر کا بیوی کی طرف سے رمی کرنا

سوال [۵۰۶۹]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: بیوی کی جانب سے ۱۲/تاریخ کی رمی میں بلاعذر مرد نے کنکری ماردی، عورت نے نہیں ماری، بیوی نے ایک دن کی خود ماری، اور دو دن نہیں ماری، ہندوستان آنے کے بعد

معلوم ہوا یہ دونوں واجب فوت ہوئے ہیں، اب حاجی کیا کرے، حج درست ہوا یا نہیں؟

المستفتی: محمد انعام اللہ امام جامع مسجد کاس گنج

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: علماء نے مجبوری کے موقع پر مسئلۂ ترتیب میں صاحبین کے قول پر عمل کرتے ہوئے ترتیب کی گنجائش بتلائی تھی، مگر نیابت کی بات نہیں اور تندرست عورت کی طرف سے نیابت جائز نہیں ہے؛ اس لئے دو دن کی رمی عورت سے بلا عذر ترک ہوگئی؛ لہٰذا عورت پر دم دینا لازم ہوگا، جانے والے حاجی کے ہاتھ بھیج دیا جائے؛ کیوں کہ یہ دم صرف حدود حرم میں دے سکتے ہیں۔

أن يرمي بنفسه، فلا تجوز النيابة فيه عند القدرة الخ. (غنية الناسك قديم: ۱۰۰، جديد كراچی ۱۸۷) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۳؍صفر ۱۴۲۵ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۸۲۲۲/۳۷)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۲۵/۲/۳ھ

مزدلفہ میں کتنی کنکریاں لیں؟

سوال [۵۰۷۰]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: مزدلفہ سے جو کنکریاں رمیٔ جمرات کے لئے لی جاتی ہیں، تو وہ تمام جمرات کی رمی کے لئے یعنی ستر ایک ساتھ لی جاتی ہیں، یا صرف پہلے دن رمیٔ جمرۂ عقبہ کے لئے سات لی جاتی ہیں، بقیہ منیٰ سے ہی لیتے ہیں۔

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: اس مسئلہ میں ہر طرح کی گنجائش ہے، مزدلفہ سے ستر کنکریاں لے لینا بھی بلا تردد جائز ہے اور ایسا کرنا بھی جائز ہے کہ مزدلفہ سے صرف سات

کنکریاں پہلے دن جمرۂ عقبہ کے لئے لے لے، اس کے بعد باقی کنکریاں، قیام کے دوران منی ہی سے لے لے؛ لیکن اس میں شرط یہ ہے کہ جمرات کے آس پاس سے کنکریاں لینا جائز نہیں ہے؛ اس لئے کہ آس پاس میں وہ کنکریاں ہوتی ہیں، جن کے ذریعہ سے رمی کی جا چکی ہے؛ لہٰذا ایسی کنکریوں سے دوبارہ رمی کرنا مکروہ ہے۔ (مستفاد: حج وعمرہ کا آسان طریقہ ٦٨، حج وعمرہ تالیف مولانا رشید ابراہیم خان پوری ص:۱۸۲)

ويستحب أخذ الجمار من المزدلفة، أو من الطريق، ويكره من الذي عند الجمرة. (مراقي الفلاح مع حاشية الطحطاوي قديم: ٤٤٠، جديد دار الكتاب ديو بند ٧٣٦) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۸/۴/۱۴۲۵ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۷/۸۳۳۲)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۲/۴/۱۴۲۵ھ

حج میں بسبب مرض رمیٔ جمار چھوڑنے کا حکم

سوال [۵۰۷۱]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: زید نے حج کیا اور اس نے حج کے سب ارکان پورے پورے ادا کئے؛ لیکن رمیٔ جمار کی ادائے گی پہلے روز تو ادا کر لی لیکن بسبب بیماری دوسرے اور تیسرے ایام میں رمیٔ جمار نہیں کر پایا اور ان کی خدمت میں ان کی اہلیہ بھی رہیں؛ اس لئے وہ بھی مذکورہ ایام میں رمیٔ جمار نہیں کر پائیں، تو کیا ان پر دم لازم ہوگا؟ اگر دم لازم آئے گا تو اس کی مقدار کیا ہوگی اور اس کی رقم مدرسہ میں خرچ کی جا سکتی ہے یا نہیں؟

المستفتی: بشیر احمد قاسمی

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: دونوں پر دو بکرے قربان کرنا واجب ہوگا اور یہ

حدود حرم کے اندر ہی کرنا ہوگا، یہاں سے جانے والے کے ساتھ بھی یہ کام ہوسکتا ہے۔
(مستفاد: فتاوی رحیمیہ قدیم: ۵/۲۳۲، جدید زکریا ۸/۱۰۰)

أو الرمي كله أو في يوم واحد، وتحته في الشامي: إنما وجب بتركه كله دم واحد؛ لأن الجنس متحد. (شامي، كتاب الحج، باب الجنايات زكريا ۳/ ٥٨٦، كراچی مع الدر ٢/ ٥٥٤، مصري ٢/ ٢٨٤)

ومنه ما يختص بالمكان دون الزمان، وهو دم الجنايات. (حاشية شرح النقاية، إعزازيه ديوبند ١/ ٢١٤) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۷؍رمضان المبارک ۱۴۱۰ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۲۹/۱۹۴۴)

کیا صحت مند کے لئے رمی میں نیابت جائز ہے؟

سوال [۵۰۷۲]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: طواف اور سعی کی ہمت رکھنے والا شخص اگر بھیڑ کی گھبراہٹ کی وجہ سے کسی سے رمیٔ جمرات کرالے تو کوئی مضائقہ تو نہیں؟ اور دم تو واجب نہیں ہو جاتا؟

المستفتی: محمد یونس جامع مسجد، احمد گڑھ

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وبالله التوفيق: جو طواف وسعی کی ہمت رکھتا ہے اس کے لئے رمی میں نیابت جائز نہیں ہے، نیابت صرف سخت ترین معذور کے لئے جائز ہے۔

لا يجوز النيابة فيه عند القدرة. الخ (غنية الناسك، قديم ١٠٠، جديد كراچی ١٨٧) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۷؍شعبان ۱۴۲۰ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۴/۶۳۲۲)

رمی، قربانی، حلق میں ترتیب کا وجوب

سوال [۵۰۷۳]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: ''ایضاح المناسک'' وغیرہ میں رمی، قربانی، حلق میں ترتیب غالباً واجب لکھی ہے، مگر حکومت سعودیہ نے سرکاری طور پر قربانی کا انتظام کیا ہے، کیا یہ شکل معتبر ہے؟ اور دئے گئے وقت پر حلق کرالیا جائے تو کیا حکم ہے؟

المستفتی: محمد یونس احمد گڑھ پنجاب

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: سعودی حکومت کا اعلان حنبلی مسلک کے مطابق ہوتا ہے، اس لئے کہ ان کے نزدیک ترتیب واجب نہیں ہے، احناف کے نزدیک چونکہ رمی، قربانی، حلق میں ترتیب واجب ہے؛ اس لئے ان کو اس سلسلہ میں احتیاط کرنی چاہئے اور خود ہی قربانی کرنے کی کوشش کرنی چاہئے۔ اور مجبوری کی صورت میں معتبر حنفی شخص یا حنفی ادارہ کو اپنی قربانی کا وکیل بنانا چاہئے۔ (مستفاد: انوار مناسک/۵۹۳)

واعلم أن ما يفعل في أيام النحر أربعة أشياء: الرمي، والنحر، والحلق، والطواف، وهذا الترتيب واجب عند أبي حنيفة ومالك وأحمد.

(البحرالرائق، كتاب الحج، باب الجنايات، كوئٹه ۳/ ۲٤، زكريا ۳/ ٤۲)

واعلم أنه يفعل في يوم النحر أربعة أشياء: الرمي، والنحر، والحلق، والطواف، وهذا الترتيب واجب أم لا؟ اختلف العلماء فيه، فقال أبو حنيفة، والشافعي رحمهما الله في وجه ومالك وأحمد رحمهما الله واجب. (البناية شرح الهداية، أشرفيه ديوبند ٤/ ٣٦٦) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۸ محرم الحرام ۱۴۲۸ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۸/۹۱۶۲)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۲۸/۱/۱۴۲۸ھ

مزدلفہ میں داخل ہونے سے قبل راستہ میں مزدلفہ سمجھ کر سورج طلوع ہونے تک بیٹھ جائے تو کیا حکم؟

سوال [۵۰۷۴]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کچھ لوگ مزدلفہ کے دائرے میں دخول سے پہلے مزدلفہ سمجھ کر بیٹھ گئے اور پھر خوب بھیڑ ہوگئی، سورج طلوع کے قریب ہوا، تو وہاں سے چلے اور طلوع کے بعد مزدلفہ میں داخل ہوئے، ظاہر ہے کہ ان کو وقوفِ مزدلفہ نہیں ملا تو ایسی صورت میں ان پر دم واجب ہے یا نہیں؟

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: چونکہ مذکورہ صورت میں وقوف مزدلفہ ان کی غفلت کی بناء پر فوت ہوا ہے؛ لہٰذا ان پر ترک واجب کا دم لازم ہوگا؛ کیوں کہ انسانوں کا اتنا بڑا مجمع ہوتا ہے اگر یہ لوگ چاہتے تو کسی سے معلوم کر لیتے۔ (مستفاد: انوار مناسک ۴۳۸، کتاب المسائل ۳/ ۳۱۲، آپ کے مسائل اور ان کا حل ۵/ ۳۶۵)

وأما حكم فواته عن وقته أنه إن كان لعذر فلا شيء عليه، وإن كان فواته لغير عذر فعليه دم؛ لأنه ترك الواجب من غير عذر، وإنه يوجب الكفارة. (بدائع الصنائع، كتاب الحج، زكريا، ۲/ ۳۲۲)

قال الحنفية: إن فات الوقوف فإن كان لعذر فلا شيء عليه، وإن كان فواته لغير عذر، فعليه دم؛ لأنه ترك الواجب من غير عذر. (الفقه الإسلامي وأدلته، أحكام الحج والعمرة، ۳/ ۲۳۲)

ومن ترك الوقوف بمزدلفة فعليه دم؛ لأنه من الواجبات يعني إذا كان قادرا. (الجوهرة النيرة، باب الجنايات في الحج ۱/ ۲۵۰)

مرادهم بالعذر ما يكون من الله تعالىٰ، فلو كان من العباد فليس

بعذر، وكذا لو منعه العدو من الوقوف بمزدلفة مثلا فعليه دم. (غنية الناسك كراچی جديد ۲۳۹، قديم: ۱۲۸)

ويستوي في وجوب الجزاء الرجل والمرأة، ولا فرق فيه بينهما إذا ارتكب المحظور ذاكرا أو ناسيا، عالما أو جاهلا، طائعا أو مكرها. (غنية الناسك قديم ۱۲۹، کراچی جديد: ۲۴۲) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۴۳۴/۱۲/۳ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۴۰/ ۱۱۳۳۶)

نائب کے رمیٔ جمار نہ کر پانے کا حکم

سوال [۵۰۷۵]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: احکام حج میں رمیٔ جمار کے لئے نائب پہلے دن بنایا؛ کیوں کہ میں ضعیف ہوں اور نائب نے رمیٔ جمار کی، اسی طرح اسی آدمی کو دوسرے دن رمیٔ جمار کے لئے نائب بنایا، اس نے رمیٔ جمار میری طرف سے نہیں کی اور مجھ سے بتلاتا ہے کہ میں نے رمیٔ جمار کی تھی؛ لیکن بعد میں تحقیق کرنے پر بتلایا کہ صحیح بات یہ ہے کہ میں بھیڑ کی وجہ سے آپ کی طرف سے رمیٔ جمار نہیں کر پایا اور تیسرے دن کسی طرح میں نے رمیٔ جمار کی تھی، تو دوسرے دن جو نائب نے رمیٔ جمار نہیں کی (چھوٹ گئی) تو اس کا کیا کرنا پڑے گا؟ اگر صدقہ کرنا ہے، تو ہندوستان کی رقم سے یا سعودیہ کے ریال کے حساب سے، اس کی بھی وضاحت فرمائیں؟

المستفتی: محمد عباس پورنیہ، بہار

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: دوسرے دن کی رمی جو تینوں جمرات سے متعلق ہے، اس کے ترک ہوجانے کی وجہ سے ایک دم (بکرا یا بھیڑ یا دنبے کی قربانی) حدود حرم میں دینا لازم

ہوگیا، کسی کے واسطے سے حدود حرم میں قربانی کرادے، اس میں جو بھی رقم لگ جائے گی دینی ہوگی۔

وإن لم يقض حتى غربت الشمس منه فات وقت القضاء والأداء، وعليه دم واحد اتفاقا. (غنية الناسك، رمي الجمار، قبيل فصل في صفة رمي الجمار، جديد كراچى ١٨٢، قديم: ٩٧)

ولا يجوز ذبح الهدايا إلا في الحرم. (هندية، زكريا قديم ١/ ٢٦١، جديد زكريا ١/ ٣٢٦) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۵/ ربیع الثانی ۱۴۱۸ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۳/ ۵۲۲۶)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۱۸/۴/۵ھ

تیسرے دن کی رمی چھوٹ جائے تو کیا حکم ہے؟

سوال [۵۰۷۶]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: اگر حج بیت اللہ میں تیسرے روز کی رمی چھوٹ جائے تو کیا حاجی پر دم واجب ہوتا ہے؟ اگر واجب ہوتا ہے اور وہاں پر دم ادا نہ کر سکے تو کیا گھر پر آکر یہ دم ادا کرسکتا ہے؟ بصورت دیگر کیا کرنا چاہئے تحریر فرمائیں؟

المستفتی: مولوی عبد الباسط، بجنور

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وبالله التوفيق: اگر تیسرے روز کی رمی نہیں کر سکا تو حاجی پر دم واجب ہوگا، اور دم کے لئے حدود حرم کا ہونا شرط ہے؛ اس لئے گھر پر دم ادا کرنا درست نہیں۔

(مستفاد: فتاوی رحیمیہ قدیم ۵/ ۲۳۲، جدید زکریا ۸/ ۱۰۰، ایضاح المناسک/ ۱۵۵)

وإن ترك رمي يوم فعليه دم. (البحر الرائق، كتاب الحج، باب الجنايات، زكريا ٣/ ٤١، كوئٹه ٣/ ٢٣، شامي، زكريا ٣/ ٥٤٢، كراچى ٢/ ٥٢١)

(ذبح في الحرم) فلو ذبح في غيره لم يجز. (شامي، باب الجنايات،

زکریا ۳/ ۵۹۱، کراچی ۲/ ۵۵۸، هندية، قديم زكريا ۱/ ۲٦۱، جديد ۱/ ۳۲٦، تاتارخانية، قديم ۲/ ۵۷۰، جديد زكريا ۳/ ٦۷۵، رقم: ۵۳۳۲) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۵/ جمادی الثانیہ ۱۴۱۷ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۲/ ۴۹۰۳)

رمی کے لئے وکیل بنانا

سوال [۵۰۷۷]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: ۱۱/۱۲/ ذی الحجہ کو اگر کوئی ساتھیوں کے بچھڑ جانے کی وجہ سے رمی نہ کر سکے؛ بلکہ اپنا وکیل بھیج دے اور وہ رمی کرلے تو آیا یہ رمی صحیح ہوئی یا نہیں؟ ساتھیوں کا بچھڑ جانا یہ اعذار شرعیہ میں سے ہے یا نہیں؟

المستفتی: عبدالرؤف

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: رمی میں عذر شرعاً معتبر ہے، اس سے دم واجب نہیں ہوتا۔

إن تركه بلا عذر لزمه دم، وإن بعذر فلا شيء عليه مطلقا. (شامي، كتاب الحج، باب الجنايات، كوئٹه ۲/ ۲۱۷، كراچی ۲/ ۵۵۳، زكريا ۳/ ۵۸۵، بدائع الصنائع، قديم ۲/ ۱۳٤، جديد زكريا ۲/ ۳۱۹، البحرالرائق، كوئٹه ۳/ ۲۳، جديد زكريا ۳/ ٤۰)

لیکن ساتھیوں کا بچھڑ جانا باب حج میں اتنا شدید عذر نہیں ہے، جس سے وکالت جائز ہوجائے؛ بلکہ عذر شدید کی مثال اہل فتاوی نے ایسے مرض شدید سے دی ہے کہ کھڑا ہوکر نماز نہ پڑھ سکتا ہو، یا جمرات تک نہ جا سکتا ہو۔ (معلم الحجاج بحوالہ فتاوی رحیمیہ قدیم ۵/ ۲۳۵، جدید زکریا ۸/ ۸۵، قرۃ العینین فی زیارۃ الحرمین ۱/ ۱۶۴، احسن الفتاوی ۴/ ۵۲۴)

اس لئے یہ باب حج میں اعذار شرعیہ میں سے نہیں ہے۔فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۷؍ صفر ۱۴۰۸ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۲۳/ ۵۲۶)

گیارھویں و بارھویں کی رمی زوال سے قبل کرنا

سوال [۵۰۷۸]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: مسئلہ: گیارھویں اور بارھویں ذی الحجہ کو رمیٔ جمرات کا وقت زوال کے وقت سے شروع ہوتا ہے، اس سے پہلے رمی جائز نہیں۔ (بحوالہ معلم الحجاج ۱۸۲، مسائل ومعلومات حج وعمرہ ۸۳، ایضاح المناسک ۱۵۳، انوار مناسک ۴۷۹-۴۸۰)

تقریباً چھ سات سال سے مسلسل سعودی حکومت ایک فتویٰ بڑے بڑے اشتہارات کے ذریعہ جابجا آویزاں کر رہی ہے، جس میں رمی کا وقت ۱۰؍ ذی الحجہ کی طرح باقی دنوں میں یعنی ۱۱؍۱۲؍ اور ۱۳؍ ذی الحجہ کو بھی صبح صادق سے شروع ہونا لکھا ہے، جس کی وجہ سے ایک بڑی تعداد حنفی مسلک کے لوگوں کی بھی قبل از زوال رمی کر رہی ہے اور خاص طور پر ۱۲؍ ذی الحجہ کو بھی بعض ٹراویل ایجنٹ اور معلم حضرات بھی انتظامیہ کے دئے ہوئے وقت اور قبل از زوال جواز کا فتویٰ بتلا کر لوگوں کو ترغیب دلا کر رمی کراتے ہوئے مکہ مکرمہ منتقل کر رہے ہیں، ایسی صورت میں ان لوگوں کی رمی درست ہوگی یا نہیں؟ اگر زوال سے قبل رمی کر لی ہے، تو کیا ان پر دم واجب ہے جیسا کہ حنفیہ کا اسی پر فتویٰ ہے۔

لیکن غور طلب امر یہ ہے کہ ایک بڑا طبقہ ۱۲؍ ذی الحجہ کو حکومت کے دئے ہوئے فتوی پر عمل پیرا ہے اور یہ ابتلا عام ہے، کیا اس سلسلے میں قبل از زوال رمی کرنے کی گنجائش ہے، جیسا کہ ذیل کی روایات سے ظاہر ہے۔

(۱) ۱۱؍اور ۱۲؍ذی الحجہ کو بعض احباب ہجوم کے خوف سے وقت (زوال) سے پہلے رمی کر لیتے ہیں، جمہور کے قول پر ایسا کرنا صحیح نہیں ہے، اس سے رمی ادا نہیں ہوتی، اس پر لازم ہے کہ وقت کے بعد دوبارہ رمی کرے، ورنہ اس پر دم لازم آئے گا، اسی قول پر احناف نے فتویٰ دیا ہے، گوکہ ملا علی قاری رحمۃ اللہ علیہ نے شرح مناسک میں حضرت سیدنا امام اعظم ابوحنیفہؒ سے دوسرے اور تیسرے دن زوال سے قبل رمی کے جواز کا قول نقل کیا ہے۔ اور زوال کے بعد کی رمی کو افضلیت پر محمول کیا ہے۔ صاحب بدائع الصنائع نے بھی اسی طرح کا قول نقل کیا ہے۔ اور استدلال یہ کیا ہے کہ جب پہلے دن زوال سے قبل رمی درست ہے تو دوسرے اور تیسرے دن بھی رمی درست ہوگی؛ کیوں کہ تمام ایامِ نحر ایامِ رمی ہیں۔ (بحوالہ بدائع الصنائع ۲/ ۱۳۷، انوار حج وزیارت ۹۵)

(۲) بارھویں ذی الحجہ کو لاکھوں آدمی زوال کے بعد کنکریاں مار کر مکہ شریف واپس لوٹنا چاہتے ہیں: اس لئے اس وقت وہاں بے پناہ ہجوم ہو جاتا ہے، عورتوں اور ناتوانوں کے لئے کوئی ٹھکانا ہی نہیں رہتا، اچھے توانا اور تندرست لوگ بھی اپنی حفاظت نہیں کر سکتے: اس لئے ایسی خطرناک بھیڑ کی وجہ سے اگر عورتوں اور کمزوروں کی جانیں اور عزت وآبرو خطرہ میں ہو تو ایک روایت کے مطابق عورتوں، بچوں، بوڑھوں اور کمزوروں کو زوال سے پہلے بھی رمی کرا سکتے ہیں، اس کی مزید تفصیل رسالہ ”رمی قبل از زوال“ میں دیکھ لی جائے۔ علماء اس روایت پر اس لئے فتوی نہیں دیتے کہ وہ اسے ضعیف شمار کرتے ہیں اور دوسرے یہ کہ اس فتویٰ کے بعد تندرست اور توانا آدمی بھی اس رخصت سے بے جا فائدہ حاصل کریں گے۔ (رہنمائے زائرین حرم، ص:۱۹-۹۲)

ان مندرجہ بالا روایتوں کے تناظر میں صحیح جواب سے سرفراز فرمائیں کہ جو لوگ قبل از زوال سعودی حکومت کے دئے گئے فتوی کے مطابق رمی کر رہے ہیں، ان کے لئے کیا حکم ہے؟ کیا ان پر دم لازم ہوگا یا نہیں؟

(۱) انوار حج وزیارت، مولف مفتی صادق محی الدین صاحب مفتی جامعہ نظامیہ حیدرآباد

(۲) رہنمائے زائرین حرم، مرتب عبدالستار

المستفتی: میر سعادت علی حیدرآبادی، حال مقیم نلگنڈہ

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: آنجناب نے مفصل تشریح کے ساتھ سوال نامہ ارسال فرمایا ہے، اس سوال نامہ کو بار بار پڑھا گیا ہے مراجع کو بھی دیکھ لیا گیا ہے، گیارھویں اور بارھویں تاریخ کو زوال سے پہلے رمی کے جواز کے قائلین کے پاس صرف امام ابوحنیفہ کا ایک قول ضعیف ہے، اس کے علاوہ اور کوئی دلیل نہیں ہے۔ اور امام ابوحنیفہؒ کا قول مشہور اور جمہور علماء کا قول ان ایام میں زوال سے پہلے رمی کے عدم جواز کا ہے، نیز حضور صلی اللہ علیہ وسلم، خلفائے راشدین اور اجلۂ صحابہ سے ان ایام میں زوال سے پہلے رمی کا ثبوت نہیں ہے۔ اور اس زمانہ میں رمی کرنے کے لئے جمرات کو پانچ منزل بنادیا گیا ہے۔ اور زوال کے بعد سے لے کر صبح صادق تک کے درمیان کسی بھی وقت رمی کی جاسکتی ہے، جس میں تقریباً ۱۷-۱۸/ گھنٹہ کا وقت ہوتا ہے۔ اور آج کل پانچ منزل بن جانے کے بعد بھیڑ اور دشواریاں ختم ہو چکی ہیں، تو ایسے حالات میں ایک قول ضعیف کو لے کر وقت سے پہلے رمی کی گنجائش کہنا ہماری سمجھ میں نہیں آتا ہے۔ اور جو اشتہار معلمین کی طرف سے بانٹا جاتا ہے، وہ مؤسسہ کی طرف سے ہوتا ہے، حکومت سعودیہ کی طرف سے نہیں ہوتا ہے، اس سلسلہ میں تحقیق کی جاچکی ہے؛ اس لئے ہم گیارھویں اور بارھویں کی رمی کو زوال سے پہلے ناجائز سمجھتے ہیں، اگر رمی کا اعادہ نہ کیا جائے تو وجوب دم کو لازم سمجھتے ہیں۔ اور احقر نے ''انوار مناسک'' ص: ۴۸۷-۴۹۲/ تک کے درمیان دس عبارتوں کے ذریعہ سے اسی کو واضح کیا ہے، ضرور آنجناب کی نگاہ سے گذرا ہوگا۔ فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۶/ محرم الحرام ۱۴۳۱ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۸/ ۹۸۴۷)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۶/۱/۱۴۳۱ھ

دس ذی الحجہ کو رمی، قربانی اور حلق میں ترتیب فوت ہونے کا حکم

سوال [۵۰۷۹]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: دوران حج متمتع اور قارن کے لئے احناف کے مفتی بہ قول کے مطابق دسویں ذی الحجہ کو رمیٔ جمرات پھر قربانی، پھر حلق میں ترتیب واجب ہے اور واجب کے ترک پر دم لازم آتا ہے؛ لیکن عمومی اعتبار سے رمیٔ جمرات اور حلق کے درمیان قربانی کرانے میں بے حد دشواری پیش آتی ہے، قربان گاہ کی دوری، حاجی حضرات کا تکان سے دوچار ہوجانا، خود مذبح تک نہ جاسکنا، اور جن کو وکیل بناتا ہے وہ ترتیب کی رعایت اپنی دشواریوں کی وجہ سے نہیں کر پاتے، مجمع کے ازدحام سے چلنا پھرنا دوبھر اور ایسے وقت میں جوّال کا شبکہ (موبائل کا نیٹ ورک) بھی عموماً فیل ہوجاتا ہے، جس کی وجہ سے رمیٔ جمرات کے بعد حاجی اپنے وکیل ونائب سے رابطہ بھی نہیں کر پاتا، احرام کی درازی کی وجہ سے کافی دقت بھی پیش آجاتی ہے، تو کیا ایسے حالات میں صاحبین کے قول پر عمل کی گنجائش ہوسکتی ہے کہ رمیٔ جمرات اور حلق کے درمیان قربانی کی ترتیب ساقط ہوجائے اور حاجی دم کے وجوب سے نجات پا جائے، امید کہ تسلی بخش مفصل اور عام فہم جواب سے نوازیں گے۔

المستفتی: ابوزید عبدالعزیز پوکرن، راجستھان

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: آج کے زمانہ میں ہر طرح کی سہولیات رابطہ کرنے کے لئے موجود ہیں، حاجی حضرات ہر قافلہ میں سے دوچار نوجوانوں کو اس ذمہ داری کا مکلّف بنائیں اور کمزور لوگ اپنے خیموں میں قیام کریں اور یہ نوجوان قربان گاہ جاکر سب کی طرف سے جانور خرید کر قربانی کرسکتے ہیں۔ اور احرام کی طوالت شرعاً عذر نہیں ہے اور جب سے جوال کا سلسلہ شروع ہوا ہے بڑی سہولت ہوگئی ہے اور اس کا تجربہ بھی ہوگیا ہے؛ اس لئے صاحبین کے قول پر عمل کرنے کی گنجائش نہیں ہے؛ بلکہ امام صاحب کے قول پر عمل کرنا لازم ہوگا۔ اور مکۃ

المکرّمہ میں بھی شارع ابراہیم خلیل سے آگے چل کر کعکیہ میں جانوروں کی بڑی منڈی ہے اور وہاں جانوروں کی قربانی کی جگہ بھی ہے، دسویں ذی الحجہ کو رمی کے بعد ایسے نوجوانوں کو طواف کے بعد آرام سے وہاں بھیج کر قربانی کرائی جاسکتی ہے، تاہم اگر پوری کوشش کے باوجود ترتیب برقرار نہ رہ سکے، تو صاحبین کے قول پر عمل کرتے ہوئے دم واجب نہ ہوگا۔

أو قدم نسكا على آخر، فيجب في يوم النحر أربعة أشياء: الرمي، ثم الذبح لغير المفرد، ثم الحلق، ثم الطواف ...... ويجب دمان على قارن حلق قبل ذبحه دم للتاخير، ودم للقران على المذهب كما حرره المصنف (في الشامية: والحاصل أن الطواف لا يجب ترتيبه على شيء من الثلاثة، وإنما يجب ترتيب الثلاثة: الرمي، ثم الحلق، كما حرره المصنف، أي تبعا لشيخه في البحر. (شامي، كتاب الحج، باب الجنايات، كراچی ۲/ ۵۵۵، زکریا ۳/ ۵۸۸، ونحوه ذلك في البحرالرائق، كوئٹه ۳/ ۲۴، زکریا ۳/ ۴۲) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۸/ صفر المظفر ۱۴۳۴ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۴۰/ ۱۰۹۷۵)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۳۴/۲/۱۹ھ

رمی میں نیابت سے دم واجب نہیں ہوتا

سوال [۵۰۸۰]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں:

وتجوز الإنابة في الرمي لمن عجز عن الرمي بنفسه لمرض أو حبس، أو كبر سن، أو حمل المرأة، فيصح للمريض بعلة لا يرجي زوالها قبل انتهاء وقت الرمي، وللمحبوس وكبير السن والحامل، أن يوكل عنه من يرمي عنه الجمرات كلها، ويجوز التوكل عن عدة

أشخصاص على أن يرمي الوكيل عن نفسه أولا كل جمرة من الجمرات الثلاث. (الفقه الإسلامي وأدلته، هدى انٹرنیشنل دیوبند ۳/ ۲۳۶)

سوال: زید نے رمیٔ جمرات ثلاثہ ۱۲؍تاریخ کوعورتوں کی طرف سے وکالۃً کی؛ کیوں کہ قافلہ چل رہا تھا، عورتوں کورمی کرنا بہت دشوار تھا، یہ رمی صحیح ہوئی بحالت عدم صحت دم واجب ہے یا نہیں؟

الجواب: رمیٔ جمار واجب ہے۔ اور ترک واجب اگر بہ سبب کسی عذر کے ہو تو اس میں کچھ نہیں آتا۔

كما في ردالمحتار: وكذا كل واجب إذا تركه بعذر لا شيء عليه، كما في البحر، شامي، وهكذا في المناسك وغيره.

پس اس صورت میں بہ سبب عذر ازدحام کے جن عورتوں کی رمی ترک ہوئی ان پر اس کی وجہ سے دم واجب نہ ہوگا۔ (مستفاد: فتاوی دارالعلوم مدلل ومکمل جلد ششم، ص:۵۵۳-۵۵۴)

لكن لو تركه بعذر كزحمة بمزدلفة لا شيء عليه. (الدرالمختار ۲/ ۵۱۲)

وقد صرحوا بأنه لو أفاض من عرفات لخوف الزحام، وجاوز حدودها قبل الغروب لزمه دم ما لم يعد قبله، وكذا لو ندّ بعيره فتبعه كما صرح به في الفتح، وقد يجاب بأن خوف الزحام لنحو عجز، ومرض إنما جعلوه عذرا، هنا لحديث، "أنه صلى الله عليه وسلم قدم ضعفة أهله بليل" ولم يجعل عذرا في عرفات لما فيه من إظهار مخالفة المشركين، فإنهم كانوا يدفعون قبل الغروب، فليتأمل.

(وقوله: لا شيء عليه) وكذا كل واجب إذا تركه بعذر لا شيء عليه كما في البحر. (ردالمحتار ۲/ ۵۱۱-۵۱۲، مطلب في الوقوف بمزدلفة)

(۱) اب سوال یہ ہے کہ آج کل جمرات پر دن یا رات کے کسی بھی وقت میں حتی کہ رات بارہ بجے ایک بجے بھی اتنا ہجوم اور ازدحام ہوتا ہے کہ کمزور ضعیف اور بوڑھی عورتوں

کے لئے تو بسا اوقات جان کا خطرہ لاحق ہو جاتا ہے۔ اور یہ بالکل مشاہدہ کی بات ہے، جس طرح بذات خود رمی کرنا واجب ہے، اسی طرح یوم النحر کے افعال میں ترتیب بھی واجب ہے۔ اور ترتیب قائم رکھنے میں جان کا خطرہ تو نہیں؛ لہٰذا ترتیب قائم رکھنے کی مشقت وتکلیف بذات خود رمی کرنے کی بہ نسبت اخف اور کمتر ہے۔ اور مذکورہ بالا لوگوں کو بذات خود رمی کرنے کی مشقت وتکلیف اس سے بدرجہا سخت ہے۔

جمعیۃ علماء ہند کی زیرنگرانی محمود ہال دیوبند میں منعقد ہونے والے چھٹے فقہی اجتماع، نیز اسلامک فقہ اکیڈمی کے تحت ہونے والے فقہی سمینار میں آج کل کے حالات میں ازدحام یا دیگر پریشان کن اعذار کی بناء پر یوم النحر کے افعال میں ترتیب قائم رکھ نہ سکنے کی صورت میں تیسیراً علی الناس دم واجب نہ ہونے کا فتوی دیا گیا ہے، تو کیا خوف ازدحام اور دیگر پریشان کن اعذار کی بناء پر ضعیف، مریض، کبیر السن عورتوں اور مردوں کے لئے نیابت فی الرمی یعنی دوسرے کسی شخص کے ذریعہ رمی کرانا بغیر وجوب دم کے جائز ہے یا نہیں؟

(۲) بعض حضرات کی رائے یہ ہے کہ ترکِ وقوفِ مزدلفہ میں عجز ومرض وغیرہ کی بنا پر خوف ازدحام کو عذر قرار دیا جانا مذکورہ بالا حدیث: ''**أنه صلی اللہ علیه وسلم قدم ضعفة أهله بليل**'' کی بنا پر منصوص ہے؛ لہٰذا اس پر قیاس کر کے خوفِ ازدحام کو نیابت فی الرمی یا ترک رمی کے بارے میں عذر قرار دے کر درج بالا لوگوں کے لئے نیابت فی الرمی یا ترک رمی جائز نہ ہوگا۔ امید کہ ان دونوں سوالوں کے مدلل تشفی بخش جواب سے نوازکر ممنون فرمائیں گے۔ والأجر عند اللہ۔

المستفتی: از عبد اللہ ڈیوزبری، انگلینڈ-یو-کے
۸/ جنوری ۲۰۰۴ء ۱۶/ ذیقعدہ ۱۴۲۴ھ بروز جمعرات

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: (۱) ضعیف، کمزور، کبیر السن جو چلنے پھرنے میں دوسروں کی خدمت کے محتاج ہیں، تو ایسے مردوں اور عورتوں کی جانب سے رمی میں نیابت

جائز اور درست ہے۔ اور اس نیابت کی وجہ سے کوئی دم واجب نہیں ہوگا۔ اور ایسے جوان مریض کی طرف سے بھی نیابت جائز ہے جو کھڑے ہو کر نماز نہیں پڑھ سکتا ہو، کھڑے ہونے اور چلنے میں اس کو چکر آتا ہو۔

وتجوز عند العذر فلو رمي عن مريض بأمره، أو مغمى عليه ولو بغير أمره، أو صبي، أو معتوه، أو مجنون جاز، والأفضل أن توضع الحصاة في أكفهم فيرمونها أو يرمونه بأكفهم، ولو رمى عنهم يجزئهم ذلك، ولا يعاد إن زال العذر في الوقت ولا فدية عليهم، وإن لم يرموا إلا المريض وحد المريض أن يصير بحيث يصلي جالسا؛ لأنه لا يستطيع الرمي راكبا، ولا محمولا. الخ (غنية الناسك، قديم/ ۱۰۰، نسخه جديد كراچی ۱۸۷)

(۲) ترتیب باقی رکھنے اور نہ رکھنے کے مسئلہ کا تعلق نیابت سے نہیں ہے؛ اس لئے کہ نفس ترتیب کے وجوب کے بارے میں امام صاحب اور صاحبین کا اختلاف ہے۔ امام صاحب اس کو واجب کہتے ہیں اور صاحبین سنت کہتے ہیں، فقہی اجتماع میں علماء نے عذر شدید کی بناء پر امام صاحب کے مفتی بہ قول سے عدول کر کے حضرات صاحبین کے سنت کے قول کو اختیار کرنے کی گنجائش قرار دی ہے، ایسا نہیں ہے کہ متفق علیہ واجب کو ترک کرنے کی گنجائش قرار دی گئی ہو۔ اور نفس رمی حضرت امام صاحب اور صاحبین کے نزدیک متفقہ طور پر واجب ہے، اس کے ترک کا کوئی قائل نہیں، ہاں البتہ عذر شدید میں مبتلا شخص کی طرف سے نیابت فی الرمی جائز ہوگی، مگر ترک رمی جائز نہ ہوگی۔

والرجل والمرأة في الرمي سواء إلا أن رميها في الليل أفضل، فلا تجوز النيابة عن المرأة بغير عذر. الخ (غنية الناسك، فصل في شرائط الرمي قديم: ۱۰۰، جديد كراچی ۱۸۸)

ہاں البتہ بعض واجبات مثلا ایام نحر میں طوافِ زیارت، حلق، قربانی وغیرہ ایسے اعذار سے معاف ہوجاتے ہیں جو منجانب اللہ ہیں۔

وأما ترك الواجبات بعذر فلا شيء فيه، ثم مرادهم بالعذر ما يكون

من اللّٰہ تعالیٰ، فلو کان من العباد، فلیس بعذر . الخ (غنیة الناسك، باب الجنایات، قدیم: ۱۲۸، جدید کراچی ۲۳۹) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۳؍ صفر ۱۴۲۵ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۷/ ۸۲۳۸)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۲۵/۲/۳ھ

سعی سے قبل طواف کرنا

سوال [۵۰۸۱]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: مولانا محمد منظور نعمانی کی کتاب ''آپ حج کیسے کریں'' مطبوعہ ۱۹۹۰ء کے ص: ۷۸؍ کے ذیلی نوٹ: نوٹ کے مطابق حاجی حج پر روانہ ہونے سے پہلے کسی نفلی طواف کے بعد سعی کر چکا ہو تو طواف زیارت کے بعد سعی نہیں کرے گا اور طواف میں اضطباع اور رمل بھی نہیں کرے گا، تو کیا ہم ۸؍ ذی الحجہ سے قبل کسی تاریخ میں نفلی طواف کر کے سعی کر لیں، تا کہ طواف زیارت کے بعد کی سعی کا متبادل ہو جائے، مگر کیا ایسا نفلی طواف بغیر احرام کے کیا جا سکتا ہے؟ اگر نہیں تو کیا تنعیم جا کر نفلی طواف کی نیت کے ساتھ احرام باندھ کر آئیں؟

المستفتی: عبد الغنی، بیکانیر

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: عرفات کو جانے سے پہلے اگر حج کی سعی کرنی ہے تو دو چیزیں لازم اور شرط کے درجہ میں ہیں: (۱) احرام باندھنا (۲) حالت احرام میں ایک طواف کرنا، ان دونوں شرطوں میں سے اگر ایک بھی نہ ہو تو عرفات سے پہلے سعی درست نہیں؛ لہٰذا اگر آپ عرفات سے پہلے سعی کرنا چاہتے ہیں، تو آٹھویں ذی الحجہ سے پہلے ان دونوں شرطوں کے ساتھ کر سکتے ہیں، یعنی پہلے احرام باندھ کر طواف کریں اس کے بعد سعی کریں اور حج کا احرام باندھے بغیر جو نفل طواف کیا جاتا ہے اس کے بعد حج کی سعی درست نہیں ہے۔

وإن أراد تقديم السعي لزمه أن يتنفل بطواف بعد إحرامه للحج يضطبع فيه ويرمل، ثم يسعى بعده. (غنية الناسك، باب التمتع، فصل في كيفية أداء التمتع المسنون، كراچی جدید ۲۱۶، قدیم مکتبہ خیریہ میرٹھ ۱۱۵)

نوٹ: آپ نے سوال نامہ میں یہ لکھا ہے کہ تنعیم جا کر نفل طواف کے لئے احرام باندھ کر آئیں، پھر طواف کے بعد سعی کریں تو ایسا کرنا جائز نہیں ہے، مزید اس بات کی وضاحت کی جاتی ہے کہ اگر کوئی شخص حج سے پہلے سعی کرنے کے لئے حج کا احرام حدود حرم سے باہر تنعیم وغیرہ میں جا کر باندھے گا تو جرمانے میں ایک دم دینا لازم ہوگا؛ اسی لئے حج تمتع کرنے والے حجاج کو اس بات کا دھیان رکھنا چاہئے کہ حج کا احرام حدود حرم ہی میں باندھیں۔

فلو أحرم للعمرة داخل الميقات ولو من مكة أو للحج من الحل، ولو من عرفة يكون متمتعا، وعليه دم لترك الميقات. (غنية الناسك، فصل في ماهية التمتع و شرائطه، كراچی جدید ۲۱۴، قدیم: ۱۱۴) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۳/۷/۱۴۲۸ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۸/۹۳۶۹)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۲۴/۷/۱۴۲۸ھ

حج کی سعی حج کے مہینوں میں کرنے پر اشکال کی وضاحت

سوال [۵۰۸۲]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: طواف کے بعد سعی میں تاخیر: سعی کو طواف زیارت، حلق، رمی، قربانی کی طرح ایام نحر کے اندر اندر کرنا واجب نہیں ہے؛ بلکہ ایام نحر گذر جانے کے بعد بھی کرنا جائز ہے؛ لہٰذا اگر کسی عذر یا تھکاوٹ دور کرنے کے لئے آرام کرنا ہے تو جتنے دن چاہے تاخیر کر سکتا ہے، آج نہیں تو کل، پرسوں یا دس پندرہ دن کے بعد بھی سعی کرنا جائز ہے، مگر شرط یہ ہے کہ طواف وسعی کے درمیان حج کا کوئی دوسرا رکن ادا نہ کیا جائے، اگر کوئی دوسرا رکن ادا کرے گا تو

سعی سے قبل ایک طواف کرنا واجب ہوگا، مثلاً طواف قدوم کے بعد سعی کرنی چاہئے تھی؛ لیکن طواف قدوم کے بعد وقوف عرفہ کرلیا، اب اس کے بعد سعی کرنا چاہے، تو جائز نہ ہوگا۔ اور اس تاخیر کی وجہ سے کوئی جرمانہ بھی لازم نہ ہوگا۔ (ایضاح المناسک، ص: ۱۳۳، غنیۃ ص: ٦٨، انوار مناسک، ص: ۴۰۴)

لیکن اشکال یہ ہے کہ: (۱) حج کی سعی حج کے مہینوں میں واقع ہو اور حج کے مہینے شوال، ذیقعدہ اور حج کا پہلا عشرہ ہے۔ اور عمرہ کی سعی کا کوئی وقت مشروط نہیں ہے۔ (معلم الحجاج، ص: ۱۴۷، انوار مناسک/۴۱۲، غنیۃ جدید ۱۳۳، قدیم: ۷۱، شرح اللباب، ص: ۱۷۸، عمدۃ المناسک، ص: ۴۰٦)

(۲) مسئلہ: سعی کا اصل وقت ایام نحر میں بعد طواف زیارت کے ہے، ان کے بعد مکروہ ہے۔ (زبدۃ المناسک مع عمدۃ المناسک، ص: ۱۴۵، معلم الحجاج ص: ۱۴۷)

(۳) شرائط صحت سعی چھٹی شرط۔

مسئلہ: حج کی سعی حج کے مہینوں میں کرنا۔ (شرح اللباب ص: ۱۷۸، عمدۃ المناسک، ص: ۴۰٦)

(۴) ''انوار مناسک'' میں بھی ص: ۴۱۱، و۴۱۲، شرط نمبر ٦ ر میں بھی سعی کا حج کے مہینوں میں ہونا شرائط ہی میں تحریر فرمایا ہے۔ جہاں تک عذر اور تھکاوٹ کا مسئلہ ہے، اگر عذر اس قدر شدید ہو کہ جس میں حاجی اس قدر بیمار ہو جس سے چلنے پھرنے سے عاجز ہو تو ٹھیک ہے؛ لیکن عام اعذار اور تھکاوٹ کی وجہ سے تاخیر نا قابل فہم ہے؛ کیوں کہ حج کا کونسا رکن ایسا ہے جس میں تھکاوٹ نہ ہوتی ہو، عرفات سے مزدلفہ کا سفر جو نہ صرف تھکاوٹ؛ بلکہ مشقتوں سے پر ہے۔ مزدلفہ سے منیٰ پیدل سفر، قربانی جو اس زمانہ میں ایک بڑا مسئلہ بنا ہوا ہے، رمیٔ جمار میں تو سہ منزلہ عمارت کی وجہ سے اس میں شک نہیں بڑی آسانی ہو چکی ہے؛ لیکن خیموں کی دوری جو مزدلفہ کے حدود میں پہنچ چکے ہیں، جس میں آمد و رفت کی مسافت دس بارہ کیلومیٹر سے کم نہیں یہ بھی قابل غور ہے، پھر ان سارے واجبات کو وقت اور مکان کی قید کے ساتھ انجام دینا ناگزیر ہے، ان سب کے مقابل سعی میں اتنی مشقت نہیں ہوتی، ان تفصیلات کے مدنظر ''حج کی سعی حج کے مہینوں میں کرنا''۔ (شرح اللباب، ص: ۱۷۸) کی

شرط کونظر انداز کر دینا اور تاخیر کی سہولت سے فائدہ اٹھانا اشکال کا سبب ہے۔ براہ کرم صحیح صورت حال سے روشناس فرمائیں۔

المستفتی: میر سعادت علی حیدر آبادی، حال مقیم ملگنڈہ

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: کتب فقہ میں یہ جولکھا گیا ہے کہ حج کے مہینے شوال، ذیقعدہ اور ذی الحجہ کا پہلا عشرہ (۱۰/ ذی الحجہ سے پہلے پہلے تک) ہے یہ بات صرف حج کے احرام کی صحت کے لئے ہے کہ دس ذی الحجہ سے پہلے پہلے حج کا احرام باندھا جائے گا، تو صحیح ہوگا۔ اور یوم عرفات کی رات گذر جانے کے بعد حج کا احرام باندھنا صحیح نہیں ہوتا ہے، اشہر حج کی تحدید کا مقصد صرف یہی ہے، ورنہ وقوف عرفات کے بعد دسویں، گیارہویں، بارہویں ذی الحجہ کے غروب سے پہلے پہلے تک حج کا دوسرا اہم رکن طواف زیارت کا ادا کرنا بلاکراہت جائز اور درست ہے؛ حالانکہ اشہر حج دس ذی الحجہ تک ختم ہو چکے ہیں، اسی لئے یہ سمجھنا درست نہیں ہے کہ حج کے سارے ارکان دس ذی الحجہ کے اندر اندر ادا کرنا لازم ہے۔ سوال میں جو بات پیش کی گئی ہے وہ اسی شبہ کی وجہ سے پیش آئی ہے، ہاں البتہ اتنی بات ضرور ہے کہ طواف زیارت بارہ تاریخ کو غروب سے پہلے پہلے مکمل کرنا واجب ہے، مگر سعی کی تکمیل بارہ تاریخ کو غروب سے پہلے کسی کے نزدیک بھی واجب نہیں، چنانچہ بعض علماء نے اشہر حج میں ذی الحج کے پورے مہینے کو شامل فرمایا ہے۔

والحج، أي وقت الحج بل وقت إحرام الحج، فإن وقت أركان الحج إنما هو يوم عرفة، ويوم النحر لا غير، ”أشهر معلومات“ أخرج الطبراني عن أبي أمامة قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: شوال، وذو القعدة، وذوالحجة، قلت: المراد شوال، وذوالقعدة، وتسع من ذي الحجة إلى طلوع الفجر من يوم النحر، ويروى عن ابن عمر شوال، وذو القعدة وعشر من ذى الحجة ...... وقال عروة بن الزبير وغيره: أراد

بالأشهر شوالا، وذاالقعدة، وذاالحجة كاملا؛ لأنه يبقى على الحاج أمور بعد عرفة يجب فعلها مثل الذبح، والرمي، والحلق، وطواف الزيارة، والمبيت بمنى، ورمي الجمار في أيام التشريق، فكانت في حكم الحج.
(تفسير مظهري، سوة البقرة: ۱۹۷، زكريا ديوبند ۱/ ۲۵۸-۲۵۹)

﴿الحج اشهر معلومات.﴾ [البقرة: ۱۹۷] قال: شوال ...... وعشر من ذى الحجة بسند حسن ...... ثم قال: وقال آخرون: بل يعني بذلک شوالا، وذاالقعدة، و ذا الحجة كله، وذكر ذلک عن ابن عمر، وعطاء، ومجاهد، والزهري. (إعلاء السنن ۱۰/ ۳۵۱، بيروت)

وأما وقته: فوقته الأصلي يوم النحر بعد طواف الزيارة ...... إلا أنه رخص السعي بعد طواف اللقاء، وجعل ذلک وقتا له ترفيها بالحاج وتيسيرا له لازدحام الاشتغال له يوم النحر، وأما بيان حكمه إذا تأخر عن وقته الأصلي، وهي أيام النحر بعد طواف الزيارة، فإن كان لم يرجع إلى أهله، فإنه يسعى ولا شيء عليه؛ لأنه أتى بما وجب عليه، ولا يلزمه بالتأخير شيء؛ لأنه فعله في وقته الأصلي، وهو ما بعد طواف الزيارة. (بدائع زكريا ۲/ ۳۲۰)

سعي بعد أيام النحر فليس عليه شيء؛ لأن السعي غير موقت بأيام النحر إنما التوقيت في الطواف بالنص، فلا يلزمه بتأخير السعي شيء.
(مبسوط السرخسي، دارالكتب العلمية بيروت ۴/ ۵۲) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۸/ ذیقعدہ ۱۴۳۳ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۴۰/ ۱۰۸۷۰)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۳۳/۱۱/۲۸ھ

وقوفِ عرفہ کے معاف ہونے کی شکل

سوال [۵۰۸۳]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل

کے بارے میں: (۱) میری دو بہنیں اور بہنوئی اس سال حج کے لئے گئے تھے، ۸؍تاریخ کو منی میں آگ لگنے سے تینوں زخمی ہو گئے تھے، جس کی وجہ سے وہ ہسپتال میں داخل رہے، عرفہ کے دن انہیں عرفات اسپتال میں رکھا گیا، اس کے بعد انہیں حیرہ اسپتال میں رکھا گیا، کچھ جوانوں نے ان کی طرف سے تینوں دن رمیٔ جمرات کی، قربانی کا پیسہ وہ وہاں بینک میں جمع کر چکے تھے، ان کی طرف سے قربانی بھی ہوگئی، انہوں نے ڈولی میں طواف زیارت اور کرسی پر بیٹھ کر سعی بھی کر لی تھی اور قصر کے بعد احرام کھول دیا تھا، اس طرح انہوں نے حج کے باقی ارکان تو پورے کر لئے؛ لیکن ان کا وقوف مزدلفہ چھوٹ گیا؛ کیوں کہ زخمی ہونے کی وجہ سے وہ اسپتال میں داخل تھے، وقوف مزدلفہ واجب ہے، کیا ایسے حالات میں اس واجب کے چھوٹنے سے دم دینا پڑے گا یا نہیں؟

(۲) آگ لگنے کی بھاگ دوڑ میں منی میں ایک بہن کا سر پر بندھا رومال (احرام) کھل کر کہیں گر گیا، کئی گھنٹے بعد ہسپتال میں داخل ہونے کے بعد دوسرا رومال اس کے سر پر باندھا گیا، کیا اس سے کچھ صدقہ وغیرہ واجب ہوگا؟ مطلع فرمائیں۔

المستفتی: شمیم احمد صدیقی محلّہ میٹھا شہد کر تپور، بجنور

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: (۱) وقوف مزدلفہ اگرچہ واجب ہے، مگر اس طرح شدید اعذار کی وجہ سے معاف ہو جاتا ہے۔ اور اس پر کوئی دم وغیرہ بھی لازم نہیں ہوتا؛ لہٰذا ان حاجیوں پر کوئی جرمانہ لازم نہ ہوگا۔ (مستفاد: ایضاح المناسک/ ۱۴۵)

لو تركه بعذر كزحمة بمزدلفة لا شيء عليه، وتحته في الشامية: إذا كان لعلة أو ضعف، أو يكون امرأة تخاف الزحام، فلا شيء عليه. (شامي، كتاب الحج، مطلب في الوقوف بمزدلفة زكريا ۳/ ۵۲۹، كراچی ۲/ ۵۱۱)

(۲) عورتیں جو سر پر رومال باندھتی ہیں، وہ صرف بالوں کی حفاظت کے لئے ہوتا

ہے۔عورتوں کا احرام صرف نیت کرنا ہوتا ہے؛ اس لئے اس کپڑے کے کھل جانے کی وجہ سے احرام میں کوئی فرق نہیں آیا، ان کا حج بلا کراہت صحیح ہوگیا ہے۔(مستفاد: ایضاح المناسک/۴۷، معلم الحجاج/۱۱۰) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۳؍محرم الحرام ۱۴۱۸ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۳/ ۵۱۲۹)

منیٰ میں قیام کرنے کے بجائے دوسری جگہ قیام کرنا

سوال [۵۰۸۴]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ حضرت مفتی شبیر احمد صاحب قاسمی دامت برکاتہم کی کتاب ''ایضاح المناسک'' کے مسئلہ جات: ۲۰۵-۲۱۰ کے مطابق ایام نحر میں حدود منی سے باہر کہیں بھی عذر کی وجہ سے شب گذاری کی جاسکتی ہے، میں ستر سال سے زائد عمر کا ہوں اور ذیابطیس کا مریض ہونے کی وجہ سے چلنے پھرنے میں دشواری بھی ہوتی ہے، نیز میری اہلیہ بھی تریسٹھ سال سے زائد کی ہے، اگر ہم ایام منی میں اپنی قیام گاہ مکہ شریف میں شب گذاری کرلیں، تو گناہ گار ہوں گے، کیا ہمارے لئے شب گذاری منی سے باہر کرنے کی اجازت ہوگی؟ پچھلی مرتبہ ہمیں منی سے باہر مزدلفہ میں ہی ٹھہرایا گیا تھا، جو جمرات سے بہت دور تھا، اس دفعہ بھی ایسا ہی ہوا، تو کیا کیا جائے؟

المستفتی: ارشاد عالم

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: حاجی چاہے تندرست ہو یا بیمار ہو، اگر معلم کی جانب سے منی میں قیام کا نظم نہیں ہوسکا ہے؛ بلکہ مزدلفہ میں قیام متعین ہوچکا ہے، تو اس حاجی کو منی میں قیام نہ کرنے کا کوئی گناہ نہیں ہوگا؛ اس لئے کہ منی میں قیام اس کے اختیار سے باہر

ہو چکا ہے؛ لہٰذا اس کے لئے حدودِ منی میں قیام کا ترک کر دینا جائز ہے، اب چاہے وہ مزدلفہ میں طے شدہ قیام گاہ میں قیام کرے، یا مکہ مکرمہ میں قیام کرے، اس کو ہر طرح اختیار رہے۔ اور جو آدمی ۶۵ / یا ۷۰ / سال کی عمر کا ہے، اس کو جمرات کی رمی کرنے میں اگر مزدلفہ میں قیام کر کے رمی کرنے میں سہولت ہوگی، یا مکہ مکرمہ میں قیام کر کے رمی کرنے میں سہولت ہوگی، تو جس میں اس کو سہولت ہو اس کو اختیار کرے۔

قوله: تخصيص العباس بالرخصة لعذر ودليل على أن لا رخصة لغيره. (أوجز المسالك دمشقي ۸/ ۲۹۳)

من لم يبت ليالي منى بمنى فقد أساء ولا شيء عليه إلا الدعاء، وأهل سقاته العباس فلا تكره المبيت في غير منى. (أوجز المسالك دمشقي ۸/ ۲۹۶)

فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ	الجواب صحیح:
۳/ ۷/ ۱۴۲۸ھ	احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۸/ ۹۳۶۹)	۲۳/ ۷/ ۱۴۲۸ھ

احرام کھولنے کے لئے ایک کا دوسرے کے بال مونڈنا

سوال [۵۰۸۵]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: محرم حلق کے بعد آزاد ہو جاتا ہے؛ لیکن کیا محرم طواف وسعی کے بعد اپنا حلق ہونے سے قبل بحالت احرام اپنے ساتھی کا حلق کر سکتا ہے، حجاج کرام بحالت احرام ایک دوسرے کا حلق کرتے ہیں، تو ان میں سے ایک یقیناً احرام میں ہوگا، وہ دوسرے کا حلق کرے گا۔ اور حلق کرانے والا حلق کی وجہ سے آزاد ہو جائے گا، اب وہ اپنے ساتھی کا حلق کرے گا، تو اس میں میرے ساتھی اور پہلا ساتھی دونوں کے لئے کیا حکم ہے، براہ کرم مطلع فرمائیں، امید کہ مزاج گرامی بعافیت ہوں گے۔

المستفتی: ڈاکٹر سلیم شاہی، علی گڑھ

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: حجاج کرام تمام ارکان حج ادا کرنے کے بعد احرام کھولنے کے لئے ایک دوسرے کا حلق کر سکتے ہیں، اس طرح احرام کھولنے کے وقت ایک دوسرے کے بال مونڈنے میں کسی پر کوئی جرمانہ نہیں ہے۔

ولو حلق رأسه أو رأس غيره من حلال، أو محرم جاز له الحلق لم يلزمهما شيء. (غنية الناسك، فصل في الحلق قديم: ۹۳، جديد كراچى ۱۷٤)

وجعل بعضهم يحلق بعضا حتى كاد بعضهم يقتل بعضا غما.

الحديث (بخاري شريف، كتاب الشروط، باب الشروط في الجهاد، النسخة الهندية ۱/ ۳۸۰، رقم: ۲٦٥۱، ف: ۲۷۳۱) **فقط واللّٰہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۷ رمحرم الحرام ۱۴۲۳ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۷۴۶۲/۳۶)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۲۳/۱/۲۷ھ

کیا چھوٹے بال والی عورت حلق کرائے گی؟

سوال [۵۰۸٦]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: ایک عورت ہے جس نے مردوں کی طرح بالکل چھوٹے بال رکھ رکھے ہیں، اب وہ حج کو جارہی ہے، تو سوال یہ ہے کہ وہ عمرہ کرکے کس قدر بال کٹائے گی؟ واضح ہو کہ اس کے سر کے بال صرف ڈیڑھ انچ بڑے ہیں، ایک مرتبہ قصر ہونے کے بعد جب حج کا مرحلہ آئے گا تو اس کے سر پر ایک انچ سے کم بال رہ جائیں گے، اب حج کے احرام سے حلال ہونے کے لئے کیا کرنا ہوگا؟ کیا ایسی عورت کے لئے حلق کرانا جائز ہے؟

المستفتی: عبدالرحمٰن کلکتہ

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: عورت کے لئے سر کے بالوں کا حلق کرانا جائز

نہیں؛ لہٰذا اس عورت پر ایک چوتھائی سے زیادہ سر کا قصر ضروری ہوگا؛ پس اس کے لئے بہتر یہی ہے کہ عمرہ سے فارغ ہوکر آدھا سر پوروے کے برابر قصر کرالے اور حج سے فراغت کے بعد بقیہ آدھے حصہ کا قصر کرالے تو وہ احرام سے باہر ہو جائے گی۔ اور یہ بات بھی یاد رکھے کہ عورت کا اپنے بالوں کو اس قدر چھوٹا کروانا جائز نہیں، اس عورت پر لازم ہے کہ آئندہ کبھی بال نہ کٹوائے اور اس گناہ سے توبہ کرلے۔

فأقل الواجب في التقصير قدر الأنملة من جميع شعر ربع الرأس، لكن أصحابنا قالوا: يجب أن يزيد في تقصير الربع على قدر الأنملة؛ لأن أطراف الشعر غير متساوية عادة، فلو قصر قدر الأنملة من الربع لم يستوف قدر الأنملة من جميع شعر الربع بل من بعضه، فوجب أن يريد على قدر الأنملة. (غنية الناسك، فصل في الحلق، قديم ۹۳، جديد كراچی ۱۷۴، بدائع قديم ۲/ ۱۴۱، جديد زكريا ۲/ ۳۳۰)

الأفضل في حقها الأخذ من كل شعرة وإن قصرت بعض رأسها وتركت البعض أجزأها إذا كان ماقصرت مقدار ربع الرأس فصاعدا، وإن كان أقل من ذلک لا يجزئها اعتبارا للبعض في حقها بالحلق في حق الرجل. (البحر العميق، المكتبة المكية بيروت ۳/ ۱۷۹۷)

إن المرأة لو قصرت مقدار الأنملة من أحد جانبي رأسها، وذلک يبلغ النصف أو دونه أجزأها، وعلل فيه، وقال: لأن حلق ربع الراس، وتقصير ربعه مثل حلق جميع الرأس في وجوب الدم، فكذا في حصول التحلل. (البحر العميق، المكتبة المكية، بيروت ۳/ ۱۷۹۸) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۴/ ذیقعدہ ۱۴۳۵ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۴۰/ ۱۱۷۴۴)

مزدلفہ میں ایام منی میں جو خیمے لگائے جاتے ہیں ان میں وقوف کا حکم

سوال [۵۰۸۷]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: اگر حدود منی میں کہیں بھی جگہ نہ ملے تو قیام منی اور مبیت منی ترک کردینا بلا کراہت جائز ہوگا، نہ اس پر کوئی گناہ ہوگا اور نہ ہی کوئی جرمانہ لازم ہوگا؛ بلکہ ایسی تنگی کے عذر کی وجہ سے کہیں بھی رات گذارنا بلا کراہت جائز ہوجائے گا۔ (مستفاد: انوار مناسک/ ۴۹۹)

اور فی الحال سعودی حکومت نے مزدلفہ کا بڑا حصہ کبری ملک فیصل تک حاجیوں کے لئے ایام منی میں قیام کرنے کے لئے اسی تسلسل کے ساتھ خیمے نصب کردئے ہیں، جس طرح حدود منی میں ہیں۔ (انوار مناسک/ ۵۰۱)

سوال: توقیفی ہونے کی وجہ سے خیمے مندرجہ بالا اور ان کے آس پاس کھلی جگہوں پر دس ذی الحجہ کی رات گذارنا اور وقوف مزدلفہ بھی بلا کراہت جائز ہوگا؟ جواب عنایت فرمائیں۔

المستفتی: عبدالحمید ساکن موضع آلھن مئوڈ اکخانہ سرائے برئی، ضلع بارہ بنکی

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: سعودی حکومت نے مزدلفہ کے جس حصہ میں کبری ملک فیصل تک ایام منی میں حاجیوں کے قیام کرنے کے لئے تسلسل کے ساتھ خیمے نصب کردئے ہیں، ان میں اور ان کے آس پاس کھلی جگہ میں نویں اور دسویں ذی الحجہ کی درمیانی شب گذارنا اور وقوف مزدلفہ کرنا بلا کراہت درست ہے؛ کیوں کہ مقام مزدلفہ سارا ہی موقف ہے۔

عن جبير بن مطعم –رضي الله عنه– عن النبي صلى الله عليه وسلم قال: كل عرفات موقف، وارفعوا عن بطن عرفة، وكل مزدلفة موقف وارفعوا عن محسر. (مسند أحمد ٤/ ٨٢، رقم: ١٦٨٧٢، طبراني كبير، المكتبة دار إحياء التراث العربي ٢/ ١٣٨، رقم: ١٥٨٣)

عن جابر –رضي الله عنه– قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم:

كل عرفة موقف، و كل مزدلفة موقف، ومنى كله منحر. (السنن الكبرى للبيهقي، كتاب الحج، باب حيث ما وقف من عرفة أجزأه ـ المكتبة دارالفكر ٧/ ٢٥٠، رقم: ٩٥٤٢، بدائع الصنائع، كتاب الحج، فصل وأما مكانه فجزء من أجزاء مزدلفة، قديم ٢/ ١٣٦، زكريا ٢/ ٣٢١) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۲/ جمادی الثانیہ ۱۴۳۰ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۸/ ۶۰ ۹۷)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۲/ ۶/ ۱۴۳۰ھ

مزدلفہ کے راستہ میں مغرب وعشاء کو صبح صادق سے اتنی دیر پہلے تک مؤخر کرنا جتنی میں دونوں نمازیں پڑھ سکیں

سوال [۵۰۸۸]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: عرفات سے مزدلفہ آتے وقت بھیڑ کی وجہ سے مزدلفہ میں داخل ہونا مشکل ہوگیا اور رات کے تین ساڑھے تین بج گئے، اب تک مغرب نہیں پڑھی، تو ایسی صورت میں مغرب راستے میں پڑھ سکتے ہیں، یا مزدلفہ پہنچنے کا انتظار کریں گے اور اگر انتظار کریں گے تو کب تک؟

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: جب عرفہ سے مزدلفہ جانے میں بھیڑ کی وجہ سے رات کا اکثر حصہ گزر گیا اور ابھی تک نماز مغرب بھی نہیں پڑھی تو مغرب اور عشاء راستے میں اتنی دیر تک موقوف کریں کہ طلوع صبح صادق سے پہلے پہلے وضو کر کے دونوں پڑھ سکیں؛ لیکن یہ حکم اس وقت ہے جب کہ راستے میں ہی صبح صادق کے طلوع ہونے کا اندیشہ ہو؛ لہٰذا اگر یہ اندیشہ نہیں اور صبح صادق سے اتنی پہلے مزدلفہ پہنچنے کی امید ہے کہ جس میں مغرب وعشاء پڑھ سکیں تو ایسی صورت میں مزدلفہ پہنچ کر ہی یہ دونوں نمازیں پڑھنا لازم ہے۔ (مستفاد: انوار مناسک ۴۳۵، ایضاح المناسک/ ۱۴۴، کتاب المسائل ۳/ ۳۱۰)

لو صلى المغرب والعشاء في الطريق أو في عرفات أعاده ما لم يطلع الفجر، فيعود إلى الجواز، وهذا إذا لم يخف طلوع الفجر في الطريق، فإن خافه صلاهما؛ لأنه لو لم يصلهما صارتا قضاء. (شامي، كتاب الحج، مطلب في إجابة الدعاء، كراچی ۲/ ۵۱۰، زكريا ۳/ ۵۲٦)

ولو ضل من الطريق لا يصلي بل يؤخر إلى أن يخاف طلوع الفجر، فعند ذلک يصلي. (بدائع الصنائع، كوئٹه ۲/ ۱۵۵، كتاب الحج، زكريا ۳/ ۱٤۱)

إذا بقي في الطريق طويلا حتى علم أنه لايدرک مزدلفة قبل الفجر جاز له أن يصلي المغرب في الطريق. (فتح القدير، كوئٹه ۲/ ۳۷۸، زكريا ۲/ ٤۹۲، دارالفكر مصري ۲/ ٤۸۰)

ولو خشي طلوع الفجر قبل أن يصل إلى المزدلفة أو بات في عرفات صلاها حيث هو في أوقاتهما. (غنية الناسك، كراچی جديد ۱٦٤، قديم: ۸۷)

لا يجوز أن يصليها في الطريق إلا إذا كان في آخر الليل من حيث يطلع الفجر إذا أتى بمزدلفة، فحينئذ يجوز. (الفتاوى التاتارخانية، زكريا ديوبند ۳/ ۵۱۹، رقم: ٤۹۵۱)

علم أنه لو خاف طلوع الفجر جاز أن يصليهما في الطريق؛ لأنه لو لم يصليهما صارتا قضاء. (البحرالرائق زكريا ۲/ ۵۹۷، كوئٹه ۲/ ۳٤۱) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۴۳۴/۱۲/۲ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۱۱۳۲۴/۴۰)

عرفات اور مزدلفہ میں جمع بین الصلاتین

سوال [۵۰۸۹]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل

کے بارے میں: کہ حجاج کرام کے لئے عرفات اور مزدلفہ میں جمع بین الصلا تین کا حکم ہے، تو اس کی وجہ کیا ہے؟

المستفتی: محمد قاسم گودھروی

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: (۱) عرفات اور مزدلفہ میں جمع بین الصلا تین کا حکم کیوں ہے؟ کیا وجہ ہے؟ اس کی اصل علت حتمی طور پر ہم نہیں بتا سکتے؛ لیکن فقہاء نے عرفات میں عصر کی نماز کو ظہر کے وقت میں لے جا کر مقدم کر کے پڑھنے کی یہ علت بتائی ہے کہ حضرت امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک جماعت کی محافظت علت ہے جو ہماری سمجھ سے بالا تر ہے۔ اور حضرات صاحبینؒ کے نزدیک امتدادِ وقوف ہے کہ دونوں نمازوں سے فراغت کے بعد مسلسل سورج غروب ہونے تک یکسو ہو کر وقوف میں مشغول ہو جائیں جیسا کہ فقہاء کی اس طرح کی عبارات سے واضح ہوتا ہے۔

إن تقديم العصر على وقته لأجل محافظة الجماعة، أو لامتداد الوقوف، فعنده للأول وعندهما للثاني: لهما أن جواز الجمع للحاجة إلى امتداد الوقوف بدليل أنه لا جمع على من ليس عليه الوقوف، وأن الحاج يحتاج إلى الدعاء في وقت الوقوف، فشرع الجمع لئلا يشتغل عن الدعاء.

(عناية مع الفتح، كتاب الحج، دارالفكر مصري ۲/ ۴۷۰، زكريا ۲/ ۴۸۲)

(۲) اور مزدلفہ میں جمع بین الصلا تین کی علت کیا ہے؟ اس سلسلے میں بات واضح ہے کہ اس دن حاجیوں کے لئے مغرب کا وقت ہی مزدلفہ پہنچنے کے بعد شروع ہوتا ہے اور معتدل رفتار کے ساتھ عرفات سے چل کر مزدلفہ پہنچنے میں عشاء کا وقت ہو جاتا ہے، تو بظاہر یہی معلوم ہوتا ہے کہ مزدلفہ میں جمع بین الصلا تین کی دو وجہیں ہیں:

(۱) ہر حاجی کے لئے مغرب کا وقت مزدلفہ پہنچ کر ہی شروع ہوگا، مزدلفہ پہنچنے سے پہلے پہلے اس کے حق میں مغرب کا وقت ہی نہیں ہوتا ہے۔

(۲) مزدلفہ پہنچنے کے بعد عشاء کے وقت ہی میں مغرب کی نماز پڑھنے کا حکم ہے؛ لہٰذا اگر عشاء کا وقت شروع ہونے سے پہلے مزدلفہ پہنچ جائے تو عشاء کے وقت تک مغرب کی نماز کے لئے انتظار کرنا لازم ہوگا اور مغرب اور عشاء دونوں کو ایک ساتھ جمع کرکے ہی پڑھنا ہوگا؛ اس لئے کہ دونوں نمازوں کا وقت ایک ساتھ شروع ہوتا ہے؛ لہٰذا اگر کوئی حاجی کسی عذر کی وجہ سے رات کے دو تین بجے تک بھی مزدلفہ نہ پہنچ سکے، تو راستہ میں مغرب کی نماز پڑھنا اس کے لئے جائز نہیں ہے؛ اس لئے کہ دو تین بجے تک بھی اس کے حق میں مغرب کا وقت شروع نہیں ہوا ہے، نیز اگر یہ خطرہ لاحق ہوجائے کہ صبح صادق سے پہلے پہلے کسی حال میں بھی مزدلفہ نہیں پہنچ سکے گا، تو ایسی صورت میں صبح صادق سے اتنی دیر پہلے راستہ میں مغرب وعشاء کی نماز پڑھنے کی گنجائش ہے کہ جتنی دیر میں وضوطہارت کے ساتھ دونوں نمازیں صبح صادق سے پہلے پہلے پڑھ سکے، اس سے پہلے پڑھنا جائز نہیں ہے۔

فتوقتتا بالزمان والمكان والوقت، فالزمان ليلة النحر، والمكان مزدلفة والوقت وقت العشاء. الخ (الدر مع الرد، كتاب الحج، مطلب في إجابة الدعاء، زكريا ديوبند ٣/ ٥٢٦، كراچی ٢/ ٥٠٩)

حتى لو وصل إلى مزدلفة قبل العشاء لا يصلي المغرب حتى يدخل وقت العشاء. (غنية، قديم: ٨٨، جديد كراچی ١٦٤)

لو صلى المغرب والعشاء في الطريق، أو فى عرفات أعاده ما لم يطلع الفجر، فيعود إلى الجواز، وهذا إذا لم يخف طلوع الفجر في الطريق، فإن خافه صلاهما. (شامي، زكريا مع الدر المختار ٣/ ٥٢٦، ٥٢٧، كراچی ٢/ ٥٠٩)

فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۲/ جمادی الثانیہ ۱۴۳۱ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۹/ ۱۰۱۱۳)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۳۱/۶/۲۲ھ

منٰی مزدلفہ اورعرفات میں آفاقی کے لئے قصرواتمام کا مسئلہ

سوال [۵۰۹۰]: کیافرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کیامنٰی، مزدلفہ، عرفات حدودمکہ میں شامل ہیں، اگرمکہ مکرمہ میں یکم ذی الحجہ کوپہنچ کرقیام کی نیت کرلی تومنی، عرفات میں اتمام ہوگایاقصر؟

المستفتی: محمد یونس احمدگڑھ، پنجاب

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: منی، مزدلفہ، عرفات پہلے تینوں حدودحرم سے باہر تھے اوراب منی کی آبادی مکہ سے مل چکی ہے؛ اس لئے منی مکہ کی آبادی میں شامل ہے۔ اورمزدلفہ وعرفات مکہ سے باہر ہیں۔ (مستفاد: ایضاح المناسک/ ۱۵۷)

اگرکسی حاجی نے مکہ پہنچ کر اقامت کی نیت کرلی تو یہ شخص مقیم ہوجائے گا، نماز میں اتمام کرے گا۔ (مستفاد: ایضاح المناسک/ ۱۴۱، ایضاح الطحاوی ۳/ ۵۱۵)

فإن كان الإمام مقيما (إلى قوله) أتم الصلاة، وأتم المقيمون بلا قراءة. (غنية، باب مناسك عرفات، فصل في الجمع بين الصلاتين بعرفة، جديد كراچی ۱۵۰، قديم مكتبه خيريه ميرٹھ ۸۰، شامي، مطلب في شروط الجمع بين الصلاتين بعرفة، كراچی ۲/ ۵۰۵، زكريا ۳/ ۵۲۰) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیراحمدقاسمی عفااللہ عنہ
۲۵؍جمادی الاولیٰ ۱۴۲۱ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۵/ ۶۶۸۸)

الجواب صحیح:
احقرمحمدسلمان منصورپوری غفرلہ
۱۴۲۱/۵/۲۵ھ

منی ومزدلفہ میں قصرواتمام کاحکم

سوال [۵۰۹۱]: کیافرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے

بارے میں: منی، عرفات، مزدلفہ وغیرہ میں قصر وا تمام کا کیا حکم ہے؟ جب کہ منی ومزدلفہ سے آگے تک مکہ مکرمہ کی آبادی متجاوز ہوچکی ہے، البتہ عرفات باہر ہے؛ لیکن عرفات دن میں جا کر دن میں واپسی ہوتی ہے، اس میں مسافت سفر کا انطباق نہیں ہوتا اور سفر وحضر کا مسئلہ اس سے متعلق نہیں ہوتا، تعدد مکان رات گذارنے کے اعتبار سے ہوتا ہے، جب کہ یہ مقامات مکہ مکرمہ میں داخل ہوچکے ہیں، تو مکہ مکرمہ میں دخول کے بعد واپسی تک ۱۵/ دن یا اس سے زیادہ قیام کرنے والے حجاج کے متعلق یہ سوال ہے۔

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: جس حاجی کا قیام دخول مکہ کے بعد واپسی تک ۱۵/ دن یا اس سے زیادہ ہو جیسا کہ موجودہ زمانہ میں عموماً ہندوستانی حاجیوں کا ہوتا ہے، ان کے لئے منی، مزدلفہ اور عرفات میں اتمام کرنا لازم ہے، قصر جائز نہیں؛ کیوں کہ منی اور مزدلفہ اب مکۃ المکرّمہ میں شامل ہوکر اس کے محلوں میں شمار ہوتے ہیں۔ اور عرفات میں رات نہیں گذارتے ہیں، اس میں رات گذارے بغیر واپسی ہو جاتی ہے؛ اس لئے تعدد مکان کا تعلق عرفات سے نہیں ہوسکتا ہے۔ واللہ اعلم بالصواب (انوار مناسک/ ۴۶۰)

ما كان من توابع موضع الإقامة كربض المصر، وهو ماحول المدينة من بيوت، ومساكن، فإنه في حكم المصر، وكذا القرى المتصلة بالربض في الصحيح. (شامي، كتاب الصلوة، باب صلوة المسافر، زكريا ٢/ ٥٩٩، كراچی ٢/ ١٢١)

إذا كانت القرى متصلة بربض المصر، فحينئذ تعتبر مجاوزة القرى، والصحيح ما ذكرنا أنه يعتبر عمران المصر إلا إذا كانت قرية، أو قرى متصلة بربض المصر، فحينئذ يعتبر مجاوزة القرى. (التاتارخانية ٢/ ١٩٥، رقم: ٣٠٩٨)

وإن كانت القرى متصلة بربض المصر، فالمعتبر مجاوزة القرى هو الصحيح، وإن كانت القرية متصلة بفناء المصر لا بربض المصر يعتبر

مجاوزة الفناء، ولا يعتبر مجاوزة القرية. (خانية على هامش الهندية، زكريا قديم ١/ ١٦٥، جديد زكريا ١/ ١٠٤)

إن دخل الموضع الذي نوى الإقامة فيه بالليالي يصير مقيما، ثم بالخروج إلى الموضع الآخر لا يصير مسافرا؛ لأن موضع إقامة الرجل حيث يبيت فيه. (بدائع الصنائع، زكريا ١/ ٢٧٠، كراچی ١/ ٩٨) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۸/۱۱/۱۴۳۴ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۴۰/۱۱۳۳۰)

منی مکہ میں شامل ہے یا نہیں؟

سوال [۵۰۹۲]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: (۱) گذشتہ سال حجاج کرام کا ایک قافلہ ۳؍ مارچ کو دہلی سے روانہ ہوا، چند دن مکہ مکرمہ میں قیام کے بعد مدینہ پاک جا کر واپسی کی تاریخ بھی طے تھی اور وہ ۲۵؍۲۶؍۲۷؍ مارچ کو ارکان حج کی تکمیل کے لئے منی، عرفات کا عمل حج سہ روزہ قیام بھی درپیش تھا، منی، عرفات میں نمازوں کے قصر اور اتمام کے بارے میں بحث ومباحثہ لوگوں میں ہوتا رہا، کچھ لوگوں کو اشکال رہا کہ مدینہ سے مکہ آنے کے بعد چونکہ سات آٹھ دن بعد ہی منی کو جانا تھا؛ اس لئے اقامت صحیح نہیں اور نمازیں قصر پڑھنی چاہئیں اور کچھ اس بات پر بضدر ہے کہ مکہ سے منی، عرفات تھوڑے فاصلہ پر ہیں اور مکہ ہی میں شامل سمجھو یا شامل بھی نہ سمجھو، مگر صرف تین دن کے لئے جانا ہوتا ہے؛ اس لئے مکہ میں اور منی عرفات میں سب لوگ مقیم کی حیثیت سے نمازوں میں اتمام ہی کریں گے، غرض کہ کچھ لوگ اتمام کرتے رہے، نماز باجماعت ادا کرتے رہے، مسافر ہونے کی صورت میں قصر

ہونی چاہئے تھی، تو اب کیا کریں؟ ''ایضاح المناسک'' میں منی اور عرفات کی نمازوں میں اتمام کرنا لکھا ہے۔ اور'' معلم الحجاج'' میں منی وعرفات کے سفر درپیش ہونے کی صورت میں قیام کی نیت صحیح نہ ہونا لکھا ہے کہ مکہ مکرمہ میں اقامت کی نیت صحیح نہیں ہے، پھر تو منی عرفات میں قصر ہی درست ہے، کون سی صورت درست ہے؟ واضح فرمائیں۔

المستفتی: محمد یونس جامع مسجد احمد گڑھ

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: آنجناب نے سوال نامہ میں تین مسائل کے بارے میں دریافت فرمایا ہے: (۱) مدینۃ المنورہ سے واپسی میں اگر منی وغیرہ جانے میں پندرہ روز سے کم ایام باقی ہیں تو کیا حکم ہے؟ تو جواب یہ ہے کہ ایسی صورت میں تنہا نماز پڑھنے میں یا خود امام ہونے میں قصر کرنا لازم ہے، نیز اگر مدینۃ المنورہ ابھی نہیں جانا ہے؛ بلکہ ہندوستان سے جاکر حج تک مکۃ المکرّمہ میں رہنا ہے، اور آپ کے پہنچنے اور یوم العرفہ یعنی نویں ذی الحجہ سے قبل پندرہ یوم سے کم قیام مکہ میں ہونا ہے، تو قصر کرنا ہوگا۔ اور ہم نے نوی ذی الحجہ اس لئے کہا ہے کہ منی کی آبادی مکۃ المکرّمہ کی آبادی سے متصل ہوچکی ہے، دونوں الگ الگ نہیں رہے، نیز جناب نے ''ایضاح المناسک'' کا حوالہ دیا ہے، اصل بات یہ ہے کہ ''ایضاح المناسک'' میں یہ مسئلہ آیا ہی نہیں، لکھنے جارہا تھا پھر بے خیالی میں رہ گیا ہے؛ البتہ صلاۃ عرفات کے تحت جو مسئلہ آیا ہے وہ بالکل ضمنی ہے۔ اور مکہ والوں کے لئے لکھا تھا، ہاں البتہ یہ مسئلہ احقر نے اپنی کتاب ''حج وعمرہ کا آسان طریقہ'' میں صاف الفاظ میں لکھا ہے، اس کے ص: ۴۸ ر میں ہندیہ ۱/ ۱۴۰ حاشیہ چلپی علی التبیین ۱/ ۲۱۲ کے حوالہ سے لکھا ہے۔ فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۴۲۰/۸/۲۷ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۴/ ۶۳۲۲)

حج میں حاجی نمازیں پوری پڑھے گا یا قصر کرے گا؟

سوال [۵۰۹۳]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: حج کے لئے جانے میں شروع میں تین دن مکہ میں قیام رہے گا، پھر آٹھ دن مدینہ شریف میں قیام رہے گا، اس کے بعد اٹھارہ دن مکہ میں قیام رہے گا، اب ہمیں یہ بتائیں کہ کتنے دن پوری نماز پڑھنی ہوگی اور کتنے دن قصر پڑھنی ہوگی؟

المستفتیة: اہلیہ حاجی محمد اکرم شمسی، طویلہ مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: مسئولہ صورت میں مکہ میں پہلی مرتبہ قیام کے تین دن اور بعدہ مدینہ میں قیام کے آٹھ دنوں میں نمازیں قصر کرنا لازم ہے؛ اس لئے کہ ان دونوں جگہوں میں حاجی مسافر ہے، اس کے بعد مکہ میں اٹھارہ دنوں تک کے قیام کے درمیان پوری نماز پڑھنی لازم ہوگی، قصر کرنا درست نہ ہوگا؛ بلکہ چار رکعت والی نماز کو چار رکعت ہی پڑھنا ضروری ہوگا؛ اس لئے کہ اٹھارہ دن کے قیام میں آدمی مقیم ہو جاتا ہے۔ اور اب منی اور مزدلفہ مکہ مکرمہ کی آبادی سے متصل ہو چکے ہیں؛ اس لئے منیٰ اور مزدلفہ کے قیام کی وجہ سے مقیم بننے میں کوئی فرق نہیں آئے گا۔ اور عرفات میں صرف دن دن کا قیام ہوتا ہے؛ اس لئے قصر واتمام کے مسئلہ میں کوئی اشکال نہ ہوگا۔ (مستفاد: انوار مناسک، ص:۴۹۴-۴۶۱)

صلی الفرض الرباعي ...... لو ینوي إقامة نصف شهر إلی قوله: فیقصر إن نوی الإقامة في أقل منه، أي في نصف شهر. (شامي، کتاب الصلاة، باب صلاة المسافر، کراچی ۲/ ۱۲٤-۱۲۵، زکریا ۲/ ٦۰۵-٦۰٦)

یشترط مجاوزة ربضه، وهو ما حول المدینة من بیوت ومساکن، فإنه في حکم المصر، وکذا القری المتصلة بربض المصر یشترط

مجاوزتها في الصحيح. (حاشية الطحطاوي على مراقي الفلاح، قديم: ۱۳۰، دارالكتاب ديوبند ٤٢٣) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۴۳۱/۱۱/۲ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۹/ ۱۰۱۹۵)

منی مزدلفہ میں قصر واتمام سے متعلق چند سوالات کے جوابات

سوال [۵۰۹۴]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: حج بیت اللہ ایسی عبادت ہے جسے عام طور پر کسی مسلمان کو زندگی میں ایک مرتبہ ادا کرنے کا موقع ملتا ہے۔ اور حج کی ادائیگی شرعی احکام اور اسلامی آداب کی رعایت کے ساتھ ہونے پر سابقہ سارے گناہوں کی معافی کا مژدہ سنایا گیا ہے، حج کے عنوان پر ڈھیر ساری کتابیں مختلف زبانوں میں حضرات مصنفین، مؤلفین اور مرتبین نے نقل فرمائی ہیں۔ اور جتنی کتابیں ہیں، ان سب کتابوں میں مرکزی حیثیت ''معلم الحجاج'' کو حاصل ہے۔

پہلے مسائل کچھ اور تھے، حالات، بھیڑ اور ماحول کی وجہ سے بہت سارے مسائل کا حکم اہل نظر علماء کی متفقہ رائے سے تبدیل ہوگیا۔ اور کچھ مسائل میں توسع کے پیش نظر خود حکومت سعودیہ عرب نے اپنے شیوخ علماء کرام کی آراء کے پیش نظر احکام تبدیل کئے ہیں، جیسا کہ آپ جانتے ہیں کہ حج ایسا عمل ہے جس میں امیر غریب، عالم غیر عالم کا کوئی فرق نہیں رکھا گیا، ہر عمل میں سارے حجاج متحد ہیں۔

چند سالوں سے یہ بات دیکھنے میں آرہی ہے کہ منی، عرفات، مزدلفہ اور مکۃ المکرّمہ میں حجاج کرام اعمال میں یکساں نظر نہیں آتے، کچھ لوگ کہتے ہیں کہ مکۃ المکرّمہ میں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے قصر والی نماز ادا فرمائی تھی؛ لہٰذا آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کی اتباع میں

ہم بھی نماز قصر ادا کریں گے۔ اور منی کے خیموں میں بھی نماز کے اوقات میں اسی طرح کی باتیں گشت کرتی رہتی ہیں کہ نماز قصر یا مکمل؟ عرفات میں جمع بین الصلاتین یعنی ظہر اور عصر کی نماز ایک ہی وقت میں پڑھیں گے، یا ظہر کے وقت ظہر اور عصر کے وقت عصر وغیرہ؟

ان اختلافات کے پیش نظر حج سے متعلق چند سوالات آں محترم کی خدمت میں ارسال کئے جا رہے ہیں، تاکہ صحیح اور مستند جوابات کی روشنی میں ملک بھر میں حج کے سمینار منعقد کر کے مسلمانوں میں پیش آرہے اختلاف کو ختم کرنے کی سعی اور کوشش کی جائے۔ امید ہے کہ مسئلہ کی نزاکت اور حساسیت کے پیش نظر قرآن وسنت کی روشنی میں جواب مرحمت فرما کر عنداللہ ماجور ہوں گے۔

(۱) مکۃ المکرّمہ، منی، عرفات اور مزدلفہ میں نماز قصر ادا کی جائے گی یا مکمل؟ وضاحت کے ساتھ جواب کی درخواست ہے۔

(۲) عرفات میں عرفہ کے دن جمع بین الصلاتین کی جائے گی یا ظہر کو ظہر کے وقت اور عصر کو عصر کے وقت میں پڑھنا چاہئے؟

(۳) پہلے منی وغیرہ اور مکہ کی بلدیہ الگ الگ تھیں، ابھی دو چار سال سے دونوں کی بلدیہ ایک ہوئیں، اس سے مسائل پر کوئی اثر پڑے گا؟

(۴) ۸/ذی الحجہ کو منی میں تمام حجاج کرام کا قیام کرنا ضروری ہے، حکومت سعودیہ عرب نے منی کے خیموں کو پھیلا کر مزدلفہ تک پہنچا دیا، کیا ان حضرات کی منی میں قیام کی سنت ادا ہوگی یا نہیں جن کے خیمے مزدلفہ میں ہیں؟

(۵) جن کے خیمے مزدلفہ میں ہیں، ان حضرات کا عرفات سے واپسی پر اپنے خیموں میں رات کا قیام کرنا صحیح ہے یا نہیں؛ اس لئے کہ خیمہ مزدلفہ میں ہے؟

(۶) چونکہ ۱۲/ذی الحجہ کو غروب آفتاب سے پہلے منی کے حدود چھوڑنا ضروری ہے اس شخص کے لئے جو ۱۳/ذی الحجہ کی رمی نہیں کرنا چاہتا، اس کے پیش نظر حکومت سعودیہ عرب

نے ۱۲؍ کی رمی زوال سے پہلے کرنے کی اجازت دی ہے۔ کیا ۱۲؍ ذی الحجہ کو زوال سے پہلے رمی کرنا جائز ہے؟

(۷) قربانی خود سے کرنا ممکن نہیں، ''بنک الراجی'' کی جانب سے ٹوکن فروخت کئے جاتے ہیں اور ''بنک الراجی'' کی طرف سے قربانی ٹوکن خریدنے والے ہزاروں بلکہ لاکھوں حجاج کرام کو صبح ۱۰؍ تا ۱۱؍ بجے دن کا وقت دیا جاتا ہے اور یہ ہرگز ممکن نہیں ہے کہ لاکھوں جانور ایک گھنٹہ میں ذبح کردئے جائیں، کیا ٹوکن پر اعتماد کرنا صحیح ہے؟

(۸) رمی، حلق یا قصر اور قربانی میں ترتیب لازم ہے یا کچھ اس میں رعایت ہے؟

(۹) بال کا حلق تو افضل ہے، قصر کرنے میں لوگ سر کے کسی حصہ کے بال کٹوا کر احرام کھول لیتے ہیں، بالوں کے قصر کی مکمل وضاحت فرمائیں۔

(۱۰) رمی کرنے میں کیسا عذر نیابت کے لئے قابل قبول ہے؟ عام طور پر ایسا ہو رہا ہے کہ نوجوان آدمی ہے اس کی بیوی، ماں، بہن، بیٹی یا اور کسی غیر معذور شخص کی طرف سے دوسرے محرم یا غیر محرم نوجوان کنکریاں مارتے ہیں، غیر معذور کی طرف سے رمی میں نیابت کرنا کیسا ہے؟

(۱۱) کوئی شخص بغیر احرام کے سیدھے عرفات پہنچ گیا اور عرفات میں احرام باندھتا ہے، تو ایسے شخص کے لئے کیا حکم ہے؟

المستفتی: محمد یاسین سلمان (کنویز) انجمن ارشاد الحجاج نزد مسجد ابراہیمی قادر باغ، حیدرآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: (۱) مشاعرِ مقدسہ کے شرعی حدود توقیفی ہیں، ان میں ترمیم واضافہ کا کسی کو حق نہیں ہے؛ البتہ قصر و تمام کے مسائل میں ان کا حکم مکہ مکرمہ سے متصل ہونے اور نہ ہونے پر ہے، اب یہ مسئلہ نہایت اہمیت کا حامل ہے کہ آیا مشاعرِ مقدسہ منی ومزدلفہ مکہ مکرمہ سے متصل ہیں یا منفصل؟ تو اس بارے میں مفصل تاریخی

وضاحت یہ ہے کہ منی کی آبادی صدیوں تک مکہ المکرّمہ کی آبادی سے بالکل الگ رہی ہے اوردونوں کے درمیان صدیوں تک ویران میدان اور پہاڑوں کا فاصلہ رہا ہے، جن میں کسی قسم کی آبادی اورعمارت نہیں تھی؛ اس لئے مکہ اور منی کے درمیان مسلسل آبادی نہ ہونے کی وجہ سے دونوں کو مستقل طور سے الگ الگ علاقہ شمار کیا گیا تھا، جیسا کہ ماضی کے تمام فقہاء نے تسلسل آبادی نہ ہونے کی وجہ سے دونوں کو الگ الگ آبادی قرار دیا تھا، اوراب ماضی قریب میں منی اور مکہ کے درمیان تسلسل آبادی کی وجہ سے دونوں کے درمیان کسی قسم کا انفصال باقی نہیں رہا؛ بلکہ متصل ہوکر ایک ہی آبادی جیسے ہوگئے، گویا منی مکہ مکرمہ کے محلّہ کے درجہ میں ہے؛ لہٰذا احجاج کرام کے منی منتقل ہونے کے بعد قیام منی کے دوران نمازوں کے اتمام اور قصر کے معاملہ میں حکم قیام مکہ کی طرح ہے اوریہی حکم مزدلفہ کا بھی ہے؛اس لئے کہ مزدلفہ عزیزیہ کی آبادی سے بالکل متصل ہوگیا ہے، رہا عرفات، تو عرفات کا مسئلہ قصر واتمام کے مسئلہ میں زیر بحث نہیں آسکتا؛اس لئے کہ قصرواتمام کا مدار رات گذارنے پر ہے اورعرفات میں کوئی حاجی رات نہیں گذارتا۔

إذا كانت القرى متصلة بربض المصر، فحينئذ تعتبر مجاوزة القرى، والصحيح ما ذكرنا أنه يعتبر عمران المصر إلا إذا كانت ثمة قرية، أو قرى متصلة بربض المصر، فحينئذ يعتبر مجاوزة القرى. الخ (الفتاوى التاتارخانية، كتاب الصلاة، الفصل الثاني والعشرون صلاة السفر، كوئٹه ۲/ ۵، زكريا ديوبند ۲/ ۴۹۵، رقم: ۳۰۹۸، المحيط البرهاني، المجلس العلمي جديد ۲/ ۳۸۸، رقم: ۲۰۲۴، هندية زكريا ۱/ ۱۳۹، جديد ۱/ ۱۹۹)

وإن كانت القرى متصلة بربض المصر، فالمعتبر مجاوزة القرى هو الصحيح، وإن كانت القرية متصلة بفناء المصر لا بربض المصر يعتبر مجاوزة الفناء، ولا يعتبر مجاوزة القرية. (خانية على هامش الهندية زكريا ديوبند ۱/ ۱۶۵، جديد زكريا ۱/ ۱۰۴-۱۰۳، حاشية الطحطاوي على مراقي الفلاح قديم:

۲۳۰، دارالکتاب دیوبند ۴۲۳، مجمع الأنهر، مصري، قديم ۱/ ۱۶۱، دارالکتب العلمية بيروت ۱/ ۲۳۸، شامي، زكريا ۲/ ۵۹۹، کراچی ۲/ ۱۲۱)

(۲) عرفات میں امیر الحج کے ساتھ عصر کی نماز کو ظہر کے وقت میں ظہر کی نماز کے ساتھ جمع بین الصلاتین کرنا لازم ہے۔ اور اس بارے میں امت میں کسی کا اختلاف نہیں، ہاں البتہ اختلاف اس بارے میں ہے کہ جو حجاج امیر الحج کے پیچھے ظہر وعصر کی نماز نہیں پڑھتے؛ بلکہ اپنے خیموں میں پڑھتے ہیں، ان کے بارے میں اختلاف ہے۔ حضرت امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک اہل خیمہ جمع بین الصلاتین نہیں کریں گے، صاحبین کے نزدیک اہل خیمہ بھی جمع بین الصلاتین کریں گے، صاحبین کا قول دلائل کی روشنی میں زیادہ واضح معلوم ہوتا ہے؛ لیکن حضرات متأخرین نے امام صاحبؒ کے قول کو راجح کہا ہے، آج کے حالات کے اعتبار سے علماء کو صاحبین کے قول پر بھی غور کرنا چاہئے، جس کی تفصیل کتبِ فقہ میں مذکور ہے:

في شرائط جواز الجمع: الجماعة فيهما، فلو صلاهما أو إحداهما منفردا لم يجز عند أبي حنيفةؒ، والجماعة شرط لازم في حق غير الإمام فلا تسقط بحال –إلى قوله– وعندهما لا يشترط بشيء من الشروط الثلاثة إلا الإحرام بالحج في العصر فقط. (غنية الناسك، باب مناسك عرفات، فصل في شرائط جواز الجمع، کراچی جديد: ۱۵۱-۱۵۲، قديم مكتبه ميرٹھ ۸۱، مستفاد: أنوار مناسك/ ۴۲۱-۴۲۲)

(۳) صورت مسئولہ میں منیٰ اور مکہ کی بلدیہ ایک ہونے کی وجہ سے نماز کے قصر واتمام میں فرق آئے گا، جیسا کہ سوال نمبر ۱ کے ذیل میں تفصیل گذری۔ (مستفاد: انوار مناسک/ ۴۵۷)

(۴) صورتِ مذکورہ میں حاجیوں کی کثرت اور جگہ کی قلت کی وجہ سے سعودی حکومت نے خیموں کی حد مزدلفہ تک پہنچا دی ہے اور یہ کثرتِ ازدحام کی وجہ سے ہے، تو منی کے حدود سے باہر قیام کرنا بلا کراہت جائز ہے؛ البتہ قیام منی کی سنت اس سے ادا نہیں ہوگی۔

ویکره أن لا یبیت بمنی لیالي الرمي، ولو بات في غیرها متعمدا لا یلزمه شيء عندنا. (هدایة، أشرفیه دیوبند ۱/ ۲۳۳)

عن ابن عباس –رضي الله عنهما– أن العباس بن عبدالمطلب استأذن رسول الله ﷺ أن یبیت بمکة لیالي منی من أجل سقایته، فأذن له. (صحیح مسلم، الحج، باب وجوب المبیت بمنی لیالي أیام التشریق ...... النسخة الهندیة ۱/ ۴۲۳، بیت الأفکار رقم: ۱۳۱۵، صحیح البخاري، الحج، باب سقایة الحاج، النسخة الهندیة ۱/ ۲۲۱، رقم: ۱۶۰۷، ف: ۱۶۳۴، مستفاد: أنوار مناسك ۴۹۸-۵۰۰)

(۵) جن کے خیمے مزدلفہ میں ہیں ان کا عرفات سے واپسی پر خیمہ لگا کر رات گذارنا اور بغیر خیمہ کے رات گذارنا بلا کراہت جائز ہے؛ اس لئے کہ حدیث ونصوص میں قیام مزدلفہ میں رات گذارنے کی کوئی تفصیل نہیں ہے؛ بلکہ مطلقاً حدود مزدلفہ میں رات گذارنے کا ذکر ہے۔ (مستفاد: انوار مناسک/ ۴۳۸)

وأما ترك الواجبات بعذر فلا شيء فیه –إلی قوله– فإذا منعه خوف الزحام، فإنه من الله تعالی، فلا شيء علیه. (غنیة، باب الجنایات، کراچی جدید: ۲۳۹، قدیم مکتبه خیریه میرٹھ ۱۲۸)

وکذا کل واجب إذا ترکه بعذر فلا شيء علیه. (شامي، زکریا مطلب في الوقوف بمزدلفة، زکریا دیوبند ۳/ ۵۲۹، کراچی ۲/ ۵۱۲)

أن واجب الحج إذا ترکه بعذر لا شيء علیه، حتی لو ترك الوقوف بالمزدلفة خوف الزحام لا شيء علیه. (البحرالرائق، کتاب الحج، باب الإحصار زکریا دیوبند ۳/ ۱۰۰، کوئٹه ۳/ ۵۶، الموسوعة الفقهیة الکویتیة ۱۷/ ۷۹)

(۶) جن لوگوں کا بارھویں ذی الحجہ کو منی چھوڑنے کا ارادہ ہو ان کے لئے مسنون ومستحب یہ ہے کہ غروب سے پہلے رمی کر کے منی چھوڑ دیں۔ اور اگر بغیر عذر اور بغیر ازدحام کے غروب کے بعد رمی کر کے منی چھوڑیں گے، تو مکروہ ہے؛ لیکن بھیڑ کے عذر کی وجہ سے

غروب کے بعد بھیڑ سے بچنے کے لئے رمی کا وقت آنے سے پہلے قبل الزوال رمی کی اجازت دی جائے یہ کسی طرح درست نہیں ہے اور نہ ہی سعودی حکومت نے اس بات کی اجازت دی ہے اور نہ ہی حکومت سعودیہ کی طرف سے اس کا اعلان ہوا ہے؛ بلکہ مؤسسہ کی طرف سے معلمین کی سہولت کے لئے اشتہار لگایا گیا ہے؛ اس لئے یہ کوئی حجت شرعی نہیں۔

ولو نفر من الليل قبيل طلوعه لا شيء عليه في الظاهر عن الإمام.

(غنية، باب رمي الجمار، فصل في صفة رمي الجمار في اليوم الثالث والرابع، جديد كراچی ١٨٤، قديم مكتبه خيريه ميرٹھ ٩٨، أنوار مناسك ٤٨٠)

(۷) حنفی مسلک کے حجاج کو ’’بنک الراجی‘‘ کے ٹوکن پر اعتماد نہیں کرنا چاہئے اور اپنی قربانی کا خود انتظام کرنا چاہئے۔ اور سوال نامہ میں ذکر کردہ شکل میں ٹوکن پر اعتماد کرنا ممکن نہیں ہے۔ (مستفاد: انوار مناسک ۵۰۸)

(۸) ترتیب واجب ہے، رمی، حلق، قصر اور قربانی میں ترتیب واجب اور لازم ہے۔

اعلم أن ما يفعل في أيام النحر أربعة أشياء: الرمي، والنحر، والحلق، والطواف، وهذا الترتيب واجب عند أبي حنيفة، ومالك، وأحمد.

(البحر الرائق كراچی ٣/ ٢٤، زكريا ٣/ ٤٢، وهكذا في البناية، أشرفيه ديوبند ٤/ ٣٦٦، حاشيه چلپی، مكتبه إمداديه ملتان ٢/ ٣٢، زكريا ٢/ ٣٠٨، أنوار مناسك ٤٤٧)

(۹) بالوں کے قصر کی شکل یہ ہے کہ کم از کم سر کے چوتھائی یا اس سے زائد حصہ کے بال کاٹ لینا واجب ہے، اس کے بغیر حلال نہیں ہوگا۔ اور پورے سر کے بال کٹوا دینا مسنون ہے اور جو بال کاٹ کر الگ کر دیا جائے وہ لمبائی میں کم سے کم انگلی کے ایک پوروے کے برابر ہونا ضروری ہے، جو تقریباً ایک انچ کے برابر ہوتا ہے۔ اور جن لوگوں کے سر میں ایک پوروے سے کم لمبے بال ہوں ان کے لئے قصر جائز نہیں حلق لازم ہے۔

(مستفاد: از انوار مناسک/ ۵۲۵)

فأقل الواجب في التقصير قدر الأنملة من جميع شعر ربع الرأس، لكن أصحابنا قالوا: يجب أن يزيد في تقصير الربع على قدر الأنملة؛ لأن أطراف الشعر غير متساوية عادة، فلو قصر قدر الأنملة من الربع لم يستوف قدر الأنملة من جميع شعر الرأس بل هو من بعضه، فوجب أن يزيد على قدر الأنملة. (غنية الناسك، باب مناسك فی یوم النحر، فصل في الحلق، کراچی جدید ۱۷٤، مکتبه خیریه میرٹھ، قدیم: ۹۳)

والسنة حلق جميع الرأس، أو تقصير جميعه، وإن اقتصر على الربع جاز مع الكراهة، وهو أقل الواجب فيهما الخ. (غنية، کراچی جدید: ۱۷٤، قدیم مکتبه خیریه میرٹھ ۹۳)

(۱۰) غیر معذور کی طرف سے رمی میں نیابت جائز نہیں ہے، ایسی صورت میں جن لوگوں کی طرف سے نیابت کی گئی ہے، ان پر دم دینا لازم ہوجاتا ہے۔ (مستفاد: انوار مناسک/۵۰۲)

السادس: أن يرمي بنفسه، فلا تجوز النيابة فيه عند القدرة. (غنية، باب رمي الجمار، فصل في شرائط الرمي، جديد کراچی ۱۸۷، قدیم مکتبه خیریه میرٹھ ۱۰۰)

(۱۱) جو متمتع یا مکی بغیر احرام عرفات پہنچ جائیں اور عرفات جاکر حج کا احرام باندھ لیں، تو ان کے اوپر ایک دم دینا لازم ہوجائے گا، اس کی وجہ یہ ہے کہ مکہ والوں یا مکہ میں مقیم لوگوں پر حج کا احرام حدودِ حرم کے اندر باندھنا واجب ہوتا ہے۔ اور عرفات حدود حرم کے باہر ہے۔ (مستفاد: از انوار مناسک/۲۲۲)

وكذا الآفاقي أو البستاني إذا دخل مكة أو الحرم فهو وقته للحج، والحل للعمرة، كل ذلک إذا دخله أو خرج إليه لحاجة وإن لم ينو الإقامة به، فإن قصده لا لحاجة بل للإحرام منه تاركا وقته عمدا لا يكون من أهل ما خرج إليه لحاجة، أو دخل فيه، فعليه العود إلى وقته، والإحرام منه، فإن لم يعد فعليه الدم، ثم هل يأثم بترک العود؟ فإن كان قادرا عليه نعم، وإلا فلا،

إلا أنه لا يجب عليه دم آخر بترك هذا الواجب. (غنية الناسك، باب المواقيت، فصل و قد يتغير الميقات بتغير الحال، قديم، مكتبه خيريه ميرٹھ ۲۹، جديد كراچی ۵۸-۵۹) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۴/صفر ۱۴۳۱ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۸/۹۹۱۹)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۳۱/۲/۲۶ھ

منیٰ مزدلفہ میں قصر واتمام سے متعلق دار العلوم کے فتوی کا حکم

سوال [۵۰۹۵]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: سال گذشتہ منیٰ میں قصر واتمام سے متعلق دار العلوم دیوبند کا جو فتوی 1353-267 D/ 11-1434 U آن لائن حضرت مفتی سعید احمد صاحب پالن پوری صدر المدرسین اور حضرت مولانا ابو القاسم صاحب نعمانی، مہتمم دار العلوم دیوبند کی تصدیقات سے جاری ہوا، جس سے منیٰ میں بڑا انتشار رہا، جس کا علم شاید آپ کو بھی ہوگا۔ براہ کرم اس انتشار سے بچنے کے لئے امت کی رہبری فرمائیں۔ والسلام

المستفتی: میر سعادت علی حیدر آبادی، حال مقیم نلگنڈہ

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: دار العلوم دیوبند کے جس فتوی کا ذکر کیا گیا ہے، پچھلے سال ۲۸-۲۹ جمادی الاولیٰ ۱۴۳۵ھ مطابق ۲۰-۲۱/ مارچ ۲۰۱۴ء ممبئی حج ہاؤس میں جمعیۃ علماء ہند کی طرف سے ایک فقہی اجتماع ہوا ہے اور اس اجتماع میں یہ فتوی بانٹا گیا ہے؛ لیکن شرکاء اجتماع میں سے اکثر حضرات نے دار العلوم دیوبند کے اس فتوی سے اتفاق نہیں فرمایا ہے اور جو مقالہ نگار حضرات تھے ان میں سے پندرہ حضرات نے اس فتوی سے اتفاق کیا

ہے اور ۴۵/ مقالہ نگار حضرات نے اس فتوی سے اتفاق نہیں کیا ہے۔ اور اس اجتماع میں حضرت مفتی سعید احمد صاحب پالن پوری اور مفتی ابوالقاسم صاحب نعمانی دامت برکاتہم اور دارالعلوم دیوبند علیا کے تقریباً سارے اساتذہ موجود تھے اور خود دارالعلوم دیوبند کے مفتیان کرام کے دوفریق تھے، ایک فریق نے اس سے اتفاق کیا اور دوسرے فریق نے اس سے اختلاف کیا اور دارالعلوم دیوبند کے اکثر اساتذہ نے بھی اس سے اختلاف کیا، آخر میں تجویز کمیٹی میں یہ بات طے پائی کہ کسی ایک جانب سارے شرکاء کا اتفاق نہیں ہو پایا ہے؛ اس لئے عامۃ المسلمین کو اختیار دیا گیا ہے کہ دونوں فریقوں میں سے جس کو جس پر اطمینان ہو اس سے مسئلہ معلوم کر کے عمل کریں اور دوسرے فریق سے نزاع اور اختلاف نہ کریں اور ہم لوگ ان لوگوں میں سے ہیں جنہوں نے دارالعلوم دیوبند کے مذکورہ فتوی سے اختلاف کیا ہے اور ہم نے اپنے اپنے مقالہ میں اپنی اپنی دلیلیں پیش کی ہیں، آنجناب سے بھی یہی گزارش ہے کہ جس پر اعتماد ہے اس کو اختیار فرمائیں۔ فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۸/ رجب ۱۴۳۶ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۴۱/ ۱۲۶۸)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۲۹/ ۷/ ۱۴۳۶ھ

قصر واتمام کے مسئلہ میں منیٰ ومزدلفہ کے مکہ مکرمہ شہر کے جزو ہونے کا تحقیقی جائزہ

نَحْمَدُهٗ وَنُصَلِّی عَلٰی رَسُوْلِهِ الْکَرِیْمِ أَمَّا بَعْد!

وَاَرِنَا مَنَاسِکَنَا وَتُبْ عَلَیْنَا اِنَّکَ اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِیْمُ. (البقرة/ ۱۲۸)

اور ہم کو بتلا دے حج کے مناسک (اصول وقواعد) اور ہماری توبہ قبول فرما، بے شک تو ہی توبہ قبول کرنے والا اور بہت بڑا مہربان ہے۔

یَا رَبِّ صَلِّ وَسَلِّمْ دَائِمًا اَبَدًا ☆ عَلٰی حَبِیْبِکَ خَیْرِ الْخَلْقِ کُلِّهِمٖ

ہر سال حج کے موقع پر حجاج کرام کے درمیان منیٰ ومزدلفہ میں قصر واتمام کے بارے میں اختلاف ہوتا رہتا ہے، کوئی کہتا ہے کہ منیٰ مکہ مکرمہ شہر سے الگ ایک جداگانہ مقام ہے؛ اس لئے منیٰ کا قیام مکہ کا قیام نہیں ہے۔

﴿وَمَنْ دَخَلَهٗ کَانَ اٰمِنًا.﴾ [آل عمران: ۹۷]

لہٰذا منیٰ کی طرف خروج سے پہلے اگر پندرہ دن قیام نہیں رہا ہے تو نمازوں کا قصر کرنا لازم ہے۔ اور دوسرا کہتا ہے کہ منیٰ ومزدلفہ مکہ مکرمہ شہر کا حصہ ہیں۔ ﴿وَمَنْ دَخَلَهٗ کَانَ اٰمِنًا.﴾ کی بشارت میں منیٰ بھی شامل ہے؛ اس لئے ایسے حجاج کرام کے لئے نمازوں کا قصر کرنا جائز نہیں ہے، جو مکہ مکرمہ میں داخل ہونے کے بعد واپسی تک میں پندرہ دن یا اس سے زیادہ قیام کا ارادہ رکھتے ہوں۔ اور اختلاف کبھی ایسا بڑھ جاتا ہے کہ جس کی وجہ سے بعض دفعہ حجاج کرام کے درمیان ایک محبوب عبادت میں جس طرح یکسوئی ہونی چاہئے وہ باقی نہیں رہتی ہے؛ بلکہ اختلاف اور الجھن کا شکار ہو جاتے ہیں اور حج کے بعد بھی بحث کا سلسلہ جاری رہتا ہے، اسی لئے اس موضوع سے متعلق نصوص ودلائل کی روشنی میں تفصیلی وضاحت کی ضرورت ہے اور اسی ضرورت کے پیش نظر یہ مضمون پیش خدمت ہے۔

فنائے شہر کسے کہتے ہیں؟

فنائے شہر شہر کے کسی بھی جانب کی اس جگہ کو کہا جاتا ہے جو شہر سے متصل یا شہر سے فاصلہ پر ہو، جس میں شہر کی آبادی اور عمارتیں نہ ہوں اور شہر کی کسی بھی قسم کی ضرورت میں استعمال ہوتی ہو۔

''تنویر الابصار'' کی عبارت ملاحظہ فرمائیے:

فِنَاءُهٗ وَهُوَ مَا حَوْلَهٗ اتَّصَلَ بِهٖ أَوْ لَا لِأَجْلِ مَصَالِحِهٖ. (تنویر الأبصار مع الدر، کتاب الصلاۃ، باب الجمعة، کراچی ۲/ ۱۳۸، زکریا ۳/ ۷)

شہر کی فناء وہ جگہ ہے جو شہر کے ارد گرد ہوتی ہے، شہر سے متصل ہو یا متصل نہ ہو اور وہ شہر کے مصالح کے لئے ہو۔

یہ بات یاد رکھنے کی ضرورت ہے کہ فنائے شہر دو طرح کے ہوتے ہیں:

(۱) فنائے متصلہ: فنائے متصلہ اس جگہ کو کہا جاتا ہے جو مصالح شہر کے لئے استعمال ہوتی ہو اور شہر کی آبادی سے اس کی دوری ایک غلوہ یعنی چار سو ذراع سے زیادہ دوری پر نہ ہو؛ لیکن اگر شہر بڑا ہے تو اس کی وسعت کے اعتبار سے فنائے متصلہ کی دوری میں بھی وسعت ہو جاتی ہے۔ اور فنائے متصلہ قصر واتمام کے مسئلہ میں ربض شہر کی طرح شہر کے حکم میں ہوتی ہے، جیسا کہ بحر کی عبارت سے واضح ہے:

إِنْ كَانَ بَيْنَهٗ وَبَيْنَ الْمِصْرِ أَقَلَّ مِنْ قَدْرِ غَلْوَةٍ وَلَمْ يَكُنْ بَيْنَهُمَا مَزْرَعَةٌ يُعْتَبَرُ مُجَاوَزَةُ الْفِنَاءِ أَيْضًا. (البحر، باب المسافر، زکریا دیوبند ۲/ ۲۲۶، کوئٹہ ۲/ ۱۲۸، فتاوی قاضیخان، جدید زکریا ۱/ ۱۰۳، قدیم ۱/ ۱۶۵)

اگر شہر اور فناء کے درمیان ایک غلوہ (چار سو ذراع) سے کم کا فاصلہ ہو اور دونوں کے درمیان کھیت وغیرہ کا فاصلہ نہ ہو تو مسافر کے لئے فنائے شہر سے بھی تجاوز کرنے کا اعتبار رہوگا۔

(۲) فنائے منفصلہ: فنائے منفصلہ قصر واتمام کے مسئلہ میں شہر کے حکم میں نہیں ہوتی ہے، یعنی جب مسافت سفر طے کرنے کے ارادہ سے شہر سے سفر شروع کیا جائے تو فنائے منفصلہ میں جا کر قصر کرنے کا حکم ہے، اس میں اتمام جائز نہیں ہے۔ اور فنائے منفصلہ کی دوری پانچ چھ کلومیٹر سے بھی زیادہ ہوسکتی ہے جس کو ہم آئندہ صفحات میں فنائے شہر سے متعلق تفصیلی وضاحت میں پیش کریں گے۔

کیا فنائے شہر کا شہر سے متصل ہونا لازم ہے؟

یہاں یہ مسئلہ بھی زیادہ اہمیت کا حامل ہے کہ فنائے شہر کا شہر سے متصل ہوکر تسلسل کے ساتھ اپنی انتہا تک جاری رہنا لازم ہے یا شہر اور فنائے شہر کے درمیان میں کھیتوں اور باغات وغیرہ کے ذریعہ سے بڑے بڑے انفصال بھی ہوسکتے ہیں، تو اس سلسلے میں بعض فقہاء کی عبارات سے یہ بات واضح ہوتی ہے کہ فنائے شہر کا شہر سے متصل ہونا لازم ہے۔ اور کھیت وغیرہ کا انفصال فنائے شہر کو مانع ہے، ان تمام عبارتوں پر علامہ شامیؒ نے بخاریٰ کی عیدگاہ کے ذریعہ سے واضح انداز سے رد فرمایا ہے کہ وہ سارے اقوال صحیح اور درست نہیں ہیں؛ بلکہ صحیح اور درست یہی ہے کہ فنائے شہر کا شہر سے متصل ہونا لازم نہیں ہے؛ بلکہ کھیتوں اور باغوں وغیرہ کے ذریعہ سے انفصال ہوجائے تو وہ بھی فنائے شہر کے دائرہ میں داخل ہوتا ہے، بس اتنا ضروری ہے کہ مصالح شہر کا اس سے کم یا زیادہ تعلق ہو؛ اس لئے کہ بخاریٰ کی عیدگاہ شہر بخاریٰ کی آبادی کے بعد کافی دوری پر واقع تھی اور عیدگاہ اور شہر کی آبادی کے درمیان کافی لمبا چوڑا کھیتوں اور جنگلات کا فاصلہ رہا ہے۔ اور عیدگاہ میں مصریت کے اعتبار سے وہ ساری شرطیں لازم ہوتی ہیں جو جواز جمعہ کے لئے لازم ہوتی ہیں اور بخاریٰ کی عیدگاہ میں نمازِ عید کے جائز اور صحیح ہونے کے بارے میں متقدمین اور متاخرین سارے فقہاء کا اتفاق ہے، کسی نے اس پر نکیر نہیں کی ہے۔ اور فقہاء نے یہ بات بھی واضح کردی ہے کہ فنائے شہر کا حکم ایسا ہے جیسا کہ شہر کے درمیانی حصہ کا حکم ہوتا ہے۔ اب اس سلسلے میں فقہاء کی عبارات ملاحظہ فرمائیے: شامی

میں اس حکم کو ان الفاظ میں نقل کیا گیا ہے:

وَاعْتَبَرَ بَعْضُهُمْ قَيْدَ الاتِّصَالِ، وَقَدْ خَطَأَهُ صَاحِبُ الذَّخِيْرَةِ قَائِلاً، فَعَلٰى قَوْلِ هٰذَا الْقَائِلِ لَا تَجُوْزُ إِقَامَةُ الْجُمُعَةِ بِبُخَارٰى فِيْ مُصَلَّى الْعِيْدِ، لِأَنَّ بَيْنَ الْمُصَلّٰى وَبَيْنَ الْمِصْرِ مَزَارِعُ، وَوَقَعَتْ هٰذِهِ الْمَسْأَلَةُ مَرَّةً، وَأَفْتٰى بَعْضُ مَشَايِخِ زَمَانِنَا بِعَدَمِ الْجَوَازِ، وَلٰكِنَّ هٰذَا لَيْسَ بِصَوَابٍ، فَإِنَّ أَحَدًا لَمْ يُنْكِرْ جَوَازَ صَلاةِ الْعِيْدِ فِيْ مُصَلَّى الْعِيْدِ بِبُخَارٰى، لَا مِنَ الْمُتَقَدِّمِيْنَ وَلَا مِنَ الْمُتَأَخِّرِيْنَ، وَكَمَا أَنَّ الْمِصْرَ أَوْ فِنَاءَهُ شَرْطُ جَوَازِ الْجُمُعَةِ فَهُوَ شَرْطُ جَوَازِ صَلاةِ الْعِيْدِ. (شامي، كتاب الصلاة، باب الجمعة، كراچى ۲/ ۱۳۸، زكريا ۳/ ۷)

بعض فقہاء نے فنائے شہر ہونے کے لئے اتصال کی قید کا اعتبار کیا ہے۔ اور صاحب ذخیرہ نے بحث کرتے ہوئے اس کو خطا اور غلطی پر محمول کیا ہے؛ لہٰذا اس قائل کے قول کے مطابق بخاریٰ کی عیدگاہ میں اقامت جمعہ جائز نہیں ہوگی؛ اس لئے کہ عیدگاہ اور شہر کے درمیان میں بہت سارے کھیت ہیں اور ایک مرتبہ اس مسئلہ کا واقعہ پیش آیا تو ہمارے زمانہ کے بعض مشائخ نے عدمِ جواز کا فتویٰ بھی دیا؛ لیکن یہ صحیح اور درست نہیں ہے؛ اس لئے کہ بخاریٰ کی عیدگاہ میں نمازِ عید کے جواز پر کسی نے بھی نکیر نہیں کی نہ متقدمین میں سے کسی نے اور نہ ہی متاخرین میں سے کسی نے۔ اور جیسا کہ شہر یا فنائے شہر جواز جمعہ کے لئے شرط ہے اسی طرح نمازِ عید کے جواز کے لئے بھی شرط ہے۔

اور علامہ سرخسیؒ نے ''مبسوط'' میں اس حکم کو ان الفاظ میں بیان کیا ہے:

وَأَمَّا إِقَامَةُ صَلٰوةِ الْجُمُعَةِ وَالْعِيْدَيْنِ مِنْ حَوَائِجِ أَهْلِ الْمِصْرِ، وَهٰذَا مَوْضِعٌ مُعَدٌّ

اور بہر حال جمعہ اور عیدین کا قائم کرنا شہر کی ضروریات میں سے ہے اور یہ جگہ اسی ضرورت کے لئے تیار کی گئی ہے؛ لہٰذا اس حکم

لِذٰلِکَ فَیُجْعَلُ فِي حَقِّ هٰذَا الْحُکْمِ فِنَاءُ الْمِصْرِ کَجَوْفِ الْمِصْرِ. (المبسوط للسرخسي، دارالکتب العلمیة بیروت ۲/۱۲۱-۱۲۲)

کے حق میں فنائے شہر کا حکم ایسا ہے جیسا کہ شہر کے بیچ میں ہے۔

شہر کی آبادی سے فنائے مصر کی دوری

شہر کی عمارتی آبادی سے فنائے مصر کی دوری کی حد کہاں تک ہوسکتی ہے؟ اس سلسلے میں حضراتِ فقہاء کے گیارہ اقوال کتبِ فقہ میں ملتے ہیں، مناسب معلوم ہوتا ہے کہ یہاں پر اختصار کے ساتھ سارے اقوال نقل کردیئے جائیں، پھر اس کے بعد مفتی بہ اقوال کو بھی واضح کردیا جائے، تاکہ ناظرین کے سامنے مسئلہ خوب اچھی طرح واضح ہوجائے۔ ملاحظہ فرمایئے:

قول ۱: ایک غلوۃ تقریباً چار سو ذراع۔

قول ۲: ایک میل شرعی 2000 دو ہزار گز 1828 میٹر 80 سینٹی میٹر یعنی 1 ڈیڑھ کلومیٹر 380 میٹر 80 سینٹی میٹر۔

قول ۳: دو میل شرعی 4000 چار ہزار گز 3657 میٹر 60 سینٹی میٹر یعنی 3 ساڑھے تین کلومیٹر 157 میٹر 60 سینٹی میٹر۔

قول ۴: تین میل شرعی 6000 چھ ہزار گز 5486 میٹر 40 سینٹی میٹر یعنی 5 پانچ کلو میٹر 486 میٹر 40 سینٹی میٹر۔

قول ۵: ایک فرسخ: اور ایک فرسخ میں تین میل شرعی ہوتے ہیں اور تین میل شرعی کی مقدار قول ۴ کے تحت میں آچکی ہے۔

قول ۶: دو فرسخ اور دو فرسخ میں چھ میل شرعی ہوتے ہیں اور چھ میل شرعی میں 12000 بارہ ہزار گز ہوتے ہیں، یعنی 10972 میٹر، 80 سینٹی میٹر یعنی 10 ساڑھے دس کلومیٹر 472 میٹر اور 80 سینٹی میٹر۔

قول ۷ : تین فرسخ: اور تین فرسخ میں نو میل شرعی ہوتے ہیں، یعنی 18000 اٹھارہ ہزار گز 16459 میٹر 20 سینٹی میٹر، یعنی 16 سولہ کلومیٹر اور 459 میٹر اور 20 سینٹی میٹر۔

قول ۸ : سماع الصوت: آبادی کے کنارے سے زور سے آواز دی جائے جہاں تک آواز پہنچ جائے وہاں تک فنائے شہر میں شمار ہوگا۔

قول ۹ : جامع مسجد کی اذان کی آواز شہر کے باہر جہاں تک پہنچ جائے وہاں تک فنائے شہر ہے۔

قول ۱۰ : شہر کے چھوٹا ہونے اور بڑا ہونے کی حیثیت سے فنائے شہر کا اعتبار کیا جائے گا، یعنی اگر شہر چھوٹا ہے تو اس کے فناء کی مسافت کم رہے گی اور اگر شہر بڑا ہے تو اس کے فناء کی دوری کی مسافت اسی شہر کی حیثیت کے اعتبار سے لمبی رہے گی۔ مذکورہ اقوال کی عبارت ملاحظہ فرمائیے:

وَجُمْلَةُ أَقْوَالِهِمْ فِي تَقْدِيرِهِ ثَمَانِيَةُ أَقْوَالٍ أَوْ تِسْعَةٌ: غَلْوَةٌ، مِيلٌ، مِيلَانِ، ثَلَاثَةٌ، فَرْسَخٌ، فَرْسَخَانِ، ثَلَاثَةٌ، سَمَاعُ الصَّوْتِ، سَمَاعُ الْأَذَانِ، وَالتَّعْرِيفُ أَحْسَنُ مِنَ التَّحْدِيدِ؛ لِأَنَّهُ لا يُوجَدُ ذٰلِكَ فِي كُلِّ مِصْرٍ، وَإِنَّمَا هُوَ بِحَسَبِ كِبَرِ الْمِصْرِ وَصِغَرِهِ، بَيَانُهُ أَنَّ التَّقْدِيرَ بِغَلْوَةٍ أَوْ مِيلٍ لا يَصِحُّ فِي مِثْلِ مِصْرٍ. (شامي، كتاب الصلاة، باب الجهة، كراچی ۲/ ۱۳۸، زکریا ۳/ ۷، منحة الخالق علی البحر الرائق، زکریا ۲/ ۲۴۷، کوئٹہ ۲/ ۱۴۰)

اور ان کے اقوال کا مجموعہ فنائے مصر کی دوری کی مقدار کے بارے میں آٹھ یا نو اقوال ہیں: (۱) ایک غلوہ (۲) ایک میل (۳) دو میل (۴) تین میل (۵) ایک فرسخ اس کی مقدار بھی تین میل ہے (۶) دو فرسخ (۷) تین فرسخ (۸) سماع صوت کی دوری (۹) سماع اذان کی دوری (۱۰) تحدید کے مقابلہ میں اجمالی تعریف زیادہ بہتر ہے؛ اس لئے کہ مقدار والی تعیین کی بات ہر شہر میں نہیں پائی جاتی ہے۔ اور یقیناً وہ شہر کے بڑے ہونے اور چھوٹے ہونے کے اعتبار سے ہوتا ہے۔ اور اس کی وضاحت یہ ہے کہ ایک غلوہ یا ایک میل کے ذریعہ سے مقدار متعین کرنا کسی شہر جیسی جگہ میں صحیح نہیں ہے۔

قول ۱۱: فنائے مصر اور توابع مصر اتنی دوری تک ہے کہ جہاں کے لوگ صبح کو چل کر شہر کی جامع مسجد میں آکر آرام سے جمعہ کی نماز پڑھیں، پھر جمعہ کی نماز پڑھ کر شام تک اپنے گھر آکر رات گذار سکتے ہوں۔

علامہ طحطاویؒ نے اولاً ایک غلوہ کے قول کو نقل کر کے اس کے لئے نوادر، نہایہ اور قہستانی وغیرہ کے حوالہ سے الفاظ ترجیح نقل کرنے کے بعد پھر آخر میں اس پر رد کرتے ہوئے فرمایا کہ ان سارے اقوال کی کوئی حیثیت نہیں ہے؛ بلکہ زیادہ صحیح اور قابل عمل بات وہی ہے جو بدائع میں مذکور ہے کہ صبح کو چل کر شہر کی جامع مسجد میں آکر جمعہ پڑھ کر بغیر کسی مشقت کے اپنے گھر آکر رات گذار سکتا ہو اس کے اوپر جمعہ واجب ہوجاتا ہے؛ لہٰذا اس کی رہائش گاہ توابع مصر اور فنائے مصر میں شمار ہوگی۔ ملاحظہ فرمائیے (طحطاوی علی المراقی دارالکتاب دیوبند جدید ص: ۵۰۵، قدیم: ۲۷۴)

اس کا حاصل یہ نکلتا ہے کہ فنائے مصر شہر کی آبادی سے تین فرسخ یعنی لگ بھگ ساڑھے سولہ کلومیٹر بھی ہوسکتا ہے؛ اس لئے کہ جامع مسجد میں نماز پڑھ کر اتنی دور پیدل چل کر آرام سے اپنے گھر رات گذار سکتے ہیں۔ صاحب بحرالرائق نے اس قول کو زیادہ احوط کہا ہے۔

بدائع الصنائع کی عبارت ملاحظہ فرمائیے:

وَقَالَ بَعْضُهُمْ: إِنْ أَمْكَنَهُ أَنْ يَحْضُرَ الْجُمُعَةَ وَيَبِيْتَ بِأَهْلِهِ مِنْ غَيْرِ تَكَلُّفٍ تَجِبُ عَلَيْهِ الْجُمُعَةُ وَإِلَّا فَلَا، وَهٰذا حَسَنٌ، وَيَتَّصِلُ بِهٰذَا إِقَامَةُ الْجُمُعَةِ فِي أَيَّامِ الْمَوْسِمِ بِمِنًى. (بدائع، كتاب الصلاة، فصل في شرائط الجمعة، زكريا ١/ ٥٨٥)

اور بعض علماء نے کہا ہے کہ اگر یہ ممکن ہوجائے کہ جمعہ کی نماز ادا کر کے بغیر کسی مشقت کے اپنے گھر آکر رات گذار سکے تو اس کے اوپر جمعہ واجب ہوجاتا ہے ورنہ نہیں۔ اور یہ قول زیادہ احسن اور بہتر ہے اور اسی قول کے ساتھ منی میں ایام موسم میں اقامت جمعہ کا مسئلہ متعلق ہوتا ہے۔

’’البحر الرائق‘‘ کی عبارت ملاحظہ فرمائیے:

فَقَدِ اخْتَلَفَ التَّصْحِيْحُ وَالْفَتْوَى كَمَا رَأَيْتَ، وَلَعَلَّ الأَحْوَطَ مَا فِي الْبَدَائِعِ، فَكَانَ أَوْلٰى. (البحر الرائق، باب صلاة الجمعة، زكريا ۲/ ۲٤۸، كوئٹه ۲/۱٤۱)

یقیناً مفتی بہ قول اور قول صحیح کے بارے میں اختلاف واقع ہو چکا ہے، جیسا کہ تم نے دیکھا ہے اور یقیناً احوط اور بہتر قول وہی ہے جو بدائع میں ہے؛ لہٰذا وہی قول اولیٰ ہوگا۔

فنائے شہر سے متعلق ہمارے سامنے فقہاء کے یہ گیارہ اقوال ہیں اور ان گیارہ اقوال میں سے چار قولوں کے بارے میں صراحتاً یا اشارۃً الفاظ ترجیح ملتے ہیں۔

(۱) ماقبل میں ذکر کردہ گیارہ اقوال میں سے قول ۱ کے متعلق بھی الفاظ ترجیح ملتے ہیں جیسا کہ علامہ طحطاویؒ نے ’’نوادر‘‘، ’’نہایہ‘‘ اور ’’قہستانی‘‘ کے حوالہ سے مقدار غلوہ یعنی چار سو ذراع کی مسافت کے بارے میں الفاظ ترجیح نقل کئے ہیں، پھر اس کے بعد آخر میں ’’وَاخْتِيَارُ الْمُحَقِّقِيْنَ مِنْ أَهْلِ التَّرْجِيْحِ أَنَّهُ لَا عِبْرَةَ بِبُلُوْغِ النِّدَاءِ وَلَا بِالْغَلْوَةِ وَالْأَمْيَالِ، وَإِنَّهُ لَيْسَ بِشَيْءٍ فَلَا عَلَيْكَ مِنْ مُخَالَفَةِ غَيْرِهِ، وَإِنْ ذُكِرَ تَصْحِيْحُهُ‘‘. (طحطاوي على المراقي جديد: ۵۰۵، قديم: ۲۷٤) کے الفاظ کے ذریعہ سے صاف واضح فرما دیا ہے کہ قدر غلوہ وغیرہ ان اقوال کا کوئی اعتبار نہیں ہے اور ان اقوال کی مخالفت میں بھی کوئی حرج نہیں ہے، اگرچہ ان میں سے بعض کو صحیح قرار دیا گیا ہے۔

مگر صاحب بحر الرائق نے ’’فَقَدِ اخْتَلَفَ التَّصْحِيْحُ وَالْفَتْوَى كَمَا رَأَيْتَ، وَلَعَلَّ الأَحْوَطَ مَا فِي الْبَدَائِعِ، فَكَانَ أَوْلٰى. (البحر الرائق، زكريا ۲/ ۲٤۸، كوئٹه ۲/ ۱٤۱)‘‘ کے الفاظ کے ذریعہ سے صاحب بدائع کی تحسین کو ترجیح دی ہے جس کی صراحت بدائع الصنائع ۱/ ۵۸۵ میں موجود ہے۔

اس تفصیل سے معلوم ہوا کہ قدر غلوہ کو مفتی بہ قرار دینا صحیح نہیں ہے، ہاں البتہ اس کو

مفتی بہ قرار دینا اس صورت میں صحیح ہوسکتا ہے کہ جب اس کو فنائے متصلہ میں شمار کیا جائے اور قصر واتمام کے مسئلہ میں فنائے متصلہ شہر کی آبادی کے حکم میں ہوتا ہے۔

(۲) ماقبل میں ذکر کردہ گیارہ اقوال میں سے قول ۳ کے بارے میں بھی فقہاء نے الفاظ ترجیح بہت وضاحت سے نقل فرمائے ہیں، یعنی قدر میلین کی مسافت ہے، اس کے بارے میں ''مجمع الانہر'' اور ''البحر الرائق'' میں محیط برہانی کے حوالہ سے ''وعلیه الفتوی'' کے الفاظ نقل کیے ہیں۔ اور جس قول کے بارے میں ''علیہ الفتویٰ'' کے ساتھ الفاظ ترجیح نقل کیے جاتے ہیں، باتفاق فقہاء متاخرین وہی قول مفتی بہ ہوا کرتا ہے۔

(۳) ماقبل میں ذکر کردہ گیارہ اقوال میں سے قول ۴ کے بارے میں بھی حضرات فقہاء نے الفاظ ترجیح نقل فرمائے ہیں، یعنی ایک فرسخ تین میل شرعی اور یہی قول ۵ بھی ہے، اس قول کے بارے میں صاحب درمختار، صاحب بحر اور صاحب مجمع الانہر نے ولوالجیہ کے حوالہ سے ''وهو المختار للفتوی'' کے الفاظ نقل کیے ہیں۔ اور اس قول کے بارے میں صاحب بحر نے یہ واضح فرمایا ہے کہ عام لوگوں کے لئے اس قول پر عمل کرنا زیادہ آسان ہے۔

حاصل یہ نکلا کہ ان دونوں اقوال میں سے ہر ایک کو حضرات فقہاء نے مفتی بہ قرار دیا ہے؛ لہٰذا دو میل شرعی والا قول چھوٹے شہروں کے لئے مفتی بہ قرار دینا زیادہ مناسب ہے اور ایک فرسخ یعنی تین میل شرعی والے قول کو بڑے شہروں کے لئے مفتی بہ قرار دینا زیادہ مناسب ہوگا، تاکہ دونوں قولوں پر عمل کرنا صحیح ہو جائے۔

(۴) قول ۱۰: یہ رہا ہے کہ شہر کے چھوٹے بڑے ہونے کی حیثیت سے فنائے شہر کی لمبائی اور چھوٹائی کا اعتبار ہوگا، یعنی شہر جب چھوٹا ہو اس کے فنائے شہر کی لمبائی کم ہوگی اور شہر جب بڑا ہو تو فنائے شہر کی مسافت اور لمبائی اس اعتبار سے دور تک لمبی ہوگی۔ اس قول کو وضاحت اور صراحت کے ساتھ مفتی بہ نہیں کہا گیا ہے؛ لیکن اشارۃً اس قول کے بارے میں قول مفتی بہ ہونے کی بات ان الفاظ سے سمجھ میں آتی ہے ''وَالتَّعْرِيْفُ أَحْسَنُ مِنَ التَّحْدِيْدِ؛ لِأَنَّهُ لا يُوْجَدُ ذٰلِكَ فِيْ كُلِّ مِصْرٍ، وَإِنَّمَا هُوَ بِحَسَبِ كِبَرِ الْمِصْرِ

وَصِغَرِہ. (شامي، کتاب الصلاۃ، باب الجمعۃ، کراچی ۲/ ۱۳۸، زکریا ۳/ ۸، منحۃ الخالق کوئٹہ ۲/ ۱۴۰)"

اوران اقوال میں تطبیق یوں ہے کہ اس قول میں اور دو اور تین میل والے قولوں میں کوئی تضاد نہیں ہے؛ کیوں کہ دو میل والا قول شہر کے چھوٹے ہونے کے اعتبار سے ہوگا اور ایک فرسخ یعنی تین میل شرعی والا قول شہر کے بڑے ہونے کے اعتبار سے ہوگا؛ لہٰذا ان تمام اقوال کا حاصل یہ نکلا کہ آج کے زمانہ کے شہروں کے فناء کی دوری دو میل یعنی ساڑھے تین کلو میٹر سے کم نہیں ہوگی اور بڑے شہر کے فنائے شہر کی دوری تین میل یعنی لگ بھگ ساڑھے پانچ کلومیٹر تک عمومی طور پر ہوگی اور یہاں بڑے شہر سے متوسط درجہ کا شہر مراد ہے" دہلی، ممبئ، کلکتہ، مدراس، کراچی وغیرہ جیسے شہر مراد نہیں ہیں، جن کے ایک جانب سے دوسری جانب تک خود مسافت سفر سے زیادہ لمبی مسافت ہو جاتی ہے،اوراس طرح کے شہروں کا فناء انہیں کی حیثیت سے ہوگا، آج کے زمانہ کے چھوٹے شہر بھی پرانے زمانہ کے بڑے شہروں سے وسیع ہوتے ہیں؛اس لئے چھوٹے شہروں کو بھی بڑا شہر کہہ کر تعبیر کیا جارہا ہے۔ان اقوال کے مفتی بہ ہونے سے متعلق فقہاء کی عبارات ملاحظہ فرمائیے: "مجمع الانہر" میں یہ حکم اس طرح کی عبارت میں منقول ہے:

وَقَدَّرَہٗ بَعْضُهُمْ بِمِيلَيْنِ، قَالَ فِي الْمُحِيطِ: وَعَلَيْهِ الْفَتْوٰی، وَآخَرُوْنَ بِثَلاثَةِ أَمْيَالٍ، قَالَ الْوَلْوَالِجِيُّ: وَهُوَ الْمُخْتَارُ لِلْفَتْوٰی. (سکب الأنهر في شرح ملتقی الأبحر، باب الجمعة، دارالکتب العلمية بيروت ۱/ ۲۴۸)

اور بعض علماء نے فناء کو دو میل شرعی کے ساتھ مقید کیا ہے۔اور محیط میں ہے کہ اسی قول پر فتویٰ ہے اور بعض دوسرے علماء نے تین میل شرعی کے ساتھ مقید کیا ہے۔ ولولواجی نے کہا کہ یہی قول فتویٰ کے لئے زیادہ بہتر ہے۔

درمختار میں اس کو اس طرح کی عبارت میں بیان کیا گیا ہے:

وَالْمُخْتَارُ لِلْفَتْوٰی تَقْدِیْرُہٗ بِفَرْسَخٍ. (الدر المختار مع الرد، کراچی ۲/ ۱۳۸، زکریا ۳/ ۷)

اور فتویٰ کے لئے قول مختار فناء کو ایک فرسخ کے ساتھ مقید کرنے میں ہے۔

صاحب بحرالرائق علامہ ابن نجیم نے اس کو ان الفاظ میں نقل کیا ہے:

وَاخْتَارَ فِي الْمُحِيطِ اِعْتِبَارَ الْمِيلَيْنِ، وَعَلَيْهِ الْفَتْوٰى، وَذَكَرَ الْوَلْوَالِجِيُّ فِيْ فَتَاوَاهُ: إنَّ الْمُخْتَارَ لِلْفَتْوٰى قَدْرُ الْفَرْسَخِ لِأَنَّهٗ أَسْهَلُ عَلَى الْعَامَّةِ، وَهُوَ ثَلَاثَةُ أَمْيَالٍ. (البحر الرائق، زکریا ۲/ ۲٤۸، کوئٹہ ۲/ ۱٤۱)

اور محیط میں دو میل کے قول کا اعتبار کیا ہے اور اسی پر فتوی ہے۔ اور ولوالجی نے اپنے فتویٰ میں ذکر کیا ہے کہ فتویٰ کے لئے قول مختار ایک فرسخ کی مقدار ہے؛ اس لئے کہ عام لوگوں کے لئے یہی قول زیادہ آسان ہے اور وہ تین میل شرعی کی مقدار ہے۔

علامہ شامیؒ نے اس حکم کو ان الفاظ میں بیان کیا ہے:

’’وَالتَّعْرِيفُ أَحْسَنُ مِنَ التَّحْدِيدِ؛ لِأَنَّهٗ لا يُوْجَدُ ذٰلِكَ فِيْ كُلِّ مِصْرٍ، وَإِنَّمَا هُوَ بِحَسَبِ كِبَرِ الْمِصْرِ وَصِغَرِهِ. (شامي زکریا ۳/۸ ، کراچی ۲/ ۱۳۸، منحة الخالق علی البحر الرائق، کوئٹہ ۲/ ۱٤۰، زکریا ۲/ ۲٤۷)

اور تحدید کے مقابلہ میں فناء کی تعریف پیش کرنا زیادہ بہتر ہے؛ اس لئے کہ تحدید ہر شہر میں نہیں پائی جاتی ہے اور یقیناً فنائے شہر شہر کے بڑے ہونے اور چھوٹے ہونے کے اعتبار سے چھوٹا بڑا ہوگا۔

فنائے شہر کا مصالح شہر کے لئے پورے سال استعمال ہونا لازم ہے یا ایک آدھ دفعہ کافی ہے؟

یہاں یہ بات بھی زیادہ اہمیت کی حامل ہے کہ فنائے شہر کا پورے سال شہر کے مصالح

کے لئے استعمال ہونا لازم ہے؟ یا پورے سال میں ایک آدھ دفعہ استعمال ہوجانا بھی کافی ہے؟ تو اس کے بارے میں بعض حضرات یہ سمجھتے ہیں کہ فنائے شہر تبھی معتبر ہوتا ہے کہ جب پورے سال شہر کی ضروریات میں استعمال ہوتا رہتا ہو اور اگر سال میں ایک آدھ دفعہ استعمال ہوکر پورا سال خالی ویران پڑا رہے تو وہ فنائے شہر نہیں ہوسکتا ہے، ان بزرگوں سے گزارش ہے کہ اس پر نظر ثانی فرمالیں؛ اس لئے کہ شہر کی عیدگاہ کے بارے میں تمام فقہاء کا اتفاق اس بات پر ہے کہ وہ فنائے شہر کے اندر داخل ہے۔ اور وہ پورے سال میں عید الفطر کے دن ایک دو گھنٹہ کے لئے استعمال ہوتی ہے اور اسی طرح عید الاضحیٰ کے دن ایک دو گھنٹہ کے لئے استعمال ہوتی ہے، اس کے بعد پورے سال ویران رہتی ہے؛ لیکن اس کے باوجود سارے فقہاء کا اتفاق اس بات پر ہے کہ عیدگاہ فنائے شہر میں داخل ہے، اسی طرح اگر منیٰ موسم حج میں چار یا پانچ دن کے لئے بطور مشاعر استعمال ہوتا ہے اور اس کے بعد پورے سال میں استعمال نہیں ہوتا ہے، تو اس کو فنائے شہر سے خارج کرنے کی کوئی وجہ نہیں ہے؛ اس لئے کہ مکۃ المکرّمہ کو اللہ تعالیٰ نے حج اور عمرہ کی عبادت کے لئے متعین فرمایا ہے اور وہاں کی آبادی کا اصل مقصد حج اور عمرہ ہے۔ اور موسم حج میں منیٰ ومزدلفہ حاجیوں کی مصالح کے لئے مشاعر کے طور پر استعمال ہوتے ہیں؛ لہٰذا منیٰ اور مزدلفہ کو یہ کہہ کر فنائے شہر سے خارج کرنا کہ پورے سال استعمال میں نہیں آتے ہیں بلکہ ویران پڑے رہتے ہیں، ہماری سمجھ میں نہیں آتا۔

دوسری وجہ یہ ہے کہ منیٰ میں جمرات کے چاروں طرف کے میدان رمضان بھر عمرہ کرنے والوں کی بسوں اور ٹیکسیوں کو کھڑا کرنے کے لئے پارکنگ کے طور پر استعمال ہوتے ہیں، چنانچہ جگہ جگہ منجانب سرکار گاڑیوں کی پارکنگ کے بورڈ لگے ہوئے ہیں، اسی طرح غیر رمضان میں بھی جب عمرہ کرنے والوں کی بھیڑ لگ جاتی ہے تو پارکنگ کے طور پر منیٰ استعمال میں آتا رہتا ہے، لہٰذا اس کو مصالح شہر اور شہر کی ضروریات سے خارج کرکے منیٰ کو فنائے مکہ سے خارج قرار دینا ہماری سمجھ میں نہیں آتا۔

اس حکم کو محیط برہانی میں ان الفاظ میں بیان کیا گیا ہے:

وَكَمَا يَجُوزُ إِقَامَةُ الْجُمُعَةِ فِي الْمِصْرِ يَجُوزُ إِقَامَتُهَا خَارِجَ الْمِصْرِ قَرِيبًا مِنْهُ نَحْوَ مُصَلَّى الْعِيدِ؛ لِأَنَّ الْعِيدَ أَبَدًا يَكُونُ فِي فِنَاءِ الْمِصْرِ. (المحيط البرهاني بيروت ٢/ ٤٤٠، رقم: ٢١٤٤، كراچی ٢/ ١٧٥، هكذا في حلبي كبير/ ٥٥٧، تاتار خانية ٢/ ٥٥٠، رقم: ٣٢٦٩، البحر، كوئٹه ٢/ ١٤٠، زكريا ٢/ ٢٤٧)

اور جس طرح شہر کے اندر جمعہ قائم کرنا جائز ہوتا ہے، اسی طرح خارج مصر سے قریب مثلاً عیدگاہ میں بھی جمعہ قائم کرنا جائز ہے اس لئے کہ عید کی نماز ہمیشہ فنائے مصر میں ہی ہوا کرتی ہے۔

مکہ مکرمہ اور منیٰ کے درمیان کا فاصلہ

خیر القرون وائمہ مجتہدین اور فقہاء کے زمانہ میں مکہ مکرمہ سے منیٰ کو آنے کا راستہ قبرستان جنت المعلّٰی کی طرف سے تھا اور اس طرف سے مکۃ المکرّمہ کی آبادی جنت المعلّٰی سے پہلے پہلے تھی اور قبرستان معلّٰی آبادی سے باہر کے حصہ میں واقع تھا۔ اور مکۃ المکرّمہ میں لیلۃ الجن کا جو واقعہ پیش آیا ہے وہ قبرستان جنت المعلّٰی کے بغل میں پیش آیا ہے جہاں پر مسجد جن بنی ہوئی ہے اور اسی کے قریب میں بیس قدم آگے بڑھنے کے بعد مسجد الرایہ بنی ہوئی ہے، جس جگہ پر فتح مکہ کے موقع پر اسلام کی فتح یابی کا جھنڈا گاڑا گیا تھا، اسے حجون کا علاقہ کہا جاتا ہے اور قبرستان معلّٰی بھی حجون ہی میں واقع ہے، اس سے آگے مکۃ المکرّمہ کی آبادی نہیں تھی، پھر یہاں سے آگے چل کر منیٰ کی طرف تقریباً ڈیڑھ کلومیٹر کے فاصلہ پر مسجد مُحصّب واقع ہے، یہی علاقہ درحقیقت شعب ابی طالب کا علاقہ ہے، جس میں بنو ہاشم نے مقاطعہ کے زمانہ میں خواجہ ابوطالب کی سرپرستی میں ڈھائی تین سال نظر بندی کی شکل میں مشقت برداشت کی ہے اور مسجد مُحصّب اس جگہ پر واقع ہے جہاں حضور ﷺ نظر بندی کے موقع پر مقیم تھے۔ اور حج کے موقع پر منیٰ سے مکہ مکرمہ آنے جانے میں اس جگہ پر حضور ﷺ نے قیام فرمایا ہے، آج کے زمانہ میں یہ علاقہ بہت بڑی آبادی پر مشتمل ہے اور اس علاقہ کو معابدہ کے نام سے موسوم کیا

جاتا ہے، پھراس کے بعد منی کی طرف کا کئی کلومیٹر کا لمبا چوڑا علاقہ شیشہ کے نام سے موسوم کیا جاتا ہے اور یہ آبادی تسلسل کے ساتھ آگے کی طرف وہاں تک پہنچ گئی ہے جہاں تک حاجیوں کی ضرورت کی وجہ سے عمارتیں بنانا ممنوع ہے، پھر جمرات کے سامنے کا میدان جو حاجیوں کی ضرورت کے لئے چھوڑ دیا گیا ہے اس کو بائیں طرف چھوڑتے ہوئے یہ آبادی محلّہ عزیزیہ سے متصل ہوچکی ہے، پھر عزیزیہ کی آبادی منی سے متصل جبل ثبیر جس کے اوپر بادشاہ کے محلات ہیں اس سے متصل ہوتی ہوئی آگے مزدلفہ تک پہنچ گئی ہے، پھر مزدلفہ سے آگے بڑھتی ہوئی ''مستشفیٰ النور'' تک پہنچ گئی ہے، جس کو عزیزیہ جنوبیہ کہا جاتا ہے۔ اورعزیزیہ جنوبیہ مکہ مکرمہ کی پرانی آبادی سے تقریباً بارہ کلومیٹر کے فاصلہ پر ہے اور چند سال سے ہندوستانی حاجیوں کا قیام اسی علاقہ میں زیادہ تر رہتا ہے۔

خیرالقرون اور فقہاء مجتہدین کے زمانہ سے صدیوں تک جنت المعلّٰی کے قبرستان سے لے کر منی کی طرف کا سارا علاقہ ویران خالی پڑا ہوا تھا، معابدہ، شیشہ اور عزیزیہ وغیرہ میں کسی بھی آبادی کا وجود نہیں تھا اور اس زمانہ میں جنت المعلّٰی کے بعد سے منی تک کا فاصلہ حضرات فقہاء کی صراحت کے مطابق دو فرسخ رہا ہے۔ اور ایک فرسخ میں تین شرعی میل ہوتے ہیں اور دو فرسخ میں چھ شرعی میل ہوتے ہیں اور چھ شرعی میل میں تقریباً نو کلومیٹر ہوتے ہیں؛ لہٰذا مکہ اور منی کے درمیان فقہاء کے زمانہ میں اتنا لمبا فاصلہ ہونے کی وجہ سے منی کو مکہ مکرمہ کی آبادی سے الگ شمار کیا جاتا تھا اور اتنا لمبا فاصلہ ہونے کی وجہ سے کوئی بھی فقیہ منی کو مکہ مکرمہ کا محلّہ نہیں کہہ سکتا تھا۔

اس کے برخلاف آج کے زمانہ میں لگ بھگ نو کلومیٹر کا یہ پورا علاقہ مسلسل شاندار عمارتوں کے ساتھ آباد ہوچکا ہے، درمیان میں کسی قسم کا فاصلہ باقی نہیں رہا، اب ایسی صورت میں حضرات فقہاء نے جس فاصلہ کی علت کی وجہ سے منی کو مکہ سے الگ قرار دیا تھا وہ علت آج قطعی طور پر ختم ہوچکی ہے اور اس فاصلہ کے ختم ہوجانے کے بعد منی کو مکہ مکرمہ میں شامل قرار دینے میں کسی بھی فقیہ کو تردد نہیں ہوسکتا۔ عالم و مفتی پر لازم ہے کہ جغرافیائی اعتبار سے

شرعی حکم لگانے سے پہلے اس کی علت کو پیش نظر رکھیں کہ فقہاء کے زمانے میں اتنے لمبے چوڑے فاصلہ کی جو علت تھی اس علت کے ساتھ حکم شرعی معلول تھا اور آج کے زمانہ میں اس طرح فاصلہ کی علت سرے سے ختم ہو چکی ہے، تو اس علت کے ختم ہو جانے کے بعد حکم شرعی بھی قطعی طور پر بدل چکا ہے؛ لہٰذا آج کے موجودہ حالات میں علت اتصال کی وجہ سے منیٰ کو مکہ مکرمہ میں شامل قرار دینا لازم اور ضروری ہے۔

یہ بات بھی یاد رکھیں کہ اتصال کی وجہ سے منی کو مکۃ المکرّمہ میں شامل کر کے شہر مکہ مکرمہ کا جز وقرار دینے کی وجہ سے اس کی حدود شرعیہ میں کسی قسم کا فرق نہیں آتا، اس کی حدود شرعیہ توقیفی ہیں، وہ اپنی جگہ بحالہ باقی ہیں، یعنی جمرۂ عقبہ سے لے کر وادی مُحسّر تک دوطرفہ پہاڑی کے درمیان تقریباً دو ڈھائی کلو میٹر کی لمبائی میں منی کی حدود شرعیہ ہے، جس میں حضرات حجاجِ کرام ایامِ منیٰ میں قیام کرتے ہیں اور رات گذارتے ہیں۔ فقہاء کے زمانہ میں فاصلہ کی عبارت ملاحظہ فرمایئے: ''فتح القدیر''، ''تبیین الحقائق'' اور ''البحر العمیق'' میں اس کو ان الفاظ میں بیان کیا گیا ہے:

لِأَنَّ بَيْنَهُمَا فَرْسَخَيْنِ. (فتح القدير، باب صلاة الجمعة، کوئٹه ۲/ ۲٦، زكريا ۲/ ۵۲، تبيين الحقائق، إمداديه ملتان ۱/ ۲۱۸، زكريا ۱/ ۵۲٦، البحر العميق، المكتبة المكية ۳/ ۱٤۹۲، النهر الفائق ۱/ ٤۵٤، المحيط البرهاني ۲/ ٤٤۱، رقم: ۲۱٤۵)

اس لئے کہ منی اور مکہ مکرمہ کے درمیان دو فرسخ کا فاصلہ ہے۔ یعنی چھ شرعی میل کا فاصلہ (تقریباً ۹ر کلو میٹر)

اس کو ''التاریخ القویم'' میں ان الفاظ سے بیان کیا گیا ہے:

اَلْمَسَافَةُ مِنَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ إِلٰى مَسْجِدِ الْخَيْفِ ۹ كيلو مِتْرَاتٍ. (التاريخ القويم، دار خضر بيروت لبنان، الجزء الخامس ۳/ ۲۸۸)

مسجد حرام سے اور مسجد خیف کے درمیان ۹ر کیلو میٹر کی مسافت ہے۔

مکہ مکرمہ اور مزدلفہ کا فاصلہ

منی سے ہوتے ہوئے پورا منی ختم ہونے کے بعد وادی محسّر کا تھوڑا سا حصہ لگ بھگ پچاس قدم کی چوڑائی میں ہے، اس کے بعد حدود مزدلفہ کی تختی لگی ہوئی ہے، پھر مزدلفہ کی لمبائی بھی تقریباً دو کلومیٹر کی ہے اور شیشہ سے متصل ہوتے ہوئے عزیزیہ کی آبادی جبل ثبیر کے کنارے سے تسلسل کے ساتھ مزدلفہ تک پہنچ گئی ہے اور عزیزیہ جنوبیہ کی عمارتیں حدود مزدلفہ کی تختیوں تک پہنچ گئی ہیں، پھر وہاں سے آگے کافی دور تک پہنچ گئی ہیں، اس اعتبار سے خیر القرون اور فقہاء کے زمانہ میں مکہ مکرمہ کی پرانی آبادی سے مزدلفہ کی مسجد مشعر حرام تقریباً چودہ کلومیٹر کے فاصلہ پر واقع تھی اور اس فاصلہ میں کوئی آبادی نہیں تھی۔ اور آج کے زمانہ میں مکہ مکرمہ کی پرانی آبادی سے لے کر عزیزیہ ہوتے ہوئے حدود مزدلفہ کی تختیوں تک کوئی بھی جگہ آبادی سے خالی نہیں رہی۔

تازہ مشاہدہ یہ ہے کہ ۲۶ رجنوری ۲۰۱۴ء بروز اتوار کو احقر اور حضرت مفتی ابوالکلام صاحب مفتی شہر بھوپال نے مشاہدہ کیا ہے کہ محلّہ عزیزیہ کی آخری رہائشی عمارت جس میں فی الحال متعدد فیملی کی رہائش ہے اس کے اور مزدلفہ کے بورڈ کے درمیان برج نما صرف ایک روڈ کا فاصلہ ہے، ہم نے کہا کہ بورڈ سے لے کر عمارت تک کا فاصلہ ناپ کر دیکھا جائے، چنانچہ گاڑی کے میٹر سے ناپا گیا تو رہائشی عمارت تک صرف کلومیٹر کا دسواں حصہ ثابت ہوا اور اس عمارت سے ملی ہوئی چہار دیواری تو اور زیادہ قریب ہے۔ اور فقہاء کے ایک قول میں ایک غلوہ (چار سو ذراع) تک کے فاصلہ پر جو فناء ہوتا ہے اس کو فنائے متصلہ شمار کیا جاتا ہے اور یہاں ڈیڑھ سو ذراع کا فاصلہ بھی مشکل سے ہے اور قصر واتمام کے مسئلہ میں فنائے متصلہ شہر کی آبادی کے حکم میں ہوتا ہے۔ (البحر، باب المسافر، کوئٹہ ۲/ ۱۲۸، زکریا ۲/ ۲۲۶)

اور اس وقت مکہ مکرمہ کا سب سے بڑا نیا ہسپتال ''مستشفیٰ شاہ عبداللہ'' مزدلفہ کے بورڈوں کے بالکل قریب میں تعمیر ہوگیا ہے، اور اس ہسپتال کی چہار دیواری اور مزدلفہ کے

درمیان صرف روڈ کا فاصلہ ہے، دیکھنے والے اس کا مشاہدہ کرسکتے ہیں اور خود مزدلفہ سال بھر چھٹیوں کے زمانہ میں شہر مکہ کے لوگوں کے کھیل کا میدان بنا رہتا ہے، بچے اس میں کرکٹ کھیلتے ہیں اور مکہ کے باشندے اپنے بیوی بچوں کو لے کر مزدلفہ میں جاکر کے پکنک مناتے ہیں، گھر سے کھانا بنا کر وہاں لے جاتے ہیں اور وہیں کھا کر وہیں تفریح کرتے ہیں، یہ سلسلہ پورے سال رہتا ہے، تو اگرچہ مزدلفہ کے دائرہ کے اندر حاجیوں کے وقوف کی وجہ سے عمارت نہیں بنائی گئی ہے؛ لیکن مذکورہ وجوہات کی بناء پر اس کو فنائے شہر سے خارج نہیں کیا جاسکتا؛ اس لئے کہ مذکورہ امور مصالح بلد کے طور پر فنائے شہر ہی میں ہوا کرتے ہیں، لہٰذا مزدلفہ اور محلّہ عزیزیہ کے درمیان اسی طرح مزدلفہ اور مستشفیٰ شاہ عبداللہ کے درمیان تقریباً فاصلہ ہے ہی نہیں۔

اور مسجد حرام اور مسجد خیف اور مسجد مشعر حرام کے درمیان کے فاصلہ کو ''التاریخ القویم'' میں ان الفاظ سے بیان کیا گیا ہے:

اَلْمَسَافَةُ مِنَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ إِلٰى مَسْجِدِ الْخَيْفِ ۹ كيلو مِتْرَاتٍ. اَلْمَسَافَةُ مِنَ الْمَسْجِدِ الْخَيْفِ إِلٰى مَسْجِدِ مزدلفة ۵ كيلو مِتْرَاتٍ.

مسجد حرام اور مسجد خیف کے درمیان ۹/ کیلو میٹر کی مسافت ہے۔ اور مسجد خیف سے مزدلفہ کی مسجد تک پانچ کلومیٹر کی دوری ہے۔

(التاريخ القويم، دار خضر بيروت لبنان، الجزء الخامس ۳/ ۲۸۸)

مکہ مکرمہ اور عرفات کا فاصلہ

خیر القرون اور فقہاء کے زمانہ میں مکہ مکرمہ کی پرانی آبادی اور عرفات کے درمیان میں فقہاء کی صراحت کے مطابق منی و مزدلفہ سے ہوتے ہوئے چار فرسخ کا فاصلہ رہا ہے اور چار فرسخ میں بارہ میل شرعی ہوتے ہیں، جس میں تقریباً بائیس کلومیٹر ہوتے ہیں، یہ پورا علاقہ فقہاء کے زمانہ میں آبادی سے کلی طور پر خالی رہا ہے اور آج بھی مزدلفہ کے راستہ سے عرفات تک کا پورا علاقہ آبادی سے خالی ہے۔

لیکن مکہ مکرمہ سے طائف کو جانے والی سڑک سے ہوتے ہوئے علاقہ کی نوعیت دوسری طرح ہے، ہندوستان اور پاکستان کے علماء اور مفتیان کرام کا وفد جس نے مدرسہ صولتیہ کے ذمہ دار مولانا حشیم صاحب کی قیادت میں منی مزدلفہ اور عرفات وغیرہ کا مشاہدہ کیا ہے، جس میں راقم الحروف اور مفتی محمد سلمان صاحب، مفتی محمد فاروق صاحب جامعہ محمودیہ میرٹھ، مفتی محمود حسن بلندشہری، مفتی دارالعلوم دیوبند، مفتی شیر محمد جامعہ اشرفیہ لاہور، مفتی مشرف علی تھانوی لاہور، مفتی ابوالکلام بھوپال، مفتی عبدالستار آگرہ، مولانا مبین احمد ہاپوڑ بھی شامل تھے۔ یہ وفد مکہ مکرمہ سے طریق طائف سے ہوتے ہوئے عرفات کی طرف روانہ ہوا، اس طرف سے جگہ جگہ مختلف آبادی کے بعد عوالی کا علاقہ ہے۔ اور عوالی وہ محلّہ ہے جس محلّہ میں ائمہ حرم کے مکانات بھی ہیں، ہم لوگوں نے اس محلّہ میں امام وخطیب ورئیس شئو ون الحرمین شیخ سُدیس کی چار بیویوں کے چار مکانات یکساں طور پر بنے ہوئے اپنی آنکھوں سے دیکھے ہیں، پھر محلّہ عوالی کے بعد تھوڑے سے فاصلہ پر ''جامعہ ام القریٰ'' کی عمارتیں شروع ہوجاتی ہیں اور یہ جامعہ تاحد نظر طول وعرض میں پھیلا ہوا ہے اور بالکل عرفات کے قریب ہے، طریق طائف کی دائیں طرف ''جامعہ ام القریٰ'' ہے اور بائیں جانب فوجی چھاؤنی ہے اور فوجی چھاؤنی کے بعد حدود عرفات کی تختیاں شروع ہوجاتی ہیں اور یہاں سے کچھ فاصلہ پر مزدلفہ کی طرف اونچی اونچی بلڈنگیں بنتی ہوئی نظر آئیں۔ اور امسال ۲۶/جنوری ۲۰۱۴ء بروز اتوار کو مشاہدہ کیا گیا کہ ''مستشفیٰ النور'' کی طرف سے عزیزیہ جنوبیہ سے ہوتے ہوئے عوالی تک دیکھا گیا کہ کوئی فاصلہ باقی نہیں ہے؛ بلکہ عوالی تک مسلسل آبادی ہوگئی ہے۔

یہ عرفات اور مکہ کی آبادی کے درمیان کے فاصلہ سے متعلق جو بات جغرافیائی اعتبار سے پیش کی گئی ہے، یہ صرف معلومات کے لئے ہے؛ اس لئے کہ قصر واتمام کا مسئلہ عرفات سے نہیں ہوتا ہے؛ کیوں کہ عرفات میں رات نہیں گذاری جاتی ہے اور قصر واتمام کا مسئلہ رات گذارنے سے ہوتا ہے، اسی وجہ سے حضرات فقہاء نے منی میں قیام جمعہ سے متعلق جو بحث کی ہے، عرفات کو اس سے صراحت کے ساتھ خارج کر رکھا ہے، نیز منی اور مزدلفہ حدود حرم

کے دائرہ کے اندر ہیں۔ اور عرفات حدودِ حرم سے باہر حل میں ہے۔ فقہاء کی عبارات ملاحظہ فرمائیے: محیط برہانی میں اس حکم کو ان الفاظ میں نقل کیا گیا ہے:

أَجْمَعَ الْعُلَمَاءُ عَلٰى أَنَّهُ لا جُمُعَةَ بِعَرَفَاتٍ؛ لِأَنَّهَا مَفَازَةٌ، وَلَيْسَتْ بِمِصْرٍ وَلَيْسَتْ مِنْ أَفْنِيَةِ الْمِصْرِ؛ لِأَنَّ بَيْنَهَا وَبَيْنَ مَكَّةَ أَرْبَعُ فَرَاسِخ. (المحيط البرهاني بيروت ٢/ ٤٤١، رقم: ٢١٤٥)

تمام علماء کا اس بات پر اتفاق ہے کہ عرفات میں جمعہ جائز نہیں ہے؛ اس لئے کہ وہ ویران جنگل ہے اور شہر کی شکل میں نہیں ہے۔ اور عرفات شہر مکہ کے فناء میں بھی شامل نہیں ہے؛ اس لئے کہ عرفات اور مکہ مکرمہ شہر (کی پرانی آبادی) کے درمیان چار فرسخ (بارہ میل شرعی تقریباً بائیس کلومیٹر) کا فاصلہ ہے۔

حاشیہ چلپی میں اس حکم کو ان الفاظ میں نقل کیا گیا ہے:

بِخِلافِ عَرَفَةَ لِأَنَّهَا فِضَاءٌ (وفي هامشه) أَيْ لَيْسَتْ مِنْ فِنَاءِ مَكَّةَ؛ لِأَنَّ بَيْنَهُمَا أَرْبَعُ فَرَاسِخ. (حاشية چلپی علی التبيين، باب صلاة الجمعة، كوئٹه ١/ ٢١٨، زكريا ١/ ٥٢٦)

برخلاف عرفات کے اس لئے کہ عرفات فضاء اور صحراء ہے اور مکہ مکرمہ کے فناء میں شامل نہیں ہے؛ کیوں کہ عرفات اور مکہ مکرمہ (کی پرانی آبادی) کے درمیان چار فرسخ (بارہ میل شرعی یعنی تقریباً بائیس کلو میٹر) کا فاصلہ ہے۔

اور علامہ ابن نجیمؒ نے ''البحر الرائق'' میں اس طرح کے الفاظ سے نقل فرمایا ہے:

وَلا تَجُوزُ بِعَرَفَاتٍ إِلٰى قَوْلِهِ: لِأَنَّ بَيْنَهُمَا أَرْبَعُ فَرَاسِخ. (البحر الرائق، باب صلاة الجمعة، كوئٹه ٢/ ١٤٢، زكريا ٢/ ٢٤٩)

اور عرفات میں جمعہ جائز نہیں ہے؛ اس لئے کہ عرفات اور مکہ مکرمہ (کی پرانی آبادی) کے درمیان چار فرسخ (بارہ میل شرعی تقریباً بائیس کلو میٹر) کا فاصلہ ہے۔

اس حکم کو کفایہ میں ان الفاظ سے نقل کیا گیا ہے:

أَمَّا عَرَفَاتُ فَلَيْسَ مِنْ فِنَاءِ مَكَّةَ، بَلْ هِيَ مِنَ الْحِلِّ، وَبَيْنَهَا وَبَيْنَ مَكَّةَ أَرْبَعُ فَرَاسِخَ. (حاشية سعدي چلپي علی الفت، کوئٹه ۲/ ۲۵)

رہا عرفات تو وہ مکہ مکرمہ شہر کے فناء میں شامل نہیں ہے؛ بلکہ وہ حل میں ہے؛ اس لئے کہ عرفات اور شہر مکہ مکرمہ کے درمیان چار فرسخ (بارہ میل شرعی تقریباً **۲۲** کلومیٹر) کا فاصلہ ہے۔

جس جگہ سے شہر کا اتصال ہونا ہے کیا اس جگہ میں پہلے سے آبادی شرط ہے؟

سوال نامہ میں یہ بات بھی پوچھی گئی ہے کہ شہر کی آبادی پھیلتی ہوئی وسیع تر ہو کر اطراف کے علاقوں کو متصل ہو جائے تو جس علاقہ سے شہر کی آبادی کا اتصال ہو جائے اس علاقہ میں پہلے سے آبادی ہونا شرط ہے یا نہیں؟

اس سلسلے میں ہندیہ وغیرہ کی بعض عبارات سے ہمارے بعض بزرگوں نے استدلال کر کے یہ حکم لگایا ہے کہ پہلے سے اس علاقہ میں بھی آبادی ہونا شرط ہے، ورنہ علاقہ شہر سے متصل ہونے کے باوجود شہر کا حصہ نہیں بن سکتا۔ بعض بزرگوں کے لکھے ہوئے فتوؤں میں یہ بات صاف طور پر لکھی ہوئی ہے کہ شہر کی آبادی جس جگہ سے متصل ہو جائے اس جگہ کے شہر کا حصہ بننے کے لئے وہاں پر پہلے سے آبادی ہونا شرط ہے اور اس پر ہندیہ کا یہ جزیہ بطور استدلال پیش کیا گیا ہے:

فَإِنْ كَانَ بِقُرْبِ ذٰلِكَ قُرًى لِأَهْلِ الذِّمَّةِ فَعَظُمَ الْمِصْرُ حَتّٰى بَلَغَ تِلْكَ الْقُرٰى وَجَاوَزَهَا فَقَدْ صَارَتْ مِنْ جُمْلَةِ الْمِصْرِ لِإِحَاطَةِ الْمِصْرِ بِجَوَانِبِهَا. (هندية، كتاب السير، زكريا قديم ۲/ ۲۵۱، جديد ۲/ ۲۶۵)

لہٰذا اگر اس شہر کے قریب اہل ذمہ کے گاؤں ہیں پھر شہر بڑا ہوتا ہوا ان گاؤں تک پہنچ جائے اور اس سے بھی تجاوز کر جائے تو وہ گاؤں منجملہ اس شہر کا جزء بن جائے گا، گاؤں کے کناروں کو شہر کے گھیر لینے کی وجہ سے۔

ہماری ان بزرگوں سے اور ناظرین سے گزارش ہے کہ اس عبارت پر غور کیا جائے کہ اس میں کہاں یہ شرط لگائی گئی ہے کہ شہر کا حصہ بننے کے لئے اتصال ہونے والے علاقوں میں پہلے سے آبادی ہو؛ بلکہ اس عبارت میں ہر شخص غور کر کے یہ بات سمجھ سکتا ہے کہ جس علاقہ

میں پہلے سے آبادی رہی ہے وہ اپنے دائرہ میں مخصوص نام کے ساتھ موسوم ہوجاتا ہے اور اس کی ایک مستقل حیثیت ہوتی ہے، تو شہر کی آبادی کے اس سے متصل ہوجانے کی وجہ سے وہ شہر کا جزء بن جائے گا یا اتصال کے باوجود اس کی استقلالی حیثیت باقی رہ کر شہر سے الگ شمار ہوگا۔ حضرات فقہاء نے اس عبارت کے ذریعہ سے اس بات کو واضح کردیا ہے کہ وہ گاؤں اپنے دائرہ میں مخصوص نام کے ساتھ موسوم ہونے کے باوجود شہر سے الگ شمار نہیں ہوگا؛ بلکہ منجملہ شہر کا جزء بن کر مقام واحد بن جائے گا۔

اور مذکورہ عبارت میں ہرگز یہ بات شرط نہیں قرار دی گئی ہے کہ شہر کے کسی جگہ سے اتصال کے لئے پہلے ہی سے اس جگہ میں آبادی ہونا لازم ہے؛ بلکہ اس طرح کی عبارات کے ذریعہ سے فقہاء نے ایک شبہ کا ازالہ کردیا ہے کہ شہر کے اتصال کی وجہ سے غیر آباد مقامات تو شہر میں شامل ہو ہی جاتے ہیں اسی کے ساتھ ساتھ مستقل الگ حیثیت رکھنے والے گاؤں بھی شہر کا جزء بن جاتے ہیں اور ان کی الگ حیثیت ختم ہوجاتی ہے؛ لہٰذا جس علاقہ میں پہلے سے آبادی نہیں ہے، شہر کا اتصال وہاں تک ہوجانے کی صورت میں اس علاقہ کے شہر کا جزء بن جانے میں کسی قسم کا تردد اور شبہ تک نہیں ہوسکتا جیسا کہ آج کل کے زمانہ میں بڑے بڑے شہر پلاٹنگ کے ذریعہ سے ویران علاقوں کو اپنے پیٹ میں داخل کرتے جارہے ہیں اور بعض مصلحت کی وجہ سے وسیع ترین میدان بھی عمارتوں سے خالی رکھا جاتا ہے۔ اور یہ سارے علاقے شہر کے حصہ میں شامل ہوتے ہیں۔ اور جو وسیع ترین میدان کسی مصالح کی وجہ سے آبادی سے خالی رکھا جاتا ہے وہ بھی بالاتفاق شہر کا حصہ بن جاتا ہے، اس میں آبادی نہ ہونے کی وجہ سے شہر کے حصہ سے خارج نہیں ہوتا۔

ضروری وضاحت

اب ہم اصل بات واضح کرتے ہیں کہ ہندیہ کی یہ عبارت کس ضمن میں لکھی گئی ہے؟ اس پر غور کرنے کی اہم ضرورت ہے، دراصل یہ عبارت ''**باب الجزیۃ**'' کے تحت اس لئے لکھی گئی ہے کہ اگر مسلمانوں نے غیر مسلموں کا علاقہ فتح کرلینے کے بعد ایسے بے آباد علاقہ

میں نیا شہر بسالیا ہے جس کا پہلے سے کوئی مالک نہیں رہا ہے۔ اوراس نئے بسنے والے شہر کے قریب پہلے سے غیر مسلموں کا پرانا گاؤں موجود ہے، جس میں غیر مسلم پہلے سے آباد ہیں اور وہ گاؤں اپنے دائرہ میں خاص نام کے ساتھ موسوم ہے، تو ایسی صورت میں مسلمانوں کا یہ نیا شہر وسیع تر ہوتا ہوا ذمیوں کے پرانے گاؤں سے متصل ہوجائے تو وہ پرانے گاؤں نئے شہر کے حصے بن جائیں گے یا نہیں؟ تو اس سلسلے میں فقہاء نے واضح کردیا ہے کہ وہ پرانے گاؤں اپنے الگ نام کے ساتھ موسوم رہنے کے باوجود شہر سے الگ گاؤں کی حیثیت نہیں رکھیں گے؛ بلکہ شہر سے مل کر شہر کی حیثیت اختیار کرلیں گے، یعنی شہر سے متصل ہوجانے کی وجہ سے یہ گاؤں بھی اسی شہر کا حصہ بن جائے گا، چاہے اس گاؤں کا پرانا نام اپنی جگہ بدستور باقی رہے۔ اوراس عبارت کے ذریعہ سے ایسی بات ہرگز ثابت نہیں کی گئی ہے کہ جس علاقہ سے شہر متصل ہوجائے اس علاقہ کے شہر کا جزء بننے کے لئے اس میں پہلے سے آبادی ہونا شرط ہے۔ ہندیہ کی پوری عبارت ملاحظہ فرمائیے:

وَإن اتَّخَذَ الْمُسْلِمُوْنَ مِصْرًا فِيْ أَرْضِ مَوَاتٍ لا يَمْلِكُهَا أَحَدٌ، فَإِنْ كَانَ بِقُرْبِ ذٰلِكَ قُرىً لِأَهْلِ الذِّمَّةِ فَعَظُمَ الْمِصْرُ حَتّٰى بَلَغَ تِلْكَ الْقُرَى وَجَاوَزَهَا فَقَدْ صَارَتْ مِنْ جُمْلَةِ الْمِصْرِ لِإِحَاطَةِ الْمِصْرِ بِجَوَانِبِهَا. (هندية، زكريا قديم ٢/ ٢٥١، جديد ٢/ ٢٦٥)

اگر مسلمانوں نے ایسے ارض موات میں شہر بسالیا ہے جس کا کوئی مالک نہیں ہے، تو اگر اس شہر سے قریب اہل ذمہ کے گاؤں ہیں پھر شہر بڑا ہوتا ہوا ان گاؤں تک پہنچ جائے اوراس سے بھی تجاوز کرجائے تو وہ گاؤں منجملہ اس شہر کا جزء بن جائیں گے، گاؤں کے کناروں کو شہر کے گھیر لینے کی وجہ سے۔

اب ناظرین سے گزارش ہے کہ اس پوری عبارت پر غور فرمائیے کہ اس میں یہ کہاں لکھا ہوا ہے کہ جو علاقہ شہر سے متصل ہوجائے اس علاقہ کے شہر کا جزء بن کر مقام واحد کے حکم

میں ہونے کے لئے اس علاقہ میں پہلے سے آبادی ہونا شرط ہے، ایسی کوئی بات اس عبارت میں نہیں ہے؛ بلکہ اس میں تو صرف یہی کہا گیا ہے کہ پرانی آبادیاں بھی شہر سے متصل ہونے سے شہر کا جزء بن جاتی ہیں۔ اور ایک شبہ کا بھی ازالہ کر دیا گیا ہے کہ ویران بے آباد علاقہ تو شہر سے متصل ہونے کی وجہ سے بہر حال شہر کا جزء بن جاتا ہے اور ساتھ ہی ساتھ اس بات کو بھی واضح کر دیا گیا ہے کہ نیا شہر پھیلتا ہوا پرانی آبادی سے متصل ہو جائے تو وہ پرانی آبادی بھی شہر کا جزء بن کر مقام واحد بن جاتی ہے اور اس کے اوپر بھی اسی شہر کا اطلاق ہو جاتا ہے۔

ناظرین لوٹ کر اس عبارت پر دوبارہ غور کریں تو واضح ہو جائے گا کہ مذکورہ عبارت میں اس بات کو واضح کیا گیا ہے نہ یہ کہ اتصال ہو کر دوسرے علاقہ کے شہر میں شامل ہونے کے لئے ان دوسرے علاقوں میں بھی پہلے سے آبادی ہونا شرط ہے: لہٰذا اس عبارت کے ذریعہ سے استدلال کرنا کسی طرح درست نہیں ہے کہ منیٰ میں پہلے سے آبادی نہیں ہے؛ اس لئے مکہ مکرمہ کی آبادی منیٰ سے متصل ہو جانے کے باوجود منیٰ مکہ مکرمہ شہر کا حصہ نہیں بن سکتا، ہر شخص یہ سمجھ سکتا ہے کہ یہ استدلال بیجا اور بے موقع ہے، ورنہ شہر کے کنارے سے نئی آبادیاں جو بڑھتی جاتی ہیں اس میں میلوں کے حساب سے جو میدان سرکاری طور پر آبادی سے خالی رکھے جاتے ہیں وہ شہر کا حصہ نہیں بن سکتے ہیں؛ حالاں کہ ایسا نہیں ہے؛ بلکہ وہ بھی شہر کے حصے بن جاتے ہیں۔

مقام واحد بننے کے لئے صرف ایک جانب سے اتصال کافی ہے یا ہر طرف سے؟

سوال نامہ میں اس بات کی بھی وضاحت طلب کی گئی ہے کہ دو مقاموں کے آپس میں متصل ہو جانے کی وجہ سے مقام واحد کے حکم میں قرار دینے کے لئے دونوں کے درمیان کس طرح کا اتصال لازم ہے؟ کیا صرف ایک جانب سے اتصال ہو جائے تو مقام واحد بننے کے لئے کافی ہے یا چہار جانب سے اتصال ضروری ہے؟

اس سلسلے میں شریعت کا حکم یہی ہے کہ صرف ایک جانب سے اتصال ہونے کی وجہ سے مقام واحد کے حکم میں ہو جاتا ہے، مختلف جوانب یا ہر چار جانب سے اتصال لازم نہیں

ہے؛ لہٰذا کوئی بھی شہر وسیع تر ہوتے ہوئے کسی خاص علاقہ سے متصل ہوجائے تو وہ علاقہ اس شہر کا جزء بن کر مقام واحد کے حکم میں ہوجائے گا۔ اس کی دو شکلیں ہوسکتی ہیں:

شکل ①: دو گاؤں آپس میں آبادی کے بڑھنے کے ذریعہ سے متصل ہوجائیں تو دونوں گاؤں قصر واتمام کے مسئلہ میں مقام واحد کے حکم میں ہوجائیں گے اور اس میں صرف ایک طرف سے اتصال کافی ہے، مثال کے طور پر ایک گاؤں دوسرے گاؤں سے کافی فاصلہ پر ہے، دونوں کے درمیان میں آبادی کا کوئی اتصال نہیں ہے، پھر دونوں کی آبادی بڑھتی ہوئی ایک کی آبادی کا کنارہ دوسرے کی آبادی کے کنارے سے متصل ہوجائے تو ایسی صورت میں دونوں آبادیاں ایک ہی آبادی کے حکم میں ہوجاتی ہیں، اس کو ''الموسوعۃ الفقہیۃ'' میں ان الفاظ کے ساتھ نقل کیا گیا ہے ملاحظہ فرمائیے:

وَالْقَرْيَتَانِ الْمُتَدَانِيَتَانِ الْمُتَّصِلُ بِنَاءُ إِحْدَاهُمَا بِالْأُخْرَى أَوِ الَّتِي يَرْتَفِقُ أَهْلُ إِحْدَاهُمَا بِالْأُخْرَى، فَهُمَا كَالْقَرْيَةِ الْوَاحِدَةِ. (الموسوعة الفقهية الكويتية ٢٧/ ٢٧٩)

اور قریب کے دو گاؤں میں سے ایک کی آبادی دوسرے سے متصل ہوجائے، یا ایک کے باشندے دوسرے کے معاون بن جائیں تو دونوں قریۂ واحدہ کے حکم میں ہوجاتے ہیں۔

''المغنی'' میں اس سے زیادہ واضح عبارت ہے کہ دونوں گاؤں میں سے ایک کی عمارت دوسرے سے متصل ہوجائے تو دونوں ایک ہی گاؤں کے حکم میں ہوجاتے ہیں اور اس میں صرف ایک جانب سے متصل ہونا واضح ہے۔ ملاحظہ فرمائیے مغنی کی عبارت:

وَلَوْ كَانَتْ قَرْيَتَانِ مُتَدَانِيَتَيْنِ فَاتَّصَلَ بِنَاءُ أَحَدِهِمَا بِالْأُخْرَى فَهُمَا كَالْوَاحِدَةِ (المغني، كتاب المسافر، دارالفكر بيروت ٢/ ٥٠)

اگر قریب دو گاؤں ہوں اور ایک کی آبادی دوسرے سے متصل ہوجائے تو مقام واحد کے حکم میں ہوجائیں گے۔

''فتاویٰ تاتارخانیہ'' کی اس عبارت سے بھی واضح ہوتا ہے کہ جانب واحد کے اتصال سے مقام واحد کے حکم میں ہوجاتا ہے۔ ملاحظہ فرمائیے:

ثُمَّ يُعْتَبَرُ الْجَانِبُ الَّذِي مِنْهُ يَخْرُجُ الْمُسَافِرُ مِنَ الْبَلْدَةِ لَا الْجَوَانِبُ بِحِذَاءِ الْبَلْدَةِ. (الفتاوى التاتارخانية ۲/ ٤٩٤، رقم: ۳۰۹۷)

پھر اس جانب کا اعتبار رہوتا ہے جس جانب سے مسافر شہر سے نکلتا ہے اور ان جانبوں کا اعتبار نہیں ہوگا جو دوسرے محاذات میں ہیں۔

شکل ۲: کوئی شہر ویران علاقہ کو نئی آبادیوں کے ذریعہ سے گھیرتا چلا جائے اور حکومتی وسرکاری اعتبار سے بعض ضرورت کی وجہ سے میلوں میں طول وعرض کا کوئی میدان عمارت بنانے سے خالی رکھا جائے اور شہر کی آبادی اور عمارتیں اس میدان سے متصل ہوجائیں تو وہ میدان بھی اسی وقت سے شہر کا حصہ شمار ہوتا ہے اور یہ ضروری نہیں ہے کہ اس میدان کے چاروں طرف سے آبادی بن جائے چاہے بعد میں چاروں طرف سے آبادی ہوجائے اور اتصال کا اعتبار اس وقت سے ہوتا ہے جب ایک طرف سے آبادی ہوجائے، بس شرط اتنی ہے کہ اس میدان میں کھیتی باڑی نہ ہوتی ہو اور باغ بھی نہ ہو کیوں کہ باغ بھی کھیتی کی ایک قسم ہے اور ایسی مثالیں آج کے زمانہ میں پھیلنے والے شہروں میں کثرت کے ساتھ ملیں گی۔

لہٰذا منی اور مزدلفہ کے بعض جانب سے شہر مکہ کی آبادی کا اتصال ہوجانے کی وجہ سے وہ بھی شہر مکہ کا حصہ بن جائے گا۔

کیا شہری اعتبار سے پہاڑ آبادی کے اتصال کو مانع ہے؟

سوال نامہ میں اس بات کی وضاحت طلب کی گئی ہے کہ شہری اعتبار سے آبادی کا اطلاق کس خطے پر ہوتا ہے؟ اس بارے میں گزارش ہے کہ شہر کی آبادی کا اطلاق شہر کے کنارے کے ان تمام علاقوں پر بھی ہوجاتا ہے، جن میں جانوروں کے باڑے، مسافر خانے اور شہر کی کبھی کبھی ضرورت کے لئے یا رفاہِ عام کے لئے بنائی گئی عمارتیں اور نئی آبادی کے پروگرام کے تحت پلاٹنگ کی جگہیں ہوتی ہیں، جس کو ربض مصر سے فقہاء نے تعبیر فرمایا ہے اور ربض کے معنی لغت میں ''جانور باندھنے کی جگہ'' کے ہیں اور اس سے مربض اور مرابض کے الفاظ بکریوں کے باڑے کے لئے استعمال ہوتے ہیں۔ اور منی سرکاری دفاتر، ایام حج کے

مہمان خانے، سرکاری ہسپتال، رابطۂ عالم اسلامی کا دفتر اور بادشاہ کے شاہی محلات وغیرہ کی وجہ سے آبادی میں شامل ہے یا نہیں؟

نیز ۲۶/جنوری ۲۰۱۴ء کے تازہ مشاہدہ میں ہمارے ساتھ حضرت مولانا مفتی ابوالکلام صاحب مفتی شہر بھوپال نے شاہی محلات، مسجد خیف اور جمرات کی عمارتوں کے علاوہ دیگر کثیر منزلہ عمارتوں کو شمار فرمایا تو بڑی بڑی کثیر منزلہ چوبیس عمارتیں گنتی میں آئیں۔

اس سلسلے میں موقع وقوع پر غور کرنے سے دو پہلو سامنے آتے ہیں:

(۱) منی کی ان عمارتوں، ہسپتال، بادشاہ کے محلات، عزیزیہ اور شیشہ کی آبادی کے درمیان کچھ فاصلہ ہے، ان فاصلوں کو دیکھا جائے تو بظاہر اصل شہر سے کچھ الگ سا معلوم ہوتا ہے۔

(۲) دوسرا پہلو یہ ہے کہ خود مکۃ المکرّمہ کی آبادی میں جگہ جگہ پہاڑوں کا فاصلہ ہے اور پہاڑوں کی وجہ سے ایک محلّہ دوسرے محلے سے بالکل الگ سا معلوم ہوتا ہے؛ لیکن پہاڑوں کے بیچ کی سرنگوں کے ذریعہ سے ایک محلّہ کو دوسرے محلے سے جوڑ بھی دیا گیا ہے، یہ ایسا ہے جیسا کہ پرانی دلی اور جمنا پار کے علاقہ کے درمیان جمنا دریا کا فاصلہ ہے اور اس دریا کی چوڑائی ایک کلومیٹر سے کم نہیں ہے، تو جمنا پار کو دلی سے جوڑنے کے لئے مختلف پل اور برج قائم کردیئے گئے ہیں اور ان پلوں اور برجوں کی لمبائی ایک کلومیٹر سے کم نہیں ہے۔ منی اور محلّہ عزیزیہ کے درمیان جو پہاڑ حائل ہے، اس پہاڑ کے نیچے سے کئی ایسی سرنگیں بنادی گئی ہیں جو سرنگیں منی کو عزیزیہ شہر سے جوڑ دیتی ہیں اور سرنگ کے علاوہ بیچ میں شارع عبدالعزیز کی شاہراہ بھی ہے اور پہاڑ کے اوپر شاہی محلات بھی ہیں؛ لہٰذا جس طرح جمنا پار کا علاقہ دریا کے اوپر سے پلوں کے ذریعہ سے دلی سے جوڑ دینے کی وجہ سے دلی شہر کا حصہ بن چکا ہے اور اس کے دلی شہر کا حصہ بننے میں دریا مانع نہیں اور اس میں کسی کو اشکال بھی نہیں ہے، اسی طرح منی کا بھی حکم ہوگا؛ کیوں کہ سرنگوں اور راستوں کے ذریعہ سے منی کو مکہ مکرمہ شہر سے اس سے کہیں زیادہ بہترین انداز سے جوڑ دیا گیا ہے اور درمیان کا پہاڑ سرنگوں کی وجہ سے مانع نہیں ہے، جس طرح جمنا پار کے علاقہ کو دلی کا حصہ تسلیم کیا جاتا ہے اسی طرح منی کو بھی شہر مکہ مکرمہ کا حصہ تسلیم کرنے میں تردد نہیں ہونا چاہئے۔

نیز دریائے جمنا کے اوپر کسی قسم کی سرکاری عمارت وغیرہ نہیں ہے اور منی وعزیزیہ کے درمیان جبل ثبیر کے اوپر بادشاہوں اور شہزادوں کے محلات بنے ہوئے ہیں، جن میں سال بھر کسی نہ کسی انسان کی رہائش رہتی ہے، نیز اگرچہ منی کی عمارتیں سال بھر استعمال نہیں ہوتی ہیں پھر بھی ربض مصر سے ان کو خارج نہیں کہا جاسکتا، ایسی صورت میں جمنا پار کے علاقہ کو دلی کا حصہ بننے میں جو قوت آئی ہے اس کے مقابلے میں منی کے مکہ مکرمہ کا حصہ بننے میں اس سے زیادہ مضبوطی سے قوت آچکی ہے؛ لہٰذا جس طرح کوئی شخص سودوسوکلومیٹر کے فاصلہ سے پرانی دلی کے علاقہ میں پندرہ دن یا اس سے زائد قیام کے ارادے سے آجائے اور اس کا ارادہ جمنا پار کے علاقہ میں اپنے کسی دوست کے یہاں دوتین رات گذارنے کا پہلے ہی سے ہے اور بقیہ راتیں پرانی دلی میں گذارنے کا ہے، تو وہ اتمام کرتا رہے گا، ایسا ہی ان حجاج کرام کا بھی حکم ہوگا جو مکہ مکرمہ میں پندرہ دن سے زائد قیام کا ارادہ کرتے ہوں اور اس پندرہ دن کے اندر منی اور مزدلفہ میں بھی رات گذارنی ہو تو وہ حجاج کرام بھی اسی طرح اتمام کریں گے جس طرح دلی میں قیام کرنے والا شخص کرتا ہے۔

وَإِنْ كَانَ وَسطَ الْبَلَدِ نَهرٌ فَاجْتَازَ فَلَيسَ لَهُ الْقَصرُ؛ لِأَنَّهُ لَمْ يَخْرُجْ مِنَ الْبَلَدِ وَلَمْ يُفَارِقِ الْبُنْيَانَ، فَأَشْبَهَ الرَّحْبَةَ وَالْمَيْدَانَ فِي وَسطِ الْبَلَدِ. (المغني، كتاب المسافر، دارالفكر بيروت ٢/ ٥٠)

اور اگر شہر کے بیچ میں دریا ہو اور یہ مسافر اس دریا کو پار کر جائے تو اس کے لئے دریا پار میں قصر کرنا جائز نہیں ہے؛ اس لئے کہ وہ شہر سے نہیں نکلا ہے اور نہ ہی شہر کی آبادی سے الگ ہوا ہے؛ لہٰذا یہ شہر کے بیچ کے کشادہ خالی علاقہ اور شہر کے بیچ کے بڑے میدان کے مشابہ ہو جائیں گے۔

حدود کے توقیفی ہونے کی وجہ سے اتصال کی صورت میں قصروا تمام میں فرق نہیں

بہت سے لوگ مشاعر مقدسہ کی حدود کے توقیفی ہونے کی وجہ سے اس بات پر مصر ہیں کہ جب مشاعر مقدسہ کی حدود توقیفی ہیں تو مکہ مکرمہ کی آبادی سے متصل ہونے کی وجہ سے بلد مکہ میں

شامل مان کر شہر کا جزوقرار نہیں دیا جا سکتا، وہ لوگ یہ سمجھتے ہیں کہ شہر کا جزوقرار دینے کی صورت میں مشاعر مقدسہ کی استقلالی حدود باقی نہیں رہیں گی؛ بلکہ وہ اپنی جگہ سے ختم ہو جائیں گی، ان کو شہر کے حکم سے الگ ماننے کی صورت میں ہی استقلالی صورت باقی رہتی ہے، ان بزرگوں سے ہماری گزارش ہے کہ حدود حرم جس کے دائرہ میں حضرت سیدنا ابراہیم علیہ الصلاۃ والسلام نے حدود حرم کے نشانات نصب کر دیئے ہیں جو انشاء اللہ قیامت تک باقی رہیں گے وہ حدود ختم ہونے والے نہیں ہیں۔

طریق مدینہ کی طرف سے مسجد حرام سے تقریباً چھ کلومیٹر کے فاصلہ پر مقام تنعیم ہے اور وہاں پر حدود حرم کے نشانات اور بورڈ کے ساتھ کھمبے نصب ہیں اس سے متصل باہر کی طرف مسجد عائشہ بنی ہوئی ہے، مکہ مکرمہ سے حدود حرم سے باہر جا کر احرام باندھنے کے لئے لوگ اسی مسجد میں تشریف لاتے ہیں، تقریباً ہر حاجی نے اس علاقہ کو دیکھا ہے، مکہ مکرمہ شہر کی آبادی غیر منفصل طور پر تسلسل کے ساتھ مقام تنعیم کی طرف سے حدود حرم کے نشانات سے آگے تجاوز کرتے ہوئے پانچ چھ کلومیٹر دوری تک تسلسل کے ساتھ آگے بڑھ گئی ہے اور حدود حرم سے باہر کافی دوری پر مدینہ سے آنے والے حاجیوں کے لئے مدینۃ الحجاج قائم ہے، نیز مقام تنعیم سے باہر حل میں مکہ کی آبادی سے متصل ہو کر جو آبادی تسلسل کے ساتھ آگے کو پہنچ گئی ہے، اس میں مکہ مکرمہ کا سب سے مہنگا اسپتال ''مستشفیٰ الحراء'' قائم ہے۔ حج کے موسم میں بہت سے بیمار حاجیوں کو ایمرجنسی طور پر اس ہسپتال میں داخل کیا جاتا ہے، تو کیا حدود حرم سے باہر ہونے کی وجہ سے وہ علاقہ شہر مکہ مکرمہ سے الگ کوئی دوسرا شہر شمار کیا جائے گا؟ یا حدود حرم کی آبادی سے متصل ہونے کی وجہ سے مکہ مکرمہ کا جزوقرار دے کر ایک شہر شمار ہوگا، جب کہ سعودی حکومت، وہاں کے باشندے، وہاں کے سارے علماء اور وہاں کے تمام عوام وخواص اس کو شہر مکہ مکرمہ کا ایک جزو تسلیم کرتے ہیں اور بہت سے حجاج کرام حج کے موقع پر حدود حرم سے باہر تنعیم کے علاقہ میں بھی قیام کرتے ہیں؛ اس لئے کہ یہ علاقہ عزیزیہ اور شیشہ کے مقابلے میں حرم شریف سے قریب ہے، تو ایسے حجاج کبھی پوری پوری رات حرم شریف میں گذار دیتے ہیں اور کبھی وہاں جا کر رات گذارتے ہیں۔ اور بعض حجاج ایسے بھی ہوتے

ہیں کہ ان کا اصل قیام تو حرم شریف کی قریبی عمارتوں میں ہوتا ہے، مگر ان کا ارادہ پہلے ہی سے مقامِ تنعیم یا اس سے قریب حدودِ حرم سے باہر محلہ نوریہ میں اپنے کسی دوست یا رشتہ دار کے پاس دو تین رات گذارنے کا بھی ہے۔

ایسی صورت میں ایسے حجاج کرام اگر منی جانے سے پندرہ دن پہلے مکہ مکرمہ میں مقیم ہیں تو ان کے اوپر نمازوں کا قصر لازم ہوگا یا اتمام؟ میرے خیال میں کوئی بھی صاحب علم ایسے حجاج پر قصر کا حکم نہیں لگا سکتا؛ حالاں کہ وہ لوگ حرم شریف کی قطعی توقیفی حدود سے باہر کی آبادی میں بھی رات گذارتے ہیں اور حرم شریف میں بھی رات گذارتے ہیں؛ اس لئے ان بزرگوں سے ہماری گزارش ہے کہ اس مسئلہ پر غور فرمائیں کہ اتصال آبادی ہوجانے کی وجہ سے جب بلدِ واحد کے حکم میں ہوجاتا ہے تو توقیفی حدود میں کوئی فرق نہیں آتا۔ اور قصر واتمام کے مسئلہ کا مدار آبادی کے اتصال وانفصال پر ہے، چاہے توقیفی حدود کے اپنی جگہ باقی رہتے ہوئے دونوں کا نام الگ الگ کیوں نہ ہو؛ اس لئے کہ قصر واتمام کا مدار اتصال یا انفصال پر ہے، نام کے الگ الگ ہونے پر نہیں ہے۔

ایسا ہی منی ومزدلفہ اپنی حدودِ اربعہ کی تعیین کے ساتھ باقی رہتے ہوئے مکۃ المکرّمہ سے متصل ہونے کی بناء پر جب بلد واحد بن گئے ہیں تو ان میں نمازوں کا اتمام لازم ہوجائے گا قصر جائز نہیں ہوگا اور اس کی وجہ سے ان مقامات کی توقیفی حدود میں کوئی فرق نہیں آتا، نیز ان مقاماتِ مقدسہ میں قصر واتمام کا مسئلہ حنفیہ کے نزدیک علت نسک پر نہیں ہے؛ بلکہ علت سفر واقامت پر ہے۔

منی ومزدلفہ کے بارے میں علماء کے درمیان اختلاف کا مختصر جائزہ

خیر القرون اور فقہاء کے زمانہ سے تقریباً تیرھویں صدی ہجری تک مکہ مکرمہ کی پرانی آبادی اور منی کے درمیان لگ بھگ دو فرسخ (تقریباً نو کلومیٹر) کا فاصلہ آبادی سے خالی رہا ہے اور دونوں کے درمیان اس طویل فاصلہ کی وجہ سے خیر القرون کے زمانہ سے سعودی حکومت کے زمانہ تک قصر واتمام کے مسئلہ میں اکثر فقہاء کی رائے اس بات پر رہی ہے کہ دونوں الگ الگ

مستقل طور پر دو مقام ہیں ؛ لہٰذا قصر واتمام کے مسئلہ میں اس فاصلہ کے زمانہ میں یہی حکم جاری رہا ہے کہ اگر آٹھویں ذی الحجہ سے پہلے پہلے مکہ مکرمہ آنے والے حاجی کا قیام پندرہ دن سے زائد رہا ہے، تو وہ مقیم رہے گا، نمازوں کا اتمام کرے گا۔ اور آٹھویں ذی الحجہ سے پہلے پہلے کا قیام پندرہ دن سے کم ہے تو وہ حاجی نمازوں کا قصر کرے گا؛ لیکن جب سعودی حکومت کے زمانہ میں مکہ مکرمہ کی پرانی آبادی اور منی کے درمیان کا خالی پڑا ہوا علاقہ شاندار عمارتوں کے ذریعہ تسلسل کے ساتھ آباد ہو چکا ہے، تو اب سوال یہ ہے کہ منی تک آبادی ہو جانے کے بعد منی مکہ مکرمہ کا جزو بن چکا ہے، یا اب بھی منی پہلے کی طرح مکہ مکرمہ سے الگ مستقل مقام شمار کیا جائے گا؟ تو اس سلسلے میں غور طلب بات یہ ہے کہ سعودی حکومت، سعودی علماء اور سعودی عوام سب نے منی کو مکہ مکرمہ کا جزو قرار دے کر بلد واحد تسلیم کرلیا ہے۔ اس بارے میں تفصیل آگے آرہی ہے۔

برصغیر کے علماء کے درمیان کا اختلاف

ہمارے برصغیر کے علماء کی اس سلسلے میں دو جماعتیں ہوگئیں:

(۱) پہلی جماعت: ایک جماعت یہ کہتی ہے کہ منی اور مزدلفہ پہلے کی طرح شہر مکہ سے الگ تھلگ مستقل ایک مقام ہے، جس کا مکہ مکرمہ شہر سے کوئی تعلق نہیں ہے اور ان ہی میں سے بعض علماء اس کی علت یہ بیان کرتے ہیں کہ منی اور عزیزیہ کی آبادی کے درمیان جبل شبیر حائل ہے؛ لہٰذا دونوں کے درمیان اتصال نہیں ہے؛ بلکہ انفصال ہے اور جبل شبیر کے اوپر شارع عبد العزیز اور کبری عبد العزیز کے دونوں جانب شاہی محلات جو بنے ہوئے ہیں وہ اتصال کے لئے کافی نہیں، اسی طرح جمرۂ عقبہ کے بعد کافی بڑا میدان حاجیوں کی بھیڑ بھڑ کا کی وجہ سے عمارتوں سے خالی ہے؛ اس لئے مکہ مکرمہ کی آبادی سے متصل مان کر دے کر منی اور مزدلفہ کو مکہ مکرمہ شہر کا جزو قرار دے کر بلد واحد تسلیم نہیں کیا جا سکتا اور ان ہی میں سے کچھ لوگ دونوں کو الگ الگ مقام تسلیم کرنے کی علت یہ بیان کرتے ہیں کہ منی و مزدلفہ کی حدود منصوص ہیں ؛ لہٰذا اگر منی و مزدلفہ کو مکہ مکرمہ کا جزو قرار دیا جائے تو ان مشاعر مقدسہ کی

حدود کی استقلالیت باقی نہیں رہے گی؛ اسی لئے دونوں مقام الگ الگ شمار ہوں گے اور قصر واتمام کے مسئلہ میں دونوں کے الگ الگ ہونے کی وجہ سے ان کو مقام واحد تسلیم نہیں کیا جاسکتا۔

(۲) دوسری جماعت: برصغیر کے علماء کی دوسری جماعت یہ کہتی ہے کہ مکہ مکرمہ کی پرانی آبادی اور منی ومزدلفہ کے درمیان کا خالی علاقہ آبادی سے بھر جانے کے بعد منی اور مزدلفہ شہر مکہ مکرمہ کا جزو بن کر مقام واحد بن چکے ہیں اور قصر واتمام کے مسئلہ میں یہ سب مقامات مقام واحد کے حکم میں ہوگئے ہیں؛ لہٰذا جو حاجی مکہ مکرمہ میں داخل ہونے کے بعد واپسی تک کل پندرہ دن سے زائد قیام کرے گا اس کے اوپر مکہ مکرمہ سے وطن واپس ہونے تک نمازوں کا اتمام کرنا لازم ہوگا۔ اور یہ حضرات مقام واحد کے درجہ میں قرار دینے کی چار دلیلیں اور چار علتیں پیش کرتے ہیں:

دلیل ۱: معمولی فاصلہ اتصال کو مخل نہیں

مکہ مکرمہ کی آبادی منی ومزدلفہ سے متصل ہوچکی ہے اور اس اتصال کی وجہ سے بلد واحد کے حکم میں ہوچکے ہیں اور عزیزیہ کی آبادی اور منی کی عمارتوں اور خیموں کے درمیان جبل ثبیر جو حائل ہے، اس کی چوڑائی ایک کلومیٹر بھی نہیں ہے، اسی طرح جمرۂ عقبہ کے بعد حاجیوں کے چلنے کے لئے جو جگہ آبادی سے خالی رکھی گئی ہے وہ ربع صدقی کی طرف سے پاؤ کلومیٹر بھی نہیں ہے۔ ۲٦ رجنوری ۲۰۱۴ء کو تازہ مشاہدہ کیا گیا تو ثابت ہوا کہ جمرات کی عمارت اور عزیزیہ کی ابنیہ (عمارتوں) کے درمیان کا فاصلہ صرف کلومیٹر کا پانچواں حصہ ہے، یعنی ایک غلوہ سے بھی کم۔ اور منیٰ میں مسجد خیف اور جمرات کی عمارتوں کے علاوہ جو کثیر منزلہ عمارتیں ہیں ان کی تعداد چوبیس ہے، نیز پہاڑوں کا فاصلہ ایسا ہے جیسا کہ پرانی دلی اور جمنا پار کے علاقہ کے درمیان جمنا دریا حائل ہے اور پلوں اور برجوں کے ذریعہ سے ایک کو دوسرے سے جوڑ دیا گیا ہے اور جو پل بنے ہوئے ہیں وہ ایک کلومیٹر سے کم نہیں ہیں۔ اور منی اور عزیزیہ کی آبادی کے درمیان جو پہاڑ حائل ہے اس کی چوڑائی ایک کلومیٹر مشکل سے ہے اور اس پہاڑ

کے نیچے سے سرنگوں کے ذریعہ سے ایک دوسرے کو جوڑ دیا گیا ہے اور پہاڑ کے اوپر شاہی محلات ہیں اور نیچے سے سرنگیں ہیں اور دونوں شاہی محلات کے درمیان سے شارع عبدالعزیز بھی گذرتا ہے، تو جیسا کہ دریا کے اوپر سے برجوں کے ذریعہ سے جوڑ کر جمنا پار کے علاقہ کو دلی کا حصہ تسلیم کیا جاتا ہے، ایسا ہی سرنگوں، سڑکوں اور شاہی محلات کے ذریعہ سے منی کو عزیزیہ کی آبادی سے جوڑ دینے کی وجہ سے شہر مکۃ المکرّمہ کا جزو تسلیم کرنے میں کوئی تردد نہیں ہوگا، جس طرح جمنا پار کے علاقہ کو دلی کا جزو تسلیم کرنے میں تردد نہیں ہے اسی طرح منی کو شہر مکہ کا جزو تسلیم کرنے میں بھی تردد نہیں ہونا چاہئے۔

اگر اس پر یہ سوال قائم کیا جائے کہ منی کی عمارتوں میں سال بھر رہائش نہیں ہوتی ہے، جمنا پار کی عمارتوں میں سال بھر رہائش ہوتی ہے، تو اس بارے میں اتنی بات ضرور تسلیم کرلینی چاہئے کہ منی کی عمارتیں اگر سال بھر باضابطہ استعمال نہیں ہوتی ہیں؛ لیکن ان عمارتوں کو ربضِ مصر میں شامل ہونے سے خارج نہیں کیا جاسکتا، نیز ان عمارتوں میں سال بھر کوئی نہ کوئی انسان ضرور رہتا ہے، چاہے نگراں کی حیثیت سے کیوں نہ ہو اور ثبوت آبادی کے لئے اتنا کافی ہے اور شاہی محلات کبھی بھی انسانوں سے خالی نہیں رہتے؛ لہٰذا منی کو مکۃ المکرّمہ کا ہی ایک جزو تسلیم کرنا ہوگا۔

دلیل ۲: علمائے عرب کی رائے

نیز علمائے عرب نے موجودہ زمانہ میں منی کو مکۃ المکرّمہ سے متصل مان کر بلد واحد قرار دیا ہے۔ ملاحظہ فرمایئے: شیخ عبداللہ نذیر احمد عبدالرحمٰن المزی استاذ جامعۃ الملک عبدالعزیز جدہ ''البحر العمیق'' کے حاشیہ میں تحریر فرماتے ہیں:

إِنَّ مِـنًـى الآنَ أَصْبَحَتْ مِنْ ضِمْنِ مَكَّةَ الْمُكَرَّمَةِ لِتَوَسُّعِ الْبِنَاءِ وَالْعُمْرَانِ وَامْتِدَادِهَا إِلَيْهَا	بے شک منی اس زمانہ میں مکۃ المکرّمہ میں شامل ہو چکا ہے، مکہ مکرمہ کی عمارتوں اور اس کی آبادی کے وسیع ہو کر منی تک پہنچنے کی وجہ سے۔

وَمِنْ ثَمَّ اخْتَلَفَ الْحُكْمُ بِاخْتِلَافِ الْعِلَّةِ، إِذِ الْحُكْمُ يَدُوْرُ مَعَ الْعِلَّةِ حَيْثُمَا دَارَ، سَلْبًا وَإِيْجَابًا، وَحَصَلَ الْخِلَافُ فِي الْمَسْأَلَةِ بَيْنَ الْعُلَمَاءِ بِاعْتِبَارِ مَا كَانَتْ مِنٰى عَلَيْهَا، أَمَّا الْآنَ فَقَدْ تَغَيَّرَ الْوَضْعُ وَأَصْبَحَتْ مِنْ مَكَّةَ الْمُكَرَّمَةِ وَلَيْسَ ذٰلِكَ فِيْ زَمَنِ مَوْسِمِ الْحَجِّ، بَلْ عَلٰى مَدَارِ السَّنَةِ لِاسْتِدَامَةِ إِقَامَةِ النَّاسِ. (البحر العميق، المكتبة المكية ۳/ ۱۴۹۳)

یہیں سے واضح ہوگیا کہ علت کے بدل جانے کی وجہ سے حکم بھی بدل جاتا ہے؛ اس لئے کہ حکم شرعی مثبت اور منفی اعتبار سے علت کے بدلنے کے ساتھ ساتھ بدلتا رہتا ہے اور مسئلہ میں علماء کے درمیان اختلاف اس حالت کے اعتبار سے ہوا ہے، جس حالت پر منی تھا؛ لیکن اب اس زمانہ میں یقینی طور پر ہیئت بدل گئی ہے اور منی مکہ مکرمہ میں شامل ہوگیا ہے اور یہ موسم حج کے ساتھ مقید نہیں ہے بلکہ اس میں لوگوں کی اقامت کے مستقل ہونے کی وجہ سے پورے سال اسی کیفیت پر رہتا ہے۔

امام عزالدین ابن جماعہ الکنانیؒ المتوفی ۷۶۷ کی کتاب ”هداية السالك إلى المسالك الأربعة فى المناسك“ کے حاشیہ میں ڈاکٹر نورالدین عتر استاذ کلیۃ الشریعہ بجامعہ دمشق تحریر فرماتے ہیں:

إِنَّ مَكَّةَ قَدِ اتَّسَعَتْ وَاتَّصَلَ بُنْيَانُهَا بِمِنٰى فَلَا يُسَمَّى الْخُرُوْجُ إِلَيْهَا سَفَرًا، فَإِنَّ مِنٰى مُتَّصِلَةٌ بِمَكَّةَ. (هداية السالك …… في المناسك، دارالبشائر الإسلامية بيروت ۳/ ۱۰۰۲)

بے شک مکہ مکرمہ وسیع تر ہوکر کے اس کی آبادی منی سے متصل ہو چکی ہے؛ لہٰذا منی کی طرف خروج کو سفر سے موسوم نہیں کیا جا سکتا؛ اس لئے کہ منی مکہ مکرمہ سے متصل ہو چکا ہے۔

رئیس شئوون الحرمین شیخ محمد بن عبداللہ السبیلؒ کا فتویٰ

حضرت مولانا مفتی محمد تقی صاحب عثمانی دامت برکاتہم شیخ الحدیث دارالعلوم کراچی پاکستان نے مسجد حرام کے معمر امام شیخ محمد بن عبداللہ السبیل مرحوم سے چند سوالات بطور

استفسار کے فرمائے تھے، جب کہ شیخ سبیلؒ حرم مکی اور حرم مدنی دونوں کے ذمہ دار خطیب تھے اور ہیئت کبار علماء کے اہم ترین اساسی رکن رہے ہیں اور مکہ مکرمہ کے تمام حالات پر ان کی نظر رہی اور حکومت سعودیہ پر بھی ان کا بڑا اثر رہا ہے۔ مسجد حرام اور مشاعر مقدسہ منی، مزدلفہ وعرفات سے متعلق ان کی ہر بات معتبر مانی جاتی تھی، ان سے حضرت مولانا مفتی محمد تقی صاحب عثمانی نے منی سے متعلق یہ سوال فرمایا کہ منی گذشتہ زمانہ میں مکہ مکرمہ سے الگ ایک مستقل مقام رہا ہے؛ اس لئے قصر واتمام کا مسئلہ گذشتہ زمانے میں بالکل الگ رہا ہے اور موجودہ زمانہ میں مکہ مکرمہ کی آبادی پھیل کر منی تک متصل ہو چکی ہے جو کسی بھی حاجی پر مخفی نہیں ہے؛ اس لئے گزارش ہے کہ اس بات کو واضح کر دیا جائے کہ حکومت سعودیہ آج کے زمانہ میں دونوں مقام کو مقام واحد اور بلد واحد قرار دے کر منی کو مکہ مکرمہ کا جزو تسلیم کرتی ہے یا نہیں؟ اس لئے کہ قصر واتمام کے مسئلہ کا مدار اسی پر ہے، اس پر شیخ سبیلؒ نے دو طرح سے جواب دیا:

(۱) مکہ مکرمہ اور حرمین شریفین کا ذمہ دار مفتی ہونے کی حیثیت سے جواب دیا ہے کہ منی اس زمانہ میں شہر مکہ مکرمہ کا جزو بن چکا ہے؛ لہٰذا مکہ مکرمہ سے منی کی طرف جانے والے کو مسافر شمار نہیں کیا جا سکتا اور اسی بنا پر حاجی کے لئے منی کو الگ مقام شمار کر کے نمازوں کا قصر کرنا جائز نہیں ہے اور جن علماء کے نزدیک قصر کی علت سفر ہے نسک نہیں ہے ان کے نزدیک منی کو جانے والے حدود مکہ سے باہر الگ مقام میں رات گذارنے والے شمار نہیں ہوں گے۔

(۲) دوسرا جواب حکومت سعودیہ کی طرف سے دیا ہے کہ حکومت سعودیہ نے مکہ کی آبادی منی تک متصل ہو جانے کی وجہ سے یہ فیصلہ کر دیا ہے کہ منی مکہ مکرمہ کا ایک جزو ہے اور مکہ کے محلوں میں سے ایک محلّہ ہے۔ اور حکومت سعودیہ نے یہ بھی حکم نافذ کر دیا ہے کہ حاجیوں کی ضرورت اور مصلحت عامہ کی وجہ سے منی میں کوئی شخص مالکانہ طور پر ذاتی مکان تعمیر نہیں کر سکتا اور نہ ہی کوئی شخص منی کی سرزمین میں سے کسی جزو کو پلاٹنگ کے طور پر اپنی ذاتی ملکیت بنا سکتا ہے۔ مولانا مفتی تقی صاحب کا سوال نامہ اور شیخ سبیل علیہ الرحمہ کا جواب کافی لمبا ہے اس کو ہم اگلی سرخی کے آخر میں نقل کر دیں گے، یہاں ضرورت کے مطابق شیخ سبیلؒ

کے جواب میں سے مرکز مضمون نقل کردیا ہے۔ ملاحظہ فرمائیے:

اَلَّذِيْ يَظْهَرُ لَنَا أَنَّ مِنٰى أَصْبَحَتْ الْيَوْمَ جُزْءً مِنْ مَدِيْنَةِ مَكَّةَ بَعْدَ أَنِ اكْتَنَفَهَا بُيُنَانُ مَكَّةَ وَتَجَاوَزَهَا إِلٰى حُدُوْدِ عَرَفَةَ وَبِنَاءً عَلٰى هٰذَا فَإِنَّهَا قَدْ أَصْبَحَتْ الْيَوْمَ مِنْ أَحْيَاءِ مَدِيْنَةِ مَكَّةَ، فَلا يُعَدُّ الذَّاهِبُ إِلَيْهَا مِنْ مَكَّةَ مُسَافِرًا وَبِنَاءً عَلَيْهِ، فَإِنَّهُ لا يَجُوْزُ لِلْحَاجِّ أَنْ يَقْصُرَ وَلا أَنْ يُجَمِّعَ بِهَا عَلٰى قَوْلِ مَنْ يَقُوْلُ مِنَ الْعُلَمَاءِ إِنَّ الْعِلَّةَ فِي الْقَصْرِ بِمِنٰى إِنَّمَا هُوَ مِنْ أَجْلِ السَّفَرِ؛ لِأَنَّ الذَّاهِبَ إِلٰى مِنٰى لَمْ يَخْرُجْ عَنْ حُدُوْدِ مَكَّةَ.

ہمارے لئے یہ بات واضح ہوچکی ہے کہ بے شک منی آج کے زمانہ میں شہر مکہ کا ایک جزو بن چکا ہے؛ اس لئے کہ مکہ مکرمہ کی آبادی نے منی کو گھیر لیا ہے اور مکہ کی آبادی منی سے تجاوز کرکے حدود عرفات تک پہنچ چکی ہے، اس بناء پر آج کے زمانہ میں منی شہر مکہ کے محلوں میں سے ایک محلّہ بن گیا ہے؛ لہٰذا مکہ مکرمہ سے منی جانے والے کو مسافر نہیں کہا جائے گا اور اسی وجہ سے حاجی کے لئے قصر کرنا جائز نہیں ہوگا، اور ان علماء کے قول کے مطابق جمع بین الصلاتین بھی جائز نہیں ہوگا، جو علماء منی میں قصر صلاۃ کی علت سفر کو بتاتے ہیں اس لئے کہ منی کو جانے والا حدود مکہ سے باہر نہیں جاتا ہے۔

پھر اس کے بعد سعودی حکومت کے فیصلہ کے بارے میں شیخ سبیل علیہ الرحمہ نے ان الفاظ کے ساتھ جواب تحریر فرمایا ہے:

إِنَّ حُكُوْمَةَ الْمَمْلَكَةِ الْعَرَبِيَّةِ السُّعُوْدِيَّةِ تَعُدُّ مِنٰى مِنْ مَكَّةَ عَلٰى اعْتِبَارِ أَنَّهَا حَيٌّ مِنْ أَحْيَائِهَا إِلَّا أَنَّ الْحُكُوْمَةَ تَمْنَعُ الْبِنَاءَ فِيْهَا إِلَّا لِمَصْلَحَةٍ عَامَّةٍ؛ لِأَنَّهُ لا

بے شک حکومت سعودیہ نے منی کو مکہ مکرمہ کا جزو قرار دے کر مکہ مکرمہ کے محلوں میں سے ایک محلّہ شمار کرنے کا فیصلہ کردیا ہے، مگر مصلحت عامہ (حاجیوں کی ضرورت) کی وجہ سے منی کے اندر مالکانہ عمارت بنانے کی ممانعت کرتی ہے؛ اس لئے کہ کسی کے لئے جائز نہیں ہے کہ

يَجُوزُ لِأَحَدٍ أَنْ يَتَمَلَّكَ وَلَا يَخْتَصَّ بِشَيْءٍ مِنْ مِنىٰ.	منی کے کسی جزو کا مالک بن جائے اور نہ ہی منی کے اجزاء میں سے کسی جزو کو اپنے لئے خاص کرسکتا ہے۔

شیخ سبیل کا مکمل فتوی اگلے عنوان کے آخر میں مکمل نقل کر دیا ہے، وہاں سے ملاحظہ فرمائیے:

شیخ سبیلؒ کے فتوی کے ایک جزو کو تسلیم اور دوسرے پر رد کیسے؟

امام الحرمین شیخ محمد بن عبداللہ السبیل رحمۃ اللہ علیہ نے حضرت مولانا مفتی محمد تقی صاحب عثمانی مدظلہ العالی کے سوال کے جواب میں منی کے بارے میں صاف واضح الفاظ میں تحریر فرمایا ہے کہ مکہ مکرمہ کی آبادی منی سے متصل ہو جانے کی وجہ سے منی مکہ مکرمہ شہر میں داخل ہوکر مکہ مکرمہ کا ایک جزو اور محلّہ بن چکا ہے اور منی ومزدلفہ کی چوہدی کے دائرہ میں مشاعر مقدسہ ہونے کی وجہ سے اس میں مالکانہ طور پر عمارت بنانا جائز نہیں ہے۔ حضرت عائشہ صدیقہؓ کی اس حدیث شریف کی وجہ سے ہے، جس میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

"منی مناخ من سبق".

نیز شیخ سبیلؒ نے یہ بھی واضح طور پر تحریر فرمایا ہے کہ حکومت سعودیہ نے منی کے اپنے دائرہ میں بذاتہ مشعر ہونے کے ساتھ اس کو مکہ مکرمہ کے محلوں میں سے ایک محلّہ کے درجہ میں قرار دیا ہے اور ساتھ ہی مصلحت عامہ اور حاجیوں کی ضرورت کی وجہ سے منی میں مالکانہ طور پر مکانات کی تعمیر سے حکومت نے لوگوں کو منع کر رکھا ہے؛ اس لئے کہ منی اپنے حدود کے دائرہ میں مشعر ہونے کے اعتبار سے مستقل حیثیت رکھتا ہے، اس کے کسی جزو کو کوئی شخص مالکانہ طور پر تصرف میں نہیں لاسکتا۔ اور قصر واتمام کے مسئلہ میں منی فی حد ذاتہ مستقل مشعر ہونے کے باوجود مکہ مکرمہ کا ایک محلّہ اور جزو بن چکا ہے؛ اس لئے جو حاجی پندرہ دن سے زائد قیام کے ارادہ سے مکہ مکرمہ میں داخل ہو جائے جس میں قیام منی بھی شامل ہو اس کے لئے قصر کرنا جائز نہیں ہوگا، نمازوں کا اتمام لازم ہو جائے گا؛ اس لئے کہ قصر واتمام کے مسئلہ میں منی اور مکہ دو الگ الگ مقام نہیں رہے ہیں؛ بلکہ دونوں قصر واتمام کے مسئلہ میں مقام واحد بن چکے ہیں۔

اسی طرح شیخ سبیلؒ نے حضرت مولانا مفتی تقی صاحب مدظلہ العالی کے سوال کے جواب میں مسعی کے بارے میں تحریر فرمایا ہے کہ مسعی صفا اور مروہ کے درمیان میں فی حد ذاتہ مستقل مشعر ہے، وہ پہلے کی طرح مسجد حرام سے خارج ہے اور اس کے احکام میں تبدل وتغیر نہیں ہوسکتا؛ لہٰذا اس میں حائضہ اور نفساء کا گذر جائز ہے؛ لیکن مسجد حرام کے امام کی اقتداء میں اس میں بھی نماز اور امام کی اقتداء اسی طرح درست ہو جاتی ہے، جس طرح مسعی سے پہلے مسجد حرام کی حدود کے اندر کے لوگوں کی اقتداء اور نماز درست ہو جاتی ہے۔

یہ شیخ سبیلؒ کا فتوی ہے، جس کے دونوں جزوں کو ہم قابل تسلیم سمجھتے ہیں؛ اس لئے کہ مشاعر مقدسہ کے متعلق شیخ سبیلؒ کی تحریر حجت شرعیہ کے درجہ میں ہوتی ہے؛ کیوں کہ شرعی نقطۂ نظر سے مکہ مکرمہ کے جغرافیائی احکام سے متعلق شیخ سبیلؒ کی جو نظر ہے وہ کسی کو حاصل نہیں تھی، نیز وہ اپنے زمانہ کے ان مشاعر مقدسہ کے بارے میں سب سے بڑے ذمہ دار عالم تھے۔

شیخ سبیلؒ کی اس تحریر میں سے ہمارے بعض بزرگ ایک حصہ کو اپنے موقف کی تائید میں مستدل قرار دیتے ہیں اور ان کے فتویٰ کے دوسرے حصے کی مخالفت کرتے ہیں، ہمارے یہ بزرگ اپنے موقف کی تائید میں اس طرح استدلال کرتے ہیں کہ شیخ سبیلؒ نے تحریر کیا ہے کہ مسعی مسجد حرام سے خارج ہے، اس میں حائضہ اور نفساء کا گذر جائز ہے؛ اس لئے کہ مسعی مشعر ہے وہ اپنے دائرہ کے اندر بذاتہ مستقل حیثیت رکھتا ہے؛ لہٰذا مسجد حرام میں داخل نہیں ہے نیز اس طرح دلیل پیش کرتے ہیں کہ مسعی جس طرح مستقل حیثیت سے مشعر ہونے کی وجہ سے مسجد حرام میں داخل نہیں ہوسکتا اور اس سے متعلقہ احکام میں تبدیلی نہیں ہوسکتی، اسی طرح منی بھی بذاتہ مشعر ہونے کی وجہ سے مکہ مکرمہ میں داخل نہیں ہوسکتا اور نہ ہی اس کے تابع ہوسکتا ہے اور نہ ہی اس سے متعلقہ احکام میں کوئی تبدیلی ہوسکتی ہے، یہ ہمارے ان بزرگوں کا استدلال ہے۔

ہماری ان بزرگوں سے دو گزارش ہیں:

(۱) یہ عجیب بات ہے کہ شیخ سبیلؒ کے فتوی کے ایک جزو کو یعنی مسئلۂ مسعی کو اپنے موقف میں استدلال کے طور پر پیش کر دیا ہے اور شیخ سبیلؒ کی تحریر کا دوسرا جزو یعنی منی اپنی جگہ

مستقل طور پر مشعر ہونے کے ساتھ مکہ مکرمہ کا جزو بن چکا ہے اور باضابطہ اتصال کے ساتھ اس کا ایک حصہ بن جانے کی وجہ سے قصر واتمام کے مسئلہ میں مکہ اور منی دو مقام الگ الگ نہیں رہے ہیں؛ بلکہ دونوں قصر واتمام کے مسئلہ میں ایک بن چکے ہیں؛ لہٰذا قیام منی سمیت جو حاجی پندرہ دن سے زائد قیام کے لئے مکہ میں داخل ہو جائے اس کے لئے نمازوں کا قصر جائز نہیں ہے، یہ شیخ سبیلؒ کے فتویٰ کا دوسرا جزو ہے، اس کو معتبر کیوں نہیں مانا جا رہا ہے؟ یہ بات سمجھنے سے ہم قاصر ہیں، آخر کیا وجہ ہے کہ شیخ سبیلؒ کی ایک ہی تحریر کا ایک جزو معتبر ہوگیا اور دوسرا جزو غیر معتبر ہوگیا یہ کیسی بات ہے؟ ہماری سمجھ میں نہیں آئی۔

(۲) ان بزرگوں کے استدلال سے یہ پتہ چلتا ہے کہ مسعی میں ان کی تحریر کے مطابق سعی کے علاوہ باقی کوئی دوسری عبادت صحیح اور درست نہیں ہوسکتی؛ حالاں کہ شیخ سبیلؒ نے مسعی کے بارے میں تحریر کے ساتھ ساتھ یہ بھی لکھ دیا ہے کہ مسجد حرام کے امام کی تابعیت میں مسعی کے دائرہ میں اقتداء کرنا جائز اور درست ہے، جیسا کہ ہر حاجی نے مسعی کی اقتداء کو دیکھا ہوگا، جب مسعی کے دائرہ میں مسجد حرام سے الگ ہونے کی وجہ سے سعی کے علاوہ کوئی دوسری عبادت درست نہیں ہوسکتی تو مسعیٰ میں رہ کر مسجد حرام کے امام کی اقتداء کیسے درست ہوگئی؟ جب کہ مسعی الگ مقام ہے اور مسجد حرام اس سے ہٹ کر الگ سے دوسرا مقام ہے۔ اس سلسلے میں ہمارے ان بزرگوں کی طرف سے شاید یہ جواب ہوسکتا ہے کہ اتصال صفوف کی وجہ سے مقام آخر میں اقتداء درست ہو جاتی ہے؛ اس لئے یہاں بھی اقتداء درست ہوگئی ہے اور صحت اقتداء میں ایک ہی مقام کے حکم میں ہوگیا ہے اور مسعی کے مشعر ہونے کے اعتبار سے استقلالی حیثیت میں کوئی فرق نہیں آیا ہے اور اقتداء کرنے والوں کو جماعت کا ثواب بھی مل گیا ہے، تو منی کے مشعر ہونے کے اعتبار سے اس کی استقلالی حیثیت اپنی جگہ برقرار رہتے ہوئے مکہ مکرمہ کی آبادی منی سے متصل ہو جانے کی وجہ سے قصر واتمام کے مسئلہ میں مقام واحد کے حکم میں قرار دینا کیوں جائز نہیں ہے؟ جیسا کہ اتصال صفوف کی وجہ سے مسعی کو جواز اقتداء کے لئے مقام واحد کے حکم میں قرار دیا ہے، تو اسی طرح اتصال کی وجہ سے منی ومزدلفہ کو بھی قصر واتمام کے مسئلہ میں مقام واحد کے حکم میں تسلیم کرنے میں کیا قباحت ہے؟ جب کہ شیخ سبیلؒ نے اس کو صراحت کے ساتھ لکھا ہے کہ مکہ مکرمہ کی آبادی منی تک متصل ہو جانے کی وجہ سے قصر واتمام کے مسئلہ میں

مقام واحد بن چکے ہیں۔ شیخ سبیلؒ کی تائید میں چند فقہی جزئیات یہاں نقل کردیتے ہیں اس کے بعد شیخ سبیلؒ کا پورا فتویٰ نقل کریں گے۔ ’’تبیین الحقائق‘‘ اور ’’البحر الرائق‘‘ کی ذیل کی عبارات اس کی مؤید ہیں۔ تبیین الحقائق کی عبارت ملاحظہ فرمائیے:

وَإِنْ كَانَ أَحَدُهُمَا تَبْعًا لِلآخَرِ بِأَنْ كَانَتِ الْقَرْيَةُ قَرِيْبَةً مِنَ الْمِصْرِ بِحَيْثُ تَجِبُ الْجُمُعَةُ عَلٰى سَاكِنِهَا؛ فَإِنَّهُ يَصِيْرُ مُقِيْمًا بِدُخُوْلِ أَحَدِهِمَا أَيُّهُمَا كَانَ لِأَنَّهُمَا فِي الْحُكْمِ كَمَوْطِنٍ وَاحِدٍ. (تبيين الحقائق، كتاب الصلاة، باب صلاة المسافر، زكريا ۱/ ۵۱۳، كوئٹه ۱/ ۲۱۲، مجمع الأنهر، دار الكتب العلمية ۱/ ۲۴۰، ۲۴۱)

اور اگر دو مقام ایک دوسرے کے تابع ہوجائیں اس طور پر کہ گاؤں شہر سے اس طرح قریب ہے کہ اس گاؤں میں رہنے والوں پر جمعہ واجب ہوجاتا ہے تو بے شک ایسی صورت میں دونوں میں سے کسی بھی ایک میں داخل ہوتے ہی مقیم ہوجائے گا؛ اس لئے کہ دونوں قصر واتمام کے مسئلہ میں مقام واحد کی طرح ہوگئے ہیں۔

اور ’’البحر الرائق‘‘ کی عبارت سے یہ بات بھی واضح ہوتی ہے کہ کوئی شخص اگر مکہ مکرمہ کی عمارتوں میں یا منی کے شاہی محلّات میں یا منی میں کثیر منزلہ عمارتیں جو بن چکی ہیں ان میں پندرہ دن یا اس سے زیادہ قیام کی نیت سے آجائے گا تو آنے کے بعد چاہے مکہ میں رہے یا شاہی محلات میں رہے، یا منی کی کثیر منزلہ عمارتوں میں رہے ان میں سے ایک جگہ سے دوسری جگہ کی طرف خروج کرنے میں اس کے لئے قصر کرنا جائز نہیں ہوگا۔ ملاحظہ فرمائیے بحر کی عبارت:

وَمُرَادُهُ مَوْضِعَانِ صَالِحَانِ لِلإِقَامَةِ لَا فَرْقَ بَيْنَ الْمِصْرَيْنِ أَوِ الْقَرْيَتَيْنِ أَوِ الْمِصْرِ وَالْقَرْيَةِ لِلاحْتِرَازِ عَنْ نِيَّةِ الإِقَامَةِ فِي مَوْضِعَيْنِ مِنْ مِصْرٍ وَاحِدٍ وَقَرْيَةٍ وَاحِدَةٍ، فَإِنَّهَا صَحِيْحَةٌ لِأَنَّهُمَا مُتَّحِدَانِ حُكْمًا أَلَا تَرٰى! أَنَّهُ لَوْ خَرَجَ إِلَيْهِ مُسَافِرًا لَمْ يَقْصُرْ. (البحر الرائق كوئٹه ۲/ ۱۳۲، زكريا ۲/ ۲۳۳)

اور اس کی مراد ان مقامات سے ایسے مقامات ہیں جو اقامت کے لئے صلاحیت رکھتے ہوں اس میں دو شہر دو گاؤں ہونے میں یا ایک شہر دوسرا گاؤں ہونے میں کوئی فرق نہیں ہے، احتراز کرتے ہوئے ایک ہی شہر کے دو مقاموں میں نیت اقامت سے یا ایک گاؤں کے دو مقاموں میں نیت اقامت سے اس لئے کہ اس میں نیت اقامت بہر حال صحیح ہے کیوں کہ دونوں حکم کے اعتبار سے متحد ہیں، کیا نہیں دیکھتے ہو اس بات کو کہ اگر ایک سے دوسرے کی طرف مسافر بن کر خروج کرے گا تو قصر جائز نہیں ہوگا (یعنی اس وقت تک قصر جائز نہیں ہوگا جب تک دوسرے سے نکل نہیں جائے گا)

اب شیخ سبیلؒ کا فتویٰ ان ہی کی عبارات کے ساتھ یہاں نقل کردیتے ہیں، ملاحظہ فرمائیے:

دلیل ۳: موسم حج میں منیٰ باقاعدہ شہر بن جاتا ہے

بالفرض اگر تھوڑی دیر کے لئے منی کو شہر مکہ سے الگ تسلیم بھی کر لیا جائے تو موسم حج میں منی شیخینؒ کے نزدیک مستقل طور پر شہر بن جاتا ہے اور موسم حج میں شہر کی ساری شرطیں منی ومزدلفہ میں موجود ہوتی ہیں اور منی جب شہر بن جاتا ہے تو دونوں شہروں کا اتصال بلا فصل ہو جاتا ہے کہ جمرۂ عقبہ کے بعد کا جو میدان ہے وہ میدان انسانوں سے خالی نہیں رہتا ہے، اسی طرح منی اور عزیزیہ کے درمیان جو جبل شبیر حائل ہے اس کی سرنگوں اور دونوں شاہی محلات کے بیچ کے راستے انسانوں کے ہجوم سے بھر جاتے ہیں، انفصال کی کوئی صورت باقی نہیں رہتی ہے، نیز منی میں حکام، ہسپتال، پولیس تھانہ، بازار سب ہوتے ہیں، الغرض شہر کی ساری شرائط موجود ہوتی ہے؛ اس لئے موسم حج میں تولازمی طور پر منی ومزدلفہ کو ملا کر قصر واتمام کے مسئلہ میں بلدِ واحد تسلیم کر لینا ضروری ہے۔ اور قصر واتمام کے مسئلہ میں بلدِ واحد تسلیم کرنے کی وجہ سے مشاعر مقدسہ کی توقیفی حدود میں کوئی فرق نہیں آتا، وہ اپنی جگہ بدستور باقی رہیں گی، منی کے موسم حج میں شہر بن جانے کی چند عبارات ملاحظہ فرمائیے:

اس حکم کو ''البحر العمیق'' میں اس طرح کے الفاظ کے ساتھ نقل کیا گیا ہے:

إِنَّ مِنىٰ تَتَمَصَّرُ فِي أَيَّامِ الْمَوْسِمِ لِاجْتِمَاعِ شَرَائِطِ الْمِصْرِ فِيهَا مِنَ السُّلْطَانِ وَالْقَاضِيْ وَالأَبْنِيَةِ وَالأَسْوَاقِ إِلَّا أَنَّهَا لَا تَبْقَى مِصْرًا بَعْدَ أَيَّامِ الْمَوْسِمِ، وَبَقَاؤُهَا مِصْرًا بَعْدَ ذٰلِكَ لَيْسَ بِشَرْطٍ. (البحر العمیق، المکتبة المکیة ۳/ ۱٤۹۲)

بے شک منی موسم حج میں شہر بن جاتا ہے اس کے اندر مصر کے سارے شرائط کے جمع ہو جانے کی وجہ سے یعنی حاکم، قاضی اور رات گذارنے کے جھوپڑے اور بازار وغیرہ الا یہ کہ بے شک منی کی شہریت موسم حج کے بعد باقی نہیں رہتی ہے، اور اس کے بعد اس کا شہر ہونے کی حالت میں باقی رہنا لازم اور مشروط نہیں ہے۔

علامہ ابن الہمام علیہ الرحمہ نے فتح القدیر میں اس حکم کو ان الفاظ سے بیان فرمایا ہے:

مِنٰی تَتَمَصَّرُ فِي الْمَوْسِمِ لاجْتِمَاعِ مَنْ يَنْفُذُ الأَحْكَامَ وَيُقِيمُ الْحُدُوْدَ وَالأَسْوَاقِ وَالسِّكَكِ قِيْلَ فِيهَا ثَلاثُ سِكَكٍ، وَغَايَةُ مَا فِيهَا أَنَّهُ يَزُوْلُ تَمَصُّرُهَا بِزَوَالِ الْمَوْسِمِ، وَذٰلِكَ غَيْرُ قَادِحٍ فِي مِصْرِيَّتِهَا قَبْلَهُ إِذْ مَا مِنْ مِصْرٍ إِلَّا وَيَزُوْلُ تَمَصُّرُهُ فِي الْجُمْلَةِ وَمَعَ ذٰلِكَ تُقَامُ فِيْهِ الْجُمُعَةُ. (فتح القدير، كتاب الصلاة، باب صلاة الجمعة، زكريا ٢/ ٥٢، كوئٹه ٢/ ٢٦)

منی موسم حج میں شہر بن جاتا ہے ایسے حکام کے جمع ہونے کی وجہ سے جو احکام کے نافذ کرنے پر قدرت رکھتے ہیں اور حدود قائم کرنے پر قدرت رکھتے ہیں اور بازار اور گلیوں کے ہونے کی وجہ سے اور کہا جاتا ہے کہ منی کے اندر تین سڑکیں ہیں اور زیادہ سے زیادہ اتنی بات ہے کہ موسم حج ختم ہونے کے ساتھ اس کی شہریت بھی ختم ہو جاتی ہے اور ایسا ختم ہو جانا اس سے پہلے اس کی شہریت کے صحیح ہونے کو نقصان دہ نہیں ہے؛ اس لئے کہ بہت سے شہر ایسے ہوتے ہیں کہ فی الجملہ ان کی شہریت ختم ہو جاتی ہے، اس کے باوجود ان میں شہر ہونے کی حالت میں جمعہ جائز ہو جاتا ہے۔

دلیل۴: حکم حاکم رافع اختلاف ہے

جب کسی مسئلہ میں علماء کرام کا اختلاف ہو جائے اور حاکم وقت کسی ایک جانب کا فیصلہ کردے تو بالاجماع اختلاف ختم ہو جاتا ہے اور اختلاف کرنے والے سارے علماء کو حاکم کے فیصلہ پر متفق ہو جانا لازم ہو جاتا ہے اور اس فیصلہ کو نہ ماننا جائز نہیں ہوتا۔ اور عزیزیہ اور شیشہ کی آبادی کے وجود میں آجانے کے بعد سعودی حکومت نے منی اور مزدلفہ کو مکہ مکرمہ کے محلے اور جزو ہونے کا فیصلہ کر دیا ہے اور اس فیصلہ کو تمام ذمہ دار سعودی علماء اور عوام وخواص سب مانتے ہیں؛ لہٰذا اب سعودی حکومت کے اس فیصلہ کے بعد اس کے خلاف کسی بھی عالم یا مفتی کو اختلاف کرنے کا حق باقی نہیں رہا؛ اس لئے حکومت سعودیہ کے منی

اور مزدلفہ کو مکہ مکرمہ کا محلّہ اور جزو قرار دینے کے بعد قصر واتمام کے مسئلہ میں مقام واحد تسلیم کرنے میں کسی کو تردد نہیں ہونا چاہئے۔

حکومت سعودیہ کا فیصلہ دلیل ۲ کے ذیل میں مولانا مفتی تقی صاحب عثمانی مدظلہ العالی کے سوال اور شیخ سبیل علیہ الرحمہ کے جواب کے ذیل میں وضاحت سے لکھ دیا گیا ہے اور یہاں بھی صرف حکومت سعودیہ کے فیصلہ والے جزو کو دوبارہ نقل کر دیتے ہیں۔ ملاحظہ فرمائیے:

إِنَّ حُكُومَةَ الْمَمْلَكَةِ الْعَرَبِيَّةِ السُّعُودِيَّةِ تَعُدُّ مِنٰى مِنْ مَكَّةَ عَلٰى اعْتِبَارِ أَنَّهَا حَيٌّ مِنْ أَحْيَائِهَا إِلَّا أَنَّ الْحُكُومَةَ تَمْنَعُ الْبِنَاءَ فِيهَا إِلَّا لِمَصْلَحَةٍ عَامَّةٍ؛ لِأَنَّهُ لَا يَجُوزُ لِأَحَدٍ أَنْ يَتَمَلَّكَ وَلَا يَخْتَصَّ بِشَيْءٍ مِنْ مِنٰى وَلَا غَيْرِهَا مِنَ الْمَشَاعِرِ لِقَوْلِ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وسلم: مِنٰى مُنَاخُ مَنْ سَبَقَ.

بے شک حکومت سعودیہ نے منی کو مکہ کا ایک جزو قرار دے کر مکہ کے محلوں میں سے ایک محلّہ شمار کرنے کا فیصلہ کر دیا ہے؛ البتہ حکومت سعودیہ حاجیوں کی ضرورت اور مصلحت عامہ کی وجہ سے منی میں مالکانہ طور پر عمارت بنانے سے منع کرتی ہے؛ کیوں کہ کسی کے لئے یہ جائز نہیں ہے کہ منی کے کسی جزو کا مالک ہو جائے اور منی یا منی کے علاوہ دیگر مشاعر کے اجزاء میں سے کسی جزو کو اپنے لئے خاص کر لے کیوں کہ پیغمبر علیہ السلام کا ارشاد ہے کہ: منی مناخ من سبق (منی میں جو پہلے پہنچ کر کسی جگہ میں قیام کر لے وہ اس کا ہے)

اب ہم ذیل میں فقہاء کی معتبر کتابوں کی ایسی عبارتیں نقل کر دیتے ہیں جن سے حاکم کے فیصلہ کے بعد علماء کے اختلاف کا ختم ہو جانا لازم ہوتا ہے۔ ملاحظہ فرمائیے:

''کشف الاسرار'' میں لکھا ہے کہ حاکم کے فیصلہ کے بعد مخالفت کرنے والے کو بھی اس کو ماننا لازم ہو جاتا ہے اور مخالفت کرنے والوں کا اپنی رائے پر قائم رہنا جائز نہیں ہے۔

''کشف الاسرار'' کی عبارت ملاحظہ فرمائیے:

إِذَا قَضَى الْقَاضِي بِرَأْيِ نَفْسِهِ فِي حَادِثَةٍ اخْتَلَفَ فِيهِ الْفُقَهَاءُ نَفَذَ عَلَى الْكُلِّ، وَثَبَتَ صِحَّتُهُ فِي حَقِّ مَنْ يُخَالِفُهُ. (كشف الاسرار ٤/ ٢٦)

جب حاکم اپنی رائے سے کسی ایسے نئے پیدا ہونے والے معاملہ میں فیصلہ کر دے جس میں فقہاء نے اختلاف کیا ہے تو حاکم کا فیصلہ سب کے اوپر نافذ ہو جاتا ہے اور اس کے صحیح ہونے کا اثر ان لوگوں کے حق میں بھی ثابت ہو جاتا ہے، جنہوں نے اس رائے کی مخالفت کی ہو۔

اس کو ''الموسوعۃ الفقہیۃ'' میں ان الفاظ سے بیان کیا گیا ہے:

إِنَّ قَضَاءَ الْقَاضِي فِي الْمُجْتَهَدَاتِ بِمَا غَلَبَ عَلٰى ظَنِّهٖ وَأَدَّى إِلَيْهِ اجْتِهَادُهٗ يَنْفُذُ ظَاهِرًا وَبَاطِنًا وَيَرْفَعُ الْخِلَافُ فَيَصِيرُ الْمُقْضٰى بِهٖ هُوَ حُكْمُ اللّٰهِ تَعَالٰى بَاطِنًا وَظَاهِرًا. (الموسوعة الفقهية ۳۳/ ۳۳۸)

بے شک حاکم کا فیصلہ مجتہد فیہ معاملات میں ظن غالب کے ساتھ ہوتا ہے، جس کی طرف اس کی رائے کا رجحان ہوتا ہے، تو وہ فیصلہ ظاہراً وباطناً نافذ ہوجاتا ہے اور اس فیصلہ کی وجہ سے اختلاف مرتفع ہوجاتا ہے؛ لہٰذا فیصلہ شدہ جو حکم ہے وہی ظاہراً وباطناً اللہ کا حکم ہوتا ہے۔

اور ''فتاوی تاتارخانیہ'' میں اس سے بھی زیادہ وضاحت کے ساتھ اس حکم شرعی کو واضح کیا گیا ہے۔ ملاحظہ فرمائیے:

وَفِي الْوَلْوَالِجِيَّةِ: الْقَاضِي إِذَا قَضٰى بِقَوْلٍ مَرْجُوْعٍ عَنْهُ جَازَ قَضَاءُهٗ، وَكَذَا لَوْ قَضٰى بِقَوْلٍ يُخَالِفُ قَوْلَ عُلَمَائِنَا إِذَا كَانَ الْقَاضِي مِنْ أَهْلِ الرَّأْيِ وَالاجْتِهَادِ، وَفِي النَّوَازِلِ: قَالَ الْفَقِيْهُ أَبُو اللَّيْثِ: وَقَدْ قَالَ فِي رِوَايَةِ مُحَمَّدِ بْنِ الْحَسَنِ أَنَّ كُلَّ شَيْءٍ قَدِ اخْتَلَفَ الْفُقَهَاءُ فِيْهِ، فَقَضَى الْقَاضِي بِذٰلِكَ جَازَ قَضَاءُهٗ وَلَمْ يَكُنْ لِقَاضٍ آخَرَ أَنْ يُبْطِلَهٗ، وَلَمْ يَذْكُرْهُ فِيْهِ الاخْتِلَافَ وَبِهٖ نَأْخُذُ. (الفتاوی التاتارخانية ۱۱/ ۱۳۲، رقم: ۱۵۶۷۷)

اور ''ولوالجیہ'' میں ہے کہ جب حاکم کسی قول مرجوع کے ساتھ فیصلہ کردے تو جائز ہوکر نافذ ہوتا ہے۔ اور ایسا ہی اگر ایسے قول کے ساتھ فیصلہ کردے جو ہمارے علماء کے خلاف ہو جب کہ حاکم صاحب الرائے اور اجتہاد کا اہل ہو۔ اور نوازل میں ہے کہ فقیہ ابواللیثؒ نے امام محمد بن حسن شیبانیؒ کی روایت سے فرمایا ہے کہ بے شک ہر ایسا معاملہ جس میں فقہاء کا اختلاف ہو پھر حاکم نے کسی ایک رائے پر فیصلہ کردیا ہو تو وہ فیصلہ جائز اور نافذ ہوجاتا ہے اور دوسرے حاکم کو اسے باطل کرنے کا حق نہیں ہے۔ اور اس میں کسی کا بھی اختلاف نہیں ہے اور اسی کو ہم اختیار کرتے ہیں۔ (یعنی یہی مفتی بہ قول ہے)

اس حکم کو ''الفقہ الحنفی وادلتہ'' میں اس طرح کے الفاظ سے نقل کیا گیا ہے:

إِذَا قَضَى الْقَاضِي فِي قَضِيَّةٍ يُسَوَّغُ فِيهَا الاجْتِهَادُ، لَمْ يَجُزْ لِأَحَدٍ مِنَ الْقُضَاةِ نَقْضُ قَضَائِهِ؛ لِأَنَّ الاجْتِهَادَ الثَّانِي مِثْلُهُ، وَالْأَوَّلُ تَرَجَّحَ بِالسَّبْقِ لِاتِّصَالِ الْقَضَاءِ بِهِ. (الفقه الحنفي وأدلته، كتاب أدب القاضي، هل ينقض قضاء القاضي، وحيدي كتب خانه پشاور ۳/ ۱۹)

جب حاکم کسی ایسے معاملہ میں فیصلہ کردے جس میں اجتہاد اور اختلاف کی گنجائش ہوتو کسی کے لئے بھی حاکم کے اس فیصلہ کوتوڑ نا جائز نہیں ہے (یعنی کسی دوسرے کے لئے بھی اس فیصلہ کوختم کرنا جائز نہیں ہے) اس لئے کہ دوسرے حاکم کا اجتہاد اسی کے مثل ہے اور اول کو فیصلۂ سابق کے اتصال کی وجہ سے ترجیح حاصل ہے۔

اور تکملہ فتح الملہم میں اس کو ان الفاظ کے ساتھ نقل کیا گیا ہے:

فَكَمَا أَنَّ النِّزَاعَ يَرْتَفِعُ بِالتَّعَامُلِ السَّابِقِ، فَإِنَّهُ يَرْتَفِعُ أَيْضًا بِتَقْنِينٍ مِنْ قِبَلِ الْحُكُومَةِ (وقوله) ثُمَّ إِنَّ حُكْمَ الْحَاكِمِ رَافِعٌ لِلْخِلَافِ فِي الْأُمُورِ الْمُجْتَهَدِ فِيهَا. (تكمله فتح الملهم، كتاب المساقات والمزارعة، المكتبة المكية ۱/ ٦٣٦)

جس طرح علماء کا اختلاف تعامل سابق کی وجہ سے مرتفع ہوجاتا ہے، اسی طرح بے شک منجانب حکومت قانونی فیصلہ کی وجہ سے بھی ختم ہوجاتا ہے (اور ان کا قول) پھر بے شک حاکم کا حکم امور مجتہد فیہا میں اختلاف کوختم کردیتا ہے۔

درمختار اور شامی کی حسب ذیل عبارت سے بھی یہ مسئلہ خوب واضح ہوجاتا ہے کہ جب حاکم قریۂ کبیرہ میں جامع مسجد تعمیر کرکے اس میں جمعہ کی اجازت دیدے تو اس میں جمعہ پڑھنا سب پر لازم ہوجاتا ہے؛ اس لئے کہ یہ مسئلہ مجتہد فیہ ہے اور جب مسئلۂ مجتہد فیہ میں ایک جانب پر حاکم کا فیصلہ ہوجاتا ہے تو وہ مسئلہ بھی متفق علیہ بن جاتا ہے، کسی کے لئے اس میں اختلاف کرنا جائز نہیں۔ عبارت ملاحظہ فرمایئے:

إِذْنُ الْحَاكِمِ بِبِنَاءِ الْجَامِعِ فِي الرُّسْتَاقِ إِذْنٌ بِالْجُمُعَةِ اِتِّفَاقًا عَلٰى مَا قَالَهَا السَّرَخْسِيُّ، وَإِذُ اتَّصَلَ بِهِ الْحُكْمُ صَارَ مُجْمَعًا عَلَيْهِ (وتحته في الشامية) تَقَعُ فَرْضًا فِي الْقَصْبَاتِ وَالْقُرٰى الْكَبِيْرَةِ الَّتِيْ فِيْهَا أَسْوَاقٌ. قَالَ أَبُوالْقَاسِمِ: هٰذَا بِلاَ خِلَافٍ إِذَا أَذِنَ الْوَالِي أَوِ الْقَاضِي بِبِنَاءِ الْمَسْجِدِ الْجَامِعِ وَأَدَاءِ الْجُمُعَةِ، لِأَنَّ هٰذَا مُجْتَهَدٌ فِيْهِ، فَإِذَا اتَّصَلَ بِهِ الْحُكْمُ صَارَ مُجْمَعًا عَلَيْهِ ...... قَدْ عَلِمْتَ أَنَّ عِبَارَةَ الْقُهُسْتَانِي صَرِيْحَةٌ فِي أَنَّ مُجَرَّدَ الْأَمْرِ رَافِعٌ لِلْخِلَافِ بِنَاءً عَلٰى أَنَّ مُجَرَّدَ أَمْرِهِ حُكْمٌ. (شامي، كتاب الصلاة، باب الجمعة، کراچی ۲/ ۱۳۸، زکریا ۳/ ۶،۷)

حاکم کا گاؤں میں جامع مسجد تعمیر کرنے کی اجازت دینا بالاتفاق وہاں پر قیام جمعہ کی اجازت ہے، جس کو علامہ سرخسیؒ نے نقل فرمایا ہے۔ اور جب حاکم کا حکم اس پر لگ گیا ہے تو مسئلہ متفق علیہ ہوگیا ہے (اس کے تحت علامہ شامیؒ فرماتے ہیں) کہ قصبات اور ایسے قریۂ کبیرہ میں جمعہ پڑھنا فرض ہوجاتا ہے جس میں بازار بھی ہو۔ امام ابوالقاسمؒ فرماتے ہیں کہ یہ مسئلہ بلا اختلاف ہے، جب حاکم یا قاضی جامع مسجد تعمیر کرنے اور ادائے جمعہ کی اجازت دیدے؛ اس لئے کہ یہ مسئلہ مجتہد فیہ اور مختلف فیہ ہے، پھر جب حکم حاکم ایک رائے کے موافق ہوجائے تو وہی رائے متفق علیہ ہوگئی ...... یقیناً یہ بات معلوم ہوچکی ہے کہ قہستانی کی عبارت اس مسئلہ میں صریح اور واضح ہے کہ محض حکم حاکم اختلاف کو مرتفع کردیتا ہے، اس بنیاد پر کہ محض حکم حاکم بھی حکم شرعی ہے۔

ان تمام دلائل سے صاف طور پر واضح ہوچکا ہے کہ منی مکہ مکرمہ شہر کا ایک جزو ہے، اس کو قصر و اتمام کے مسئلہ میں موسم حج میں شہر سے الگ سمجھنا درست نہیں ہے، اسی طرح مزدلفہ بھی شہر مکہ کا جزو ہے؛ اس لئے کہ مزدلفہ کے اپنی جگہ مشعر ہونے کی حالت میں مکہ مکرمہ کے فناء ہونے میں تردد نہیں اور فناء بھی فنائے متصلہ کے حکم میں ہوگا؛ اس لئے کہ مزدلفہ کے

بورڈ اور عمارتوں کے درمیان میں کوئی کھیت اور باغ نہیں ہے۔ اور مستشفیٰ شاہ عبداللہ مزدلفہ کے بورڈ کے بالکل قریب بن چکا ہے، جو مکہ مکرمہ کا نیا اور بڑا ہسپتال ہے۔ اس کی وضاحت ہم نے مزدلفہ کے عنوان کے ذیل میں کردی ہے، نیز ۲۶/ جنوری ۲۰۱۴ء بروز اتوار کو تازہ مشاہدہ میں مزدلفہ کے بورڈ اور محلّہ عزیزیہ جنوبیہ کے طریقِ ثالث کی آخری رہائشی بڑی عمارت کے درمیان صرف ایک روڈ کا فاصلہ ہے، جس کی مقدار نصف غلوہ بھی مشکل سے ہے۔

منی مصالح بلد کے لئے بھی مستعمل ہے

آج کل کے زمانہ میں معتمرین کی کثرت کی وجہ سے حکومت سعودیہ کی طرف سے جمرات کے اردگرد بڑے میدانوں کو معتمرین کی بسوں اور گاڑیوں کی پارکنگ کے لئے استعمال کیا جاتا ہے اور ان میدانوں پر جگہ جگہ گاڑیوں کی پارکنگ کے بورڈ سرکار کی طرف سے لگے ہوئے ہیں، ایسی صورت میں جو حضرات منی کو مکہ مکرمہ شہر سے متصل تسلیم کرکے بلد واحد ماننے کے لئے تیار نہیں ہیں ان کے نزدیک منی کو فنائے شہر تسلیم نہ کرنے کی کوئی وجہ اور دلیل نہیں ہے؛ کیوں کہ فنائے شہر وہ جگہ ہوتی ہے جو جگہ سال بھر میں کسی بھی موقع پر شہر کے مصالح کے لئے استعمال ہوتی ہو، فناء ہونے کے لئے مسلسل استعمال ہونا لازم نہیں جیسا کہ فنائے شہر کے عنوان کے ذیل میں مفصل دلائل کے ساتھ واضح کیا جاچکا ہے۔ اور مکہ مکرمہ کی آبادی اور منی کے درمیان حاجیوں کی ضرورت کی وجہ سے تھوڑا سا جو فاصلہ رکھا گیا ہے وہ فاصلہ کھیت اور باغات کے فاصلہ کے حکم میں نہیں ہوسکتا؛ اس لئے منی کو اگر فنائے شہر تسلیم کرلیا جائے تو فنائے متصلہ ہوگا فنائے منفصلہ نہیں ہوگا؛ کیوں کہ اس خالی میدان کو بھی گاڑیوں کی پارکنگ کے کام میں استعمال کیا جاتا ہے، اس عنوان کو ان بزرگوں کے نظریہ کی وجہ سے پیش کیا گیا ہے جو منی کو فنائے شہر بھی تسلیم کرنے میں تردد فرماتے ہیں ورنہ منی تو مکہ مکرمہ شہر کا ایک حصہ ہے، نیز عزیزیہ کی آبادی اور منی کے درمیان پہاڑوں کو سرنگوں کے ذریعہ سے جوڑ دیا گیا ہے اور ان میں سے کوئی بھی ایک کلومیٹر کی نہیں ہے؛ حالاں کہ پرانی دلی اور جمنا پار کے درمیان ایک کلومیٹر سے زیادہ

فاصلہ ہونے کے باوجود اسے پلوں اور برجوں کے ذریعہ سے جوڑ دینے کی وجہ سے دلی کا حصہ تسلیم کیا جاتا ہے؛ لہٰذا منی کو بھی مکہ مکرمہ کا حصہ تسلیم کرنا بلاشبہ درست ہو جائے گا۔

منی ومزدلفہ میں قصر واتمام کا حکم فاصلہ کی علت کے ساتھ معلول ہے یا توقیفی؟

یہاں یہ مسئلہ بھی اس وقت اہمیت کا حامل ہے کہ خیر القرون کے زمانہ سے مکہ مکرمہ اور منی کے درمیان آٹھ نو کلو میٹر کے ویران علاقہ کا فاصلہ رہا ہے اور یہ صورت حال لگ بھگ چودھویں صدی ہجری تک رہی ہے اور فقہاء نے دونوں مقاموں کو دو الگ الگ شمار فرمایا ہے۔ سوال نامہ میں اس بات کی تحقیق طلب کی گئی ہے کہ حضرات فقہاء نے مکہ مکرمہ اور منی دونوں پر دو الگ الگ مستقل مقام ہونے کا جو حکم لگایا تھا وہ فاصلہ کی علت کے ساتھ معلول تھا یا اس کی وجہ منی کا مشعر ہونا تھا؟ اور کیا یہ حکم ایسا توقیفی ہے جس کو علت کے ساتھ معلول کر کے تبدیل نہیں کیا جاسکتا؟ اس بارے میں گزارش یہ ہے کہ قصر واتمام کے مسئلہ میں منی ومزدلفہ مشعر ہونے کی وجہ سے مکہ مکرمہ شہر کے حکم میں داخل نہیں ہوسکتا ہے، ایسی کوئی نص تلاش بسیار کے باوجود ہمیں دستیاب نہ ہوسکی؛ اس لئے اس حکم کے توقیفی ہونے کا دعوی کرنا ہمارے بس کی بات نہیں اور حضرت عائشہ صدیقہؓ کی روایت ''منی مناخ من سبق'' والی حدیث شریف قصر واتمام کے مسئلہ سے متعلق نہیں ہے اور اس سے اس بارے میں استدلال بے محل ہوگا؛ اس لئے یہی بات صحیح اور درست ہے کہ حضرات فقہاء نے منی اور مکہ مکرمہ کو جو دو الگ الگ مقام قرار دیا تھا وہ فاصلہ ہی کی علت کے ساتھ معلول تھا اور آج کے زمانہ میں آٹھ نو کلو میٹر کا غیر آباد علاقہ تسلسل آبادی کے ساتھ منی تک متصل ہوکر آباد ہو جانے کی وجہ سے فقہاء کے زمانہ کے فاصلہ کی علت ختم ہو چکی ہے؛ لہٰذا الگ الگ دو مقام ہونے کا جو حکم تھا وہ اپنی علت کے ساتھ ختم ہو چکا ہے اور جب علت ہی ختم ہو چکی ہے تو حکم معلول کو باقی رکھنا ممکن نہیں؛ لہٰذا فقہاء کے زمانہ میں فاصلہ کی علت کے ساتھ معلول ہوکر دونوں کا حکم الگ الگ تھا اور آج کے زمانہ میں فاصلہ کی علت ختم ہونے کی وجہ سے اتصال کی علت کے ساتھ معلول ہوکر دونوں کا

حکم ایک شہر کا ہوگیا ہے؛ اس لئے اب منی کو قصر واتمام کے مسئلہ میں مکہ مکرمہ شہر سے الگ جداگانہ مقام قرار دے کر قصر صلاۃ کا حکم لگانا درست نہیں ہوگا؛ بلکہ یہی حکم لگانا ضروری ہوگیا ہے کہ قصر واتمام کے مسئلہ میں دونوں مقام مل کر ایک ہی شہر بن چکے ہیں۔

نیز حضرات شیخینؒ نے خیر القرون کے زمانہ سے موسم حج میں منی کے اوپر باضابطہ شہر ہوجانے کا حکم لگایا ہے، جس کو تمام متأخرین نے بھی اختیار فرمایا ہے، تو منی میں اگرچہ موسم حج کے علاوہ ایام میں رہائشی آبادی نہیں رہتی ہے، مگر موسم حج میں منی کا باضابطہ شہر بن جانا مسلم ہے، تو موسم حج کے موقع پر شہر منی، عزیزیہ اور شیشہ کے درمیان کسی طرح کا فاصلہ باقی نہیں رہتا ہے؛ کیوں کہ جمرۂ عقبہ کے بعد عمارتوں تک کے درمیان میں جو خالی میدان ہے وہ حاجیوں کے ہجوم سے مسلسل بھرا رہتا ہے۔ اور منی اور عزیزیہ کے درمیان جو سرنگ ہے وہ بھی لوگوں کی آمد ورفت سے فل رہتی ہے اور دونوں شاہی محلّات کے درمیان شارع عبد العزیز پر لوگوں کے ہجوم کی وجہ سے چلنا پھرنا مشکل ہوجاتا ہے اور یہ سلسلہ دن رات مسلسل رہتا ہے، نیز اگر بالفرض تھوڑی دیر کے لئے منی کو مکہ مکرمہ شہر سے الگ سمجھ بھی لیا جائے اس کے باوجود موسم حج میں منی مستقل شہر ہونے کی وجہ سے مکہ مکرمہ سے شدت کے ساتھ متصل ہوکر ایک ہی شہر بن جاتا ہے۔

مسئلہ زیر بحث صرف موسم حج میں حاجیوں کی نمازوں کے قصر واتمام سے متعلق ہے اور موسم حج میں شدت اتصال مسلم ہے، جب موسم حج میں فاصلہ کے زمانہ میں بھی منی کو شہر تسلیم کرکے جمعہ کو جائز قرار دیا گیا ہے، تو اتصال کے زمانہ میں مکہ مکرمہ سے متصل شہر تسلیم کرکے نمازوں کے اتمام کا حکم لگانا بطریق اولیٰ جائز اور درست ہوجائے گا۔

حدود حرم سے باہر کا حصہ بھی مکہ میں داخل

جو لوگ منی ومزدلفہ کے مشعر ہونے کی وجہ سے مکہ مکرمہ شہر کا حصہ تسلیم کرکے ایک ہی شہر ماننے میں مشعر کی استقلالی حیثیت کے ختم ہوجانے کا خطرہ ظاہر کرتے ہیں ان حضرات سے گزارش ہے کہ سب سے بڑا اور اہم ترین مشعر حدود حرم کے دائرہ کے اندر کا حصہ ہے، کیا منی ومزدلفہ حدود حرم کے

دائرہ میں داخل نہیں ہیں؟ کیوں کہ الگ مشعر ہوتے ہوئے حدود حرم کے دائرہ میں شامل ہونے کی وجہ سے ان مقامات کے مشعر ہونے کی استقلالیت ختم نہیں ہوئی وہ اپنی جگہ بحالہ باقی ہے۔

اب قابل توجہ بات یہ ہے کہ طریقِ مدینہ کی طرف سے حدود حرم کی آخری حد مقامِ تنعیم پر ختم ہوتی ہے اور حدود حرم کے نشانات کے باہر مسجد عائشہ واقع ہے جس میں حجاج کرام عمرہ کا احرام باندھنے کے لئے جاتے ہیں اور مکہ مکرمہ شہر کی آبادی تسلسل کے ساتھ حدود حرم کے ان نشانات کے باہر کئی کلومیٹر آگے ''الحی الدوائر'' تک پہنچ چکی ہے اور اسی باہر کے حصہ میں مکہ مکرمہ کا سب سے مہنگا ہسپتال ''مستشفیٰ الحراء'' بھی ہے، موسم حج میں ایمرجنسی طور پر بیمار حاجیوں کو اس ہسپتال میں بھی داخل کیا جاتا ہے اور درمیان میں حدود حرم کے اندر اور باہر اسی جانب سے آبادی کا زبردست اتصال ہے، کسی طرح کا فاصلہ نہیں ہے، جس کو دیکھنے والوں نے خوب اچھی طرح دیکھا ہوگا، تو کیا اس آبادی میں حاجیوں کے قیام کی وجہ سے قصر واتمام کے مسئلہ میں کوئی فرق آ سکتا ہے؟ یہاں قیام کرنا اور حرم شریف کے قریب قیام کرنا ایک ہی شہر کا قیام ساری دنیا تسلیم کرنے پر مجبور ہے تو کیا اس کی وجہ سے حدود حرم کی استقلالیت میں کوئی فرق آ سکتا ہے؟ اس لئے مشعر کی بات پیش کر کے قصر واتمام کے مسئلہ پر بحث کرنا بے محل ہے؛ بلکہ قصر واتمام کا مدار علت سفر پر ہے یا ایسی دو الگ الگ مستقل آبادی پر ہے، جن دونوں آبادیوں کا ایک دوسرے سے کوئی تعلق نہ ہو اور شہر مکہ اور منیٰ ومزدلفہ کے درمیان ایسا نہیں ہے۔

فقہاء کے زمانہ میں حکم شرعی انفصال کی علت کے ساتھ معلول تھا اور لمبے فاصلہ کی وجہ سے دونوں مقام الگ الگ جداگانہ شمار ہوتے رہے اس کے برخلاف آج کے زمانہ میں فاصلہ کی علت ختم ہو چکی ہے؛ لہٰذا حکم شرعی اتصال کی علت کے ساتھ معلول ہو کر بدل چکا ہے۔ اور قصر واتمام کے مسئلہ میں دونوں جگہیں مقام واحد کے حکم میں ہو چکی ہیں جیسا کہ حضرات فقہاء نے اس کی صراحت کر دی ہے۔ علامہ شامی نے اس کو رسائل ابن عابدین میں ان الفاظ کے ساتھ نقل فرمایا ہے، ملاحظہ فرمائیے:

فَكَثِيْرٌ مِنَ الْأَحْكَامِ تَخْتَلِفُ بِاخْتِلَافِ الزَّمَانِ لِتَغَيُّرِ عُرْفِ أَهْلِهِ أَوْ لِحُدُوْثِ ضَرُوْرَةٍ -إلى- وَلِهٰذَا تَرَى مَشَايِخُ الْمَذْهَبِ خَالَفُوا مَا نَصَّ عَلَيْهِ الْمُجْتَهِدُ فِيْ مَوَاضِعَ كَثِيْرَةٍ بَنَاهَا عَلٰى مَا كَانَ فِيْ زَمَنِهٖ بِعِلْمِهِمْ بِأَنَّهٗ لَوْ كَانَ فِيْ زَمَنِهِمْ لَقَالَ بِمَا قَالُوْا بِهٖ آخِذًا مِنْ قَوَاعِدِ مَذْهَبِهٖ. (رسائل ابن عابدين لاهور، نشر العرف في بناء بعض الأحكام على العرف، ثاقب بكڈپو ديوبند ۲/ ۱۲۵ ومثله في رسم المفتي زكريا/۱۷۸، بيان العادة والعرف، دارالكتاب ديو بند/ ۱۵۵)

اختلاف زمانہ کی وجہ سے بہت سے احکام بدل جاتے ہیں اس زمانہ کے لوگوں کے عرف کے بدلنے کی وجہ سے یا ضرورت کے پیدا ہوجانے کی وجہ سے اوراسی وجہ سے مسلک کے مشائخ کو تم دیکھتے ہو کہ بہت سے مواقع میں جس کے اوپر مجتہدوقت نے صراحت کردی ہے ان کی مخالفت کرتے ہیں، اس کی بنیاد ان باتوں پر ہوتی ہے جو ان کے زمانہ میں تھی، ان کو یہ بات معلوم ہونے کی وجہ سے کہ اگر یہ بات ان کے زمانہ میں پیش آگئی ہوتی تو یقیناً مجتہد وہی بات کہتے جو بعد میں مشائخ نے کہا ہے، ان کے مسلک کے اصول کو اختیار کرتے ہوئے۔

ایک شبہ کا ازالہ اور باغات کا حکم

جو لوگ قصر و اتمام کے مسئلہ میں منی ومزدلفہ کو شہر مکہ مکرمہ سے بالکل جداگانہ طور پر الگ مستقل مقام تسلیم کرتے ہیں، ان کی طرف سے ایک دلیل یہ بھی پیش کی جاتی ہے کہ شہر سے متصل جو باغات ہوتے ہیں ان باغات میں اگر چہ نگرانی کرنے والے کی رہائش سال بھر بھی رہتی ہو تب بھی وہ باغات نہ شہر کا حصہ ہوتے ہیں اور نہ ہی فنائے شہر۔ اور شامی کے حسب ذیل جزئیہ کو استدلال کے طور پر پیش کرتے ہیں:

بِخِلَافِ الْبَسَاتِيْنِ وَلَوْ مُتَّصِلَةً بِالْبِنَاءِ؛ لِأَنَّهَا لَيْسَ مِنَ الْبَلْدَةِ

بخلاف باغات کے اگر چہ وہ باغات شہر کی عمارتوں سے متصل کیوں نہ ہوں؛ اس لئے کہ

وَلَوْ سَكَنَهَا أَهْلُ الْبَلْدَةِ فِيْ جَمِيْعِ السَّنَةِ أَوْ بَعْضِهَا وَلا يُعْتَبَرُ سَكَنُ الْحَفَظَةِ وَالأَكَرَةِ اِتِّفَاقًا. (شامي، كتاب الصلاة، باب صلاة المسافر، كراچی ۲/ ۱۲۱، زكريا ۲/ ۵۹۹)

باغات شہر کا حصہ نہیں ہو سکتے اگر چہ شہر کے لوگ اس میں پورے سال یا بعض سال رہتے ہوں اور باغات کی نگرانی کرنے اور کاشت کاروں کی رہائش کا بالاتفاق اعتبار نہیں ہے۔

اب اس عبارت پر غور کرنے کی ضرورت ہے کہ بساتین باغات ہونے کی حالت میں کبھی بھی شہر کا جزو نہیں بن سکتے اور نہ ہی کبھی فنائے شہر بن سکتے ہیں؛ بلکہ باغات، مزارع اور کھیتوں کا حکم بالکل یکساں ہے کہ جس طرح مزارع اور کھیت اگر چہ اس میں کام کرنے والے حفاظتی ملازمین اور کاشت کار رہتے ہوں پھر بھی شہر کے جزو نہیں بنتے ہیں اور نہ ہی فنائے شہر بن سکتے ہیں، اسی طرح باغات کا حکم بھی مزارع کی طرح ہے، تو منی اور مزدلفہ کو باغات اور مزارع کے مشابہ قرار دینا عجیب حیرت کی بات ہے۔ یہاں زیر بحث مسئلہ شہر کا جزو یا فنائے شہر ہونے سے متعلق ہے اور باغات اور مزارع کسی کے نزدیک بھی نہ فنائے شہر میں شامل ہوتے ہیں اور نہ ہی شہر کا جزو بنتے ہیں اور منی و مزدلفہ میں نہ باغات ہیں اور نہ ہی کھیتی ہوتی ہے، نیز ان دونوں مقامات کے کوئی مالک نہیں ہوتے ہیں اور باغات و مزارع کے مالک ہوتے ہیں اور باغات و مزارع میں یا تو صرف مالک کی رہائش ہوتی ہے، یا اس کے ملازمین اور کاشت کار کی رہائش ہوسکتی ہے اور منی مزدلفہ میں مالک یا ملازمین کی رہائش کا مسئلہ نہیں ہے؛ بلکہ مشعر ہونے کی حیثیت سے شریعت کے دائرہ میں رفاہِ عام کی جگہ ہے اور ہر شہر کے ایسے مقامات جو رفاہ عام کے لئے محفوظ رکھے جاتے ہیں وہ شہر کا جزو ہوا کرتے ہیں اور منی میں موسم حج میں باتفاق شیخین و متاخرین جمعہ جائز ہوتا ہے اور باغات کے اندر کسی بھی حالت میں بھی جمعہ جائز نہیں ہوتا؛ اس لئے یہ قیاس بامحل نہیں ہے۔

شہر کی آبادی سے نکلتے ہی قصر کا حکم کس طرح کے لوگوں کے لئے ہے؟

یہ مسئلہ بھی قابل توجہ ہے کہ حضرات فقہاء نے ایک مسئلہ یہ بھی لکھا ہے کہ مسافر جب

آبادی سے باہر نکلے تو نمازوں کا قصر کرنا اس پر لازم ہو جاتا ہے، چاہے فنائے شہر سے تجاوز نہ کیا ہو، اسی بات کو لے کر بعض بزرگوں نے لکھا ہے کہ مکہ مکرمہ کی عمارتی آبادی سے تجاوز کرتے ہی حاجیوں پر قصر کرنا لازم ہو جائے گا؛ لہٰذا اگر منی کو فنائے شہر تسلیم کرلیا جائے تو فنائے شہر میں اتمام جائز نہیں ہے؛ بلکہ قصر کرنا لازم ہو جاتا ہے اور فنائے شہر میں جمعہ اور قصر واتمام کے مسئلہ میں فرق ہے؛ کیوں کہ فنائے شہر میں جمعہ جائز ہوتا ہے اور مسافر کے لئے فنائے شہر میں اتمام جائز نہیں؛ لہٰذا منی ومزدلفہ کو فنائے شہر تسلیم کرنے کے باوجود مکہ مکرمہ کی آبادی سے اس میں نکلنے پر قصر لازم ہو جائے گا۔ یہ بات مسلم ہے کہ فنائے مصر میں جمعہ جائز ہوتا ہے، خروج کرنے والے مسافر کے لئے اتمام جائز نہیں ہے؛ بلکہ قصر لازم ہوتا ہے، اس طرح کی بات ہمارے بعض بزرگوں کی طرف سے پیش کی جاتی ہے تو اس بارے میں توجہ سے غور کرنے کی ضرورت ہے کہ حضرات فقہاء نے کس قسم کے لوگوں کے لئے آبادی سے خروج پر قصر کا حکم لگایا ہے؟ اور فنائے شہر میں کس قسم کے لوگوں پر قصر کرنا لازم ہوتا ہے؟

یاد رکھیں کہ یہ حکم حضرات فقہاء نے اس مسافر کے بارے میں لکھا ہے کہ جو مسافر مسافت سفر طے کرنے کے ارادے سے شہر کی آبادی سے باہر نکل رہا ہو اس کے لئے حکم شرعی یہی ہے کہ اس کے شہر کی آبادی اور شہر کے اطراف واکناف کے ہر طرح کی عمارتوں اور فنائے متصلہ سے باہر نکلتے ہی اس کے اوپر قصر کا حکم لگ جاتا ہے اور اس کے بعد آگے ایسا فنائے شہر جو شہر سے منفصل ہو تو ایسے فنائے منفصلہ میں جاکر ایسے مسافر کے لئے اتمام کرنا جائز نہیں ہے؛ اس لئے کہ اس کا ارادہ یہاں سے مسافت سفر طے کرنے کا ہے، اس کے برخلاف جو آدمی مسافت سفر طے کرنے کے ارادہ سے شہر سے نہیں نکلتا ہے بلکہ فنائے شہر میں جانے کے ارادے سے نکلتا ہے، تو ایسے آدمی کے لئے فنائے منفصلہ میں قصر کرنا جائز نہیں ہے، اس کے اوپر اتمام لازم ہو جاتا ہے۔

مسئلہ زیر بحث میں اگر منی کو تھوڑی دیر کے لئے فنائے منفصلہ تسلیم بھی کرلیا جائے تو حجاج کرام مکہ مکرمہ کی عمارتوں سے باہر جب خروج کرتے ہیں تو ان کا ارادہ صرف منی تک جانے کا ہوتا ہے اور اس کے آگے دوسرے یوم دن دن میں عرفات تک جانے کا ہوتا ہے، اس سے آگے نہیں، پھر عرفات سے واپس لوٹ کر آنے کا ارادہ ہوتا ہے؛ لہٰذا منی کو فنائے شہر تسلیم کرنے کی صورت میں

حجاج کرام کا شہر سے فنائے شہر میں جانا ثابت ہوا ہے نہ کہ شہر سے مسافت سفر کے ارادہ سے نکلنا اور شہر سے نکل کر فنائے منفصلہ میں جا کر قصر کرنا جائز نہیں ہے؛ بلکہ اتمام کرنا لازم ہو جاتا ہے۔

اسی طرح وہ مسافر جو مسافت سفر طے کر کے کسی شہر میں اقامت کا ارادہ کرتا ہے، تو اس کا حکم بھی قصر واتمام کے مسئلہ میں اس شہر کے باشندوں کے حکم میں ہو جاتا ہے، تو جس طرح اس شہر کے باشندوں کے لئے فنائے شہر میں رات گذارنے کی وجہ سے قصر کرنا جائز نہیں ہے اسی طرح اقامت کا ارادہ کرنے والے مسافر کے لئے بھی اس شہر کے فناء میں رات گذارنے میں قصر کرنا جائز نہیں ہوگا؛ بلکہ اتمام ہی لازم ہوگا۔ ملاحظہ فرمائیے ہندیہ کی عبارت:

وَلَا بُدَّ لِلْمُسَافِرِ مِنْ قَصْدِ مَسَافَةٍ مُقَدَّرَةٍ بِثَلَاثَةِ أَيَّامٍ حَتّٰى يَتَرَخَّصَ بِرُخْصَةِ الْمُسَافِرِيْنَ وَإِلَّا لَا يَتَرَخَّصُ أَبَدًا. (هندية، الباب الخامس عشر في صلاة المسافر، زكريا ١/ ١٣٩، جديد ١/ ١٩٩)

مسافر کے لئے ایسی مسافت کا قصد کرنا لازم ہے جو تین دن کی مسافت کے ساتھ مقدر ہے، تاکہ اس کو مسافروں کی طرح قصر کی رخصت مل جائے ورنہ اسے کبھی بھی قصر کی رخصت نہیں ملے گی۔

اس حکم کو علامہ شامیؒ نے ان الفاظ میں نقل کیا ہے:

فَإِنَّ مَنْ نَوَى الْإِقَامَةَ بِمَوْضِعٍ نِصْفَ شَهْرٍ ثُمَّ خَرَجَ مِنْهُ لَا يُرِيْدُ السَّفَرَ ثُمَّ عَادَ مُرِيْدًا سَفَرًا وَمَرَّ بِذٰلِكَ أَتَمَّ مَعَ أَنَّهُ أَنْشَأَ سَفَرًا بَعْدَ اتِّخَاذِ هٰذَا الْمَوْضِعِ دَارَ إِقَامَةٍ، فَثَبَتَ أَنَّ اِنْشَاءَ السَّفَرِ لَا يُبْطِلُ وَطَنَ الْإِقَامَةِ، إِلَّا إِذَا أَنْشَأَ السَّفَرَ مِنْهُ. (شامي، كتاب الصلاة، باب المسافر كراچی ٢/ ١٣٣، زكريا ٢/ ٦١٦)

پس بے شک جو شخص کسی جگہ بھی نصف مہینہ اقامت کی نیت کرے پھر وہاں سے سفر شرعی کے ارادہ کے بغیر نکلتا ہے، پھر سفر کے ارادہ سے لوٹتا ہے اور اس مقام اقامت پر سے گذرتا ہے، تو وہ نمازوں کا اتمام کرے گا باوجود اس کے کہ اس شخص نے اسی مقام کو دارِ اقامت بنانے کے بعد سفر شروع کیا ہے، لہٰذا یہ ثابت ہوا کہ محض انشاء سفر وطن اقامت کو باطل نہیں کرتا ہے مگر یہ کہ وطن اقامت سے سفر شرعی کے ارادہ سے سفر کی ابتدا کرتا ہو تب وطن اقامت کو باطل کرتا ہے۔

مذکورہ عبارات سے یہ بات صاف واضح ہوگئی ہے کہ مکہ مکرمہ کی آبادی سے منی کی طرف کوچ کرنے کی وجہ سے نمازوں کا قصر کرنا جائز نہیں ہوگا؛ بلکہ نمازوں کا اتمام اس کے اوپر لازم ہو جائے گا۔

منی میں جمعہ کیوں جائز ہے؟

موسم حج میں امام ابوحنیفہؒ اور امام ابو یوسفؒ اور بعد کے تمام فقہاء کے نزدیک منی میں جمعہ جائز بلکہ لازم ہوجاتا ہے؛ اس لئے کہ موسم حج میں منی تمام شہروں کی طرح باقاعدہ ایک شہر بن جاتا ہے اس کی وجہ اور دلیل یہ ہے کہ حج میں منی میں حکام، سرکاری عملہ، ہسپتال، فوج کے خیمہ وغیرہ سب موجود ہوتے ہیں، نیز باقاعدہ شہر کی گلی کوچوں کی طرح منی میں گلی کوچے بھی ہوتے ہیں اور دکانیں بھی لگ جاتی ہیں، حجاج کرام کم وبیش اپنی ضروریات کی چیزیں منی سے حاصل کرتے ہیں یہی شہر کی تعریف ہے؛ اس لئے منی میں بلا شبہ جمعہ جائز ہے، اس کے دلائل ملاحظہ فرمائیے: بنایہ شرح ہدایہ میں اس کو ان الفاظ کے ساتھ نقل کیا گیا ہے:

وَلَهُمَا أَيْ لِأَبِي حَنِيْفَةَ، وَأَبِي يُوْسُفَ لِأَنَّهَا أَيْ لِأَنَّ مِنٰى تَتَمَصَّرُ أَيْ تَصِيْرُ مِصْرًا فِي أَيَّامِ الْمَوْسِمِ لِمَا يَكُوْنُ فِيهَا أَسْوَاقٌ وَفِيهَا سُلْطَانٌ أَوْ نَائِبُهُ، وَقَاضِي فِي أَيَّامِ الْمَوْسِمِ فَتَصِيْرُ كَسَائِرِ الْأَمْصَارِ. (البناية، كتاب الصلاة، باب صلاة المسافر، نعيميه ديو بند ٣/ ٤٨)

حضرت امام ابو حنیفہؒ اور ابو یوسفؒ کے نزدیک منی میں جمعہ جائز ہونے کی علت یہ ہے کہ بے شک منی موسم حج میں باقاعدہ شہر بن جاتا ہے؛ اس لئے کہ اس میں بازار کی طرح دکانیں بھی ہوتی ہیں اور اس میں حاکم یا اس کے قائم مقام نائب ہوتا ہے اور موسم حج کا قاضی بھی ہوتا ہے؛ لہٰذا وہ ایسا شہر بن جاتا ہے جیسا کہ دیگر تمام شہر ہوتے ہیں۔

اس کو "البحر الرائق" میں ان الفاظ کے ساتھ نقل کیا گیا ہے:

وَالصَّحِيْحُ أَنَّهُ مبني عَلٰى أَنَّهَا تَتَمَصَّرُ فِي أَيَّامِ الْمَوْسِمِ

اور صحیح یہی ہے کہ منی بے شک موسم حج میں حضرات شیخینؒ کے نزدیک شہر بن جاتا ہے؛ اس لئے کہ منی میں

عِنْدَهُمَا؛ لِأَنَّ لَهَا بِنَاءٌ، وَتُنْقَلُ إِلَيْهَا الأَسْوَاقُ وَيَحْضُرُهَا وَالٍ وَقَاضٍ بِخِلافِ عَرَفَاتٍ؛ لِأَنَّهَا مَفَازَةٌ فَلا تَتَمَصَّرُ بِاجْتِمَاعِ النَّاسِ وَحَضْرَةِ السُّلْطَانِ.

(البحر الرائق، باب صلاة الجمعة، كوئٹه ۲/ ۱٤۲، زكريا ۲/ ۲٤۹)

موسم حج میں دن ورات کی رہائشی عمارتیں اور جھوپڑے ہوتے ہیں اور بازار منتقل ہوجاتا ہے اوراس میں حاکم اور قاضی موجود ہوتے ہیں، برخلاف عرفات کے اس لئے کہ عرفات صحراء ہے (دن ورات کے رہائشی جھوپڑے اورعمارتیں نہیں ہیں) لہٰذاعرفات لوگوں کے جمع ہونے اور حاکم کی حاضری کی وجہ سے شہر نہیں بنے گا۔

اس کو صاحب درمختار نے ان الفاظ کے ساتھ نقل کیا ہے:

وَجَازَتِ الْجُمُعَةُ بِمِنٰى فِي الْمَوْسِمِ فَقَطْ لِوُجُوْدِ الْخَلِيْفَةِ أَوْ أَمِيْرِ الْحِجَازِ أَوْ الْعِرَاقِ أَوْ مَكَّةَ وَوُجُوْدِ الأَسْوَاقِ وَالسِّكَكِ، وَكَذَا كُلُّ أَبْنِيَةٍ نَزَلَ بِهَا الْخَلِيْفَةُ وَعَدَمُ التَّعْيِيْدِ بِمِنٰى لِلتَّخْفِيْفِ لا تَجُوْزُ لِأَمِيْرِ الْمَوْسِمِ لِقُصُوْرِ وَلايَتِهِ عَلٰى أُمُوْرِ الْحَجِّ حَتّٰى لَوْ أُذِنَ لَه جَازَ.

(الدر مع الرد، باب الجمعة، كراچی ۲/ ۱٤٤، زكريا ۳/ ۱٤، ۱۵)

صرف موسم حج میں منیٰ میں جمعہ جائز ہے خلیفۂ حجاز، عراق یا مکہ کے امیر کے موجود ہونے کی وجہ سے اور بازاروں اور دکانوں کے موجود ہونے کی وجہ سے اوراس میں گلی کوچے ہونے کی وجہ سے ایساہی ہراس آبادی کا حکم ہوتا ہے جس میں حاکم کا عارضی قیام ہوتا ہے اور منیٰ میں عید کی نماز حاجیوں کی تخفیف کی غرض سے نہیں ہوتی ہے اور موسم کے امیر کے لئے جائز نہیں ہے، حاجیوں کے امور پر ولایت تامہ کی کمی کی وجہ سے یہاں تک کہ اگر امیر موسم کو حاکم کی طرف سے اجازت ہوجائے تو اس کے لئے جمعہ قائم کرنا جائز ہے۔

اس کو صاحب بدائع نے ان الفاظ کے ساتھ نقل فرمایا ہے:

وَهُمَا يَقُوْلانِ: إِنَّهَا تَتَمَصَّرُ فِي أَيَّامِ الْمَوْسِمِ؛ لِأَنَّ لَهَا بِنَاء وَيُنْقَلُ إِلَيْهَا الأَسْوَاقُ وَيَحْضُرُهَا وَالٍ يُقِيْمُ الْحُدُوْدَ وَيَنْفُذُ

اور حضرات شیخینؒ فرماتے ہیں کہ بے شک منیٰ موسم حج میں شہر بن جاتا ہے؛ اس لئے کہ منیٰ میں رہائشی جھوپڑے اور مکانات ہیں اور بازار منتقل ہوجاتا ہے اور ایسا حاکم موجود ہوتا ہے جو حدود

الأحکام فالتحق بسائر الأمصار. (بدائع، کتاب الصلاۃ، فصل في شرائط الجمعۃ، زکریا ۱/ ۵۸٦)

قائم کرسکتا ہے اور احکام نافذ کرسکتا ہے: لہٰذا موسم حج میں منی تمام شہروں کی طرح ایک شہر کی حیثیت اختیار کرلیتا ہے۔

یاد رکھیں کہ منی میں قدیم زمانہ سے گاؤں کی شکل میں عرب بدؤوں کے مکانات تھے، اب حاجیوں کی ضرورت کی عمارتیں اور خیمے ہیں۔

موسم حج میں شہر منی اور شہر مکہ قطعی طور پر ایک ہوجاتے ہیں

خیر القرون، ائمۂ مجتہدین اور فقہاء کے زمانہ میں منی مکہ مکرمہ کی پرانی آبادی کی حدود سے تقریباً نو کلومیٹر کے فاصلہ پر واقع تھا اور درمیان کا علاقہ بے آباد و یران تھا؛ اس لئے جمہور فقہاء نے منی کو مکہ مکرمہ کی پرانی آبادی سے الگ مقام تسلیم کیا ہے۔ اور فقہ کی کتابوں میں دو فرسخ کے فاصلہ کی عبارت وارد ہوئی ہے اور ایک فرسخ میں تین میل شرعی ہوتے ہیں اور دو فرسخ میں چھ میل شرعی ہوتے ہیں: لہٰذا فقہاء کے زمانہ میں منی مکہ مکرمہ کی پرانی آبادی سے چھ میل شرعی تقریباً نو کلومیٹر ویران علاقہ کے بعد واقع تھا؛ اس لئے اس زمانہ میں دونوں مقامات کے درمیان اتصال کا تصور بھی نہیں تھا۔ اور دو فرسخ کے فاصلہ کی عبارت ”فتح القدیر، دارالفکر بیروتی ۲/ ۵۲، زکریا ۲/ ۵۲، کوئٹہ ۲/ ۲٦، تبیین الحقائق، زکریا ۱/ ۵۲٦، امدادیہ ملتان ۱/ ۲۱۸، البحر العمیق، المکتبۃ المکیہ بیروت ۳/ ۱۴۹۲“ وغیرہ میں موجود ہے۔

دونوں الگ الگ مقام ہونے کے باوجود حضرت امام ابوحنیفہؒ اور حضرت امام ابویوسفؒ کے نزدیک موسم حج میں منی مستقل شہر کے حکم میں ہوجاتا ہے۔ اور بعد کے تمام فقہاء نے حضرات شیخینؒ کے قول پر اتفاق کرکے منی کو موسم حج میں شہر تسلیم کیا ہے اور شہر تسلیم کرکے اس میں جمعہ کو جائز قرار دیا ہے اور اس کو متأخرین فقہاء نے زیادہ صحیح اور راجح قرار دیا ہے، پھر موسم حج کے ختم ہوجانے کے بعد منی کو گاؤں اور دیہات کے حکم میں قرار دیا ہے، اس کی علت فقہاء نے یہ بتائی ہے کہ وقتی طور پر شہر ہوجانے کے بعد جواز جمعہ وغیرہ کے لئے

بقائے شہر مشروط نہیں ہے؛ بلکہ جس زمانہ میں شہر بن جائے اس زمانہ میں جمعہ جائز ہو جاتا ہے اور شہریت ختم ہو جانے کے بعد جمعہ ناجائز ہو جاتا ہے۔

اب اس وضاحت کے بعد آج کے زمانہ میں تمام دنیا کو یہ بات معلوم ہے کہ منی اور مکہ مکرمہ کی پرانی آبادی کے درمیان لگ بھگ نو کلومیٹر کا بے آباد علاقہ جو ویران تھا اب وہ ویران نہیں رہا ہے؛ بلکہ وہ سارا علاقہ آباد ہو کر پورا شہر بن چکا ہے، اس بات کا آج کوئی انکار نہیں کرسکتا کہ جنت المعلّٰی کے بعد معابدہ کا علاقہ ہے جس میں وادی محصّب بھی ہے، پھر وہاں سے تسلسل کے ساتھ شیشہ کا علاقہ ہے اور شیشہ سے متصل عزیزیہ کی آبادی منی کی لمبائی سے تجاوز کر کے مزدلفہ سے بھی آگے چلی گئی ہے اور ان تمام علاقوں کی عمارتوں میں دنیا بھر کے حجاج کرام کا قیام بھی ہوتا ہے، تو اگر کسی کو مکہ کی موجودہ نئی آبادی منی سے متصل ہونے میں اشکال ہے تو کیا موسم حج میں بھی یہ اشکال باقی رہتا ہے؟ جب کہ مکہ کی موجودہ نئی آبادی کے درمیان موسم حج میں آبادی کے اعتبار سے زبردست اتصال ہو جاتا ہے اور ہجوم کا حال یہ ہوتا ہے کہ چلنا پھرنا بھی مشکل ہو جاتا ہے، منی سے حرم شریف آنے میں اور حرم شریف سے منی پہنچنے میں تین تین چار چار گھنٹے لگ جاتے ہیں، اب دونوں کو الگ الگ بھی مان لیا جائے تو موسم حج میں تو شدید اتصال ہے؛ لہٰذا موسم حج میں دونوں کا مل کر ایک ہی شہر ہو جانا مسلم ہے؛ کیوں کہ شیخینؒ اور بعد کے تمام فقہاء کے نزدیک موسم حج میں منی باقاعدہ شہر بن جاتا ہے، تو منی کو مکہ شہر کا جزو تسلیم کئے بغیر بھی موسم حج میں اتصال شدید کی وجہ سے بلدِ واحد تسلیم کرنا ہر اہل علم کے لئے واضح اور عیاں ہے؛ اس لئے آج کے زمانہ میں خاص طور پر موسم حج میں دونوں کو الگ الگ تسلیم کرنا درست نہیں ہوگا؛ بلکہ دونوں کو ملا کر ایک ہی شہر تسلیم کرنا لازم ہوگا۔

ایسی صورت میں اگر حجاج کرام مکہ اور منی دونوں جگہوں کو ملا کر پندرہ دن یا اس سے زائد قیام کرتے ہیں جن میں سے تین چار راتیں منی میں اور بقیہ عزیزیہ میں یا حرم کے آس پاس گذارتے ہیں، تو الگ الگ دو مقام قرار دے کر قصر کا حکم لگانا ہرگز درست نہیں ہوسکتا؛ بلکہ ایسے حجاج کرام جو مکہ میں پندرہ دن یا اس سے زائد قیام کا ارادہ رکھتے ہیں، ان کے اوپر نمازوں کا اتمام کرنا لازم ہوگا۔

ہم نے یہ تفصیل اہل علم کے سامنے اس لئے پیش کی ہے کہ جو لوگ مکہ مکرمہ کی نئی آبادی کے پھیلاؤ سے منی کو خارج کر کے الگ جگہ تسلیم کرنے کی کوشش کرتے ہیں، ان اہل علم کو موسم حج میں منی اور مکہ دونوں کے حالات پر غور کرنا انتہائی ضروری ہے، ہر اہل علم کو مسئلۂ شرعی کے بارے میں دلائل اور موجودہ حالات کے اعتبار سے غور کرنا انتہائی ضروری ہے، اگر اپنی رائے اور نظریہ کے خلاف دلائل اور موجودہ حالات شہادت دیدیں تو اس کو مان لینا چاہئے۔ موسم حج میں منی کے شہر بن جانے سے متعلق جزئیات اس سے پہلے والی سرخی (منی میں جمعہ کیوں جائز ہے؟) کے تحت میں ملاحظہ فرمایئے۔

ایضاح المناسک میں لکھے ہوئے مسئلہ سے رجوع

احقر نے خود اپنی کتاب ''ایضاح المناسک ص: ۱۶۷'' میں منی کو مکہ مکرمہ سے الگ شمار کر کے وہی مسئلہ لکھا تھا جو فقہاء کے زمانہ سے چلا آرہا تھا اور بعد میں مکہ کی نئی آبادی جو منی مزدلفہ تک پہنچ گئی ہے اور ہر طرف کی آبادی کا مشاہدہ کرنے کے بعد احقر نے اپنے پہلے مسئلہ سے رجوع کرلیا ہے؛ اس لئے کہ مسئلہ شرعی ہمارے گھر کی میراث نہیں ہے، پہلے جو مسئلہ لکھا گیا ہے وہ واقعہ کے مطابق صحیح تھا اور بعد میں ہمارا لکھا ہوا مسئلہ موجودہ حالات کے اعتبار سے غلط ثابت ہوا ہے؛ لہٰذا ہمیں رجوع کرنے میں کوئی اشکال نہیں رہا۔ اور الحمد للہ ہم نے اب اس مسئلہ سے رجوع کرلیا ہے۔

اس پوری تفصیل سے واضح ہو چکا ہے کہ موجودہ زمانہ میں موسم حج کے موقع پر منی کو شیشہ اور عزیزیہ کی آبادی سے متصل مان کر ایک ہی شہر قرار دینے میں کوئی اشکال نہیں ہونا چاہئے، کیوں کہ موسم حج میں منی کو حضرات شیخینؒ اور بعد کے تمام فقہاء نے باقاعدہ شہر قرار دیا ہے۔

حدیث ''منی مناخ من سبق'' کا مطلب اور حدودِ حرم کی سرزمین کا حکم

سوال ۱۳۱: میں حدیث کے الفاظ ''منی مناخ من سبق'' کا منشاء اور اس کا مطلب کیا

ہے؟ پوچھا گیا ہے، ہم اولاً پوری حدیث شریف نقل کردیتے ہیں اس کے بعد اس کا مطلب واضح کرتے ہیں۔ حدیث شریف ملاحظہ فرمائیے:

عَنْ عَائِشَةَؓ قَالَتْ: قُلْنَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ أَلَا نَبْنِي لَکَ بِنَاءً يُظِلُّکَ بِمِنٰى؟ قَالَ: لَا، مِنٰى مُنَاخُ مَنْ سَبَقَ.

(ترمذي، أبواب الحج، باب ماجاء ان منى مناخ من سبق، النسخة الهندية ١/ ١٧٧، دارالسلام، رقم: ٨٨١، ابن ماجه، أبواب المناسك، باب النزول بمنى، النسخة الهندية ٢١٦، دارالسلام، رقم: ٣٠٠٦، مستدرك جديد، مكتبه مصطفى بيروت الباز ٢/ ٥٥٦، رقم: ١٧١٤، مسند أحمد ٦/ ٢٠٦، رقم: ٢٦٢٣٧، مسند دارمي، دارالمغني بيروت ٢/ ١٢٣٣، رقم: ١٩٨١، صحيح ابن خزيمه ٢/ ١٣٠٦، رقم: ٢٨٩١)

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ ہم نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے جب گزارش کی کہ ہم آپ کے لئے منی میں ایک ایسا مکان بنادیں کہ منی میں آپ اس مکان میں رہائش اختیار کرلیں؟ تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ایسا نہ کرنا کیوں کہ منی ہر اس شخص کے پڑاؤ ڈالنے کی جگہ ہے جو پہلے پہنچ جائے۔

اس حدیث شریف کی سند کو امام ترمذیؒ نے ''حسن'' بتایا ہے۔ اور صحیح ابن خزیمہ میں ''مسیکہ'' کو مجہولہ قرار دے کر اس حدیث شریف کو ضعیف ثابت کیا گیا ہے۔

اس حدیث شریف کا مطلب شیخ سبیلؒ کی طرف سے جواب میں واضح کیا جا چکا ہے کہ حاجیوں کی ضرورت اور مصلحت عامہ کی وجہ سے منی میں مالکانہ طور پر مکانات بنانا اور منی کے اجزاء میں سے کسی جزو کو پلاٹنگ کے طور پر اپنے لئے خاص کر کے مالکانہ طور پر اس کی خرید وفروخت کرنا اس حدیث شریف کی رو سے جائز نہیں ہے، اس کی وجہ یہ ہے کہ اگر منی میں عمارتیں بنانے کی اجازت دی جاتی تو مالکانہ طور پر کثرت عمارت کی وجہ سے منی میں حاجیوں کے قیام کی تنگی ہوجاتی۔ (حاشیہ ترمذی، النسخۃ الہندیہ ۱/۱۷۷، تحفۃ الاحوذی، اشرفیہ دیوبند ۳/ ۵۲۶)

اس حدیث شریف کے تحت شراح حضرات نے یہ بھی نقل فرمایا ہے کہ امام ابوحنیفہ، امام محمد بن حسن شیبانی، امام سفیان ثوری، عطاء بن ابی رباح، مجاہد بن جبر، امام مالک، امام اسحاق بن راہویہ اور ابوعبید رحمہم اللہ تعالیٰ وغیرہ کے نزدیک حدود حرم کی سرزمین مکمل طور پر وقف ہے،

اس کا کوئی انسان مالک نہیں ہوسکتا اوراس کی زمین اوراس کے مکانات کی خرید وفروخت بھی جائز نہیں ہے۔اور کرایہ پر دینا بھی جائز نہیں ہے،ہاں البتہ حنفیہ میں سے امام ابو یوسف، امام شافعی، امام احمد بن حنبل، طاؤس بن کیسان، عمرو بن دینار اور ابن المنذر رحمہم اللہ تعالیٰ وغیرہ کے نزدیک سب کچھ جائز ہے، جیسا کہ اس کی صراحت اس حدیث شریف کے ذیل میں ’’معارف السنن، ابواب الحج، عن رسول اللہ، باب ماجاء ان منی مناخ من سبق، اشرفیہ دیوبند ۱۹۶/۶‘‘ میں ہے۔اور صدیوں سے ان ہی کی رائے کے مطابق حدود حرم میں عمل ہو رہا ہے۔

امام ابو یوسف، امام شافعی اور امام احمد بن حنبل رحمہم اللہ وغیرہ کی رائے کے مطابق حکومت وقت نے منی میں حاجیوں کے قیام کے لئے جو عمارتیں تعمیر کردی ہیں وہ عمارتیں کسی کی ملکیت میں نہیں ہیں، نیز ان عمارتوں کی وجہ سے دوسرے حاجیوں کے قیام میں دشواری نہیں ہے؛ لہٰذا یہ غیر شرعی شمار نہیں ہوں گی ؛اس لئے کہ جتنے رقبے میں وہ عمارتیں بنی ہیں اس رقبہ میں جتنے حجاج قیام کرسکتے ہیں ان کی متعدد منزلوں میں کئی گنا حجاج قیام کرسکتے ہیں اور یہ مذکورہ حدیث شریف کے منشاء کے خلاف نہیں ہوگا؛ اس لئے کہ ان عمارتوں کی وجہ سے تنگی نہیں ہوتی ہے؛ بلکہ رہائش میں وسعت پیدا ہوتی ہے۔اور عمارتیں تعمیر کردینا ایسا ہی ہے جیسا کہ حاجیوں کی سہولت کے لئے خیمہ لگا دیا جاتا ہے۔ اور اس وقت منی میں مسجد خیف اور جمرات کی عمارتوں، نیز شاہی محلات کے علاوہ اس زمانہ میں کثیر منزلہ چوبیس عمارتیں عالی شان بنی ہوئی ہیں۔آئندہ کے حالات اس زمانہ کے اعتبار سے ہوں گے۔

دو محلوں کے درمیان پہاڑوں کے حائل ہونے کا مسئلہ

سوال نامہ میں یہ بھی پوچھا گیا ہے کہ مکہ معظّمہ کے کئی محلے ایسے ہیں جن میں ہر دو محلّہ کے درمیان پہاڑیاں حائل ہیں،تو پہاڑوں کے حائل ہونے کی وجہ سے وہ دو الگ الگ مقام ہوں گے یا مقام واحد کے حکم میں ہوں گے؟

اس سلسلے میں حکم شرعی پر غور کرنے کی ضرورت ہے کہ اگر ایک شہر کے درمیان بڑا دریا

حائل ہوجائے تو دریا کے دونوں جانب کی آبادی کا جوحکم ہے وہی حکم اس شہر کے بارے میں ہوگا، جس شہر کے محلوں کے درمیان پہاڑیاں حائل ہوتی ہیں اور جب شہر کے درمیان میں بھی بڑا دریا حائل ہوجائے، پل اور برجوں کے ذریعہ سے دونوں جانب کو جوڑ دیا جائے تو بلد واحد کے حکم میں ہوجاتا ہے، جیسا کہ پرانی دلی اور جمنا پار کے علاقہ کے درمیان جمنا دریا حائل ہے اوراس دریا کے اوپر سے کئی پل ایسے بنے ہوئے ہیں جوایک کلومیٹر سے کم نہیں ہیں اوران پلوں کی وجہ سے دونوں جانب کی آبادیاں مل کر بلدِ واحد کے حکم میں ہیں۔ نیز ہم نے لندن شہر کے بیچ میں بہت بڑا وسیع دریا دیکھا ہے اس دریا کے بیچ میں برج بنی ہوئی ہے، جس نے شہر کے دونوں جانب کو جوڑ کر کے بلد واحد بنا دیا ہے۔

اسی طرح مکہ مکرمہ کے بعض محلوں کے درمیان بڑے بڑے پہاڑ حائل ہیں اورسرنگوں کے ذریعہ سے ایک کو دوسرے سے جوڑ دیا گیا ہے۔ منی اور عزیزیہ کے درمیان میں بھی جبل ثبیر کے نیچے سے سرنگوں کے ذریعہ سے ایک کو دوسرے سے جوڑ دیا گیا ہے، تو جس طرح دلی شہر کے بیچ میں دریا بلد واحد ہونے میں مانع نہیں ہے اور لندن شہر کے بیچ میں دریا، برج کی وجہ سے بلد واحد ہونے کو مانع نہیں، اسی طرح مکہ مکرمہ کے محلوں کے بارے میں بھی حکم ہوگا کہ سرنگوں کے ذریعہ سے ایک محلے کو دوسرے محلے سے جوڑ دیا گیا ہے؛ لہٰذا عزیزیہ سے منی تک جو سرنگیں ہیں، ان سرنگوں نیز شاہ راہوں کے ذریعہ عزیزیہ اور منی کے درمیان پہاڑ کا حائل ہوجانا بلد واحد ہونے کو مانع نہیں ہوگا۔ مزید پہاڑ کے اوپر شاہی محلّات ہیں، جن میں بے شمار عمارتیں بنی ہوئی ہیں۔

نیز حکومت سعودیہ نے بھی سرکاری طور پر منی مزدلفہ کو ملا کر بلدِ واحد قرار دیا ہے، جس کے لئے حسب ذیل عبارت حجت کا درجہ رکھتی ہے۔

وَإِنْ كَانَ وَسطَ الْبَلَدِ نَهرٌ فَاجْتَازَ فَلَيْسَ لَهُ الْقَصْرُ؛ لِأَنَّهُ لَمْ يَخْرُجْ مِنَ الْبَلَدِ وَلَمْ يُفَارِقْ	اور اگر شہر کے بیچ میں دریا ہو اور یہ مسافر اس دریا کو پار کر جائے تو اس کے لئے دریا میں قصر کرنا جائز نہیں ہے؛ اس لئے کہ وہ شہر سے نہیں نکلا ہے

الْبُنْيَانَ، فَأَشْبَهَ الرَّحْبَةَ وَالْمَيْدَانَ فِي وَسْطِ الْبَلَدِ. (المغني، كتاب المسافر، دار الفكر بيروت ۲/ ۵۰)

اور نہ ہی شہر کی آبادی سے الگ ہوا ہے؛ لہٰذا یہ شہر کے بیچ کے کشادہ خالی علاقہ اور شہر کے بیچ کے بڑے میدان کے مشابہ ہو جائے گا۔

قصر واتمام کے مسئلہ میں اتمام افضل

جب قصر واتمام کے مسئلہ میں اختلاف ہو جائے، بعض علماء اتمام کے قائل ہو جائیں اور بعض قصر کے۔ اور دونوں کے پاس اپنے مدعیٰ پر دلائل بھی موجود ہوں، تو ایسی صورت میں اتمام افضل اور بہتر ہو جاتا ہے؛ لہٰذا منی میں قصر واتمام کے مسئلہ میں علماء کی دو جماعتیں ہو گئیں:

(۱) ایک جماعت منی ومزدلفہ میں قصر کی قائل ہے اور ان کے پاس قصر سے متعلق اپنے دلائل موجود ہیں۔

(۲) دوسری جماعت منی ومزدلفہ میں اتمام کی قائل ہے اور ان کے پاس بھی اتمام کے دلائل موجود ہیں۔

ایسی اختلافی صورت میں حضرات فقہاء کرام نے اتمام کو ترجیح دے کر اس کو افضل اور اولیٰ کہا ہے اور اتمام ہی کا قول مفتی بہ ہوا کرتا ہے؛ اس لئے کہ اس میں احتیاط کا پہلو غالب ہے۔

شامی میں اس حکم کو ان الفاظ میں نقل کیا گیا ہے۔ عبارت ملاحظہ فرمائیے:

إِذَا افْتَتَحَ الصَّلَاةَ فِي السَّفِينَةِ حَالَ إِقَامَتِهِ فِي طَرَفِ الْبَحْرِ فَنَقَلَتْهَا الرِّيحُ وَنَوَى السَّفَرَ يُتِمُّ صَلَاةَ الْمُقِيمِ عِنْدَ أَبِي يُوسُفَ، خِلَافًا لِمُحَمَّدٍ؛ لِأَنَّهُ اجْتَمَعَ فِي هٰذِهِ الصَّلَاةِ مَا يُوجِبُ الْأَرْبَعَ وَمَا يَمْنَعُ فَرَجَّحْنَا مَا يُوجِبُ الْأَرْبَعَ احْتِيَاطًا. (شامي، باب صلاة المسافر، كراچی ۲/ ۱۲۲، زكريا ۲/ ۶۰۱)

جب کوئی شخص سمندر کے کنارے پر اپنی اقامت کی حالت میں کشتی کے اوپر نماز شروع کرے اور پھر بادبانی ہوا کشتی کو کنارے سے الگ کر کے سمندر میں دور تک پہنچا دے اور نماز پڑھنے والا سفر کا ارادہ کرلے تو امام ابو یوسف کے نزدیک وہ مقیم کی طرح اتمام کرے گا، برخلاف امام محمدؒ کے (ان کے نزدیک اتمام جائز نہیں ہے) اس لئے کہ اس نماز میں چار رکعت پڑھنے اور نہ پڑھنے کی علت جمع ہو گئی تو ہم نے احتیاطاً چار رکعت واجب کرنے والی علت کو راجح قرار دیا ہے۔

اور ہندیہ میں اس کو مزید وضاحت کے ساتھ نقل کیا گیا ہے۔ عبارت ملاحظہ فرمائیے:

وفی الولوالجیة: اِفْتَتَحَ الصَّلَاةَ فِي السَّفِيْنَةِ حَالَ إِقَامَتِهٖ فِي طَرَفِ الْبَحْرِ فَنَقَلَتْهَا الرِّيْحُ وَهُوَ فِي السَّفِيْنَةِ فَنَوَى السَّفَرَ يُتِمُّ صَلَاةَ الْمُقِيْمِ عِنْدَ أَبِيْ يُوْسُفَ، وَفِي الْحُجَّةِ: اَلْفَتْوٰى عَلٰى قَوْلِ أَبِيْ يُوْسُفَ احْتِيَاطًا. (ھندیہ، الباب الخامس: في صلاة المسافر، قدیم ۱/ ۱۴۴ جدید ۱/ ۲۰۴)

اور ولوالجیہ میں ہے کہ سمندر کے کنارے پر اپنی اقامت کی حالت میں جب کشتی پر نماز شروع کرے پھر بادبانی ہوا کشتی کو کنارے سے دور تک منتقل کردے اور وہ اسی حالت میں سفر کا ارادہ کرلے تو امام ابویوسفؒ کے نزدیک وہ اتمام کرے گا۔ اور حجہ میں ہے کہ احتیاطاً فتویٰ حضرت امام ابو یوسفؒ کے قول پر ہی ہے۔

نیز ماقبل میں دلائل کے ساتھ واضح کیا جاچکا ہے کہ حکم حاکم رافع اختلاف ہے، تو اتمام کی اولویت کے ساتھ ساتھ یہ بات بھی ہمارے سامنے آگئی ہے کہ اختلاف کی صورت میں جب حاکم کا فیصلہ کسی ایک جانب ہوجائے تو اس کو تسلیم کرلینا سب کے اوپر لازم ہوجاتا ہے، تو یہاں حکم حاکم کی وجہ سے بھی اتمام کے حکم کو تسلیم کرنا لازم ہوگا اور ساتھ ساتھ یہ بات بھی واضح ہوگئی کہ قصر واتمام کے مسئلہ میں اختلاف کی صورت میں اتمام کے قول کو راجح قرار دیا جاتا ہے۔

مذکورہ تمام دلائل اور وجوہات کی وجہ سے منی ومزدلفہ میں قصر کا حکم لگانا درست نہیں ہوگا؛ بلکہ اتمام لازم ہوجائے گا۔

واللہ سبحانہ وتعالی أعلم ☆ وما توفیقی إلا باللہ

یَا رَبِّ صَلِّ وَسَلِّمْ دَائِمًا اَبَدًا ☆ عَلٰی حَبِیْبِکَ خَیْرِ الْخَلْقِ کُلِّهِمِ

اَللهُ أَكْبَرُ كَبِيْرًا وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ كَثِيْرًا وَسُبْحَانَ اللهِ بُكْرَةً وَأَصِيْلاً.

مفتی شبیر احمد صاحب قاسمی عفا اللہ عنہ
جامعہ قاسمیہ مدرسہ شاہی مرادآباد یوپی (الہند)
۲۰؍ربیع الاول ۱۴۳۵ھ

مکہ مکرمہ منیٰ اور مزدلفہ سے متعلق مقالہ کا خلاصہ

مفصل مقالہ میں مسئلہ کے ہر گوشے پر مدلل بحث کرنے کی کوشش کی گئی ہے، چوں کہ مضمون کافی لمبا ہو چکا ہے؛ اس لئے اس کا ایک مختصر خلاصہ بھی نوٹ کر دینا مناسب معلوم ہوتا ہے جو حسب ذیل ہے:

(۱) فنائے متصلہ ربضِ مصر کے حکم میں ہوتا ہے۔ اور ربض مصر اور فنائے متصلہ دونوں قصر واتمام کے مسئلہ میں شہر کی آبادی اور اس کے ایک حصے کے حکم میں ہوتے ہیں، مسافر جب مسافت سفر طے کرنے کے ارادے سے آبادی سے نکلے تو ربضِ مصر اور فنائے متصلہ میں اتمام کرنا لازم ہوتا ہے اور فنائے متصلہ شہر کی آبادی سے چار سو ذراع کے فاصلہ تک ہوسکتا ہے۔

(۲) فنائے منفصلہ شہر کی آبادی سے چار پانچ کلومیٹر کے فاصلہ تک ہوسکتا ہے اور ایسے فنائے منفصلہ میں جمعہ تو جائز ہوجاتا ہے؛ لیکن مسافتِ سفر طے کرنے کے ارادے سے مسافر جب روانہ ہوجائے تو فنائے منفصلہ میں آکر اتمام جائز نہیں ہوگا، اس میں قصر کرنا لازم ہوجاتا ہے۔

(۳) مکہ مکرمہ کی پرانی آبادی اور منیٰ کے درمیان خیر القرون کے زمانہ سے سعودی حکومت کے زمانہ تک تقریباً نو کلومیٹر تک کا فاصلہ ویران علاقہ کی شکل میں تھا، جس میں کسی قسم کی آبادی نہیں تھی۔ اور آج کے زمانہ میں وہ سارے بے آباد علاقے آبادی سے بھر کر منیٰ سے متصل اس حصے تک پہنچ چکے ہیں جہاں پر حاجیوں کے چلنے کے لئے خالی جگہ چھوڑنا لازم ہے، اس کے بعد ربضِ مصر کی طرح منیٰ میں بھی عمارتیں بن چکی ہیں؛ اس لئے جس طرح پہلے وسیع ترین انفصال کی وجہ سے منیٰ اور مکہ مکرمہ دو الگ الگ مقام شمار ہوتے تھے، وہ حکم اب باقی نہیں رہا؛ کیوں کہ وہ حکم انفصال کی علت کے ساتھ معلول تھا اور اب انفصال کی علت ختم ہوچکی ہے۔ اور اب چوں کہ اتصال ہو چکا ہے؛ اس لئے حکم شرعی اتصال کی علت کے ساتھ معلول ہوگیا؛ لہٰذا منیٰ مکہ کا ایک جزو اور حصہ بن چکا ہے؛ اس لئے منیٰ کو مکہ سے الگ جگہ قرار دے کر اس میں قصر کا حکم لگانا درست نہیں ہے۔

(۴) محلّہ عزیزیہ اور منیٰ کے درمیان میں جبلِ شبیر جو حائل ہے اس کا حکم کھیتوں اور باغات کے حائل ہونے کی طرح نہیں ہے؛ بلکہ ایسا ہے جیسا کہ دو آبادیوں کے درمیان دریا

حائل ہوتا ہے، پھر دونوں آبادیوں کو ایک دوسرے سے پل اور برج کے ذریعہ سے جوڑ دیا جاتا ہے اور دونوں پر قصر واتمام کے مسئلہ میں ایک شہر کا حکم لگا دیا جاتا ہے، جیسا کہ پرانی دلی اور جمنا پار کے علاقہ کے درمیان بڑا دریا حائل ہے اور برجوں کے ذریعہ سے ایک دوسرے کو جوڑ دیا گیا ہے اور ان برجوں کی لمبائی ایک کلومیٹر سے زیادہ ہے کم نہیں، اس کے باوجود جمنا پار کے علاقے کو دلی شہر کا ایک جزو تسلیم کرنے میں کسی کو تردد نہیں ہوتا ہے۔

اسی طرح منی اور محلّہ عزیزیہ کو کئی سرنگوں کے ذریعہ سے ایک دوسرے سے جوڑ دیا گیا ہے اور اوپر شاہی محلات بھی بنے ہوئے ہیں، اور دونوں شاہی محلات کے درمیان شارع عبدالعزیز بھی گذر رہا ہے؛ اس لئے انفصال کی بات کر کے منی کو شہر مکہ سے الگ قرار دینا درست نہیں ہوگا؛ بلکہ جس طرح دلی اور جمنا پار کے علاقے کو ملا کر ایک ہی شہر شمار کیا جاتا ہے ایسا ہی منی اور مکہ مکرمہ دونوں کو ملا کر ایک ہی شہر شمار کیا جائے گا۔

(۵) کسی جگہ کو دوسری جگہ سے متصل قرار دینے کے لئے ایک جانب سے اتصال کافی ہے، ہر جانب سے اتصال ضروری نہیں۔

(۶) قصر واتمام کے اعتبار سے منی ومزدلفہ کو مکہ مکرمہ شہر کا حصہ تسلیم کرنے کی صورت میں ان مشاعر مقدسہ کی توقیفی حدود میں کوئی فرق نہیں آتا، جیسا کہ طریق مدینہ کی طرف سے مکہ مکرمہ کی آبادی تسلسل کے ساتھ بغیر فصل کے مسجد عائشہ سے تجاوز کر کے کئی کلومیٹر آگے تک پہنچ گئی ہے اور حدود حرم کی آخری حد مسجد عائشہ ہے، اور اس حصے کو مکہ مکرمہ شہر کا حصہ دنیا نے تسلیم کرلیا ہے۔اور حدود حرم کے باہر کا حصہ قصر واتمام کے مسئلہ میں مکہ شہر کا حصہ ہوجانے کی وجہ سے حدود حرم کی توقیفی ہونے میں کوئی فرق نہیں آیا ہے، ایسا ہی منی ومزدلفہ کے مکہ مکرمہ کے شہر کا حصہ بننے کی صورت میں ان مقامات کی حدود کے توقیفی ہونے میں کوئی فرق نہیں آئے گا۔

(۷) علمائے عرب نے منی کو مکہ مکرمہ کا جزو تسلیم کرلیا ہے۔

(۸) شیخ سبیلؒ کا مفصل فتویٰ جس میں منی کو مکہ مکرمہ کے ایک محلّہ کے درجے میں قرار دیا گیا ہے۔

(۹) بعض بزرگوں نے شیخ سبیلؒ کے فتوی کے ایک جزو کو تسلیم کرکے اپنے موقف کے لئے دلیل کے طور پر پیش فرمایا ہے، اور دوسرا اجزو ان کے موافق نہیں ہے؛ اس لئے اس پر رد فرمایا ہے، ہم ان بزرگوں سے گزارش کرتے ہیں کہ اس تضاد کی کیا وجہ ہے؟ ہماری سمجھ سے بالاتر ہے۔ اور ہم ان کے فتوی کے دونوں جزوں کو تسلیم کرتے ہیں۔

(۱۰) حکومت سعودیہ نے منی کو مکہ مکرمہ کا باضابطہ ایک جزو قرار دیا ہے۔ اور حکم حاکم رافع اختلاف ہوتا ہے، اس کی سات دلیلیں مقالے میں پیش کی گئی ہیں۔

(۱۱) منی مصالح بلد کے لئے بھی استعمال ہوتا ہے، جمرات کے ارد گرد کا میدان معتمرین کی گاڑیوں کی پارکنگ کے لئے استعمال ہوتا ہے، اس کے مصالح بلد میں شامل ہونے میں کسی کو اشکال نہیں ہوگا۔

(۱۲) بالفرض دونوں کو الگ الگ تسلیم کریں تو موسم حج میں شہر منی اور شہر مکہ قطعی طور پر ایک ہوجاتے ہیں اور فاصلہ کے زمانے میں بھی حضرات شیخینؒ کے نزدیک منی کے باضابطہ شہر ہوجانے کی وجہ سے اس میں جمعہ پڑھنا جائز تھا۔ اور تمام متأخرین نے شیخین کے قول کو راجح قرار دیا ہے۔ اور اس زمانہ میں فاصلہ کی علت ختم ہوجانے کے بعد جب منی شرعی طور پر شہر بن جاتا ہے تو دونوں شہروں کے درمیان کا فاصلہ قطعی طور پر ختم ہوکر موسم حج میں لازمی طور پر دونوں ایک ہی شہر بن جاتے ہیں؛ لہٰذا قصر و اتمام کے مسئلہ میں دونوں کو الگ تسلیم کرنے کی کوئی وجہ نہیں ہے۔

(۱۳) احقر نے ''ایضاح المناسک'' میں وہی مسئلہ لکھا تھا جو خیر القرون کے زمانہ سے فاصلہ کی وجہ سے فقہاء لکھتے آئے ہیں۔ اور اس زمانہ میں چوں کہ فاصلہ ختم ہوچکا ہے جس کی وجہ سے مسئلہ بدل چکا ہے۔ اور حکومت سعودیہ نے بھی مقام واحد تسلیم کرلیا ہے اور حرمین شریفین کے ذمہ دار علماء نے بھی مقام واحد ہونے کا فتویٰ صادر کردیا ہے، مسئلہ شرعی کسی کے گھر کی میراث نہیں ہے؛ اس لئے احقر نے ''ایضاح المناسک'' کے مسئلہ سے رجوع کرلیا ہے اور اس رجوع کا احقر لوگوں کے درمیان میں اعلان کرتا ہے۔

(۱۴) مزدلفہ اور عزیزیہ جنوبیہ کی آبادی کے درمیان کوئی پہاڑ حائل نہیں ہے اور مزدلفہ

کے بورڈ کے قریب اس وقت مکہ مکرمہ کا نیا اور بڑا ہسپتال "مستشفیٰ شاہ عبداللہ" بن چکا ہے؛ اس لئے مزدلفہ کا اتصال بھی شہر کی آبادی سے ہو چکا ہے۔ ۲۶؍جنوری ۲۰۱۴ء کے تازہ مشاہدہ میں دیکھا گیا کہ مزدلفہ کے بورڈ اور عزیزیہ کی آخری رہائشی عمارت کے درمیان صرف کلو میٹر کا دسواں حصہ یعنی صرف سو میٹر کا فاصلہ ہے؛ اس لئے مزدلفہ فنائے متصلہ ہے؛ لیکن خود مزدلفہ میں مسجد مشعر حرام کے علاوہ کوئی عمارت نہیں بنی ہے اور وہ خالی میدان پڑا ہوا ہے؛ اور مزدلفہ کا میدان پورا سال مکہ مکرمہ کے بچوں کے کھیل کا میدان بنا رہتا ہے، خاص طور پر چھٹیوں کے زمانے میں کھیلنے والے بچوں کی بھیڑ لگی رہتی ہے اور شہر کے لوگ اپنی فیملی کے ساتھ، ساتھ میں کھانا بنوا کر مزدلفہ میں آ کر سیر و تفریح کرتے ہیں اور پکنک کے طور پر وہیں پر کھانا کھاتے ہیں اور فنائے شہر میں یہی سب کام ہوا کرتا ہے؛ اس لئے مزدلفہ کو فنائے متصلہ تسلیم کرنے میں کوئی تردد نہیں ہونا چاہئے۔ اور مزدلفہ میں جو رات گذاری جاتی ہے یہ رات فنائے متصلہ میں گذاری جاتی ہے اور فنائے متصلہ میں قصر جائز نہیں ہے۔

(۱۵) جب مسئلہ قصر و اتمام میں اختلاف واقع ہو جائے تو اتمام افضل ہوا کرتا ہے؛ لہٰذا جو حضرات منی و مزدلفہ میں اتمام کے مسئلہ میں اختلاف کرتے ہیں، ان کے اختلاف کو اگر صحیح تسلیم بھی کر لیا جائے تو قصر و اتمام کے مسئلہ میں جب اختلاف ہو جاتا ہے تو اتمام کے پہلو کو ترجیح دینا افضل ہوتا ہے؛ اس لئے حجاج کرام کو منی و مزدلفہ میں اتمام ہی کرنا چاہئے۔ اور اوپر کے تفصیلی دلائل کے مطابق قصر کرنا قطعی طور پر جائز نہیں ہوگا۔

❁ ❁ ❁

واللہ سبحانہ وتعالی أعلم ☆ وما توفیقی إلا باللہ

یَا رَبِّ صَلِّ وَسَلِّمْ دَائِمًا اَبَدًا ☆ عَلٰی حَبِیْبِکَ خَیْرِ الْخَلْقِ کُلِّھِمٖ

اَللہُ أَکْبَرُ کَبِیْرًا وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ کَثِیْرًا وَسُبْحَانَ اللہِ بُکْرَۃً وَّأَصِیْلاً.

مفتی شبیر احمد صاحب قاسمی عفا اللہ عنہ

جامعہ قاسمیہ مدرسہ شاہی مراد آباد یوپی (الہند)

۲۰؍ربیع الاول ۱۴۳۵ھ

۸/ باب الهدي

ذی الحجہ کا چاند دیکھنے کے بعد بال وناخن وغیرہ کاٹنا حاجی کے لئے ممنوع نہیں

سوال [۵۰۹۶]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: زید حج کرنے کے لئے مکہ پہنچا، ذی الحجہ کا چاند دیکھنے کے بعد دوسری تاریخ میں اس نے عمرہ کیا تو ارکان عمرہ ادا کرنے کے بعد اس کے لئے سر منڈا کر حلال ہونا واجب ہے، تو کیا ناخن کاٹنا بھی جائز ہے؟ اگر جائز ہے تو یہ حکم کس کے لئے ہے کہ بقرعید کا چاند دیکھنے کے بعد ناخن وغیرہ نہیں کاٹنے چاہئیں؟

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: زید کے لئے ذی الحجہ کا چاند دیکھنے کے بعد ناخن کاٹنا بلا کراہت جائز ہے اور یہ حکم کہ بقرعید کا چاند دیکھنے کے بعد ناخن نہ کاٹنے چاہئیں غیر حاجی کے لئے ہے، حاجی کے لئے یہ حکم نہیں ہے کیوں کہ حاجی متمتع جب حج سے پہلے ارکان عمرہ ادا کر کے حلال ہوجائے گا تو بال کٹوانا، ناخن کٹوانا اس کے لئے بلا تردد جائز ہے۔ اور حدیث میں جو ممانعت آئی ہے وہ صرف غیر حاجی کے لئے ہے۔ (مستفاد: انوار مناسک/ ۵۲۸-۶۸۴، آپ کے مسائل اور ان کا حل ۵/ ۳۲۹، مکتبہ نعیمیہ دیوبند)

عن سعيد بن المسيب يقول: سمعت أم سلمة زوج النبي صلى الله عليه وسلم تقول: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: من كان له ذبح يذبحه، فإذا أهل هلال ذي الحجة، فلا يأخذن من شعره، ولا من أظفاره شيئا حتى يضحي. (مسلم شريف، عشر ذي الحجة وهو مريد التضحية، النسخة الهندية ٢/ ١٦٠، بيت الأفكار، رقم: ١٩٧٧)

فهذا محمول على الندب دون الوجوب بالإجماع. (شامي، الصلاة، قبيل باب الكسوف، زكريا ٣/ ٦٦، شامي كراچی ٢/ ١٨١)

ویتحلل منها أي من العمرة إن شاء بالحلق أو بالتقصیر، وإن شاء بقي محرما حتی یحرم بالحج. (مجمع الأنهر، دارالکتب العلمیة بیروت ۱/ ۴۲۷، قدیم: ۱/ ۲۸۹)

وإن کان قارنا أو متمتعا یذبح، ثم یحلق، أو یقصر، والحلق أفضل. (تاتارخانیة زکریا ۳/ ۵۳۱، رقم: ۴۹۶۸، وهکذا هندیة زکریا قدیم ۱/ ۳۰۳، جدید ۱/ ۲۹۵)

وإن کان قارنا أو متمتعا یجب علیه أن یذبح ویحلق ویقدم الذبح علی الحلق، وروي عن النبي صلی الله علیه وسلم أنه قال: أول نسکنا في یومنا هذا: الرمي، ثم الذبح، ثم الحلق. (بدائع الصنائع، کراچی ۲/ ۱۵۸، زکریا ۲/ ۳۶۱- ۳۶۲) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۴۳۴/۱۱/۲۹ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۱۱۳۲۳/۴۰)

حاجی پر بقرعید کی قربانی لازم ہے یا نہیں؟

سوال [۵۰۹۷]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: ایک سرمایہ دار شخص حج کو گیا ہوا ہے، تو وہ مکہ مکرمہ میں اپنے حج تمتع کے دم شکر کی قربانی کرے گا، سوال یہ ہے کہ اس پر بقرعید کی بھی قربانی واجب ہے یا نہیں؟ اگر ہے تو کس جگہ پر قربانی ہوگی؟

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: بقرعید کی قربانی مسافر پر واجب نہیں ہوتی؛ بلکہ مقیم پر واجب ہوتی ہے؛ لہٰذا صورت مسئولہ میں اگر اس حاجی کا قیام پندرہ دن مکہ مکرمہ میں ہوا اور اس درمیان کہیں اور جا کر رات نہیں گزاری، تو وہ حاجی مقیم ہوگا اور دم شکر کے ساتھ اس

پر بقرعید کی بھی قربانی واجب ہوگی۔ اور بقرعید کی قربانی کسی بھی جگہ کرسکتا ہے۔ اور اگر پندرہ دن قیام نہیں رہا تو پھر حاجی پر قربانی واجب نہیں۔ (مستفاد: انوار مناسک/۵۱۰)

ولا تجب الأضحية على الحاج، وأراد بالحاج المسافر، فأما أهل مكة فتجب عليهم الأضحية وإن حجوا. (بدائع الصنائع، كتاب الأضحية، فصل في شرائط وجوب الأضحية، كراچی ٥/ ٦٣، زكريا ٤/ ١٩٥)

فلا تجب على حاج مسافر، فأما أهل مكة، فتلزمهم وإن حجوا. (الدرالمختار مع الشامي، كراچی ٦/ ٣١٥، زكريا ٩/ ٤٣٤)

وأما الأضحية، فإن كان مسافرا فلا يجب عليه وإلا فكالمكي فتجب. (غنية الناسك، كراچی جديد ١٧٢، قديم مكتبه خيريه ميرٹھ ٩٢)

إنما لا تجب على المسافر؛ لأن أداءها مختص بأسباب تشق على المسافر. (تكملة بحرالرائق، كوئٹه ٨/ ١٧٣، زكريا ٨/ ٣١٨) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۴۳۴/۱۱/۲۸ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۴۰/۱۱۳۲۱)

ایامِ نحر میں غیر صاحب نصاب حاجی پر مالی قربانی واجب نہیں

سوال [۵۰۹۸]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: ہمارے یہاں اہل علم میں یہ مسئلہ زیر بحث ہے کہ حاجی پر مکہ میں مالی قربانی ایام نحر میں واجب ہے یا نہیں؟ کیوں کہ بعض حاجی جو شروع کی فلائٹ سے جاتے ہیں وہ اپنے سب ریال خرچ کرلیتے ہیں، ایام نحر میں صاحب نصاب نہیں رہتے، اگر اپنے وطن میں مال ہے تو کیا ایسے حاجی پر قربانی وطن میں واجب ہے؟ کیا ایسا کوئی جزئیہ ہے کہ حاجی پر پیسہ ہو یا نہ ہو اگر وطن میں حاجی صاحب نصاب ہے، تو ہر حال میں قربانی واجب ہے، گھر

پر کسی کو ذمہ دار بنا کر جائے اپنی قربانی کرنے کا اس سلسلہ میں دارالافتاء سے تفصیلی وضاحت مطلوب ہے۔

المستفتی: جمعیۃ العلماء سیڑھا بجنور

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: جس حاجی کے پاس ایام نحر میں نصاب کے بقدر پیسہ موجود ہوگا، اس پر مال والی قربانی واجب ہے۔ اور جس حاجی کے پاس ایام نحر میں نصاب کے برابر یا اس سے زائد پیسہ موجود نہیں ہے چاہے وہ اپنے گھر کے اعتبار سے لکھ پتی کیوں نہ ہو، مگر اس کے پاس فی الحال نصاب کے بقدر پیسہ نہیں ہے، تو اس پر مال والی قربانی واجب نہیں ہے۔

لو كان عليه دين بحيث لو صرف فيه نقص نصابه لا تجب، وكذا لو كان له مال غائب لا يصل إليه في أيامه. (عالمگیری، كتاب الأضحية، الباب الأول في تفسير الأضحية وركنها قديم زكريا ديوبند ٥/ ٢٩٢، جديد ٥/ ٣٣٧)

وكذا لو كان له مال غائب لا يصل إليه في أيام النحر؛ لأنه فقير وقت غيبة المال. (بدائع الصنائع، زكريا ديوبند ٤/ ١٩٦، كراچى ٥/ ٦٤) **فقط** واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۰؍محرم الحرام ۱۴۲۹ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۸/ ۹۴۲۶)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۲۰/۱/۱۴۲۹ھ

مفرد بالحج کے لئے قربانی کی شرعی حیثیت

سوال [۵۰۹۹]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: مکی، حلی اور میقاتی جو حج افراد کرتے ہیں، ان پر قربانی یعنی دم شکر مستحب

ہے، اگر وہ استحباب کی وجہ سے قربانی کریں تو کیا ان پر بھی رمی قربانی وحلق میں ترتیب واجب رہے گی یا مفرد بالحج کو ہر طرح کی اجازت ہے، چاہے رمی عقبہ کے بعد سر منڈا کے بعد میں قربانی کرے یا رمی، قربانی پھر حلال ہو؟

المستفتی: عبدالرشید سیڈھا، بجنور

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: بعض کتب فقہ میں مفرد بالحج کے لئے قربانی کرنا مستحب اور افضل لکھا ہے، جیسا کہ حسب ذیل عبارات سے واضح ہوتا ہے:

فإذا فرغ من الرمي يوم النحر انصرف إلى رحله ويشتغل بشيء آخر فذبح إن شاء؛ لأنه مفرد والذبح له أفضل. (غنية، قديم/ ١٧٢، شامي زكريا ٣/ ٥٣٤)

اور یہ بات یاد رکھنے کی ہے کہ امر مستحب اور امر وجوب کے درمیان ترتیب نہ واجب ہے نہ سنت؛ لہٰذا مفرد بالحج کو اختیار ہے کہ جو قربانی کرے گا وہ حلق سے پہلے کرے یا بعد میں، اس کے لئے دونوں طرح جائز ہے۔

لكن المفرد لا ذبح عليه، فيجب عليه الترتيب بين الرمي والحلق فقط، وقوله: لأن المفرد لا شيء عليه في ذلك؛ لأنه لا ذبح عليه فلا يتصور تأخير النسك وتقديمه بالحلق قبله. (شامي، زكريا ٣/ ٥٨٨) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۴/ ذیقعدہ ۱۴۳۵ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۱۱/ ۱۱۷۴۷)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۳۵/۱۱/۲۴ھ

حاجی کے لئے بینک کے توسط سے قربانی کرانے کا حکم

سوال [۵۱۰۰]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل

کے بارے میں: کیا مکہ میں بینک کے توسط سے قربانی کے ٹوکن خرید نے کو ہمارے مفتیان کرام جائز کہتے ہیں؟

المستفتی: محمد اصغر سیڈھا، بجنور

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: بینک کے توسط سے قربانی کرانا حنفی مسلک کے لوگوں کا اپنے آپ کو موجب دم کا شکار بنانا ہے؛ اس لئے کہ وہاں کی حکومت اور بینک قربانی اور حلق کے درمیان ترتیب کو واجب نہیں سمجھتے اور حنفیہ کے نزدیک ترتیب واجب ہے، نیز بینک کی طرف سے دسیوں لاکھ انسانوں کو احرام کھولنے کا ایک ہی وقت دیا جاتا ہے اور ایک وقت میں اتنی تعداد کی قربانی کرنا ممکن نہیں؛ اس لئے اصل وجہ یہ ہے کہ وہ ترتیب کا لحاظ نہیں رکھتے ہیں؛ لہٰذا اگر حنفی حاجی کی قربانی اور حلق میں ترتیب بدل جائے گی، تو اس پر ایک اور قربانی کرنا لازم ہو جائے گا۔ (مستفاد: انوار مناسک/ ۵۰۸)

قال في معراج الدراية: اعلم أن ما يفعل في أيام النحر أربعة أشياء: الرمي، والنحر، والحلق، والطواف، وهذا الترتيب واجب عند أبي حنيفة، ومالك، وأحمد -إلى قوله- ودمان لو حلق القارن قبل الذبح، أي يجب دمان عند أبي حنيفة بتقديم القارن أو المتمتع الحلق على الذبح، وعندهما يلزمه دم واحد. (البحرالرائق، كتاب الحج، باب الجنايات، كوئٹه ٣/ ٢٤، زكريا ديوبند ٣/ ٤٢، وهكذا فى البناية أشرفيه ديو بند ٤/ ٣٦٦، حاشية چلپي، مكتبه إمداديه ملتان ٢/ ٣٢، زكريا ديوبند ٢/ ٣٠٨) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۰ رمحرم الحرام ۱۴۲۹ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۹۴۲۵/۳۸)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۲۰/۱/۱۴۲۹ھ

کیا حاجی پر دونوں جگہ قربانی واجب ہے؟

سوال [۱۰۱۵]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: جو حج کو جا رہا ہے اس کو کیا قربانی دونوں جگہ کرنی ہوگی؟

المستفتیة: اہلیہ حاجی محمد اکرم شمسی، طویلہ مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: حج کرنے والا اگر سرمایہ دار ہے اور مکہ مکرمہ میں پندرہ دن سے زائد قیام کا ارادہ ہے، تو وہ دو قربانی کرے گا: ایک قربانی حج کی، دوسری بقرعید کی، حج کی قربانی حدودِ حرم میں ایامِ نحر میں کرنا لازم ہے؛ البتہ بقرعید کی قربانی حدودِ حرم میں بھی کرنا جائز ہے۔ اور اپنے وطن میں بھی کرنا جائز ہے۔ (مستفاد: انوار مناسک/۵۱۰)

وأما الأضحية، فإن كان مسافرا فلا يجب عليه، وإلا فكالمكي فتجب. (غنية، جديد كراچی ۱۷۲، قديم مكتبه خيريه ميرٹھ ۹۲)

وفي الأصل ذكر عن إبراهيم قال: هي واجبة على أهل الأمصار ما خلا الحاج، وأراد بأهل الأمصار المقيمين و بالحاج المسافرين، فأما أهل مكة فعليهم الأضحية وإن حجوا. (المبسوط للسرخسي، دارالكتب العلمية بيروت ۱۲/ ۱۸)

ولا تجب على الحاج المسافر، فأما أهل مكة، فإنها تجب عليهم وإن حجوا. (الجوهرة النيرة، كتاب الأضحية، دارالكتاب ديوبند ۲/ ۲۶۷-۲۶۸، إمداديه ملتان ۲/ ۲۸۲) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲/ ذیقعدہ ۱۴۳۱ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۹/ ۱۰۱۹۵)

حج کمیٹی والوں کا جبراً قربانی کا پیسہ وصول کرنا

سوال [۵۱۰۲]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: سینٹرل حج کمیٹی کی طرف سے بذریعۂ اخبار یہ اطلاع اس سال جانے والے عازمین حج کو دی گئی ہے: ”جاریہ سال فی عازم صرف پندرہ (1500) سو ریال ادا کئے جائیں گے، قربانی اور مدینہ منورہ میں کھانے کے انتظامات کے سلسلہ میں چھ (600) سو ریال حاصل کئے جائیں گے جو اکیس (2100) سو ریال (زر مبادلہ) سے منہا کر لئے جائیں گے“۔ اس حکم نامہ کے نفاذ سے جو عازمین حج بتوسط حج کمیٹی جن کی تعداد ایک لاکھ بیس ہزار سے متجاوز ہے، یہ اپنے طور پر آزادانہ حج کی قربانی کرنے سے بالکلیہ محروم ہو جائیں گے، انہیں لازماً ”الراجی بینک“ ہی سے اپنی قربانی انجام دینی پڑے گی، اس صورت میں مسلک حنفی سے وابستہ لوگوں کے لئے بڑا مسئلہ درپیش ہے۔

(۱) رمی، قربانی، حلق میں ترتیب باقی نہیں رہے گی۔

(۲) مسلک حنبلی میں ۱۳/ ذی الحجہ تک قربانی جائز ہے، جب کہ حنفیہ کے یہاں ۱۲/ ذی الحجہ کی شام تک قربانی کرنا ضروری ہے۔

بعض لوگوں کا خیال یہ ہے کہ ۱۳/ ذی الحجہ تک بھی وہ قربانی پر قابو نہیں پاتے، اس کے بعد بھی قربانی چلتی رہتی ہے، اگر یہ صحیح ہے تو مسئلہ اور زیادہ پیچیدہ ہے۔ ان حالات میں حنفی مسلک سے وابستہ حاجی صاحبان کی حج کی واجب قربانی کی ادائے گی کی کیا صورت ہو سکتی ہے؟

(۳) کیا عدم ترتیب اور ۱۳/ ذی الحجہ تک قربانی ہونے کی صورت میں دم واجب ہو جائے گا؟

(۴) اگر دوسرے مقام پر زائد قربانی یا دم کی بات کہی جائے تو حجاج اس کو قبول کرنے کے لئے تیار نہ ہوں گے؛ بلکہ انتشار اور فتنہ کا اندیشہ ہے۔

براہ کرم ان حالات میں شرعی احکام سے مطلع فرمائیں۔

المستفتی: میر سعادت علی حیدر آبادی، حال مقیم نلگنڈہ

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: حاجیوں سے قربانی کا پیسہ جبری طور پر حاصل کرنا شرعاً جائز نہیں ہے، اس میں کئی خرابیاں لازم آتی ہیں:

(۱) ہندوستان سے بذریعۂ حج کمیٹی جانے والوں میں تقریباً ۹۵؍ فیصد حنفی مسلک کے حجاج ہوتے ہیں اور اس طرح حاجیوں سے پیسہ وصول کر کے قربانی کروانے میں مسلک حنفی کے مفتی بہ قول کو کالعدم کر دینا لازم آتا ہے، یہ انتہائی خطرناک بات ہے۔

(۲) قربانی کرنے میں حاجی کو اختیار رہے وہ اپنے خرچ کے حساب سے سستا یا مہنگا اپنے پسندیدہ جانور کی قربانی کرے گا یا اپنے کسی قابل اعتماد وکیل کے ذریعہ سے کرائے، ایسی صورت میں یہ بات حاجی کے اختیار سے نکل جاتی ہے۔

(۳) جو حاجی پیسوں کی کمی کی وجہ سے قربانی نہیں کرنا چاہتا ہے اس کو شریعت نے اس بات کی اجازت دی ہے کہ وہ قربانی نہیں کرے گا؛ بلکہ وہ قربانی کے بجائے روزہ رکھے گا اور یہ حکم بھی قرآن کے نص قطعی سے ثابت ہے، تو حاجیوں سے جبری رقم وصول کرنے کی صورت میں قرآن کریم کی نص قطعی کی خلاف ورزی لازم آتی ہے، اور لگ بھگ ایک لاکھ بیس ہزار بذریعہ حج کمیٹی جو حج کو جاتے ہیں، ان میں سے ہزاروں کی تعداد ایسی ہوتی ہے جو پیسوں کی کمی کی وجہ سے قرض لے کر فریضۂ حج ادا کرنے جاتے ہیں، اگرچہ انہوں نے حج کمیٹی میں پیسہ جمع کیا ہے، مگر انہوں نے پیسوں کی ایک مقدار قرض لے کر جمع کی ہے اور ان کا ارادہ یہ ہے کہ کچھ پیسے بچا کر واپسی میں قرض میں ادا کر دیں گے، حج کمیٹی آف انڈیا نے ایسے حجاج کرام کے ساتھ ظلم وزیادتی کا معاملہ کیا ہے اور قرآن نے ان کو جو حق دیا ہے اس حق کو چھین لیا ہے، آیت کریمہ ملاحظہ فرمائیے:

فَمَنْ تَمَتَّعَ بِالْعُمْرَةِ اِلَى الْحَجِّ فَمَا اسْتَيْسَرَ مِنَ الْهَدْيِ فَمَنْ لَّمْ يَجِدْ فَصِيَامُ ثَلٰثَةِ اَيَّامٍ فِى الْحَجِّ وَسَبْعَةٍ اِذَا رَجَعْتُمْ تِلْكَ عَشَرَةٌ كَامِلَةٌ ذٰلِكَ لِمَنْ لَّمْ يَكُنْ اَهْلُهٗ حَاضِرِى الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ. [البقرة: ۱۹۶]

(۴) بہت سے حجاج کرام یہ چاہتے ہیں کہ ہم مدینہ منورہ سے حج افراد کا احرام باندھ کر جائیں گے، مگر حج کمیٹی نے ان حضرات سے بھی قربانی کا پیسہ جبری طور پر وصول کرلیا ہے اور یہ کہنا کافی نہیں ہے کہ جو لوگ حج افراد کرنا چاہتے ہیں وہ لکھ کر دے دیں، یہ کہنا صرف حاجیوں کو پریشان کرنا ہے؛ اس لئے حج کمیٹی کا یہ طریقہ شرعاً اور قانوناً دونوں اعتبار سے درست نہیں ہے۔ فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۹؍رجب ۱۴۳۶ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۴۱/۱۲۱۶۹)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۲۹/۷/۱۴۳۶ھ

حج کمیٹی کا پیشگی طور پر حاجیوں سے قربانی کی رقم وصول کرنے کی شرعی حیثیت

سوال [۵۱۰۳]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ حج میں حاجی عموماً نیا ہوتا ہے اور وہاں دھوکے باز حاجیوں سے قربانی کے نام پر دھوکہ کرتے ہیں، خود جا کر قربانی دینا بہت مشکل کام ہے؛ اس لئے حج کمیٹی آف انڈیا اس سال حاجیوں سے قربانی کے پیسے غیر اختیاری طور پر لینے کا ارادہ کر رہی ہے۔ سوال طلب مسئلہ یہ ہے کہ حج کمیٹی سے جانے والے حاجیوں میں بہت سارے مفرد ہوں گے جن پر قربانی واجب نہیں اور بہت سارے خود قربانی دینے کی صلاحیت اور خواہش رکھتے ہوں گے جو کہ افضل ہے، نیز رمی، نحر اور حلق میں عندالاحناف ترتیب واجب ہے جو اس صورت میں ناممکن ہے یا ہر حاجی کو ۱۲؍ذی الحجہ کی مغرب کے بعد حلق کرنا پڑے گا، ورنہ بے ترتیبی ہوجائے گی جو موجب دم ہے، اور باعث حرج ہے، نیز اگر حج کمیٹی قربانی نہ کرے ''الراجی بینک'' وغیرہ کے حوالہ کرے تو اور مشکل ہے؛ اس لئے کہ حنابلہ کے نزدیک تمتع کی قربانی ۱۳؍ذی الحجہ کی مغرب تک کر سکتے ہیں اور اگر انہوں نے تمتع کی قربانی ۱۳؍ذی الحجہ کو کیا تو احناف کا حج

نہیں ہوگا۔ براہ کرم تمام صورتوں کا ازروئے شرع حل فرمائیں، نیز بتائیں کہ کیا حج کمیٹی ہر حاجی سے زبردستی قربانی کے پیسے لے سکتی ہے؟ اگر لے لے تو حاجی کیا کرے؟

المستفتی: ریلائنس ووڈ انڈسٹریز، بنگلور

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: مسئلہ شرعی یہ ہے کہ حج افراد کرنے والوں پر سرے سے قربانی ہی واجب نہیں ہے اور حج تمتع اور حج قران کرنے والے پر اگرچہ قربانی واجب ہے؛ لیکن اگر وہ نادار ہو یعنی قربانی کی رقم اس کے پاس نہ ہو، تو اس کے لئے قربانی کے عوض متعین تعداد میں روزہ رکھنا کافی ہے؛ اس لئے ایسے حضرات سے جبراً قربانی کے پیسے وصول کرنے کا تو کوئی جواز ہی نہیں اور جو حضرات تمتع اور قران کریں اور ان کے پاس گنجائش بھی ہو، تو فقہ حنفی کے مفتی بہ قول کے اعتبار سے ان پر رمی، حلق اور قربانی کے اعمال کے درمیان ترتیب قائم رکھنا واجب ہے اور بلا عذر ترتیب کا خیال نہ رکھنے کی وجہ سے دم جنابت لازم ہوجاتا ہے اور بینک کے ذریعہ قربانی میں ترتیب کے بگڑنے کا غالب گمان بلکہ یقین ہے؛ اس لئے حج کمیٹی کا پیشگی طور پر بینک کے ذریعہ قربانی کی رقم کا مطالبہ کرکے ترک واجب کا راستہ کھولنا، کھلی ہوئی زیادتی ہے، اس کے خلاف مؤثر احتجاج ضروری ہے۔

فیجب في یوم النحر أربعة أشیاء: الرمي، ثم الذبح لغیر المفرد، ثم الحلق، ثم الطواف لکن لا شيء علی من طاف قبل الرمي والحلق نعم یکرہ. (درمختار، زکریا ۳/ ۵۸۸)

وإن کان معسرا لا یجد ثمن الهدي، فإنه یصوم ثلاثة أیام في الحج …… ثم یصوم سبعة أیام بعد ما مضت أیام التشریق عندنا. (هندیة، کتاب الحج، زکریا ۱/ ۲۳۹)

عن أبي حرة الرقاشي عن عمه أن رسول اللّٰه صلی اللّٰه علیه وسلم قال: لا یحل مال امرئ مسلم إلا بطیب نفس منه. (شعب الإیمان، باب

قبض اليد عن الأموال المحرمة، دارالكتب العلمية بيروت ٤/ ٣٨٧، رقم: ٥٤٩٢) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۹؍رجب ۱۴۳۶ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۴۱/ ۱۲۱۴۱)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۹/۷/۱۴۳۶ھ

کیا مکی، حلی، میقاتی کے لئے حج تمتع کی قربانی کا گوشت کھانا جائز ہے؟

سوال [۵۱۰۴]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ مکی، حلی، میقاتی باوجود منع کرنے کے پھر بھی تمتع یا قران کرتے ہیں، تو کیا وہ جو قربانی کریں گے تمتع یا قران کی اس کا گوشت وہ کھا سکتے ہیں یا نہیں؟

المستفتی: عبدالرشید سیدھا، بجنور

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: مکی یا حلی یا میقاتی منع کرنے کے باوجود حج تمتع کرتے ہیں اوراشہر حج میں میقات سے باہر جا کر عمرہ کرتے ہیں اورارکان عمرہ کی ادائے گی کے بعد گھروں میں قیام کرتے ہیں، پھر اسی سال حج بھی کر لیتے ہیں، تو ان کا حج، حجِ تمتع نہیں ہوتا ہے اوران کے اوپر کفارہ میں ایک دم دینا واجب ہوتا ہے اوراس کا گوشت کھانا خود اس کے لئے اورغنی کے لئے جائز نہیں ہے۔

أنهم صرحوا بأن عدم الإلمام شرط لصحة التمتع دون القران، ومقتضى هذا أن تمتع المكي باطل لوجود الإلمام الصحيح بين إحراميه. الخ (شامي، زكريا ٣/ ٥٦٨)

من كان داخل الميقات فهو بمنزلة المكي حتى لا يكون له متعة ولا

قران هذا راجع إلى تفسير ''حاضری المسجد الحرام'' فعندنا هم أهل مكة ومن كان داخل الميقات سواء كان بينه وبين مكة مسيرة سفر أو لم يكن.

(عناية مع الفتح، زكريا ۳/ ۱۳)

لو جمع المكي بين العمرة والحج في أشهر الحج فعليه دم لكن دم كفارة الذنب، لا دم نسك شكرا للنعمة عندنا حتى لا يباح له أن يأكل منه. (بدائع، زكريا ديوبند ۲/ ۳۸۰، شامي زكريا ۳/ ۶۲۹) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۴/ ذیقعدہ ۱۴۳۵ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۱۱/ ۴۹ ۱۱۷)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصورپوری غفرلہ
۱۴۳۵/۱۱/۲۴ھ

۹/ باب العمرة

والدین کا نابالغ اولاد کی طرف سے عمرہ کرنا

سوال [۵۱۰۵]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کیا ہم اپنے نابالغ بچوں کی جانب سے بھی بیت اللہ جاکر عمرہ ادا کرسکتے ہیں؟

المستفتی: سید رفیق ماسٹر نزد درگاہ مسجد قاضی پورہ چمن گاؤں سواجی نگر، ضلع امراؤتی

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: اگر بچے آپ کے ساتھ سفر میں موجود نہ ہوں تو جائز ہے، اس کا ثواب بھی بچوں کو ملے گا۔

إن الصبي يثاب على طاعته، وتكتب له حسنات، سواء كان مميزا أو غير مميز. (إعلاء السنن ١٠/ ٤٦١)

واستدل به بعضهم على أن الصبي يثاب على طاعته، ويكتب له حسناته، وهو قول أكثر أهل العلم. (عمدة القاري، كتاب جزاء الصيد، باب حجة الصبيان، زكريا ٧/ ٥٥٣، تحت رقم الحديث: ١٨٥٨، دار إحياء التراث العربي ١٠/ ٢١٨)

وقد قالوا: حسنات الصبي له لا لأبويه، بل لهما ثواب التعليم. (الدرمع الرد، كتاب الصلاة، باب صلاة الجنازة، زكريا ديوبند ٣/ ١١٤، كراچی ٢/ ٢١٥، حاشية الطحطاوي على مراقي الفلاح، قديم: ٣٢٢، دارالكتاب ديوبند ٥٨٧) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۶/صفر ۱۴۰۹ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۲۴/۱۱۳۵)

حالت حیض میں عورت ارکان عمرہ ادا کر کے حلال ہوگی تو دم لازم ہوگا

سوال [۵۱۰۶]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: ایک عورت اپنے شوہر کے ساتھ حج کرنے کے لئے گئی، میقات سے احرام باندھ کر مکہ پہنچ گئی اور اسے حیض آ گیا، مسئلہ معلوم نہیں تھا، اس نے سب لوگوں کے ساتھ اسی حالت میں طواف وسعی کر لی اور بال بھی کٹوا کر حلال ہوگئی، بعد میں اسے پتہ چلا کہ ماہواری کی حالت میں ارکان عمرہ ادا کرنا جائز نہیں، اب اس کی تلافی کی کیا شکل ہے؟ کیا بعد میں مقیات جا کر دوبارہ عمرہ کرنے سے دم ساقط ہو جائے گا یا دم ہی دینا لازم ہے، شریعت کا اس سلسلہ میں کیا حکم ہے؟

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: جو عورت بحالت حیض عمرہ کر کے حلال ہوگئی ہو تو اس پر ایک بکرا یا بکری بطور دم کے واجب ہوگئی اب اعادۂ عمرہ سے بھی تلافی نہیں ہوگی؛ کیوں کہ اس کا عمرہ نقصان یسیر کے ساتھ درست ہوگیا۔

فإن رجع إلى أهله قبل أن يعيد فعليه دم لترك الطهارة فيه، ولا يؤمر بالعود لوقوع التحلل بأداء الركن. (هندية، الفصل الخامس في الطواف والسعي، والرمل، ورمي الجمار، زكريا قديم ۱/ ۲۴۷، جديد ۱/ ۳۱۱، هداية أشرفيه ديوبند ۱/ ۲۷۵)

وإن رجع إلى أهله ولم يعد يصير حلالا، وعليه الدم لإدخال النقصان في طواف العمرة. (المحيط البرهاني، مكتبه رشيديه كوئٹه ۳/ ٦٥، جديد المجلس العلمي ۳/ ٤٥٤، رقم: ۳۳۷۳)

أو طاف لعمرته وسعى محدثا ولم يعد، أي تجب شاة لتركه الواجب، وهو الطهارة، ولا يؤمر بالعود إذا رجع إلى أهله لوقوع التحلل بأداء الركن مع الحلق، والنقصان يسير. (البحرالرائق، زكريا ۳/ ۳۸، كوئٹه ۳/ ۲۲)

طاف لعمرته وسعى على غير وضوء وحل وهو بمكة أعاد الطواف والسعي، وإن رجع إلى أهله ولم يعد يصير حلالا، وعليه دم. (التاتارخانية، زكريا ٣/ ٦١١، رقم: ٥١٧٤، المحيط البرهاني، المجلس العلمي ٣/ ٤٥٣، رقم: ٣٣٧٣) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۵/۱۱/۱۴۳۴ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۴۰/ ۱۱۳۱۷)

حج سے پہلے عمرہ کرنا

سوال [۵۱۰۷]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: ایک شخص کئی سال سے حج کا ارادہ رکھتا ہے؛ لیکن رقم پوری نہیں ہو پاتی ہے اور دل میں تمنا ہے کہ بیت اللہ اور مسجد نبوی اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی قبر کی زیارت کرلوں، تو اس صورت میں عمرہ کی نیت سے حج سے پہلے آدمی جاسکتا ہے یا نہیں؟ اور عمرہ اس کا ہوگا یا نہیں؟

المستفتی: سعید الرحمٰن محلّہ سرائے پختہ، مراد آباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: اگر حج فرض نہیں ہوا ہے اور عمرہ کرنا چاہتا ہے، تو حج سے قبل عمرہ کرنا بلا کراہت جائز اور درست ہے، مگر ماہ شوال سے پہلے پہلے عمرہ کر کے واپس آجانا چاہئے، ورنہ حج کر کے واپس ہونا چاہئے اور عمرہ کے لئے حج کی تقدیم شرط نہیں ہے؛ بلکہ جب چاہے عمرہ کرسکتا ہے۔

العمرة في العمر مرة سنة مؤكدة، وتحته في الشامية: وأنها لا وقت لها معين. (درمختار مع الشامية، كتاب الحج، مطلب أحكام العمرة، كراچی ٢/ ٤٧٢-٤٧٣، زكريا ديوبند ٣/ ٤٧٥- ٤٧٦)

والعمرة سنة مؤكدة في العمر -إلى- والمراد أنها سنة في العمر مرة واحدة، فمن أتى بها مرة فقد أقام السنة غير مقيد بوقت غير ما ثبت النهي عنها فيه. (مجمع الأنهر، مصري قديم ۱/ ۲۶۵، دارالکتب العلمية بيروت ۱/ ۳۹۰، وهكذا في حاشية الطحطاوي، على مراقي الفلاح، دارالکتاب ديوبند ۷۴۰) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۶؍شوال ۱۴۱۴ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۱/ ۳۶۶۰)

اشہر حج میں بار بار عمرہ کرنا

سوال [۵۱۰۸]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: حج کی نیت کرنے کے بعد عمرہ کرنے کے بعد پھر نفل عمرہ کرنا جائز ہوگا یا نہیں؟

المستفتی: خدابخش گووندپور، ۲۴؍پرگنہ

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وبالله التوفيق: حج سے پہلے اشہر حج یعنی شوال، ذیقعدہ، ذی الحجہ کے پہلے عشرہ میں بار بار عمرہ کرنا راجح اور صحیح قول کے مطابق بلا کراہت جائز اور درست ہے، اس میں کسی قسم کی قباحت نہیں؛ لہٰذا جو شخص حج کی نیت کرنے کے بعد عمرہ کر چکا ہو، اس کے لئے نفل عمرہ کرنا جائز ہے۔

ويعتمر قبل الحج ماشاء ...... ولأن العمرة جائزة في جميع السنة بلا كراهة إلا في خمسة أيام لا فرق في ذلک بين المكي والآفاقي. الخ (غنية، باب التمتع، فصل في كيفية أداء التمتع المسنون، كراچی جدید ۲۱۵، قديم: ۱۱۵)

المتمتع آفاقي غير ممنوع من العمرة، فجاز له تكرارها؛ لأنها عبادة مستقلة كالطواف. (منحة الخالق، زكريا ۲/ ۶۴۲، كوئٹه ۲/ ۳۶۶)

اتفقوا على جوازها في جميع الأيام لمن لم يكن متلبسا بأعمال الحج إلا ما نقل عن الحنفية أنه يكره في يوم عرفة، ويوم النحر، وأيام التشريق. (أوجز المسالك ٦/ ٥٨٧) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۳؍ رجب ۱۴۳۲ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۹/ ۱۰۴۵۰)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۲/ ۷/ ۱۴۳۲ھ

عمرہ کرنے کی وجہ سے حج کی فرضیت

سوال [۵۱۰۹]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: زید پر حج فرض نہیں ہے اور نہ ہی اس کو اتنی استطاعت ہے کہ وہ حج کر سکے، بہت کوشش کر کے اتنا روپیہ اکٹھا کر سکا ہے کہ انتہائی کفایت شعاری کے ساتھ خرچ کر کے عمرہ کی سعادت حاصل کر سکے، زندگی کا کوئی بھروسہ نہیں ہے فی الحال ایسے آثار بھی نہیں ہیں کہ حج کے روپئے اکٹھے کر سکے اور زیارت حرمین شریفین اور روضہ اطہر کی حاضری کی تڑپ نے دل کا چین وسکون ختم کر رکھا ہے، کیا شریعت مطہرہ ایسے حالات میں عمرہ کے لئے منع کرتی ہے؟ کیا زید پر عمرہ کرنے سے حج فرض ہو جائے گا؟ کیا زید پر عمرہ کرنے سے کوئی گناہ لاحق ہوگا؟ برائے کرم تفصیلی جواب مرحمت فرمائیں۔ والسلام

المستفتی: محمد عامر دولت باغ، مراد آباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: اگر اس پر حج فرض نہیں ہے، اور حج کی تمام شرائط نہیں پائی جاتی ہیں اور اسباب بھی اس کے پاس موجود نہیں ہیں، تو ایام حج اور اشہر حج کے علاوہ دیگر ایام میں عمرہ کرے گا تو اس پر کسی قسم کا گناہ نہیں ہوگا اور نہ ہی عمرہ کرنے کی وجہ سے اس پر حج لازم ہوگا۔ (مستفاد: ایضاح المناسک/ ۴۹)

وَلِلّٰهِ عَلَى النَّاسِ حِجُّ الْبَيْتِ مَنِ اسْتَطَاعَ اِلَيْهِ سَبِيْلاً. [آل عمران: ۹۷]

عن ابن عمر –رضي الله عنه– قال: جاء رجل إلى النبي صلى الله عليه وسلم، فقال: يا رسول الله! ما يوجب الحج؟ قال: الزاد والراحلة.

(سنن الترمذي، الحج، باب ماجاء في إيجاب الحج بالزاد والراحلة، النسخة الهندية ۱/ ۱٦۸، دارالسلام، رقم: ۸۱۳)

الحج واجب على الأحرار البالغين العقلاء الأصحاء إذا قدروا على الزاد والراحلة فاضلا عن المسكن وما لابد منه، وعن نفقة عياله إلى حين عوده. الخ (هداية، كتاب الحج، أشرفيه ديوبند ۱/ ۲۳۱-۲۳۳) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۴؍ صفر ۱۴۱۷ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۲/ ۴٦۸۳)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۱۷/۲/۲۴ھ

کیا عمرہ کی قضا ضروری نہیں؟

سوال [۵۱۱۰]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: **باب إذا حاضت المرأة بعد ما أفاضت.**

عن عائشة –رضي الله عنها– قالت: خرجنا مع النبي صلى الله عليه وسلم ولا نرى إلا الحج، فقدم النبي صلى الله عليه وسلم فطاف بالبيت، وبين الصفا والمروة ولم يحل وكان معه الهدي، فطاف من كان معه من نسائه وأصحابه وحل منهم من لم يكن معه الهدي، فحاضت هي، فنسكنا مناسكنا من حجنا، فلما كان ليلة الحصبة ليلة النفر قالت: يا رسول الله! كل أصحابک يرجع بحج وعمرة غيري، قال: ما كنت تطوفين بالبيت ليالي قدمنا قلت: بلى،قال: فاخرجي مع أخيک إلى التنعيم، فأهلي بعمرة

وموعدک مکان کذا وکذا، فخرجت مع عبدالرحمن إلی التنعیم، فأهللت بعمرة، وحاضت صفیة بنت حیي، فقال النبي صلی الله علیه وسلم: عقری حلقي إنک لحابستنا أما کنت طفت یوم النحر، قالت: بلی، قال: فلا بأس انفری فلقیته مصعدًا علی أهل مکة، وأنا منهبطة أو أنا مصعدة وهو منهبط، وقال مسدد: قلت: لاتابعه جریر عن منصور في قوله لا. (بخاري شریف، ۱/ ۲۳۷، رقم: ۱۷۲۸، ف: ۱۷۶۲)

کیا عمرہ کی قضاء ضروری نہیں؟

خلاصۂ حدیث یہ ہے کہ حجۃ الوداع کے موقع پر حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا عذر شرعی میں آگئیں، حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو جب اس کا علم ہوا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کو عمرہ کا احرام باطل کر کے حج کا احرام باندھنے کا حکم دیا، چنانچہ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے اسی حال میں حج کے سارے مناسک انجام دئے اور جب پاک ہوگئیں تو طواف زیارت کیا، حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ۱۴/ ذی الحجہ کو مدینہ واپسی کا حکم دے دیا۔ سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کو سارے واقعہ کا علم تھا اور آپ کے کہنے ہی پر حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے عمرہ کا احرام باطل کر کے حج کا احرام باندھا تھا، حضرت عائشہؓ کو کیوں عمرہ کی قضا کرنے کا حکم نہیں دیا؟ جب عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے اپنی اس خواہش کا اظہار کیا کہ لوگ تو عمرہ اور حج دونوں کر کے لوٹ رہے ہیں اور میں صرف حج کر کے لوٹ رہی ہوں، تب آپ ﷺ نے آپؓ کی خواہش کی تکمیل کے لئے آپ کے بھائی حضرت عبدالرحمٰن بن ابی بکر رضی اللہ عنہما کے ذریعہ تنعیم سے عمرہ کی تکمیل کروائی۔ اور مکہ مکرمہ سے کچھ ہی فاصلہ پر معابدہ میں حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کا انتظار فرمایا، اس واقعہ سے یہی مفہوم نکلتا ہے کہ اگر عائشہ صدیقہ خواہش نہ فرماتیں تو بغیر عمرہ کی قضا کئے مدینہ منورہ واپسی ہوتیں۔ ازراہ کرم اس اشکال کو دور فرمائیں۔

المستفتی: میر سعادت علی حیدرآبادی، مقیم حال نلگنڈہ

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: یہ بات اپنی جگہ درست ہے کہ بعض روایات میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی گزارش کے بعد ہی حضور ﷺ نے مقام تنعیم جا کر عمرہ کی قضاء کا حکم فرمایا تھا، مگراس سے یہ بات لازم نہیں آتی ہے کہ اگر حضرت عائشہؓ کی گزارش نہ ہوتی تو عمرہ کی قضا کئے بغیر مدینہ واپس ہو جاتے؛ اس لئے کہ حضرت عائشہؓ کی گزارش کے بعد حضور ﷺ کا حکم مقام محصب میں (جس کو اس زمانہ میں معابدہ کہا جاتا ہے) پیش آیا ہے، جو منی سے حرم شریف آتے وقت راستہ میں پڑتا ہے، اس سے یہ بات واضح ہوتی ہے کہ حضور ﷺ منی سے واپسی پر دوبارہ حرم شریف ابھی تک نہیں پہنچے تھے اور حرم شریف تشریف لے جا کر طواف وداع وغیرہ کرنا ابھی باقی تھا، ایسا ممکن ہے کہ حرم شریف پہنچنے کے بعد حضور صلی اللہ علیہ وسلم حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کو عمرہ کی قضا کرنے کا حکم فرما دیتے؛ لیکن ابھی حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا حکم صادر نہیں ہوا تھا کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے پیش قدمی سے گزارش فرما دی۔ سوال نامہ میں جو شبہ ظاہر کیا گیا ہے یہ شبہ اس وقت درست مانا جا سکتا تھا کہ جب حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حرم شریف پہنچ کر طواف وداع بھی کر لیا ہوتا؛ لہٰذا گہرائی سے دیکھنے کے بعد یہ شبہ نہیں ہونا چاہئے اور مقام محصب اور مقام معابدہ منی سے حرم شریف آنے کے راستہ میں ہے، مدینہ کے راستہ پر نہیں ہے؛ اس لئے یہ شبہ بھی نہیں ہونا چاہئے کہ طواف وداع کے بعد مدینہ جاتے وقت مدینہ کے راستہ پر انتظار کیا ہو، نیز یہ بات متعین ہے کہ مقام محصب میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم فرمایا؛ لیکن روایات دونوں طرح کی ہیں، بعض روایات میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی گزارش کے بعد حکم ہے۔ اور دیگر بعض روایات میں حضرت عائشہؓ کی گزارش کے بغیر حضور ﷺ کا حکم فرمانا ثابت ہے، جیسا کہ بخاری شریف ۱/۲۱۲/ پر دونوں طرح کی روایات موجود ہیں، ملاحظہ ہو: (حدیث: ۱۵۳۶-۱۵۳۷، ف: ۱۵۶۰-۱۵۶۱) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ	الجواب صحیح:
۱۲/رجب ۱۴۳۰ھ	احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۸/ ۹۷۶۵)	۱۲/۷/۱۴۳۰ھ

۱۰/ باب الحج عن الغير

حج بدل کی ادائے گی کا طریقہ

سوال [۵۱۱۱]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: اگرہم دوسرا حج کررہے ہیں تو اپنے والدین کے نام سے حج کرنے میں ہمیں کیا ارکان ادا کرنے ہوں گے؟ اور قربانی کا کیا حکم ہے؟ قربانی کرنا ہمارے اوپر لازم ہے یا نہیں؟

المستفتی: اہلیہ حاجی محمد اکرم شمسی طویلہ مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وبالله التوفيق: حج بدل کے ارکان وہی ہیں جو اصل حج کے ہیں؛ البتہ والدین کی طرف سے حج بدل کرنے کی صورت میں احرام باندھتے وقت ان کی طرف سے حج بدل کی نیت کی جائے، اس طرح زبان سے نیت کرنا کہ میں اپنے والد یا والدہ کی طرف سے احرام باندھ رہا ہوں تو بہتر ہے، اور حج بدل میں اگر حج تمتع کیا جارہا ہے تو قربانی کرنا بھی واجب ہوتا ہے اور یہ قربانی حج کرنے والا اپنے نام سے کرے گا، والد یا والدہ کے نام سے نہیں کرے گا۔ (مستفاد: انوار مناسک/۵۴۳)

نية الحج عن المحجوج عنه عند الإحرام وتعيينه قبل الشروع فی الأعمال، فلو قال بلسانه: أحرمت عن فلان أو لبيک بحجة عن فلان، فهو أفضل. (غنية، باب الحج عن الغير، کراچی جديد ۳۲۵، قديم مکتبه خيريه ميرٹھ ۱۷۴)

ومنها: نية المحجوج عنه عند الإحرام؛ لأن النائب يحج عنه لا عن نفسه، فلا بد من نيته، والأفضل أن يقول بلسانه: لبيک عن فلان، کما إذا حج عن نفسه. (بدائع الصنائع، زکريا ۲/ ۴۵۶، کراچی ۲/ ۲۱۳، هندية، قديم زکريا ۱/ ۲۵۷، جديد زکريا ۱/ ۳۲۱)

ودم القران والتمتع والجناية على الحاج المأمور. (درمختار کراچی ۲/ ٦١٠، زکریا ٤/ ٣٢) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲/۱۱/۱۴۲۱ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۹/ ۱۰۱۹۵)

حج بدل کا آسان طریقہ

سوال [۵۱۱۲]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: حج بدل کرنے کا صحیح وآسان طریقہ کیا ہے مطلع فرمائیں؟

المستفتی: عبدالکریم الہ آباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: حج بدل کا صحیح اور آسان طریقہ یہ ہے کہ جس کی طرف سے حج کیا جارہا ہے وہاں سے سفر کا خرچ ادا کرے اور حج افراد کیا جائے اور ایسے شخص کو وکیل بنائے جو اپنا حج کر چکا ہو، ورنہ مکروہ ہے۔ (مستفاد: انوار مناسک/۵۵۲)

والأفضل أن يكون الحاج عن الغير قد حج مرة، يكون عالما بطريق الحج وأفعاله، وأن يكون حرا بالغا عاقلا. (البحر العميق، الباب الثامن عشر في الحج عن الغير، الفصل الأول، المكتبة المكية ٤/ ٢٢٦٩، وهكذا في الهندية قديم ١/ ٢٥٧، جديد زكريا ١/ ٣٢٢، البحرالرائق كوئٹه ٣/ ٦٩، زكريا ديوبند ٣/ ١٢٣)

والحق أنها تنزيهة على الآمر لقولهم والأفضل الخ، تحريمية على الصرورة المأمور الذي اجتمعت فيه شروط الحج، ولم يحج عن نفسه؛ لأنه أثم بالتأخير. (شامي، باب الحج عن الغير، مطلب في الحج الصرورة، زكريا ديوبند ٤/ ٢١، كراچى ٢/ ٦٠٣، الموسوعة الفقهية الكويتية ٢٧/ ٦، البحرالرائق، قبيل باب الهدي، كوئٹه ٣/ ٧٠، زكريا ديوبند ٣/ ١٢٣) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۹ر رمضان ۱۴۱۲ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۲۸/ ۲۸۴۲)

حج بدل کرنے کا حکم

سوال [۵۱۱۳]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: سید غضنفر علی کی والدہ کافی ٹائم پہلے انتقال فرما چکیں ہیں، ان کا حج بدل کرنا چاہتا ہوں، دریافت طلب امر یہ ہے کہ حج بدل کا طریقہ کیا ہے اور شرائط کیا ہیں؟ تفصیلی جواب سے آگاہ فرمائیں۔

المستفتی: عبدالواحد قاسمی، مدرس مدرسہ شاہی مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: حج بدل کا پورا خرچ آمر پر لازم ہے اور حج بدل کرنے والا آمر کے گھر سے یا اس کے وطن سے حج کے لئے سفر شروع کرے گا اور بوقت احرام آمر کی طرف سے حج کی نیت کرے گا اور ارکان حج حج بدل میں وہی ہوتے ہیں جو حج ذاتی میں ہوتے ہیں، بس نیت آمر کی طرف سے کی جائے اور عام حاجیوں کی طرح حج کیا جائے، کوئی الگ طریقہ نہیں ہے۔

وإذا أوصی أن یحج عنه، حج عنه علی ما ذکرنا؛ لکن من بلده الذي یسکنه؛ لأن الوصیة تنصرف إلی ما فرض اللہ تعالیٰ علیه، وهو الحج من بلده. (المسالك فی المناسك، فصل في الوصیة بالحج، دارالبشائر الإسلامیه ۲/ ۹۰۵)

أن یحج عنه من وطنه إن اتسع الثلث، وإلا فمن حیث یبلغ. (شامي، کتاب الحج، باب الحج عن الغیر، زکریا دیوبند ٤/ ۱۷، کراچی ۲/ ٦۰۰)

ومنها نیة المحجوج عنه عند الإحرام، والأفضل أن یقول بلسانه: لبیك عن فلان. (هندیة، الباب الرابع عشر في الحج عن الغیر زکریا قدیم دیوبند ۱/ ۲۵۷، جدید ۱/ ۳۲۱، وهکذا في بدائع الصنائع کراچی ۲/ ۲۱۳، زکریا ۲/ ٤٥٦، غنیة الناسك، کراچی جدید ۳۲۵، قدیم مکتبه خیریه میرٹھ ۱۷٤)

ذهب الفقهاء إلى أنه يشترط النية عن المحجوج عنه عند الإحرام؛ لأن النائب يحج عنه لا عن نفسه، فلابد من نيته، والأفضل أن يقول بلسانه: لبيك عن فلان. (الموسوعة الفقهية الكويتية ٢ ٤ / ٣ ٤) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۶/ ذیقعدہ ۱۴۱۱ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۲۷/ ۲۴۴۵)

کیا حج بدل کرنے والے کا اپنا حج ادا ہو جائے گا؟

سوال [۵۱۱۴]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: حج بدل کے بارے میں براہ کرم تفصیلاً وضاحت فرمائیں، اگر حج بدل کرنے والے نے اپنا حج نہ کیا ہو اور کسی کی طرف سے کر رہا ہو تو اس کا اپنا حج اس حج بدل سے ادا ہوگا یا نہیں؟ براہ کرم علت بھی بتائیں کہ اگر اس کا حج فرض ادا نہیں ہوگا تو کیوں؟ (خواہ اپنے حج کی نیت کرے خواہ نہ کرے، دونوں صورت میں کیا حکم ہے؟) کیا اپنے حج کی اور جس کی طرف سے حج بدل کر رہا ہے دونوں کی نیت ایک ساتھ کرنا جائز ہے؟

المستفتی: شیخ عبدالکریم، ممبئی

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: حج بدل کرنے والے کا اس کا اپنا حج ادا نہ ہوگا؛ بلکہ جو حج بدل کرا رہا ہے اس کی جانب سے ادا ہوگا اور علت یہ ہے کہ حج بدل کرنے والے کے لئے شرط ہے کہ وہ آمر کی جانب سے حج ادا کرنے کی نیت کرے، تو اگر اس کا اپنا حج قرار دیا جائے تو نیابت کی شرط مفقود ہو جائے گی؛ اس لئے حج بدل آمر ہی کی جانب سے ادا ہوگا، اپنے اور آمر دونوں کی جانب سے حج کرنے کی نیت کرنا درست نہیں ہے؛ بلکہ آمر ہی کی جانب سے حج کرنے کی نیت کرنا ضروری ہے۔

فقال بعضهم: إن أصل الحج يقع عن المحجوج عنه، وبذلک تشهد الأخبار الواردة في الباب، منها حديث الخثعمية المتقدم، فإنها قالت: أفأحج عنه؟ فقال صلى الله عليه وسلم: نعم، وفي رواية حجي عن أبيک، وفي رواية قال: نعم، فأدي عن أبيک، وقوله صلى الله عليه وسلم للسائل: حج عن أبيک أمرهما بالحج عن أبيهما، فلو لا أن حجهما يقع عن أبيهما لما أمرهما بالحج عنه -إلى- ولو لم يقع نفس الحج عنه لكان لا يحتاج إلى نيته، وهذا القول هو المذكور في الأصل كما قال صاحب البدائع وغيره، وهو ظاهر الرواية، كما قال في الكفاية: وهو ظاهر المذهب أيضا، كما قال صاحب الهداية: وهو الصحيح من المذهب.

(البحرالعمیق، المکتبة المکیة ٤/ ٢٢٥٢-٢٢٥٣)

ويقع الحج المفروض عن الآمر على الظاهر من المذهب. (درمختار مع الشامي، کتاب الحج، باب الحج عن الغیر، کراچی ۲/ ٦٠٢، زکریا ٤/ ٢٠)

وأنه لابد من أن ينويه عن الآمر. (البحرالرائق، کوئٹه ٣/ ٦٢، زکریا ٣/ ١١٠)

والدليل عليه أن الحاج يحتاج إلى نية المحجوج عنه كذا الإحرام، ولو لم يقع نفس الحج عنه لكان لا يحتاج إلى نيته. (بدائع الصنائع، کراچی ٢/ ٢١٢، زکریا ٢/ ٤٥٥) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۶/ ربیع الثانی ۱۴۲۵ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۷/ ۸۳۳۶)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۶/ ربیع الثانی ۱۴۲۵ھ

حج بدل کس سے کرائیں؟

سوال [۵۱۱۵]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے

بارے میں: کیا حج بدل کرنے کے لئے وہی شخص جا سکتا ہے جو پہلے سے حاجی ہو، غیر حاجی جس کے اوپر حج فرض نہیں ہے وہ حج بدل کر سکتا ہے کہ نہیں؟

المستفتی: عبدالوحید مہراج گنج

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: حج بدل ایسے آدمی سے کرانا افضل اور بہتر ہے جس نے اپنا حج فرض ادا کرلیا ہے۔ اور جس پر حج فرض نہیں ہوا ہے اور کبھی حج نہیں کیا ہے، اس کے ذریعہ سے کرانا خلاف اولیٰ ہے۔ (مستفاد: ایضاح المناسک/ ۱۷۰، جواہر الفقہ ۱/ ۵۰۷)

الأفضل أن يكون قد حج عن نفسه؛ لأنه بالحج عن غيره يصير تاركا إسقاط الفرض عن نفسه، فيتمكن في هذا الإحجاج ضرب كراهة؛ ولأنه إذا كان حج مرة كان أعرف بالمناسک، وهو أبعد عن محل الخلاف، فكان أفضل. (البحرالعميق، الباب الثامن عشر فى الحج عن الغير، الفصل الأول، المكتبة المكية ٤/ ٢٢٦٧-٢٢٦٨، بدائع الصنائع كراچى ٢/ ٢١٣، زكريا ٢/ ٤٥٧، بيروت ٣/ ٣٧٤، كذا في الهندية ١/ ٢٥٧، جديد زكريا ١/ ٣٢٢، البحرالرائق كوئٹه ٣/ ٦٩، زكريا ٣/ ١٢٣، الموسوعة الفقهية الكويتية ٢٧/ ٦، ٤٢، ٣٥) **فقط واللّٰہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۹/۱۰/۱۴۲۰ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۴/ ۶۳۴۶)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۲۹/۱۰/۱۴۲۰ھ

کیا حج بدل کرنے والے کے لئے حاجی ہونا شرط ہے؟

سوال [۵۱۱۶]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ حج بدل کے لئے حاجی ہونا ضروری ہے یا نہیں؟

المستفتی: محمد حنیف پیرزادہ، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: حج بدل میں مامور کا اپنا حج کیا ہوا ہونا ضروری نہیں ہے؛ بلکہ بہتر ہے؛ البتہ اگر مامور پر حج فرض ہو تو اس کے لئے حج بدل مکروہ تحریمی ہے، مگر آمر کے لئے مکروہ تنزیہی ہے۔

قال في الشامية: قال في البحر: والحق أنها تنزيهية على الآمر لقولهم: والأفضل الخ تحريمية على الصرورة المأمور الذي اجتمعت فيه شروط الحج، ولم يحج عن نفسه؛ لأنه أثم بالتأخير. (شامي، باب الحج عن الغير، مطلب في حج الصرورة، زكريا ديوبند ٤/ ٢١، كراچی ٢/ ٦٠٣، البحرالرائق، قبيل باب الهدي، كوئٹه ٣/ ٧٠، زكريا ديوبند ٣/ ١٢٣، الموسوعة الفقهية الكويتية ٢٧/ ٦)

فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۴۲۰/۴/۷ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۶۱۰۲/۳۴)

غیر حاجی سے حج بدل کرانا

سوال [۵۱۱۷]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: زید مالدار آدمی ہے حج اس پر فرض ہوگیا وہ خود حج کو نہ جا کر اپنا حج بدل کرا سکتا ہے؟ حج بدل کے لئے کسی بھی شخص کو بھیج سکتا ہے، کیا جس کو حج بدل کے لئے منتخب کیا جائے گا اس کا پہلے سے حاجی ہونا ضروری ہے یا کسی غیر حاجی کو بھی حج بدل کے لئے بھیج سکتے ہیں؟

المستفتی: ذاکر قریشی اصالت پورہ، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: زید کے اوپر خود حج کرنا فرض ہے، بلا عذر شرعی

حج بدل کرانے سے فرض ذمہ سے ساقط نہ ہوگا۔ اور اگر عذر شرعی مثلاً سخت بڑھاپے یا دائمی بیماری وغیرہ کی وجہ سے سفر کی طاقت نہ ہو تو حج بدل کرانا درست ہے اور اس کے لئے ایسے آدمی کو بھیجنا افضل ہے جو پہلے سے حاجی ہو غیر حاجی کو بھیجنا مکروہ تنزیہی ہے۔

وإن كان عاجزا عجزا مستمرا لا يرجي زواله جاز عند أبي حنيفة رضى الله عنه، وإن كان عجزا يرجى زواله على ما ذكرنا فى فصل سقوط الحج بالأعذار، لا يجوز أن يحج عنه حجة الإسلام. (المسالك فى المناسك، فصل في حج الإنسان عن غيره، دارالبشائر الإسلاميه ٢/ ٨٧، وهكذا في مناسك ملا علي قاري كراچى ٤٣٥)

والأفضل للناس إذا أراد أن يحج رجلا عن نفسه أن يحج رجلا قد حج عن نفسه، ومع هذا لو أحج رجلا لم يحج عن نفسه حجة الإسلام، يجوز عندنا. (هندية، الباب الرابع عشر فى الحج عن الغير، زكريا ١/ ٢٥٧، جديد زكريا ١/ ٣٢٢، وهكذا في البحر العميق، المكتبة المكية ٤/ ٢٢٦٩، البحرالرائق، كوئٹه ٣/ ٦٩، زكريا ٣/ ١٢٣)

والحق أنها تنزيهية على الآمر تحريمية على الصرورة المأمور الذي اجتمعت فيه شروط الحج، ولم يحج عن نفسه؛ لأنه أثم بالتأخير. (البحرالرائق، قبيل باب الهدي كوئٹه ٣/ ٧٠، زكريا ٣/ ١٢٣، شامي، زكريا ٣/ ٢١، كراچى ٢/ ٦٠٣، الموسوعة الفقهية ٢٧/ ٦)

تقبل النيابة عند العجز فقط، لكن بشرط دوام العجز إلى الموت.

(الدرمع الرد، كتاب الحج، باب الحج عن الغير، كراچى ٢/ ٥٩٨، زكريا ديوبند ٤/ ١٤)

فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۹/۷/۱۴۱۵ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۱/ ۴۰۸۹)

حج بدل کے لئے کہاں سے جانا شرط ہے؟

سوال [۵۱۱۸]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: جس کی طرف سے حج بدل کیا جائے، حج بدل کے واسطے جانے والے شخص کے لئے اسی جگہ سے جانا ضروری ہے یا کسی جگہ سے بھی جا سکتا ہے، حج بدل کرنے والا شخص افراد،قران، تمتع میں سے کس کی نیت کرے؟

المستفتی: محمد اکرام بنگال

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: جس کی طرف سے حج بدل کیا جا رہا ہے وہ جہاں رہتا ہے وہاں سے حج بدل کے لئے جانا اور وہاں سے سفر کا خرچ ادا کرنا لازم ہے۔ (مستفاد: احسن الفتاوی ۴/ ۵۱۹)

ويحج عنه من بلده الذي يسكنه؛ لأن الحج مفروض عليه من بلده. الخ (بدائع الصنائع، كتاب الحج، بيان حكم فوات الحج عن العمرة، زكريا ديوبند ٢/ ٤٧٠، كراچی ٢/ ٢٢٢، وهكذا فی مناسك لملا علي قاري، كراچی ٤٤٠، شامي، كراچی ٢/ ٦٠٠، زكريا ٤/ ١٧، البحر العميق، المكتبة المكية ٤/ ٢٣٦٦، الموسوعة الفقهية الكويتية ٤٢/ ٤٦، المسالك في المناسك، دارالبشائر الإسلامية ٢/ ٩٠٥)

اور حج بدل میں حج افراد ہی اصل ہے؛ البتہ اگر آمر کی طرف سے تمتع یا قران کی اجازت ہے، تو تمتع یا قران بھی کرسکتا ہے اور دم شکر کا خرچ بھی آمر برداشت کرے گا۔ اور اس زمانہ میں عموماً آمر کی طرف سے اجازت ہوتی ہے۔ (مستفاد: احسن الفتاوی ۴/ ۹۱۳)

إذا أمر غيره بأن يحج عنه ينبغي أن يفوض الأمر إلى المأمور، فيقول: حج عني بهذا المال كيف شئت، إن شئت حجة، وإن شئت حجة

وعمرة، وإن شئت قرانا. (قاضي خان على الهندية، زكريا ١/ ٣٠٧، جديد ١/ ١٨٧، وهكذا في غنية الناسك جديد كراچى ٣٤٣، مكتبه خيريه ميرٹھ ١٨٤) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ

۱۴۱۵/۱۰/۲۳ھ

(الف فتویٰ نمبر: ۳۱/ ۴۱۸۱)

سعودی میں مقیم شخص سے حج بدل کرانے کی صورت میں سفر خرچ کا حکم

سوال [۵۱۱۹]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: زید اپنے مرحوم چچا کا حج بدل کروانا چاہتا ہے، اس کی کیا نوعیت ہے؟ اگر ہم اپنے ایک عزیز سے کروائیں جو کہ سعودی عرب میں ملازمت کرتے ہیں، تو ان کو سفر حج بھی ادا کرنا لازم ہے یا نہیں؟ اور آمد ورفت کا خرچ وغیرہ بھی یا نہیں؟

المستفتی: قاری فراست علی، مغل پورہ، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: اگر مرحوم نے حج بدل کی وصیت کی ہے اور ان کے ثلث ترکہ میں گنجائش ہے، تو وطن سے حج بدل کروانا ضروری ہے، آمد ورفت کا پورا خرچ ادا کرنا لازم ہوگا۔ اور اگر ثلث مال میں وطن سے حج کرنے کی گنجائش نہیں ہے، تو ثلث مال کے ذریعہ سے جہاں سے خرچ پورا ہوسکتا ہے وہاں سے کروانا ضروری ہے، گنجائش ہوتے ہوئے سعودی عرب میں رہنے والے کے ذریعہ سے حج بدل جائز نہ ہوگا۔ (مستفاد: احسن الفتاویٰ ۴/ ۵۱۹)

الثامن أن يحج عنه من وطنه إن اتسع الثلث، أي ثلث مال الميت، وإن لم يتسع أي الثلث يحج عنه من حيث يبلغ أى استحسانا. (مناسك ملا علي قاري، باب الحج عن الغير، فصل في شرائط جواز الاحجاج، كراچى ٤٤٠، وهكذا في الشامي، كراچى ٢/ ٦٠٠، زكريا ٤/ ١٧)

ومنها: أن يحج من بلده الذي يسكنه؛ لأن الحج مفروض عليه من بلده، فمطلق الوصية تنصرف إليه، ولهذا روي ابن رستم عن محمد في خراساني أدركه الموت بمكة، فأوصى بأن يحج عنه، يحج عنه من خراسان –إلى– هذا إذا كان ثلث ماله يكفي لذلک، أما إذا كان لا يكفي فمن حيث يبلغ. (البحر العميق، الباب الثامن عشر في الحج عن الغير، الفصل الثاني، المكتبة المكية ٤/ ٢٣٦٦)

ويحج عنه من بلده الذي يسكنه؛ لأن الحج مفروض عليه من بلده، فمطلق الوصية ينصرف إليه –إلى– هذا إذا كان ثلث المال يبلغ أن يحج عنه من بلده حج عنه، فإن كان لا يبلغ يحج من حيث يبلغ استحسانا. (بدائع الصنائع، کراچی ٢/ ٢٢٢، زكريا ٢/ ٤٧٠، وهكذا في المسالك في المناسك، فصل في الوصية بالحج، دار البشائر الإسلامية ٢/ ٩٠٥، الموسوعة الفقهية الكويتية ٤٢/ ٤٦) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
یکم رمضان ۱۴۱۴ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۱/ ۳۵۷۵)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
یکم رمضان ۱۴۱۴ھ

حج کے لئے بینک میں جمع شدہ روپئے کا انتقال کے بعد کیا کیا جائے؟

سوال [۵۱۲۰]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ مسمی خلیل احمد نے فریضہ حج ادا کرنے کے لئے بذریعہ ہوائی جہاز درخواست دی اور اسی سلسلے میں بینک میں روپیہ جمع کیا، اچانک ۱۱/ جون ۱۹۸۹ء کو خلیل احمد صاحب کا انتقال ہوگیا، مرحوم نے اپنے انتقال پر اپنی ایک بیوہ مسماۃ خاتون بیگم اور پسران ودختران جن میں سے کسی کی بھی شادی نہیں ہوئی اپنے جائز ورثاء چھوڑے، مرحوم نے فریضۂ حج ادا کرنے

کے لئے بذریعہ ہوائی جہاز جو روپیہ جمع کیا تھا، اس روپیہ کا استعمال شریعت کی روشنی میں کس طرح کیا جائے؟ آیا وہ روپیہ دختران کی شادی میں خرچ کیا جاوے یا اس سے حج بدل کرنا ضروری ہے؟ جواب سے مطلع فرمائیں۔

المستفتی: خلیق احمد ولد خلیل احمد مرحوم

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: اگر مرحوم نے حج بدل کرنے کی وصیت کی ہے، تو ثلث ترکہ سے حج بدل کرنا واجب ہوتا ہے اور اگر مرحوم نے حج بدل کے لئے کوئی وصیت نہیں کی ہے تو ورثاء پر حج بدل کرانا واجب نہیں ہے؛ بلکہ جمع شدہ تمام رقوم شرعی ورثاء کے درمیان حسب حصص شرعی تقسیم ہوجائے گی، اگر تمام ورثاء بالغ ہیں تو ان سب کی تراضی سے جمع شدہ رقم کو دختران کی شادی میں خرچ کیا جاسکتا ہے، ورنہ ہر وارث کو اس کا حصہ دینا لازم ہوتا ہے۔

لو دفع إلى رجل مالا ليحج به عنه، فأهل بحجة، ثم مات الآمر، فلورثته أن يأخذوا ما بقي من المال معه، ويضمنونه ما أنفق بعد موته؛ لأن نفقة الحج كنفقة ذوي الأرحام تبطل بالموت. (شامي، كتاب الحج، باب الحج عن الغير، زكريا ديوبند ٤/ ٣٥، كراچی ٢/ ٦١٣، المبسوط للسرخسي، دارالكتب العلمية بيروت ٤/ ١٤٧، البحرالرائق، كوئٹه ٣/ ٦٨، زكريا ديوبند ٣/ ١٢١)

من وجب عليه الحج، ولم يحج حتى مات، فأوصى بأن يحج عنه، حج عنه من ثلث ماله، فإن لم يوص بذلک وتبرع عنه ورثته وهو من أهل التبرع جاز. (البحرالعميق، الباب الثامن عشر في الحج عن الغير، الفصل الثاني، المكتبة المكية ٤/ ٢٣٥١، وهكذا في المسالك في المناسك، دارالبشائر الإسلاميه ٢/ ٨٨٨) **فقط واللّٰہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۶/ ذیقعدہ ۱۴۰۹ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۲۵/ ۱۴۹۱)

قرض خواہ کا قرض دار کو حج بدل کے لئے لے جانا

سوال [۵۱۲۱]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: زید قرض دار ہے، زبیر قرض خواہ ہے، زبیر زید کو اپنے ساتھ حج بدل کے لئے لے جانا چاہتا ہے، زید مقروض ہے اور خود کفیل نہیں ہے، زبیر اپنے ساتھ زید کو حج کرانے کے لئے لے جانا چاہتا ہے۔ دریافت طلب امر یہ ہے کہ کیا زبیر اپنی خوشی سے اپنے ساتھ زید کو حج کے لئے لے جاسکتا ہے؟ اور کیا زید کا حج کے لئے جانا صحیح ہے؟ امید ہے کہ جواب جلد عنایت فرمائیں گے۔

المستفتی: محمد افضل نوریک ایجنسی، مہاراشٹر

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: اگر زبیر اپنے خرچ سے زید کو اپنے ساتھ حج بدل کے لئے لے جانا چاہتا ہے، تو ایسی صورت میں زید کے لئے زبیر کے ساتھ حج بدل کو جانا جائز ہے، اس سے زید کا حج بدل ادا ہو جائے گا، البتہ ایسا مقروض اور غریب آدمی کے ذریعہ سے حج بدل کرانا مکروہ ہے۔ (البحر العمیق ۴/ ۲۲۶۷-۲۲۶۹)

اور زبیر کے قرض کا حق اپنی جگہ برقرار رہے گا، اس حق سے سبکدوشی اسی وقت حاصل ہوگی کہ جب زبیر معاف کردے یا زید ادا کردے۔

الحق شيء ثبت لا يبطل بالتأخير ولا بالكتمان. الخ (قواعد الفقه، أشرفي ديوبند، ص: ۷۷، رقم:) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۶/ ربیع الاول ۱۴۱۹ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۳/ ۵۶۷۵)

کیا داماد اپنے پیسوں سے مرحوم سسر کی طرف سے حج بدل کرسکتا ہے؟

سوال [۵۱۲۲]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: داماد اپنے پیسوں سے مرحوم سسر کی طرف سے حج بدل کرسکتا ہے یا نہیں؟

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: اگر داماد نے اپنا حج فرض ادا کرلیا ہے، تو پھر مرحوم سسر کی جانب سے تبرعاً اپنے پیسہ کے ذریعہ حج کرنا شرعاً جائز ہے۔ اور اگر اپنا حج فرض نہیں کیا ہے، تو پھر سسر کی جانب سے حج کرنے کی اجازت نہیں؛ بلکہ پہلے اپنا ذاتی حج کرنا لازم ہے۔

وَلِلّٰهِ عَلَى النَّاسِ حِجُّ الْبَيْتِ مَنِ اسْتَطَاعَ اِلَيْهِ سَبِيْلًا. [آل عمران: ۹۷]

وأن لا يجب في العمر إلا مرة، كذا في محيط السرخسي، وهو فرض على الفور، وهو الأصح، فلا يباح له التأخير بعد الإمكان إلى العام الثاني. (هندية، قديم زكريا ديوبند ۱/ ۲۱۶، جديد ۱/ ۲۸۰، وهكذا في الشامي، زكريا ۳/ ۴۵۴، كراچى ۲/ ۴۵۶-۴۵۷، حاشية الطحطاوي على مراقي الفلاح، قديم، ص: ۳۹۶، دارالكتاب ديوبند، ص: ۷۲۶-۷۲۷) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲/ ذیقعدہ ۱۴۲۱ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۵/ ۶۹۲۷)

حج بدل کن لوگوں کی طرف سے کیا جاسکتا ہے؟

سوال [۵۱۲۳]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: زید کے والدین پر حج فرض ہے، پیسہ بھی کافی ہے، مگر غفلت اور بخل کی وجہ سے حج کے لئے نہیں جاتے، زید سعودیہ میں رہتا ہے، زید یہ چاہتا ہے کہ اپنے والدین کی طرف سے

حج کرلے، امسال والدصاحب کی طرف سے آئندہ سال والدہ کی طرف سے۔ اور والدین نے بھی اجازت دے دی ہے، معلوم یہ کرنا ہے کہ زید کا اس طرح اپنے والدین کی طرف سے حج بدل کرنا صحیح ہے؟ کیا والدین اپنے فریضۂ حج سے سبکدوش ہوجائیں گے، جب کہ والدین صحت مند بھی ہیں، پیسہ بھی ہے؟

المستفتی: محمداسجد سیڈھوی، واردحال ریاض سعودیہ

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: جب زید کے والدین صحت مند، ذی استطاعت اور خود حج کرنے پر قادر ہیں، تو ان پر خود حج فرض ادا کرنا لازم ہے، بیٹے یا کسی اور کے لئے ان کی طرف سے حج بدل کرنا درست نہ ہوگا۔ (مستفاد: انوارمناسک/۵۲۱)

وإن كان عاجزا، عجزا مستمرا لايرجي زواله جاز عند أبي حنيفة رضي الله عنه، وإن كان عجزا يرجى زواله على ما ذكرنا في فصل سقوط الحج بالأعذار لا يجوز أن يحج عنه حجة الإسلام. (المسالك في المناسك، فصل في حج الإنسان عن غيره، دارالبشائر الإسلامية ٢/ ٨٨٧)

الثاني: العجز المستدام من وقت الإحجاج إلى وقت الموت، أي فإن زال قبل الموت لم يجز حج غيره عنه فرضا. (مناسك ملا علي قاري، باب الحج عن الغير، فصل في شرائط جواز الإحجاج، كراچى ٤٣٥)

اعلم أن من شرائط الحج أداء من عليه الحج بنفسه حال قدرته على الأداء بنفسه، فلا يجوز استنابة غيره مع قدرته على الحج بنفسه. (البحر العميق، الباب الثامن عشر في الحج عن الغير، الفصل الأول، المكتبة المكية ٤ / ٢٢٣٩)

فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیراحمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۰/۱۱/۱۴۳۱ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۹/۱۰۳۰۳)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصورپوری غفرلہ
۱۱/۱۱/۱۴۳۱ھ

کیا حاجی زندہ یا مردہ عورت کا حج بدل کرسکتا ہے؟

سوال [۵۱۲۴]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: ایک شخص حاجی کسی غیر بوڑھی زندہ یا مردہ عورت کا حج بدل کرسکتا ہے یا نہیں؟ از روئے شرع دریافت طلب یہ بات ہے، جواب باصواب سے نوازا جائے۔

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: اگر ایسی بوڑھی عورت ہے جس کو از خود حج کرنے کی ہمت نہیں ہے، تو اس کی طرف سے وکیل بن کر اپنا حج کیا ہوا آدمی حج بدل بلا کراہت کرسکتا ہے، اسی طرح میت کی طرف سے بھی حج بدل جائز ہے۔

عن ابن عباس –رضي الله عنهما– قال: جاء ت امرأة من خثعم عام حجة الوداع، قالت: يا رسول الله! إن فريضة الله على عباده في الحج أدركت أبي شيخا كبيرا، لا يستطيع أن يستوي على الراحلة، فهل يقضي عنه أن أحج عنه؟ قال: نعم. (صحيح البخاري، باب الحج عمن لا يستطيع الثبوت على الراحلة، النسخة الهندية ١/ ٢٥٠، رقم: ١٨١٦، ف: ١٨٥٤)

عن ابن عباس –رضي الله عنهما– أن امرأة من جهينة جاء ت إلى النبي صلى الله عليه وسلم، فقالت: إن أمي نذرت أن تحج فلم تحج حتى ماتت، أ فأحج عنها؟ قال: نعم حجي عنها، أرأيت لو كان على أمك دين أكنت قاضية؟ اقضوا الله، فالله أحق بالوفاء. (صحيح البخاري، باب الحج والنذور عن الميت، والرجل يحج عن المرأة، النسخة الهندية ١/ ٢٥٠، رقم: ١٨١٥، ف: ١٨٥٢)

تقبل النيابة عند العجز فقط، لكن بشرط دوام العجز إلى الموت؛ لأنه فرض العمر حتى تلزم الإعادة لزوال العذر، وبشرط نية الحج عنه، أي

عن الآمر . الخ (الدرالمختار، کتاب الحج، باب الحج عن الغیر، زکریا دیوبند ٤/ ١٤، ١٥) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲/ رجب المرجب ۱۴۰۹ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۲۵/ ۱۳۰۸)

مرحوم ماں کی طرف سے بیٹے کا حج فرض ادا کرنا

سوال [۵۱۲۵]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: ایک عورت کے ذمہ حج فرض تھا؛ لیکن حج کرنے سے پہلے ہی اس کا انتقال ہوگیا، اب اگر اس کا لڑکا اس کی طرف سے اسی کے مال سے حج ادا کرے تو حج کی فرضیت اس عورت کے ذمہ سے ساقط ہوگی یا نہیں؟ مدلل جواب باصواب سے نوازیں۔

المستفتی: محمد ابراہیم تائی کوٹا، آسام

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: مذکورہ عورت پر جب حج فرض ہوگیا ہے اور ادائے حج سے پہلے وفات ہوگئی ہے اور اس کا لڑکا اس کی طرف سے حج بدل کرنا چاہتا ہے، تو اس کے لئے جائز ہے کہ ماں کے مال سے ماں کی طرف سے حج بدل کرے اور اس سے ماں کے حج کی فرضیت ادا ہو جائے گی؛ لیکن یہ لحاظ ضروری ہے کہ جس مال سے حج کرے گا وہ ترکہ کے ایک تہائی سے زائد نہ ہو، ہاں البتہ اگر تمام وارثین ماں کی طرف سے حج بدل کرانے پر راضی ہیں تو ایک تہائی کی قید کے بغیر ماں کے مال سے حج بدل کرنا جائز ہے۔ (مستفاد: معلم الحجاج/ ۲۸۲، زبدۃ المناسک/ ۴۴۹، احسن الفتاوی ۴/ ۵۳۲)

عن ابن عباس –رضي اللّٰه عنهما– أن امرأة من جهينة جاء ت إلى النبي صلى اللّٰه عليه وسلم، فقالت: إن أمي نذرت أن تحج فلم تحج حتى

ماتت، أ فأحج عنها؟ قال: حجي عنها، أرأيت لو كان على أمك دين أكنت قاضية؟ اقضوا الله، فالله أحق بالوفاء. (صحيح البخاري، كتاب جزاء الصيد، باب الحج والنذور عن الميت، والرجل يحج عن المرأة، النسخة الهندية ١/ ٢٥٠، رقم: ١٨١٥، ف: ١٨٥٢)

لو مات رجل بعد وجوب الحج، ولم يوص به، فحج رجل عنه، أو عن أبيه، أو عن أمه حجة الإسلام من غير وصية، قال أبو حنيفة: يجزيه إن شاء الله تعالىٰ، وبعد الوصية قال: يجزيه من غير مشيئة. (البحرالعميق، الباب الثامن عشر في الحج عن الغير، الفصل الثاني، المكتبة المكية ٤/ ٢٣٥١، المسالك فى المناسك، دارالبشائر الإسلاميه ٢/ ٨٨٨، مناسك ملا علي قاري، كراچی ٤٣٦)

لو مات رجل بعد وجوب الحج، ولم يوص به، فحج رجل عنه، أو حج عن أبيه، أو أمه حجة الإسلام من غير وصية، قال أبوحنيفة: يجزيه إن شاء الله تعالىٰ. (شامي، كتاب الحج، باب الحج عن الغير، كراچی ٢/ ٦٠٠، زكريا ٤/ ١٦، فتاوى عالمگيري ١/ ٢٥٨، جديد زكريا ١/ ٣٢٣، الموسوعة الفقهية ١٧/ ٧٤)

فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲؍ جمادی الثانیہ ۱۴۲۳ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۶/۷۶۷۴)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۲۳/۶/۲ھ

پوتے کا دادا کی طرف سے بلا وصیت حج بدل کرنا

سوال [۵۱۲۶]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: زید ریاض سعودیہ میں بغرض ملازمت رہتا ہے، زید کے دادا کا انتقال ہو چکا ہے، زید کے دادا پر حج فرض تھا، مگر کیا نہیں تھا، نہ ہی کسی سے کوئی وصیت کی تھی، زید اپنے مرحوم دادا

کی طرف سے ریاض ہی سے حج بدل کرنا چاہتا ہے، زید اپنا حج کر چکا ہے، معلوم یہ کرنا ہے، کیا زید اپنے دادا کی طرف سے جو حج کرے گا وہ حج قران یا تمتع بھی کرسکتا ہے یا حج افراد ہی کرے، جب کہ دادا نے تو کچھ بھی وصیت نہیں کی ہے، زید اپنی سعادت کی وجہ سے دادا مرحوم کی طرف سے حج کر رہا ہے۔ اور حج قران کرنے میں زید کو سہولت بھی ہے؛ کیوں کہ کمپنی پانچ دن کی چھٹی دیتی ہے، شرعاً جو حکم ہو واضح فرمائیں۔

المستفتی: محمد اسجد سیڈھوی وارد حال ریاض سعودیہ

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: زید جب اپنی خوشی سے دادا مرحوم کی جانب سے حج بدل کر کے ان سے فریضۂ حج کو ساقط کرنا چاہتا ہے، تو اسے اختیار ہے کہ جو چاہے کرے؛ البتہ اگر حج افراد کرے گا تو قربانی کرنا واجب نہ ہوگا۔ اور اگر حج تمتع یا قران کر رہا ہے، تو ایک قربانی کرنا لازم ہوگا۔

عن ابن عباس –رضی اللہ عنہ– قال: أتی رسول اللہ ﷺ رجل، فقال لہ: إن أبي مات وعلیہ حجۃ الإسلام، أفأحج عنہ؟ قال: أرأیت لو أن أباک ترک دینا علیہ أقضیتہ عنہ؟ قال: نعم، قال: فاحجج عن أبیک. (سنن الدارقطني، کتاب الحج، دارالکتب العلمیۃ بیروت ۲/ ۲۲۹، رقم: ۲۵۸۶)

ثم عندنا إذا مات بعد فرض الحج ولم یوص، فحج رجل عن المیت من غیر وصیۃ أو تبرع الورثۃ بذلک، فحج عن أبیہ، أو عن أمہ حجۃ الإسلام من غیر وصیۃ، أوصی بہا المیت؟ قال: أبو حنیفۃ رضی اللہ عنہ: یجزیہ ذلک إن شاء اللہ تعالیٰ. (المسالک في المناسک، فصل في حج الإنسان عن غیرہ، دارالبشائر الإسلامیۃ ۲/ ۸۸۸، مناسک ملا علي قاري کراچی ۴۳۶، المبسوط دارالکتب العلمیۃ بیروت ۴/ ۱۶۱)

ودم القران والتمتع والجنایۃ علی الحاج المأمور. (شامي، کتاب

الحج، باب الحج عن الغیر، کراچی ۲/ ۶۰۰، زکریا ٤/ ۳۲، مستفاد: أنوار مناسك/ ۵۵۰) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۰/۱۱/۱۴۳۱ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۹/۱۰۲۰۳)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۱/۱۱/۱۴۳۱ھ

کیا بالغہ بہن کی شادی حج بدل پر مقدم ہے؟

سوال [۵۱۲۷]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: زید نے اپنی والدہ مرحومہ کے لئے حج بدل کی نیت کرلی ہے، اور والدہ مرحومہ کے اوپر حج فرض ہو چکا تھا اور زید کی ایک بالغہ بہن ہے، جو شادی کے لئے زیادہ مستحق ہے۔ اور زید کے سات بھائی ہیں، ایک جس میں بالغ ہے، اور ایک الگ ہے اور پانچ بھائی بہن کا خرچ برداشت کرتے ہیں اور پانچوں بھائیوں میں صرف ایک بھائی زید نے اپنی والدہ مرحومہ کے لئے حج بدل کی نیت کی ہے؛ لہٰذا ان دونوں کاموں میں سے کون سا کام پہلے کیا جائے؟ یا اور کونسی صورت نکلتی ہے؟ قرآن وحدیث کی روشنی میں وضاحت فرما کر شکریہ کا موقع عنایت فرمائیں۔ والسلام

المستفتی: سعید الرحمٰن محلّہ طویلہ، مراد آباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: صورت مذکورہ میں اگر والدہ نے حج بدل کی وصیت نہیں کی ہے، تو پہلے بغیر رسم ورواج کے بہن کی شادی کرادے، اس کے بعد اگر گنجائش ہو تو نابالغوں کے مال کو الگ کرکے زید اپنی ذاتی ملکیت میں سے والدہ کی طرف سے حج کردے، تو انشاء اللہ فرض اس سے ادا ہو جائے گا۔ (مستفاد: فتاوی دار العلوم ٦/ ١٦٠،)

من عليه الحج إذا مات قبل أدائه عن غير وصية يأثم بلا خلاف، وإن أحب الوارث أن يحج عنه حج، وأرجوا أن يجزئه ذلك إن شاء الله تعالىٰ.

الخ (فتاوی عالمگیري، الباب الخامس عشر في الوصية بالحج، زكريا ديوبند ١ / ٢٥٨، جديد ١ / ٣٢٣، بدائع الصنائع كراچی ٢ / ٢٢١، زكريا ديوبند ٢ / ٤٦٩، وهكذا في المسالك في المناسك، دارالبشائر الإسلامية ٢ / ٨٨٨، غنية الناسك، كراچی جديد ٣٢٢، قديم: ١٧٣، مناسك ملا علي قاري كراچی ٤٣٦)

اگر سب بالغ ہیں تو ان کی اجازت سے بھی مجموعی مال میں سے حج جائز ہوگا، اگر والدہ نے بوقت وفات وصیت کی تھی تو کل ترکہ میں سے دو تہائی الگ کر کے ایک تہائی سے اولاً حج ادا کرنا لازم ہے۔

من وجب عليه الحج، ولم يحج حتى مات، فأوصى بأن يحج عنه، حج عنه من ثلث ماله. (البحرالعميق، المكتبة المكية ٤ / ٢٣٥١) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ

۲۹ / صفر ۱۴۰۸ھ

(الف فتویٰ نمبر: ۲۳ / ۵۵۱)

مرحوم بیٹے کی طرف سے حج کرنا

سوال [۵۱۲۸]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: میرے والدین ۳ / سال قبل حج بیت اللہ کر چکے ہیں اور امسال میری والدہ پھر حج بیت اللہ کرنے جارہی ہیں، واضح ہو کہ ۳ / سال قبل میرے والدین کی واپسی حج سے پہلے میرے حقیقی بھائی ایک حادثہ میں انتقال کر گئے تھے، اب والدہ کا ارادہ ہے کہ میں اپنے اس بیٹے کے حج کی نیت سے ارکان حج ادا کروں، تو کیا ایسا ہوسکتا ہے؟ اگر ہوسکتا ہے تو اس کی کیا شکل ہوگی؟ فقط والسلام

المستفتی: اعجاز الحق قریشی اصالت پورہ مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: بوقت احرام اپنے بیٹے کی طرف سے حج کی نیت

کرے گی تو پورا حج بیٹے کی طرف سے ادا ہوجائے گا اور اپنا حج کر کے ثواب پہنچانا چاہے تو بھی صحیح اور درست ہے۔

الأصل أن كل من أتى بعبادة ماله جعل ثوابها لغيره. وتحته في الشامي: سواء كانت صلاة أو صوما أو صدقة أو قراءة أو ذكرا أو طوافا أو حجا أو عمرة. الخ (الدرالمختار، كتاب الحج، باب الحج عن الغير، مطلب فيمن أخذ من عبادته شيئا من الدنيا، زكريا ٤/ ١٠، كراچی ٢/ ٥٩٥) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۳/ ذیقعدہ ۱۴۱۰ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۲۰۳۴/)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۱۰/۱۱/۲۳ھ

کیا بیٹی ماں کی طرف سے حج بدل کرسکتی ہے؟

سوال [۵۱۲۹]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: بیٹی اپنی ماں مرحومہ کے لئے حج بدل کرسکتی ہے یا نہیں؟

المستفتية: قاسمیہ خاتون ڈپٹی گنج، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: بیٹی پر اگر حج فرض نہ ہو تو وہ ماں مرحومہ کی جانب سے حج بدل کرسکتی ہے۔ (مستفاد: احسن الفتاوی ۴/ ۵۱۲، ایضاح المسائل، ص: ۱۲۳، ایضاح المناسک، ص: ۱۷۲، زبدۃ المناسک ۲/ ۴۴۹)

عن ابن عباس -رضي الله عنهما- أن امرأة من جهينة جاءت إلى النبي صلى الله عليه وسلم، فقالت: إن أمي نذرت أن تحج فلم تحج حتى ماتت أفأحج عنها؟ قال: حجي عنها، أرأيت لو كان على أمك دين أكنت قاضية؟ اقضوا الله، فالله أحق بالوفاء. (صحيح البخاري، كتاب جزاء الصيد، باب

الحج والنذور عن الميت، والرجل يحج عن المرأة، النسخة الهندية ١/ ٢٥٠، رقم: ١٨١٥، ف: ١٨٥٢)

قال في البحر: والحق أنها تحريمية على الصرورة المأمور الذي اجتمعت فيه شروط الحج، ولم يحج عن نفسه لأنه آثم بالتأخير. (شامي، باب الحج عن الغير، مطلب في حج الصرورة، زكريا ديوبند ٤/ ٢١، كراچی ٢/ ٦٠٣، البحرالرائق، كوئٹه ٣/ ٧٠، زكريا ديوبند ٣/ ١٢٣، الموسوعة الفقهية الكويتية ٢٧/ ٦)

فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲/ ذیقعدہ ۱۴۲۱ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۵/ ۶۹۲۷)

دادا، دادی کی طرف سے حج بدل کرنا

سوال [۵۱۳۰]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ ہم اور اہلیہ اپنے دادا دادی کی جانب سے حج بدل کا ارادہ رکھتے ہیں، وہ اپنی زندگی میں حج نہ کر سکے، نہ ہی وصیت کی، نہ ہی ہمیں ان کا ترکہ ملا، مگر میں اپنے ذاتی مصارف سے حج بدل کرنا چاہتا ہوں، جس میں میں خود ہی آمر اور خود ہی مامور ہوں گا، تاکہ کل قیامت میں ان کے ذمہ فریضہ باقی نہ رہ جائے (غالباً ان پر حج فرض تھا) کیا ہم ایسی حالت میں حج تمتع کی نیت کرلیں یا صرف نفلی حج کر کے انہیں ثواب بخش دیں، مگر کیا اس شکل میں ان کے ذمہ حج کا مطالبہ باقی رہے گا؟ جواب باصواب سے مستفیض فرما کر عند اللہ ماجور ہوں۔

المستفتی: عبد الغنی بیکانیر

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: آپ اور آپ کی اہلیہ اپنے دادا دادی کی جانب

سے حج بدل کر سکتے ہیں، اگرچہ انہوں نے وصیت نہیں کی اور نہ آپ کو ان کے ترکہ میں سے حصہ ملا ہے۔ اور آپ کے حج بدل کرنے سے حج فرض کی ذمہ داری ان کے ذمہ سے ادا ہوجائے گی۔ اور انشاء اللہ آپ کو بھی مکمل ثواب ملے گا، نیز آپ نفلی حج کی نیت نہ کریں؛ بلکہ ان کی طرف سے حج فرض کی نیت کریں، تو ایسی صورت میں اگر ان پر حج فرض نہ تھا، تب بھی ان کی طرف سے حج فرض ادا ہوجائے گا۔

الرابع: الأمر بالحج صريحا من المحجوج عنه، أو من وصيه لو كان ميتا أوصى بالحج وله مال أو دلالة كما إذا كان ميتا وعليه حج الفرض ولم يوص به، أو أوصى به ولا مال له، فإنه لو تبرع عنه الوارث، وكذا الأجنبي، فحج عنه، أو أحج قال أبو حنيفة: يجزيه إنشاء الله تعالىٰ عن حجة الإسلام.

(غنية الناسك، باب الحج عن الغير، كراچی جديد، ص: ۳۲۲، قديم، مكتبه خيريه ميرٹھ، ص: ۱۷۳، مناسك ملا علي قاري، كراچی، ص: ٤٣٦، البحر العميق، المكتبة المكية ٤/ ٢٣٥١) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۳؍ رجب ۱۴۲۸ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۸/ ۹۳۶۹)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۲۴/ ۷/ ۱۴۲۸ھ

مریض شخص کا حج بدل کرانا

سوال [۵۱۳۱]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: ایک شخص دیکھنے میں تندرست دکھائی دیتا ہے، ایسا شخص اپنے حج بدل کے لئے کسی کو بھیج رہا ہے، اس سے جب بھیجنے کی وجہ دریافت کی گئی تو اس نے اپنی طبیعت کے متعلق بتایا کہ مجھے چکر کی بیماری ہے زیادہ چلا پھرا نہیں جاتا، مستقل طبیعت ٹھیک نہیں رہتی ہے، میں چاہتا ہوں کہ اپنی زندگی میں میں اپنا فرض ادا کرنے والوں بعد میں اگر طبیعت ٹھیک رہی تو پھر

میں بھی حج کے لئے جاؤں گا، ان تمام وجوہات کے پیش نظر اگر ایسا شخص کسی کو اپنا حج ادا کرنے کے لئے بھیجتا ہے تو اس کا فرض ادا ہو جائے گا یا نہیں؟ علاج تقریباً ۲۰؍سال سے چل رہا ہے، اسے ڈر ہے کہ اگر وہ جاتا ہے تو ارکان صحیح طریقہ سے ادا نہیں کر پائے گا، ایسی صورت میں اگر وہ کسی کو بھیجے تو اس کا بھیجنا صحیح ہے یا نہیں؟ تفصیل سے جواب عنایت فرمائیں۔ اور اگر اس نے کسی کو بھیج دیا ہے، تو اس کا حج بدل ادا ہو گا یا نہیں؟

المستفتی: مسعود احمد مدرسہ حسینیہ چندا بی مسجد موہن پورہ، ناگپور

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: جی ہاں ایسا شخص اس وقت اپنا حج کرا لے اور بعد میں جب اللہ تعالیٰ طبیعت بحال فرمائے گا تو دوبارہ اپنا حج کر لے۔

أما المريض الذي يرجى برءه والمحبوس، فإنه إذا أناب عنه الغير فحج عنه، ثم زال عذره بعد فإن ذلک لا يسقط فرض الحج، ومنها نية الحج عن الآخر. (كتاب الفقه على المذاهب الأربعة، دارالفكر ۱/۷۰۷)

فلو أحج المعذور...... كان أمره ...... موقوفا إن استمر عذره إلى الموت جاز، وإن زال عذره وجب عليه الأداء بنفسه. (مناسك ملا علي قاري، باب الحج عن الغير، كراچی ۴۳۵) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۵؍ذیقعدہ ۱۴۱۸ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۳/ ۵۵۰۸)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۱۸/۱۱/۵ھ

جس شخص پر حج فرض ہوا اور اس کا انتقال ہو جائے تو کیا حکم ہے؟

سوال [۵۱۳۲]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: (۱) کسی شخص پر حج فرض ہے اور وہ شخص اتفاق سے پوری کوشش کے باوجود حج

نہیں کرسکا اور موت ہوگئی تو اس حال میں یہ شخص اللہ کے فرض کو توڑنے والا ہوگا یا نہیں؟ یعنی حج کا فرض باقی رہے گا یا معاف ہوجائے گا؟

(۲) اگر آپ جواب میں یہ کہتے ہیں کہ اس حالت میں بھی حج فرض باقی رہے گا، تو اس کے وارثوں میں سے کوئی حج بدل کرے تو فرض ادا ہوجائے گا یا نہیں؟

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: (۱) حج فرض ہونے کے بعد حج ادا کرنے سے پہلے موت واقع ہوگئی، تو حج کا فریضہ اس پر باقی رہے گا۔ (مستفاد: معلم الحجاج/۲۷۳)

وإن مات عن وصية لا يسقط الحج عنه. (هندية، الباب الخامس عشر في الوصية بالحج، زكريا ديوبند ١/ ٢٥٨، جديد ١/ ٣٢٣، بدائع الصنائع كراچى ٢/ ٢٢٢، زكريا ديوبند ٢/ ٤٧٠)

(۲) جس میت پر حج کی فرضیت باقی ہے، اس کی طرف سے کوئی وارث حج بدل کرلے تو میت کی طرف سے حج کی فرضیت ادا ہوجائے گی۔ (مستفاد: معلم الحجاج، ص: ۲۸۲، زبدۃ المناسک، ص: ۴۴۹، احسن الفتاوی ۴/۵۳۲)

لو مات رجل بعد وجوب الحج ولم يوص به، فحج رجل عنه، أو حج عن أبيه، أو أمه عن حجة الإسلام من غير وصية، قال أبو حنيفة: يجزيه إن شاء الله تعالىٰ. (شامي، كتاب الحج، باب الحج عن الغير، زكريا ٤/ ١٦، كراچى ٢/ ٦٠٠، عالمگيري ١/ ٢٥٨، جديد زكريا ١/ ٣٢٣، الموسوعة الفقهية ١٧/ ٧٤، وهكذا في البحر العميق، المكتبة المكية ٤/ ٢٣٥١، المسالك في المناسك، دارالبشائر الإسلامية ٢/ ٨٨٨، مناسك ملا علي قاري، كراچى ٤٣٦) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۴/۱/۱۴۲۳ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۷۴۵۸/۳۶)

حج بدل میں تمتع

سوال [۵۱۳۳]: کیافرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: زید حج بدل کے لئے اپنے کسی عزیز کی طرف سے بکر کو بھیج رہا ہے۔ اور بکر کو آمر یعنی زید نے حج تمتع کی اجازت دے دی ہے، تو کیا بکر حج بدل میں تمتع کرسکتا ہے؟

المستفتی: تسلیم احمد تمبا کو والان، مراد آباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: حج بدل میں حج افراد ہی افضل ہے؛ لیکن اگر آمر کی طرف سے حج تمتع کی اجازت ہوجائے تو بلا شبہ حج بدل میں تمتع کرنا جائز ہے۔ (مستفاد: انوار مناسک، ص: ۵۵۰)

قال الشيخ أبو بكر محمد بن الفضل رحمه الله تعالیٰ: إذا أمر غيره بأن يحج عنه ينبغي أن يفوض الأمر إلى المأمور، فيقول: حج عني بهذا المال كيف شئت، إن شئت حجة، وإن شئت حجة وعمرة، وإن شئت قرانا، والباقي من المال مني لك وصية كيلا يضيق الأمر على الحاج، ولا يجب عليه رد ما فضل إلى الورثة. (قاضي خان على الهندية ۱/ ۳۰۷، جديد زكريا ۱/ ۱۸۷، غنية الناسك، كراچی جديد ۳۴۳، قديم مكتبة خيريه ميرٹھ، ص: ۱۸۴) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۶/ رجب ۱۴۲۸ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۹۳۷۶/۳۸)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۲۸/۷/۱۷ھ

حج بدل میں حج تمتع

سوال [۵۱۳۴]: کیافرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: حج بدل میں حج تمتع کر سکتے ہیں یانہیں؟

المستفتی: جاوید بیگ پیرزادہ، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: حج بدل میں آمر کی طرف سے اگر حج تمتع کی اجازت ہوتو بلاتردد حج تمتع کر سکتے ہیں۔

لو أمره بالتمتع، فتمتع المأمور صح. (إرشاد الساري على هامش مناسك ملا علي قاري ٣٠٤، بحواله جواهر الفقه قديم ١/ ٥١٢، جديد زكريا ٤/ ٢٢٠)

وأما في التمتع فلو أمره بالتمتع، فتمتع عنه، فالحج يقع عن المأمور لا عن الآمر على ما مر عن المشايخ. (غنية الناسك، قديم ١٨٦، جديد كراچى ٣٤٥) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۸/ ذیقعدہ ۱۴۱۷ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۵۰۲۲/۳۲)

حج بدل میں قربانی کس پر لازم ہے؟

سوال [۵۱۳۵]: کیافرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: حج بدل میں قربانی کس کے نام پر ہوگی، نائب یامنیب کے نام پر؟

المستفتی: محمد خدا بخش گوبند پور ۲۴/ پرگنہ مغربی بنگال

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: حج بدل میں قربانی نائب پر لازم ہوتی ہے؛ لیکن

آج کل کے زمانہ میں باہر سے حج افراد کرنے والے سو میں سے ایک فیصد بھی نہیں ہوتے؛ اس لئے کہ باہر کے لوگوں کے لئے حج افراد میں احرام کا زمانہ بہت ہی لمبا ہو جاتا ہے اور اس میں غلطیاں واقع ہونے کا امکان غالب رہتا ہے؛ اس لئے باہر ملکوں سے جانے والے ۹۹/ فیصد سے بھی زیادہ حج تمتع کرنے والے ہوتے ہیں، اس میں احرام کا زمانہ لمبا نہیں ہوتا ہے اور خاص طور سے ہندوستان سے جانے والے حج تمتع ہی کیا کرتے ہیں، اور حج بدل کرانے والا خود سمجھتا ہے کہ حج تمتع ہی ہوگا اور وہ قربانی کا پیسہ بھی دے دیتا ہے؛ اس لئے منیب کی طرف سے اجازت ہوتی ہے کہ اس کے پیسے سے قربانی کی جائے۔

ودم القران، والتمتع، والجناية على الحاج، أي على المأمور إن أذن له الآمر بالقران والتمتع وإلا فيصير مخالفا، فيضمن. (درمختار مع الشامي، كتاب الحج، باب الحج عن الغير كراچی ۲/ ۶۱۰ زكريا ۴/ ۳۲) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۶/ شعبان ۱۴۳۴ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۴۰/ ۱۱۲۴۰)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۶/ ۸/ ۱۴۳۴ھ

حج بدل میں تمتع کی قربانی اور اس کا خرچ مامور پر لازم ہے

سوال [۵۱۳۶]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: حج بدل میں تمتع کرنے والا بعد رمی جو قربانی بطور دم شکر کرے گا، تو اپنے نام کی کرے گا یا جس کی طرف سے حج کیا ہے اس کی طرف سے؟ اور اگر متمتع حج بدل کرنے والا دم شکر اپنے نام سے کرے گا تو اس کی قیمت آمر کے مال سے لے گا یا اپنے مال میں سے؟

المستفتی: تسلیم احمد مولانا والی مسجد تمبا کو والان، مراد آباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: حج بدل میں اگر تمتع کیا جاتا ہے تو تمتع کی قربانی

خود مامور کی جانب سے ہوتی ہے؛ لہٰذا قربانی کی قیمت بھی مامور کو اپنی جانب سے ادا کرنی چاہئے؛ لیکن اگر آمر نے حج تمتع کے ساتھ ساتھ دم شکر کی بھی اجازت دی ہے، تو اس کی قیمت آمر کی طرف سے ادا کرنا بھی جائز ہے، اسی طرح زیارت مدینہ منورہ کا خرچ آمر کے اوپر لازم نہیں ہوتا ہے؛ لیکن اگر آمر اجازت دے دے تو آمر کے پیسہ سے زیارت مدینہ منورہ بھی جائز ہے۔ اور اجازت صراحتاً بھی ہوسکتی ہے اور دلالۃً اور عرفاً بھی ہوسکتی ہے۔ اور آج کل کے زمانہ میں دلالۃً اور عرفاً آمر کی طرف سے ان سب امور کی اجازت ہوجاتی ہے؛ اس لئے سب کچھ جائز ہے۔ (مستفاد: انوار مناسک/۵۵۰، احسن الفتاوی ۴/۵۱۳)

ودم القران، والتمتع، والجناية على الحاج، أي على المامور إن أذن له الآمر بالقران والتمتع وإلا فيصير مخالفا، فيضمن. (درمختار مع الشامي، كتاب الحج، باب الحج عن الغير كراچى ۲/ ۶۱۰، زكريا ٤/ ۳۲) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۶/رجب ۱۴۲۸ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۸/۹۳۷۶)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۲۸/۷/۱۷ھ

حج بدل میں تمتع کی صورت میں قربانی کا حکم

سوال [۵۱۳۷]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: (۱) مسئلہ: اگر کسی حج بدل کرنے والے کو وقت سے زیادہ پہلے جانے کی مجبوری ہو اور احرام طویل میں واجبات احرام کی پابندی مشکل نظر آئے تو اس کے لئے حج تمتع کرنے کی گنجائش ہے۔ (بحوالہ جواہر الفقہ ۱/۵۱۶)

(۲) آمر کی اجازت سے حج بدل میں تمتع بھی بلا تردد جائز ہونا چاہئے؛ البتہ دم تمتع آمر کے مال میں سے لازم نہ ہوگا؛ بلکہ مامور پر لازم ہوگا؛ لیکن اگر آمر بخوشی ادا کرتا ہے تو یہ

بھی جائز ہے، ہاں البتہ حج بدل میں افراد کرنا زیادہ افضل ہوگا۔ (بحوالہ جواہر الفقہ ۱/۵۱۳، ۱/ ۵۱۴، ایضاح المناسک، ص:۲۰۷، احسن الفتاوی ۴/۵۲۳)

اس زمانہ میں آفاقی کا حج تمتع ہی کرنا زیادہ معروف ہے؛ اس لئے عرفاً آمر کی طرف سے حج تمتع کی اجازت ثابت ہوتی ہے؛ لہٰذا صراحت کے ساتھ اجازت کی ضرورت بھی نہیں۔ (بحوالہ احسن الفتاوی ۴/۵۲۳، انوار مناسک، ص:۵۵۰)

اب دم تمتع کا مسئلہ غور طلب ہے کہ جب آمر نے تمتع کی اجازت دے دی، تو قربانی بھی اس کے مال میں سے ہوگی؛ کیوں کہ تمتع میں قربانی خود بخود مفہوم ہوتی ہے، نیز میت کی طرف سے حج بدل میں بھی یہی حکم ہے، جب کہ ورثاء سب مل کر بخوشی اجازت دیتے ہوں۔ (بحوالہ انوار مناسک، ص:۵۵۱، ۶۰۷)

(۱) کچھ افراد تو وہ ہیں جو اپنے مرحومین والدین یا رشتہ داروں کی طرف سے اپنے خرچ سے حج بدل کرتے ہیں۔

(۲) کچھ احباب وہ ہیں جن کو دوسرے لوگ اپنے مرحومین کے حج بدل کے لئے روانہ کرتے ہیں، اور یہ حج بدل پر جانے والے حضرات عموماً حج تمتع ہی کرتے ہیں، جس کی وجہ سے تمتع کا دم شکرانہ (قربانی) واجب ہو جاتی ہے۔

ان حج بدل کرنے والوں میں بعض لوگ عمرہ اور حج دونوں مرحومین کی طرف سے کرتے ہیں۔ اور کچھ لوگ عمرہ اپنے یا دوسروں کی طرف سے اور حج مرحومین کی طرف سے کرتے ہیں، جن کے ورثاء نے انہیں بھیجا ہے (جس کی فقہاء نے اجازت دی ہے، تفصیل کے لئے دیکھئے معلم الحجاج ص:۲۱۹) ان مندرجہ بالا تفصیلات کے بعد دریافت طلب امر یہ ہے کہ تمتع کی قربانی کس کے نام سے کی جائے؟

(۱) کیا حج بدل جس کی طرف سے کیا جا رہا ہے، اس کی طرف سے (یعنی مرحومین کے نام سے؟ (۲) یا مامور اپنے نام سے؟ براہ کرم جواب سے سرفراز فرمائیں۔ والسلام

المستفتی: میر سعادت علی حیدرآبادی، حال مقیم ملگنڈہ

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: حج بدل میں جب مامور حج تمتع یا قران کرے گا، تو قربانی بھی لازم ہوجائے گی۔ اور آمر کی طرف سے عرفاً اور دلالۃً قربانی میں پیسہ خرچ کرنے کی بھی اجازت ہوجاتی ہے؛ لیکن یہ قربانی خود مامور کے نام سے ہوگی۔ اور حج اس کی طرف سے ادا ہوگا جس کی طرف سے حج کرنے کی نیت کی گئی ہے۔

إن دم القران والتمتع على المأمور، سواء أمره واحد بالقران، أو التمتع، أو أمره واحد بالحج وآخر بالعمرة، وأذنا له في القران أو التمتع؛ لأنه وجب شكرا على الجمع بين النسكين، وحقيقة الفعل منه، وإن كان الحج يقع عن الآمر فيهما. (غنية الناسك، باب الحج عن الغير، جديد كراچی ٣٤٥، قديم مكتبه خيريه ميرٹھ ١٨٦، شامي، زكريا ديوبند ٤/ ٣٢، كراچی ٢/ ٦٠٠)

فإن أمره غيره أن يقرن عنه، فالدم على من أحرم؛ لأنه وجب شكرا لما وفقه الله تعالى من الجمع بين النسكين، والمأمور هو المختص بهذه النعمة؛ لأن حقيقة الفعل منه، وهذه المسألة تشهد بصحة المروي عن محمد أن الحج يقع عن المأمور. (هداية، مكتبه أشرفيه ١/ ٢٩٨) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۴؍محرم الحرام ۱۴۳۱ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۹۸۴۴/۳۸)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۳۱/۱/۱۱ھ

حج بدل سے متعلق چند سوالات وجوابات

سوال [۵۱۳۸]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: (۱) سکینہ مرحومہ نامی ایک عورت تھی، جس پر زندگی میں حج فرض تھا، کسی عذر کی

وجہ سے اپنی حیات میں فریضہ حج ادا نہ کرسکی، مرحومہ نے آخری زندگی میں اپنے بیٹوں کو زمین دے کر مطلق حج بدل کرانے کی وصیت کی، اب دریافت طلب امر یہ ہے کہ مرحومہ کی جانب سے وصیت پوری کرنے والا بیٹا اس حج کا وکیل ہے یا آمر؟

(۲) مذکورہ مطلق حج وصیت میں بیٹے نے کسی دوسرے شخص کو مرحومہ کی جانب سے حج بدل کا وکیل بنایا، اب یہ وکیل حج تمتع باجازت بیٹا کرسکتا ہے یا نہیں؟

(۳) مذکورہ حج وصیت میں وکیل نے حج تمتع کے لئے بیٹے سے اجازت طلب کرنے پر انکار کے ساتھ حج افراد کا حکم دیا، اس صورت میں وکیل اپنی مرضی سے تمتع کرے اور قربانی آمر کے مال سے اس صورت میں حج کا کیا حکم ہے؟

(۴) مذکورہ حج بدل کا وکیل رمی جمار کے لئے دوسرے شخص کو وکیل بنا سکتا ہے یا نہیں؟ بنانے کی صورت میں کیا حکم ہے؟

(۵) مذکورہ حج بدل کا مامور اپنی غلطی سے دم واجب کرے یا ارکان حج فاسد کرے، تو ضمان مامور پر ہے یا آمر پر؟

المستفتی: مبارک حسین، پورنوی

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: (۱) درحقیقت مرحومہ آمر ہے اور جو بھی بیٹا مرحومہ کی طرف سے حج بدل کرے گا، وہ وکیل ہوگا؛ البتہ اگر تمام لڑکوں نے کسی کو حج بدل کا مامور بنایا ہے، تو یہ سب بیٹے بھی آمر کہلائیں گے اور حج بہرحال مرحومہ کی طرف سے ہوگا۔

(۲) حج بدل میں حج افراد کرنا بہتر ہے؛ لیکن اگر بیٹوں نے حج تمتع کی اجازت دی ہے، تو حج تمتع بھی بلا کراہت جائز ہے۔ اور حج تمتع کی اجازت میں دلالۃً دم تمتع اور قربانی کے خرچ کی اجازت بھی آمر کی جانب سے ہو جاتی ہے۔

لأن الميت لو أمره بالتمتع، فتمتع المأمور صح، ولا يكون مخالفا بلا خلاف بين الأئمة الأسلاف. (إرشاد الساري على هامش مناسك ملا علي قاري/

۳۰٤، بحواله جواهر الفقه ۱/ ۵۱۲، جديد، زكريا ٤/ ۲۲۰)

(۳) تمتع سے انکار کے باوجود حج تمتع کیا تو پورے خرچ کا خود ضامن ہوگا، آمر کا مال اسے لوٹا نا ضروری ہوگا اور حج اسی مامور کی طرف سے سمجھا جائے گا۔ (مستفاد: جواہر الفقہ ۱/ ۵۱۲، جدید زکریا ۴/ ۲۲۰)

(۴) قادر ہونے کے باوجود بلا عذر دوسرے سے رمی نہیں کرا سکتا۔ اور اگر مرض وغیرہ کوئی عذر ہے، تو دوسرے کو رمی کے لئے وکیل بنا سکتا ہے۔

وتجوز عند العذر فلو رمي عن مريض بأمره جاز. الخ (غنية الناسك، قديم، ص: ۱۰۰، جديد كراچی، ص: ۱۸۷)

(۵) وکیل پر تعدی و فساد کی وجہ سے جو بھی دم واجب ہو اس کا ضمان خود وکیل پر ہی ہوگا۔

ودم القران والجناية، وكذا دم الرفض على الحاج، وإن كان الحج عن الآمر في القران. الخ (غنية الناسك، قديم، ص: ۱۸۵، جديد كراچی، ص: ۳٤۵) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۰ ر جمادی الثانیہ ۱۴۲۶ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۸/ ۸۸۶۷)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۲۶/۶/۲۳ھ

کیا حج بدل میں جمع کردہ رقم پر زکوۃ واجب ہے؟

سوال [۵۱۳۹]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: (۱) زید نے چار سال قبل اپنا حج فرض ادا کیا تھا، اب دوبارہ اپنے والد مرحوم کا حج بدل کرنا چاہتا ہے، مگر حج کمیٹی کے فارم پر لکھا ہوتا ہے کہ میں مسلمان ہوں، عہد کرتا ہوں کہ میں نے پانچ سال قبل کوئی حج (فرض یا بدل) نہیں کیا ہے۔

زید کے سامنے چند مجبوری امسال جانے کی یہ ہیں کہ آئندہ سال رقم ختم ہوگئی اور حج

بدل نہ کرسکا یا صحت میں خلل آ گیا، تو پانچ سال سے قبل ہی حج کمیٹی کے فارم پر لکھے ہوئے قانون کے خلاف یہ ظاہر کرکے کہ میں نے پانچ سال قبل حج نہیں کیا یہ جائز ہوگا یا نہیں؟ یا یہ کذب بیانی ہوگی یا نہیں؟ حج پر اس کا کیا اثر پڑے گا؟ تشریح ووضاحت مطلوب ہے۔

(۲) حج کی درخواست دے دی ہے، درخواست پر کچھ رقم بھی جمع ہوتی ہے، پھر دوسری قسط بھیج دی، اب رمضان میں زکوۃ ادا کرنی ہے، تو زکوۃ کونسی رقم میں سے ہوگی، مثلاً، میاں بیوی کے حج میں ڈیڑھ لاکھ کا خرچ ہے، اور رمضان سے پانچ ماہ قبل درخواست دی تھی، یعنی ڈیڑھ لاکھ ہی خرچ ہوگا، اگرچہ ابھی نصف جا چکا ہے، نصف باقی ہے جو حج میں خرچ ہوگا، تو زکوۃ پوری ڈیڑھ لاکھ کی ادا کرنی ہوگی یا جو بھیج کر باقی موجود ہے یا کسی پر نہیں؟ کیوں کہ وہ سب خرچ ہونا ہے۔

المستفتی: اکبر علی شیر کوٹ، بجنور

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: (۱) حج مسلمانوں کی ایک عشقیہ عبادت ہے، جس کی ادائیگی کا ہر مسلمان شوق رکھتا ہے۔ اور اللہ کے قانون میں ہر سال حج کرنے پر کوئی پابندی نہیں ہے؛ بلکہ ثواب اور فضیلت کا باعث ہے۔ اور پانچ سال کی پابندی حکومت نے اپنی طرف سے لگائی ہے۔ اور اس پابندی کی وجہ سے پانچ سال پہلے حج کو جانے والے لوگ فارم کے اس خانہ پر دستخط کردیتے ہیں، جس میں یہ پابندی لکھی ہے اور اس دستخط سے کذب بیانی ثابت ہوجاتی ہے؛ اس لئے حج میں جانے والے کو از خود وہ فارم نہیں بھرنا چاہئے؛ بلکہ کسی ایجنٹ یا وکیل کے حوالہ کردینا چاہئے، کہ وہ ساری خانہ پوری کرکے حج کمیٹی کے حوالہ کردے، اس سے حاجی صاحب کی کذب بیانی بھی ثابت نہ ہوگی اور ایجنٹ اور وکیل پر بھی کوئی اثر نہیں پڑے گا۔ اور حاجی صاحب کی کذب بیانی اس لئے ثابت نہ ہوگی؛ کیوں کہ حاجی نے فارم کی تکمیل نہیں کی۔ اور حاجی صاحب کی طرف سے دوسرے نے دستخط کیا ہے۔

اور فارم کی تکمیل کرنے والا اس لئے گنہگار نہ ہوگا کہ کذب بیانی کر کے وہ حج کو نہیں جارہا ہے۔ (مستفاد: فتاوی محمودیہ ڈابھیل ۱۰/ ۳۲۷، ۱۷/ ۲۱۰)

(۲) پچھلے سال جن ایام میں زکوۃ ادا کی گئی ہے، امسال وہ ایام آنے سے پہلے پہلے حج کی رقم ادا کردی گئی ہے، تو اس رقم کی بھی زکوۃ واجب نہیں ہے۔ اور اگر وہ ایام آنے کے بعد حج کی رقم جمع کی گئی ہے، تو اس رقم کی بھی زکوۃ دینا واجب ہے۔

ومن كان له نصاب، فاستفاد في أثناء الحول من جنسه ضمه إليه وزكاه به. (هداية، كتاب الزكاة، أشرفي بكڈپو ديوبند ۱/ ۱۹۳) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱/۱/۱۴۲۳ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۶/ ۷۴۰۹)

حج بدل کرنے والے روضۂ اقدس پر کس کی طرف سے سلام پیش کریں؟

سوال [۵۱۴۰]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: زید خالد کی طرف سے حج بدل کے لئے جارہا ہے، امسال بھی پہلے حاجی مدینہ شریف جارہے ہیں، معلوم یہ کرنا ہے، کیا زید جب روضۂ اقدس پر سلام پڑھے تو کیا خالد کا سلام پڑھے؟ "**الصلاة والسلام عليك يا رسول الله من خالد**" یا زید صرف "**الصلاة والسلام عليك يا رسول الله**" پڑھے؟ اس سلسلہ میں کیا حکم ہے؟

المستفتی: سعید احمد، سیڈھا بجنور

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وبالله التوفيق: روضۂ اطہر کی زیارت حج کا کوئی رکن نہیں ہے؛ اس لئے حج بدل کرنے والا شخص ارکان حج میں تو آمر کا نائب اور قائم مقام ہوتا ہے؛ لیکن روضۂ اطہر کی زیارت میں وہ آمر کا نائب اور قائم مقام نہیں ہوتا؛ لہٰذا زید اپنی طرف سے سلام پڑھے،

خالد کی طرف سے سلام پڑھنا ضروری نہیں ہے، ہاں البتہ اگر خالد نے سلام پہنچانے کی درخواست کی ہوتو اس کی طرف سے الگ سے سلام پہنچادے۔ (مستفاد: فتاوی دارالعلوم ۶/۵۶۷)

السلام علیک یا رسول اللّٰہ من فلان بن فلان یستشفع بک إلی ربک. (غنیة الناسك، کراچی جدید، ۳۷۹، قدیم مکتبه خیریه میرٹھ ۲۰۴)

ویبلغه سلام من أوصاه، فیقول: السلام علیک یا رسول اللّٰه من فلان بن فلان، یستشفع بک إلی ربک، فاشفع له ولجمیع المسلمین. (هندیة، خاتمة في زیارة قبر النبي صلی اللّٰه علیه وسلم، زکریا دیوبند ۱/ ۲۶۵-۲۶۶، جدید زکریا ۱/ ۳۳۰، وهکذا فی المسالك في المناسك، دارالبشائر الإسلامیة ۲/ ۱۰۷۶)

فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲؍صفر ۱۴۳۰ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۸/ ۹۷۳۷)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۳۰/۲/۲ھ

’’ایضاح المناسک‘‘ کے مسئلہ حج بدل میں تمتع کرنے کی وضاحت

سوال [۵۱۴۱]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: ’’معلم الحجاج، ص: ۲۸۴‘‘ بعنوان: ’’حج بدل کے شرائط‘‘ لکھا ہے کہ: اور تمتع کرنا اجازت سے بھی جائز نہیں، اگر اجازت سے تمتع کرے گا تو گو مامور پر ضمان نہ ہوگا؛ لیکن آمر کا حج ادا نہ ہوگا۔ (حاشیہ) محققین کی رائے بھی یہی ہے، پھر ملا علی قاریؒ، مولانا رشید احمد گنگوہیؒ اور مولانا خلیل احمد صاحبؒ کو تائید میں پیش کیا ہے اور جناب والا نے ’’ایضاح المناسک‘‘ ص: ۱۷۲ (بعنوان: حج بدل میں تمتع یا قران) میں لکھا ہے کہ: آمر اجازت دے دے تو حج تمتع یا حج قران بھی کرسکتا ہے۔ (جواہر الفقہ ۱/ ۵۱۳-۵۱۴)

اب حج بدل کرنے والا کیا کرے، چار کی مانے یا ایک حوالے کی؟ ازراہ کرم تسلی بخش جواب عنایت فرمائیں۔

اسی طرح رمی دوسرے سے کرانے کا اختلاف اس کی بھی وضاحت فرمادیں۔

المستفتی: انعام احمد قاسمی کاسن گنج ایٹہ

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: (۱) مسئلہ مذکورہ میں اگر آمر کی طرف سے اجازت ہوتو قران اور تمتع دونوں کرنا جائز ہے اور حج وعمرہ آمر ہی کی طرف سے ہوگا۔ ''فتاوی قاضی خاں'' میں امام ابوبکر محمد بن فضل سے جو کلام نقل کیا گیا ہے اس کا ظاہر بھی یہی ہے کہ آمر کی اجازت سے حج کی تینوں قسمیں (افراد، تمتع، قران) جائز ہیں؛ بلکہ ان کی ہدایت یہ ہے کہ آمر کو چاہئے کہ مامور کو عام اجازت دے دے، تا کہ اس کو عمل میں تنگی اور دشواری پیش نہ آئے۔ ''ہدایہ'' اور ''مبسوط'' کی عبارت سے بھی یہی بات معلوم ہوتی ہے کہ باجازت آمر قران وتمتع کرنا درست ہے؛ لہٰذا ہم جائز سمجھتے ہیں اور آپ کو اختیار ہے کہ ایک کی مانیں یا چار کی۔

(مستفاد: کفایت المفتی ۴/ ۳۲۵، احسن الفتاوی ۴/ ۵۲۳، فتاوی قاضیخان ۱/ ۳۰۷، فتاوی خلیلیہ/ ۸۸، إمداد الأحکام ۳/ ۱۸۲)

إذا أمر غيره بأن يحج عنه، ينبغي أن يفوض الأمر إلى المأمور فيقول: حج عني بهذا المال كيف شئت، إن شئت حجة، وإن شئت حجة وعمرة، وإن شئت قرانا. (إيضاح المناسك، ص: ۱۷۲، فتاوى قاضيخان ۱/ ۳۰۷)

(۲) مریض، کمزور کی طرف سے رمی جمار میں نیابت جائز ہے، بلا عذر دوسرے سے رمی کرانے سے دم لازم ہوگا۔ (مستفاد: احسن الفتاوی ۴/ ۵۲۴، ایضاح المناسک/ ۱۵۸)

السادس: أن يرمى بنفسه ولا يجوز النيابة فيه عند القدرة، فتجوز عند العذر، فلو رمي عن مريض بأمره أو مغمى عليه ولو بغير أمره أو صبي أو معتوه أو مجنون جاز. (غنية الناسك، ص: ۱۰۰، بدائع الصنائع ۲/ ۱۳۷) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲؍ ربیع الثانی ۱۴۱۹ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۵۷۰۴/۳۳)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۱۹/۴/۳ھ

۱۱/ باب الجنایات

دمِ جنایت کا مصرف

سوال [۵۱۴۲]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: دم کے گوشت کا مستحق کون ہوگا؟

المستفتی: ضیاء اللہ خان

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: صرف فقراء اور مساکین ہیں، ان کے علاوہ کسی اور کے لئے اس گوشت کا استعمال کرنا درست نہیں ہے؛ لہٰذا حاجی کے لئے، اسی طرح اس کے اصول وفروع اور اہلیہ وغلام کے لئے اور سید کے لئے اس کا استعمال جائز نہیں ہے۔ اور مفتی بہ قول کے مطابق کافر کو بھی نہیں دے سکتے؛ لہٰذا اگر ان میں سے کسی ایک کو دے دیا تو اس صورت میں اس کی قیمت لازم ہوگی۔

والحادي عشر أن يتصدق بلحمه على فقير يجوز التصدق به عليه، فلو تصدق على أصله، أو فرعه، أو مملوكه، أو زوجته، أو زوجها، أو هاشمي، فعليه قيمته، ولا يجوز لكافر ولو ذميا على المفتى به، وكل من هو أتقى فهو أفضل. (غنية الناسك، باب الجنايات، فصل في شرائط كفاراتها الثلاث، كراچی، ص: ۲۶۳، قديم مكتبه خيريه ميرٹھ، ص: ۱٤۰) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ

۲۷/ ذیقعدہ ۱۴۰۸ھ

(الف فتویٰ نمبر: ۲۴/ ۹۹۰)

کیا دمِ جنایت کے گوشت کا حکم قربانی کے گوشت کی طرح ہے؟

سوال [۵۱۴۳]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل

کے بارے میں: گوشت کی تقسیم میں کیا طریقۂ کار کر سکتا ہوں جو قربانی کے احکام میں ہے؟ امید کرتا ہوں کہ آپ جواب سے سرفراز فرمائیں گے۔

المستفتی: ضیاء اللہ خان

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: دم جنایت کی تقسیم میں قربانی کے گوشت کی تقسیم کا طریقۂ کار استعمال نہیں کر سکتے ہیں؛ اس لئے کہ قربانی کا گوشت قربانی کرنے والے کے لئے استعمال کرنا درست ہے، جب کہ دم جنایت میں سے دم دینے والے کے لئے گوشت کا استعمال درست نہیں ہے؛ لہٰذا اگر کسی نے گوشت کھالیا یا اس کو فروخت کر دیا، تو ایسی صورت میں اس پر اتنے گوشت کی قیمت کا ضمان لازم ہے۔

والعاشر: التصدق بلحمه عند الإمكان، فلا يجوز له الأكل منه، ولو استهلكه بنفسه بعد الذبح بأن باعه ونحوه ضمن قيمته. (غنية الناسك، باب الجنايات، فصل في شرائط كفاراتها الثلاث، كراچی جديد ۲۶۳، قديم مكتبه خيريه ميرٹھ ۱٤٠) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۷؍ ذیقعدہ ۱۴۰۸ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۲۴/ ۹۹۰)

دم جنایت کہاں ادا کریں؟

سوال [۵۱۴۴]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: یہ دم حدودِ حرم ہی میں دینا ہوگا یا دنیا کے کسی بھی خطہ میں دے سکتے ہیں؟

المستفتی: ضیاء اللہ خان

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: حدودِ حرم کے علاوہ کسی دوسرے خطہ میں جائز نہیں۔

ومنه ما يختص بالمكان دون الزمان، وهو دم الجنايات. الخ (حاشيه شرح نقايه، مكتبه إعزازيه ديوبند ١/ ٢١٤)

وكل دم وجب عليه في شيء من أمر الحج والعمرة، فإنه لا يجوز ذبحه إلا بمكة، أو حيث شاء من الحرم. (المسالك في المناسك، فصل في كفارة جناية الحرم، والإحرام وبيان مصرفه ومحله، دارالبشائر الإسلامية ٢/ ٨٧٣)

والثامن ذبحه في الحرم فلو ذبح في غيره لا يجزئه عن الذبح. (غنية الناسك كراچی جديد ٢٦٢، قديم: ١٤٠، وهكذا في القدوري، اشرفي ١/ ٧٠، هداية أشرفي بك ڈپو ديوبند ١/ ٣٠١، تبيين الحقائق زكريا ٢/ ٤٣٤، إمداديه ملتان ٢/ ٦٥، هندية قديم زكريا ١/ ٢٦١، جديد ١/ ٣٢٦، حاشية الطحطاوي دارالكتاب ديوبند ٧٤٤، البناية أشرفيه ديوبند ٤/ ٤٨٧، الموسوعة الفقهية الكويتية ٤٢، ٢٤١) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۷/ ذیقعدہ ۱۴۰۸ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۲۴/ ۹۹۰)

کیا دمِ احصار حدودِ حرم میں ادا کرنا لازم ہے؟

سوال [۵۱۴۵]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: عرض خدمت میں یہ ہے کہ میں سعودی عرب گیا اور حج وغیرہ سے فراغت پا کر آتے وقت وداعی عمرہ کرنے جب گیا، تو جدہ میں میں نے عمرہ کی نیت سے احرام باندھ لیا اور چل پڑا؛ لیکن چونکہ میں عمرہ کے ویزا سے تھا؛ اس لئے ٹیکسی والے نے مجھے وہاں لے جانے سے انکار کردیا، تو میں نے عمرہ کی نیت سے باندھا ہوا احرام کھول دیا، پھر دوبارہ جب گیا تو عمرہ کیا؛ لیکن پہلا عمرہ میرا نہ ہوسکا، اب سوال یہ ہے کہ پہلا عمرہ جو میں نہ کرسکا اس کا کفارہ کس طرح ادا کروں؟ قربانی کرکے یا روزے رکھ کر یا کچھ اور شکل ہے، اس بارے میں علماء دین کی کیا رائے ہے؟ اور یہ قربانی یہاں ہندوستان میں ہی رہ کر ادا کرسکتے ہیں یا نہیں؟ اب

چونکہ مجھے وہاں دوبارہ جانا نہیں ہے اور اتنے پیسے بھی نہیں ہیں کہ وہاں بھیج کر میں قربانی کرسکوں؛ اس لئے مجھے اس سوال کا جواب لکھ کرارسال کریں۔

المستفتی: مقصود خان محلّہ بغیا دیوان کا بازار، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: اگراحرام باندھنے کے بعد آپ کوعمرہ کرنے سے روک لیا گیا ہے اوراحرام کھول کرواپس ہو چکے ہیں،تو آپ پرایک عمرہ اورایک دم واجب ہو چکا ہے۔سوال نامہ سے معلوم ہوا کہ آپ نے بعد میں عمرہ کی قضا کرلی ہے؛ لیکن قربانی نہیں کی ہے۔اورروک لئے جانے کی وجہ سے جوقربانی واجب ہوئی ہے اس کو دم احصار کہا جاتا ہے اور ایسی قربانی حدودحرم میں کرنی لازم ہوتی ہے؛ اس لئے حدودحرم میں رہنے والے کے پاس رقم بھیج دیجئے،تا کہ وہاں آپ کی قربانی ہوجائے اوراس کے عوض میں روزہ رکھنا کافی نہیں ہے۔

وليس الصوم بدلا عن هدى المحصر. (بدائع، كتاب الحج، فصل في حكم الإحصار، زكريا ديوبند ٢/ ٣٩٩، ٢/ ١٨٠)

وأما مكان ذبح الهدي، فالحرم عندنا –إلى– لنا قوله تعالىٰ: ﴿وَلَا تَحۡلِقُوۡا رُؤُسَكُمۡ حَتّٰى يَبۡلُغَ الۡهَدۡىُ مَحِلَّهٗ﴾ [البقرة: ١٩٦] ...... **نهى عن الحلق، حتى يبلغ الهدي موضع حله، وهو المنحر، وفجاج مكة كلها منحر بالحديث، وفسر ذلك المحل بقوله: "ثُمَّ مَحِلُّهَا إِلَى الْبَيْتِ الْعَتِيقِ".** [الحج: ٣٣] **وبقوله: "هَدْيًا بَالِغَ الْكَعْبَةِ".** [المائدة: ٩٥] **فعلم أن محل الهدي هو البيت، والمراد به البقعة التي فيها البيت وهو الحرم الخ.** (البحر العميق، الباب الخامس عشر في الإحصار، المكتبة المكية ٤/ ٢١٠٠)

قال: وكل دم وجب عليه في شيء من أمر الحج والعمرة، فإنه لا يجوز ذبحه إلا بمكة، أو حيث شاء من الحرم. (المسالك في المناسك، دارالبشائر الإسلامية ٢/ ٨٧٣) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیراحمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۶/ جمادی الثانیہ ۱۴۱۳ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۲۹/ ۳۲۳۰)

دمِ جنایت حرم میں کسی دوسرے کے ہاتھ سے بھیجنا

سوال [۵۱۴۶]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: اگر حدودِ حرم میں دم دیا جائے تو کسی اور کے ذریعہ سے بھی دلوایا جاسکتا ہے یا نہیں؟ یا مجھے خود وہاں جانا ہوگا؟

المستفتی: ضیاء اللہ خان

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: جی ہاں کسی دوسرے کے ذریعہ سے بھی دلوایا جاسکتا ہے۔

فلو رجع إلی أهله أجزأه أن لا يعود ويبعث شاة. (تاتارخانية، قديم ۲/ ۵۱۸، جديد زكريا ۳/ ۶۰۶، رقم: ۵۱۵۲) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۷/ ذیقعدہ ۱۴۰۸ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۲۴/ ۹۹۰)

صدقۃ الفطر کتنے ریال کا ہوتا ہے؟

سوال [۵۱۴۷]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: حج کے جرمانہ میں جب صدقہ واجب ہوتا ہے جس سے صدقۃ الفطر مراد ہوتا ہے، تو معلوم یہ کرنا ہے کہ صدقۃ الفطر کتنے ریال کا ہوتا ہے؟ آپ کو غالباً معلوم ہوگا۔

المستفتی: سعید احمد قاسمی سیڈھا، بجنور

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: صدقۃ الفطر حنفیہ کے نزدیک اگر گیہوں یا آٹے سے دیا جائے تو نصف صاع ہے۔ اور مکۃ المکرّمہ میں مدرسہ صولتیہ کی طرف سے صدقہ کی

قیمت کے متعلق دس ریال کا اعلان کیا گیا، اس سے زیادہ ہم کو وہاں کے بارے میں معلومات نہیں۔ فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۹ر محرم الحرام ۱۴۲۹ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۹۴۲۳/۳۸)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۲۹/۱/۱۹ھ

حالت جنابت میں طواف کرنا

سوال [۵۱۴۸]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: آپ سے گزارش یہ ہے کہ کچھ دن پہلے میں زیارت عمرہ کے لئے مقامات مقدسہ مدینہ منورہ اور مکہ گیا تھا، اللہ کے فضل سے عمرہ کی ادائیگی کے تمام ارکان ٹھیک ادا کر لئے، دوسرے دن صبح کی نماز کے بعد خانہ کعبہ کا طواف کر کے اپنے ہوٹل روم آپہنچا تو احساس ہوا کہ میں طواف کے قابل نہیں تھا، پھر بھی نیت پاک وصاف تھی، طواف ٹھیک ہو گیا؛ لیکن میں اس کا کفارہ ایک دنبہ دم کے طور پر ادا کر دینا چاہتا ہوں، ان جانے سے بھول ہو گئی ہے، براہ کرم شرعی قانون کے تحت حسب ذیل مسئلہ کی وضاحت کریں۔

المستفتی: ضیاء اللہ خان

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: طواف کے قابل نہ رہنے سے اگر مراد حالت جنابت ہے، تو کفارہ میں دم دینا واجب ہے۔

لو طاف لعمرة جنبا، أو محدثا فعليه دم. الخ (الدرالمختار، باب الجنایات، کراچی ۲/ ۵۵۱، کوئٹہ ۲/ ۲۲۳، زکریا دیوبند ۳/ ۵۸۳)

ولو كان طاف لعمرة جنبا، ففي القياس عليه بدنة أيضا، كما في طواف الزيارة؛ لأن كل واحد منهما ركن، ولكنه ترك القياس هنا،

وقال عليه الدم فقط. (المبسوط، دارالكتب العلمية بيروت ٤/ ٤٠، وهكذا في الفتاوى التاتارخانية، زكريا ديوبند ٣/ ٦٠٩، رقم: ٥١٦٤، المحيط البرهاني، المجلس العلمي ٣/ ٤٥٣، رقم: ٣٣٦٩)

اوراگر دوسری جنابت مراد ہے تو اس کی تعیین فرمایئے، اس کے بعد حکم لگایا جا سکتا ہے۔ فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۷/ ذیقعدہ ۱۴۰۸ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۲۴/ ۹۹۰)

حاجی کا منیٰ میں قربانی نہ کرنا

سوال [۵۱۴۹]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کچھ حاجیوں نے منیٰ میں قربانی نہیں کی اس کی رقم موجود ہے؛ لہٰذا اس رقم کا کیا مصرف ہے؟ اور قربانی کا اب کیا بدل ہوسکتا ہے؟ جواب عنایت فرمائیں جب کہ حج تمتع کرنے والے ہیں۔

المستفتی: محمد شمیم اختر، محلّہ بنگلہ گاؤں سول لائن، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: مذکورہ صورت میں ان حاجیوں میں سے ہر ایک پر تین تین قربانیاں واجب ہوگئیں: (۱) حج تمتع کی (۲) حلق کو قربانی پر مقدم کرنے کی (۳) ایام نحر میں قربانی نہ کرنے کی۔

أخر إراقة الدم عن أيام النحر أيضا ينبغي أن يجب عليه ثلاثة دماء: دم لحلقه قبل الذبح، ودم لتأخير الذبح عن أيام النحر، ودم للقران والتمتع. الخ (غنية الناسك، باب الجنايات، قبيل الفصل الثامن في صيد البر وما يتعلق به، كراچی جديد ٢٨٠، مكتبه خيريه ميرٹھ ١٥٠)

نیز حج کی قربانی کی قیمت کا صدقہ کرنا اور حرم میں قربانی کرنا دونوں جائز ہے؛ کیوں کہ وہ ایام نحر کے ساتھ خاص ہے اور وہ گذر گئے۔

إعلم أن الدماء على أربعة أوجه: منه ما يختص بالزمان، والمكان، وهو دم المتعة والقران. (هامش شرح نقايه، مكتبه إعزازيه ديوبند ١/ ٢١٤، قرة العينين ٢/ ١٧٢، ٢/ ٤٦)

بقیہ دونوں قربانیاں حدود حرم ہی میں کرنی ہوں گی؛ اس لئے وہاں رابطہ قائم کر کے قربانی کروا دی جائے۔

مستفاد: من هامش شرح النقايه، منه ما يختص بالمكان دون الزمان، وهو دم الجنايات. (شرح نقايه مكتبه إعزازيه ديوبند ٢/ ٤ ٢١، قرة العينين شرح زبدة المناسك ٢/ ٤٦) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۲؍محرم الحرام ۱۴۰۸ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۲۳/ ۴۴۷)

زوال سے قبل رمی کرنے سے وجوب دم

سوال [۵۱۵۰]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کیا امسال سعودی حکومت نے رمی جمرات میں بھیڑ اور لوگوں کے جانی نقصان کو مدنظر رکھ کر وقت کی قید اٹھالی؟ اور دوسرے تیسرے دن زوال کے بعد کی شرط ختم کر دی، ایک حاجی صاحب نے تیسرے دن زوال آفتاب سے قبل رمی کر لی اور بعض لوگوں نے فجر کی اذان سے بھی قبل رمی کر لی اور پھر سعی کے لئے مکہ مکرمہ چلے گئے، اس حاجی کے رفیق سفر اس پر معترض ہیں کہ اس نے اپنے مسلک حنفیہ کی خلاف ورزی کی ہے؛ اس لئے اس شخص کے پیچھے اقتدا درست نہیں ہے، رمی درست نہ ہونے کی صورت میں اس شخص پر کوئی تاوان تو نہیں

ہے؟ اور اقتداء اس شخص کی درست ہے یا نہیں؟ براہ کرم ساتھیوں سے اشکال اور انتشار کو دور فرما کر مشکور فرمائیں؟ امام نہ ہونے کی حالت میں وہ امامت کر لیتے ہیں۔

المستفتی: محمد یونس احمد گڑھ، پنجاب

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: حسب تحریر سوال امام صاحب نے چونکہ رمی کے وقت سے پہلے رمی کر لی ہے؛ اس لئے ان کی رمی درست نہیں ہوئی، اس کا اعادہ واجب تھا، اگر انہوں نے اس کا اعادہ نہیں کیا تو ان پر ایک دم واجب ہے، جس کا حدود حرم میں ذبح کرنا ضروری ہے۔ سعودی حکومت کی طرف سے ایسا کوئی اعلان نہیں ہوا، ہاں البتہ مؤسسہ کی طرف سے کچھ ایسی پرچیاں حاجیوں کو دی گئی ہیں، جن سے بہت ساری غلط فہمیاں پھیل گئی ہیں اور اس مسئلہ کا تعلق امامت سے نہیں ہے، غلطی کا جرمانہ شریعت نے دم کی صورت میں مقرر کر دیا ہے اور دم تاخیر سے بھی دیا جا سکتا ہے، اس کی وجہ سے امامت میں کوئی فرق نہ آئے گا، ہاں البتہ ایسے گناہ کبیرہ پر اگر مصر رہے جس پر توبہ لازم ہے اور توبہ نہیں کرتا ہے، تو وہ فاسق ہے، اس کے پیچھے نماز مکروہ تحریمی ہوتی ہے۔ (مستفاد: انوار مناسک/ ۴۸۷-۴۸۸)

لا يجوز فيهما قبل الزوال اتفاقا لوجوب اتباع المنقول لعدم المعقولية، وقوله: والصحيح أنه لا يصح في اليومين إلا بعد الزوال مطلقا.

(غنية الناسك، باب رمي الجمار، فصل في أوقات الرمي في الأيام الأربعة، کراچی جدید ۱۸۱، قدیم مکتبه خیریه میرٹھ ۹۷) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۸/۱/۱۴۲۸ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۸/۹۱۶۲)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۲۸/۱/۱۴۲۸ھ

رمی سے قبل قربانی کرنے کا حکم

سوال [۵۱۵۱]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے

بارے میں: حاجی نے قربانی کا روپیہ سودی بینک میں جمع کردیا، قربانی کا وقت صبح دس بجے کا ملا، مگر رمی شام کو کر پایا، یعنی ترتیب فوت ہوگئی۔

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وبالله التوفيق: جب سعودی بینک میں حنفی حاجی نے قربانی کا پیسہ جمع کردیا اور دس بجے قربانی کا معاہدہ ہوا، تو دس بجے سے پہلے رمی کرنے کا ذمہ دار خود حاجی ہے؛ کیوں کہ سعودی بینک کا وقت حاجی نے بخوشی قبول کیا ہے۔ (مستفاد: ایضاح المناسک/۱۲۵)

وإن ذبح قبل الرمي لزمه دم إن كان قارنا، أو متمتعا. (البحرالرائق، كتاب الحج، باب الجنايات، كوئٹه ٣/ ٢٤، زكريا ٣/ ٤٢)

لیکن آئندہ کے لئے یہ طے کرلیں کہ قربانی کی رقم اس طرح جمع نہ کریں گے، پھر صاحبین کے مسلک پر مجبوری کی وجہ سے عمل کرلیں تو گنجائش ہوگی؛ اس لئے کہ دس بجے سے قبل جان کا سخت خطرہ تھا۔

ثم بتأخيرها يجب الدم عند أبي حنيفة، خلافا لهما. الخ (هداية، أشرفيه ديو بند ١/ ٢٧٥) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ	الجواب صحیح:
۱۴۲۵/۲/۳ھ	احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
(الف فتویٰ نمبر: ۹۲۲۲/۳۷)	۱۴۲۵/۲/۳ھ

متمتع کے وکیل نے رمی سے قبل قربانی کردی تو کیا حکم ہے؟

سوال [۵۱۵۲]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: چالیس افراد (حاجیوں) نے مشورہ کیا کہ قربانی کے لئے ایک وکیل بنایا جائے اور ان حاجیوں کے حج، حج تمتع تھے؛ اس لئے حاجیوں کے ذمہ دار نے وکیل سے بار بار سوال کیا کہ قربانی کس وقت کروگے؟ تاکہ قربانی کے بعد احرام کھول سکیں، وکیل نے کہا دس تاریخ دن کو نہیں رات کو میں قربانی کروں گا اور آپ لوگ گیارہ کی صبح کو احرام کھول دیں، اس طرح بات

پکی ہوگئی اور وکیل جو ہے حج کرنے والوں میں سے نہیں ہے؛ اس لئے وکیل مکہ میں رہ گیا اور حاجی لوگ حج کے لئے چلے گئے، اتفاق سے دس تاریخ کو وکیل نے سوچا کہ اگر رات کو ذبح خانہ بند ہوجائے اور قربانی نہ کرسکے تو گیارہ تاریخ کو فجر کے بعد حاجیوں نے اگر احرام کھول دیا تو مسئلہ گڑبڑ ہوجائے گا؛ اس لئے وکیل نے دس تاریخ کو دن کے بارہ بجے سے دو بجے تک ساری قربانی کردی؛ اس لئے کہ وکیل نے خیال کیا کہ دس تاریخ کو زوال سے پہلے تو رمی ختم ہوجائے گی؛ لیکن بعد میں معلوم ہوا کہ بعض نے عصر کے بعد رمی کی اور قربانی کرنے والے کو رمی کی خبر نہیں ملی، تو اس طرح قربانی پہلے ہوگئی اور رمی بعد میں ہوگئی، تو حج صحیح ہوگا؟

المستفتی: عبدالرحمٰن خلیل الحمید

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: حضرت امام ابوحنیفہ، حضرت امام مالک اور حضرت امام زفر رحمہم اللہ تعالیٰ کے نزدیک قارن اور متمتع پر جمرۂ عقبہ کی رمی کو قربانی پر مقدم کرنا واجب ہے؛ لہٰذا مذکورہ واقعہ میں جب متمتع کی قربانی جمرۂ عقبہ کی رمی پر مقدم ہوگئی ہے، تو ان پر جرمانہ میں ایک ایک دم دینا واجب ہوگا۔ اور یہ غلطی چاہے بے خیالی اور لاعلمی میں متمتع نے خود کی ہو یا اس کے وکیل نے ہر حال میں دم واجب ہے۔

وإن ذبح قبل الرمي لزمه دم إن كان قارنا، أو متمتعا. الخ (البحرالرائق، كتاب الحج، باب الجنايات، كوئٹه ٣/ ٢٤، زكريا ٣/ ٤٢)

ثم لا فرق في وجوب الجزاء فيما إذا جنى عامدا، أو خاطئًا مبتدءًا أو عائدا، ذاكرا أو ناسيا، عالما أو جاهلا، طائعا أو مكرها، نائما أو منتبها، سكران أو صاحيا، مغمى عليه أو مفيقا، معذورا أو غيره، موسرا أو معسرا، بمباشرته أو بمباشرة غيره به بأمره أو بغير أمره، ففي هذه الصور أجمعها يجب الجزاء، وهذا هو الأصل عندنا. (مناسك ملا علي قاري، باب الجنايات، كراچی ٢٩٩، دارالكتب العلمية بيروت ٣٣١- ٣٣٢، شامي، زكريا ديوبند ٣/ ٥٧٢، كراچی ٢/ ٥٤٣، منحة الخالق، زكريا ٣/ ٤، كوئٹه ٣/ ٣)

التقديم والتأخير يوجب الدم ساهيا أو جاهلا، وبه قال زفر ومالك، وعند أبي يوسف ومحمد رحمهما الله تعالىٰ لا شيء في التقديم والتأخير. الخ (البناية، أشرفيه ديو بند ٤/ ٣٦٦) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۷؍محرم الحرام ۱۴۲۶ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۲/۴۳۰۹)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۲۷؍محرم الحرام ۱۴۲۶ھ

کیا رمضان کے بعد عمرہ کرنے والے مکی پر اس سال حج کرنے سے دم جبر لازم ہے؟

سوال [۵۱۵۳]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: حج کے مہینوں میں رمضان شریف کے بعد عمرہ کیا، پھر اگر حج کرے گا، تو دم جبر دینا پڑے گا، اس مسئلہ کے بارے میں شرعاً کیا حکم ہے؟

المستفتی: قاری محمد میاں، مقیم حال جدہ سعودی عرب

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: ''فتح القدیر'' کے اندر ایسا ہی لکھا ہے کہ ایسے مکی پر دم جبر لازم ہے۔

حتى لو أن مكيا اعتمر في أشهر الحج، وحج من عامه، أو جمع بينهما كان متمتعا، أو قارنا آثما -إلى قوله- ومع هذا لو تمتعوا جاز، وأساؤوا، وعليهم دم الجبر. الخ (فتح القدير، كتاب الحج، باب التمتع، دارالفكر ٣/ ١١، زكريا ٣/ ١٠، كوئٹه ٢/ ٤٢٨) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۱؍ذیقعدہ ۱۴۱۵ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۱/۴۲۲۱)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۱۵/۱۱/۲۲ھ

حلق کرانے سے قبل خوشبودار صابن استعمال کرنا یا ناخن کاٹنا

سوال [۵۱۵۴]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: عمرہ کرنے والا یا حج کرنے والا، جب سب ارکان ادا کر چکے تو وہ دوسرے محرم کے بال بھی بنا سکتا ہے اور اپنے بال بھی خود کاٹ سکتا ہے، معلوم یہ کرنا ہے کہ اگر محرم نے حلال ہونے کے لئے سر بھگوتے وقت خوشبودار صابن لگا کر حلق کیا، یا حلق سے پہلے ناخن وغیرہ کاٹے تو دم لازم آئے گا یا نہیں؟ احناف کا مفتی بہ اور راجح قول کیا ہے؟

المستفتی: محمد اصغر سیڈھا، بجنور

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: حج یا عمرہ کرنے والے جب سارے ارکان سے فارغ ہو جائیں، صرف حلق کرانا باقی ہو، تو ایک دوسرے کے بال مونڈ کر احرام کھول سکتے ہیں؛ لیکن حلق کرنے سے پہلے خوشبودار صابن لگانا، حضرت امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک جائز نہیں، دم واجب ہو جائے گا۔ اور حضرات صاحبین کے نزدیک دم واجب نہیں ہوگا، حضرت امام ابوحنیفہؒ کا قول راجح اور مفتی بہ ہے؛ اس لئے خوشبودار صابن لگانے سے احتراز ضروری ہے، اسی طرح سر منڈانے سے پہلے ناخن وغیرہ کاٹنا بھی موجب کفارہ ہے۔ (مستفاد: انوار مناسک/ ۲۲۸)

ولو وجب عليه الحلق أو التقصير، فغسل رأسه بالخطمي مقام الحلق لا يقوم مقامه، وعليه الدم لغسل رأسه بالخطمي في قول أبي حنيفة، وفي قول أبي يوسف ومحمد لا دم عليه. (بدائع الصنائع، كتاب الحج، فصل بيان الحلق أو التقصير، زكريا ديوبند ۲/ ۳۲۹، كراچی ۲/ ۱٤۰)

أبيح له التحلل، فغسل رأسه بالخطمي أو قلم ظفره قبل الحلق عليه دم؛ لأن الإحرام باق؛ لأنه لا تحلل إلا بالحلق، فقد جنى عليه بالطيب،

وذكر الطحاوي: لا دم عليه عند أبي يوسف ومحمد؛ لأنه أبيح له التحلل، فيقع به التحلل. (فتح القدير، زكريا ۲/ ۵۰۲، کوئٹه ۲/ ۳۸٦، دارالفکر ۲/ ٤۹۰)

فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۰/۱/۱۴۲۹ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۸/۹۴۲۵)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۲۰/۱/۱۴۲۹ھ

بلا عذر وقوف مزدلفہ ترک ہو گیا تو؟

سوال [۵۱۵۵]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: عورت مرد بچہ وقوف مزدلفہ بلا عذر نہ کریں، تو دم واجب ہوگا یا نہیں؟ اور بھیڑ بھاڑ ازدحام کی وجہ سے نہ کرسکیں تو کیا پھر بھی دم واجب ہوگا؟ آیا تینوں پر ہوگا یا کسی ایک پر نہیں ہوگا؟ اگر نہیں ہوگا تو کیوں مع دلیل جواب سے مطلع فرمائیں؟

المستفتی: عبداللہ مظفر نگری

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: بلا عذر وقوف مزدلفہ کے ترک کرنے کی اجازت نہیں ہے، اگر ترک کردیا تو دم لازم ہوجائے گا، عورت مرد بچہ تینوں کا حکم یکساں ہے؛ لیکن اگر بھیڑ بہت زیادہ ہو اور مرد یا عورت کمزور ہے یا بیمار ہے، جس کی وجہ سے وہاں تک پہنچنا دشوار ہے، تو اس کی وجہ سے اگر وقوف مزدلفہ نہ کرسکیں تو دم واجب نہ ہوگا۔ (مستفاد: ایضاح المناسک/۱۴۵)

عن ابن عباس –رضي الله عنه– يقول: أنا ممن قدم النبي صلى الله عليه وسلم ليلة المزدلفة في ضعفة أهله. (الصحيح البخاري، المناسك، باب من قدم ضعفة أهله بليل فيقفون بالمزدلفة، النسخة الهندية ۱/ ۲۲۷، رقم: ۱٦٤۹، ف: ۱٦۷۸)

عن عائشة –رضي الله عنها– قالت: استأذنت سودة النبي صلى الله عليه وسلم ليلة جمع، وكانت ثقيلة ثبطة، فأذن لها. (الصحيح البخاري، المناسك، الباب السابق، النسخة الهندية ١/ ٢٢٨، رقم: ١٦٥١، ف: ١، وكذا في المسلم، الحج، باب استحباب تقديم دفع الضعفة من النساء، النسخة الهندية ١/ ٤١٨، رقم: ١٢٩٢)

عن ابن عباس –رضي الله عنهما– أن رسول الله صلى الله عليه وسلم، قال: للعباس ليلة المزدلفة إذهب بضعفائنا ونسائنا، فليصلوا الصبح بمنى وليرموا جمرة العقبة قبل أن يصيبهم دفعة الناس. (شرح معاني الآثار، المناسك، باب وقت رمي الجمرة العقبة للضعفاء الذين يرخص لهم ٢/ ٢٩١، رقم: ٣٨٨٩)

وهذا الوقوف من الواجبات عندنا، وليس بركن حتى لو تركه أصلا يلزمه الدم. (الفتاوى التاتارخانية، كتاب الحج، الفصل الثالث تعليم أعمال الحج، زكريا ديوبند ٣/ ٥٢٠، رقم: ٤٩٥٢، كوئٹه ٢/ ٤٥٩)

لكن لو تركه بعذر كزحمة بمزدلفة فلا شيء عليه، قال الشامي إذا كان لعلة أو ضعف، أو تكون امرأة تخاف الزحام، فلا شيء عليه. (شامي، كتاب الحج، مطلب في الوقوف بمزدلفة، زكريا ديوبند ٣/ ٥٢٩، كراچی ٢/ ٥١١) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۹/۸/۱۴۱۷ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۲/ ۴۹۷۸)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۹/۸/۱۴۱۷ھ

جو حج فاسد ہوجائے اس کا اسی سال اعادہ کرنا

سوال [۵۱۵۶]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: جماع قبل الوقوف بعرفہ کے سلسلہ میں ''انوار مناسک'' ص: ۲۱۵، مولف مولانا مفتی شبیر احمد صاحب میں یہ حکم بیان گیا ہے کہ وقوف عرفہ سے پہلے ہمبستری کی وجہ سے حج

فاسد ہوجائے گا اور ساتھ میں ایک دم بھی واجب ہوجائے گا؛ لہٰذا جماع اور ہمبستری کے بعد اگر اتنا وقت ہے کہ دوبارہ حج کا احرام باندھ کر عرفہ کی رات ختم ہونے سے قبل وقوف کرسکے تو دوبارہ حج کا احرام باندھ کر وقوف کرلیا جائے تو حج صحیح ہوجائے گا، گویا اسی سال فاسد شدہ حج کی قضا ہوجائے گی اور ساتھ ہی ایک دم بھی دے دے۔ اور اگر اس سال وقت نہیں ہے تو دوسرے حجاج کی طرح حج کے ارکان میں عمل کرتا رہے اور آئندہ سالوں میں حج کی قضا لازم ہوگی اور ایک دم بھی بہر حال لازم رہے گا۔ اور حاشیہ میں یہ حوالہ درج ہے:

وإن جامع في أحد السبيلين قبل الوقوف بعرفة فسد حجه، وعليه شاة ويمضى فى الحج كما يمضى من لم يفسده. (هداية رشيديه ۱/ ۲۵۱)

مگر ''معلم الحجاج'' ص: ۲۴۱ / میں یہ حکم اس طرح بیان کیا گیا ہے: ''حج فاسد ہوگیا اور دم واجب ہوگیا اور باقی افعال حج مثل حج صحیح کے ادا کرنے ہوں گے اور آئندہ سال حج کی قضاء واجب ہوگی''

اس سے معلوم ہوتا ہے کہ اس سال قضاء کرنا یا دوبارہ احرام باندھنا نہیں ہوسکتا؛ بلکہ آئندہ سال ہی میں ہوسکتا ہے، جس کی تائید ذیل کی عبارات سے ہوتی ہے:

(۱) آگے خود صاحب ہدایہ استدلال میں وہ حدیث پیش کرتے ہیں، جس میں: **''وعليهما الحج من قابل''** کا لفظ ہے

(۲) ولو أهل بحجة أو عمرة وجامع فيها، ثم أحرم بأخرى ينوي قضائها قبل أدائها فهي هي، وإهلاله لم يصح ما لم يفرغ من الفاسد. (غنية الناسك، ص: ۲۷۰، قبيل مطلب في جماع القارن، مطبوعه كراچى)

(۳) وعليهما قضاء الحجة من قابل. (عـالمگيرى قديم زكريا ۱/ ۲۴۴، الفصل الرابع في الجماع، جديد زكريا ۱/ ۳۰۹)

(۴) وكذا في فتاوى قاضى خان: أن نية الرفض باطلة؛ لأنه لا يخرج عنه إلا بالأعمال. (بحر، كوئٹه ۳/ ۱۵)

(۵) قوله: (ويمضي الخ) لأن التحلل من الإحرام لا يكون إلا بأداء الأفعال أو الإحصار، ولا وجود لأحدهما، وإنما وجب المضي فيه مع فساده لما أنه مشروع بأصله دون وصفه، ولم يسقط الواجب به لنقصانه.
(شامي، زكريا ۳/ ۵۹۳)

(۶) قوله: (فهو صريح في جواز القضاء من عامه الخ) الذي سيأتي متنا وشرحا جاوز الميقات بلا إحرام، فأحرم بعمرة يعنى داخل الميقات ثم أفسدها مضى وقضى ولا دم عليه لترك الوقت لجبره بالإحرام منه في القضاء، وبهذا تعلم ما في نقله وأن ما يأتي لا يدل على جواز القضاء في عامه حتى يكون مخالفا لما ذكروه هنا على أن عبارة الرملي بعد ما ذكره عنه لكن هنا لما وجب المضى بالإحرام من الميقات تعين القضاء من القابل بخلاف المجاوزة بلا إحرام لتدارك ما فاته، هكذا نقل عبارته السندي.
(تقريرات الرافعي زكريا ديوبند ۳/ ۱۶۵)

(۷) باب مفسدات الحج: وكذا يفسد بالجماع، المالكية قالوا: ويجب على من فسد حجه إتمامه، فلو ترك إتمام الحج لظنه أنه خرج من الإحرام يبقى على إحرامه، فلو أحرم في العام القابل إحراما جديدا كان إحرامه لغوا، ويتم إحرامه الذى أفسده ...... الثاني: قضاءه فورا متى كان قادرا، الحنفية قالوا: ويقضيه من قابل، الشافعية: قالوا: ويجب قضاء الحج الذي أفسده بالجماع فورا في العام الذى يليه مباشرة. الحنابلة قالوا: وعلى الفاعل والمفعول القضاء فورا في العام القابل. (كتاب الفقه على المذاهب الأربعة ۱/ ۶۰۶، مطبوعه ديوبند بيروت)

(۸) فإذا فسد الحج بالجماع يجب المضى في فاسده، ويجب القضاء اتفاقا على الفور من العام التالي، وإن كان نسكه تطوعا؛ لأنه يلزم

بالشروع فيه، فصار ...... بخلاف باقي العبادات. (الاستذكار لابن عبدالبر ۲/ ۲۸۸، تحت الحديث: ۸۲۳، هدي المحرم إذا أصاب أهله)

(۹) ومنها: وجوب المضى في الحجة الفاسدة، ويعمل جميع ما يعمله في الحج الصحيح ...... لقول جماعة من الصحابة رضي الله عنهم. (يمضيا في إحرامهما) ومنها: وجوب القضاء من عام قابل بإجماع الصحابة. وهل يجب القضاء على الفور؟ مقتضى كلام الأصحاب أنه يجب القضاء على الفور. (البحرالعميق ۲/ ۸۷۸، الفصل الخامس في الجماع ودواعيه، مكة)

عبدِ ضعیف کا ناقص خیال ہے کہ یہاں "**على الفور**" سے مراد "**على الفور من العام التالى**" جو کہ "**الاستذكار**" اور "**كتاب الفقه**" کی مذکورہ بالا عبارات سے معلوم ہوتا ہے۔ اور پھر "عام تالی" میں حج صحیح کا وہ اختلاف آئے گا یعنی وجوب اداء علی الفور ہے یا علی التراخی؟ اور شاید اسی کو علامہ شامی نے دوقول سمجھے ہیں۔

مع تأمله ولعل الحال بخلافه. (شامي زكريا ۳/ ۵۹۳، تحت قوله: (ويقضي الخ. والله أعلم)

(۱۰) قال ابن رشد: ومما يخص الحج الفاسد عند الجمهور دون سائر العبادات أنه يمضى فيه المفسد له، ولايقطعه وعليه دم ...... وقال القاري في شرح النقاية: أفسد حجه بالجماع، ومضى في حجه لإجماع الصحابة على ذلك ...... ووجب عليه المضي فى فاسده، والقضاء على الفور، واتفقوا على أن عقد الإحرام لا يرتفع بالوطيء، وقال داؤد الظاهري: يرتفع، فإن قال قائل فلأى شيء لم يأمروا المحرم إذا فسد حجه بالجماع أن ينشئ إحراما ثانيا إذا كان الوقت متسعا، كأن وطي فى ليلة عرفة؟ فالجواب قد انعقد الإجماع على ذلك، ولا يجوز خرقه، ولعل

ذلک سببه التغليظ عليه لا غيره ما نتهى. (أوجز المسالك ۷/ ۲۲۲، باب هدي الحرم إذا أصاب أهله، مطبوعه مكه ومطبوعه سهارنپور ۳/ ۵۵۳)

اس بارے میں آپ کی رائے گرامی مطلوب ہے۔ امید ہے کہ صحیح مسئلہ کو اس کے ماخذ کے ساتھ تحریر فرما کر ممنون فرمائیں گے۔

المستفتی: محمد ابراہیم تری پوروی

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وبالله التوفيق: توجہ دلانے کا بہت بہت ممنون مشکور ہوں، واقعی یہ دونوں مسئلے قابل اصلاح ہیں، لکھنے کے زمانہ میں فقہی جزئیہ ''**وقضى الحج في عامه يسقط عنه الدم، فهو صريح في جواز القضاء من عامه لتدارك ما فاته**''.
(شامي زكريا ۳/ ۵۹۳، شامي كراچى ۲/ ۵۵۹) جیسا جزئیہ ذہن میں رہا ہے، اسی بنا پر یہ حکم لکھا گیا تھا؛ لیکن حاشیہ میں یہ جزئیہ کیوں نہیں لکھا یاد نہیں پڑ رہا ہے، اب آپ حضرات کے توجہ دلانے پر موضوع سے متعلق اپنی طاقت بھر کتابوں کی مراجعت کی گئی، اس سے یہی بات ثابت ہوئی ہے کہ اسی سال حج کا اعادہ جائز نہیں ہے، وہ احرام ہی کی حالت میں رہے گا، اس کا احرام کھلے گا نہیں اور عام حاجیوں کی طرح سارے مناسک کی ادائیگی کے بعد باضابطہ احرام کھولے گا اور اس حاجی پر لازم ہے کہ آئندہ سالوں میں اس کی قضاء کرے اور ایک دم دے۔ اور عمرہ کرنے والے پر لازم ہے کہ ارکان عمرہ سب ادا کرنے کے بعد باضابطہ حلال ہو جائے، اس کے بعد دوبارہ احرام باندھ کر اس کی قضاء کرے اور دم بھی دے؛ لہٰذا احقر اپنی پہلی تحریروں سے رجوع کرتا ہے اور اب شرعی حکم یہی لکھا کرے گا۔ اور اس سلسلہ میں متعدد حدیث وآثار دستیاب ہوئے، ''موطا امام مالکؒ'' میں حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کا اثر ہے، جو حسب ذیل ہے:

حدثني يحيى عن مالك، أنه بلغه أن عمر بن الخطاب –رضي الله عنه– وعلي بن أبي طالبؓ، وأبا هريرةؓ سئلوا عن رجل أصاب أهله وهو

محرم بالحج؟ فقالوا: ينفذان يمضيان لوجههما حتى يقضيا حجهما، ثم عليهما حج قابل والهدي، قال: وقال علي بن أبي طالب: وإذا أهلا بالحج من عام قابل تفرقا حتى يقضيا حجهما. (الموطا للإمام مالك على أوجز المسالك، دارالقلم، دمشق ٧/ ٥٧٤، ٥٧٧، رقم: ٨٤٣، الموطا للإمام مالك، كتاب الحج، هدي المحرم إذا أصاب أهله، أشرفي بك ڈپو ١/ ١٤٨، ١٤٩)

اور ”مراسیل ابی داؤد“ میں یزید بن نعیم کی مرسل روایت ہے:

وعن يزيد بن نعيم أو زيد بن نعيم، أن رجلا من جذام جامع امرأته، وهما محرمان، فسأل الرجل رسول الله صلى الله عليه وسلم، فقال لهما: اقضيا نسككما وأهديا هديا، ثم ارجعا، حتى إذا اجتمعا المكان الذي أصبتما فيه ما أصبتما فأحرما وأتما نسككما وأهديا. (مراسيل أبي داؤد ٩)

اور ”مصنف ابن ابی شیبہ“ میں حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ اور حضرت عبداللہ ابن عباس رضی اللہ عنہما کا بھی اثر ہے:

عن عمرو بن شعيب، عن أبيه قال: أتى رجل عبدالله بن عمرو –رضي الله عنه– فسأله عن محرم وقع بامرأته، فأشار له إلى عبدالله بن عمر فلم يعرفه الرجل، قال شعيب: فذهبت معه، فسأله، فقال: بطل حجه، قال: فيقعد، قال: لا بل يخرج مع الناس، فيصنع ما يصنعون، فإذا أدركه قابل حج وأهدى، فرجعا إلى عبدالله بن عمرو، فأخبراه، فأرسلنا إلى ابن عباس قال شعيب: فذهبت إلى ابن عباس معه، فسأله، فقال له مثل ما قال ابن عمر، فرجع إليه، فأخبره، فقال له الرجل: ما تقول أنت؟ فقال: مثل ما قالا.

(مصنف ابن أبي شيبة جديد المجلس العلمي ٨/ ١٢١، رقم: ١٣٢٤٨)

اور ”مراسیل ابی داؤد“ کی مذکورہ روایت ”سنن کبریٰ للبیہقی ۷/ ۳۶۵، حدیث: ۹۸۷۶ر میں بھی ہے۔ اور دارقطنی شریف میں بھی حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ اور

عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے۔ اور ملا علی قاریؒ نے ''شرح نقایہ'' میں متعدد روایات نقل فرمائی ہیں، جن میں اسی کا ذکر ہے کہ آئندہ سال حج کی قضاء کرے گا۔ اور ایک دم بھی دے گا، ان سب روایتوں کا حوالہ ''شرح نقایہ ۱/ ۲۱۵'' میں موجود ہے۔ اور ''فتاوی تا تارخانیہ جدید ۳/ ۵۷۹، مسئلہ: ۵۰۷۰'' کے ذیل میں ان تمام روایات کا حوالہ پیش کیا گیا ہے۔ اور فقہ کی جزئیات میں صریح جزئیہ ''مبسوط'' کی عبارت ہے۔

رجل أهل بعمرة وجامع فيها، ثم أحرم بأخرى ينوي قضاء ها، قال: هي هي، لأنه بالجماع وإن فسد نسكه فقد لزمه المضي فى الفاسد، ولا يخرج من الإحرام إلا بأداء الأعمال، فنيته في الإحرام بالإهلال الثاني لغو؛ لأنه ينوي إيجاد الموجود، ونية القضاء كذلك، فإن الإحرام الواحد لا يتسع للقضاء والأداء، فكان عليه دم للجماع، ويفرغ منها، وعليه عمرة، وكذلك هذا الحكم لو كان مهلا بالحجة ...... المحرم بالعمرة إذا جامع النساء، ورفض إحرامه، وأقام حلالا يصنع ما يصنع الحلال من الطيب، والصيد وغيره، فعليه أن يعود حراما كما كان؛ لأن بإفساد الإحرام لم يصر خارجا منه قبل أداء الأعمال، وكذلك بنية الرفض وارتكاب المحظورات فهو محرم على حاله، إلا أن عليه بجميع ما صنع دم واحد لما بينا أن ارتكاب المحظورات استند إلى قصد واحد، وهو تعجيل الإحلال، فيكفيه لذلك دم واحد، وعليه عمرة مكان عمرته؛ لأنها لزمته بالشروع والأداء بصفة الفساد لا ينوب عما لزمه بصفة الصحة، فعليه قضاؤها. (المبسوط للسرخسي، دارالكتب العلمية بيروت، لبنان ٤/ ١٢١-١٢٢)

ومن جامع في العمرة قبل أن يطوف أربعة أشواط فسدت عمرته، فيمضي فيها، ويقضيها، وعليه شاة. (هداية، كتاب الحج، باب الجنايات، أشرفي بك ڈپو ديوبند ١/ ٢٧٢)

ووطؤه في عمرته قبل طوافه أربعة مفسد لها، فمضى وذبح وقضى وجوبا. (شامي، زكريا ٣/ ٥٩٥، کراچی ٢/ ٥٦٠) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۳ ربیع الاول ۱۴۳۲ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۹/۱۰۳۱۹)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۳۲/۳/۱۳ھ

کیا فاسد شدہ حج کی قضاء اس سال ممکن ہے؟

سوال [۵۱۵۷]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: ”انوار مناسک“ کی عبارت کی وضاحت مطلوب ہے اور مقصود فقط سمجھنا ہے، بہت کوشش کی؛ لیکن کم فہمی کی وجہ سے نہ سمجھ سکا۔ امید ہے کہ زحمت گوارہ فرما کر تشفی فرمائیں گے۔ ص: ۲۱۵/ پر مذکور ہے ”اگر کسی نے وقوف عرفہ سے قبل ہمبستری کرلی تو حج فاسد ہوجائے گا؛ لیکن اگر جماع کے بعد اتنا وقت ہے کہ دوبارہ حج کا احرام باندھ کر عرفہ کی رات ختم ہونے سے قبل وقوف کرسکے تو دوبارہ حج کا احرام باندھ کر وقوف کرلیا جائے تو حج درست ہوجائے گا، گویا اسی سال فاسد شدہ حج کی قضاء ہوجائے گی“ یعنی آئندہ قضاء کرنے کی ضرورت نہیں، حالانکہ سارے فقہاء کرام کی عبارتوں سے بظاہر یہی سمجھ میں آرہا ہے کہ آئندہ قضاء کرنی ہوگی، یہ تقسیم کرنا کہ اگر دوبارہ وقوف عرفہ کی رات ختم ہونے سے پہلے احرام باندھتا ہے تو حج صحیح اور اگر اس سال وقت نہیں ہے تو آئندہ سال قضاء اس فرق کا مستدل سمجھ میں نہیں آیا، دوسرے فقہاء کی عبارتیں مطلق ہیں کہ آئندہ سال فاسد شدہ حج کی قضاء کرنا ضروری ہے، چاہے وقت ہو یا نہ ہو اور آں حضرت نے استدلال میں حاشیہ میں ہدایہ کی جو عبارت پیش کی ہے اس سے بھی یہی تقسیم بظاہر سمجھ میں نہیں آرہی ہے۔ اور یہی خلجان عمرہ کے بارے میں بھی معلوم ہورہا ہے (اس صفحہ پر عمرہ کے بیان میں) اس کے حاشیہ میں بھی ہدایہ کا جزئیہ آنحضرت کی عبارت کا ساتھ نہیں دے رہا ہے، باقی کئی مرتبہ پڑھنے کے بعد بھی میں اپنی ہی کوتاہی سمجھتا ہوں کہ آں حضرات کی یہ عبارت مجھے سمجھ میں نہیں آرہی ہے۔

المستفتی: مفتی لطف الرحمٰن ولایت علی بمبئی

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وبالله التوفيق: توجہ دلانے کا بہت بہت ممنون ومشکور ہوں، واقعی یہ دونوں مسئلے قابل اصلاح ہیں، لکھنے کے زمانہ میں فقہی جزئیہ ”**وقضى الحج في عامه يسقط عنه الدم، فهو صريح في جواز القضاء من عامه لتدارك ما فاته**“.

(شامي زكريا ٣/ ٥٩٣، شامي كراچى ٢/ ٥٥٩) جیسا جزئیہ ذہن میں رہا ہے، اسی بنا پر یہ حکم لکھا گیا تھا؛ لیکن حاشیہ میں یہ جزئیہ کیوں نہیں لکھا یاد نہیں پڑ رہا ہے، اب آپ حضرات کے توجہ دلانے پر موضوع سے متعلق اپنی طاقت بھر کتابوں کی مراجعت کی گئی، اس سے یہی بات ثابت ہوئی ہے کہ اسی سال حج کا اعادہ جائز نہیں ہے، وہ احرام ہی کی حالت میں رہے گا، اس کا احرام کھلے گا نہیں اور عام حاجیوں کی طرح سارے مناسک کی ادائیگی کے بعد باضابطہ احرام کھولے گا اور اس حاجی پر لازم ہے کہ آئندہ سالوں میں اس کی قضاء کرے اور ایک دم دے۔ اور عمرہ کرنے والے پر لازم ہے کہ ارکان عمرہ سب ادا کرنے کے بعد باضابطہ حلال ہو جائے، اس کے بعد دوبارہ احرام باندھ کر اس کی قضاء کرے اور دم بھی دے؛ لہٰذا احقر اپنی پہلی تحریروں سے رجوع کرتا ہے اور اب شرعی حکم یہی لکھا کرے گا۔ اور اس سلسلہ میں متعدد حدیث وآثار دستیاب ہوئے۔ آپ کے کارڈ میں ان ساری چیزوں کے نقل کرنے کی گنجائش نہیں؛ اس لئے کتابوں کے نام مع جلد وحوالہ کے لکھے جا رہے ہیں، ایک دوسرے صاحب نے بھی توجہ دلائی ہے، ان کے کاغذ میں گنجائش تھی؛ اس لئے اس میں عبارتوں کے ساتھ حوالہ لکھا گیا ہے اور ان کا فتویٰ نمبر الف ۳۹:۱۰۳۱۹ اور تاریخ ۱۳/ ربیع الاول ۱۴۳۲ھ ہے۔

(موطا امام مالک علی الأوجز دمشق ۷/ ۵۷۴، رقم: ۸۴۳، ۸۵۱ ذ، اشرفی بک ڈپو ۱/ ۱۴۸، ۱۴۹، مراسیل ابوداؤد ۹، مصنف ابن ابی شیبہ جدید ۸/ ۱۲۱، رقم الحدیث: ۱۳۲۴۸، سنن کبریٰ للبیہقی ۷/ ۳۶۵، تاتارخانیہ جدید ۳/ ۵۷۹، مبسوط للسرخسی دار الکتب العلمیہ بیروت لبنان ۴/ ۱۲۱-۱۲۲، ہدایہ اشرفی بک ڈپو دیوبند ۱/ ۲۷۲، شامی زکریا ۳/ ۵۹۵، کراچی ۲/ ۶۰) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۸/ ربیع الاول ۱۴۳۲ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۹/ ۱۰۳۲۰)

۱۵/ کتاب النکاح

۱/ باب فضائل النکاح وغیرھا

نکاح کے فضائل

سوال [۵۱۵۸]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ حضرت والا سے گزارش ہے کہ نکاح کے فضائل قرآن وحدیث کی روشنی میں بیان فرماکر ممنون فرمائیں۔

المستفتی: محمد شعیب میرٹھی

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: نکاح اللہ تعالیٰ کی طرف سے نوعِ انسانی کے لئے ایک ایسی نعمت ہے کہ اس کے ذریعہ سے انسان چاہے مرد ہو یا عورت، دونوں کو سکون کی زندگی حاصل ہوتی ہے؛ اس لئے اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم میں فرمایا ہے کہ اللہ تعالیٰ کی نشانیوں میں سے یہ بھی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے انسانوں کے لئے انسانی زندگی کے اندر سکون اور راحت کے واسطے ایک دوسرے کے لئے زندگی کا ساتھی پیدا فرمایا ہے۔ اور یہ سب کو معلوم ہے کہ شادی کے بعد میاں بیوی میں سے ہر ایک کو دوسرے سے کیا سکون حاصل ہوتا ہے۔ اور مزید اللہ تعالیٰ نے ایک دوسرے کے درمیان محبت ومودت کا سلسلہ جاری فرمایا ہے۔ آیتِ کریمہ ملاحظہ فرمائیے:

وَمِنْ اٰيَاتِهٖ اَنْ خَلَقَ لَكُمْ مِنْ اَنْفُسِكُمْ اَزْوَاجًا لِتَسْكُنُوْا اِلَيْهَا وَجَعَلَ بَيْنَكُمْ مَوَدَّةً وَرَحْمَةً. [سورة الروم: ۲۱]

ترجمہ: اللہ تعالیٰ کی نشانیوں میں سے یہ بھی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے تمہارے واسطے تم ہی میں سے جوڑا پیدا فرمایا ہے، تاکہ تم اس کے پاس جا کر سکون حاصل کرسکو اور اللہ تعالیٰ نے تمہارے درمیان پیار ومحبت اور مہربانی کا ذریعہ بنایا۔

آقائے نامدار سید الکونین علیہ الصلاۃ والسلام نے فرمایا کہ نکاح میری سنت ہے؛ اس لئے کسی مسلمان کو سنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے گریز نہیں کرنا چاہئے۔

حدیث شریف ملاحظہ فرمائیے:

عن عائشة –رضی الله عنها– قالت: قال رسول الله ﷺ: النكاح من سنتي، فمن لم يعمل بسنتي فليس مني. (ابن ماجة شريف، أبو اب النكاح، باب ما جاء في فضل النكاح، النسخة الهندية ۱۳۳، دارالسلام رقم: ۱۸٤٦)

ترجمہ: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ نکاح میری سنت ہے، جو شخص میری سنت پر عمل نہیں کرتا ہے وہ میرے طریقہ پر نہیں۔

اور دوسری حدیث شریف میں یہ فرمایا:

فمن رغب عن سنتي فليس مني. (مسلم شريف، كتاب النكاح، باب استحباب النكاح لمن تاقت نفسه إليه، النسخة الهندية ۱/ ٤٤٩، بيت الأفكار، رقم: ۱٤۰۱)

ترجمہ: لہٰذا جو شخص میری سنت سے گریز کرتا ہے، تو وہ میرے طریقے سے ہٹا ہوا ہے۔

نیز نکاح انسانی زندگی کی تکمیل اور سکون وراحت کا ذریعہ ہونے کے ساتھ ساتھ ایک اہم ترین عبادت بھی ہے، چنانچہ حدیث پاک میں سید الکونین صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ جس شخص نے نکاح کرلیا تو اس نے اپنے دین کو دو حصہ کر کے ایک حصہ کی تکمیل کرلی، باقی دوسرے حصہ کے بارے میں اللہ کی مرضی اور احکام خداوندی کے مطابق زندگی بسر کرنے کے لئے حلال وحرام سے بچ کر تقویٰ اختیار کرنے کی کوشش کرے۔ حدیث شریف ملاحظہ فرمائیے:

عن أنس بن مالك –رضي الله عنه– أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال: من رزقه الله امرأة صالحة فقد أعانه الله على شطر دينه، فليتق الله في الشطر الثاني. (المعجم الأوسط دارالفكر بيروت ١/ ٥٢٢، حديث: ٩٧٦، مجمع الزوائد، دارالكتب العلمية بيروت ٤/ ٢٧٣)

ترجمہ: حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس شخص کو اللہ نے نیک بیوی عطا فرمائی تو یقیناً اللہ نے اس کے نصف دین پر مدد فرمائی ہے؛ لہٰذا آئندہ باقی نصف کے بارے میں اللہ سے ڈرتا رہے۔

اور دوسری روایت میں ہے:

إذا تزوج العبد فقد كمل نصف الدين، فليتق الله في النصف الباقي.

(شعب الإيمان، دارالكتب العلمية بيروت ٤/ ٣٨٣، حديث: ٥٤٨٦)

ترجمہ: جب بندہ نکاح کرلیتا ہے تو یقیناً وہ اپنے آدھے دین کو مکمل کرلیتا ہے؛ لہٰذا باقی نصف کے بارے میں اللہ سے ڈرا کرے۔

اس لئے آقائے نامدار علیہ الصلاۃ والسلام نے شادی کے لائق جوانوں کو بار بار ترغیب دی کہ تم میں سے جو بھی نکاح کی طاقت رکھتا ہے وہ ضرور نکاح کرلیا کرے؛ اس لئے کہ نکاح کے ذریعہ سے نگاہ اور شرمگاہ دونوں کی حفاظت ہوجاتی ہے۔

حدیث شریف ملاحظہ فرمایئے:

عن عبدالله بن مسعود –رضي الله عنه– قال: قال رسول الله ﷺ: يا معشر الشباب! من استطاع منكم الباءة فليتزوج، فإنه أغض للبصر، وأحصن للفرج. (مسلم شريف، كتاب النكاح، باب استحباب النكاح لمن تاقت نفسه إليه الخ، النسخة الهندية ١/ ٤٤٩، بيت الأفكار، رقم: ١٤٠٠، صحيح البخاري، كتاب النكاح، باب قول النبي صلى الله عليه وسلم من استطاع منكم الباءة فليتزوج الخ، النسخة الهندية ٢/ ٧٥٨، رقم: ٤٨٧٥، ف: ٥٠٦٦، سنن الترمذي، أبواب النكاح عن رسول الله صلى الله عليه وسلم، النسخة الهندية ١/ ٢٠٦، دارالسلام رقم: ١٠٨١)

ترجمہ: حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اے نوجوانوں کی جماعت! تم میں سے جو بھی شادی کی طاقت رکھتا ہے، وہ ضرور نکاح کرلے؛ اس لئے کہ نکاح بدنگاہی اور شرمگاہ دونوں کی حفاظت کا ذریعہ ہے۔ واللہ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۵/ جمادی الاولیٰ ۱۴۳۵ھ
(رجسٹر خاص)

فوائدِ نکاح

سوال [۵۱۵۹]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: قرآن وحدیث کی روشنی میں نکاح کے فوائد مفصل تحریر فرما کر ممنون فرمائیں۔

المستفتی: عبید اللہ بھاگلپوری

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: علامہ علاء الدین حصکفی اور علامہ ابن عابدین شامی علیہما الرحمہ نے نکاح کے چھ فوائد بیان فرمائے ہیں:

(۱) جب انسان مرجاتا ہے تو اس کے نیک اعمال اور عبادت کا سلسلہ ختم ہوجاتا ہے؛ لیکن دو عبادتیں ایسی ہیں جن کا سلسلہ دنیا سے جنت تک باقی رہتا ہے: (۱) ایمان (۲) نکاح کہ جس طرح دنیا میں نکاح کے ذریعہ سے ازدواجی زندگی کا سلسلہ رہتا ہے، اسی طرح جنت میں بھی میاں بیوی کی رفاقت کی زندگی کا سلسلہ رہے گا۔

(۲) نکاح انسانوں کی پیدائش اور وجود کا ذریعہ ہے۔

(۳) نکاح امت محمدیہ کی کثرت کا ذریعہ ہے۔

(۴) اشتغال بالنکاح تخلی بالعبادات سے افضل ہے، یعنی ترک دنیا اختیار کر کے تنہائی کی عبادت کے مقابلہ میں نکاح کر کے اجتماعی اور شہری زندگی گذارنا زیادہ افضل ہے۔

(۵) نکاح کے ذریعہ سے بدنگاہی اور بری نظر سے حفاظت ہوجاتی ہے۔

(۶) نکاح کے ذریعہ شرمگاہ کی حفاظت اور حرام کاری سے بچ کر پاک دامنی کی زندگی حاصل ہوتی ہے۔

ليس لنا عبادة شرعت من عهد آدم إلى الآن، ثم تستمر في الجنة إلا النكاح والإيمان، وتحته في الشامية: أن كلا منهما سبب لوجود المسلم والإسلام ...... إن الاشتغال به أفضل من التخلي لنوافل العبادات، أي الاشتغال به، وما يشتمل عليه من القيام بمصالحه، وإعفاف النفس عن الحرام، وتربية الولد، ونحو ذلك. (درمختار مع الشامي، كتاب النكاح، كراچی ۳/ ۳، زكريا ٤/ ٥٧) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۸/ جمادی الاولیٰ ۱۴۳۶ھ
(رجسٹر خاص)

مستحباتِ نکاح

سوال [۵۱۶۰]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: بندہ نکاح کا ارادہ رکھتا ہے؛ لیکن اس کے بارے میں زیادہ معلومات حاصل نہیں ہے، حضرت مفتی صاحب سے گزارش ہے کہ نکاح میں کیا کیا چیزیں مستحب یا مسنون ہیں؟ ان کو ذکر فرمادیں تو عین نوازش ہوگی۔

المستفتی: مجیب الرحمٰن میرٹھی

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: علماء نے لکھا ہے کہ نکاح کے وقت جانبین میں کچھ امور کا خیال رکھنا مستحب اور افضل ہے، لازم نہیں۔ چنانچہ علامہ علاء الدین حصکفی علیہ الرحمہ نے ''الدر المختار مع الشامی زکریا ۴/ ۶۷'' میں ایسی سولہ چیزوں کا ذکر فرمایا ہے، جن کا لحاظ رکھنا نکاح کے وقت میں مستحب اور افضل ہے:

(۱) نکاح سے پہلے اس کا اعلان اور شہرت کرنا۔

(۲) نکاح سے پہلے ایک خطبہ پڑھنا، یہ مسنون ہے لازم نہیں؛ لہٰذا بغیر خطبہ کے بھی نکاح صحیح ہوجائے گا۔

(۳) نکاح کی مجلس مسجد میں قائم کرنا۔

(۴) اگر ممکن ہو تو جمعہ کے دن نکاح کرنا۔

(۵) کسی عالم دین سے نکاح پڑھوانا۔

(۶) دیندار گواہوں کی موجودگی میں نکاح منعقد ہونا؛ لہٰذا فاسق اور بد دین مسلمانوں کی گواہی میں بھی نکاح صحیح ہوسکتا ہے۔

(۷) اگر ضرورت پڑے تو قرض لے کر نکاح کرنا؛ لیکن شرط یہ ہے کہ قرض کی ادائیگی کا پختہ ارادہ ہو۔

(۸) شادی سے پہلے بیوی کو ایک نظر دیکھ لینا یہ شریعت میں مستحب اور افضل کام ہے؛ لیکن ہمارے معاشرہ میں اس کو برا مانا جارہا ہے۔

(۹) بیوی کی عمر شوہر کے مقابلہ میں کم ہونا افضل ہے؛ لیکن اگر زیادہ عمر والی عورت سے نکاح کرنے کی ضرورت پیش آجائے تو وہ بھی سنت کے خلاف نہیں ہے۔

(۱۰) خاندانی اعتبار سے بیوی کا شوہر کے مقابلہ میں کمزور ہونا۔

(۱۱) عزت اور شرف کے اعتبار سے بیوی کے مقابلہ میں شوہر کا بڑھا ہوا ہونا۔

(۱۲) مالی حیثیت سے بیوی کے مقابلہ میں شوہر کا فائق ہونا۔

(۱۳) بیوی کے اخلاق شوہر کے مقابلہ میں فائق ہونا، تاکہ بیوی سے شوہر کی محبت زیادہ ہوجائے۔

(۱۴) ادب واحترام میں بیوی کا شوہر سے فائق ہونا؛ اس لئے کہ شوہر کا مرتبہ بیوی سے اونچا ہوتا ہے۔

(۱۵) عفت وپاک دامنی کے اعتبار سے بیوی کا شوہر سے فائق ہونا، تاکہ اجنبیوں سے کنارہ کش ہوکر صرف شوہر کے ساتھ تعلق رہے۔

(۱۶) حسن وجمال کے اعتبار سے بیوی کا شوہر پر فائق ہونا، تاکہ شوہر کی نگاہ ہر طرف سے یکسو ہوکر بیوی پر قائم رہے، یہ ساری چیزیں درمختار کی عبارت میں موجود ہیں، اس کا مطلب خیز ترجمہ ہم نے یہاں نقل کردیا ہے، ہوسکتا ہے کہ ان امور میں سے کسی سے کسی مسلمان کو فائدہ پہنچ جائے۔

ويندب إعلانه، وتقدم خطبة، وكونه في مسجد، يوم جمعة، بعاقد رشيد، وشهود عدول، والاستدانة له، والنظر إليها قبله، وكونها دونه سنا، وحسبا، وعزا، ومالا، وفوقه خلقا، وأدبا، وورعا، وجمالا. (درمختار كراچى ٣/ ٧٨، زكريا ٤/ ٦٦-٦٧) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۵/رجب ۱۴۳۶ھ
(رجسٹر خاص)

شرعی شادی

سوال [۵۱۶۱]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: شرعی شادی کیا ہے؟

المستفتی: ابصار احمد بڑاؤلی، حسن پور مراد آباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: شرعی شادی وہ ہے جس میں خرچ کم ہو، حدیث شریف میں آیا ہے:

عن عائشة -رضي الله عنها- أن رسول الله ﷺ قال: إن أعظم النكاح بركة أيسره مؤنة. (مسند أحمد بن حنبل ٦/ ٨٢، رقم: ٢٥٠٣٤، مسند أبي داؤد الطيالسي، دارالكتب العلمية بيروت ٢/ ١٧٨، رقم: ١٥٣٠) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۸/صفر ۱۴۱۷ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۲/ ۴۶۴۹)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصورپوری غفرلہ
۱۷/۲/۱۴۱۷ھ

شادی بیاہ کا مسنون طریقہ

سوال [۵۱۶۲]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: شادی ونکاح کا مسنون طریقہ کیا ہے؟

المستفتی: محمد صدیق ٹانڈہ رامپور

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: نکاح کا مسنون طریقہ یہ ہے کہ خاندان کے چند شرفاء حضرات کو بلا کر دو گواہوں کے سامنے سادگی کے ساتھ نکاح کیا جائے اور مروجہ رسم ورواج اور غیر شرعی چیزوں کو بالکل چھوڑ دیا جائے۔ حدیث شریف میں آیا ہے کہ سب سے زیادہ برکت والا نکاح وہ ہے کہ جس میں خرچ کم ہو۔ (مستفاد: امداد الفتاوی ۲۸۰/۵)

عن عائشة -رضي الله عنها- أن رسول الله ﷺ قال: إن أعظم النكاح بركة أيسره مؤنة. (مسند أحمد بن حنبل ٦/ ٨٢، رقم: ٢٥٠٣٤، مسند أبي داؤد الطيالسي، دارالكتب العلمية بيروت ٢/ ١٧٨، رقم: ١٥٣٠) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۵/ جمادی الثانیہ ۱۴۱۷ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۲/ ۴۹۰۵)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۵/ ۶/ ۱۴۱۷ھ

نکاح کا مسنون طریقہ

سوال [۵۱۶۳]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: شادی یعنی نکاح کا مکمل شرعی طریقہ کیا ہے؟ قدم بہ قدم رہنمائی فرمادیں؟

المستفتی: ندیم احمد بجنوری

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: جس شخص کا ارادہ نکاح کا ہو اس کو اولاً چاہئے کہ

کسی دین دار گھرانے کی دیندار لڑکی کا انتخاب کرے اور پھر اس کے گھر والوں سے مل کر معاملہ کو پکا کرلے، پھر انتہائی سادگی سے مسجد میں مسجد کے آداب واحترام کا خیال رکھتے ہوئے نکاح کی تقریب منعقد کی جائے اور اپنی وسعت کے مطابق مہر مقرر کرے اور یہ کوشش کرے کہ بیوی سے پہلی ملاقات ہونے سے پہلے مہر ادا کردے، اور نکاح کے بعد جب بیوی کی رخصتی ہوجائے اور شب زفاف بھی گزر جائے تو اب مسنون طریقہ پر ولیمہ کرے اس میں نام ونمود کی نیت نہ ہو، محض اتباع سنت مقصود ہو۔ اور اس سلسلہ میں رسوم ورواج سے کلی طور پر بچنے کی کوشش کریں اور یہ خیال رہے کہ شادی جتنی سادگی کے ساتھ کی جائے گی، اس میں اتنی زیادہ خیر وبرکت ہوگی۔ (مستفاد: انوار نبوت ص: ۷۱۶-۷۱۲)

عن أبي هريرة –رضي الله عنه– عن النبي صلى الله عليه وسلم قال: تنكح المرأة لأربع : لمالها، ولحسبها، ولجمالها، ولدينها، فاظفر بذات الدين تربت يداك. (بخاري شريف، كتاب النكاح، باب الأكفاء في الدين، النسخة الهندية ۲/ ۷٦۲، رقم: ٤٨٩٩، ف: ٥٠٩٠، صحيح مسلم، كتاب الرضاع، باب استحباب نكاح ذات الدين، النسخة الهندية ۱/ ٤٧٤، بيت الأفكار، رقم: ١٤٦٦)

عن عائشة –رضي الله عنها– قال النبي صلى الله عليه وسلم: إن أعظم النكاح بركة أيسره مؤونة. (شعب الإيمان، باب الإقتصاد في النفقة وتحريم أكل المال الباطل، دارالكتب العلمية بيروت ٥/ ٢٥٤، رقم: ٦٥٦٦، مشكوة شريف ٢/ ٢٦٨) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۳/۱/۱۴۲۸ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۹۱۵۳/۳۸)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۲۳/۱/۱۴۲۸ھ

نکاح کا طریقہ ودعا

سوال [۵۱۶۴]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے

بارے میں: آپ سے گزارش ہے کہ درج ذیل سوال کا مدلل ومحقق جواب دینے کی زحمت فرمائیں، تاکہ لوگوں کو صحیح معلومات ہو اور اس پر عمل کریں۔ نکاح کیوں ضروری ہے اور اس کا طریقہ کیا ہے؟ کیا دعا پڑھی جاتی ہے، مع ترجمہ کے تحریر کریں۔

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: (۱) نکاح چونکہ ایک عبادت ہے، اس کے اندر حفاظت نفس وعصمت مضمر ہے۔ اور حصول اولاد کا ذریعہ ہے؛ اس لئے نکاح ضروری ہے، تاکہ مرد نکاح کے ذریعہ اپنی عصمت وعفت بھی محفوظ رکھے اور عورت بھی اس کی وجہ سے محفوظ رہے۔ اور یہ چونکہ ذریعہ ہے آپ ﷺ کی امت میں کثرت وزیادتی کا اس وجہ سے بھی نکاح ضروری ہے۔

نِسَاؤُكُمْ حَرْثٌ لَكُمْ فَأْتُوا حَرْثَكُمْ اَنَّى شِئْتُمْ. [البقرة: ٢٢٣]

لِتَسْكُنُوا اِلَيْهَا . [سورة الروم: ٢١]

عن عبدالله –رضي الله عنه– قال: قال لنا رسول الله ﷺ: يا معشر الشباب! من استطاع منكم الباءة فليتزوج، فإنه أغض للبصر، وأحصن للفرج. الحديث (صحيح مسلم، كتاب النكاح، باب استحباب النكاح لمن تاقت نفسه الخ ـ النسخة الهندية ١/ ٤٤٩، بيت الأفكار، رقم: ١٤٠٠، صحيح البخاري، كتاب الصوم، باب الصوم لمن خاف على نفسه العزوبة، النسخة الهندية ١/ ٢٥٥، رقم: ١٨٦٧، ف: ١٩٠٥)

عن معقل بن يسار، قال: جاء رجل إلى النبي صلى الله عليه وسلم فقال: تزوجوا الودود الولود، فإني مكاثر بكم الأمم. (سنن أبي داؤد، النكاح، باب في تزويج الأبكار، النسخة الهندية ١/ ٢٨٠، دارالسلام، رقم: ٢٠٥٠، سنن نسائي، كتاب النكاح، كراهية تزويج العقيم، النسخة الهندية ٢/ ٥٩، دارالسلام رقم: ٣٢٢٩)

ولما فيه من حفظ النفس عن الوقوع في الزنا، ولما فيه من مباهاة الرسول صلى الله عليه وسلم بقوله: تناكحوا تكثروا، فإني أباهي بكم الأمم

يوم القيامة، ولما فيه من تهذيب الأخلاق، وتوسعة الباطن بالتحمل في معاشرة أبناء النوع، وإعفاف الحرم، ونفسه ودفع الفتنة عنه وعنهن. (مجمع الأنهر، كتاب النكاح، مصري قديم ١/ ٣١٥، دارالكتب العلمية بيروت ١/ ٤٦٦)

اورنکاح کا شرعی طریقہ یہ ہے کہ خطبۂ نکاح پڑھنے کے بعد ولی سے اجازت لے کر لڑکا اور لڑکی سے کم از کم دو گواہوں کی موجودگی میں ایجاب وقبول کرایا جائے۔

النكاح ينعقد بالإيجاب والقبول. (هداية، أشرفيه ٢/ ٣٠٥)

وشرط حضور شاهدين. (الدرمع الرد، كراچی ٣/ ١٩، زكريا ٤/ ٨٧)

نکاح کے وقت الفت ومحبت اور زوجین کے درمیان سلامت روی کی دعا کی جائے۔

حدیث شریف کے الفاظ یہ ہیں:

عن أبي هريرة –رضي الله عنه– أن النبي صلى الله عليه وسلم كان إذا رفأ الإنسان إذا تزوج قال: بارك الله لك، وبارك عليك، وجمع بينكما في خير. (أبو داؤد، النكاح، باب مايقال للمتزوج، النسخة الهندية ١/ ٢٩٠، دارالسلام، رقم: ٢١٣٠، مسند الدارمي، دار المغني ٣/ ١٣٩١، رقم: ٢٢٢٠)

ترجمہ یہ ہے: اللہ پاک تمہارے اوپر اور تمہاری ذات میں برکت عطا فرمائے۔ اور اللہ تعالیٰ تم دونوں کو بھلائی کے ساتھ ملائے رکھے۔ فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۴۲۰/۴/۳ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۴/۶۰۹۴)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۲۰/۴/۳ھ

کم خرچ والے نکاح کی فضیلت

سوال [۵۱۶۵]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے

بارے میں: معروض اینکہ غیر اسلامی رسومات ومصارف سے بچنے بچانے کے لئے اسوۂ حسنہ کی روشنی میں نکاح ورخصتی کے احوط ترین طریقہ سے مستند حوالوں کے ساتھ آسان اردو زبان میں آگاہی مطلوب ہے۔

المستفتی: احقر طفیل احمد غفرلہ امرتوی، موضع امرتا کلاں، ڈاکخانہ لکھیم پور

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: حدیث شریف میں آیا ہے کہ عظیم ترین برکت والا نکاح وہ ہے کہ جس میں خرچ کم ہو؛ لہٰذا لڑکی والوں کی طرف سے معمولی روز مرہ کی ضرورت کی چند چیزیں کافی ہیں اور مہر بھی کم سے کم مقرر کرنا افضل ہے؛ لیکن ۳۰/گرام ۶۱۸/ ملی گرام چاندی یا اس کی قیمت سے کم نہ ہونا چاہئے۔ (مستفاد: ایضاح المسائل/ ۱۲۹)

عن عائشة –رضي الله عنها– قالت: قال النبي صلى الله عليه وسلم: إن أعظم النكاح بركة أيسره مؤنة. (مسند أحمد بن حنبل ٦/ ٨٢، رقم: ٢٥٠٣٤، مسند أبي داؤد الطيالسي، دارالكتب العلمية بيروت ٢/ ١٧٨، رقم: ١٥٣٠، شعب الإيمان، دارالكتب العلمية بيروت ٥/ ٢٥٤، رقم: ٦٥٦٦) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۹/شوال ۱۴۱۲ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۲۸/ ۲۸۶۶)

اقسامِ نکاح

سوال [۵۱۶۶]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: نکاح انسان کے اوپر کب واجب ہے اور کب فرض اور کب سنت ہے؟

المستفتی: نعیم الدین ریتی محلہ، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: جس وقت انسان کو زنا میں مبتلا ہونے کا پورا پورا

یقین ہو اور بغیر شہوت پوری کئے کوئی چارہ نہ ہو، تو ایسی حالت میں نکاح کرنا فرض ہو جاتا ہے۔ اور اگر حرام کاری میں مبتلا ہونے کا یقین تو نہ ہو؛ البتہ غالب گمان ہو، تو ایسی حالت میں نکاح کرنا واجب ہے۔ اور حالت اعتدال میں نکاح کرنا سنت ہے۔

وصفته فرض، وواجب، وسنة …… أما الأول فبأن يخاف الوقوع في الزنا لو لم يتزوج بحيث لا يمكنه الاحتراز عنه إلا به …… وأما الثاني فبأن يخافه لا بالحيثية المذكورة ……وأما الثالث فعند الاعتدال. الخ (البحرالرائق، كتاب النكاح، كوئٹه ۳/ ۷۹، زكريا ديوبند ۳/ ۱۴۰) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۶ / صفر ۱۴۲۰ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۴/ ۶۰۱۶)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۲۰/۲/۶ھ

نکاح کے اقسام

سوال [۵۱۶۷]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کیا نکاح کی تین صورتیں ہیں: (۱) سنت (۲) واجب (۳) فرض۔ اگر ہیں تو ان کی تفصیل بتائیں کہ کن کن صورتوں میں یہ شکلیں ہیں۔ اور اگر تین صورتیں نہیں ہیں، تو نکاح کے سنت ہونے کی افضلیت کے بارے میں کچھ تفصیل سے روشنی ڈالئے، نیز مذکورہ تینوں میں کون سی شکل افضل ہے؟

المستفتی: حاجی محمد صدیق عمری کلاں، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: لوگوں کے احوال کے اعتبار سے نکاح کی چھ صورتیں ہیں: (۱) فرض (۲) واجب (۳) سنت (۴) مستحب (۵) حرام (۶) مکروہ۔

(۱) اگر شہوت کا اتنا غلبہ ہو کہ بغیر نکاح کے زنا میں مبتلا ہو جانے کا سخت خطرہ ہو اور وہ مہر ونفقہ پر بھی قادر ہو، تو اس کے ذمہ نکاح کرنا فرض ہے۔

(۲) اور جس شخص کو گناہ سے بچنے کی امید ہو؛ لیکن شہوت غالب رہتی ہو، اس کی وجہ سے بے چینی رہتی ہو ساتھ ہی وہ مہر ونفقہ پر بھی قادر ہو تو اس پر نکاح کرنا واجب ہے۔

(۳) اگر شہوت میں اعتدال ہو، معصیت میں ابتلاء کا اندیشہ نہ ہو اور مہر ونفقہ پر بھی قادر ہو تو نکاح کرنا سنت ہے۔

(۴) جس شخص کے پاس فی الحال نکاح کے سارے اسباب موجود ہوں، مگر آئندہ چل کر خرچ واخراجات میں دشواری کا اندیشہ ہو تو ایسے شخص کو نکاح کرنا مستحب ہے۔

(۵) اگر نکاح کا مقصد بیوی پر ظلم وزیادتی کرنا ہو اور اس سے بچنا ممکن نہ ہو تو اس کے لئے نکاح کرنا حرام ہے؛ اس لئے کہ نکاح نفس کی حفاظت اور حصول اولاد کے لئے مشروع ہوا ہے، نہ کہ ظلم وزیادتی کرنے کے لئے۔

(۶) جس کو اس درجہ تو ظلم وزیادتی میں مبتلا ہونے کا اندیشہ نہ ہو؛ بلکہ اس سے بچنا ممکن ہو، تو اس کے لئے نکاح کرنا مکروہ تحریمی ہے۔

وصفته: فرض، وواجب، وسنة، وحرام، ومكروه، ومباح، أما الأول: فبأن يخاف الوقوع في الزنا لو لم يتزوج بحيث لا يمكنه الاحتراز عنه إلا به؛ لأن ما لا يتوصل إلى ترك الحرام إلا به يكون فرضا، وأما الثاني: فبأن يخافه لا بالحيثية المذكورة إذ ليس الخوف مطلقا مستلزما بلوغه إلى عدم التمكن، وكل من هذين القسمين مشروط بشرطين الأول ملك المهر والنفقة، فليس من خافه إذا كان عاجزا عنهما آثما بتركه كما في البدائع: الثاني عدم خوف الجور، فإن تعارض خوف الوقوع في الزنا لو لم يتزوج، وخوف الجور لو تزوج قدم الثاني فلا افتراض بل مكروه، كما أفاده في فتح القدير، ولعله لأن الجور معصية متعلقة بالعباد، والمنع من الزنا من حقوق الله وحق العبد مقدم عند التعارض لاحتياجه، وغنى المولى تعالى، وأما الثالث: فعند الاعتدال، وسيأتي بيانه، وأما الرابع: فبأن يخاف

الجور بحيث لا يمكنه الاحتراز عنه؛ لأنه إنما شرع لمصلحة من تحصين النفس، وتحصيل الثواب، وبالجور يأثم ويرتكب المحرمات، فتنعدم المصالح لرجحان هذه المفاسد، وأما الخامس: فبأن يخافه لا بالحيثية المذكورة، وهي كراهة تحريم، وأما السادس: فبأن يخاف العجز عن الإيفاء بمواجبه، يعني في المستقبل. (البحرالرائق، كتاب النكاح، كوئٹه ۳/ ۷۹، زكريا ديوبند ۳/ ۱٤۰)

ذهب الفقهاء إلى أن النكاح تجرى عليه الأحكام التكليفية، فيكون واجبا، أو فرضا، أو مستحبا، أو مباحا، أو مكروها، أو حراما. الخ (الموسوعة الفقهية الكويتية ٤١/ ۲۱۰، ۲۱۱)

اور فرض واجب اور سنت ان تینوں کا مقابلہ افضلیت سے نہیں ہوتا؛ اس لئے کہ افضل وہ کام ہوتا ہے جس کے نہ کرنے کی وجہ سے کوئی گناہ نہیں ہوتا۔ اور فرض وہ کام ہے جس کے نہ کرنے کا سخت گناہ ہوتا ہے اور واجب وہ کام ہوتا ہے جس کے نہ کرنے سے آدمی گنہگار رہوتا ہے۔ اور سنت وہ کام ہوتا ہے جس کے نہ کرنے سے بڑا گناہ تو نہیں ہوتا؛ لیکن برا مانا جاتا ہے؛ اس لئے سوال میں یہ لکھنا کہ ان تینوں میں سے کون سا افضل ہے؟ یہ بے موقع سوال ہے۔ فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۹ر شوال ۱۴۳۳ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۴۰/۱۰۸۱۰)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۳۳/۱۱/۴ھ

کن حالات میں نکاح جائز نہیں

سوال [۵۱٦۸]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: نکاح کس حالت میں جائز نہیں ہوتا، اس کو بھی قرآن وحدیث سے واضح کریں؟

المستفتی: نعیم الدین ریتی محلہ، مراد آباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: جب انسان کواندیشہ ہوکہ وہ نکاح کے بعد عدل وانصاف قائم نہیں کرسکے گا، توایسی صورت میں نکاح کرنا جائز نہیں۔

وأما المكروه: فبأن يخاف الجور لا بالحيثية المذكورة، وهي كراهة تحريم. (البحرالرائق، كتاب النكاح، كوئٹه ۳/ ۷۹، زكريا ديوبند ۳/ ۱٤۰)

ومكروها لخوف الجور، فإن تيقنه حرم ذلك. (الدر مع الرد، زكريا ٤/ ٦٦، كراچی ۳/ ۷)

ويكون حراما إذا كان المرء في حالة يتيقن فيها عدم القيام بأمور الزوجية والإضرار بالمرأة إذا هو تزوج. (الموسوعة الفقهية الكويتية ۱۱/ ۲٥۲)

فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ	الجواب صحیح:
۶ رصفر ۱۴۲۰ھ	احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۴/ ۶۰۱۶)	۱۴۲۰/۲/۶ھ

کیا شادی نہ کرنے سے آدمی گنہگار ہوگا؟

سوال [۵۱۶۹]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: شادی کرنا سنت ہے، اگر کوئی مسلمان شادی نہ کرے تو وہ سنت کے ثواب سے محروم ہوگا یا شادی نہ کرنے کی اس کو سزا بھی ملے گی۔

المستفتی: محمد احمد خان فیض گنج، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: عام حالات میں نکاح کرنا سنت مؤکدہ ہے، شادی کرنے سے عنداللہ ثواب کا مستحق ہوگا؛ لہٰذا اگر کوئی شادی نہ کرے اوراس پر مصر رہے تو ثواب سے محروم ہوگا۔ اور گنہگار بھی ہوگا۔

عن أنس بن مالك –رضي الله عنه– يقول: جاء ثلاثة رهط إلى بيوت أزواج النبي صلى الله عليه وسلم –إلى– وأتزوج النساء، فمن رغب عن سنتي فليس مني. (صحيح البخاري، كتاب النكاح، باب الترغيب فى النكاح، النسخة الهندية ٢/ ٧٥٧، ٧٥٨، رقم: ٤٨٧٢، ف: ٥٠٦٣)

عن عائشة –رضي الله عنها– قالت: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: النكاح من سنتي، فمن لم يعمل بسنتي فليس مني، وتزوجوا، فإني مكاثر بكم الأمم، ومن كان ذا طول فلينكح، ومن لم يجد فعليه بالصيام، فإن الصوم له وجاء. (سنن ابن ماجة، النكاح، باب ما جاء في فضل النكاح، النسخة الهندية ١/ ١٣٢، دارالسلام رقم: ١٨٤٦)

ويكون سنة مؤكدة في الأصح، فيأثم بتركه، ويثاب إن نوى تحصينا وولدا حال الاعتدال، وفي الشامية: إن المراد الترك مع الإصرار. (درمختار مع الشامي، كتاب النكاح، كراچى ٣/ ٧، زكريا ديوبند ٤/ ٦٥، الموسوعة الفقهية الكويتية ٤١/ ٢١٢) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ

۴/۱/۱۴۲۱ھ

(الف فتویٰ نمبر: ۳۴/۶۴۱۹)

غیر شادی شدہ بالغ اولاد کے گناہ میں کیا ماں باپ شریک ہیں؟

سوال [۵۱۷۰]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: اس وقت میری عمر تقریباً ۶۴؍ سال کی ہوچکی ہے، میرے والد مرحوم نے میری شادی پر ذرہ برابر توجہ نہیں دیا، میں خود ہی بے شرم ہوکر والد سے فریاد کرتا تھا اور کچھ لوگ میری وکالت کرتے تھے، اس بارے میں میں خود یا میرے والد مرحوم گنہگار رہیں؟

المستفتی: امان اللہ

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: اگر شادی کے لائق ہونے کے بعد والدین اپنی لاپروائی سے شادی نہ کریں، تو لڑکے کو اپنی شادی خود کرنے کا حق ہے۔ اور اگر ماں باپ کی رکاوٹ کی وجہ سے شادی نہ کرسکے اور لڑکا خدانخواستہ کسی گناہ میں مبتلا ہوجائے تو اس گناہ کا وبال والدین پر ہوگا۔

عن أبي سعيد وابن عباس قالا: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: من ولد له ولد فليحسن اسمه وأدبه، فإذا بلغ فليزوجه، فإن بلغ ولم يزوجه فأصاب إثما فإنما إثمه على أبيه. (شعب الإيمان، باب في حقوق الأولاد والأهلين، دارالكتب العلمية بيروت ٦/ ٤٠١، مشكوة ٢/ ٢٧١) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۲/۱/۱۴۱۵ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۸۱۳/)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۲/۱/۱۴۱۵ھ

خطبۂ نکاح

سوال [۵۱۷۱]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: جیسا کہ نکاح کے لئے ولی اور گواہوں کا ہونا ضروری ہے، تو آپ ہی بتائیے کہ حضرت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا نکاح ہوا، تو اس وقت خطبہ کس نے پڑھایا تھا؟ حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کے نکاح کے علاوہ کسی نکاح میں گواہ اور ولی کا کوئی ثبوت ہی نہیں ملتا ہے، اور نہ اس کا ثبوت ملتا ہے کہ خطبہ کون پڑھا تو کیا نکاح بغیر خطبہ گواہ اور ولی کے صحیح ہوسکتا ہے؟ اس کے علاوہ یہ بھی بتائیے کہ بلوغ سے پہلے کسی لڑکی کا نکاح کرانا صحیح ہے یا نہیں؟ نکاح ہوگا یا نہیں؟ اگر نہیں تو حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کا نکاح نابالغی کی حالت میں کیسے ہوا تھا؟

المستفتی: محمد فاروق اسماعیل محمد جعفر بلڈنگ، ممبئی

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: خطبۂ نکاح فرض یا واجب نہیں اور نہ ہی صحت نکاح کے لئے خطبہ شرط ہے؛ بلکہ بغیر خطبہ کے بھی نکاح صحیح ہوجاتا ہے۔ خطبہ کا پڑھنا صرف اور صرف سنت ہے۔

ويندب إعلانه وتقديم خطبة. الخ (الدر مع الرد، كتاب النكاح، كراچی ۳/ ۸، زكريا ٤/ ٦٦)

عدمِ ذکر عدمِ وجود کو مستلزم نہیں ہے کہ کسی بھی ام المؤمنین کا نکاح بغیر خطبہ کے ہونا صراحت سے ثابت نہیں ہے؛ بلکہ خطبہ کے ساتھ ہونا ملتا ہے، مثلاً ام حبیبہ کا نکاح حضرت نجاشی نے مسلمانوں کی ایک جماعت کی موجودگی میں خطبہ کے ساتھ پڑھایا۔ (البدایہ والنہایہ، دارالفکر ۴/ ۱۴۴)

بالغہ عورت کا نکاح کفو میں مہر مثل کے ساتھ بغیر ولی کے بھی درست ہوجاتا ہے۔

فنفذ نكاح حرة مكلفة بلا رضا ولي (قوله) ولا تجبر البالغة البكر على النكاح لانقطاع الولاية بالبلوغ. (الدر مع الرد، كراچی ۳/ ۵۵-۵۸، زكريا ديو بند ٤/ ١٥٥-١٥٩)

اور حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کا نکاح ان کے حقیقی ولی حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے کرایا ہے، بغیر ولی کے نہیں ہوا ہے۔ (البدایہ والنہایہ، دارالفکر ۳/ ۱۳۲)

البتہ نکاح صحیح ہونے کے لئے کم از کم دو گواہ کا ہونا شرط ہے، نیز دو آدمیوں کو گواہ متعین کئے بغیر مجمع کے اندر نکاح کرنے سے بھی شرعاً نکاح صحیح ہوجاتا ہے۔

عن ابن عباس -رضي الله عنه- أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال: البغايا اللاتي ينكحن أنفسهن بغير بينة. (سنن الترمذي، النكاح، باب ماجاء لا نكاح إلا ببينة، النسخة الهندية ١/ ٢١٠، دارالسلام، رقم: ١١٠٣، السنن الكبرى للبيهقي، دارالفكر ١٠/ ٣٢٩، رقم: ١٤٠٢٢، المعجم الكبير للطبراني، دار إحياء التراث العربي ١٢/ ١٨٢، رقم: ١٢٨٢٧)

وشرط حضور شاهدين حرين أو حر وحرتين. (شامي، كراچی ۳/ ۲۸، زكريا ٤/ ۸۷-۹۱)

اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا نکاح مجمع میں ہی ہوا کرتا تھا؛ البتہ حضرت زینب کا نکاح حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خصوصیات میں سے ہے، جس کی تفصیل سورۂ احزاب آیت: ۳۷/ میں موجود ہے۔ (البدایہ والنہایہ، دارالفکر۴/ ۱۴۶)

مثلاً حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا کے ساتھ خیبر کے راستہ میں صحابہ کی جماعت میں ہوا۔ اور حضرت ام حبیبہ رضی اللہ عنہا کا نکاح حضرت نجاشی نے مسلمانوں کی ایک جماعت کی موجودگی میں کرایا ہے۔ (البدایہ والنہایہ، دارالفکر ۴/ ۱۴۴) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۲/ رجب المرجب ۱۴۰۹ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۲۵/ ۱۳۱۸)

نکاح میں خطبہ کی حیثیت اور مروجہ طریقہ پر نکاح پڑھانے کا ثبوت

سوال [۵۱۷۲]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: (۱) نکاح میں خطبہ کی کیا حیثیت ہے؟ واجب، سنت، مستحب؟ بعض لوگ کہتے ہیں کہ اس کے بغیر نکاح نہیں ہوتا۔

(۲) جس طرح ہمارے زمانہ میں نکاح پڑھایا جاتا ہے اور امام یا قاضی خطبہ پڑھتا ہے، کیا اسی طرح حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا بھی نکاح پڑھایا گیا؟ اگر پڑھایا گیا ہے، تو کونسا نکاح کس نے پڑھایا بالتفصیل وضاحت فرمائیں۔

(۳) اس مروجہ طریقہ پر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے کن صحابی کا نکاح پڑھایا ہے؟ کسی ایک کے بارے میں وضاحت فرمائیں۔

المستفتی: محمد سرتاج مظفر نگر، متعلم دارالعلوم دیوبند، سہارنپور

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: (۱) نکاح میں خطبہ سنت ہے، واجب نہیں، نفس نکاح بغیر خطبہ کے بھی صحیح ہوجاتا ہے؛ البتہ سنت خطبہ کا ثواب نہیں ملے گا، جو حضرات یہ کہتے ہیں کہ خطبہ کے بغیر نکاح صحیح نہیں ہوتا وہ درست نہیں۔ (مستفاد: کفایت المفتی قدیم ۵/ ۱۵۵، زکریا۵/۱۵۱، جدید زکریا مطول ۶/ ۴۹۲)

وفي الترمذي: قال بعض أهل العلم: إن النكاح جائز بغير خطبة. الخ (ترمذي شريف، كتاب النكاح، باب ماجاء في خطبة النكاح، النسخة الهندية ۱/ ۲۱۰، تحت رقم الحديث: ۱۱۰۵)

ويندب إعلانه وتقديم خطبة. (الدر مع الرد، كراچی ۳/ ۸، زكريا ٤/ ٦٦)

وفي المجتبى: يستحب أن يكون النكاح ظاهرا، وأن يكون قبله خطبة. (البحر الرائق، كوئٹه ۳/ ۸۱، زكريا ۳/ ١٤٤)

(۲) موجودہ زمانہ میں جس طرح نکاح پڑھایا جاتا ہے، اسی طرح آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا نکاح حضرت ام حبیبہ رضی اللہ عنہا بنت ابوسفیان کے ساتھ ہوا اور شاہ نجاشی نے نکاح کا خطبہ پڑھایا، نیز مروجہ خطبہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے منقول ہے۔

(حيات الصحابة عربي ۳/ ٣١٤، دلائل النبوة بيروت ۳/ ٤٦١، أبوداؤد شريف، كتاب النكاح، باب في خطبة النكاح، النسخة الهندية ۱/ ۲۸۹، دارالسلام، رقم: ۲۱۱۸، ابن ماجة شريف، أبواب النكاح، باب خطبة النكاح، النسخة الهندية ۱/ ۱۳٦، دارالسلام، رقم: ۱۸۹۲)

(۳) اس مروجہ طریقہ پر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کا نکاح اپنی صاحبزادی حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کے ساتھ کیا، جس میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے چند صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو جمع کر کے انتہائی سادگی کے ساتھ نکاح کا خطبہ پڑھا اور یہ اعلان

کیا کہ تم لوگ گواہ رہو کہ میں نے چارسو مثقال چاندی کے بدلے اپنی بیٹی کا نکاح حضرت علی رضی اللہ عنہ سے کردیا۔

وروي أن النبي صلى الله عليه وسلم خطب حين النكاح هذه الخطبة الحمدلله المعبود بنعمته الخ. (تاريخ الخميس ١/ ٣٦١، بحواله بهشتى زيور ٦/ ٤٢، البداية والنهاية، دارالفكر بيروت ٧/ ٣٤٢، أسوهٔ رسول اكرم/ ٤٩٧، دهلى)

فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۳۰/ جمادی الاولیٰ ۱۴۲۲ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۵/ ۷۲۳۸)

خطبۂ نکاح کس طرح پڑھا جائے؟

سوال [۵۱۷۳]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: خطبہ نکاح یعنی نکاح کا خطبہ کھڑے ہوکر پڑھنا سنت ہے یا بیٹھ کر اور دولہا دولہن کو کلمہ وغیرہ پڑھانا کیسا ہے؟

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: اصل خطبہ میں کھڑے ہوکر پڑھنا ہے، نیز کھڑے ہوکر خطبہ پڑھنے میں اعلان کی صورت بھی ہے جو کہ مندوب ہے؛ لہٰذا کھڑے ہوکر خطبہ پڑھنا افضل ہے، مگر بیٹھ کر بھی جائز ہے، ہندوستان اور عرب میں اب یہی معمول ہے کہ بیٹھ کر نکاح کا خطبہ پڑھا جاتا ہے۔ (مستفاد: فتاوی محمودیہ قدیم ۱۱/ ۱۵۲، ڈابھیل ۱۰/ ۵۹۲)

دولہا اور دولہن کو کلمہ پڑھانا قرآن وحدیث وفقہ اور ائمہ مجتہدین وسلف صالحین سے ثابت نہیں ہے، ہاں البتہ جو لوگ کلمہ پڑھنا بھی نہیں جانتے ہیں، تو ان کو کلمہ پڑھا دینے میں کوئی مضائقہ نہیں ہے۔ اور جو لوگ پہلے سے کلمہ جانتے ہیں ان کو کلمہ پڑھانے کی کوئی

ضرورت نہیں۔ (مستفاد: فتاوی محمودیہ قدیم ۲/۳۹۴، جدید میرٹھ ۱۶/ ۱۴۹، امداد المفتیین کراچی،ص: ۵۸۷)فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ:شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۷رصفر المظفر ۱۴۲۳ھ
(الف فتویٰ نمبر:۳۶/۷۵۳۹)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۲۳/۲/۲۸ھ

نکاح کا خطبہ بیٹھ کر یا کھڑے ہوکر پڑھنا مسنون ہے

سوال [۵۱۷۴]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: زید کہتا ہے کہ کھڑے ہوکر پڑھنا مسنون ہے، خواہ وہ خطبہ جمعہ، استسقاء، نکاح کا ہو یا کسی اور موقع کا؛ لہٰذا جو رواج آج کل ہمارے یہاں اور بعض دیگر ممالک میں ہوگیا ہے کہ نکاح پڑھانے والا خطبۂ نکاح بیٹھ کر پڑھتا ہے، یہ خلاف سنت اور قابل ترک ہے، آج اس سنت کو زندہ کرنے کی سخت ضرورت ہے، اس حدیث کی بنا پر جس کا مفہوم یہ ہے کہ جو میری ایسی سنت کو زندہ کرے گا جو مردہ ہوچکی ہے، اس کو سو شہیدوں کے برابر ثواب ملے گا؛ لہٰذا ہمیں چاہئے کہ نکاح کا خطبہ کھڑے ہوکر پڑھیں۔

بکر کہتا ہے کہ زید کا قول لغو ہے، اب تعامل بیٹھ کر پڑھنے کا ہے، علماء ہندوستان وعلماء عرب میں سے کسی نے اس پر نکیر نہیں کی، چنانچہ حضرت شیخ الاسلام مولانا مدنیؒ فرماتے ہیں:

''اصل خطبوں میں کھڑے ہوکر ہی پڑھنا ہے، مگر بیٹھ کر بھی جائز ہے، ہندوستان میں عام طور پر اب یہی رواج ہے، عرب میں بھی اب یہی رواج ہوگیا ہے''۔ (فتاوی رحیمیہ ۲/۳۷۵)

لہٰذا بیٹھ کر خطبۂ نکاح سنانے میں کوئی حرج نہیں ہے۔

زید اس کا جواب یہ دیتا ہے کہ جب اصل کھڑا ہونا ہے، تو اصل چھوڑنے سے ترک سنت لازم آتا ہے؛ بلکہ اب ذہنوں میں یہ بات جم گئی ہے کہ بیٹھ کر پڑھنا ہی سنت ہے، آج اگر کوئی نکاح خواں مولوی صاحب کھڑے ہوکر نکاح کا خطبہ پڑھنے لگے تو کھلبلی مچ جائے

گی، مولوی صاحب پر بدعت کا الزام ٹھہرایا جائے گا، جب صورت حال یہ ہے کہ سنت کو بدعت سمجھا جارہا ہے، اور بدعت کو سنت، تو لامحالہ اس رواج کا ترک کرنا اور صحیح مسئلہ ظاہر کرنا علماء کا فریضہ ہوگا، چنانچہ دعاء ثانیہ کو علماء دیوبند کس شدومد سے رد کرتے ہیں کہ یہ طریقہ سنت نہیں ہے۔ تو ''مانحن فیہ'' میں بھی علماء کو اس غیر سنت رواج کے انسداد میں سرگرمی سے کام لینا چاہئے، رہی یہ بات کہ بقول حضرت مولانا مدنیؒ کے عرب میں بھی اب یہی رواج ہوگیا ہے، تو اس کے متعلق عرض یہ ہے کہ عرب میں جو رواج ہوتا ہے وہ دلیل شرعی نہیں ہے، خاص طور سے اس زمانہ میں جو رواج عرب میں پایا جاتا ہے؛ لہٰذا اصل وسنت چھوڑنے والوں کے پاس اس ایجاد میں کوئی قابل قبول دلیل وحجت نہیں، نکاح کا خطبہ کھڑے ہوکر پڑھنا ہی اصل وسنت ہے۔ اور اسی کی اشاعت وتبلیغ ہونی چاہئے؛ لہٰذا جواب دیں کہ زید کا قول حق ہے یا بکر کا؟

المستفتی: محمد شعیب پوسٹ بکس: ۶۳۱، ڈیڈور، ساؤتھ افریقہ

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: نکاح کا خطبہ بیٹھ کر دینا بھی جائز ہے اور کھڑے ہوکر دینا بھی جائز ہے، نہ تو بیٹھ کر دینے کو خلاف سنت کہنا درست ہے اور نہ ہی بدعت کہنا درست ہے۔ اور نہ ہی نکاح کے خطبہ کی مسنونیت کو کھڑے ہوکر دینے میں متعین کرنا درست ہے۔ مستفتی نے بڑے شدومد کے ساتھ اس بات کو ثابت کرنے کی کوشش کی ہے کہ نکاح کا خطبہ کھڑے ہوکر ہی دینا مسنون ہے اور آگے مزید شدت سے یہ بات پیش کی ہے کہ نکاح کا خطبہ چونکہ کھڑے ہوکر ہی دینا مسنون ہے اور یہی اصل ہے اور اس سنت کو مٹا دیا گیا ہے؛ لہٰذا اس کو زندہ کرنا ضروری ہے، اس کا مطلب یہ ہے کہ شاید مستفتی کو ایسی کوئی حدیث ملی ہوگی جس میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا خطبۂ نکاح کھڑے ہوکر دینا ثابت ہو یا مستفتی نے یہ سمجھا ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے خطبۂ جمعہ اور خطبۂ استسقاء وغیرہ کھڑے ہوکر دیا ہے؛ اس لئے نکاح کا خطبہ بھی کھڑے ہوکر دیا ہوگا، ہم نے دونوں چیزوں کے بارے میں حدیث وفقہ کی کتابوں کو حسب استطاعت دیکھا ہے، نہ ہم کو کوئی حدیث ملی ہے جس میں حضور صلی اللہ علیہ

وسلم کا یا خلفائے راشدین میں سے کسی کا کھڑے ہوکر خطبۂ نکاح دینا ثابت ہو اور نہ ہی دیگر صحابہ اور تابعین کا کوئی اثر یا ائمہ مجتہدین میں سے کسی کا کوئی عمل خطبہ نکاح کو کھڑے ہوکر دینے سے متعلق ملا ہے؛ لہٰذا اگر مستفتی کو اس سلسلہ میں کوئی حدیث اثر یا فقہ کا کوئی جزئیہ ملا ہو تو پیش کرے، ہم بھی اس سے فائدہ اٹھائیں گے اور یہ سمجھنا بھی درست نہیں ہے کہ چونکہ آپ نے خطبۂ جمعہ، خطبۂ استسقاء وغیرہ کو کھڑے ہوکر دیا ہے؛ اس لئے خطبۂ نکاح بھی کھڑے ہوکر دیا ہوگا، یہ ایک قیاسی بات ہے اور اس قیاس کا مدار اس بات پر ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہر خطبہ کھڑے ہوکر دیا ہوگا، تو نکاح کا بھی خطبہ کھڑے ہوکر دیا ہوگا؛ حالانکہ ایسا نہیں ہے؛ کیوں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا بہت سے خطبے بیٹھ کر دینا صحیح حدیث شریف سے ثابت ہے، جیسا کہ بخاری و مسلم میں حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کی روایت ہے، جس میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا بیٹھ کر خطبہ دینا ثابت ہے۔ حدیث شریف ملاحظہ فرمائیے:

عن أبي سعيد الخدري –رضي الله عنه– أن النبي صلى الله عليه وسلم جلس ذات يوم على المنبر وجلسنا حوله، فقال: إن ما أخاف عليكم من بعدي ما يفتح عليكم من زهرة الدنيا وزينتها. (بخاري شريف، كتاب الزكاة، باب الصدقة على اليتامى، النسخة الهندية ١/ ١٩٧، رقم: ١٤٤٤، ف: ١٤٦٥، صحيح مسلم، الزكاة، باب تخوف ما يخرج من زهرة الدنيا، النسخة الهندية ١/ ٣٣٦، بيت الأفكار، رقم: ١٠٥٢) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۰؍ ربیع الاول ۱۴۳۱ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۸/۱۰۰۰۱)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۳۱/۴/۶ھ

نکاح کے وقت پیش آنے والے امور کا حکم

سوال [۵۱۷۵]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل

کے بارے میں: (۱) انعقاد نکاح کے لئے دو گواہ کا ہونا شرط ہے، گواہوں کا مرد ہونا ضروری ہے یا عورت کی گواہی بھی جائز ہے؟ دونوں جانب گواہ ہونا شرط ہے، ایک عورت ایک مرد یا دونوں طرف دو دو عورتیں یا دو دو مرد گواہ ہوں، ان کے سامنے نکاح کا انعقاد ہوسکتا ہے یا نہیں؟

(۲) نکاح کا خطبہ واجب ہے یا سنت؟ بغیر خطبے کے نکاح ہو جائے گا یا نہیں؟

(۳) بغیر مہر کے نکاح کی شرعی حیثیت کیا ہے؟ کورٹ میرج کے ذریعہ آج کل جو شادیاں ہو رہی ہیں، اس میں مہر کی رقم طے نہیں ہوتی، کورٹ میرج سے نکاح ہو گیا یا نہیں؟ قرآن وحدیث وفقہ کی روشنی میں جواب ارشاد فرما کر عنداللہ ماجور ہوں۔ (جزاک اللہ)

المستفتی: عارف صدیقی امروہہ (یوپی)

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: (۱) نکاح کے انعقاد کے لئے دو مسلم مرد یا ایک مسلمان مرد اور دو عورتوں کا ہونا لازم ہے اور یہ گواہان ایک جانب کے بھی ہو سکتے ہیں اور دونوں جانب کے بھی، بس بوقت نکاح ان گواہان کا ہونا لازم ہے۔

ولا ینعقد نکاح المسلمین إلا بحضور شاهدین مسلمین رجلین أو رجل وامرأتین. (هدایه ۲/ ۳۰٦، شامي کراچی ۳/ ۲۱-۲۲، البحرالرائق ۳/ ۱۵۵)

(۲) نکاح میں خطبہ واجب یا فرض نہیں؛ بلکہ صرف سنت ہے؛ لہٰذا بغیر خطبہ کے بھی نکاح منعقد ہو جاتا ہے۔

ویندب إعلانه وتقدیم خطبة. (الدرالمختار مع الرد، زکریا ٤/ ٦٦، کراچی ۳/ ۸)

فإن عقد الزواج من غیر خطبة جاز، فالخطبة مستحبة غیر واجبة.

(الفقه الإسلامي وأدلته، هدی انٹرنیشنل دیوبند ۷/ ۱۲۸)

(۳) مہر کا نام لئے بغیر اسی طرح مہر کی تعیین کئے بغیر نکاح منعقد ہو جاتا ہے، لیکن ایسی صورت میں مہر مثل واجب ہوتا ہے۔ اور مہر مثل کا مطلب یہ ہے کہ لڑکی کے خاندان کی دوسری لڑکیوں کا جو مہر باندھا جاتا ہے وہی مہر اس لڑکی کو بھی دینا لازم ہے۔

وإن تزوجها ولم يسم لها مهرا أو تزوجها على أن لا مهر لها فلها مهر مثلها إن دخل بها أو مات عنها. (هندية ١/ ٣٠٤) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۴؍رجب ۱۴۳۶ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۱۲۱۴۳/۴۱)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۳۶/۷/۱۴ھ

نکاح کے بعد دعا کی حیثیت

سوال [۵۱۷۶]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: نکاح کے بعد دعا کی کیا حیثیت ہے؟

المستفتی: محمد قاسم گودھری

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: نکاح کے بعد دولہا، دولہن کے لئے خیر وبرکت کی دعا کرنا حدیث سے ثابت ہے اور دونوں کو مبارک باد پیش کرنا بھی ثابت ہے۔

عن أبي هريرة –رضي الله عنه– أن النبي صلى الله عليه وسلم كان إذا رفأ الإنسان إذا تزوج قال: بارك الله لك وبارك عليك، وجمع بينكما في خير. (ترمذي، النكاح، باب ماجاء فيما يقال للمتزوج، النسخة الهندية ١/ ٢٠٧، دارالسلام، رقم: ١٠٩١، المستدرك، كتاب النكاح، قديم ١/ ١٨٣، مكتبه نزار مصطفى الباز ٣/ ١٠٣٨، رقم: ٢٧٤٥) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۱؍جمادی الثانیہ ۱۴۳۱ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۱۰۱۱۴/۳۹)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۳۱/۶/۲۱ھ

دورانِ حج بیت اللہ میں نکاح کرنا

سوال [۵۱۷۷]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل

کے بارے میں: میں محمد آصف جو کہ ہلدوانی کا باشندہ ہوں، میرا چھوٹا بھائی محمد یوسف جو کہ اس سال الحمدللہ حج بیت اللہ کی زیارت سے سرفراز ہونے والا ہے، اس کی مرضی یہ ہے کہ اپنا نکاح بیت اللہ میں پڑھوائے، جس لڑکی سے نکاح چاہتا ہے وہ بھی اپنے والد محترم کے ساتھ حج بیت اللہ کی زیارت سے سرفراز ہونے والی ہے، کیا اس صورت میں شریعت ان کو وہاں نکاح کرنے کی اجازت دیتی ہے؟

المستفتی: حاجی محمد آصف والد عبدالغفور، لائن: ۱۷، ہلدوانی، نینی تال (یوپی)

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: اس کو ضروری اور زیادہ فضیلت کا باعث نہ سمجھا جائے، اگر زیادہ فضیلت کا باعث ہوتا تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم مکہ میں داخل ہونے سے پہلے مقام سرف میں حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا سے نکاح نہ فرماتے؛ بلکہ حدود مکہ میں داخل ہونے کے بعد ان سے نکاح فرماتے، نیز صحابہ کرام اور تابعین اور ائمہ مجتہدین میں سے کسی سے ثابت نہیں ہے کہ خاص طور پر مکۃ المکرّمہ اور مسجد حرام میں اپنا عقد نکاح کیا ہو، ہاں البتہ دنیا کی کسی بھی جگہ اپنا عقد نکاح کرنا جائز ہے، اسی طرح حدود مکہ اور حدود مدینہ میں بھی اپنا عقد نکاح کرنا اسی درجہ میں جائز ہے جس درجہ میں دوسری جگہ جائز ہے۔

وبالجملة فقد اتفق الفريقان على وقوع النكاح بسرف، وسرف من المشاهد المشهورة بين الحرمين قريب مكة دون الوادي المشهور بوادي فاطمة، قال الطبري: هو على عشرة أميال من مكة، وقال القاري: الصحيح أنه على ستة أميال. والله أعلم، والغرض أنه خارج الحرم، وداخل الميقات قطعا، وقد ثبت في صحيح البخاري. (فتح الملهم، كتاب النكاح، باب تحريم نكاح المحرم وكراهة خطبته، أشرفيه ديوبند ۳/ ۴۵۴، ۴۵۵) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۶/ جمادی الثانیہ ۱۴۲۷ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۹۰۲۹/۳۶)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۶/۶/۱۴۲۷ھ

مجلسِ نکاح مسجد میں منعقد کرنے پر انتظامی قانون نافذ کرنا

سوال [۵۱۷۸]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: ''ہندو پور ضلع اننت پور، آندھرا پردیش کا ایک مشہور ومعروف دینی ماحول سے پر فضا شہر ہے، یہاں تقریباً اہل سنت والجماعت کی پچپن (۵۵) مساجد ہیں، جو شہری جامع مسجد سے (دینی شہری وسماجی مسائل میں جامع مسجد کمیٹی کی جانب سے منظور شدہ قانون نظامی حیثیت سے یکجہتی کے ساتھ عمل پیرا ہونے میں) مربوط ہیں۔

ضروری بات یہ ہے کہ ہمارے شہر ہندو پور میں شادی بیاہ کی محفلیں شادی قانون اور گھروں کے سامنے رواج پائے جانے کی بنا پر حسب ذیل منکرات وخرافات روز بروز بڑھتے جارہے ہیں۔

(۱) بے محابا مردوں اورعورتوں کا اختلاط، عورتوں کا زیب زینت کے ساتھ اجنبی مردوں کے سامنے بے نقاب بلا تکلف سامنے آجانا۔

(۲) تصویر کشی (۳) وی ڈی یو اور وی سی آر (۴) بے ضرورت دولہا کا پھولوں کا ہار پہننا اور سہرا بندی (۵) پانچ وقت کی ناقدری (۶) اکثر شرکاء کی نماز قضاء (۷) بوقت خطبۂ نکاح شور وشغب (۸) عموماً مجلس نکاح میں حاضرین کا بے وضو ہونا۔

شہر ہندو پور کی علماء، حفاظ وائمہ اکرام پر مشتمل ایک باوقار جماعت ''مجلس دعوت الخیر'' نے یہ فکر کی کہ مجلس نکاح اگر مساجد میں منعقد ہو تو مساجد کی حرمت کے پیش نظر لوگ حتی الامکان خرافات سے محفوظ رہیں گے، چنانچہ ''مجلس دعوت الخیر'' نے تمام متولیان مساجد واراکین کمیٹی اور عمائدین شہر کا ایک خصوصی اجلاس مورخہ ۲۸/۱/۲۰۱۰ء بروز جمعرات بمقام مبارک مسجد منعقد کیا، جس میں معزز علماء کرام نے مذکورہ منکرات وخرافات کو روکنے کے لئے مساجد میں مجلس نکاح منعقد کرنے کی ترغیب دلائی، تقریباً سب نے اس بات پر متفقہ طور پر

آمادگی کا اظہار کیا اور اس سلسلے میں اپنے اپنے قیمتی تأثرات بھی پیش کیے، تو ''مجلس دعوت الخیر'' نے جامع مسجد کی باوقار کمیٹی سے درخواست کی کہ اگر یہ کام آپ کی زیرنگرانی انتظامی طور پر عمل میں لایا جائے تو بآسانی خرافات ومنکرات کا سد باب ہوسکتا ہے۔ ''جامع مسجد کمیٹی'' نے اس کام کو عمل میں لانے کی کوشش کرتے ہوئے ایک خصوصی اجلاس مورخہ: ۲۰۱۰/۲/۹ء بروز منگل ''جامع مسجد'' میں منعقد کیا، جس میں مجلس دعوت الخیر کے ارکان متولیان مساجد اور عمائدین شہر کو طلب کیا، اس موقع پر پھر ایک بار معزز علماء کرام ومتولیان مساجد نے مساجد میں مجلس نکاح منعقد کرنے کی تائید کی، قریب تھا کہ یہ ''انتظامی قانون'' نافذ ہوجاتا اتنے میں دو کرم فرماں علماء کرام نے اپنے بیان میں کہا کہ ایک مستحب چیز پر التزامی قانون نافذ کرنا شریعت میں مداخلت ہے کہ ایک مستحب کو فرض بنایا جارہا ہے (حالانکہ یہ قانون انتظامی ہے نہ کہ التزامی) جس کی وجہ سے جامع مسجد کمیٹی مساجد میں نکاح منعقد کرنے پر ''انتظامی قانون'' نافذ کرنے کے سلسلے میں کش مکش میں ہے۔

لہٰذا آپ مفتیان کرام وضاحت فرمائیں کہ موجودہ فتنہ وفساد کے دور میں مساجد میں ''مجلس نکاح'' منعقد کرنے کو رواج دینا اور اس پر ایک ''انتظامی قانون بنانا'' کمیٹی کا یہ انتظامی قدم صحیح ہے یا نہیں؟ مدلل ومفصل جواب عنایت فرمائیں۔ فقط والسلام

المستفتی: مجلس دعوت الخیر، ہندوپور

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: سوال نامہ پر غور کیا گیا، اس میں دو باتیں الگ الگ طور پر سمجھنے کی ہیں: (۱) امر مستحب کو معاشرہ کی اصلاح اور منکرات سے بچنے کے لئے رواج دینا، یہ ایک مناسب فعل اور عمل خیر ہے، ایسا کرنے میں کوئی قباحت نہیں ہے؛ اس لئے کہ حدیث میں مساجد میں ''مجلس نکاح'' کے انعقاد کی ترغیب آئی ہے:

عن عائشة –رضی اللہ عنها– قالت: قال رسول اللہ صلی اللہ علیه

وسلم: أعلنوا هذا النكاح، واجعلوه في المساجد، واضربوا عليه بالدفوف. (ترمذي شريف، كتاب النكاح، باب ماجاء في إعلان النكاح، النسخة الهندية ١/ ٢٠٧، دار السلام، رقم: ١٠٨٨)

لیکن اس کے لئے پورے شہر میں ایسا منظّم دستور بنانا جس کے بعد مسجد کے علاوہ دیگر مقام پر نکاح کی مجلس ہی منعقد نہ ہوسکے، یا دیگر مقام پر نکاح کی مجلس قائم کرنے کو برا سمجھ کر قابل نکیر سمجھنے کی نوبت آجائے درست نہیں ہے؛ اس لئے کہ شریعت نے نکاح کو انتہائی آسان بنایا ہے، بعض دفعہ ایسا واقعہ پیش آسکتا ہے کہ جس کمیٹی کے تحت یہ نظام چلے گا، شہر کے کچھ لوگوں کو ان سے اختلاف ہوجائے اور ان کے زیر انتظام اپنے یہاں کی مجلس نکاح کو مناسب نہ سمجھیں، تو ایسے میں مجلس نکاح کے لئے لوگ بلاوجہ تنگی میں پڑجائیں گے؛ اس لئے شدت کے بجائے نرمی کا راستہ اختیار کیا جانا چاہئے اور مجلس نکاح کے بارے میں لوگوں کو آزاد چھوڑ دینا چاہئے اور مساجد میں نکاح کے سلسلہ میں لوگوں کو ترغیب دیتے رہیں اور منکرات پر نکیر کا سلسلہ بھی جاری رہے۔

ادْعُ اِلٰی سَبِیْلِ رَبِّکَ بِالْحِکْمَةِ وَالْمَوْعِظَةِ الْحَسَنَةِ وَجَادِلْهُمْ بِالَّتِیْ هِیَ اَحْسَنُ. [سورة النحل، آیت: ١٢٥]

سوال نامہ میں کچھ باتیں بلاوجہ شدت کی بھی لکھی گئیں ہیں، مثلاً مجلس نکاح میں بے وضو شریک ہونے پر نکیر یہ ایسی باتیں ہیں جو بے جا شدت کے دائرہ میں آسکتی ہیں؛ اس لئے کہ کوئی بھی پوچھ سکتا ہے کہ مجلس نکاح میں باوضو شرکت کرنا کہاں سے ثابت اور لازم ہے، تو اس کا جواب دینا مشکل پڑجائے گا اور نتیجتاً یہ چیزیں اختلاف اور فتنہ کا باعث بن جائیں گی۔

إن الإصرار على المندوب يبلغه إلى حد الكراهة. (السعاية ٢/ ٢٦٥)

من أصر على أمر مندوب، وجعله عزما ولم يعمل بالرخصة فقد أصاب منه الشيطان من الإضلال. (طيبي شرح المشكوة ٢/ ٣٧٤، تحت رقم الحديث: ٩٤٢، مرقاة، مكتبه إمداديه ملتان ٢/ ٣٥٣)

(۲) بعض دفعہ امر مستحب کو قانونی شکل دینا جائز ہوجاتا ہے، مگر اس کے لئے سرکاری نظام ضروری ہے؛ کیوں کہ اگر سرکاری نظام کے تحت قانون نہ بنے تو یہی قانون مسلمانوں کے اختلاف اور لڑائی جھگڑے کا سبب بن سکتا ہے؛ لہٰذا جن دو علماء نے قانونی شکل دینے سے اختلاف کیا ہے، ان کا نظریہ یہی ہوسکتا ہے۔ فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۸؍ ربیع الثانی ۱۴۳۱ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۸/ ۱۰۰۰۹)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۸؍ ۴؍ ۱۴۳۱ھ

زیارت میں نکاح پڑھوانا

سوال [۵۱۷۹]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: ایک شخص نے اپنا نکاح دو گواہوں اور ایک وکیل کی موجودگی میں زیارت میں جاکر پڑھوایا اور قاضی نے نکاح پڑھا تو یہ نکاح از روئے شرع درست ہے یا نہیں؟

المستفتی: بشیر احمد محلّہ شیدی سرائے، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: نکاح زیارت پر ہو یا کسی بھی جگہ کم از کم دو گواہوں کے سامنے ہو منعقد ہوجاتا ہے۔ ''درمختار'' میں ہے:

وینعقد بإیجاب وقبول. (درمختار، کتاب النکاح، زکریا دیوبند ٤/ ٦٨-٦٩، کراچی ٣/ ٩)

اسی میں ہے: **وشرط حضور شاهدین.** (الدر مع الرد، زکریا ٤/ ٨٧، کراچی ٣/ ٢٨)

یعنی نکاح ایجاب وقبول سے ہوجاتا ہے، بشرطیکہ دو گواہوں کے سامنے ہو؛ البتہ مستحب یہ ہے کہ اعلان کے ساتھ جمعہ کے دن مسجد میں ہو، اسی میں ہے: ''**ویندب إعلانه**

وكونه في مسجد يوم جمعة“ (الدر مع الرد، زكريا ديو بند ٤/ ٦٦، كراچی ٣/ ٨)
یعنی مستحب ہے کہ نکاح اعلان کے ساتھ جمعہ کے دن مسجد میں ہو۔ فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۸/ شعبان ۱۴۰۸ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۲۴/ ۸۴۴)

سمیلن میں اجتماعی نکاح، مہر، نیز حالت حیض میں اور نابالغ لڑکی کے نکاح کا حکم

سوال [۵۱۸۰]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: (۱) ہمارے اطراف وعلاقے میں چند سالوں سے اجتماعی شادیوں کا رواج زور پاتا جارہا ہے، جسے یہاں کی اصطلاح میں ”سمیلن“ کہا جاتا ہے اور یہ برادری وائز بھی ہے اور چندے غیر برادری، ایک ایک ”سمیلن“ میں پچیس جوڑوں سے سو ڈیڑھ سو جوڑوں تک کا عقدِ نکاح ہوتا اور رخصتی ہوتی ہے۔

(۲) ”سمیلن“ کروانے والوں کی ایک تنظیم کمیٹی ہوتی ہے، وہ زوجین کے اولیاء سے مختصر رقم لیتے ہیں، مثلاً لڑکے والوں سے تین ہزار لڑکی والوں سے تین ہزار، اس میں کمیٹی والے زوجین کے ساتھ آئے رشتہ دار، وباراتی کے طعام کے ساتھ لڑکی کو جہیز کے نام پر چند سامان بھی مثلاً، پلنگ، الماری، بستر اور برتن وغیرہ بھی دیتے ہیں، اس میں امیر غریب دونوں طبقے کے لوگ شامل ہوتے ہیں۔ اور مرد وخواتین کا ایک میلہ نما ماحول صبح سے شام تک رہتا ہے، زوجین میں بالغ نابالغ دونوں طرح ہوتے ہیں، بعضوں کا صرف عقد ہوتا ہے، رخصتی بعد میں، بعضے لوگ سمیلن کے بعد بھی اپنے گھر پر دولہا والوں کو کھانا دے کر رخصت کرتے ہیں۔

(۳) یہ حقیقت ہے کہ بہت سارے غریب وکمزور گھرانوں کی لڑکیاں اس اجتماعی عقد خوانی وسمیلن سے کم خرچ میں باعزت طور پر رخصت ہوجاتی ہیں اور والدین اپنے فریضہ سے بحسن وخوبی فارغ ہوجاتے ہیں، اور سبھوں کے لئے ایک طرح کا سامانِ جہیز ہونے کی وجہ

سے یکسانیت بھی رہتی ہے، باوجود کہ بعضے لوگ الگ سے بھی جہیز دیتے ہیں؛ لیکن وہ بعد میں۔

(۴) ان حقائق کی روشنی میں چند امور دریافت طلب ہیں:

الف: کیا اجتماعی شادی وعقد میں شرعاً کوئی قباحت ہے؟

ب: اس میں بہت ساری لڑکیاں حیض سے ہوتی ہیں، اس حالت میں نکاح اور رخصتی کرنا شرعاً کیسا ہے؟

ج: سبھوں کا ایک طرح کا مہر مقرر کرنا شرعاً درست ہے؟

د: مرد وخواتین کا اس طرح ایک جگہ جمع ہونا جس میں بے حد بے پردگی رہتی ہے، کیا اس کی ان موقعوں پر گنجائش ہے؟

ہ: اس وقت شادی پر ناجائز اخراجات اور تلک جہیز کے ناروا مطالبات کی بنا پر بے شمار غریب مقیم لڑکیاں جو نکاح سے رہ جاتی ہیں یا ان کے والدین کو زمین جائیداد بیچ کر یا سود سے قرض لے کر عقد کرنا پڑتا ہے، اس سے بچنے اور آسانی وعزت کے ساتھ وہ اپنے فریضہ سے فارغ ہوجائیں بہتر صورت کیا ہے؟

و: ایک ایک قاضی کئی کئی نکاح پڑھاتے ہیں، اگر قاضی غلطی سے کسی لڑکی کا نکاح دوسرے لڑکے سے پڑھا دے اور لڑکے کے قبول کے بعد فوراً یاد آنے پر پھر الگ سے جس سے نکاح ہونا تھا اس سے قبول کرائے تو ایسا نکاح ہوگا یا نہیں؟

ز: اس میں عام طور پر ناواقف نکاح خواں نابالغہ لڑکی سے نکاح کی اجازت لے کر نابالغ سے ہی قبول کراتے ہیں، ایسا نکاح شرعاً منعقد ہوگا یا نہیں اور نابالغ سے ایجاب وقبول کی صحیح صورت کیا ہے؟

شریعت مقدسہ کی روشنی میں مدلل جواب دینے کی زحمت فرما کر مشکور فرمائیں۔

المستفتی: محمد ذکاء اللہ شبلی، جامع مسجد چھاؤنی اندرو

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: (الف) اجتماعی شادیوں کی تقریب، اگر شرعی حدود

میں رہ کرانجام دی جائے تو یہ واقعتاً بڑی نفع بخش اور خیر کا باعث ہے۔ اور اسراف سے روکنے کا ذریعہ ہے؛ لیکن اجتماعی شادیوں کے نام پر بڑی تعداد میں مردوں اور عورتوں کی بھیڑ اکٹھا کرنا اور ہزار ہاہزار افراد کے کھانے کا انتظام کرنا ثواب کے بجائے خود اسراف اور ذریعۂ گناہ ہے۔

عن عائشة -رضي الله عنها- قال النبي ﷺ: إن أعظم النكاح بركة، أيسره مؤونة. (شعب الإيمان للبيهقي، باب الاقتصاد في النفقة، وتحريم أكل المال الباطل، دارالكتب العلمية بيروت ٥/ ٢٥٤، رقم: ٦٥٦٦، مشكوة ٢/ ٢٦٨)

(ب) حیض ونفاس کی حالت میں نکاح اور رخصتی بلا شبہ درست ہے؛ البتہ صحبت جائز نہیں ہے۔

وأما نحو الحيض والنفاس ...... فهو مانع من حل الوطء، لا من محلية العقد. (شامي، كتاب النكاح، زكريا يدوبند ٤/ ٦٠، كراچی ٣/ ٤)

(ج) تمام جوڑوں کے ایک طرح کا مہر مقرر کرنے سے نکاح میں خرابی لازم نہیں آتی، بہتر یہ ہے کہ مہر کی اتنی مقدار متعین کی جائے جس کے ادا کرنے پر تمام لوگ قادر ہوں؛ البتہ سرمایہ داروں کے لڑکے لڑکیوں کی شادی میں مہر مثل نہیں ہو پا تا ہے؛ اس لئے شادی کے بعد ان کے یہاں کی دولہنوں کو زیورات وغیرہ کی شکل میں مزید کچھ دینا چاہئے، تاکہ مہر مثل کا حق اسے مل جائے اور اسے ضمنی طور پر خفیہ انداز میں کیا جائے، تاکہ غریب لڑکیوں پر اثر نہ پڑے۔

والواجب بالعقد إنما هو مهر المثل، ولذا قالوا: أنه الموجب الأصلي في باب النكاح، وأما المسمى: فإنما قام مقامه للتراضي به. (شامي، كتاب النكاح، باب المهر، كراچی ٣/ ١٠٠، زكريا ديوبند ٤/ ٢٣٠)

(د) اس تقریب میں جہاں خیر کثیر ہے وہیں بے پردگی اور منکرات بھی ہیں؛ لہٰذا کوشش کی جائے کہ بے پردگی سے حتی الامکان احتراز ہو، مثلاً مردوں کے لئے الگ ہال ہو اور عورتوں کے لئے الگ، ان کا اختلاط شرعاً جائز نہیں ہے۔

ولا يأذن بالخروج إلى المجلس الذي يجتمع فيه الرجال والنساء، وفيه من المنكرات. (بزازية على الهندية، كتاب النكاح، التاسع عشر في النفقات، زكريا ديوبند ٤/ ١٥٧، جديد زكريا ١/ ١٠٢)

(ہ) سمیلن یعنی اجتماعی شادیوں کی وجہ سے نادار اور غریب لوگ، بہت بڑی وبا اور خرچ سے بچ جاتے ہیں، جیسا کہ سوال میں درج ہے؛ لہٰذا یہ طریقہ غرباء کے لئے نہایت مبارک باد اور قابل تحسین عمل ہے، شرعی حدود میں رہ کر انجام دیا جائے تو بہتر ہے۔ (مستفاد: فتاویٰ رحیمیہ، قدیم ۵/ ۲۶۶، جدید زکریا ۸/ ۲۴۳)

(و) کئی نکاح ایک ساتھ ہونے کی صورت میں اگر غلطی ہو جائے تو اسی مجلس میں لڑکے سے ایک طلاق دلوا کر دوبارہ نکاح جس کا رشتہ جس کے ساتھ پہلے سے ہوا ہے، اسی کے ساتھ پڑھا دینا چاہئے۔

ولو له بنتان أراد تزويج الكبرى، فغلط فسماها باسم الصغرى، صح للصغرى. (الدر مع الرد، زكريا ديوبند ٤/ ٩٧، كراچی ٣/ ٢٦، الموسوعة الفقهية الكويتية ١٩/ ١٦٢، قاضي خان على هامش الهندية ١/ ٣٢٤، جديد زكريا ١/ ١٩٧)

(ز) نابالغ کی اجازت معتبر نہیں ہے، اس کے ولی اقرب کی اجازت سے اس کا نکاح کرنا لازم ہے۔ اور ولی اقرب نہ ہو تو ولی ابعد کی اجازت سے نکاح ہونا چاہئے، اور ولی ابعد کی اجازت سے نکاح کی صورت میں بالغ ہونے کے بعد نابالغہ کو خیار بلوغ حاصل ہوگا۔

وهو أي الولي صحة نكاح صغير. (درمختار) قال الشامي: أي شخص صغير، فيشمل الذكر والأنثى. (شامي، زكريا ٤/ ١٥٥، كراچی ٣/ ٥٥)

فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۱ر شعبان ۱۴۲۵ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۷/ ۸۵۳۶)

اجتماعی شادی

سوال [۵۱۸۱]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: (۱) اجتماعی شادی کا شرعی حکم کیا ہے؟

اجتماعی شادی کے لئے ایک انتظامیہ کمیٹی تشکیل دی جاتی ہے، یہ کمیٹی دولہے اور دولہن والوں سے کچھ رقم جمع کرواتی ہے، مثلاً دو تین ہزار روپئے، پھر جمع شدہ رقم سے بطور جہیز کچھ ضروریات زندگی کا سامان دیا جاتا ہے اور دولہا دولہن والوں کے اقرباء ورشتہ داروں کے کھانے کا نظم اور نکاح خواں قاضی کا ہدیہ بھی ادا کرتی ہے، اس سے غریب خاندان کم خرچ میں اپنے بچوں کی شادی سے فارغ ہوجاتے ہیں، کچھ لوگ اس کو بدعت اور کچھ اس کو ناجائز کہتے ہیں۔

(۲) مذکورہ کمیٹی میں مالدار طبقے شامل ہوکر پورے اخراجات سنبھالتے ہیں اور اجتماعی شادی کے نام پر کچھ رقم بطور امداد حکومت بھی دیتی ہے، جو ایک کثیر رقم ہوتی ہے۔ شادی مکمل ہونے کے بعد جو روپئے اس میں سے بچتے ہیں وہ کمیٹی کے ممبران اگر آپس میں بانٹ لیتے ہیں تو منتظمین کا روپیہ تقسیم کرنا جائز ہے یا پھر اس رقم کا کیا کیا جائے؟

(۳) منتظمین نکاح خواں قاضی سے فی نکاح ۲۰۰/ روپئے طے کرلیتے ہیں اور دولہے والوں سے فی نکاح ۳۰۰/ روپئے وصول کرتے ہیں، منتظمین کا یہ فعل ازروئے شرع کیسا ہے؟

(۴) نکاح خواں قاضیٔ شہر گیس کی ٹنکیوں کو بلیک میں خرید وفروخت کرتا ہے، جب کہ ٹنکیوں کا بلیک کرنا حکومت کی طرف سے ممنوع اور غیر قانونی ہے، ایسے غیر قانونی دھندا کرنے والے قاضی سے نکاح پڑھوایا جاسکتا ہے؟ اس میں شرعاً قباحت تو نہیں ہے؟

(۵) زید اپنے بچوں کا نکاح ایسے غیر قانونی دھندا کرنے والے قاضی سے نہ پڑھوانے پر بضد ہے، اس کا کہنا ہے کہ نکاح ایک پاک رشتہ کے منعقد ہونے کا ذریعہ ہے؛ لہٰذا ایسے قاضی سے نکاح پڑھوانا قطعاً درست نہیں ہے، زید ازروئے شرع حق بجانب ہے؟

(۶) زید کو ایسے غیر قانونی دھندا کرنے والے قاضی سے اپنے بچوں کا نکاح

پڑھوانے میں اطمینان قلب نہیں ہے، تو کیا اجتماعی شادی کمیٹی اپنے طے کئے ہوئے ایسے قاضی سے نکاح پڑھوانے کے لئے زید کو مجبور کرسکتی ہے؟ دباؤ ڈال سکتی ہے؟

المستفتی: امام الدین جوئے سابق صدر ضلع وقف کمیٹی کھرگون، ایم پی

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: مذکورہ سوال کے اندر اجتماعی شادی کی جوصورت بیان کی گئی ہے، وہ جائز ہے۔ (مستفاد: فتاوی دار العلوم ۷/ ۱۴۸)

اگر سرمایہ دار لوگ اس طرح کی اجتماعی شادیوں میں غریبوں کے تعاون کی غرض سے اپنی جیب سے خرچ کریں گے تو ان کے لئے یہ باعث اجر وثواب اور ایک اہم ترین کار خیر میں خرچ کرنا ثابت ہوگا۔

اَلَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمْ بِاللَّيْلِ وَالنَّهَارِ سِرًّا وَعَلَانِيَةً فَلَهُمْ اَجْرُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ وَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ. [البقرة: ٢٧٤]

اجتماعی شادی کے نام پر جو رقم حکومت بطور امداد دیتی ہے، اس میں سے بچی ہوئی رقم کا منتظمین کے لئے استعمال کرنا جائز نہیں ہے، یہ ایک قسم کی خیانت ہوجائے گی؛ بلکہ جن کی شادی ہورہی ہے وہ رقم ان ہی کو بانٹ دینا ضروری ہے۔

من أخذ مال غيره لا على وجه إذن الشرع فقد أكله بالباطل. (تفسير قرطبي، تحت الآية: ١٨٨، من سورة البقرة، قديم ٢/ ٣٣٨، دارالكتب العلمية بيروت ٢/ ٢٢٥)

اور دولہا والوں سے منتظمین جو رقم نکاح خواں قاضی کے لئے لیتے ہیں وہ پوری رقم قاضی کو دے دینی چاہئے، اس میں سے کچھ پیسے بچانا جائز نہیں ہے، ہاں البتہ اگر اس پیسے کو شادی کے نظم وانتظام میں خرچ کیا جائے تو کوئی حرج نہیں ہے۔

وليس للمودع حق التصرف والاسترباح في الوديعة. (مبسوط سرخسي، كتاب الوديعة، دارالكتب العلمية بيروت ١١/ ١٢٢، العناية، دار الفكر مصري قديم ٨/ ٤٩٠، زكريا ٨/ ٥١٥-٥١٦، كوئٹه ٧/ ٤٥٧)

وحق الديانة أن تؤدي إلى أهلها، فالخيانة مخالفة لها. (مرقاة، إمداديه ملتان ۲/ ۱۲٦)

نکاح دیندار عالم سے پڑھوانا مستحب اور افضل ہے، قاضی سے نکاح نہیں پڑھوانا چاہئے؛ البتہ اگر کسی نے قاضی سے نکاح پڑھوالیا تو نکاح درست ہوجائے گا، زید کو اگر مذکورہ قاضی سے نکاح پڑھوانے میں قلبی اطمینان نہیں ہے؛ اس لئے وہ اس سے نکاح نہیں پڑھوارہا ہے، تو اس کے اوپر دباؤ ڈالنا جائز نہیں ہے، اس کو اس کی مرضی پر چھوڑ دینا ضروری ہے، وہ جس سے چاہے اپنے بچوں کا نکاح پڑھوائے۔

ويندب إعلانه وتقديم خطبة وكونه في مسجد يوم جمعة بعاقد رشيد، وشهود عدول. (شامي، كتاب النكاح، زكريا ديوبند ٤/ ٦٦-٦٧، كراچی ۳/ ۸) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۶؍محرم الحرام ۱۴۳۳ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۹/۱۰۶۱۵)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصورپوری غفرلہ
۲۶/۱/۱۴۳۳ھ

حکومت کی جانب سے جاری کردہ نکاح کے رجسٹریشن کا حکم

سوال [۵۱۸۲]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: عرض یہ ہے کہ ہم آپ کو سب سے پہلے اس بات سے آگاہ کرنا چاہتے ہیں کہ حکومتِ تامل ناڈو نے سرکاری سطح پر نکاح رجسٹریشن کو لازم قرار دے دیا ہے۔ رجسٹریشن کے کاغذات اور اس کی تمام شرطیں اس لفافے کے ساتھ ملفوف ہیں۔ سرکاری طور ہماری کوتاہ نظروں میں اس کے اندر ایسی باتیں ہیں جو شریعت کے بالکل خلاف ہیں، جیسے کہ:

(الف) نکاح کرنے والے لڑکے کی عمر ۲۱؍ سال سے کم نہ ہونا اور لڑکی کی عمر ۱۸؍

سال سے کم نہ ہونا، اگر کم ہو تو حکومت کی نظر میں وہ نکاح قابل تسلیم نہیں، وہ دونوں میاں بیوی نہیں کہلا سکتے، میاں بیوی کے حقوق آپس میں لازم نہیں ہوں گے۔

(ب) اگر خلع یا طلاق کی نوبت آتی ہے تو رجسٹریشن فارم میں اس کا کوئی تذکرہ نہیں، شرعاً خلع، طلاق ہو بھی جائے تو بھی حکومت کی نظر میں وہ دونوں میاں بیوی ہی رہیں گے، جب تک کہ عدالتوں کا سہارا لے کر نکاح کو ختم نہ کیا جائے، اس کے لئے بہت ساری دشواریوں کا سامنا ہوگا۔

(ج) انصاف کا برتاؤ کرنے کی شرط کے ساتھ شریعت نے چار نکاح تک کی جو اجازت دی ہے وہ اس رجسٹریشن فارم میں متصور ہی نہیں، وغیرہ، اب ہم آپ سے یہ دریافت کرنا چاہتے ہیں کہ شرعی نقطہ نظر سے (جب کہ ہم ایک جمہوری ملک میں رہتے ہیں)

(الف) لازمی رجسٹریشن کو قبول کر لینا جائز ہے؟

(ب) تنظیم المساجد کے ذمہ داروں کا اس قانون کو روبہ عمل لانے کے لئے کوشاں ہونا شرعاً کیسا ہے؟

(ج) علماء ربانیین اگر حکومت کی اس پالیسی پر سکوت اختیار کر لیں تو کیا شرعی جرم ہوگا؟

(د) ایسے موقع پر علماء اور عمائدین کا ہماری اپنی شریعت کے موافق اصولوں کو حکومت سے منوانا شرعاً کیا درجہ رکھتا ہے؟ فقط والسلام

المستفتی: صدر رباط العلماء وانم باڑی

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: (۱) سوال (الف) میں جو شرط لگائی گئی ہے کہ لڑکے کی عمر ۲۱؍ سال اور لڑکی کی عمر ۱۸؍ سال ہونا شرط ہے، اس سے کم میں نکاح قابل قبول نہ ہوگا، یہ شریعت محمدیہ اور مسلم پرسنل لاء کے خلاف ہے، مسلمانوں کو اس قانون کو ختم کرنے میں احتجاجی مطالبہ کا حق ہے۔

(۲) سوال (ب) میں خلع کے سلسلہ میں جو قانون لکھا ہے وہ بھی مسلم پرسنل لاء

کے خلاف ہے، اس قانون کو ماننا بھی مسلمانوں پر لازم نہیں ہے۔ اور اس کو ختم کرنے کے لئے مسلمانوں کو اجتماعی کوشش کرنی چاہئے۔

قال اللّٰہ تعالیٰ: فَإِنْ خِفْتُمْ اَلَّا يُقِيمَا حُدُوْدَ اللّٰهِ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِمَا فِيمَا افْتَدَتْ بِهِ. [سورة البقرة، آیت: ۲۲۹]

وحكمه أن الواقع به أي بالخلع ...... طلاق بائن. (شامي، كتاب الطلاق، باب الخلع، مطلب ألفاظ الخلع خمسة، زكريا ديوبند ۵/ ۹۱-۹۲، كراچی ۳/ ٤٤٤)

(۳) سوال (ج) میں مذکور ہے کہ لازمی رجسٹریشن فارم میں چار نکاح کرنا متصور اور قابل اعتبار نہیں ہے، حالاں کہ چار نکاح کی اجازت بیوی کے درمیان انصاف کی شرط کے ساتھ قرآن سے ثابت ہے۔ اور قرآنی حکم کے خلاف حکومتی قانون مسلمانوں کے لئے ناقابل برداشت ہے۔

قال اللّٰہ تعالیٰ: فَانْكِحُوْا مَا طَابَ لَكُمْ مِنَ النِّسَآءِ مَثْنٰى وَثُلَاثَ وَرُبَاعَ فَإِنْ خِفْتُمْ اَلَّا تَعْدِلُوْا فَوَاحِدَةً اَوْ مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ ذٰلِكَ اَدْنٰى اَلَّا تَعُوْلُوْا.

[سورة النساء، آیت: ۳]

قال رسول اللّٰہ صلی اللہ علیہ وسلم: لا طاعة لمخلوق في معصية الخالق. (مصنف ابن أبي شيبة، كتاب السير، مؤسسة علوم القرآن جديد ۱۸/ ۲٤۷، رقم: ۳٤٤۰٦)

(۴) لازمی رجسٹریشن پر جو قوانین اور ضابطے لکھے ہیں وہ شریعتِ محمدی اور مسلم پرسنل لاء کے عین مخالف ہیں؛ اس لئے اس رجسٹریشن کو قبول کرنا مسلمانوں کے لئے جائز نہیں ہے؛ بلکہ تمام مسلمانوں پر لازم ہے کہ اس رجسٹریشن کے قانون کو شریعت محمدیہ کے مطابق بنانے کی سعی وکوشش کریں، اس قانون کو ماننا درج ذیل آیت کریمہ اور حدیث پاک کے صراحتاً خلاف ہے۔

وَمَا اٰتَاكُمُ الرَّسُوْلُ فَخُذُوْهُ وَمَا نَهَاكُمْ عَنْهُ فَانْتَهُوا. [الحشر: ۷]

عن عمران بن حصين قال: قال رسول اللّٰہ صلى اللّٰہ عليه وسلم: لا

طاعة لمخلوق في معصية الخالق. (المعجم الكبير للطبراني، دار إحياء التراث العربي ۱۸/ ۱۷۰، رقم: ۳۸۱)

(۵) تنظیم المساجد کے ذمہ داروں کا ایسے قانون کو روبہ عمل لانے کے لئے کوشاں ہونا شرعاً جائز نہیں ہے، اس طرح کی کوشش قرآن وحدیث کے قانون کو توڑنے کی کوشش ہے، جو کسی کے لئے قطعاً جائز نہیں ہے۔

وَمَنْ لَّمْ يَحْكُمْ بِمَا اَنْزَلَ اللّٰهُ فَاُولٰٓـئِكَ هُمُ الْفَاسِقُوْنَ. [المائدة: ٤٧]

قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: تركت فيكم أمرين لن تضلوا ما تمسكتم بهما: كتاب الله، وسنة رسوله. (مشكوة، ص: ۳۰، وهكذا في المستدرك للحاكم قديم ۱/ ۹۳، مكتبه نزار مصطفى الباز ۱/ ۱۳۷، رقم: ۳۱۸)

(۶) صرف یہ علماء ربانیین کی ذمہ داری نہیں ہے؛ بلکہ اس قانون کو توڑنے کی کوشش تمام مسلمانوں پر لازم ہے۔ فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
یکم جمادی الاولیٰ ۱۴۳۲ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۹/ ۱۰۳۸۶)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۳۲/۵/۵ھ

۲/ باب الخِطبة

منگنی کے متعلق چند مسائل

سوال [۵۱۸۳]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: لڑکے کا رشتہ طے ہونے کے لئے پہلے منگنی کی رسم ہوتی ہے، جس میں لڑکے والا اپنے ساتھ کچھ آدمیوں کو لے کر لڑکی والے کے یہاں جاتا ہے، وہاں لڑکی والا اپنے ساتھیوں کے درمیان لڑکے کے لئے انگوٹھی رومال اور سترہ آنے (لڑکی کے رشتہ کی نسبت سے) دیتا ہے، دریافت طلب یہ بات ہے کہ یہ سامان جو کہ لڑکی کی نسبت سے دیا جاتا ہے اس کو لڑکا اپنے مصرف میں لانے کا حق دار ہے یا نہیں؟

(۲) اسی طرح لڑکے والا لڑکی کے لئے (لڑکے کی نسبت سے) کچھ سامان لڑکی والوں کو دیتا ہے، آیا یہ سامان لڑکی اپنے استعمال میں لاسکتی ہے یا نہیں؟ کیوں کہ ابھی تک لڑکا اور لڑکی ایک دوسرے کے محرم نہیں ہوئے ہیں۔

(۳) لڑکے والا یا لڑکی والا ایک دوسرے سے (شادی سے پہلے) ملنے کے لئے آتے جاتے ہیں، تو طرفین چلتے وقت کچھ پیسے ایک دوسرے کے بچوں کو دیتے ہیں؛ لیکن لڑکے والا لڑکی کو اور لڑکی والا لڑکے کو دوسرے بچوں کے مقابلہ میں زیادہ دیتا ہے، اس طرح فرق کرنا لڑکے یا لڑکی کی نسبت سے مانا جائے گا یا نہیں؟ ایسی صورت میں طرفین کو لینا دینا جائز ہے یا نہیں؟

المستفتی: عبدالرشید محلّہ علی خان کاشی پور، نینی تال

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: (۱) اگر اس طرح لین دین کا علاقہ میں رواج ہو چکا ہے تو یہ مانگ یا دباؤ ڈال کر لینے کے حکم میں ہے اور اس طرح لین دین شرعی طور پر ناجائز اور ممنوع ہے، اس سے طرفین کے لوگ ایک بیجا خرچ میں مبتلا ہو جاتے ہیں، اس لئے اس کا ترک ضروری ہے۔ (مستفاد: فتاوی محمودیہ، قدیم ۵/ ۳۱۹، ڈابھیل ۱۱/ ۱۸۵)

(۲) یہ بھی رسم ورواج سے مجبور ہوکر لینا دینا ہوتا ہے؛ اس لئے اس کو بھی ترک کردینا ضروری ہے۔ (مستفاد: فتاوی محمودیہ، قدیم ۵/ ۳۱۹، ڈابھیل ۱۱/ ۱۸۵)

(۳) اس طرح بچوں کے ہاتھوں میں دینا اظہار محبت کے لئے ہوتا ہے؛ اس میں بظاہر کوئی قباحت نہیں؛ لیکن اگر نہ دینے پر شکوہ وشکایت شروع ہوجائے تو یہ بھی ممنوع ہوگا۔ (مستفاد: فتاوی محمودیہ، قدیم ۵/ ۳۲۰، ڈابھیل ۱۱/ ۱۸۷)

قال في الوسيلة الأحمدية شرح الطريقة المحمدية: لعن رسول الله صلى الله عليه وسلم الراشي والمرتشي، ومن الرشوة ما أخذه ولي المرأة قبل النكاح إذا كان بالسؤال، أو كان إعطاء الزوج بناء على عدم رضائه على تقدير عدمه، أما إذا كان بلا سؤال ولا عن عدم رضائه، فيكون هدية، فيجوز. (مجموعة الفتاوى على هامش الخلاصة، كراچی ۲/ ۲۳۰) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۸ر صفر المظفر ۱۴۱۶ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۲/ ۴۳۴۲)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۸/ ۲/ ۱۴۱۶ھ

مخطوبہ کو دیکھنا مستحب اور افضل

سوال [۵۱۸۴]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: نکاح سے پہلے کیا کوئی مرد اپنی ہونے والی بیوی کو ایک مرتبہ اپنی نظر سے دیکھ سکتا ہے کہ نہیں؟ اس کے لئے دیکھنا جائز ہے کہ نہیں؟ شریعت کی روشنی میں اس کا جواب عنایت فرما کر شکریہ کا موقع عنایت فرمائیں۔

المستفتی: امتیاز احمد اصالت پورہ، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: مرد کا نکاح سے پہلے اپنی بیوی کو ایک نظر دیکھنا جائز ہی نہیں؛ بلکہ مستحب اور افضل ہے۔ (مستفاد: انوار نبوت، ص:۶۲۱)

عن أبي هريرة -رضي الله عنه- قال: كنت عند النبي ﷺ، فأتاه رجل، فأخبره أنه تزوج امرأة من الأنصار، فقال له رسول الله صلى الله عليه وسلم: أنظرت إليها؟ قال: لا، قال: فاذهب فانظر إليها، فإن في أعين الأنصار شيئا. (صحيح مسلم، كتاب النكاح، باب ندب النظر إلى وجه المرأة وكفيها لمن يريد تزوجها، النسخة الهندية ١/ ٤٥٦، بيت الأفكار، رقم: ١٤٢٤)

ويندب إعلانه وتقديم خطبة (إلى قوله) والنظر إليها قبله. (درمختار مع الشامي، كتاب النكاح، كراچی ٣/ ٢٨، زكريا ٤/ ٦٧) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۶؍شعبان المعظم ۱۴۲۶ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۸/۸۹۳)

نکاح سے قبل منگیتر کو دیکھنا

سوال [۵۱۸۵]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: زید کی شادی کے لئے اس کے گھر والوں نے ایک جگہ بات چیت شروع کی، حتی کہ معاملہ بھی طے ہوگیا، اب زید اس لڑکی کو دیکھنا چاہتا ہے، جس سے اس کا نکاح ہونا طے ہوا ہے، تو کیا اس کا یہ دیکھنا جائز ہے؟ جب کہ کتابوں میں آتا ہے کہ اجنبیہ عورت کو دیکھنا حرام ناجائز اور گناہ کبیرہ ہے؟

المستفتی: محمد غفران باغ نگر، بستی یوپی

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: نکاح سے پہلے زید کا اس لڑکی کو دیکھنا جائز ہے، جس

سے اس کا رشتہ طے ہوا ہے، اور اس کو دیکھنے سے کوئی گناہ لازم نہیں آئے گا؛ بلکہ اس سے رشتہ میں مضبوطی پیدا ہوتی ہے اور ازدواجی زندگی میں استواری پیدا کرنے میں یہ دیکھنا معین و مددگار ثابت ہوتا ہے۔

ولو أراد أن يتزوج امرأة فلا بأس أن ينظر إليها، وإن خاف أن يشتهيها. (شامي، كتاب الحظر والإباحة، زكريا ديوبند ۹/ ۵۳۲، كراچی ۶/ ۳۷۰، هندية ۵/ ۳۳۰، المبسوط للسرخسي، دارالكتب العلمية بيروت ۱۰/ ۱۵۵)

اور حدیث شریف میں آقائے نامدار علیہ الصلاۃ والسلام نے اس کی ترغیب بھی فرمائی ہے کہ نکاح سے پہلے لڑکی کو دیکھ لیا کرو؛ اس لئے کہ یہ دیکھنا تمہارے درمیان محبت اور پائیداری کا ذریعہ ہے۔

عن المغيرة بن شعبة –رضی الله عنه– أنه خطب امرأة، فقال النبي صلى الله عليه وسلم: أنظر إليها، فإنه أحرى أن يؤدم بينكما. (ترمذي شريف، النكاح، باب ماجاء في النظر إلى المخطوبة، النسخة الهندية ۱/ ۲۰۷، دارالسلام، رقم: ۱۰۸۷، سنن ابن ماجة، النكاح، باب النظر إلى المرأة إذا أراد أن يتزوجها، النسخة الهندية ۱/ ۱۳۵، دارالسلام، رقم: ۱۸۶۵، مصنف عبدالرزاق، المجلس العلمي ۶/ ۱۵۶، رقم: ۳۳۵، سنن النسائي، النكاح، باب إباحة النظر قبل التزوج، النسخة الهندية ۲/ ۷۲، دارالسلام، رقم: ۳۲۳۷، مسند أحمد بن حنبل ۴/ ۲۴۶، رقم: ۱۸۳۳۵)

اور ''نسائی شریف'' میں ایک روایت ہے:

عن أبي هريرة –رضي الله عنه– قال: خطب رجل امرأة من الأنصار، فقال له رسول الله صلى الله عليه وسلم: هل نظرت إليها؟ قال: لا، قال: فأمره أن ينظر إليها. (نسائي شريف، النكاح، إباحة النظر قبل التزويج، النسخة الهندية ۲/ ۷۲، دارالسلام، رقم: ۳۲۳۶) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۶/ جمادی الاولی ۱۴۲۱ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۵/ ۶۶۸۵)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۲۱/۵/۲۸ھ

نکاح سے قبل لڑکی لڑکے کا فوٹو دیکھنا

سوال [۵۱۸۶]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: لڑکا لڑکی کو نکاح سے پہلے فوٹو میں دیکھنا چاہتا ہے، اس طرح لڑکی لڑکے کو فوٹو میں دیکھنا چاہتی ہے، تو یہ دیکھنا جائز ہے یا ناجائز؟

المستفتی: ڈاکٹر محمد نوشاد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: لڑکا لڑکی جن کو آپس میں شادی کا ارادہ ہو شرعی طور پر شادی کرنے کی نیت سے ایک دوسرے کو دیکھنا جائز ہے، مگر آمنے سامنے بیٹھ کر دیر تک بے تکلفی کی باتیں کرنا جائز نہیں ہے۔ اور اگر براہ راست دیکھنے کی شکل نہ بنے اور ایک دوسرے کے فوٹو دیکھنے کے بعد اطمینان ہوسکتا ہے، تو ایک دوسرے کے فوٹو دیکھنے کی بھی گنجائش ہے، بس اس میں شرط یہ ہے کہ دیکھنے کے بعد جس کا فوٹو ہو اسے واپس کردے یا اپنے پاس ایسا محفوظ رکھے کہ کوئی دوسرا اجنبی نہ دیکھنے پائے۔

عن المغيرة بن شعبة –رضى الله عنه– أنه خطب امرأة، فقال النبي صلى الله عليه وسلم: أنظر إليها، فإنه أحرى أن يؤدم بينكما. (ترمذي شريف، النكاح، باب ماجاء في النظر إلى المخطوبة، النسخة الهندية ۱/ ۲۰۷، دارالسلام، رقم: ۱۰۸۷) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۳؍ جمادی الاولیٰ ۱۴۳۴ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۴۰/ ۱۱۱۱۸)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۳۴/۵/۲۳ھ

نکاح سے قبل لڑکی کو دیکھنے کا حکم

سوال [۵۱۸۷]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل

کے بارے میں: مخطوبہ لڑکی کو قبل نکاح دیکھنے کے سلسلے میں ایک استفتاء اور مفصل جواب کتب احادیث نبوی وکتب فقہ، نیز ائمہ مجتہدین حنفیہ خصوصاً امام اعظم ابوحنیفہؒ، امام شافعی و مالک واحمد بن حنبل، علامہ شامی وامام غزالی رحمہم اللہ تعالیٰ کے اقوال وفتاوی کی روشنی میں معہ حوالہ کتب احناف کے جواب تحریر فرمانے کی زحمت گوارہ فرمائیں۔

مخطوبہ لڑکی کو نکاح سے قبل ایک نظر چہرہ وہتھیلی نکاح کرنے کے ارادہ سے شرعاً مرد دیکھ سکتا ہے یا نہیں؟ کیا تاجدار دو عالم، محسنِ انسانیت، خاتم النبیین حضرت سیدنا محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے صحاح ستہ کی حدیثوں خصوصاً صحیحین بخاری ومسلم کی روایت کے مطابق مخطوبہ لڑکی کو نکاح سے قبل دیکھنے کی اجازت دی ہے یا نہیں؟ مہربانی فرما کر اکابر علماء وفقہاء اعظم مدرسہ شاہی کے تصویبی وتصدیقی دستخط کروا کر ارسال کرنے کی زحمت فرمائیں۔

المستفتی: العبد محمد عبد السلام غفرلہ صدیقی، سیدواڑہ فتح پور

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: بخاری ومسلم کی صحیح حدیث میں مخطوبہ لڑکی کو نکاح سے قبل دیکھنے کی ترغیب آئی ہے، نیز حضرت امام اعظم ابوحنیفہ، امام شافعی، امام مالک، امام احمد بن حنبل رحمہم اللہ تعالیٰ کے نزدیک بھی مخطوبہ لڑکی کو نکاح سے قبل دیکھنا مستحب ہے۔

فقال له رسول الله صلى الله عليه وسلم: أ نظرت إليها قال: لا، قال: فاذهب فانظر إليها. الحديث (مسلم شريف، النكاح، باب ندب النظر إلى وجه المرأة، و كفيها لمن يريد تزوجها، النسخة الهندية ١/ ٤٥٦، بيت الأفكار، رقم: ١٤٢٤)

وتحته في النووي: وفيه استحباب النظر إلى وجه من يريد تزوجها مذهبنا ومذهب مالك وأبي حنيفة وسائر الكوفيين وأحمد، وجماهير العلماء. الخ (نووي شرح مسلم ١/ ٤١٥٦، بخاري شريف، النكاح، باب النظر إلى المرأة قبل التزويج، النسخة الهندية ٢/ ٧٦٨، رقم: ٤٩٣٢-٤٩٣٣، ف: ٥١٢٥-٥١٢٦)

اور ''مشکوۃ شریف ۲/ ۲۶۹'' میں بھی اس مضمون کی حدیث شریف موجود ہے۔

نیز امام غزالی علیہ الرحمہ نے ”احیاء العلوم ۲/۲۲“ میں اور علامہ شامی نے نقل فرمایا ہے کہ مخطوبہ لڑکی کو نکاح کے ارادہ سے دیکھنا مستحب ہے، اگرچہ شہوت کا خطرہ کیوں نہ ہو۔

ولو أراد أن يتزوج امرأة فلا بأس أن ينظر إليها، وإن خاف أن يشتهيها. (شامي، كتاب الحظر والإباحة، باب الاستبراء وغيره، كراچى ٦/ ٣٧٠، زكريا ٩/ ٥٣٢) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
یکم شعبان ۱۴۱۱ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۲۶/ ۲۳۱۰)

مخطوبہ عورت کو دیکھنے کا شرعی حکم

سوال [۵۱۸۸]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: ہمارے یہاں جب لڑکے کی شادی کرائی جاتی ہے تو کچھ مرد مل کر جاتے ہیں لڑکی کو دیکھنے کے لئے، کیا غیر محرم کا دیکھنا جائز و درست ہوسکتا ہے؟

المستفتی: محمد اکرم بھاگلپوری، متعلم مدرسہ شاہی مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: شوہر بننے والے مرد کے علاوہ دوسرے مردوں کے لئے لڑکی کو دیکھنا جائز نہیں ہے؛ البتہ خود کو دیکھنے کی اجازت ہے اور خود دیکھنے میں رکاوٹ ہو تو قابل اعتماد عورت کے ذریعہ سے پتہ لگائے۔

ولو أراد أن يتزوج امرأة، فلا بأس أن ينظر إليها وإن خاف أن يشتهيها لقوله عليه السلام: أنظر إليها، فإنه أحرى أو يؤدم بينكما. الحديث (قوله) إذا لم يمكنه النظر يجوز إرسال نحو امرأة تصف له. الخ

(شامي، كتاب الحظر والإباحة، كراچى ٦/ ٣٧٠، زكريا ديوبند ٩/ ٥٣٢، وهكذا هندية

٥/ ٣٣٠، جديد زكريا ٥/ ٣٨٢، المبسوط للسرخسي، دارالكتب العلمية بيروت ١٠/ ١٥٥، هداية أشرفيه ديوبند ٤/ ٤٥٩، تبيين الحقائق، مكتبه إمداديه ملتان ٦/ ١٨، زكريا ٧/ ٤٠، بدائع الصنائع، كراچی ٥/ ١٢٢، زكريا ٤/ ٢٩٤، الموسوعة الفقهية الكويتية ١٩/ ١٩٧) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۴ رمحرم الحرام ۱۴۱۵ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۱/ ۳۷۹۳)

رشتہ طے کرنے میں کھانے کے عوض کا حکم

سوال [۵۱۸۹]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: میرے چھوٹے بھائی کا رشتہ لگا ہوا تھا، اب کچھ وجوہات کی بنا پر وہ رشتہ ختم ہوگیا ہے، جو رقم ہماری طرف سے لڑکی والوں کی طرف گئی تھی وہ واپس آگئی ہے اور جو رقم ان کی طرف سے ہماری طرف آئی تھی وہ بھی ہم نے واپس کردی ہے، ہم نے ان کے گھر کھانا کھایا اور انہوں نے ہمارے گھر کھانا کھایا؛ البتہ ہماری طرف سے کھانے والے ممبران کے مقابلہ میں زیادہ تھے جس کی وجہ سے ان کا خرچ ہمارے مقابلہ میں زیادہ ہوا، اب معلوم یہ کرنا ہے کہ وہ زیادہ خرچ جو ان کا کھانے میں ہوا ہے وہ ہم لوگوں کو دینا چاہئے یا نہیں؟

المستفتی: نور محمد جامع مسجد مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: آپ لوگوں نے جو لڑکی والوں کے یہاں کھانا کھایا تو اس کا خرچ نہیں لوٹایا جائے گا؛ کیوں کہ یہ لڑکی والوں کی طرف سے مہمان نوازی تھی اور مہمان نوازی کا عوض نہیں دیا جاتا ہے۔

عن أبي هريرة –رضي الله عنه– عن النبي صلى الله عليه وسلم قال:

من كان يؤمن بالله واليوم الآخر، فلا يؤذ جاره، ومن كان يؤمن بالله واليوم الآخر، فليكرم ضيفه، ومن كان يؤمن بالله واليوم الآخر، فليقل خيرا أو ليصمت. (بخاري شريف، كتاب الأدب، باب إكرام الضيف وخدمته إياه بنفسه، النسخة الهندية ٢/ ٩٠٦، رقم: ٥٨٩٨، ف: ٦١٣٦)

قال القاضي عياض رحمه الله: معني الحديث: أن من التزم شرائع الإسلام لزمه إكرام جاره وضيفه وبرهما ...... وقد أوصى الله تعالىٰ بالإحسان إليه في كتابه العزيز. (المنهاج، كتاب الإيمان، باب الحث على إكرام المجار والضيف، مكتبه دار ابن حزم ١/ ١٥٢، شرح النووي على هامش مسلم ١/ ٥٠، شرح الطيبي، باب الضيافة، مكتبة إدارة القرآن، كراچی ٨/ ٧٠، تحت رقم الحديث: ٤٢٤٣، مرقاة المفاتيح، مكتبه إمداديه ملتان ٨/ ٢٠١) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۷ ربیع الثانی ۱۴۲۵ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۷/۸۳۵۰)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۲۵/۴/۲۸ھ

منگنی ختم ہونے کی صورت میں اس میں دیئے گئے سامان کی واپسی

سوال [۵۱۹۰]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: ایک لڑکی کی منگنی ہوئی تو منگنی میں لڑکی والوں نے نقد -/6,046 روپئے دیئے اور -/2,095 روپئے کا سامان دیا۔ اور لڑکے والوں نے دو جوڑے کپڑے اور پازیب دیا، اس کے بعد شادی ہونے سے پہلے ہی لڑکے والوں نے اسکوٹر طلب کیا تو لڑکی والوں نے کہا ہمارے اندر اتنی وسعت نہیں ہے، پھر لڑکے والوں نے ہمیں بغیر اطلاع دئے ہوئے دوسری جگہ اسکوٹر کے لالچ میں منگنی کرلی، تو جو سامان ہم نے لڑکے والوں کو دیا تھا یا نقد روپیہ دیا تھا، وہ لڑکی والوں کو واپس ملے گا یا نہیں؟ واضح رہے ہمارے یہاں پنچایت ہے اور پنچایت ہی

کے ذریعہ سے سارے کام ہوتے ہیں، تو ہم اب یہ چاہتے ہیں کہ آپ شرعی حکم تحریر فرمائیں اسی کے مطابق پنچایت فیصلہ کرے گی اور جو سامان لڑکے والوں نے لڑکی کو دیا ہے تو وہ ان کو واپس کرنے کے لئے تیار ہیں، ہمارا کوئی قصور نہیں ہے، صرف اسکوٹر دینے کی سکت نہیں ہے؛ اس لئے انہوں نے دوسری جگہ منگنی کر لی ہے، مذکورہ بالا واقعہ بالکل صحیح ہے، جس کے مندرجہ ذیل حضرات گواہ ہیں: گواہ نمبر:(۱) عبدالرشید (۲) محمد اسرائیل (۳) ظہیر علی۔

المستفتی: محبوب حسین

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: لڑکے والوں نے شادی کا معاملہ طے کرکے اور اسکوٹر نہ ملنے کی صورت میں معاملہ ختم کر کے جو دوسری جگہ طے کرلیا ہے یہ عہد شکنی اور فعل مذموم ہے، اب لڑکی والوں نے جو رقم یا سامان لڑکے والوں کو دیا ہے، اسی طرح لڑکے والوں نے جو سامان یا رقم لڑکی والوں کو دیا ہے، یہ لوگ برضاء طرفین یا بذریعہ شرعی پنچایت ایک دوسرے سے واپس لوٹا سکتے ہیں۔

لا ينفرد الواهب بالرجوع بل يحتاج فيه إلى القضاء، أو الرضاء، أو قبل التسليم ينفرد الواهب بذلک، هکذا في الذخيرة. (عالمگيري، کتاب الهبة، الباب الخامس في الرجوع في الهبة، زکريا ديوبند ٤/ ٣٨٥، جديد زکريا ٤/ ٤٠٩)

فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۷؍رجب ۱۴۱۴ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۱/۳۵۲۲)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۱۴/۷/۷ھ

۳/ باب الإطعام في النكاح

بارات کے لغوی وشرعی معنی

سوال [۵۱۹۱]: کیافرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ بارات کسے کہتے ہیں اوراس کی لغوی اورشرعی حقیقت کیا ہے؟ واضح فرمادیں۔

المستفتی: حمیداللہ دریا پور، بھاگلپور بہار

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وبالله التوفيق: بارات کے معنی دولہے کی سواری کا جلوس ہے، جیسا کہ ''فیروز اللغات، ص: ۱۹۲'' پر موجود ہے۔ اور اس کا حکم یہ ہے کہ کم سے کم لوگوں کو ساتھ میں لے کرلڑکی والوں کے یہاں جانا چاہئے یالڑکی والوں نے جتنے لوگوں کو لے جانے کو کہا ہے اتنے یااس سے کم لوگوں کو لے جائیں، اس سے زیادہ لوگوں کو لے کر جانا جائز نہیں ہے۔ (مستفاد: فتاوی محمودیہ ڈابھیل۱۲/ ۱۳۶، میرٹھ ۱۷/ ۳۸۹) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیراحمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۰/ جمادی الثانیہ ۱۴۳۶ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۴۱/ ۱۲۰۸۲)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۰/ ۶/ ۱۴۳۶ھ

بارات

سوال [۵۱۹۲]: کیافرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: حضرت تھانویؒ بارات کوحرام فرماتے ہیں، کیا اگرمختصرآدمی بارات میں جائیں اور دولہن والے پرکوئی جبر نہ ہو، ماحضرتناول کرکے نکاح کرکے واپس آجائیں اوراس طرح کی بارات میں اہل علم کی شرکت بھی ہو، کیایہ بارات میں جانے والے سب حرام کام کے

مرتکب ہونگے؟ اس سلسلے میں وضاحت فرما کر اہل علم اور عوام میں جوڑ کی شکل واضح فرمائیں۔بستی والے امام صاحب کو مولانا صاحب کو لے کر جانے پر اصرار کرتے ہیں، نہ جائیں تو توڑ کی شکل پیدا ہوتی ہے۔

المستفتی: شعیب احمد، خطیب مدنی جامع مسجد سیڈھا

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: بارات کا مسئلہ ایسا حیرت انگیز ہے کہ متعین طور پر یہ کہنا مشکل ہے کہ کتنی تعداد میں بارات میں جانا جائز ہے اور کتنی تعداد میں ناجائز ہے، حضرت تھانویؒ اور دیگر اکابر نے ناجائز ہونے کی جو بات کہی ہے وہ مفاسد کی بنیاد پر ہے، بہت سے مفاسد ''اصلاح الرسوم'' میں مذکور بھی ہے، مثلاً لڑکی والوں پر دباؤ ڈالنا، اگر لڑکی والے سرمایہ دار نہیں ہیں اور ان کی حیثیت سے زیادہ افراد کو بارات میں لے جایا جائے تو ناجائز ہے، اسی طرح اگر لڑکی والوں نے چالیس افراد لانے کی اجازت دی ہے اور لڑکے والے زیادہ لانے پر دباؤ ڈالیں، تب بھی جائز نہیں، اسی طرح چالیس کی اجازت دی اور لڑکے والے پچاس، ساٹھ آدمی لے آئیں، تب بھی جائز نہیں ہے، نیز اگر لڑکی والے سرمایہ دار ہیں اور ان کو پچاس آدمیوں کی اطلاع دی گئی ہے اور پچاس ہی کے کھانے کا انتظام کیا ہے، پھر لڑکے والے سو ڈیڑھ سو آدمی لے کر چڑھائی کر دیں، تو لڑکی والوں کے سرمایہ دار ہونے کے باوجود بدنظمی کی وجہ سے ان کی بے عزتی ہوتی ہے؛ اس لئے ایسا کرنا بھی جائز نہیں ہے۔ الغرض اس قسم کے مفاسد کی وجہ سے بارات کی ممانعت کی گئی ہے، ورنہ اگر لڑکی والوں پر کوئی دباؤ نہ ہو اور وہ بخوشی مثلاً ۴۰/ آدمی لانے کے لئے اجازت دے دیں اور لڑکے والے ۴۰/ کے اندر اندر لانے کی پابندی کریں، تو ایسی صورت میں عدم جواز اور قباحت کی کوئی بات نظر نہیں آتی۔ (مستفاد: انوار نبوت، ص:۶۷۶) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۴/ جمادی الثانیہ ۱۴۲۹ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۸/ ۹۶۳۴)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴/ ۶/ ۱۴۲۹ھ

بارات کی شرعی حیثیت

سوال [۵۱۹۳]: کیافرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: بارات کی شرعی حیثیت کیا ہے؟ بعض لوگ کہتے ہیں کہ لڑکی والوں کی رضا مندی کے باوجود بارات لے جانا درست نہیں ہے، دلائل کی روشنی میں جواب واضح فرمادیں عین نوازش ہوگی۔

المستفتی: صادق امین متعلم دارالعلوم دیوبند

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: بارات عرف میں لڑکی کورخصت کر کے لانے کے لئے جانے والے لوگوں کو کہا جاتا ہے جو کہ فی نفسہٖ ناجائز نہیں ہے؛ البتہ لڑکی والے جتنی تعداد متعین کردیں اتنی ہی تعداد میں لوگ جائیں، تو اس میں کوئی حرج نہیں ہے؛ لیکن اس تعداد سے زیادہ لوگ جائیں گے، تو بلا اجازت دعوت میں جانا (جو کہ ممنوع ہے) کے دائرہ میں داخل ہوکرنا جائز ہوجائے گا۔

أبو مسعود الأنصاري –رضي الله عنه– قال: كان رجل من الأنصار يكنى أبا شعيب، وكان له غلام لحام، فأتى النبي صلى الله عليه وسلم وهو في أصحابه، فعرف الجوع في وجه النبي صلى الله عليه وسلم، فذهب إلى غلامه اللحام، فقال: إصنع لي طعاما يكفي خمسة، لعلي أدعو النبي صلى الله عليه وسلم خامس خمسة، فصنع له طعيما، ثم أتاه فدعاه، فتبعهم رجل، فقال النبي صلى الله عليه وسلم: يا أبا شعيب! إن رجلا تبعنا، فإن شئت أذنت له، وإن شئت تركته، قال: لا، بل أذنت له. (صحيح البخاري، الأطعمة، باب الرجل يدعي إلى طعام فيقول: وهذا معي، النسخة الهندية ۲/ ۸۲۱، رقم: ۵۲۵۰، ف: ۵۴۶۱)

عن ابن عمر –رضي الله عنه– قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: من دعى فلم يجب، فقد عصى الله ورسوله، ومن دخل على غير دعوة دخل سارقا وخرج مغيرا. (أبوداؤد شريف، كتاب الأطعمة، باب ماجاء في إجابة الدعوة، النسخة الهندية ۲/ ۵۲۵، دارالسلام، رقم: ۳۷٤۱) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۲/ربیع الاول ۱۴۳۴ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۴۰/۱۱۰۲۴)

بارات کی شرعی حیثیت

سوال [۵۱۹۴]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: بارات لے جانے کی شرعی حیثیت کیا ہے؟ اور اگر اجازت ہے تو پھر کتنے لوگوں کی اجازت ہے، اس صورت میں جب کہ لڑکی والے مالدار ہوں؟ اور اگر اجازت نہیں ہے تو اس کی کیا صورت ہے؟

المستفتی: محمد عالم نعمانی، بنگلور

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: عرف میں بارات لڑکے والوں کی طرف سے لڑکی کو رخصت کر کے لانے کے لئے جانے والوں کو کہا جاتا ہے، اس کی کوئی متعین تعداد شریعت سے ثابت نہیں ہے، ہاں البتہ حدیث پاک میں وارد ہوا ہے کہ وہ شادی سب سے زیادہ برکت والی ہوتی ہے جس میں کم خرچ ہو، چنانچہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد پاک ہے:

عن عائشة –رضي الله عنها– أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال: إن أعظم النكاح بركة أيسره مؤنة. (مسند أحمد بن حنبل ٦/ ٨٢، رقم: ٢٥٠٣٤)

اسی کے پیش نظر کم سے کم تعداد میں لوگوں کو بارات میں جانا چاہئے اور لڑکی والوں

کے اوپر دباؤ ڈالنا جائز نہیں ہے، وہ اپنی خوشی سے جتنے لوگوں کو مدعو کریں اتنی ہی تعداد کے دائرہ میں پہنچنا چاہئے، اس سے زیادہ نہیں، اگر ان کی طرف سے متعین کردہ تعداد سے زائد لوگ جائیں گے تو وہ جائز نہیں ہوگا۔ اور اگر لڑکی والے مالدار ہیں تب بھی متعین کردہ تعداد سے زیادہ لے جانا جائز نہیں ہے؛ اس لئے کہ حدیث میں آیا ہے کہ کسی کے یہاں بلا اجازت کھانے کے لئے پہنچ جانا منع ہے، جب تعداد سے زیادہ لوگ پہنچیں گے تو اس ممانعت کے دائرہ میں ہوکر ناجائز ہوجائے گا۔ اور اگر لڑکی والے متوسط درجہ کے ہیں یا غریب ہیں تو متعین تعداد سے زیادہ لے جاکر جانا دن دھاڑے ڈکیتی اور چوری کے درجے میں ہے؛ اس لئے لڑکی والوں کی طرف سے جو تعداد متعین کی جائے اس سے زیادہ لوگوں کو لے جانا جائز نہیں ہے۔

عن أبي حرة الرقاشي عن عمه أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال: لا يحل مال امرئ مسلم إلا بطيب نفس منه. (شعيب الإيمان للبيهقي، باب في قبض اليد عن الأموال المحرمة، دارالكتب العلمية بيروت ٤/ ٣٨٧، رقم: ٥٤٩٢)

عن ابن عمر -رضي الله عنه- قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: من دعى فلم يجب، فقد عصى الله ورسوله، ومن دخل على غير دعوة دخل سارقا وخرج مغيرا. (أبوداؤد شريف، كتاب الأطعمة، باب ماجاء في إجابة الدعوة، النسخة الهندية ٢/ ٥٢٥، دارالسلام، رقم: ٣٧٤١)

عن أبي مسعود -رضى الله عنه- قال: جاء رجل من الأنصار يكنى أباشعيب، فقال لغلام له قصاب: إجعل لي طعاما يكفي خمسة، فإني أريد أن أدعو النبي صلى الله عليه وسلم خامس خمسة، فإني قد عرفت في وجهه الجوع، فدعاهم، فجاء معهم رجل، فقال النبي صلى الله عليه وسلم: إن هذا قد تبعنا، فإن شئت أن تاذن له، فأذن له، وإن شئت أن يرجع رجع، فقال: لا،

بل قد أذنت له. (صحيح البخاري، البيوع، باب ما قيل في اللحام والجزار، النسخة الهندية ١/ ٢٧٩، رقم: ٢٠٣٤، ف: ٢٠٨١) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۶/ صفر المظفر ۱۴۳۴ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۴۰/ ۱۰۹۷۱)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۳۴/۲/۱۶ھ

شادی میں بارات کا حکم

سوال [۵۱۹۵]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: شادی میں بارات کے جواز وعدمِ جواز پر تفصیلی تحریر مطلوب ہے، کب گنجائش ہے، کب نہیں؟ نیز اس فاصلہ کی قید ہے کہ بعض حضرات کا کہنا ہے (عوام میں سے) کہ اگر مسافت لمبی ہو، مثلاً دہلی سے سہارنپور بارات لے جاسکتے ہیں، کیا ایسی وضاحت اکابر کی تحریر میں ہے؟

المستفتی: محمد عمران کٹیہاری (بہار)

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: شادی میں دولہن خود نہیں آسکتی، اس کو لانے کے لئے دولہے کے اعزہ ومتعلقین کو بھی جانا پڑتا ہے، اس کے بغیر کوئی بھی اپنی لڑکی کو خود نہیں پہنچاتا ہے، اس طرح دولہن کو رخصت کر کے لانے کے لئے جو لوگ جاتے ہیں اس کو بارات کہتے ہیں، اس میں تعداد کے اعتبار سے کم از کم افراد کا ہونا بہتر ہے، خاص طور پر لڑکی والے بخوشی جتنے افراد جانے کے لئے کہیں اتنے یا اس سے کم ہی لے جانا چاہئے، اس سے زیادہ جانا جائز نہیں۔ اور اس طرح دولہن کو لانے کے لئے جو لوگ جاتے ہیں، مثلاً سہارنپور کے لوگ وہ دہلی سے بھی شادی کر کے دولہن کو لاسکتے ہیں، لکھنو سے بھی لاسکتے ہیں، اس میں مسافت کی کوئی قید نہیں ہے، مگر لڑکی والوں پر سفر خرچ کا بار نہیں ڈالا جائے گا، وہ صرف اپنے

متعین مہمانوں کی مہمانداری کریں گے۔ (مستفاد: انوارنبوت، ص: ۶۷۶-۶۷۷) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۹/ جمادی الاولیٰ ۱۴۳۴ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۴۰/ ۱۱۱۲۹)

بارات اور جہیز کا حکم

سوال [۵۱۹۶]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: زید ایک سرکاری ملازم ہے اور حج بیت اللہ کی زیارت بھی اس سال نصیب ہوئی ہے، اب اس کے نکاح کا مسئلہ ہے وہ بغیر جہیز اور بغیر بارات کے کسی دینی مجلس میں نکاح کرنا چاہتا ہے اور اس کے گھر والے اس بات پر راضی نہیں ہورہے ہیں، اور ساتھ ہی بہن کے نکاح کا مسئلہ ہے کہ اس میں بارات آئے گی؛ حالانکہ موصوف بہن کا نکاح بھی اپنے طریقہ سے چاہتا ہے اور اس کو جہیز دینے کے لئے زید کو ہی پیسہ خرچ کرنا پڑے گا، اس مسئلہ کا حل قرآن وحدیث کی روشنی میں تحریر فرمائیں۔

المستفتی: محمد عرفان، پینتے پور، ضلع سیتاپور

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: شریعت کی نظر میں سب سے بہتر نکاح وہ ہے جس میں غیر ضروری اخراجات سے پرہیز کیا جائے؛ لہٰذا جہاں تک ممکن ہو فضول رسموں میں پیسہ برباد کرنے سے بچنا چاہئے؛ البتہ اگر لڑکی والوں نے رخصتی کے وقت لڑکے والوں سے کچھ آدمیوں کو ساتھ لانے کو کہا ہو تو اتنے ہی آدمیوں کو ساتھ لے جانا شرعاً منع نہیں ہے، اصل ممنوع بارات وہ ہے جس میں مقرر شدہ آدمیوں سے زائد لے جایا جائے، اسی طرح اگر لڑکی والے اپنی خوشی سے بیٹی کو کچھ دیتے ہیں تو اس میں شرعاً کوئی حرج نہیں ہے؛ البتہ لڑکی والوں سے ان کی رضامندی کے بغیر جہیز کی فرمائش کرنا، اور ان پر اس کا دباؤ ڈالنا یہ طریقہ شرعاً جائز نہیں ہے۔

عن عائشة -رضي الله عنها- أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال: إن أعظم النكاح بركة أيسره مؤنة. (مسند أحمد ٦/ ٨٢، رقم: ٢٥٠٣٤)

عن ابن عمر -رضي الله عنه- قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ...... ومن دخل على غير دعوة دخل سارقا وخرج مغيرا.
(أبوداؤد شريف، كتاب الأطعمة، باب ماجاء في إجابة الدعوة، النسخة الهندية ٢/ ٥٢٥، دارالسلام، رقم: ٣٤٧١)

عن ابن عباس -رضي الله عنه- قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا ضرر ولا ضرار. (سنن ابن ماجة، باب من بنى في حقه ما يضر بجاره، النسخة الهندية ١/ ١٦٩، دارالسلام، رقم: ٢٣٤١، المعجم الكبير للطبراني، دار إحياء التراث العربي ٢/ ٨٦، رقم: ١٣٨٧) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۹؍ربیع الاول ۱۴۳۲ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۹/ ۱۰۳۲۶)

کیا لڑکی کو لانے کے لئے چند لوگوں کا جانا بارات ہے؟

سوال [۵۱۹۷]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: بارات کی شرعی حیثیت کیا ہے؟ لڑکے کی طرف سے گھر کے چند افراد کا نکاح کے لئے لڑکی والوں کے گھر جانا، کیا اس پر بھی بارات کا اطلاق ہوگا اور ان حضرات کا یا باراتیوں کا لڑکی کے گھر دعوت کھانا شرعاً درست ہے یا نہیں؟

المستفتی: محمد نعیم الدین صدیق لائبریری، پولیس لائن روڈ، گورا بازار، غازی پور

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: گھر کے چند افراد کا نکاح کے لئے لڑکی والوں کے گھر جانے میں شرعاً کوئی حرج نہیں ہے، یہ بہت اچھا طریقہ ہے کہ چند افراد

جا کر نکاح کے بعد لڑکی کو رخصت کرا کے لے آئیں، بارات کا لفظ اس پر بھی بولا جا سکتا ہے؛ لیکن جس بارات کی ممانعت ہے، مذکورہ طریقہ اس کے دائرہ میں داخل نہ ہوگا؛ البتہ لڑکی والے جتنے افراد لانے کے لئے کہیں اس سے زیادہ افراد لے جانا جائز نہیں ہے۔ اور یہی ممنوع بارات ہے۔

عبدالله بن عمرو بن عوف المزني، عن أبيه، عن جده، أن رسول الله صلى الله عليه وسلم ...... والمسلمون على شروطهم إلا شرطا حرم حلالا، أو أحل حراما. (ترمذي شريف، الأحكام، باب ماذكر عن رسول الله صلى الله عليه وسلم في الصلح بين الناس، النسخة الهندية ۱/ ۲۵۱، دارالسلام، رقم: ۱۳۵۲)

عن ابن عمر –رضي الله عنه– قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: من دعي فلم يجب، فقد عصى الله ورسوله، ومن دخل على غير دعوة دخل سارقا وخرج مغيرا. (أبوداؤد شريف، كتاب الأطعمة، باب ماجاء في إجابة الدعوة، النسخة الهندية ۲/ ۵۲۵، دارالسلام، رقم: ۳۷۴۱) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ	الجواب صحیح:
۱۵ر محرم الحرام ۱۴۳۲ھ	احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۹/ ۱۰۲۵۹)	۱۴۳۲/۱/۱۶ھ

کیا لڑکی کے نکاح پر دعوت کا نظم کرنا ولیمہ ہے؟

سوال [۵۱۹۸]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: (۱) لڑکی کے نکاح کے موقع پر لڑکی والے اپنے اعزہ واقرباء اور دوست واحباب کی کھانے کی دعوت کرتے ہیں تو دریافت طلب امر یہ ہے کہ لڑکی کے نکاح کے موقع پر کھانے کا نظم کرنا اور ایسی تقریب میں شرکت کرنا شرعاً کیسا ہے؟

(۲) اگر لڑکی کے یہاں کھانا درست ہے تو نکاح پڑھانے والا اگر کہیں نکاح

پڑھانے جائے تو لڑکی والے کے یہاں اس کا کھانا درست ہے یا نہیں؟ نیز قیام گاہ سے دور گیا ہو یا قریب ہر صورت کا حکم تحریر کریں۔

المستفتی: محمد شمیم پرتاپ گڑھ

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: (۱) لڑکی کی شادی کی خوشی اور مسرت کے موقع پر اپنے اعزہ واقرباء اور دوست واحباب کو کھانے کی دعوت دینا اور اس میں شرکت کرنا جائز ہے؛ لیکن اپنی حیثیت وحدود میں رہ کر کرنا لازم ہے، نام ونمود اور شہرت ودکھلاوے کے طور پر نہ کیا جائے، نیز یہ دعوت ولیمہ کی طرح مسنون نہیں ہے؛ بلکہ دعوت احباب کی طرح جائز اور مباح ہے۔ ''مصنف عبدالرزاق'' اور ''المعجم الکبیر'' کی ایک کمزور روایت سے بھی اس کا ثبوت ہوتا ہے۔

ثم دعا بلالا، فقال: يا بلال! إني زوجت ابنتي ابن عمي، وأنا أحب أن يكون من سنة أمتي، إطعام الطعام عند النكاح، فأت الغنم، فخذ شاة وأربعة أمداد، أو خمسة، فاجعل لي قصعة لعلي أجمع عليها المهاجرين، والأنصار. الحديث (مصنف عبد الرزاق، النكاح، تزويج فاطمة رضي الله عنها، المجلس العلمي ٥/ ٤٨٧، رقم: ٩٧٨٢، المعجم الكبير للطبراني، دار إحياء التراث العربي ٢٢/ ٤١٠، رقم: ١٠٢٢، ٢٤/ ١٣٢، رقم: ٣٦٢)

(۲) اوپر کے جواب سے بات واضح ہو چکی کہ اگر لڑکی والے صاحب استطاعت ہیں اور بخوشی کھلا رہے ہیں تو ان کے کھانے میں کوئی قباحت نہیں۔ فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۲/۱/۱۴۲۴ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۶/ ۷۸۷۶)

بارات لے جانا اور بارات میں شرکت کرنا

سوال [۵۱۹۹]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: بارات لے جانا اور بارات میں شرکت کرنا کیسا ہے؟

المستفتی: محمد شمیم پرتاب گڑھ

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: لڑکی والوں نے بخوشی جتنے لوگوں کی دعوت دی ہے، اس کی حدود میں اس تعداد کے اندر اندر جانے کی گنجائش ہے اور اس تعداد سے جو افراد زائد ہوں گے، وہ بن بلائے دعوت میں جانے والے اور دن دھاڑے کسی کے گھر پر زور زبردستی ڈاکہ ڈالنے والے اور چوری کرنے والے کے حکم میں ہیں۔ (مستفاد: کفایت المفتی قدیم ۵/۱۵۶، جدید مطول، ص: ۴۶۲)

عن عبداللّٰہ بن عمر –رضي اللّٰہ عنہ– قال: قال رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم: من دعی فلم یجب، فقد عصی اللّٰہ ورسولہ، ومن دخل علی غیر دعوۃ دخل سارقا وخرج مغیرا. (أبوداؤد شریف، کتاب الأطعمۃ، باب ماجاء في إجابۃ الدعوۃ، النسخۃ الھندیۃ ۲/ ۵۲۵، دارالسلام، رقم: ۳۴۷۱)

عن نافع، عن ابن عمر –رضي اللّٰہ عنہ– رفعہ قال: من جاء إلی طعام لم یدع إلیہ، دخل سارقا وأکل حراما. (مسند البزار، مکتبۃ العلوم والحکم ۱۲/ ۲۰۶، رقم: ۵۸۸۹) فقط واللّٰہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللّٰہ عنہ
۲۲ محرم الحرام ۱۴۳۴ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۶/۷۸۷۶)

بارات اور اس کے کھانے کا حکم

سوال [۵۲۰۰]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: (۱) لڑکی کی شادی میں لوگ بہت دھوم دھام سے بارات اور کھانا کھلانے کا انتظام کرتے ہیں اور بہت سارے لوگوں کو کھانے کی دعوت دیتے ہیں اور اپنی حیثیت سے زیادہ خرچ کرتے ہیں، امیر حضرات تو نام ونمود کے لئے جتنا خرچ کریں کم ہے ایسی دعوتوں میں شرکت کرنا اور کھانا کھانا کیسا ہے؟

(۲) کچھ حضرات مختصر پیمانے پر یعنی دو تین سو آدمیوں کی دعوت کرتے اور کھانا کھلاتے ہیں۔

(۳) کچھ لوگ تو یہ کرتے ہیں کہ دولہا کے ساتھ بارات میں جتنے لوگ آئے ہیں، صرف ان ہی لوگوں کو کھانا کھلاتے ہیں۔

(۴) بعض حضرات یہ کرتے ہیں کہ جو لوگ دولہا کے ساتھ نکاح میں آتے ہیں، صرف انہیں کو شربت وغیرہ پلا کر رخصت کر دیتے ہیں، اسی طرح لڑکیوں کو جہیز لینا اور دینا کیسا ہے؟

(۵) کچھ حضرات یہ کرتے ہیں کہ صرف محلے اور رشتہ داروں کی حد تک دعوت کر کے کھانا کھلاتے ہیں۔ دریافت طلب مسائل یہ ہیں کہ نکاح کے موقع پر لڑکے کے رشتہ داروں اور محلے کے لوگوں کو کتنی مقدار میں بارات میں جانا جائز ہے؟ اور لڑکی والوں کو کس حد تک کھانے پینے یا صرف شربت پانی کا انتظام کرنا شریعت کی رو سے ثابت اور جائز ہے؟ نیز دعوت پانے والوں کو کس قسم کی دعوتوں میں شرکت جائز ہے؟ براہ کرم تفصیلاً جواب سے نوازیں۔

المستفتی: احمد حسین انصاری، بھیونڈی، مہاراشٹر

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: لڑکے والوں کی طرف سے ولیمہ کا کھانا یا لڑکی والوں کی طرف سے دعوت کا کھانا اپنی حیثیت وحدود میں رہ کر جائز ہے اور نام ونمود کے لئے

فضول خرچی کرنا نہ لڑکے والوں کے لئے ولیمہ میں جائز ہے اور نہ ہی لڑکی والوں کے لئے شادی کی دعوت میں جائز ہے، اللہ کے یہاں ایک ایک فضول خرچی نام ونمود اور ریا کاری کا جواب دہ ہونا پڑے گا، اب رہے سوال نامہ کے بقیہ تمام سوالات کے جوابات تو اس کا خلاصہ یہ ہے کہ لڑکی والوں کی طرف سے جو کھانا کھلایا جاتا ہے، وہ مسنون ولیمہ کی طرح نہیں ہے؛ بلکہ لڑکی کی شادی کی خوشی اور آنے والے مہمانوں کی مہمان داری میں کھلایا جاتا ہے، اس طرح کا کھانا کھلانا حدیث سے بھی ثابت ہے؛ لیکن لڑکی والوں کی طرف سے کھانا کھلانے میں شریعت کی رو سے کچھ حدود وشرائط بھی ہیں، وہ یہ ہیں کہ لڑکی والوں پر کسی کی طرف سے کوئی دباؤ نہ ہو اور نہ ہی انہیں مہمان داری کے لئے قرض کا بار اٹھانا پڑے؛ بلکہ اپنی حسب حیثیت برضا ورغبت جتنے لوگوں کو کھانا کھلانا چاہے کھلا سکتا ہے اور لڑکے والوں پر یہ لازم ہے کہ لڑکی والے جتنے لوگوں کو لانے کے لئے کہیں اس سے زیادہ ایک فرد بھی ساتھ میں نہ لائیں اور اس سے زیادہ افراد کا لانا ناجائز اور حرام ہے۔ اور آج کل کے زمانہ میں اگر پچاس آدمی لانے کی اجازت دی گئی تو لڑکے والے بجائے پچاس کے سولے آتے ہیں، تو گویا کہ جو پچاس آدمی زائد لائیں گے تو اتنے لوگوں کا لڑکی والوں پر ڈاکہ پڑا، یہ دن دھاڑے ڈکیتی کے حکم ہے، جو قطعاً جائز نہیں ہے، اتنے لوگ لا سکتے ہیں جتنے لڑکی والے کہیں، یا اس سے کم لائیں ان حدود وشرائط کے تحت میں لڑکی والوں کی طرف سے دعوت کرنا اور ان کے کھانے میں شریک ہونا جائز اور درست ہے۔ ''فتاوی عبدالحئ'' میں ہے کہ ''دولہن کے لوگوں کی طرف سے بارات کے لوگوں کو کھانا کھلانا درست ہے؛ بلکہ یہی طریقہ ماثورہ حضرات انبیاء کرام سے ہے''۔ (فتاوی عبدالحئ، قدیم ۲/۵۴، مدارج النبوۃ فارسی ۲/ ۵۶۵، اردو قسط ۱۱/ ۱۲۸)

اور جیسا کہ اس کا ثبوت ذیل کی روایت سے بھی ہوتا ہے:

ثم دعا بلالا، فقال: يا بلال! إني زوجت ابنتي ابن عمي، وأنا أحب أن يكون من سنة أمتي، إطعام الطعام عند النكاح، فأت الغنم، فخذ شاة وأربعة أمداد، أو خمسة، فاجعل لي قصعة لعلي أجمع عليها المهاجرين، والأنصار.

(مصنف عبدالرزاق، النكاح، باب تزويج فاطمة رضي الله عنها، المجلس العلمي ٥/ ٤٨٧، رقم: ٩٧٨٢، المعجم الكبير للطبراني، دار إحياء التراث العربي ٢٢/ ٤١١، رقم: ١٠٢٢)

نیز جہیز کے لینے دینے کا مسئلہ بھی حدود اور دائرہ میں رہ کر ہے، لڑکے والوں کی طرف سے اس بارے میں کسی قسم کا دباؤ جائز نہیں، جہیز میں جو کچھ دیا جاتا ہے وہ لڑکی کی ملکیت ہوتی ہے، اس میں کسی کا کوئی حق نہیں ہوتا ہے؛ لہٰذا لڑکی والے اپنی لڑکی کو اپنی مرضی سے جو کچھ بھی دینا چاہیں دے سکتے ہیں، اس میں کسی کا دخل جائز نہیں ہے۔ اور جہیز میں سامان یا زیور کا دینا حدیث صحیح سے ثابت ہے۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی بڑی صاحبزادی حضرت زینب کے نکاح میں حضرت خدیجہ الکبریٰ رضی اللہ عنہا نے سونے کا جو قیمتی ہار دیا تھا اس کو غزوۂ بدر کے موقع پر حضرت ابوالعاص کے فدیہ میں پیش کیا گیا تھا، جسے دیکھ کر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی آنکھوں سے آنسو جاری ہو گئے تھے، پھر ابوالعاص کو بغیر فدیہ کے رہا کر دیا گیا تھا۔

عن عائشة -رضي الله عنها- قالت: لما بعث أهل مكة في فداء أسرائهم بعثت زينب في فداء أبي العاص بمال وبعثت فيه بقلادة لها كانت عند خديجة أدخلتها بها على أبى العاص. (أبوداؤد شريف، الجهاد، باب في فداء الاسير بالمال، النسخة الهندية ٢/ ٣٦٧، دارالسلام، رقم: ٢٦٩٢، المعجم الكبير للطبراني، دار إحياء التراث العربي ٢٢/ ٤٢٨، رقم: ١٠٥٠)

نیز حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کی شادی میں بھی نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے کچھ چیزیں دینا ثابت ہیں، جیسا کہ حسب ذیل روایت سے واضح ہوتا ہے۔

عن علي أن رسول الله صلى الله عليه وسلم لما زوجه فاطمة بعث معها بخميلة، ووسادة من أدم حشوها ليف، ورحيين وسقاء، وجرتين.

(مسند أحمد بن حنبل ١/ ١٠٤، رقم: ٨١٩)

نیز صحیح حدیث شریف سے حضرت سعد بن ربیع کی شہادت کے بعد ان کی لڑکیوں کے مسئلہ سے بھی لڑکی والوں کی طرف سے جہیز کا سامان دینا ثابت ہے۔

عن جابر بن عبدالله –رضي الله عنه– قال: جاء ت امرأة سعد بن الربيع بابنتيها من سعد إلى رسول الله صلى الله عليه وسلم، فقالت: يا رسول الله! هاتان ابنتا سعد بن الربيع قتل أبوهما معک يوم أحد شهيدا، وأن عمهما أخذ مالهما فلم يدع لهما مالا، ولا تنكحان إلا ولهما مال.

الحديث (ترمذي شريف، الفرائض، باب ماجاء في ميراث البنات، النسخة الهندية ۲/ ۲۹، دارالسلام، رقم: ۲۰۹۲) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲؍ صفر ۱۴۲۳ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۶/ ۷۴۷۸)

لڑکی والوں کے یہاں دعوت

سوال [۵۲۰۱]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: لڑکی والوں کے یہاں دعوت کھانا کیسا ہے؟ جب کہ لڑکی والوں پر کسی طرف سے دباؤ کا مطالبہ نہیں ہے، وہ اپنی لڑکی کی خوشی کے موقع پر احباب اور باراتیوں کو اپنی خوشی سے کھانا کھلاتے ہیں، یہ جائز ہے یا ناجائز؟

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: جب لڑکی والے بغیر کسی دباؤ اور مطالبہ کے از خود اپنی لڑکی کی خوشی کے موقع پر اپنے دوست واحباب اور رشتہ دار ومتعلقین اور باراتیوں کو بطیبِ خاطر کھانا کھلاتے ہیں تو یہ شرعاً جائز اور مباح ہے، اس میں کوئی حرج نہیں ہے۔

(انوار نبوت، ص: ۶۷۵، محمودیہ ڈابھیل ۱۲/ ۱۴۳، میرٹھ ۱۷/ ۳۹۴، رشیدیہ ص: ۲۹۷، کتاب الفتاوی ۴/ ۴۱۶، ریاض العلوم ۱/ ۳۹۳، آپ کے مسائل اوران کا حل ۶/ ۳۱۴، مدارج النبوۃ فارسی ۲/ ۵۶۵، فتاوی عبدالحیٔ جدید، ص: ۱۴۵، قدیم ۲/ ۵۴)

عن نافع عن ابن عمر -رضی الله عنه- قال: رسول الله ﷺ: إذا دعا أحدكم أخاه فليجب عرسا كان أو نحوه. (مسلم شريف، باب الأمر بإجابة الداعي إلى دعوة، النسخة الهندية ١/ ٤٦٢، بيت الأفكار، رقم: ١٤٢٩، سنن أبي داؤد، كتاب الأطعمة، باب ماجاء في إجابة الدعوة، النسخة الهندية ٢/ ٥٢٥، دارالسلام، رقم: ٣٧٣٨، مسند أحمد بن حنبل ٢/ ١٤٦، رقم: ٦٣٣٧)

عن أبي هريرة -رضي الله عنه- عن النبي صلى الله عليه وسلم قال: من كان يؤمن بالله واليوم الآخر، فليكرم ضيفه. (بخاري شريف، باب إكرام الضيف وخدمته إياه بنفسه، النسخة الهندية ٢/ ٩٠٦، رقم: ٥٨٩٧، ف: ٦١٣٦)

فانطلق علي فقال: يا رسول الله! متى تبنيني؟ قال: الليلة إن شاء الله، ثم دعا بلالا، فقال: يا بلال! إني زوجت ابنتي ابن عمي، وأنا أحب أن يكون من سنة أمتي إطعام الطعام عند النكاح. (مصنف عبدالرزاق، النكاح، باب تزويج فاطمة رضى الله عنها، المجلس العلمي ٥/ ٤٨٧، رقم: ٩٧٨٢، المعجم الكبير للطبراني، دار إحياء التراث العربي ٢٢/ ٤١١، رقم: ١٠٢٢، مجمع الزوائد، دارالكتب العلمية بيروت ٩/ ٢٠٧، طبقات ابن سعد بيروت ٨/ ٧٨) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۴۳۴/۱۱/۲۶ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۱۱۳۲۱/۴۰)

لڑکی والوں کے یہاں کھانا کھانا کیسا ہے؟

سوال [۵۲۰۲]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: لڑکی کے نکاح کے موقع پر لڑکی والوں اور لڑکے والوں کی طرف سے آنے والے

مہمانوں کو کھانا کھلانے کا شرعاً کیا حکم ہے؟ کیا حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے یا صحابہ کرام سے اس سلسلہ میں کوئی عمل منقول ہے؟

المستفتی: محمد احمد جوالہ پور

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: لڑکے والوں کے یہاں ولیمہ کے کھانا کھلانے کے متعلق جس درجہ کی روایت حدیث شریف سے ثابت ہے، اسی درجہ کی روایت لڑکی والوں کے یہاں کھانا کھلانے سے متعلق ثابت نہیں ہے؛ البتہ اس سے نیچے درجہ کی روایت ثابت ہے۔ ''مصنف عبدالرزاق ۵/ ۴۸۷، حدیث: ۹۷۸۲'' اور ''المعجم الکبیر طبرانی ۲۲/ ۴۱۱، حدیث: ۱۰۲۲'' میں اس بارے میں مفصل روایت موجود ہے، مگر روایت نچلے درجہ کی ہے؛ اس لئے لڑکی والوں کے یہاں کھانا کھلانے کو مسنون نہیں کہا جا سکتا، ہاں البتہ مباح اور جائز ہے جو لڑکی والوں کے لئے اختیاری عمل ہے، وہ اپنی حسب استطاعت اپنی مرضی سے جو چاہیں کھلائیں کسی کو مطالبہ کرنے یا دباؤ ڈالنے کا حق نہیں ہے۔ (مستفاد: انوار نبوت/ ۶۷۵)

وفي حديث طويل: قال علي: يا رسول الله ! متى تبنيني؟ قال: الليلة إن شاء الله، ثم دعا بلالا، فقال: يا بلال! إني قد زوجت ابنتي ابن عمي، وأنا أحب أن يكون من سنة أمتي الطعام عند النكاح، فأت الغنم. (المعجم الكبير، دار إحياء التراث العربي ۲۲/ ۴۱۱، رقم: ۱۰۲۲) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۹؍ ذی الحجہ ۱۴۳۴ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۴۰/ ۱۱۳۴۷)

لڑکی کی شادی میں رشتہ داروں کی دعوت کرنا

سوال [۵۲۰۳]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل

کے بارے میں: لڑکی کی شادی میں اپنے اعزہ واقرباء کو مدعو کرنا اور کھانا کھلانا اور کھانے کا انتظام کرنا جب کہ بہت سے علماء کرام کہتے ہیں کہ لڑکی کی شادی میں دعوت کرنا اور اس میں شرکت کرنا جائز نہیں، مثلاً داماد لڑکی جس کی شادی ہوچکی ہے، یا بہن بہنوئی اور حقیقی بھائی اور دوسرے رشتہ داروں کو لڑکی کی شادی میں مدعو کرنا اور کھانا کھلانا، اسی طرح بہن وغیرہ کے یہاں لڑکی کی شادی میں جانا اور وہاں پر کھانا کھانا، جب کہ نہ کھانے کی صورت میں ناراضگی کا اندیشہ ہے، کیسا ہے؟ حالات کو سامنے رکھ کر مسئلہ کی وضاحت مفصل و مدلل تحریر فرمائیں۔

المستفتی: ظہیرالدین قصبہ بڑھاپور، بجنور

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: لڑکی کی شادی کے موقع پر اپنے اعزہ واقرباء رشتہ داروں کو کھانا کھلانا اور اس کے لئے بخوشی مدعو کرنا اور لوگوں کا دعوت قبول کرنا اور ان کے یہاں آکر کھانا کھانا شرعاً درست ہے؛ البتہ زور دباؤ اور نام ونمود کی خاطر دعوت کرنا کرانا درست نہیں ہے، بیٹی کی شادی کے موقع پر کھانا کھلانا اور کھانا حضور صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے ثابت ہے کہ حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کی شادی کے موقع پر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابہ کو کھانا کھلایا ہے۔

ثم دعا بلالا، فقال: یا بلال! إني زوجت ابنتي ابن عمي، وأنا أحب أن یکون من سنة أمتي إطعام الطعام عند النکاح، فأت الغنم فخذ شاة ...... فانطلق ففعل ما أمره، ثم أتاه بقصعة فوضعها بین یدیه، فطعن رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیه وسلم في رأسها، ثم قال: أدخل علي الناس زفّة کلما فرغت زفّة وردت أخری، حتی فرغ الناس. (مصنف عبدالرزاق، المجلس العلمي ٥/ ٤٨٧، رقم: ٩٧٨٢، المعجم الکبیر بیروت ٢٢/ ٤١١، رقم: ١٠٢٢، ٢٤/ ١٣٣، رقم: ٣٦٢) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۵؍محرم الحرام ۱۴۲۲ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۵/ ۶۹۹۷)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصورپوری غفرلہ
۱۴۲۲/۱/۵ھ

بارات میں کتنے لوگ جاسکتے ہیں؟

سوال [۵۲۰۴]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: بارات یعنی بوقت نکاح لڑکے کے ساتھ اس کے اقارب اور احباب کا لڑکی کے یہاں جانا جن کی تعداد مختلف مقامات اور لوگوں کے اعتبار سے جدا جدا ہوتی ہے، سو ڈیڑھ سو ڈھائی سو اور تین سو وغیرہ اس کا حکم شرعاً کیا ہے؟ بار بار ایسا دیکھا جاتا ہے کہ لڑکے والوں کی جانب سے ایک تعداد مقرر کی جاتی ہے، لڑکی والا خوشامد کرتا ہے کہ اتنے کم کرلو یا اسی طرح لڑکے والے کہتے ہیں کہ ہمارے مہمانوں کا خاص خیال رکھنا، جس پر لڑکی والا مجبور ہوتا ہے، یا اگر کہیں یہ صورت نہ ہو؛ بلکہ جانبین سے پورے طور پر رضامندی ہو، ان سب صورتوں میں حکم یکساں ہے یا کچھ فرق ہے؟

بعض لوگ یہ کہتے ہیں کہ اگر ہم اتنی تعداد نہ لے جائیں، تو یہ لڑکی کے اعزاز کے خلاف ہے، یا ہم محض نکاح میں شرکت کے لئے جارہے ہیں اور نکاح میں شریک ہونا اچھی بات ہے، ان کی اس تاویل کی کیا حقیقت ہے؟ اگر کوئی صرف نکاح میں شرکت کے لئے بارات کی صورت میں جائے تو اس کا یہ عمل کیسا ہے؟

بعض لوگ کہتے ہیں کہ بارات ہندوانہ رسم ہے، یہ لفظ سنسکرت کا ہے، جس کے معنی لڑکے کی فوج ہے، کیا ان کا یہ قول درست ہے؟ اگر لڑکے کے ساتھ کچھ لوگ جائیں تو از روئے شرع کتنی تعداد کی گنجائش ہے؟ اور اس کے لئے لفظ بارات استعمال کرسکتے ہیں یا نہیں؟ خیر القرون میں کیا بارات کا ثبوت ملتا ہے؟ از راہ کرم ان تمام باتوں کا جواب مدلل ومفصل تحریر فرما کر ممنون فرمائیں۔

المستفتی: محمد مدثر قاسمی مدرسہ جامع مسجد کاس گنج

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: بارات میں لوگوں کی تعداد کا مسئلہ ایک اضافی

چیز ہے، اس میں لڑکی والے اپنی حسب حیثیت جتنے لوگوں کو لے جانے کی اجازت دے دیں اتنے یا اس سے کم لوگوں کو لے جانے میں کوئی حرج نہیں ہے کیونکہ وہ اپنی مرضی سے اتنے لوگوں کی دعوت کرنے کے لئے خود تیار ہیں۔ اور اگر زیادہ لوگوں کو لے جانے کے لئے لڑکی والوں پر کسی بھی انداز سے دباؤ ڈالا جائے یا جتنے لوگوں کو لے جانے کی بات لڑکی والوں کی طرف سے طے ہوئی ہے اس سے زیادہ لوگوں کو لے جا کر اس کے گھر چڑھائی کرنا دن دھاڑے ڈکیتی اور ناجائز اور حرام ہے اور لڑکے والوں کی طرف سے یہ کہنا کہ کم تعداد میں لوگوں کو لے جانے میں لڑکی کے اعزاز کے خلاف ہے، محض من گھڑت اور جہالت کی بات ہے، اس میں سوال کے ہر گوشہ کا جواب آچکا ہے۔

وفي حديث طويل: ثم دعا بلالا، فقال: يا بلال! إني زوجت ابنتي ابن عمي، وأنا أحب أن يكون من سنة أمتي إطعام الطعام عند النكاح، فأت الغنم، فخذ شاة، وأربعة أمدادا، وخمسة، فاجعل لي قصعة لعلي أجمع عليها المهاجرين والأنصار. الحديث. (مصنف عبدالرزاق، تزويج فاطمة رضى الله عنها، المجلس العلمي ٥/ ٤٨٧، رقم: ٩٧٨٢، المعجم الكبير للطبراني، دار حياء التراث العربي ٢٢/ ٤١٠، رقم: ١٠٢٢)

عن أبي حرة الرقاشي، عن عمه، أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال: لا يحل مال امرئ مسلم، إلا بطيب نفس منه. (النسنن الكبرى للبيهقي، كتاب الغصب، باب من غصب لوحا فأدخله في سفينة أو بنى عليه جدارا، دارالفكر ٨/ ٥٠٦، رقم: ١١٧٤)

عن أبي حميد الساعدي أن النبي صلى الله عليه وسلم قال: لا يحل لامرئ أن يأخذ مال أخيه بغير حق، وذلک لما حرم الله مال المسلم على المسلم. (مسند أحمد بن حنبل ٥/ ٤٢٥، رقم: ٢٤٠٠٣)

عن عبدالله بن عمر –رضي الله عنه– قال: رسول الله صلى الله عليه

وسلم: من دعي فلم يجب فقد عصى الله ورسوله، ومن دخل على غير دعوة دخل سارقا وخرج مغيرا. (سنن أبي داؤد، كتاب الأطعمة، باب ماجاء في إجابة الدعوة، النسخة الهندية ٢/ ٥٢٥، دارالسلام، رقم: ٣٧٤١، السنن الكبرى للبيقهي، النكاح، باب طعام الفجاءة، دارالفكر ١٠/ ٢١٣، رقم: ١٣٦٩٨، شعب الإيمان للبيهقي، باب فی إكرام الضيف، فصل في التكلف للضيف عند القدرة عليه، دارالكتب العلمية يروت ٦/ ١٠٤، رقم: ٩٦٤٧) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۶؍رجب ۱۴۳۳ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۹/۱۰۷۴۹)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۳۳/۷/۶ھ

شادی میں باراتیوں کی تعداد متعین کرنا

سوال [۵۲۰۵]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: بارات میں کتنے آدمیوں کا جانا مسنون ہے؟ اور اگر لڑکی والا خود سے متعین کردے کہ تم کو اتنے مثلاً ۴۰-۵۰/ آدمی آنا ہے، تو کیا اس کا متعین کرنا درست ہے؟ اور اتنے باراتی جاسکتے ہیں؟

المستفتی: فہیم احمد، مدرسہ اشرف المدارس ہردوئی

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: شادی میں بارات لے جانے کا بہتر اور افضل طریقہ یہ ہے کہ دولہا کے ساتھ چند مخصوص افراد چلے جائیں جو نکاح پڑھا کر دولہن کو رخصت کرا کر لے آئیں، اسی کو بارات کہتے ہیں اور اسی بارات میں افراد کی تعداد لڑکی والوں کو متعین کرنا جائز ہے اور لڑکی والے جتنا کہیں اس کے دائرہ میں یا اس سے کم افراد لے جانے کی گنجائش ہے، اس کے برخلاف لڑکے والوں کا یہ کہنا کہ ہم اتنے آدمی لے کر آئیں گے یا

لڑکی والے جتنا کہیں اس سے زیادہ افراد کو لے کر جانا اور لڑکی والوں پر اس طرح دباؤ ڈالنا قطعاً جائز نہیں ہے۔ (مستفاد: فتاوی محمودیہ ۱۳/ ۱۹۹)

اورحدیث شریف میں اس طریقہ پر دباؤ ڈال کر بارات لے جانے کو چوری اور ڈکیتی سے تعبیر کیا گیا ہے، گویا کہ لڑکے والوں نے لڑکی والوں پر ڈاکہ ڈالا ہے۔

عن ابن عمر –رضي الله عنه– قال: رسول الله صلى الله عليه وسلم: ...... ومن دخل على غير دعوة دخل سارقا وخرج مغيرا. (سنن أبي داؤد، كتاب الأطعمة، باب ماجاء في إجابة الدعوة، النسخة الهندية ۲/ ۵۲۵، دارالسلام، رقم: ۳۷۴۱) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

الجواب صحیح:	کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ	۲۴/ ربیع الثانی ۱۴۲۱ھ
۱۴۲۱/۴/۲۴ھ	(الف فتویٰ نمبر: ۳۵/ ۶۶۱۶)

باراتیوں کی تعداد اور کھانے کا معیار متعین کرنا

سوال [۵۲۰۶]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: لڑکے والے کا لڑکی والے کے گھر بارات لے کر جانا باراتیوں کی تعداد متعین کرنا، کھانا کھلانا اور کھانے کا معیار متعین کرنا کیسا ہے؟

المستفتی: قاری شکیل احمد، مدرسہ ہدایت العلوم بھگوان پور، ہریدوار

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: دولہے کے ساتھ اس کے خاندانی اور رشتہ دار جو شادی بیاہ کے موقع پر لڑکی والوں کے دعوت دینے پر ان کے یہاں جاتے ہیں اور لڑکی والے ان کو بخوشی حسب حیثیت کھانا کھلائیں تو یہ شکل بلا شبہ جائز اور درست ہے، اس میں کسی قسم کی کراہت نہیں ہے؛ لیکن لڑکے والوں کا لڑکی والوں کی مرضی کے بغیر بذات خود باراتیوں کی

تعداد متعین کرنا اور کھانے کا معیار طے کرنا یہ قطعاً ناجائز اور لڑکی والوں پر بے جا ظلم وزیادتی ہے، جس کی شریعت میں کوئی گنجائش نہیں ہے۔ (مستفاد: انوار نبوت ٦٧٦-٦٧٧)

عن أبي هريرة –رضي الله عنه– قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: المسلم أخو المسلم، لا يخونه ولا يكذبه، ولا يخذله، كل المسلم على المسلم حرام، عرضه وماله، ودمه. الحديث (سنن الترمذي، باب ماجاء في شفقة السملم على المسلم، النسخة الهندية ٢/ ١٤، دارالسلام، رقم: ١٩٢٧، مسند البزار، مكتبة العلوم والحكم ١٥/ ٣٣٥، رقم: ٨٨٩١)

وفى استحباب المبادرة إلى الضيف بما تيسر. الخ، وقد كره جماعة من السلف التكلف للضيف، وهو محمول على ما يشق على صاحب البيت مشقة ظاهرة؛ لأن ذلک يمنعه من الإخلاص وكمال السرور بالضيف. (نووي على هامش مسلم، النسخة الهندية ٢/ ١٧٧)

عن أبي هريرة –رضي الله عنه– قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: من كان يؤمن بالله واليوم الآخر، فليكرم ضيفه. (صحيح البخاري، باب إكرام الضيف وخدمته إياه بنفسه، النسخة الهندية ٢/ ٩٠٦، رقم: ٥٨٩٧، ف: ٦١٣٦)

والإطعام ثلاثة أيام في الأول بمقدوره وميسره، والباقي بما حضره من غير تكلف، لئلا يثقل عليه، وعليه نفسه. (مرقاة المفاتيح، باب الضيافة، الفصل الأول، مكتبة إمداديه ملتان ٨/ ٢٠١، تحت رقم الحديث: ٤٢٤٣) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

كتبه: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۵ محرم الحرام ۱۴۳۳ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۱۰۶۱۲/۳۹)

بارات میں کتنے لوگ جائیں؟

سوال [۵۲۰۷]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے

بارے میں: آج کل شادیوں میں جو بارات جاتی ہے شرعی اعتبار سے کتنے آدمیوں کو جانا چاہئے اورلڑکی کے وہاں جاکر باراتیوں کا کھانا کھانا کیسا ہے؟ جب کہ صحابہ کرام لڑکی والے کے یہاں کھانا نہیں کھاتے تھے؟

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: بارات میں زیادہ افراد کا جاکر لڑکی والوں پر بوجھ ڈالنا ہرگز درست نہیں ہے، جتنے افراد کا بآسانی لڑکی والے انتظام کرسکتے ہیں اور بخوشی اتنے افراد کی اجازت دے دیں تو کوئی مضائقہ نہیں اوراس سے زائد لے جاکر شرمندہ کرنا اورزور ڈالنا سب ناجائز اور ممنوع ہے۔ اورلڑکی والے کے یہاں صحابہ کرام کے کھانا کھانے سے انکار بھی نہیں کیا جاسکتا ہے؛ اس لئے کہ حدیث میں صراحت سے ثابت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کے نکاح کے موقع پر رخصت کرنے سے قبل صحابہ کرام کو باقاعدہ کھانا کھلایا ہے۔ ’’مصنف عبدالرزاق‘‘ میں لمبی حدیث شریف موجود ہے، اس کا ایک ٹکڑا ذیل میں درج ہے۔

ثم دعا بلالا، فقال: يا بلال! إني زوجت ابنتي ابن عمي وأنا أحب أن يكون من سنة أمتي إطعام الطعام عند النكاح فأت الغنم فخذ شاة وأربعة أمداد أو خمسة فاجعل لي قصعة لعلي أجمع عليها المهاجرين والأنصار، فإذا فرغت منها فأذني بها فانطلق ففعل ما أمره، ثم أتاه بقصعة فوضعها بين يديه فطعن رسول الله صلى الله وسلم في رأسها ثم قال: أدخل علي الناس زفّة زفّة ولا تغادرن زفة إلى غيرها يعني إذا فرغت زفّة لم تعد ثانيا، فجعل الناس يردون كلما فرغت زفّة وردت أخرى حتى فرغ الناس، ثم عمد النبي صلى الله عليه وسلم إلى ما فضل عنها فتفل فيه وبارك، وقال: يا بلال! احملها إلى أمهاتک وقل لهن: كلن واطعمن من غشيكن، ثم أن النبي صلى الله عليه وسلم قام حتى دخل على النساء، فقال: إني قد زوجت

ابنتي ابن عمي، وقد علمتن منزلتها مني وإني دافعها إليه الآن إن شاء الله.
الحديث (مصنف عبدالرزاق ٥/ ٤٨٧) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۱/ ذیقعدہ ۱۴۱۱ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۲۷/ ۲۴۵۱)

لڑکی والوں کے یہاں کھانے کا انتظام

سوال [۵۲۰۸]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کیا لڑکی والے کے یہاں دعوت کھانا جائز ہے؟ دعوت ولیمہ جس طرح سے لڑکے والے کے یہاں ہوتی ہے ویسے ہی آج کل لڑکی والے بھی دعوت کرتے ہیں اور اس دعوت میں گاؤں والے مدعو ہوتے ہیں، تو کیا لڑکی والے کی دعوت کھانا شرع کی رو سے جائز ہے یا نہیں؟

المستفتی: حاجی نور محمد ٹکرا عثمان، ضلع بارہ بنکی

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: لڑکی والے اگر اپنی خوشی سے بلا کسی دباؤ کے کھانا کھلاتے ہیں تو اس میں کوئی حرج اور مضائقہ نہیں اور دعوت قبول کرنے والوں پر بھی کوئی گناہ نہیں، جیسا کہ حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کے واقعہ سے واضح ہوتا ہے۔ (مصنف عبدالرزاق، المجلس العلمی بیروت ۵/ ۴۸۷، رقم: ۹۷۸۲) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۱/ ذیقعدہ ۱۴۱۱ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۲۷/ ۲۴۵۱)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۲۱/ ۱۱/ ۱۴۱۱ھ

حضرت مفتی صاحب رومیؒ کی طرف سے یاددہانی

سوال [۵۲۱۰]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے

بارے میں: آگرہ میں مولانا میاں صاحب (خطیب ٹال حبیب اللہ ہینگ کی منڈی) کے حجرہ میں رسالہ ندائے شاہی بابت نومبر ۱۹۹۱ء نظر سے گذرا، نام کی صنعت ایہام نے متوجہ کیا رسالہ دیکھا ماشاء اللہ ترتیب اور کتابت وطباعت وغیرہ بہت ہی شایان شان نظر آئیں۔ ''دینی مسائل اوران کا حل'' کے زیرعنوان مصنف عبدالرزاق کی روایت سے استدلال کرتے ہوئے جو بات کہی گئی ہے وہ محل تامل نظر آئی؛ کیوں کہ مصنف کی اس روایت میں صاحب مصنف کے استاذ اورراوی یحییٰ بن العلا البجلی ہیں، جن کے بارے میں حضرت امام احمد بن حنبلؒ فرماتے ہیں: ''**كذاب يضع الحديث**'' راوی نے یحییٰ بن معین سے نقل کیا ہے ''**أنه ليس بثقة**'' امام نسائیؒ نے انہیں ''**متروك الحديث**'' قرار دیا ہے، ابن العلا ہی نے کہا ہے: ''**أحاديثه موضوعات**'' اورابن حبان نے: ''**لايجوز الاحتجاج به**'' کا فتویٰ لگا دیا ہے۔

ان اقوال کی روشنی میں روایت کی اسنادی حیثیت بالکل صاف ہوجاتی ہے کہ یہ روایت اگر موضوع نہ بھی قرار دی جائے تب بھی شبہ وضع سے تو خالی نہیں ہے۔

اور روایتی حیثیت سے بھی یہ روایت بڑی حد تک مشتبہ ومشکوک ہوجاتی ہے کہ امت کا تلقی بالقبول اور تلقی بالعمل اس کے ساتھ نہیں ہے، یہ تسلیم کہ مصنف عبدالرزاق کے نسخے عام طور پر لوگوں کے پاس نہ تھے؛ اس لئے اس کا علم عام نہ ہوسکا؛ لیکن یہ بات کیسے تسلیم کرلی جائے کہ ساری امت کے علم کا ذریعہ مصنف عبدالرزاق ہی ہے، آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی مسنون زندگی کا معاملہ صرف کتب حدیث پر مبنی ومنحصر نہیں ہے؛ بلکہ امت کی تلقی وتوارث بھی اس کے ساتھ رہی ہے۔ اس روایت کو صحیح ماننے کا مطلب یہ ہوگا کہ چودہ سو سال سے یہ سنت (جو ہر مسلمان کی روزمرہ کی زندگی سے متعلق بھی ہے) پردۂ خفا میں رہی، نہ حضرات صحابہ کا اس پر عمل درآمد ہوسکا کہ تابعین دیکھتے اور نہ تابعین نے عمل کیا کہ تبع تابعین میں رائج ہوکر منقول ومتوارث ہوتی، ان وجوہ کی بنا پر اس روایت سے استناد واحتجاج کسی طرح صحیح نہیں ہے، حضرت مفتی محمود حسن صاحب دامت برکاتہم نے اس روایت کا انکشاف فرما کر اس پر

فتویٰ دیا تھا، سننے میں آیا ہے کہ انہوں نے بھی بعد میں رجوع فرمالیا تھا؛ اس لئے آپ بھی مزید تحقیق فرمالیں اور اپنی تحقیق سے مجھے بھی مطلع فرمادیں۔ والسلام

المستفتی: عبد القدوس رومی مفتی شہر شاہی جامع مسجد، آگرہ

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: ماہنامہ ندائے شاہی شمارہ نومبر ۱۹۹۱ء میں لڑکی والوں کے یہاں کھانا کھانے اور کھلانے سے متعلق ایک فتوی شائع ہوا تھا اور آج حضرت مولانا مفتی محمد سلمان صاحب منصور پوری مدظلہ مدیر ندائے شاہی ونائب مفتی کے توسط سے آنجناب کا والا نامہ موصول ہوا، یحییٰ بن العلاء بجلی کے ضعف پر یاد دہانی کا بہت بہت شکریہ ہے اور اسی حدیث کے ذیل میں مصنف عبد الرزاق ۵/ ۴۸۹ کے حاشیہ پر حضرت اقدس محدث اعظمی دامت برکاتہم نے حافظ ابن حجر عسقلانیؒ کے حوالہ سے یحییٰ بن العلاء کو متروک لکھا ہے اور آنجناب نے جو حوالے پیش فرمائے ہیں وہ سب اس کے لئے مؤید ہیں اور حدیث شریف کا متکلم فیہ ہونا احقر کو پہلے سے معلوم تھا اور خاکسار نے بالقصد نقل کی ہے؛ اس لئے کہ خاکسار نے اس حدیث شریف کے ذریعہ سے مذکورہ فتوی میں لڑکی والوں کی طرف سے کھانا کھلانے کو سنت یا مستحب ثابت نہیں کیا ہے اور نہ ہی مطلقاً جائز ثابت کیا ہے؛ بلکہ سائل نے سوال میں ایک دعویٰ کیا تھا کہ صحابہ کرام لڑکی والوں کے یہاں کھانا نہیں کھاتے تھے، صرف اس دعوی سے سائل کو باز رکھنے کے لئے مصنف کی مذکورہ حدیث نقل کردی ہے؛ اس لئے کہ صحابہ کو لڑکی والوں نے کھانا کھانے کی دعوت دی ہو اور صحابہ نے اس سے انکار کیا ہو اس کا ثبوت غالباً ضعیف اور متکلم فیہ روایت سے بھی کہیں ثابت نہیں ہے؛ بلکہ قبول کرنا ثابت ہے، جیسا کہ آگے ”مواہب لدنیہ“ وغیرہ کا حوالہ اس بارے میں آرہا ہے؛ لہٰذا آنجناب سے گزارش ہے کہ سابق فتوی کو دوبارہ نظر نواز فرمائیں اور آنجناب کو اگر کوئی ضعیف اور متکلم فیہ روایت بھی انکار صحابہ سے متعلق کہیں مل جائے تو براہ کرم خاکسار کو حوالہ کے ساتھ عنایت فرمائیں بہت بہت شکریہ ہوگا، نیز خاکسار نے اپنے پورے فتوی میں کہیں بھی سنت یا

مستحب یا علی الاطلاق جائز نہیں لکھا ہے؛ بلکہ بہت سی قیودات وشرائط کے ساتھ مقید کر کے لابأس بہ کا درجہ ثابت کیا ہے، جو مذکورہ فتوی میں مضائقہ نہیں، گناہ نہیں کے الفاظ سے واضح ہے۔ اور اگر کسی کو پھر بھی سنیت یا استحباب یا علی الاطلاق جواز سمجھ میں آرہا ہے اور مصنف کی روایت سنیت یا استحباب کے لئے مستدل سمجھ میں آرہی ہے تو خاکسار اعلان کرتا ہے کہ مصنف کی روایت سے سنت، مستحب یا علی الاطلاق جواز پر استدلال درست نہیں ہے؛ بلکہ وہ قیودات شامل ہونی چاہئیں جو سابق فتوی میں موجود ہیں۔

آنجناب نے دو باتیں ایسی تحریر فرمائیں ہیں جو ندائے شاہی میں شائع شدہ فتوی میں نہیں ہیں:

(۱) یہ بات کیسے تسلیم کرلی جائے کہ ساری امت کے علم کا ذریعہ مصنف عبدالرزاق ہی ہے، تو اس کا جواب یہ ہے کہ مذکورہ فتوی میں کہیں بھی اس کا دعوی نہیں کیا گیا نہ عبارۃً نہ اشارۃً نہ دلالۃً اور نہ ہی اقتضاءً؛ اس لئے آنجناب سے گزارش ہے کہ براہ کرم مذکورہ فتوی کو دوبارہ نظر نواز فرمائیں اور پھر اپنے تحریری اشکال پر غور فرمائیں کہ دونوں میں کہاں تک انطباق ہے، جب کہ فتاوی عبدالحئی، مدارج النبوۃ، مواہب لدنیہ، البدایہ والنہایہ وغیرہ میں طریقۂ ماثورہ لکھا ہے اور اس زمانہ میں فتنہ اور رسوم ولوازمات کے ہونے کی وجہ سے خاکسار نے اپنے فتوی سے اس کو بھی نظر انداز کیا ہے۔

(۲) آنجناب نے لکھا ہے کہ اس روایت (مصنف عبدالرزاق کی روایت) کو صحیح ماننے کا مطلب یہ ہوگا کہ چودہ سو سال سے یہ سنت جو ہر مسلمان کی روزمرہ کی زندگی سے متعلق بھی ہے، پردۂ خفا میں رہی، تو اس کا جواب یہ ہے کہ آج سے تقریباً پانچ سو سال قبل مسند الہند شیخ عبدالحق محدث دہلویؒ نے اپنی مشہور تصنیف ''مدارج النبوۃ فارسی ۲/ ۵۶۵، اردو قسط: ۱۱/ ۱۲۸ میں اور ان سے پہلے علامہ شہاب الدین قسطلانی شارح بخاریؒ نے ''المواہب اللدنیہ قلمی المقصد الثانی، ص: ۱۱۸ میں اور علامہ ابن کثیر نے ''البدایہ والنہایہ ۴/ ۱۴۴'' میں حضرت نجاشی کے قول وعمل سے سنت انبیاء ہونا نقل فرمایا ہے، نیز بعد میں حضرت ابوالحسنات

مولانا عبدالحئیؒ لکھنویؒ نے ’’فتاوی عبدالحئیؒ‘‘ قدیم ۲/ ۵۴ میں لڑکی والوں کے یہاں کھانا کھلانے کو باقاعدہ انبیاء کا طریقہ ماثورہ نقل فرمایا ہے، تو چودہ سوسال سے پردۂ خفا میں کہاں رہی؟ اور مواہب لدنیہ، مدارج النبوۃ، البدایہ والنہایہ اور فتاوی عبدالحئیؒ وغیرہ کی عبارتوں میں بعض صحابہ کرام کا رخصتی سے قبل لڑکی کے یہاں کھانا کھانا ثابت ہے۔ اور مصنف عبدالرزاق کی ضعیف روایت اس کے لئے کسی حد تک مؤید بھی ہے؛ اس لئے سابق فتوی میں سائل کو اپنے دعوی سے احقر نے ان الفاظ سے باز رکھنے کی کوشش کی ہے کہ لڑکی والوں کے یہاں صحابہ کرام کے کھانا کھانے سے انکار بھی نہیں کیا جاسکتا اور نیچے مصنف کی روایت نقل کردی ہے اور حدیث کے ضعف پر نشاندہی کی ضرورت محسوس نہیں کی گئی تھی؛ کیوں کہ اباحت میں کوئی تردد نہیں ہے، تاہم احقر نے اپنے پورے فتوی میں کہیں بھی مصنف کی مذکورہ روایت کو صحیح نہیں کہا ہے اور نہ ہی صحیح مانی گئی اور نہ ہی پورے فتوی میں کہیں بھی مذکورہ عمل کو سنت لکھا گیا ہے؛ لہٰذا گزارش ہے کہ اپنے مکتوب اور ندائے شاہی کے شائع شدہ فتوی میں غور فرما کر دیکھیں کہ کہاں تک انطباق ہوتا ہے، باقی توجہ اور یاد دہانی کا تہہ دل سے شکریہ ہے، نیز آنجناب سے گزارش ہے کہ کبھی کوئی قابل اصلاح تحریر نظر نواز ہو تو برائے اصلاح توجہ اور نشاندہی فرمایا کریں، انشاء اللہ تعالیٰ قابل رجوع بات ہو تو رجوع کرنے میں خاکسار کو کوئی تأمل نہیں ہے اور اس کے لئے ہمارے سامنے حضرت تھانوی قدس سرہ کی ترجیح الراجح مثالی نمونہ ہے۔ فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۱؍ جمادی الثانیہ ۱۴۱۲ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۲۸/ ۲۷۴۴)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۱/ ۶/ ۱۴۱۲ھ

شبِ زفاف کہاں مسنون ہے؟ اور بارات کے کھانے کا حکم

سوال [۵۲۱۱]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے

بارے میں: لڑکا جب شادی کر کے لڑکی کو رخصت کرانے کے لئے جائے تو آیا بنا یعنی شب زفاف لڑکی کے مکان پر مسنون ہے یا لڑکا اپنے گھر آ کر بنا کرے؟ مسنون کیا ہے؟ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اکثر شادیاں غزوات میں کی ہیں، تو سنت کیا ہے؟ اور لڑکی والوں کے یہاں بارات کی دعوت کی شرعی حیثیت کیا ہے؟

المستفتی: محمد وسیم سیوان؟ مظاہر علوم سہارنپور

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰه التوفيق: عقد نکاح کے بعد افضل اور مسنون طریقہ یہ ہے کہ لڑکی کو اپنے گھر لاکر شب زفاف گذاری جائے؛ البتہ اگر کسی وجہ سے لڑکی کے گھر پر ہی یہ رات گذاری جائے تو اس میں بھی شرعاً کوئی حرج نہیں ہے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے متعلق یہ ثابت نہیں کہ آپ نے کسی زوجہ مطہرہ سے عقد نکاح کے بعد انہیں کے گھر میں شب باشی کی ہو اور زفاف کے معنی ہی یہ ہیں کہ عورت کو مرد کے پاس بھیج دیا جائے۔ (مستفاد: فتاوی محمودیہ قدیم ۷/ ۳۸۷، ایضا ۳/ ۱۹۹، جدید ڈابھیل ۱۰/ ٤٦٨)

الزفاف: اسم من زف العروس إلى زوجها، أي حملها إليه ليلة عروسها. (لغة الفقهاء، کراچی ۲۳۳)

قال الشامي في تفسير الزفاف: إهداء المرأة إلى زوجها "قاموس" وروى البخاري عن عائشة –رضي الله عنها– قالت: رفضنا امرأة إلى رجل من الأنصار. الخ (شامي، كتاب النكاح كراچی ۳/ ۹، زكريا ديوبند ٤/ ٦٨، الموسوعة الفقهية الكويتية ٤١/ ۲۳۲)

(۳) شادی کے موقع پر لڑکے کی طرف سے آنے والے مہمانوں کو کھانا کھلانا اور اس خوشی کے موقع پر ان کو کھانے کے لئے مدعو کرنا جائز اور درست ہے؛ لیکن اظہار فخر کے لئے زیادہ سے زیادہ لوگوں کو جمع کرنا یا لڑکے والوں کی طرف سے اس دعوت کا مطالبہ کرنا اور اس دعوت کو دعوت ولیمہ سے تعبیر کرنا شریعت سے ثابت نہیں، اسی طرح اس دعوت کو ضروری

سمجھ لینا لڑکی والوں پر دباؤ ڈالنا اور حالات ایسے پیدا کر دینا کہ لڑکی والے بارات والوں کو کھانا کھلانے پر مجبور ہو جائیں اور اس میں طرح طرح کے رسوم رواج کرنا بھی درست نہیں ہے، ان سب سے احتراز لازم اور ضروری ہے، ہاں البتہ لڑکی والے اپنی خوشی سے حسب حیثیت بلا کسی دباؤ کے کھانا وغیرہ کھلاتے ہیں تو اس میں کوئی قباحت نہیں۔ (مستفاد: کفایت المفتی قدیم ۵/ ۱۵۹، جدید زکریا ۵/ ۱۵۵، جدید مطول ۷/ ۴۸۴، فتاوی محمودیہ قدیم ۱۷/ ۳٦۷، جدید ڈابھیل ۱۲/ ۱۴۲، فتاوی دارالعلوم ۷/ ۵۲۱) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۳؍ شعبان ۱۴۱۷ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۲/ ۴۹۸۱)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۳/ ۸/ ۱۴۱۷ھ

منڈھے کی دعوت کا حکم

سوال [۵۲۱۲]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: اکثر مسلمانوں کے اندر نکاح سے ایک یوم پہلے لڑکے والے کے یہاں برادری کے دوست واحباب محلّہ پڑوس ورشتہ داروں کی دعوت کی جاتی ہے، جس کو منڈھا کہا جاتا ہے، صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے زمانہ میں اور علماء دین کے یہاں ولیمہ ہوتا ہے، علماء کرام تو نکاح کے بعد ولیمہ کرتے ہیں اور ہم نکاح سے ایک یوم پہلے منڈھا کرتے ہیں، کیا نکاح سے پہلے جو منڈھے کی نیت سے دعوت کی جاتی ہے یہ جائز ہے یا نہیں؟ اور اس منڈھے کی دعوت میں شریک ہونا کیسا ہے؟ اور منڈھے کی رسم کیا ہے؟

المستفتی: ظریف احمد، مظفرنگر

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: دعوت تو نکاح سے قبل بھی قبول کرنے میں مضائقہ نہیں، مگر ولیمہ کی نیت سے نہیں؛ کیوں کہ نکاح سے قبل ولیمہ مسنون یا مشروع نہیں

ہے؛ بلکہ نکاح کے بعد ہی ولیمہ مسنون ہے اور نکاح کے بعد بھی تین شکلیں ہیں: (١) عقد نکاح کے بعد رخصتی سے قبل (٢) نکاح اور رخصتی کے بعد شب زفاف سے قبل (٣) شب زفاف کے بعد۔ ولیمہ کی یہ تینوں شکلیں مشروع ہیں، مگر تیسری شکل زیادہ افضل ہے۔

ويجوز أن يؤلم بعد النكاح، أو بعد الرخصة، أو بعد أن يبني بها، والثالث هو الأولىٰ. (بذل المجهود، كتاب الأطعمة، باب في استحباب الوليمة للنكاح، مطبع سهارن پور، قديم ٤/ ٣٤٥، دارالبشائر الإسلامية ١١/ ٤٧١، تحت رقم الحديث: ٣٧٤٣)

لہٰذا منڈھے کے نام سے جو دعوت ہوتی ہے، وہ ولیمہ مسنونہ نہیں ہے؛ بلکہ غیر مسلموں سے آئی ہوئی چیز ہے، اس کا ترک کردینا مسلمانوں پر لازم ہے، اور ایسی رسوم میں شرکت نہ کرنا بہتر ہے، مگر فتنہ کا باعث بھی نہ ہونا چاہئے۔ فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
یکم ذیقعدہ ١٤١٥ھ
(الف فتویٰ نمبر: ٣١/ ٤١٩٠)

دعوت ولیمہ ودیگر دعوتوں کے اقسام

سوال [٥٢١٣]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: دعوتوں کی کتنی اقسام جائز ہے؟

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: زمانہ نبوت میں چار قسم کی دعوتوں کا سلسلہ جاری تھا: (١) دعوتِ ولیمہ (٢) دعوتِ عقیقہ (٣) ختنہ کے موقع پر دعوت (٤) نیا مکان ودوکان وغیرہ کا افتتاح کرتے وقت؛ لہٰذا اگر کوئی شخص ان مواقع میں سے کسی موقع پر دعوت کرتا ہے تو اس کی دعوت میں شرکت کرنا جائز ہے۔ (انوار نبوت، ص: ٦٦٣)

عن أبي هريرة –رضي الله عنه– قال: الوليمة حق وسنة، فمن دعي

فلم يجب فقد عصى الله ورسوله، والخرس، والإعذار، والتوكير أنت فيه بالخيار، قال: قلت: إني والله لا أدري ماالخرس، والإعذار، والتوكير، قال: الخرس: الولادة، والإعذار: الختان، والتوكير: الرجل يبنى الدار وينزل في القوم، فيجعل الطعام، فيدعوهم، فهم بالخيار، إن شاؤوا أجابوا، وإن شاؤا قعدوا. (المعجم الأوسط، دارالفكر ۳/ ۸۸، رقم: ۳۹٤۸، مجمع الزوائد، دارالكتب العلمية بيروت ٤/ ٥٢، رقم: ٦١٥٤) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ

۲۵/۱۱/۱۴۳۴ھ

(الف فتویٰ نمبر: ۴۰/۱۱۳۱۱)

ولیمہ کے معنی اور ولیمہ کا وقت کب ہے؟

سوال [۵۲۱۴]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: ولیمہ کے معنی اور مطلب کیا ہے اور بیوی سے ہمبستری نہ کی ہو تو ولیمہ ہوگا یا نہیں یا نکاح اگر صبح کو ہوا اور شام تک ولیمہ کرلیا تو ہوگا یا نہیں؟

المستفتی: عبدالصمد بلاسپور گیٹ، رام پور

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: ''الولیمۃ'' کے معنی شادی کی خوشی کا کھانا اور ولیمہ عقد نکاح کے بعد رخصتی سے قبل اور رخصتی کے بعد بیوی کے ساتھ شب باشی سے قبل اور شب باشی کے بعد تینوں وقتوں میں سے کسی بھی وقت میں جائز ہے؛ البتہ شب باشی کے بعد زیادہ بہتر ہے۔ اور عقد نکاح سے قبل ولیمہ کا ثبوت نہیں ہے۔

ويجوز أن يؤلم بعد النكاح، أو بعد الرخصة، أو بعد أن يبنى بها، والثالث هو الأولى. (بذل المجهود، كتاب الأطعمة، باب في استحباب الوليمة للنكاح، مطبع سهارن بور قديم ٤/ ٣٤٥، دارالبشائر الإسلامية ١١/ ٤٧١، رقم: ٣٧٤٣)

فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲؍رمضان المبارک ۱۴۱۴ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۱/۹/۷۵ ۳۵)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۱۴/۹/۲ھ

ولیمہ کی علت اور اصولی شرائط

سوال [۵۲۱۵]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: (۱) ولیمہ کرنے کی علت کیا ہے؟

(۲) ولیمہ کے لئے وطی شرط ہے یا صرف نکاح کے بعد بھی ہوسکتا ہے وطی کئے بغیر؟

(۳) نکاح ہوا بیوی کے پاس جانے کے بعد معلوم ہوا کہ بیوی اس قابل نہیں ہے کہ وطی کی جائے، کوئی ہڈی وغیرہ راستہ میں حائل ہے یا راستہ نہیں تو کیا یہ شخص ولیمہ کرے گا؟

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: ولیمہ کی علت یہ ہے کہ بیوی من جملہ نعمتوں میں سے ایک عظیم ترین نعمت ہے، اس کے حاصل ہونے کے شکریہ میں اظہار خوشی کے لئے ولیمہ کیا جاتا ہے۔

الوليمة كل دعوة، فتتخذ لسرور. الخ (بذل المجهود، كتاب الأطعمة، باب ما جاء في إجابة الدعوة، مطبع سهارن پور، قديم ٤/ ٣٤٤، دار البشائر الإسلاميه، بيروت ١١/ ٤٦٦، تحت رقم الحديث: ٣٧٣٦)

ومنها: أن تجدد النعمة حيث ملك ما لم يكن مالكا له يورث الفرح والنشاط والسرور ويهيج على صرف المال، وفي اتباع تلك الداعية التمرن على السخاوة. الخ (حجة الله البالغة قديم ٢/ ١٣٠، جديد مكتبه حجاز ٢/ ٣٤٠)

(۲) ولیمہ عقد نکاح کے بعد رخصتی سے پہلے اور رخصتی کے بعد وطی سے پہلے اور وطی

کے بعد ہر طرح جائز ہے، وطی شرط نہیں ہے، ہر صورت میں ولیمہ کی سنیت ادا ہو جاتی ہے؛ البتہ وطی کے بعد زیادہ اولیٰ اور افضل ہے۔

ويجوز أن يؤلم بعد النكاح، أو بعد الرخصة، أو بعد أن يبنى بها، والثالث هو الأولى. (بذل المجهود، كتاب الأطعمة، باب في استحباب الوليمة للنكاح، مطبع سهارن بور قديم ٤/ ٣٤٥، دارالبشائر الإسلامية ١١/ ٤٧١، رقم: ٣٧٤٣)

(۳) ایسی عورت کے ساتھ شرعاً خلوۃ صحیح اور درست نہیں ہوتی ہے۔

الخلوة كالوطي بلا مانع حسي، وطبعي، وشرعي، ومن الحسي رتق وقرن وعفل وصغر. (درمختار، كتاب النكاح، باب المهر كراچی ٣/ ١١٤، زكريا ديوبند ٤/ ٢٤٩-٢٥٠، الموسوعة الفقهية الكويتية ٣٨/ ٢٨٨)

وإن كان أحدهما مريضا هذا شروع في بيان الموانع -إلى- ومانع طبعي ككون المرأة رتقاء، أو قرناء أو صغيرة. الخ (البناية أشرفيه ديوبند ٥/ ١٤٩)

ظاہر ہے کہ ایسی عورت سے نعمت نکاح اور خوشی حاصل نہیں ہوتی ہے جو صرف مال پر ابھارتی ہو؛ اس لئے علت ولیمہ موجود نہ ہونے کی وجہ سے اصولاً ولیمہ لازم نہیں ہوگا۔ فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۶ رشعبان ۱۴۱۰ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۲۶/۱۹۰۳)

کیا دوسری شادی میں بھی ولیمہ کرنا مسنون ہے؟

سوال [۵۲۱۶]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: زید کی ایک شادی ہو چکی تھی اور طلاق ہوگئی ہے، اب دوسری شادی طے ہوگئی ہے، تو کیا زید کے ذمہ ولیمہ مسنونہ ضروری ہے، مگر زید کی والدہ جو کافی بزرگ ہیں فرماتی ہیں، کہ ولیمہ اس وقت مت کرو، اس سے پہلی لڑکی والے اچھا اثر نہیں لیں گے اور حسد کریں گے،

پھر کسی وقت دو تین ماہ کے بعد کر لینا۔

المستفتی: طلعت حسین بارہ دری، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: ولیمہ شادی کے دن سے اگلے دن تک مسنون ہے، اس کے بعد ولیمہ نہ رہے گا؛ بلکہ محض ایک دعوت شمار ہوگی، اگر ولیمہ اس وقت نہ کیا جائے تو بعد میں ولیمہ کرنا ضروری نہیں ہے۔

عن أبي هريرة –رضي الله عنه– قال: قال رسول الله ﷺ: الوليمة أول يوم حق، والثاني معروف، والثالث رياء وسمعة. (سنن ابن ماجة، النكاح، باب إجابة الداعي، النسخة الهندية ١/ ١٣٧، دارالسلام رقم: ١٩١٥، وهكذا في مسند الدارمي، دارالمغني ٢/ ١٣١١، رقم: ٢١٠٩، مسند أحمد بن حنبل ٥/ ٢٨، رقم: ٢٠٥٩٠، ٢٠٥٩١، ٥/ ٣٧١، رقم: ٢٣٥٣٩، سنن أبي داؤد، كتاب الأطعمة، باب في كم تستحب الوليمة، النسخة الهندية ٢/ ٥٢٥، دار السلام، رقم: ٣٧٤٥)

وقت وليمة العرس حين البناء وتستمر الدعوة إلى الطعام بعد البناء، واليوم الذى بعده، ثم ينقطع العرس والوليمة. (الفقه على المذاهب الأربعة، كتاب الحظر والإباحة وقتها (الوليمة) دارالفكر ٢/ ٣٤) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۷/ ذی الحجہ ۱۴۱۶ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۲/ ۴۵۷۱)

ولیمہ کا کھانا کتنے لوگوں کو کھلائیں؟

سوال [۵۲۱۷]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: ولیمہ کا کھانا کتنے لوگوں کو کھلانا چاہئے؟

المستفتی: اکبر علی ہمدرد دواخانہ، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: ولیمہ مسنون ہے، اس میں کتنے لوگوں کو کھانا کھلایا جائے اس کی کوئی مقدار شریعت نے مقرر نہیں کی؛ بلکہ ہر شخص اپنی مرضی سے اپنی وسعت اور گنجائش کے مطابق لوگوں کو کھانا کھلا دے، حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہما سے فرمایا کہ ولیمہ کرواگرچہ ایک ہی بکری سے کیوں نہ ہو، اس سے معلوم ہوتا ہے کہ ولیمہ کا حکم حسب گنجائش ہے۔

عن أنس –رضي الله عنه– أن النبی ﷺ رأى على عبدالرحمن بن عوف أثر صفرة، قال: ما هذا؟ قال: إني تزوجت امرأة على وزن نواة من ذهب قال: بارک الله لک أولم ولو بشاة. (صحيح البخاري، كتاب النكاح، باب كيف يدعي للمتزوج، النسخة الهندية ۲/ ۷۷۴، رقم: ۴۹۶۱، ۵۱۵۵)

قال عياض: وأجمعوا على أن لا حد لأكثرها، وأما أقلها فكذلک، ومهما تيسر أجزأ، والمستحب أنها على قدر حال الزوج، وقد تيسر على الموسر الشاة فما فوقها. (بذل المجهود، كتاب النكاح، باب قلة المهر، دارالبشائر الإسلامية ۸/ ۲۱، تحت رقم الحديث: ۲۱۰۹، مطبع سهارن پور قديم ۳/ ۲۴۰، فتح الباري، كتاب النكاح، باب الوليمة ولو بشاة، دار الفكر ۹/ ۲۳۴، أشرفيه ديوبند ۹/ ۲۹۳، تحت رقم الحديث: ۵۱۶۸) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۹ر محرم الحرام ۱۴۱۸ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۳/ ۵۱۱۴)

بارات روانگی سے قبل دعوت سے ولیمہ کی ادائیگی ہوگی یا نہیں؟

سوال [۵۲۱۸]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: ہمارے یہاں شادی کے موقع پر یہ رواج ہے کہ سنیچر کی صبح کو روانگی بارات ہے تو

جمعہ کی شام ہی کولڑکے والا کھانا کھلاتا ہے، تو دریافت یہ کرنا ہے کہ بارات کی روانگی سے پہلے جو دوست واحباب کی دعوت طعام کی ہے اس سے ولیمہ کی سنت ادا ہو جائے گی یا نہیں؟

المستفتی: کریم پور تھانہ ٹانڈہ پوسٹ دھنورا، ضلع رام پور

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: ولیمہ عقد نکاح ہو جانے کے بعد جائز ہوتا ہے، اس کی تین شکلیں ہیں: (۱) عقد نکاح کے بعد رخصتی سے قبل (۲) عقد اور رخصتی کے بعد شب زفاف سے قبل (۳) شب زفاف کے بعد۔ ان تینوں میں سے تیسری شکل زیادہ افضل ہے؛ لہٰذا عقد نکاح سے پہلے جو کھانا لڑکے والے کھلاتے ہیں، اس سے ولیمہ کا حق اور ولیمہ کی سنت ادا نہیں ہوگی۔

ویجوز أن یؤلم بعد النکاح، أو بعد الرخصة، أو بعد أن یبنی بها، والثالث هو الأولی. (بذل المجهود، کتاب الأطعمة، باب في استحباب الولیمة للنکاح، مطبع سهارن بور قدیم ٤/ ٣٤٥، دارالبشائر الإسلامیة ١١/ ٤٧١، تحت رقم الحدیث: ٣٧٤٣) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ	الجواب صحیح:
۲۴/ محرم الحرام ۱۴۲۳ھ	احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۶/ ۷۴۵۴)	۱۴۲۳/۱/۲۴ھ

ہمبستری سے قبل ولیمہ کرنا

سوال [۵۲۱۹]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: لڑکے کو لڑکی کے ایم سی کا کچھ پتہ نہیں تھا؛ لہٰذا پہلی رات کو لڑکی کے بتانے پر لڑکے کو معلوم ہوا؛ اس لئے لڑکے نے صحبت بھی نہیں کی اور صبح کو لڑکے نے ولیمہ کی دعوت لوگوں کو کھلا دی، تو بتائیے کہ لڑکے کو ولیمہ کا ثواب ملا یا نہیں؟ اس کو اب کیا کرنا چاہئے: کیوں

کہ ولیمہ کی دعوت کے لئے لوگوں کو پہلے سے مدعو کیا گیا تھا۔

المستفتی: محمد شاہنواز، چندوسی

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وبالله التوفيق: جی ہاں ایسی صورت میں دعوت ولیمہ کی سنیت ادا ہوجائے گی اور ثواب بھی ملے گا کیونکہ ہمبستری سے قبل ولیمہ جائز ہے۔

ويجوز أن يؤلم بعد النكاح، أو بعد الرخصة، أو بعد أن يبنى بها، والثالث هو الأولى. (بذل المجهود، كتاب الأطعمة، باب في استحباب الوليمة للنكاح، مطبع سهارن پور قديم ٤/ ٣٤٥، دارالبشائر الإسلامية بيروت ١١/ ٤٧١، تحت رقم الحديث: ٣٧٤٣)

وقت الوليمة عند العقد، أو عقبه، أو عند الدخول، أو عقبه، وهذا أمر يتوسع فيه حسب العرف والعادة، وعند البخاري أنه صلى الله عليه وسلم دعا القوم بعد الدخول بزينب. (فقه السنة، دارالكتاب العربي ٢/ ٢١٠)

اختلف الفقهاء في وقت الوليمة، فذهب الحنفية والمالكية في المشهور وابن تيمية إلى أن الوليمة تكون بعد الدخول –إلى– ويرى بعض الحنفية أن وليمة العرس تكون عند العقد، وعند الدخول. (الموسوعة الفقهية الكويتية ٤٥/ ٢٤٩-٢٥٠) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۸/ جمادی الاولیٰ ۱۴۱۳ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۲۸/ ۳۱۸۵)

شبِ زفاف سے قبل ولیمہ کرنا

سوال [۵۲۲۰]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کیا نکاح خوانی کے معاً بعد یعنی شب زفاف سے پیشتر ولیمہ کردیا جائے،

تو ادا ہوگا یا نہیں؟

المستفتی: مولانا عبدالناصر مدرس مدرسہ شاہی، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: ولیمہ عقد نکاح کے بعد رخصتی سے قبل اور رخصتی کے بعد شب زفاف سے قبل اور شب زفاف کے بعد تینوں صورتوں میں جائز ہے؛ البتہ اولیٰ اور افضل یہی ہے کہ شب زفاف کے بعد کیا جائے۔

ویجوز أن یؤلم بعد النکاح، أو بعد الرخصة، أو بعد أن یبنی بها، والثالث هو الأولی. (بذل المجهود، کتاب الأطعمة، باب في استحباب الولیمة للنکاح، مطبع سهارن پور قدیم ٤ / ٣٤٥، دارالبشائر الإسلامیة بیروت ١١/ ٤٧١، تحت رقم الحدیث : ٣٧٤٣)

واختلف السلف في وقتها، هل هو عند العقد أو عقبه، او عند الدخول أو عقبه، أو یوسع من ابتداء العقد إلی انتهاء الدخول علی أقوال، قال السبکي: والمنقول من فعل النبي صلی الله علیه وسلم أنها بعد الدخول، وفي حدیث أنس عند البخاري وغیره التصریح بأنها بعد الدخول، لقوله: أصبح عروسا بزینب فدعا القوم. (بذل المجهود، کتاب النکاح، باب قلة المهر، دارالبشائر الإسلامیة ٨/ ٢١، تحت رقم الحدیث: ٢١٠٩، مطبع سهارنپور قدیم ٣/ ٢٤٠) **فقط واللّٰہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۷/ذی الحجہ ۱۴۱۴ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۱/ ۳۷۴۹)

ہمبستری سے قبل ولیمہ کرنے سے سنت ادا ہوگی یا نہیں؟

سوال [۵۲۲۱]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: زید نے صبح کو نکاح کیا اور شام کو ولیمہ کی دعوت کی اس صورت میں زید کی طرف

سے ولیمہ کی سنت ادا ہوئی یا نہیں اور یہ ولیمہ کھانا صحیح ہے یا نہیں؟ کیوں کہ ابھی زید ہمبستر نہیں ہوا ہے، اسی طرح عمر نے شادی کی اور شب عروسی کے بعد دوسرے دن ولیمہ کیا؛ لیکن عمر بھی ہمبستر نہیں ہوسکا؛ کیوں کہ لڑکی حیض کی حالت میں تھی، اس صورت میں عمر کی طرف سے ولیمہ کی سنت ادا ہوئی یا نہیں اور عمر کا ولیمہ لوگوں کو کھانا صحیح ہے یا نہیں؟

المستفتی: جابر حسین مانپور، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: عقد نکاح ہوجانے کے بعد ولیمہ کرنے کی تین شکلیں ہیں: (۱) عقد نکاح کے بعد بیوی میکہ میں رہے رخصتی اور ملاپ نہ ہو (۲) عقد نکاح ہونے کے بعد بیوی شوہر کے گھر رخصت ہوجائے؛ لیکن ابھی شب زفاف اور ہمبستری نہیں ہوئی اور ولیمہ ہوگیا (۳) عقد نکاح کے بعد رخصتی بھی ہوجائے اور شب زفاف اور ہمبستری بھی ہوجائے، اس کے بعد ولیمہ ہو یہ تینوں شکلیں جائز اور مشروع ہیں اور تینوں کا کھانا بھی بلاتردد جائز اور درست ہے؛ لیکن تینوں میں افضل یہی ہے کہ شب زفاف اور ہمبستری کے بعد ولیمہ عمل میں آئے۔

واختلف السلف في وقتها، هل هو عند العقد أو عقبه، أو عند الدخول أو عقبه، أو يوسع من ابتداء العقد إلى انتهاء الدخول –إلى– والمنقول من فعل النبي صلى الله عليه وسلم أنها بعد الدخول. (بذل المجهود، كتاب النكاح، باب قلة المهر، دارالبشائر الإسلامية ۸/ ۲۱، تحت رقم الحديث: ۲۱۰۹، مطبع سهارنپور قديم ۳/ ۲۴۰) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۷؍ربیع الاول ۱۴۲۲ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۵/۷۱۰۲)

نکاح کے بعد رخصتی سے قبل ولیمہ

سوال [۵۲۲۲]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: ایک شخص کی شادی ہوئی اور رات کو جب وہ اپنی شریک حیات کے پاس پہنچا تو اس کو حیض کی حالت میں پایا جس کی وجہ سے اس نے اس سے صحبت نہیں کی اور باہر ہی انزال کیا اور حسب معمول (یا پروگرام) دوسرے دن ولیمہ ہوا۔

(۱) سوال: کیا اس کو شب زفاف نصیب ہوئی؟

(۲) سوال: کیا اس کی سنت ولیمہ ادا ہوئی؟

المستفتی: محمد ندیم محلّہ کھوکران، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: ولیمہ کی سنیت ادا ہو جائے گی، اگرچہ بیوی سے صحبت نہ کرسکا ہو؛ اس لئے ولیمہ رخصتی سے پہلے بھی جائز اور درست ہے۔

ویجوز أن یؤلم بعد النکاح، أو بعد الرخصة، أو بعد أن یبنی بها، والثالث هو الأولی. (بذل المجهود، کتاب الأطعمة، باب في استحباب الولیمة للنکاح، مطبع سهارن پور قدیم ٤/ ٣٤٥، دارالبشائر الإسلامیة بیروت ١١/ ٤٧١، تحت رقم الحدیث: ٣٧٤٣) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
یکم جمادی الاخریٰ ۱۴۱۲ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۲۸/ ۲۷۳۰)

ولیمہ سے متعلق چند سوالات کے جوابات

سوال [۵۲۲۳]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل

کے بارے میں: آج کل ہمارے علاقہ میں مسلمان شادی کے بعد جو دعوت ولیمہ کرتے ہیں، کیا وہ سنت سے مطابقت رکھتا ہے؟ (۱) پہلے دن لڑکے کی شادی کرتے ہیں، دوسرے دن لڑکی کی شادی میں ولیمہ کے نام سے دعوت کھلاتے ہیں۔ (۲) دوتین دن کے بعد ولیمہ کرنا (۳) بڑا ولیمہ جس میں محلّہ کے علاوہ دوست واحباب اور دیگر رشتہ داروں کو بلانا (۴) چھوٹا ولیمہ جس میں اہل خانہ کے علاوہ کنبہ اور خاندان کے ایک ایک فرد کو دعوت دینا (۵) ولیمہ میں غیر مسلم کو بلانا (۶) ولیمہ میں گوشت کی جگہ چند قسم کی مٹھائی اور ایک دو طرح کی سبزی اور پوڑی کھلانا (۷) لڑکی کے گھر بارات لے کر جانا (۸) خود اپنی لڑکی کی شادی میں بارات بلانا اور محلّہ والوں کی دعوت کرنا (۹) نکاح میں مہر سکہ رائج الوقت کی کم سے کم مقدار متعین کرنا۔

المستفتی: عبدالمجید ولد عبدالغفور کھتری محلّہ آتھونہ، نولگڑھ

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: (۱) ولیمہ صرف لڑکے کی طرف سے ہوتا ہے اور یہ ولیمہ صرف عقد نکاح کے بعد بھی جائز ہے۔ اور رخصتی کے بعد شب زفاف سے پہلے بھی جائز ہے۔ اور شب زفاف کے بعد بھی جائز ہے؛ لیکن ان تینوں صورتوں میں سب سے افضل شب زفاف کے بعد ولیمہ کرنا ہے۔ اور شریعت میں لڑکی کی طرف سے ولیمہ کا کوئی ثبوت نہیں۔

ویجوز أن یؤلم بعد النکاح، أو بعد الرخصة، أو بعد أن یبنی بھا، والثالث ھو الأولی. (بذل المجھود، کتاب الأطعمة، باب في استحباب الولیمة للنکاح، مطبع سھارن پور قدیم ٤/ ٣٤٥، دارالبشائر الإسلامیة بیروت ١١/ ٤٧١، تحت رقم الحدیث: ٣٧٤٣)

(۲) سوال نمبر۲ میں یہ پوچھا گیا ہے کہ دوتین دن کے بعد ولیمہ کرنا؟ سو اگر کسی عذر کی وجہ سے پہلے دن ولیمہ نہیں کر پایا ہے، تو دوسرے دن تک ولیمہ کرنے کی گنجائش ہے۔

عن وحشي بن حرب بن وحشي عن أبیه عن جده ...... قال: قال رجل یا رسول اللّٰہ! صلی اللّٰہ علیه وسلم: الولیمة؟ قال: الولیمة حق، والثانیة

معروف، والثالثة فخر، وحرج. (المعجم الكبير للطبراني، دار إحياء التراث العربي ٢٢/ ١٣٧، رقم: ٣٦٢)

عن عبدالله –رضی الله عنه– قال: الوليمة أول يوم حق، والثاني فضل، والثالثة، رياء وسمعة. (المعجم الكبير للطبراني، دار إحياء التراث العربي ٩/ ١٩٧، رقم: ٩٦٧، ٥/ ٢٧٢، رقم: ٥٣٠٦، المعجم الأوسط، دارالفكر ١/ ٥٧٦، رقم: ٢١١٦، ٥/ ٢٩٨، رقم: ٧٣٩٣)

(۳-۴) میں بڑے اور چھوٹے ولیمہ کا ذکر ہے، شریعت میں بڑے اور چھوٹے ولیمہ کا کوئی اعتبار نہیں ہے؛ بلکہ لڑکے والے حسب حیثیت دوست احباب اور رشتہ داروں کو جو بھی کھانا کھلائیں وہی شرعاً ولیمہ ہے، اس میں چاہے ہر گھر کا ایک ایک آدمی ہو یا ہر کنبہ کا ایک ایک آدمی ہو، اس میں کوئی فرق نہیں ہے، ہر طرح جائز ہے۔

قال عياض: وأجمعوا على أن لا حد لأكثرها، وأما أقلها فكذلك، ومهما تيسر أجزأ، والمستحب أنها على قدر حال الزوج. (بذل المجهود، كتاب النكاح، باب قلة المهر، مكتبه سهارن پور قديم ٣/ ٢٤٠، دارالبشائر الإسلامية ٨/ ٢١، تحت رقم الحديث: ٢١٠٩)

﴿لَا يُكَلِّفُ اللّٰهُ نَفۡسًا اِلَّا مَا اٰتَاهَا﴾ الآية: قال القرطبي: أي لا يكلف الفقير مثل ما يكلف الغني. (تفسير قرطبي، سورة الطلاق، تحت رقم الآية: ٧، دارالكتب العلمية بيروت ١١/ جزء ١٨، ص: ١١٣)

(۵) میں غیر مسلم کو بلانے کا ذکر ہے، کسی تعلق کی بنیاد پر یا پڑوس میں رہنے کی وجہ سے کسی غیر مسلم کو ولیمہ کی دعوت میں بلایا جائے، تو اس میں شرعاً کوئی حرج نہیں ہے۔

عن أبي هريرة –رضي الله عنه– أن رسول الله صلى الله عليه وسلم ضافه ضيف وهو كافر، فأمره له رسول الله بشاة، فحلبت فشرب حلابها. الحديث (مسلم شريف، كتاب الأشربة، باب إكرام الضيف وفضل إيثاره، النسخة الهندية ٢/ ١٨٦، بيت الأفكار، رقم: ٢٠٦٣)

(۶) ولیمہ میں گوشت کے بجائے چند قسم کی مٹھائیاں اور پوڑی سبزی کھلانے کا ذکر ہے، شرعاً ان چیزوں سے بھی ولیمہ صحیح ہوجاتا ہے۔ بخاری شریف میں روایت ہے کہ ام المؤمنین حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا سے نکاح کے وقت حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے جو ولیمہ فرمایا تھا، وہ اسی قسم کا تھا، جس میں کچھ روٹی کے ٹکڑے، کچھ پنیر، کچھ گھی وغیرہ جیسی چیزیں تھیں۔

عن أنس –رضي الله عنه– يقول: أقام النبي صلى الله عليه وسلم بين خيبر والمدينة ثلاث ليال يبنى عليه بصفية –رضى الله عنها– فدعوت المسلمين إلى وليمته، وما كان فيها من خبز ولا لحم، وما كان فيها إلا أن أمر بلالا بالإنطاع، فبسطت، فألقي عليها التمر والأقط والسمن. (بخاري شريف، كتاب المغازي، باب غزوة خيبر، النسخة الهندية ۲/ ۶۰۶، رقم: ۴۰۶۰، ف: ۴۲۱۳)

وتقع على كل طعام يتخذ سرور. (بذل المجهود، كتاب النكاح، باب قلة المهر، مكتبه سهارن پور قديم ۳/ ۲۴۰، دارالبشائر الإسلامية ۸/ ۲۰، رقم: ۲۱۰۹)

(۷) سوال نمبر ۷/ میں لڑکی کے گھر بارات لے جانے کا ذکر ہے، لڑکی کے گھر اتنے افراد کو لے جایا جائے جن کے نظم وانتظام میں لڑکی والوں کو کوئی دشواری نہ ہو لڑکی والوں کی حیثیت سے بڑھ کر ان پر دباؤ ڈالنا جائز نہیں، نیز اگر لڑکی والوں نے مثلاً پچیس افراد لانے کو کہا ہے، تو اس پر دو چار افراد زائد لے جانا بھی جائز نہیں۔

عن أبي حميد الساعدي، أن النبي صلى الله عليه وسلم قال: لا يحل لامرئ أن يأخذ مال أخيه بغير حقه، وذلك لما حرم الله مال المسلم على المسلم. (مسند أحمد بن حنبل ۵/ ۴۲۵، رقم: ۲۴۰۰۳)

عن عبدالله بن عمر –رضي الله عنه– قال رسول ﷺ:...... ومن دخل على غير دعوة، دخل سارقا وخرج مغيرا. (سنن ابي داؤد، كتاب الأطعمة، باب ماجاء في إجابة الدعوة، النسخة الهندية ۲/ ۵۲۵، دارالسلام، رقم: ۳۷۴۱)

(۸) میں یہ کہا گیا ہے کہ لڑکی والے شادی میں بارات بلائیں اور محلہ والوں کی

دعوت کریں، سواس کا حکم شرعی یہ ہے کہ لڑکی والے اپنی حیثیت کے دائرہ میں رہتے ہوئے کسی کے دباؤ کے بغیر اپنی خوشی سے لڑکے والوں کی طرف سے کچھ لوگوں کو بلائیں یا محلّہ والوں کی دعوت کریں تو اس میں کوئی حرج نہیں ہے، جیسا کہ مصنف عبدالرزاق اور معجم کبیر للطبرانی کی روایات سے اس کی گنجائش معلوم ہوتی ہے۔(المعجم الکبیر للطبرانی، داراحیاء التراث العربی ۲۲/ ۴۱۱، رقم: ۱۰۲۲، مصنف عبدالرزاق، المجلس العلمی ۵/ ۴۸۷، رقم: ۹۷۸۲، مجمع الزوائد ۹/ ۲۰۷)

(۹) سوال نمبر۹؍ میں مہر کے سکہ رائج الوقت کو پوچھا گیا ہے،سکہ رائج الوقت سے مراد جس وقت مہر ادا کیا جائے اس وقت کی رائج شدہ کرنسی ہے، اس کی مقدار وہی ہوگی جو بوقت نکاح متعین کی گئی ہے اور اگر اس سے مراد اقل مہر کی مقدار پوچھنا ہے تو سب سے کم درجہ کا مہر دس درہم ہے جو موجودہ اوزان کے حساب سے ۳۰؍ گرام ۶۱۸ ؍ملی گرام ہے، یعنی ۳؍ تولہ ۶۱۸ ؍ملی گرام چاندی ہے، اس کی قیمت بازار سے معلوم کر لی جائے۔

عن جابر، أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال: لا صداق دون عشرة دراهم. (سنن الدرقطني، النكاح، دارالكتب العلمية بيروت ۳/ ۱۷۳، رقم: ۳۵۶۰)

يتصرف مطلقة إلى غالب نقد البلد. (شامي، زكريا ۷/ ۵۸، كراچی ۴/ ۵۳۶)

وأقله عشرة دراهم. (شامي، كراچی ۳/ ۱۰۱، زكريا ۴/ ۲۳۰)

ويعتبر القيمة يوم الوجوب، وقالا: يوم الأداء (درمختار) وتحته في الشامية: يعتبر يوم الأداء بالإجماع، وهو الأصح. (شامي، زكريا ۳/ ۲۱۱، كراچی ۲/ ۲۸۶) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۰؍ صفر ۱۴۳۲ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۹/ ۱۰۲۹۳)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۳۲/۲/۲۴ھ

ولیمہ تیسرے دن یا بعد میں کیا جائے تو کیا حکم ہے؟

سوال [۵۲۲۴]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: احقر کو ولیمہ مسنونہ کے سلسلہ میں ایک فتوی درکار ہے، جو کہ نیچے تحریر ہے، ولیمہ مسنونہ شادی سے تیسرے دن یا اور بعد میں کیا جائے؟ تو اس کی حیثیت کس اعتبار کی ہوگی؟ از روئے کرم وضاحت کے ساتھ تحریر فرمادیں۔

المستفتی: سیف الدین پنڈت نگلہ

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: شبِ زفاف کے تیسرے دن تک حدیث شریف سے ولیمہ کا ثبوت ہے اور بلا کسی عذر کے تیسرے دن ولیمہ کو حدیث پاک میں ریاکاری اور دکھلاوے سے تعبیر کیا گیا ہے؛ اس لئے تیسرے دن سے پہلے پہلے ولیمہ مسنونہ سے فارغ ہوجانا چاہئے؛ لیکن اگر سخت عذر کی وجہ سے دوسرے دن کے بعد تاخیر کی جائے تو اس کی گنجائش ہے۔

عن عبدالله –رضي الله عنه– قال: الوليمة أول يوم حق، والثاني فضل، والثالث رياء وسمعة، ومن يسمّع يُسمّع الله به. (المعجم الكبير، دارإحياء التراث العربي ۹/ ۱۹۷، رقم: ۸۹۶۷)

عن وحشي بن حرب بن وحشي عن أبيه، عن جده قال: قال رجل يا رسول الله! الوليمة؟ قال: الوليمة حق، والثانية معروف، والثالثة فخر وحرج. (المعجم الكبير للطبراني، دار إحياء التراث العربي ۲۲/ ۱۳۷، برقم: ۳۶۲، أنوار نبوت/ ۶۶۰) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۳؍محرم الحرام ۱۴۳۱ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۸/ ۹۸۵۱)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۳؍۱؍۱۴۳۱ھ

نکاح میں چھوہارے تقسیم کرنے کی ذمہ داری کس پر اور ولیمہ کتنے دن بعد تک ہوسکتا ہے؟

سوال [۵۲۲۵]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: نکاح کی تقریب میں چھوہارے یا مٹھائی کے انتظام کی ذمہ داری لڑکی یا لڑکے والوں میں سے کس پر ہے؟ اور ولیمہ کتنے دن بعد تک کیا جاسکتا ہے؟

المستفتی: ماسٹر عبدالحق، خادم دینی لائبریری مدرسہ احیاء العلوم ہلدوانی، نینی تال

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: اس سوال میں دو چیزوں کے بارے میں پوچھا گیا ہے: (۱) نکاح میں چھوہارہ اور شیرینی تقسیم کرنا یہ چیزیں خوشی میں تقسیم کی جاتی ہیں، غمی میں نہیں، لڑکی والوں کے لئے غمی ہوتی ہے، خوشی نہیں؛ اس لئے کہ ان کی لڑکی جاتی ہے اور مال بھی جاتا ہے۔ اور لڑکے والوں کے لئے خوشی ہے؛ اس لئے کہ ان کے یہاں دولہن آتی ہے اور مال بھی آتا ہے؛ اس لئے ولیمہ کی سنت کا ادا کرنا لڑکے والوں پر ہی رکھا گیا ہے، اسی طرح بعض احادیث سے چھوہارہ تقسیم کرنا بھی لڑکے والوں کی طرف سے ثابت ہے، ہاں البتہ اگر لڑکی والے بھی اپنی خوشی سے کچھ تقسیم کردیں تو کوئی حرج نہیں ہے۔

عن عائشة –رضي الله عنها– أن رسول الله صلى الله عليه وسلم تزوج بعض نسائه، فنثر عليه التمر. (السنن الكبرى للبيهقي، كتاب الصداق، باب ماجاء في النثار في الفرح، دارالفكر ۱۱/ ۱۲۰، برقم: ۱۵۰۴۸)

(۲) حدیث شریف کے اندر ولیمہ نکاح کے بعد دو دن تک کرنے کی اجازت ہے، اس کے بعد کھانے کو ریاکاری کا کھانا قرار دیا گیا ہے۔

عن عبدالله –رضي الله عنه– قال: الوليمة أول يوم حق، والثاني فضل، والثالث رياء وسمعة، ومن يسمع الله به. (المعجم الكبير، دار

إحيـاء التراث العربي ۹/ ۱۹۷، برقم: ۸۹٦۷، ۲۲/ ۱۳۷، رقم: ۳٦۲، أنوار نبوت/ ٦٥۹)

فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۳/ ذیقعدہ ۱۴۳۰ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۸/ ۹۸۲۵)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۲۳/ ۱۱/ ۱۴۳۰ھ

ولیمہ کی دعوت میں لڑکے والوں کا ہدیہ قبول کرنا کیسا ہے؟

سوال [۵۲۲٦]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: (۱) ہمارے یہاں بعض شادیوں میں ایسا ہوتا ہے کہ اگر ولیمہ ہو تو اس میں لڑکی والے خاص تعداد میں جمع ہوجاتے ہیں اور ولیمہ کا کھانا کھانے کے بعد ایک معتد بہ رقم لڑکے والوں کو دیتے ہیں، مثلاً: -/3,100 روپے، -/5,100 روپے۔ واضح ہو کہ اس رقم کا پہلے سے ذہن میں ایک نشانہ متعین ہوتا ہے کہ یہ رقم لڑکی کے رشتہ دار اکٹھا کرتے ہیں اور اس میں کمی بیشی اس کی تلافی خود لڑکی والا کرتا ہے، سوال طلب بات یہ ہے کہ اس طرح رقم دے کر کھانا شرعاً کیسا ہے؟

(۲) نیز اس طرح جو لوگ چندہ دیتے ہیں، ان میں ایسے بھی ہوتے ہیں جو بادلِ ناخواستہ دیتے ہیں، نیز رقم لینے والا اس رقم کو نوٹ بھی کرلیتا ہے، تاکہ آئندہ اس کے یہاں ایسا موقع آئے تو اس کی تلافی کردے شرعاً اس کا کیا حکم ہے؟

المستفتی: محمد صدیق ٹانڈہ بادلی، رامپور

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: (۱) ولیمہ کی دعوت کھانا اور کھلانا سنت ہے؛ لیکن ولیمہ کا کھانا کھانے کے بعد لڑکی والوں سے ایک خاص مقدار میں ناحق رقم لینے یا دینے پر مجبور کرنا اور اس طرح لین دین کی رسم بنا لینا شرعاً انتہائی قبیح اور ناجائز ہے۔ (مستفاد: بہشتی زیور ٦/ ۳٦-۳۵، امداد الفتاوی زکریا ۵/ ۲۷۸)

(۲) حدیث میں ہدیہ لینے دینے کی بڑی ترغیب آئی ہے اور اس کو محبت کا ذریعہ بتلایا گیا ہے؛ لیکن اس رسم ورواج سے مجبور ہو کر دینا اور اس امید پر دینا کہ ہمارے یہاں بھی کوئی تقریب ہوگی تو وہ بھی ہمیں اتنا ہی دے گا، یہ ہدیہ نہیں ہے؛ بلکہ ظلم وزیادتی ہے اور نہایت ہی گھٹیا اور بے اصل بات ہے، اس طرح کی رسم کا ترک کرنا مسلمانوں پر لازم وضروری ہے۔

(مستفاد: امداد الفتاویٰ زکریا ۵/ ۲۷۸) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۰/ جمادی الثانیہ ۱۴۱۷ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۲/ ۴۹۱۲)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۲۰/ ۶/ ۱۴۱۷ھ

شادی میں مدعوئین کے ہدیہ تحائف کا حکم

سوال [۵۲۲۷]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: شادیوں میں دوست واحباب کو مدعو کیا جاتا ہے، یہ مدعوئین بوقت شرکت حیثیت کے مطابق شادی والے کو نذرانہ نقد یا اجناس (کپڑا، زیور ودیگر چیزیں) پیش کرتے ہیں، نذرانہ کا لین دین ازروئے شرع کیسا ہے؟

المستفتی: عبد الولی ولد حاجی عبد الکریم شیر کوٹ، بجنور

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: شادی کا موقع چوں کہ خوشی کا موقع ہوتا ہے؛ اس لئے اس موقع پر اگر دوست واحباب کو مدعو کیا جائے اور وہ اظہار خوشی کے لئے بطور نذرانہ نقد یا کپڑا وغیرہ دیں تو اس طرح کے لین دین میں کوئی مضائقہ نہیں، خود حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا سے نکاح کے وقت ان کے چچا کو کرتا مرحمت فرمایا تھا۔ (مستفاد: فتاوی محمودیہ، جدید ۱۲/ ۱۳۱، قدیم ۱۱/ ۱۵۴) لیکن یہ بطور عوض نہیں ہونا چاہئے۔

روى ابن شهاب الزهري أنه قيل لخويلد بن أسد بن عبدالعزى، وهو

ثمل من الخمر، هذا ابن أخيک محمد بن عبدالله بن عبدالمطلب يخطب خديجة، وقد رضيت …… فخلقت خديجة أباها وحلت عليه حلة، ودخل رسول الله صلى الله عليه وسلم بها فلما صحا الشيخ من سكرته قال ماهذه الخلوق وما هذه الحلة؟ قالت: ابنته أخت خديجة هذه حلة كساكها ابن أخيک محمد بن عبدالله بن عبدالمطلب أنكحته خديجة …… عن ابن عباس قال: …… فزوجها إياه فخلقته والبسته حلة، وكذلک كانوا يصنعون إذا زوجوا نسائهم. (تاريخ الخميس في أحوال أنفس نفيس، بحث تزوجه عليه السلام خديجة ١/ ٢٦٤، بحواله محموديه ڈابھیل ١٢/ ١٣٢) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ

۱۸/ رجب ۱۴۲۰ھ

(الف فتویٰ نمبر: ۳۴/ ۶۲۷۲)

اسٹینڈنگ (کھڑے ہوکر کھانے) میں شرکت کا حکم

سوال [۵۲۲۸]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: ایک صاحب سے ہماری بہت ہی قریبی رشتہ داری ہے، وہ اپنے لڑکے کی دعوت ولیمہ میں اسٹینڈنگ کھانا کررہے ہیں، ہم نے سنا ہے کہ چل پھر کر کھانا یا کھلانا غیر مسلموں کا شیوہ ہے، یہ بات ان کو بھی سمجھائی وہ کہتے ہیں کہ آپ کے لئے بیٹھ کر کھانے کا بھی نظم ہوگا، آپ جس طرح چاہیں کھاسکتے ہیں؛ لیکن دعوت ولیمہ میں شرکت ضرور کرنا، اگر آپ شریک نہیں ہوئے تو ہمارا بھی آپ سے تعلق ختم؛ لہٰذا ہمیں اس دعوت ولیمہ یا اس طرح کی دوسری دعوتوں میں جس میں اسٹینڈنگ کھانا کیا جارہا ہو، شرعاً شرکت کرنا درست ہے یا نہیں؟ قرآن وحدیث کی روشنی میں باوضاحت جواب مطلوب ہے، تاکہ آخرت کی گرفت سے بچا جاسکے۔

نوٹ: ہمارے شرکت نہ کرنے کی وجہ سے امید ہے کچھ اور لوگ بھی ایسی دعوتوں

سے رک جائیں گے۔

المستفتی: حمد الرحمٰن ولد حافظ شفیع الرحمٰن، گلشہید، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰه التوفيق: کھڑے ہوکر کھانا پینا جانوروں کا شیوہ ہے، اللہ تعالیٰ نے انسانوں کو دوسرے جانوروں اور حیوانات سے امتیازی شان عطا فرمائی ہے، انسانوں کے کھانے اور پینے کی امتیازی شان یہ ہے کہ وہ بیٹھ کر کھائیں؛ اس لئے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے بغیر عذر کے کھڑے ہوکر کھانے پینے سے منع فرمایا ہے۔ اور دعوت ولیمہ میں شرکت کرنے میں اگر کوئی عذر نہیں ہے، تو شرعاً شرکت لازم ہو جاتی ہے، اور سوال نامہ میں درج ہے کہ اگر سائل شرکت نہیں کرے گا، تو رشتہ وتعلق ختم کرنے کو تیار ہے، یعنی شرکت نہ کرنا باعث فتنہ ہے اور سائل کے لئے بیٹھ کر کھانے کے انتظام کا وعدہ کیا جارہا ہے، تو ایسی صورت میں فتنہ سے بچنے کے لئے شرکت کرنا جائز ہے اور بیٹھ کر کھلانے کا جہاں انتظام کیا گیا ہے، وہاں بیٹھ کر کھانا کھا کر واپس آجائے اور کھڑے ہوکر کھانے کا گناہ داعی پر ہوگا، آپ پر نہیں ہوگا۔

عن قتادة عن أنس –رضي الله عنه– عن النبي صلى الله عليه وسلم أنه نهى أن يشرب الرجل قائما، قال قتادة: فقلنا فالأكل، فقال: ذاك أشر أو أخبث. (مسلم شريف، كتاب الأشربة، باب كراهية الشرب قائما النسخة الهندية ٢/ ١٧٣، بيت الأفكار، رقم: ٢٠٢٤)

عن أبي هريرة –رضي الله عنه– قال: الوليمة حق وسنة، فمن دعي فلم يجب فقد عصى الله ورسوله. (المعجم الأوسط للطبراني، دارالفكر ٣/ ٨٨، رقم: ٣٩٤٨)

من دعي إلى وليمة فوجد ثمة لعبا، أو غناء فلا بأس أن يقعد ويأكل، فإن قدر على المنع يمنعهم، وإن لم يقدر يصبر، وهذا إذا لم يكن مقتدى به، أما إذا كان ولم يقدر على منعهم، فإنه يخرج ولا يقعد. (هندية، الباب الثاني

عشر في الهدايا والضيافات، زكريا ديوبند ٥/ ٣٤٣، جديد زكريا ٥/ ٣٩٧)

لا ينبغي التخلف عن إجابة الدعوة العامة، كدعوة العرس والختان ونحوهما. (هندية، الباب الثاني عشر في الهدايا والضيافات، جديد زكريا ديوبند ٥/ ٣٩٧، زكريا ٥/ ٣٤٣)

إني اشترى ديني بعضه، ببعض مخافة أن يذهب كله، معناه اترك بعض الورع، مخافة أن أفتن بشيء أشد منه، واجعل ذلك تقية لعرضي وديني، ومثله يباح عند الضرورة. (الفتاوى التاتارخانية، كتاب الحيل، الفصل السابع والعشرون، زكريا ديوبند ١٠/ ٤٨٩، رقم: ١٥٣١٢) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۶؍ربیع الثانی ۱۴۳۱ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۸/ ۹۹۹۷)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۳۱/۴/۷ھ

کس طرح کی دعوت ولیمہ میں شرکت ضروری ہے؟

سوال [۵۲۲۹]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: (۱) شادی اور ولیمہ کی دعوت قبول کرنا کیسا ہے؟ اور قبول نہ کرنے میں کوئی حرج تو نہیں ہے؟ (۲) اگر دعوت قبول کرلی جائے سامنے والے رشتہ دار یا دوست کو دیکھ کر کہ کہیں یہ قبول نہ کرنے سے ناراض نہ ہو جائے، پھر بعد میں نہ جائے تو کیا حکم ہے؟

(۳) وہاں جانے کے بعد کھانا کھانا ضروری ہے یا نہیں؟ مثلاً وہاں کھانا طبیعت کے ناموافق پکا دیا گیا ہے، پرہیز کے خلاف پکا دیا گیا ہے تو ایسی صورت میں کیا کرے؟

المستفتی: محمد ابراہیم

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: (۱) شادی اور ولیمہ میں اگر کوئی منکرات نہ ہوں تو اس میں شرکت کرنا کارِ ثواب ہے اور ایسی صورت میں بلا کسی عذر شرعی کے شرکت نہ کرنے

میں بعض دفعہ مؤمن کی دل شکنی کی وجہ سے گناہ بھی ہوتا ہے۔ (مستفاد: فتاوی محمودیہ قدیم ۱۴/ ۴۲۲، جدید ڈابھیل ۱۸/ ۹۵)

عن ابن عمر –رضي الله عنه– أن النبي صلى الله عليه وسلم قال: إذا دعي أحدكم إلى وليمة عرس، فليجب. (صحيح المسلم، كتاب النكاح، باب الأمر بإجابة الداعي إلى دعوة، النسخة الهندية ١/ ٤٦٢، بيت الأفكار، رقم: ١٤٢٩، سنن الدارمي، دارالكتب العلمية بيروت ٣/ ١٤١٥، رقم: ٢٢٥١)

أن أبا هريرة –رضي الله عنه– قال: سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول: حق المسلم على المسلم خمس: رد السلام، وعيادة المريض، واتباع الجنائز، وإجابة الدعوة، وتشميت العاطس. (بخاري شريف، كتاب الجنائز، باب الأمر باتباع الجنائز، النسخة الهندية ١/ ١٦٦، رقم: ١٢٢٦، ف: ١٢٤٠)

(۲) اگر وہاں کوئی خلاف شرع منکرات ہوں تو کسی طرح وہاں شرکت نہ کرنے کی شکل اختیار کرے، اب جو بھی شکل مناسب ہو وہ اختیار کرے۔

عن عمران بن الحصين –رضي الله عنه– قال: نهى رسول الله صلى الله عليه وسلم عن إجابة طعام الفاسقين. (المعجم الأوسط، دارالفكر ١/ ١٣٨، رقم: ٤٤١، المعجم الكبير للطبراني، دار إحياء التراث العربي ١٨/ ١٦٨، رقم: ٣٧٦)

وأما إذا علم قبل الحضور فلا يحضر؛ لأنه لا يلزمه حق الدعوة. (فتاوى عالمگرى، الباب الثاني عشر في الهدايا والضيافات، زكريا ديوبند ٥/ ٣٤٣، جديد زكريا ٥/ ٣٩٧)

ويسقط الإجابة بأعذار، نحو كون الشبهة في الطعام، أو حضور الأغنياء فقط، أو من لا يليق مجالسته، أو يدعو لجاهه، أو لتعاونه على باطل، أو كون المنكر هناك، مثل الغناء وفرش الحرير. (بذل المجهود، كتاب الأطعمة، باب ماجاء في إجابة الدعوة، مكتبة سهارن پور، قديم ٤/ ٣٤٤،

دارالبشائر الإسلامية ١١/ ٤٦٧، تحت رقم الحديث: ٣٧٣٦)

(۳) پرہیز کے خلاف کھانا پکا ہے تو صرف شرکت کافی ہے اور اس سے دعوت قبول کرنے کا فریضہ ادا ہوجاتا ہے، کھانا ضروری نہیں ہے۔ (مستفاد: فتاوی محمودیہ قدیم ۱۴/ ۴۲۲، جدید ڈابھیل ۱۸/ ۹۶)

لا ينبغي التخلف عن إجابة الدعوة العامة، كدعوة العرس والختان ونحوهما، وإذا أجاب فقد فعل ما عليه، أكل أو لم يأكل، وإن لم يأكل فلا بأس به. (فتاوى عالمگيري زكريا ديوبند ٥/ ٣٤٣، جديد زكريا ٥/ ٣٩٧) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۴ر جمادی الثانیہ ۱۴۲۱ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۵/ ۶۷۲۸)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۲۱/۶/۵ھ

خرافات والی شادی میں ولیمہ کی دعوت کھانا

سوال [۵۲۳۰]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: جس شادی میں خرافات ہوں، گانا بجانا ہو، اس کا ولیمہ کھانا کیسا ہے؟

المستفتی: محمد صدیق، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: کھانا بہرحال حلال ہے، مگر ایسی شادی میں شرکت کرنے سے اپنی حفاظت ضروری ہے۔

فَلَا تَقْعُدْ بَعْدَ الذِّكْرٰى مَعَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ. [الأنعام: ٦٨]

عن عمران بن حصين –رضي الله عنه– قال: نهى رسول الله صلى الله عليه وسلم عن إجابة طعام الفاسقين. (المعجم الكبير للطبراني، دار إحياء التراث

العربي ۱۸/ ۱٦۸، رقم: ۳۷٦)

دعي إلى وليمة وثمة لعب، أو غناء قعد وأكل لو المنكر في المنزل، فلو على المائدة لا ينبغي أن يقعد بل يخرج معرضا. (درمختار، كتاب الكراهية، كراچی ٦/ ۳٤۸، زكريا ۹/ ۵۰۱)

وإن علم المدعو أن فيها لهوا لا يجيب سواء كان ممن يقتدى به أولا؛ لأنه لا يلزمه إجابة الدعوة إذا كان هناك منكر. (مجمع الأنهر، كتاب البيوع، فصل في المتفرقات، دارالكتب العلمية بيروت ٤/ ۲۱۷، قديم ۲/ ۵۵۰، هداية مع الفتح، كتاب الكراهية، زكريا ۱۰/ ۱۲، هندية، باب الهدايا والضيافات، زكريا ۵/ ۳٤۳، جديد زكريا ۵/ ۳۹۷، تاتارخانية ۱۸/ ۱۷۵، رقم: ۲۸٤۰٦) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۸؍ جمادی الاولیٰ ۱۴۱۹ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۲/ ۴۴۵۲)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۱۹/۵/۸ھ

ولیمہ کے لئے قرض لینا ازروئے شرع کیسا ہے؟

سوال [۵۲۳۱]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: ولیمہ کی شرعی حیثیت کیا ہے؟ ولیمہ کس حد تک کرنا چاہئے؟ کیا اس کے لئے قرض لیا جاسکتا ہے یا اپنی مالی استطاعت کے مطابق کیا جائے؟

المستفتی: قاری شکیل احمد، مدرسہ ہدایت العلوم بھگوان پور، بجنور

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: شریعت میں ولیمہ مشروع اور مسنون ہے؛ لیکن اپنی حیثیت کے اعتبار سے ولیمہ کرنا مسنون ہے۔ اور اس کے لئے قرض لے کر ولیمہ کرنے کا شریعت نے مکلف نہیں بنایا ہے۔ (مستفاد: بہشتی زیور چھٹا حصہ، ص: ۴۰، انوار نبوت، ص: ٦۵۸)

عن أبي هريرة –رضي الله عنه– قال: الوليمة حق وسنة، فمن دعي فلم يجب فقد عصى الله ورسوله. (المعجم الأوسط، دارالفكر ۳/ ۸۸، رقم: ۳۹٤۸)

ولا خلاف بين أهل العلم في أن الوليمة سنة في العرس مشروعة لما روي أن النبي صلى الله عليه وسلم أمر بها وفعلها. (إعلاء السنن، كراچی ۱۱/ ۱۲، عباس أحمد الباز ۱۱/ ۱۹)

وفي الاختيار: وليمة العرس سنة قديمة. (أوجز المسالك، دارالقلم دمشق ۱۰/ ۵۷۷)

وأجمعوا على أن لا حد لأكثرها، وأما أقلها فكذلك، ومهما تيسر أجزأ، والمستحب أنها على قدر حال الزوج. (بذل المجهود، كتاب النكاح، باب قلة المهر، مكتبه سهارن پور، قديم ۳/ ۲٤۰، دارالبشائر الإسلامية ۸/ ۲۱، تحت رقم الحديث: ۲۱۰۹)

قال الباجي: قوله: ولو بشاة، وإن كان يقتضي التقليل إلا أنه ليس بحد لأقل الوليمة؛ فإنه لاحد لأقلها، وإنما ذلك على حسب الوجود. (أوجز المسالك، دار القلم ۱۰/ ۵۸۸) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۵ر محرم الحرام ۱۴۳۳ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۹/۱۰۶۱۳)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۲۵/۱/۱۴۳۳ھ

عقیقہ کی نیت سے خریدے گئے جانور سے ولیمہ کرنا اور اس کے برعکس کا حکم

سوال [۵۲۳۲]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: (۱) اگر کوئی شخص جانور خرید کر لاتا ہے ولیمہ کی نیت سے، پھر اس میں عقیقہ کرنا چاہے تو کیسا ہے؟

(۲) عقیقہ کی نیت سے جانور خریدا، پھر اسی میں ولیمہ بھی کرنا چاہے تو کرسکتا ہے یا نہیں؟

المستفتی: محمد عادل شیرازی

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: ولیمہ کے لئے جانور خریدنے والا اگر مالدار صاحب نصاب آدمی ہے، تو اس کے لئے یہ جائز ہے کہ ولیمہ کے واسطے خریدے ہوئے جانور کو عقیقہ میں تبدیل کردے، پھر اسے عقیقہ کی نیت سے ذبح کردے، نیز عقیقہ کے گوشت سے ولیمہ کھلانا شرعی طور پر جائز ہے۔ اور دوسرے سوال میں بھی مستفتی نے یہی پوچھا تھا کہ عقیقہ کی نیت سے جانور خریدا اس میں ولیمہ کھلانا درست ہے یا نہیں؟ تو شرعی طور پر یہ بھی جائز اور درست ہے۔ (مستفاد: فتاوی محمودیہ ۱۴/ ۳۳۳، جدید ڈابھیل ۱۷/ ۵۱۸، مسائل قربانی وعقیقہ/ ۲۴)

ولو اشترى أضحية، ثم باعها، واشترى مثلها لم يكن به بأس. (البناية، أشرفيه ديو بند ۱۲/ ۲۰، حاشية حموي على الأشباه / ٤٠)

وإذا اشترى أضحية، ثم باعها، فاشترى مثلها فلا بأس بذلك.

(المبسوط، دارالكتب العلمية بيروت ۱۲/ ۱۳) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۴/ جمادی الثانیہ ۱۴۲۶ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۸/ ۸۸۷۰)

۴/ باب الجهاز

جہیز کا صحیح معنی

سوال [۵۲۳۳]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: (۱) ہمارے یہاں لڑکی کی شادی کے موقع پرلڑکی کے ساتھ کچھ سامان بطور جہیز دیا جاتا ہے۔ اور واضح رہے کہ یہ بغیر مطالبہ کے دیا جاتا ہے، شریعت کی رو سے یہ عمل کیسا ہے؟ کیا شریعت اس کی اجازت دیتی ہے؟

(۲) اگر لڑکے والے لڑکی والوں سے مطالبہ کے طور پر جہیز لیں تو شرعاً اس کا ثبوت ہے؟ یہ عمل کیسا ہے؟

(۳) اور لڑکی والے اس جہیز کی بنا پر جب لڑکی اس دنیا میں آتی ہے تب ہی سے جیون بیمہ کرا دیتے ہیں، تاکہ شادی کے وقت یہ پیسہ کام دے اور لڑکی کی شادی بہتر طریقہ سے ہو جائے تو کیا لڑکی والوں کا ایسا جیون بیمہ کرانا صحیح ہے؟

(۴) جہیز کے بغیر شادی ہوتی ہی نہیں، جیسا کہ مشاہدہ ہے، تو ہم غرباء اس وقت کیا کریں؟

المستفتی: محمد عمران لکھیم پوری، متعلم مدرسہ شاہی مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: (۱) شادی کے موقع پرلڑکی کے گھر والوں کا کچھ سامان بطور جہیز دینے کی گنجائش ہے، جب کہ لڑکے والوں کی طرف سے مطالبہ بھی نہیں پایا جا رہا ہے۔ (مستفاد: فتاویٰ دارالعلوم ۳۶۲/۸)

صحابہ رضی اللہ عنہم کے دور میں بھی جہیز دینے کا سلسلہ رہا ہے۔

عن جابر –رضي الله عنه– قال: جاء ت امرأة سعد بن الربيع إلى رسول الله ﷺ ...... ولا ينكحان إلا ولهما مال. (مسند أحمد ۳/ ۳۵۲، رقم:

١٤٨٥٨، سنن أبي داؤد، الفرائض، باب ماجاء في الصلب، النسخة الهندية ٢/ ٤٠٠، دارالسلام، رقم: ٢٨٩١، سنن الترمذي، الفرائض، باب ماجاء في ميراث البنات، النسخة الهندية ٢/ ٢٩، دارالسلام، رقم: ٢٠٩٢)

(۲) لڑکی والوں سے جہیز کا مطالبہ کرنا ناجائز اور حرام ہے، نیز ایسا مطالبہ کرنا نہایت گھٹیا پن اور کمینہ پن کی بات ہے جو جہیز کی وجہ سے کسی لڑکی سے نکاح کرتا ہے، حدیث شریف میں آیا ہے کہ اللہ تعالیٰ اسے فقیر بنا دیتے ہیں۔

أنس بن مالك –رضي الله عنه– يقول: سمعت النبي صلى الله عليه وسلم يقول: من تزوج امرأة لعزها لم يزده الله إلا ذلا، ومن تزوجها لمالها لم يزد الله إلا فقرا. الحديث (المعجم الأوسط، دارالفكر ٢/ ١٨، رقم: ٢٣٤٢)

(۳) جہیز دینا شرعاً جائز ہے، فرض اور واجب نہیں ہے کہ لڑکی کا جیون بیمہ (جو کہ حرام ہے) کرا کر سود کی رقم سے جہیز دیں، جیون بیمہ کرانا تین وجوہ کی بنا پر حرام ہے: (۱) اس میں جمع شدہ رقم پر بطور سود زائد رقم ملتی ہے، جو حقیقتاً ربوا اور سود میں داخل ہے۔ اور ربوٰ کی حرمت آیات قرآنیہ واحادیث رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت ہے۔

وَاَحَلَّ اللّٰهُ الْبَيْعَ وَحَرَّمَ الرِّبَا. [سورة البقرة: ٢٧٥]

(۲) جیون بیمہ اپنی صورت وشکل کے اعتبار سے جوا اور قمار ہے اور جوے کی قطعی حرمت قرآنی دلائل سے ثابت ہے۔

اِنَّمَا الْخَمْرُ وَالْمَيْسِرُ وَالْاَنْصَابُ وَالْاَزْلَامُ رِجْسٌ مِنْ عَمَلِ الشَّيْطَانِ فَاجْتَنِبُوْهُ. [سورة المائدة: ٩٠]

(۳) انسان کی جان اور اعضاء اشیاء غیر متقومہ ہیں اور شئ غیر متقوم کا کوئی عوض نہیں ہوا کرتا ہے۔ اور اگر بالفرض عوض مقرر کیا جائے تو وہ عوض نہیں ہوتا؛ بلکہ صورۃً رشوت ہوتی ہے۔ اور رشوت بھی بحکم خبر حرام اور باعث عذاب ہے۔

عن عبدالله بن عمرو –رضي الله عنه– قال: لعن رسول الله صلى الله

علیه وسلم الراشي والمرتشي. الحديث (أبو داؤد شريف، باب في كراهية الرشوة، النسخة الهندية ۲/ ۴۸، دارالسلام، رقم: ۳۵۸۰، سنن الترمذي، باب ماجاء فی الراشی والمرتشي في الحكم، النسخة الهندية ۲/ ۵۹، دارالسلام، رقم: ۱۳۳۷)

لہٰذا ان وجوہ کی بنا پر جہیز کے لئے جیون بیمہ کرانا قطعاً ناجائز اور حرام ہے۔(مستفاد: ایضاح النوادر ا/۱۳۳، امداد الفتاویٰ ۳/ ۱۶۱)

(۴) جہیز کا مطلب یہ نہیں ہے کہ ضروریات زندگی کے تمام سامان جہیز میں دئے جائیں؛ بلکہ ایک چارپائی، ایک دیگچی اور چند برتن دے کر بھی اپنی بیٹی کو رخصت کیا جا سکتا ہے اور یہی اس کا جہیز ہے۔ اور اتنا تو ہر مزدور اور غریب سے غریب تر آدمی بھی کر سکتے ہیں، غرباء کو مالداروں کی طرح ہزارہا روپیوں کا سامان دینے کا ارادہ نہیں کرنا چاہئے اور غرباء نے خود اپنے اوپر یہ ذمہ داری ڈال رکھی ہے، کہ ہم بھی مالداروں کی طرح جہیز دیں گے، اسی وجہ سے معاشرہ میں خرابی آئی ہے، غرباء اپنی لڑکی ایسے لوگوں کے یہاں نہ دیں جو جہیز کا مطالبہ کرتے ہوں، غرباء صفائی سے کہہ دیا کریں کہ ہم لڑکی دے سکتے ہیں جہیز نہیں دے سکتے ہیں، آپ نے سوال میں لکھا ہے کہ غرباء کیا کریں؟ تو وہ ایسا ہی کیا کریں۔ فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۴؍ربیع الثانی ۱۴۲۱ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۵/ ۶۶۳۶)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۲۱/۴/۲۴ھ

جہیز میں کتنا سامان دیا جائے؟

سوال [۵۲۳۴]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: لڑکی والے جو جہیز دیتے ہیں وہ جائز ہے یا نہیں؟ جہیز کتنا دینا چاہئے؟ ہم سادگی سے نکاح کرانا چاہتے ہیں، صحیح جواب سے نوازیں۔

المستفتی: عبدالغفار چودھری، ساکن کھیرا ٹانڈہ، رامپور

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: جہیز میں ماں باپ اپنی لڑکی کو اپنی خوشی سے بغیر کسی پریشانی اور دباؤ کے جتنا چاہیں اور جو چاہیں دے سکتے ہیں، ہاں البتہ لڑکے والوں کی طرف سے کسی طرح کا اشارہ یا دباؤ وغیرہ پیدا کرنا لڑکے والوں کے لئے ناجائز اور حرام ہے۔ (مستفاد: فتاوی دارالعلوم ۸/۳۶۳)

عن جابر بن عبداللہ –رضي الله عنه– قال: خرجنا مع رسول الله صلى الله عليه وسلم حتى جئنا امرأة من الأنصار في الأسواف –إلى– فوالله لا تنكحان أبدا إلا ولهما مال. الحديث (سنن أبي داؤد، الفرائض، باب ماجاء في الصلب، النسخة الهندية ۲/ ۴۰۰، دارالسلام، رقم: ۲۸۹۱)

أنس بن مالک –رضي الله عنه– يقول: سمعت النبي صلى الله عليه وسلم يقول: من تزوج امرأة لعزها لم يزده الله إلا ذلا، ومن تزوجها لمالها لم يزد الله إلا فقرا. الحديث (المعجم الأوسط، دارالفكر ۲/ ۱۸، رقم: ۲۳۴۲، مجمع الزوائد، دارالكتب العلمية بيروت ۴/ ۲۵۴) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۱/ ربیع الثانی ۱۴۲۲ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۵/۷۱۶۴)

کیا حسبِ استطاعت جہیز دینا جائز ہے؟

سوال [۵۲۳۵]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: زید نے اپنی لڑکی کی شادی کی اور اس شادی میں اس نے حسب استطاعت بخوشی جہیز دیا، تو یہ جہیز جائز ہے کہ ناجائز؟ اور بعض علماء کرام اپنی تقریروں کے اندر اجلاس اور مسجدوں میں آئے دن علی الاعلان کہتے ہیں کہ جہیز کا ثبوت کسی حدیث سے نہیں ہے اور وہ

استدلال کرتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کو جو جہیز دیا تھا، وہ جہیز نہیں تھا؛ بلکہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کی پرورش کی تھی اور آپ مقابلہ میں باپ کے ہوئے؛ اس لئے اگر کوئی باپ اپنی اولاد کو شادی کے موقع پر کچھ دے تو وہ جہیز نہیں ہوتا تو اس کی حقیقت کیا ہے؟

المستفتی: سرتاج احمد لکھیم پور، متعلم مدرسہ شاہی، مراد آباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: اپنی لڑکی کو اپنی مرضی اور خوشی سے رخصتی میں حسب استطاعت سامان جہیز دینا بلا شبہ جائز ہے، بعض روایات سے ثابت ہے کہ حضرات صحابہ رضی اللہ عنہم کے دور میں بھی اپنی لڑکی کو جہیز میں حسب استطاعت سامان دیا جاتا تھا، حضرت سعد بن الربیع کی شہادت پر ان کے بھائی نے تمام مال پر قبضہ کرلیا تھا، ان کی اہلیہ نے ان کی دو لڑکیوں کو لے کر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوکر فرمایا کہ یا رسول اللہ! سارا مال سعد کے بھائی نے لے لیا اور سعد کی یہ دو لڑکیاں ہیں، بغیر مال کے ان کی شادی نہیں ہوسکتی۔

عن جابر بن عبداللّٰه –رضي الله عنه– قال: جاء ت امرأة سعد بن الربيع بابنتيها من سعد إلى رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم فقالت: يا رسول اللّٰه! هاتان ابنتا سعد بن الربيع ...... ولا تنكحان إلا ولهما مال. الحديث (سنن الترمذي، الفرائض، باب ماجاء في ميراث البنات، النسخة الهندية ۲/ ۳۰، دارالسلام، رقم: ۲۰۹۲)

اس سے اتنا ثابت ہوا کہ لڑکی والوں کا اپنی خوشی سے دینا مشروع ہے، مگر جہیز کے دینے میں حسب ذیل امور کی رعایت نہایت ضروری ہے:

(۱) جہیز کے سامان کی نمائش نہ کی جائے۔ (۲) جہیز نہ دینے سے دولہا اور اس کے خاندان کی طرف سے قولاً یا عملاً دباؤ نہ ہو؛ بلکہ جہیز کا سامان لڑکی والوں سے مانگنا اور ان پر دباؤ ڈالنا زبردست ظلم اور کمینگی اور ناجائز ہے، علماء انہیں کمینہ حرکتوں پر نکیر کرتے ہیں اور

جہاں تک ہوسکے چھپا کر دیا جائے اور سوال میں باپ بیٹے کی توجیہ جو پیش کی گئی ہے، اس کے بارے میں بندہ کو معلومات نہیں۔ فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۸ر صفر المظفر ۱۴۱۶ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۲/ ۴۳۴۱)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۱۶/۲/۱۸ھ

جہیز دینے کی جائز صورت

سوال [۶۲۳۶]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: جہیز دینے کی کوئی جائز صورت ہے یا نہیں؟ اگر ہے تو مفصل تحریر فرمائیں۔

المستفتی: محمد شمیم پرتاب گڑھ

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وبالله التوفيق: لڑکی والے اپنی لڑکی کو اپنی مرضی وخوشی سے جو کچھ بھی دینا چاہیں دے سکتے ہیں، وہ لڑکی ہی کی ملکیت ہوتی ہے، اس کا نام چاہے جہیز رکھا جائے یا کچھ اور رکھا جائے، وہ لڑکی ہی کی ملکیت ہوتی ہے، لڑکے والوں کی نہیں، لڑکے والوں کا اس میں نہ دخل دینا جائز ہے اور نہ اس میں دباؤ ڈالنا جائز ہے، حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی بڑی صاحبزادی حضرت زینب رضی اللہ عنہا کو ہار کا دینا حدیث سے ثابت ہے، اسی طرح اگر ماں باپ اپنی بیٹی کو کچھ دینا چاہیں، تو ان کے اختیار کی بات ہے، کسی کو اس میں دخل دینے کا حق نہیں۔

عن عائشة –رضي الله عنه– قالت: لما بعث أهل مكة في فداء أسرائهم بعثت زينب في فداء أبي العاص بمال، و بعثت فيه بقلادة لها كانت عند خديجة أدخلتها بها على أبي العاص. (أبوداؤد شريف، الجهاز، باب في فداء الأسير بالمال، النسخة الهندية ۲/ ۳۶۷، دارالسلام، رقم: ۲۶۹۲) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۵ر محرم الحرام ۱۴۲۴ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۶/ ۷۸۷۹)

جہیز دینے کا ثبوت ہے یا نہیں؟

سوال [۵۲۳۷]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: شادی کے موقع پر بہن بہنوئی وغیرہ کو بطور خوشی پیسے یا جوڑا وغیرہ دینا جائز ہے یا نہیں؟ اور جہیز کا ثبوت ہے یا نہیں؟

المستفتی: عبدالرحمٰن

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: لڑکی کی شادی کے موقع پر گھر والوں کا اپنی لڑکی کو بطور جہیز کچھ سامان اپنی وسعت کے بقدر دینے میں کوئی مضائقہ نہیں ہے؛ البتہ لڑکے یا گھر والوں کی جانب سے جہیز کا مطالبہ انسانی اخلاق اور شریعت دونوں اعتبار سے مذموم اور ناجائز ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص جہیز کی وجہ سے شادی کرے، اللہ اس کو فقیر بنا دیتا ہے۔

عن جابر بن عبدالله –رضي الله عنه– قال: خرجنا مع رسول الله صلى الله عليه وسلم حتى جئنا امرأة من الأنصار في الأسواف –إلى– فوالله لا تنكحان أبدا إلا ولهما مال. (سنن أبي داؤد، الفرائض، باب ماجاء في الصلب، النسخة الهندية ۲/ ۴۰۰، دارالسلام، رقم: ۲۸۹۱، سنن الترمذي، باب ماجاء في ميراث البنات، النسخة الهندية ۲/ ۲۹، دارالسلام، رقم: ۲۰۹۲، مسند أحمد بن حنبل ۳/ ۳۵۲، رقم: ۱۴۸۵۸)

أنس بن مالك –رضي الله عنه– يقول: سمعت النبي صلى الله عليه وسلم يقول: من تزوج امرأة لعزها لم يزده الله إلا ذلا، ومن تزوجها لمالها لم يزد الله إلا فقرا. الحديث (المعجم الأوسط، دارالفكر ۲/ ۱۸، رقم: ۲۳۴۲، مجمع الزوائد، دارالكتب العلمية بيروت ۴/ ۲۵۴) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۵؍ محرم الحرام ۱۴۲۲ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۵/ ۶۹۹۷)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصورپوری غفرلہ
۱۴۲۲/۱/۵ھ

شادی کے موقع پر جہیز دینا

سوال [۵۲۳۸]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: شادی میں لڑکی والے جو لڑکے والوں کو جہیز کی شکل میں اور نقدی کی صورت میں دیتے ہیں، جب کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی دختر جناب سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا کو جہیز حضرت علیؓ کی زرہ فروخت کروا کر دیا تھا، کیا یہ درست ہے؟

المستفتی: سید اشرف علی شیرکوٹ، بجنور

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: شادی کے موقع پر اگر لڑکی والے بغیر دباؤ کے اپنی خوشی سے لڑکے والوں کو جہیز میں کچھ سامان دے دیں تو یہ درست ہے۔ اور روایتوں سے اس کا ثبوت ملتا ہے۔

عن علي –رضي الله عنه– قال: جهز رسول الله صلى الله عليه وسلم فاطمة في خميل وقربة ووسادة حشوها إذخر. (سنن النسائي، النكاح، جهاز الرجل ابنته، النسخة الهندية ۲/ ۷۷، دارالسلام، رقم: ۳۳۸۶، مسند أحمد بن حنبل ۱/ ۸٤، رقم: ٦٤۳، ۷۱٥، ۸۱۹، ۸۳۸، ۸٥۳، المستدرك، كتاب النكاح، قديم ۲/ ۱۸٥، مكتبه نزار مصطفى الباز ۳/ ۱۰٤۱، رقم: ۲۷٥٥)

اور یہ کہنا صحیح نہیں ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کو جہیز کا سامان حضرت علی رضی اللہ عنہ کی زرہ فروخت کرا کے دیا تھا؛ بلکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے پاس سے عطا فرمایا تھا۔ اور حضرت علی رضی اللہ عنہ کی زرہ کی قیمت مہر میں دلوائی تھی، جو حضرت علی رضی اللہ عنہ پر واجب تھی۔

ما جاء بک ألک حاجة، فسکت، فقال: لعلک جئت تخطب فاطمة، فقلت: نعم، فقال: وهل عندک من شيء تستحلها به، فقلت: لا،

والله يا رسول الله! فقال: ما فعلت درع سلحتكها فوالذي نفس علي بيده أنها لحطمية ما قيمتها أربع مائة درهم، فقلت عندي، فقال: قد زوجتكها فابعث إليها بها، فاستحلها بها، فإن كانت لصداق فاطمة بنت رسول الله صلى الله عليه وسلم. (حياة الصحابة ۳/ ۳۲۷، كذا في البداية دارالفكر بيروت ۳/ ۳٤٦، السنن الكبرى للبيهقي، كتاب الصداق، باب ما يستحب من القصد في الصداق، دارالفكر ۱۱/ ۹، رقم: ۱٤۷۰۰) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۹؍شعبان ۱۴۱۶ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۲/ ۴۵۶۷)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۱۶/۸/۹ھ

جہیز کی مقدار کیا ہے؟

سوال [۵۲۳۹]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: جہیز دینا کیسا ہے؟ اور اس کی مقدار کیا ہے؟ کیا جہیز دینے کے بعد ماں باپ کو اپنی وراثت سے حصہ دینا ضروری ہے یا نہیں؟

المستفتی: قاری شکیل احمد، مدرسہ ہدایت العلوم بھگوان پور

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: جہیز کی کوئی خاص مقدار متعین نہیں ہے؛ بلکہ ماں باپ اپنی حیثیت اور گنجائش کے اعتبار سے بخوشی اپنی بیٹی کو جو چاہیں دے سکتے ہیں، بشرطیکہ اس میں شہرت اور دکھلاوا نہ ہو، نیز اس میں لڑکے والوں کی طرف سے کسی قسم کا مطالبہ اور خواہش کا اقدام نہ ہو۔ اور جہیز دینے کے بعد بھی لڑکی والدین کی ملکیت میں شرعی وراثت کی حقدار ہوتی ہے، جہیز دینے کے بعد یہ سمجھ لینا کہ اب وراثت میں اس کا کوئی حصہ نہیں رہا یہ جہالت اور لڑکی کو اس کے شرعی حق سے محروم کرنا ہے جو قطعی طور پر جائز نہیں ہے۔ (مستفاد: بہشتی زیور ۶/ ۴۰، انوار نبوت، ص: ۶۹۹-۷۰۰)

عن أنس بن مالك -رضي الله عنه- قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: من فر من ميراث وارثه قطع الله ميراثه من الجنة يوم القيامة.

(ابن ماجة، باب الحيف في الوصية، النسخة الهندية ١/ ١٩٤، دارالسلام رقم: ٢٧٠٣)

عن سعيد بن زيد -رضي الله عنه- قال: سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول: من أخذ من حق امرئ من المسلمين شبرا بغير حق طوقه الله تعالىٰ يوم القيامة سبع أرضين. (المعجم الأوسط، دارالفكر ٦/ ١٦٦-١٦٧، رقم: ٨٣٨٣) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۵/ محرم الحرام ۱۴۲۳ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۱۰۶۱۲/۳۹)

جہیز کا مطالبہ کرنا

سوال [۵۲۴۰]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: زید کے والد صاحب ۴/ برسوں سے اپنے لڑکے کی شادی میں جہیز لینے پر تلے ہوئے ہیں؛ لیکن زید ایک دم خلاف ہے، بہت طرح سے سمجھا کر بہت سارے لوگ تھک گئے ہیں، زید شریعت کے اندر شادی کرنا چاہتا ہے، اب زید کے لئے ایک راستہ یہ ہے کہ اپنے والد صاحب کو جہیز لینے دے گا؛ لیکن شادی کے بعد جب زید جائیداد کا مالک بن جائے گا تو زید اپنے ہاتھوں سے سارا جہیز سسرال والوں کو لوٹا دے گا، بہر صورت زید کے لئے یہ قدم شرعاً کیسا ہے؟

المستفتی: شفیع الرحمٰن قاسمی، گیا

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وبالله التوفيق: جہیز کا مطالبہ کرنا قطعاً ناجائز ہے، ہاں البتہ لڑکی

کے باپ کو اختیار ہے کہ اپنی لڑکی کو حسب حیثیت جو چاہے دے، لڑکے والوں کو مطالبہ کا کوئی حق نہیں اور مطالبہ کرنا نہایت گھٹیا اور کمینہ پن اور حرام ہے، جہیز کا سامان جس طریقہ سے بھی آتا ہے وہ لڑکی ہی کی ملکیت ہوتا ہے، اور نہ لڑکے کے باپ کا کوئی حق اور نہ لڑکے کا کوئی حق اس میں متعلق ہے۔ اور لڑکی کو یہ بھی اختیار ہے کہ اپنے سامان پر کسی کو ہاتھ بھی نہ لگانے دے اور لڑکے نے جو کہا ہے کہ جہیز کا سامان بعد میں واپس کردے گا یہ واپس کرنے کا حق لڑکی ہی کو ہے، لڑکے کو نہیں ہے۔

عن أبي حرة الرقاشي عن عمه قال: كنت أخذا بزمام ناقة رسول الله صلى الله عليه وسلم ...... فقال: يا أيها الناس! ...... ألا! لا تظلموا، ألا ! لا تظلموا، ألا! لا تظلموا، إنه لا يحل مال امرئ إلا بطيب نفس منه. الحديث

(مسند أحمد بن حنبل ٥/ ٧٢، رقم: ٢٠٩٧١)

عن أبي حميد الساعدي أن النبي صلى الله عليه وسلم، قال: لا يحل لامرئ أن يأخذ مال أخيه بغير حقه، وذلك لما حرم الله مال المسلم على المسلم. (مسند أحمد بن حنبل ٥/ ٤٢٥، رقم: ٢٤٠٠٣)

فإن كل أحد يعلم أن الجهاز ملك المرأة. (شامي، كتاب الطلاق، باب النفقة، مطلب: فيما لو زفت إليه بلا جهاز، زكريا ٥/ ٢٩٩، كراچی ٣/ ٥٨٥)

فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۴ رصفر المظفر ۱۴۲۰ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۴/ ۶۰۲۷)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۲۰/۲/۱۴ھ

شادی میں بطور مطالبہ یا بلا مطالبہ جہیز کا حکم

سوال [۵۲۴۱]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے

بارے میں: شادی میں جہیز مانگنا کیسا ہے؟ اور اگر لڑکی والا خود سے جہیز دے دے تو کیا لڑکا اس کو استعمال کرسکتا ہے یا نہیں؟ اور لڑکی والے کا خود دینا کیسا ہے؟

المستفتی: عبدالمتین، قصبہ بھنگا شراوستی

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: لڑکے والوں کا شادی میں جہیز مانگنا ناجائز اور حرام ہے، نیز اس طرح بھیک مانگنا گھٹیاپن اور کمینہ پن کی بات ہے، جو جہیز کی وجہ سے کسی لڑکی سے نکاح کرتا ہے حدیث شریف میں آیا ہے کہ اللہ تعالیٰ اسے فقیر بنادیتے ہیں۔

أنس بن مالک -رضي الله عنه- یقول: سمعت النبي صلی الله علیه وسلم یقول: من تزوج امرأة لعزها لم یزده الله إلا ذلا، ومن تزوجها لمالها لم یزد الله إلا فقرا. الحدیث (المعجم الأوسط، دارالفکر ۲/ ۱۸، رقم: ۲۳۴۲، مجمع الزوائد، دارالکتب العلمیة بیروت ۴/ ۲۵۴)

لڑکی والے اپنی مرضی سے اپنی لڑکی کو جو چاہیں جہیز میں دے سکتے ہیں، جب کہ لڑکے والوں کی طرف سے ان پر کوئی دباؤ نہ ہو اور جہیز کے سارے سامان لڑکی کی ملکیت میں ہوتے ہیں، اس کی اجازت کے بغیر اس کا سامان کسی کے لئے استعمال کرنا جائز نہیں؛ لہٰذا لڑکا بھی اسی وقت استعمال کرسکتا ہے جب لڑکی کی طرف سے صراحتاً یا دلالۃً اجازت ہو، ہاں البتہ جو چیزیں لڑکی والے اپنی خوشی سے داماد کو استعمال کے لئے مخصوص کرکے دیتے ہیں اس کے استعمال میں داماد کو پھر کسی سے اجازت لینے کی ضرورت نہیں، سائیکل، اسکوٹر وغیرہ۔ (مستفاد: امدادالاحکام ۳/ ۳۷۱)

عن أبي حرة الرقاشي عن عمه قال: أن رسول الله صلی الله علیه وسلم قال: لا یحل مال امرئ مسلم إلا بطیب نفس منه. الحدیث (شعب الإیمان للبیهقي، باب في قبض الید عن الأموال المحرمة، دارالکتب العلمیة بیروت ۴/ ۳۸۷، رقم: ۵۴۹۲، وهکذا في المشکوة ۱/ ۲۵۵)

جهز ابنته بجهاز وسلمها ذلک ما ليس له الاسترداد، ولا لورثته بعده إن سلمها ذلک في صحته بل تختص به، وبه يفتي. (درمختار، کتاب النکاح، باب المهر، مطلب أنفق علی معتدة الغير، کراچی ٣/ ١٥٥، زکریا ٤/ ٣٠٦، ٣٠٧) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
٢٤/ ربیع الثانی ١٤٢١ھ
(الف فتویٰ نمبر: ٣٨/٦٦١٦)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
٢٤/٤/١٤٢١ھ

لڑکے والوں کے مطالبہ پر لڑکی والوں کا رقم دینا

سوال [٥٢٤٢]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: ہمارے یہاں بیاہ شادیوں میں جہاں اور بہت سی رسمیں رائج ہیں، منجملہ ان کے ایک یہ بھی ہے کہ لڑکے والے لڑکی والوں سے نقد روپیہ کا مطالبہ کرتے ہیں، خواہ لڑکے والے مالدار ہی کیوں نہ ہوں۔ اور لڑکی والوں کو مجبوراً دینا پڑتا ہے، اب ایک شخص جو دیندار ہے، نماز روزہ کا پابند ہے، اس کے ساتھ اگر یہ معاملہ ہو تو وہ کیا کرے؛ کیوں کہ مطالبہ کرنا حرام اور مطالبہ کا پورا کرنا حرام، اب اگر مطالبہ پورا کرتا ہے تو عند اللہ مجرم بنتا ہے اور پورا نہ کرنے کی صورت میں رشتہ ٹوٹ سکتا ہے؛ بلکہ یقینی ہے، اگر اس صورت میں سود کی رقم بلانیت ثواب لڑکے والوں کو دے دی جائے تو اس کی گنجائش ہے یا نہیں؟ اگر نہیں تو کیا صورت اختیار کی جائے، جب کہ دیندار لڑکا نہ ملتا ہو؟

المستفتی: محمد شفیق چودھری محلہ حکیمان، خان پور، بلند شہر

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: سوال نامہ میں لڑکے والوں کو جو رقم دینے کا ذکر کیا گیا ہے وہ رشوت کے دائرہ میں آتا ہے اور سخت مجبوری کی حالت میں اپنا حلال پیسہ

رشوت میں دے کر مجبوری دور کرنے کی شریعت میں گنجائش ہے۔ اور اس میں لڑکے والے گناہ عظیم کے مرتکب ہوں گے اور مجبوری میں دینے میں لڑکی والے گنہگار نہیں ہوں گے۔ اور جو پیسہ لڑکی والے سے لڑکے والے دباؤ میں لیتے ہیں وہ لڑکے والوں کے لئے حلال نہیں ہے، وہ پیسہ لڑکے والوں پر واپس کرنا ہمیشہ لازم رہے گا۔

عن أبي حرة الرقاشي عن عمه، أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال: لا يحل مال امرئ مسلم إلا بطيب نفس منه. الحديث (السنن الكبرى للبيهقي، كتاب الغصب، باب من غصب لو حافا دخله في سفينة أو بنى عليه جدارا، دارالفكر ۸/ ۵۰۶، رقم: ۱۱۷٤۰)

ما يدفع لدفع الخوف من المدفوع إليه على نفسه أو ماله حلال للدافع حرام على الآخذ؛ لأن دفع الضرر عن المسلم واجب، ولا يجوز أخذ المال ليفعل الواجب. (شامي، مطلب في الكلام على الرشوة، زكريا ۸/ ۳۵، كراچی ۵/ ۳٦۲، الموسوعة الفقهية الكويتية ۲۵۸/٤۲) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۷/ صفر ۱۴۲۸ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۸/ ۹۱۸۶)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۲۸/۲/۲۷ھ

لڑکی والوں سے سامان یا نقد روپیوں کا مطالبہ کرنا

سوال [۵۲۴۳]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: شادی میں لڑکی والوں سے کسی سامان یا نقد روپئے وغیرہ کی فرمائش کرنا کیسا ہے؟ اور اگر بغیر طلب کے بخوشی کچھ دے تو اس کا لینا کیسا ہے؟ مع دلیل کے تحریر فرمائیں۔

المستفتی: محمد بشیر الدین متعلم مدرسہ شاہی مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: لڑکی والوں سے سامان کا مطالبہ کرنا یا نقد روپیہ

وغیرہ کی فرمائش کرنا اوران پر دباؤ ڈالنا ہرگز جائز نہیں ہے، یہ اسلامی شادی اور تعلیم رسول کی سخت مخالفت ہے، اسلام نے لڑکے والوں پر تو مہر مالی ذمہ داری لازم کردی ہے؛ لیکن لڑکی والوں پر کسی بھی طرح کی کوئی مالی ذمہ داری عائد نہیں کی ہے؛ اس لئے لڑکی والوں سے مانگ کر یا دباؤ ڈال کر لینا ہرگز جائز نہیں ہے۔

عن أبي حميد الساعدي أن النبي صلى الله عليه وسلم، قال: لا يحل لامرئ أن يأخذ مال أخيه بغير حقه، وذلك لما حرم الله مال المسلم على المسلم. (مسند أحمد بن حنبل ٥/ ٤٢٥، رقم: ٢٤٠٠٣)

لا يجوز أن يأخذ مال أحد بلا سبب شرعي. الخ (قواعد الفقه، اشرفی دیو بند، ص: ١١٠)

اور بلا مطالبہ اور بلا دباؤ کے بخوشی کوئی چیز لڑکی والے دے دیں تو اس میں کوئی حرج نہیں ہے۔ فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۸؍ ذی الحجہ ۱۴۱۲ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۲۸/ ۲۹۱۷)

لڑکے والوں کو مطالبۂ جہیز میں سودی رقم دینا

سوال [۵۲۴۴]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: ہمارے یہاں شادی میں جہاں اور بہت سی غلط رسمیں ہیں، منجملہ ان رسموں کے ایک رسم یہ بھی ہے کہ ہمارے یہاں لڑکے والے لڑکی والوں سے سامان جہیز کے علاوہ نقد مال (مثلاً دس ہزار، بیس ہزار، تیس ہزار کا مطالبہ کرتے ہیں، خواہ لڑکے والے دولت منداور سرمایہ دار ہی کیوں نہ ہوں؛ لیکن ایک شخص مثلاً زید جو دیندار ہے، نماز روزہ کا پابند ہے، وہ حرام مال سے بچتا ہے اور غلط اور ناجائز موقع پر مال خرچ کرنے سے بھی بچتا ہے، اب زید

اپنی لڑکی کی شادی کرنا چاہتا ہے؛ لیکن اس کے ساتھ یہ معاملہ پیش آیا کہ لڑکے والے اس سے نقد مال کا مطالبہ کررہے ہیں، تو اس صورت میں زید کیا کرے؟ اگر وہ مطالبہ پورا کرتا ہے تو عنداللہ مجرم بنتا ہے اور اگر مطالبہ پورا نہیں کرتا تو رشتہ خطرہ میں ہے، اب اس صورت میں وہ کیا کرے؟ جب کہ کوئی دیندار لڑکا نہ مل رہا ہو، کیا ایسی صورت میں زید کے لئے یہ گنجائش اور اجازت ہے کہ سود کی رقم بلا نیت ثواب لڑکے والوں کو دے دے؛ کیوں کہ یہ مال حرام ہے، اور مطالبہ کرنا بھی حرام ہے، تو حرام مال حرام جگہ چلا جائے؟

المستفتی: عبدالناصر، امام مدینہ مسجد خانپور، بلندشہر

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: سود کی رقم فقراء پر بلا نیت ثواب صدقہ کردینی چاہئے، اس رقم کو لڑکے والوں کو دینا کسی حال میں بھی درست نہیں ہے۔ اور مذکورہ صورت میں جو رقم دینے کا ذکر کیا گیا ہے وہ شرعاً رشوت ہے اور سخت مجبوری کی حالت میں اپنا حلال پیسہ رشوت میں دے کر مجبوری دور کرنے کی گنجائش ہے، تو ایسی صورت میں رشوت دینے والا گنہگار نہ ہوگا؛ بلکہ رشوت لینے والا گناہ کبیرہ اور حرام کا مرتکب ہوگا، وہ رقم بھی لینے والے کے لئے حرام ہی ہوگی۔ اور حرام خور کب دیندار بن سکتا ہے؟

دفع المال للسلطان الجائر لدفع الظلم عن نفسه وماله، ولاستخراج حق له ليس برشوة يعني في حق الدافع. (شامي، كتاب الحظر والإباحة، كراچی ۶/ ۴۲۳-۴۲۴، زکریا ۹/ ۶۰۷)

بذل المال لدفع الظلم عن نفسه وماله لا يكون رشوة في حقه. (هندية، الباب التاسع في الوصي وما يملكه ۶/ ۱۵۰، جديد زكريا ۶/ ۱۷۲) **فقط واللہ** سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
یکم ذیقعدہ ۱۴۲۷ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۸/۹۱۴۰)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۲۷/۱۱/۴ھ

جہیز کی مطلوبہ رقم سود سے ادا کرنے کا حکم

سوال [۵۲۴۵]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: ہمارے یہاں عام طور پر شادی بیاہ میں لڑکے والے لڑکی والوں کی طرف سے جہیز کے نام پر زبردستی رقم وصول کرتے ہیں۔ اور اگر رقم نہ دیں تو شادی ہی نہ ہوگی اور ہر شخص یہ جانتا ہے کہ یہ رقم لینا حرام ہے، سود کا روپیہ بھی حرام ہے، تو کیا سود کا روپیہ لڑکے والے کو دے کر اپنا کام نکال سکتے ہیں؟ حرام کا روپیہ حرام میں جائے تو شرعی اعتبار سے کیا حکم ہے؟

المستفتی: محمد انوار الحق قاسمی، جھارکھنڈ

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: لڑکے والوں کے لئے لڑکی والوں سے جہیز کے نام پر زبردستی رقم لینا آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے قول: "**لا یحل مال امرئ إلا بطیب نفس منه. الخ** (مسند أحمد ٥/ ٧٢، رقم: ٢٠٩٧١) کی بناپر حرام ہے؛ البتہ لڑکی والے یہ رقم دینے پر مجبور ہو جائیں اور بغیر اس کے نکاح کرنا ممکن نہ ہو تو دے سکتے ہیں؛ لیکن کسی سودی پیسہ سے یہ رقم دینا جائز نہیں ہوگا۔

وأما إذا کان عند رجل مال خبیث، فأما إن ملکه بعقد فاسد، أو حصل له بغیر عقد ولا یمکنه أن یرده إلی مالکه، ویرید أن یدفع مظلمته عن نفسه فلیس له حیلة إلا أن یدفعه إلی الفقراء؛ لأنه لو أنفق علی نفسه فقد استحکم ما ارتکبه من الفعل الحرام. (بذل المجهود، کتاب الطهارة، باب فرض الوضوء، دار البشائر الإسلامیة ١/ ٣٥٩، تحت رقم الحدیث: ٥٩، مطبع سهارنپور قدیم ١/ ٣٧) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۴۲۴/۳/۷ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۷۹۶۳/۳۶)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصورپوری غفرلہ
۱۴۲۴/۳/۷ھ

جہیز سے متعلق چند سوالات کے جوابات

سوال [۵۲۴۶]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: (۱) جہیز کیا ہے؟ (۲) جہیز کا لین دین مطالبہ وبدون مطالبہ جائز ہے یا نہیں؟ اگر جائز ہے تو اس کی مقدار کتنی ہے؟

(۳) بیشتر لوگ حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا سے متعلق حدیث کو بطور استشہاد کے پیش کر کے یہ کہتے ہیں کہ عرف میں مروج جہیز یعنی بیش قیمت فرنیچر کے سیٹ، گدا، کثیر تعداد میں برتن وغلہ دیا جاسکتا ہے، اس کی تفصیل کیا ہے؟

(۴) ہندوستان کے چند علاقوں میں ایک نئی صورت دیکھنے کو ملتی ہے کہ نکاح سے دو تین روز پہلے ہی جہیز کا سامان دولہے کے گھر بھجوا دیا جاتا ہے، تو کیا اس صورت سے جہیز کی قباحت ختم ہو جائے گی؟

(۵) بعض دفعہ لڑکی کے ترکہ کا حصہ جہیز کی شکل میں دے دیا جاتا ہے۔ اور لڑکی کو ترکہ سے محروم کر دیا جاتا ہے، کیا یہ جائز ہے؟

المستفتی: معاذ احمد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: (۱) لڑکی کی شادی کے موقع پر ماں باپ یا خاندان کی طرف سے سازوسامان کی شکل میں جو چیزیں لڑکی کو دی جاتی ہیں اس کو جہیز کہتے ہیں۔

جهاز المرأة ما زفت به إلى زوجها من الأمتعة. (لغة الفقهاء، کراچی ۱۶۸)

(۲) جہیز کا مطالبہ ناجائز وحرام ہے، ہاں البتہ لڑکی والے اپنی لڑکی کو رخصت کرتے وقت حسب سہولت اپنی مرضی سے جو کچھ دینا چاہیں، ان کے لئے دینا جائز ہے، وہ سب لڑکی ہی کی ملکیت ہوتی ہے۔ اور اس کی کوئی مقدار متعین نہیں؛ بلکہ ہر آدمی اپنی حیثیت اور سہولت کے مطابق جو مقدار بھی دینا چاہے اس کی گنجائش ہے؛ اس لئے کہ وہ

اپنی مرضی سے اپنی لڑکی کو دیتا ہے، اس میں شریعت کی طرف سے کوئی پابندی نہیں۔

أنه لا يوجد ما يدل على أن الجهاز واجب على أبيها، وليس لأحد أن يجبرها على ذلك، فإذا قامت بالجهاز وما يلزم من أثاث وأدوات، فهي متبرعة. (الموسوعة الفقهية الكويتية ٣٩/ ٢٠٦)

(۳) جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کے نکاح کے وقت جو کچھ بھی دیا تھا جس کے متعلق روایات مختلف ہیں، کسی میں تین چیزوں کا تذکرہ ہے اور کسی میں پانچ کا اور بعض حضرات نے دس تک کو شمار کیا ہے، بہر حال آپ نے جو کچھ بھی دیا تھا وہ آپ کی طرف سے تبرع تھا اور بغیر مطالبہ کے دیا تھا، کسی نے دینے پر مجبور نہیں کیا تھا، اسی طرح آج بھی ہر آدمی اپنی حیثیت کے مطابق اپنی بیٹی کو رخصت کرتے وقت کم وزیادہ کچھ بھی دے دے کسی کو اعتراض کا حق نہیں، ہاں البتہ لڑکے والوں کی طرف سے کسی قسم کا مطالبہ یا دباؤ جہیز یا مخصوص چیزوں کے دینے پر قطعاً جائز نہیں۔

وليس لأحد أن يجبرها على ذلك، فإذا قامت بالجهاز وما يلزم من أثاث وأدوات، فهي متبرعة. (الموسوعة الفقهية الكويتية ٣٩/ ٢٠٦، مستفاد: أنوار نبوت، ص: ٦٧٩)

(۴) جہیز لین دین کے ناجائز ہونے کا مدار مطالبہ پر ہے اور بغیر مطالبہ کے لڑکی والے ایک دو دن پہلے بھیج دیں یا ساتھ میں بھیجیں اس میں ان کو اختیار ہے کسی قسم کی قباحت نہیں۔

وليس لأحد أن يجبرها على ذلك، فإذا قامت بالجهاز وما يلزم من أثاث وأدوات، فهي متبرعة. (الموسوعة الفقهية الكويتية ٣٩/ ٢٠٦)

(۵) مورث کی وفات سے پہلے لڑکی کو جو کچھ دیا جاوے وہ ترکہ نہیں؛ بلکہ ہدیہ اور تحفہ ہے، جس کی وجہ سے لڑکی کو ترکہ سے محروم کرنا کسی بھی طرح درست نہیں اور جہیز کے بہانے سے لڑکی کو ترکہ سے محروم کرنا سخت گناہ ہے۔

عن أنس بن مالك –رضي الله عنه– قال: قال رسول الله صلى الله

علیه وسلم من فر من میراث وارثه قطع الله میراثه من الجنة یوم القیامة.

(ابن ماجة، باب الحیف في الوصیة، النسخة الهندیة ۱/ ۱۹۴، دارالسلام رقم: ۲۷۰۳)

فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۳۰/ جمادی الثانیہ ۱۴۲۸ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۸/ ۹۳۶۳)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۲۸/۶/۳۰ھ

جہیز کے معنی شرعی اور اس کا حکم

سوال [۵۲۴۷]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: (۱) کیا قرآن کریم میں لفظ ''جہیز'' کا استعمال ہے؟ اگر ہے تو اس کے لفظی معنی کیا ہیں؟ (۲) مذہب اسلام جہیز لینے یا دینے کی اجازت دیتا ہے یا نہیں؟ یا یہ پوری طرح غیر اسلامی ہے؟ (۳) شریعت کے قانون کے مطابق عورت پہلے شوہر اور شوہر کے گھر والوں پر جہیز کے لئے تکلیف پہنچانے کا جھوٹا مقدمہ دائر کر کے شوہر سے پیسہ وصول کرنا چاہے تو کیا اسلام اس کی اجازت دیتا ہے یا نہیں؟ اگر نہیں تو مذہب اسلام کے قوانین کے مطابق اس عورت کے لئے کیا سزا مقرر ہے؟

(۴) کیا ہندو لو میرج کے قوانین مسلمانوں پر بھی لاگو ہوتے ہیں یا نہیں؟ اگر نہیں تو مسلمانوں کے زوجیت کے مسائل کس طرح سے حل کئے جائیں؟۔

المستفتی: محمد اسلام الدین میرٹھ

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: (۱) ''جہیز'' عربی زبان کا لفظ ہے، اس کے لفظی معنی اسباب، سامان اور بیٹی کو ماں باپ کی طرف سے دیئے جانے والے سامان کے ہیں۔ (فیروز اللغات، نیا ایڈیشن، فرید بک ڈپو ۴۸۸) اور قرآن کریم میں لفظ جہیز مذکور نہیں ہے؛ البتہ جہاز کا لفظ سورۂ یوسف میں ہے، جس کے معنی سامان کے ہیں۔

(۲) ماں باپ اپنی بیٹی کو اپنی مرضی سے اس کی ضروریات زندگی کے جو سامان حسب استطاعت بلا جبر واکراہ وریاء ونمود کے بغیر دیتے ہیں اس کے دینے کی گنجائش ہے؛ البتہ لڑکے والوں کا جہیز کا مطالبہ کرنا یا فہرست تیار کر کے مانگنا ناجائز اور حرام ہے۔ حدیث پاک میں آتا ہے کہ جو شخص کسی عورت سے مال کے لالچ میں شادی کرتا ہے، تو اس کو بیوی کی سرکشی اور نافرمانی سے دوچار کیا جاتا ہے۔

عن عبدالله بن عمرو –رضي الله عنه– قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا تزوجوا النساء لحسنهن، فعسى حسنهن أن يرديهن، ولا تزوجوهن لأموالهن، فعسى أموالهن أن تطغيهن. الحديث (ابن ماجة، النكاح، باب تزويج ذات الدين، النسخة الهندية ١/ ١٢٣، دارالسلام، رقم: ١٨٥٩)

(۳) بشرط صحت سوال بیوی کے لئے شوہر اور اس کے اہل خانہ پر تکلیف پہنچانے کا جھوٹا مقدمہ دائر کرنا جائز نہیں ہے۔ اور اگر حکومت کی جانب سے اس کے حق میں فیصلہ بھی ہو جائے تو عورت کو جو روپے ملیں گے اس سے وہ اپنی جہنم خریدنے والی ہوگی۔

عن أبي أمامة أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال: من اقتطع حق امرئ مسلم بيمينه، فقد أوجب الله له النار، وحرم عليه الجنة، فقال له رجل: وإن كان شيئا يسيرا يا رسول الله! قال: وإن قضيبا من أراك. (مسلم شريف، باب وعيد من اقتطع حق مسلم بيمين فاجرة بالنار، النسخة الهندية ١/ ٨٠، بيت الأفكار، رقم: ١٣٧، مسند الدارمي، دارالمغني ٣/ ١٦٩٦، رقم: ٢٦٤٥)

ابن مسعود –رضي الله عنه– يقول: سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول: من حلف على مال امرئ مسلم بغير حقه لقي الله وهو عليه غضبان، قال عبدالله: ثم قرأ علينا رسول الله صلى الله عليه وسلم: مصداقه من كتاب الله: ﴿إِنَّ الَّذِيْنَ يَشْتَرُوْنَ بِعَهْدِ اللهِ وَاَيْمَانِهِمْ ثَمَنًا قَلِيْلاً﴾ (مسلم شريف ١/ ٨٠، رقم: ١٣٧)

عن أم سلمة –رضي الله عنها– أن رسول الله صلى الله عليه وسلم

قال: إنما أنا بشر، وإنكم تختصمون إلي، ولعل بعضكم أن يكون ألحن بحجته من بعض، فاقضي له على نحو ما أسمع منه، فمن قضيت له من أخيه شيئا فلا يأخذ، فإنما أقطع له قطعة من النار. (بخاري شريف، كتاب الحيل، باب بلا ترجمة، النسخة الهندية ۲/ ۱۰۳۰، رقم: ۶۶۹۸، ف: ۶۹۶۷)

(۴) ہندو ''لومیرج'' قانون کے بارے میں ہمیں کوئی معلومات نہیں۔ فقط واللہ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۷/ جمادی الاولیٰ ۱۴۳۵ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۴۰/ ۱۱۵۱۷)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۳۵/۵/۷ھ

جہیز سے متعلق مزید چند سوالات اور جوابات

سوال [۵۲۴۸]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: عرض خدمت ہے کہ دو بچیاں شادی کے لائق ہیں، آج معاشرہ میں جہیز کا رواج جو چل پڑا ہے، اس نے الجھنوں میں ڈال رکھا ہے؛ لہٰذا حل طلب مسئلہ یہ ہے کہ:

(۱) بچی کو شادی کے وقت بطور ہدیہ کے کچھ دینا اس کا شرعی حکم کیا ہے؟

(۲) جہیز کے نام پر مروجہ طریقہ پر لڑکی کو دینا، سنت ہے یا مستحب؟

(۳) حضرت سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا کو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو چیزیں دی تھیں، وہ بطور جہیز کے تھیں یا حضرت علی رضی اللہ عنہ کے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی کفالت میں ہونے کی وجہ سے ان ہی کے مال سے ان چیزوں کا انتظام کیا تھا؟

(۴) بچی کو بطور جہیز سامان دیا جائے گا کیا وہ میراث کا بدل ہو سکتا ہے؟

المستفتی: محمد رضی، نیا پورہ، اندور

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: (۱) شادی کے موقع پر اپنی بچی کو بطور ہدیہ کے کچھ سامان وغیرہ دینا احادیث سے ثابت ہے۔ اور صحابہ کے زمانہ میں بھی اس کا معمول تھا،

نیز آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی صاحبزادیوں کو بھی شادی کے موقع پر گھر سے رخصتی کے وقت حسب حیثیت کچھ نہ کچھ دیا گیا۔ (مستفاد: انواررحمت ۶۷۹)

عن علي –رضي الله عنه– قال: جهز رسول الله صلى الله عليه وسلم فاطمة –رضي الله عنها– في خميل، وقربة، ووسادة حشوها إذخر. (منسند أحمد بن حنبل ١/ ٨٤، رقم: ٦٤٣، نسائي شريف، النكاح، جهاز الرجل ابنته، النسخة الهندية ٢/ ٧٧، دارالسلام، رقم: ٣٣٨٦)

عن جابر بن عبدالله –رضي الله عنه– قال: جاءت امرأة سعد بن الربيع بابنتيها من سعد إلى رسول الله صلى الله عليه وسلم فقالت: يا رسول الله! هاتان ابنتا سعد بن الربيع قتل أبوهما معك يوم أحد شهيدا، وإن عمهما أخذ مالهما فلم يدع لهما مالا، ولا تنكحان إلا ولهما مال. (أبو داؤد، باب ماجاء في الصلب، النسخة الهندية ٢/ ٤٠٠، دارالسلام، رقم: ٢٨٩١)

ولم يدع لهما مالا، أي لم يترك عمهما لهما مالا ينفق عليهما، أو تجهزان به للزوج، ولا تنكحان: أي لا تزوجان عادة أو غالبا أو مع العزة إلا ولهما مال. (مرقاة ملتان ٦/ ١٧٤)

(۲) جہیز کے نام سے مروجہ طریقہ پر اپنی لڑکی کو سامان دینا نہ تو سنت ہے اور نہ مستحب اور نہ ہی جہیز کی کوئی خاص مقدار متعین ہے؛ بلکہ ماں باپ اپنی حیثیت کے اعتبار سے بخوشی اپنی بیٹی کو جو دینا چاہیں دے سکتے ہیں، بشرطیکہ اس میں شہرت اور دکھلاوا نہ ہو اور نہ ہی لڑکے والوں کی طرف سے کسی قسم کے مطالبہ اور خواہش کا اقدام ہو۔ (مستفاد: بہشتی زیور ۶/ ۴۰، انوارنبوت، ص: ۶۷۹)

(۳) آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کو جو چیزیں شادی کے موقع پر دی تھیں وہ بطور جہیز کے تھیں، جیسا کہ روایات سے اس کا ثبوت ملتا ہے۔ (انوارنبوت، ص: ۶۸۲)

عن علي –رضي الله عنه– قال: جهز رسول الله صلى الله عليه وسلم فاطمة –رضي الله عنها– في خميل، وقربة، ووسادة حشوها إذخر. (مسند أحمد بن حنبل ١/ ٨٤، رقم: ٦٤٣، نسائي شريف، النكاح، جهاز الرجل ابنته، النسخة الهندية ٢/ ٧٧، دارالسلام، رقم: ٣٣٨٦)

عن علي –رضي الله عنه– أن رسول الله صلى الله عليه وسلم لما زوج فاطمة بعث معها بخملة، ووسادة أدم حشوها ليف، ورحائين، وسقاء، وجرتين. (الطبقات الكبرى لابن سعد، دارالكتب العلمية بيروت ٨/ ٢١)

(۴) جہیز دینے کی وجہ سے میراث سے دستبرداری نہیں ہوتی ہے، لڑکی بدستور ماں باپ کی وارث رہتی ہے، یہ کہہ کرکے میراث سے محروم کردینا کہ تمہیں جہیز دے دیا گیا ہے، بہت بڑا ظلم ہے کہ جو لوگ ماں باپ کی میراث سے لڑکیوں کو جہیز دینے کے نام پر محروم کردیتے ہیں وہ اپنی آخرت برباد کرتے ہیں، لڑکیوں کا حق بدستور باقی رہتا ہے، وہ ہمیشہ لڑکیوں کا حق دباکر حرام خوری میں مبتلا ہوتے ہیں اور آخرت کے عذاب کے مستحق ہوتے ہیں۔

عن أنس بن مالك –رضي الله عنه– قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من فر من ميراث وارثه قطع الله ميراثه من الجنة يوم القيامة.

(ابن ماجة، باب الحيف في الوصية، النسخة الهندية ١/ ١٩٤، دارالسلام رقم: ٢٧٠٣)

عن سعيد بن زيد –رضي الله عنه– قال: سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول: من أخذ من حق امرئ من المسلمين شبرا بغير حق طوقه الله تعالىٰ يوم القيامة سبعين أرضين. (المعجم الأوسط، قديم ٩/ ١٧٤، رقم: ٨٣٧٨، دارالفكر ٦/ ١٦٦، رقم: ٨٣٨٣)

الإرث جبري لا يسقط بالإسقاط. (تكملة ردالمحتار زكريا ١١/ ٦٧٨، كراچى ٨/ ١١٦) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

كتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۶؍ ربیع الاول ۱۴۳۳ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۹/ ۱۰۶۳۴)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۳۳/۳/۷ھ

مفتی اور مقتدیٰ کے لئے جہیز لینا کیسا ہے؟

سوال [۵۲۴۹]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: (۱) شریعت میں عام لوگوں کو جہیز لینا یا مقتدیٰ اور مفتی کو جہیز لینا کیسا ہے؟ اور بہن بیٹی کو جہیز دینا کیسا ہے؟

(۲) اگر کوئی شخص خوشی سے کسی عالم کو یا مقتدیٰ کو جہیز میں گاڑی دے تو لینا کیسا ہے؟ کیا اس میں کوئی حرج ہے؟

المستفتی: محمد اجمل امبیڈکر نگر

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: (۱) جہیز کے معنی وہ سامان ہیں جو ماں باپ اپنی لڑکی کو دیتے ہیں اور کوئی بھی ماں باپ اپنی بیٹی کو حسب حیثیت اپنی مرضی سے جو کچھ بھی سامان دے دیں اس میں شرعاً کسی قسم کی قباحت نہیں۔ اور سوال نامہ میں یہ جو پوچھا گیا ہے کہ مفتی اور مقتدیٰ کو جہیز لینا کیسا ہے؟ تو لڑکی کے ماں باپ مفتی اور مقتدیٰ کو جہیز کا سامان نہیں دیتے ہیں؛ بلکہ وہ اپنی لڑکی ہی کو دیتے ہیں، اب اگر لڑکی کا شوہر مفتی یا مقتدیٰ ہے تو لڑکی کی اجازت سے ان سامانوں کا استعمال کرنا مفتی کی حیثیت اور فتوی کے خلاف نہیں ہے، ہاں البتہ لڑکی کے ماں باپ سے لڑکے والے مطالبہ کرکے کوئی سامان لے لیں، تو وہ کسی کے لئے بھی جائز نہیں ہے، اس میں مفتی یا مقتدیٰ اور عوام میں کوئی فرق نہیں ہے۔

عن أبي حرة الرقاشي عن عمه، قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم : لا يحل مال امرئ مسلم إلا بطيب نفس منه. الحديث شعب الإيمان ٤/ ٣٨٧، رقم: ٥٤٩٢)

فإن كل أحد يعلم أن الجهاز ملك المرأة. (شامي، كتاب الطلاق، باب النفقة، مطلب فيما لو زفت إليه بلا جهاز، زكريا ٥/ ٢٩٩، كراچی ٣/ ٥٨٥)

لا یجوز لأحد أن یتصرف في ملک غیره بلا إذنه، أو وکالة منه، أو ولایة علیه. (شرح المجلة، مکتبه اتحاد ۱/ ۶۱، رقم المادة: ۹۶)

(۲) مردانہ زنانہ جتنے بھی سامان ہیں وہ سب لڑکی کا حق ہے، اور ماں باپ لڑکی کے واسطے دیتے ہیں اور لڑکی کے واسطے اور اس کی مرضی سے مردانہ سامان مردوں کو استعمال کرنے کی اجازت ہوجاتی ہے۔ اور اس میں گاڑی وغیرہ سب سامان آگئے، اب رہی یہ بات کہ لڑکے کے نام سے گاڑی کے جو کاغذات بنائے جاتے ہیں، وہ صرف اس لئے ہے، تاکہ راستے کی رکاوٹوں سے حفاظت ہوجائے، اسی وجہ سے اگر خدانخواستہ علیحدگی ہوجائے تو یہ سارے سامان واپس ہوجاتے ہیں، جس میں موٹر سائیکل، گاڑی وغیرہ بھی ہوتی ہے۔

فإن کل أحد یعلم أن الجهاز ملک المرأة، وأنه إذا طلقها تأخذه کله، وإذا ماتت یورث عنها. (شامي، کراچی ۳/ ۵۸۵، زکریا ۵/ ۲۹۹) **فقط** واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ	الجواب صحیح:
۵/ جمادی الثانیہ ۱۴۳۵ھ	احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
(الف فتویٰ نمبر: ۴۰/ ۱۱۵۵۶)	۱۴۳۵/۶/۵ھ

شادی میں لین دین کی شرعی حیثیت

سوال [۵۲۵۰]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: ہمارے یہاں جب رشتہ طے کرتے ہیں، تو لڑکی والے لڑکے کو اور لڑکے والے لڑکی کو اچھا خاصا سامان، پیسہ، زیور، کپڑے وغیرہ دیتے ہیں، معلوم یہ کرنا ہے کہ یہ دونوں طرف سے لین دین بطور ہدیہ ہوتا ہے، یا بطور امانت ہوتا ہے؟ کیوں کہ جب رشتہ کسی وجہ سے ختم ہوتا ہے، تو اس لین دین کی واپسی ہوتی ہے اور جس کی طرف سے کمی ہوتی ہے اس کی

دی ہوئی رقم ضبط ہو جاتی ہے۔ دار الافتاء اس سلسلہ میں ہماری صحیح رہنمائی فرمائے، تاکہ علاقہ کی اس بے دینی اور رسم ورواج کو شریعت کی شکل میں تبدیل کیا جاسکے؟

المستفتی: علماء سیڈھا، بجنور یوپی

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: رشتہ طے ہوتے وقت جانبین سے جولین دین ہوتا ہے، اگر کسی وجہ سے رشتہ ٹوٹ جائے اور شادی نہ ہو تو جانبین کی دی ہوئی چیزیں ایک دوسرے کو واپس کرنا لازم ہے۔ اور ایسا کرنا جائز نہیں ہے کہ جس کی طرف سے کمی ہو اس کا دیا ہوا سامان ضبط کرلیا جائے۔

أخذ أهل المرأة عند التسليم، فللزوج أن يسترده؛ لأنه رشوة (درمختار) وتحته في الشامية: وكذا لو أبي أن يزوجها، فللزوج أن يسترده قائما أو هالكا. (شامي، كتاب النكاح، باب المهر، مطلب أنفق على معتدة الغير زكريا ٤/ ٣٠٧، كراچی ٣/ ١٥٦، البحرالرائق، زكريا ديو بند ٣/ ٣٢٥، كوئٹه ٣/ ١٨٧، بزازية على هامش الهندية، زكريا ٤/ ١٣٦، جديد زكريا ١/ ٩٠، هندية، الفصل السادس عشر: في جهاز البنت، قديم زكريا ١/ ٣٢٧، جديد زكريا ١/ ٣٩٣)

خطب بنت رجل وبعث إليها أشياء ولم يزوجها أبوها، فما بعث للمهر يسترد عينه قائما فقط وإن تغير بالاستعمال أو قيمته هالكا؛ لأنه معاوضة ولم تتم فجاز الاسترداد. (درمختار مع الشامي، كتاب النكاح، باب المهر زكريا ٤/ ٣٠٤، كراچی ٣/ ١٥٣، مجمع الأنهر، مصري قديم ١/ ٣٦٢، دارالكتب العلمية بيروت ١/ ٥٣٢، الموسوعة الفقهية الكويتية ١٩/ ٢٠٤، كراچی ٣/ ١٥٣، مجمع الأنهر قديم مطبوعه بيروت ١/ ٣٦٢) **فقط واللّٰہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللّٰہ عنہ
۱۲/ جمادی الثانیہ ۱۴۳۱ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۹/ ۱۰۹۷)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۳۱/۶/۱۴ھ

بلا مطالبہ شادی سے قبل یا بعد میں لڑکے کو ملنے والی اشیاء کا حکم

سوال [۵۲۵۱]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: (۱) زید کا نکاح خالدہ سے ہونے والا ہے اور نکاح تقریباً دو سال بعد ہوگا، اس سے قبل لڑکی والے کی جانب سے جوڑا چڑھایا جاتا ہے، جیسا کہ لڑکی کو لڑکے والے کی جانب سے جوڑا چڑھایا جاتا ہے، عید وبقرعید وغیرہ کے موقع سے بھی زید کو جوڑے چڑھائے گئے اور گھڑی سائیکل بھی پہلے دے دی گئی اور زید ان سب چیزوں کو اپنے استعمال میں بھی لارہا ہے، دریافت طلب امر یہ ہے کہ جو کپڑا شادی سے قبل منگنی کے موقع سے اسی طرح عید بقرعید کے موقع سے دیا گیا اور گھڑی وسائیکل بھی دے دی گئی، کیا ان سب کا استعمال کرنا صحیح ہے یا نہیں؟ نیز اس کپڑے اور گھڑی کو پہن کر نماز پڑھنے میں کوئی حرج تو نہ ہوگا؟

واضح رہے کہ زید نے قطعاً کسی چیز کا مطالبہ نہیں کیا ہے، تاہم لڑکی کے خاندان اور اس کے والد محترم نے زید کو برضا ورغبت یہ سب سامان دیا اور ان پر کوئی گرانی بھی محسوس نہ ہوئی۔

(۲) زید یا ان کے خاندان کی طرف سے دھاگے تک کا مطالبہ نہیں، اس کے باوجود لڑکی والے شادی کے بعد گھڑی سائیکل اور دیگر سامان اپنی خوش دلی سے دیتے ہیں، تو کیا ان چیزوں کا استعمال کرنا از روئے شرع جائز ہوگا؟

(۳) ''شامی کراچی ۲/۴۲۴'' پر یہ عبارت ہے کہ: ''**ومن السحت: ما يأخذه الصهر من الختن بسبب بنته بطيب نفسه حتى لو كان بطلبه يرجع الختن به**'' تو کیا شادی سے پہلے یا بعد میں دیا ہوا کپڑا، گھڑی، سائیکل اور دیگر سامان جو خسر اپنے داماد کو خوش طبعی سے دیتے ہیں مذکورہ عبارت کے مصداق ہوں گے اور رقم کا مطالبہ بالکل نہیں ہے۔

المستفتی: مشتاق احمد کھگڑیا، بہار

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: (۱-۲) صورت مذکورہ میں زید کو اس کی سسرال

والوں کی طرف سے شادی سے قبل عید بقرعید وغیرہ مواقع تقریبات پر یا شادی کے بعد جو سامان بلا کسی دباؤ اور مطالبہ کے دیا جاتا ہے اس کا لین دین درست ہے اور زید کے لئے اس کا استعمال کرنا اور ایسے کپڑوں کو پہن کر نماز پڑھنا درست ہے؛ اس لئے کہ یہ ہبہ ہے۔ (مستفاد: کفایت المفتی ۵/ ۱۳۸، مجموعۃ الفتاوی ۱/ ۱۹۱)

وفي الهداية: الهبة عقد مشروع لقوله عليه السلام: تهادوا تحابوا، وعلى ذلك انعقد الإجماع، وتصح بالإيجاب والقبول والقبض. (هداية، كتاب الهداء، أشرفيه ديوبند ۳/ ۲۶۷، الفقه على المذاهب الأربعة، دارالفكر ۳/ ۲۹۵)

(۳) اس عبارت کا واضح مطلب یہ ہے کہ خسر داماد سے لے؛ اس لئے کہ داماد اس کی لڑکی سے فائدہ اٹھا رہا ہے۔ اور اگر خسر داماد کو بیٹے کے درجہ میں سمجھ کر دیتا ہے اور اس میں کسی قسم کا دباؤ یا مطالبہ نہیں ہے، تو ایسی صورت میں داماد کو ایسے سامان کو قبول کرنے میں کوئی مضائقہ نہیں ہے۔

والمالك هو المتصرف في الأعيان المملوكة كيف شاء. (بيضاوي شريف، ص: ۷) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

الجواب صحیح:	کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ	یکم رجب ۱۴۱۵ھ
۱/۷/۱۴۱۵ھ	(الف فتویٰ نمبر: ۳۱/ ۴۱۰۰)

کیا جہیز میراث میں شمار ہوگا اور بھائی اپنی بہنوں کو وراثت سے محروم کرسکتا ہے؟

سوال [۵۲۵۲]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: زید کے چار لڑکے اور دو لڑکیاں ہیں، زید نے دو لڑکوں اور دونوں لڑکیوں کی شادی کردی اور ان دونوں لڑکیوں کو جہیز بھی دیا؛ لیکن جو جہیز دیا ہے وہ میراث کے حصے شمار کرکے نہیں دیا، یوں ہی بغیر شمار کئے ہوئے جہیز دے دیا اور ان لڑکیوں کو بتایا بھی نہیں جو جہیز

دیا گیا ہے، وہ میراث کے حصہ میں سے دیا گیا ہے، زید کو یہ معلوم ہی نہیں تھا کہ میراث میں لڑکیوں کا حصہ ہوتا ہے؛ اس لئے بتایا بھی نہیں تو کیا ان لڑکیوں کا حصہ میراث میں ملے گا یا نہیں؟ اور اگر زید کو لڑکوں نے دینے نہیں دیا تو اس کا کیا حکم ہے؟

المستفتی: محمد مجاہد سیتا پوری

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: لڑکیوں کو دیا گیا جہیز میراث کے حصہ میں سے شمار نہیں ہوگا؛ بلکہ وہ باپ کی طرف سے تبرع اور احسان سمجھا جائے گا؛ کیوں کہ وراثت موت کے بعد تقسیم ہوتی ہے، زندگی میں جو کچھ دیا جاتا ہے وہ ہبہ ہے؛ لہٰذا زید کے ترکہ میں لڑکیاں شرعاً وارث ہوں گی اور ان کو شریعت کی رو سے اپنا حصہ ملے گا۔

المختار للفتوى أن يحكم بكون الجهاز ملكا لا عارية؛ لأنه الظاهر الغالب. (شامي، كتاب النكاح، باب المهر، مطلب في دعوى الأب أن الجهاز عارية، كراچی ۳/ ۱۵۷، زكريا ٤/ ۳۰۹)

زید کے لڑکوں کو اپنی بہنوں کو میراث سے محروم کرنے کا کوئی حق نہیں پہنچتا، اگر حصہ نہیں دیں گے تو سخت گنہگار ہونگے اور کفر تک کا اندیشہ ہے؛ اس لئے کہ ان کا حق باپ کے ترکہ میں نص قطعی سے ثابت ہے۔

يُوْصِيْكُمُ اللّٰهُ فِيْ اَوْلَادِكُمْ لِلذَّكَرِ مِثْلُ حَظِّ الْاُنْثَيَيْنِ. [النساء: ۱۱]

فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۴/ ۶/ ۱۴۲۰ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۴/ ۶۲۲۵)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۲۴/ جمادی الثانی ۱۴۲۰ھ

سسرال والوں کا لڑکی کو جہیز کی وجہ سے پریشان کرنا

سوال [۵۲۵۳]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل

کے بارے میں: ایک کنوارہ لڑکا اور کنواری لڑکی کی شادی ہوئی، لڑکی کے باپ نے حسب وسعت مہمانوں کی ضیافت کی اور سامان جہیز دیا، جس میں گیس کا چولہا مع سلنڈر کے دیا اور لڑکی تین بار سسرال گئی چند مہینوں میں یہ حالات درپیش آئے:

(۱) سسرال والوں نے لڑکی کو طعنے دئے کہ تیرے باپ نے کیا جہیز دیا ہے؟ اور خوب برا بھلا کہا اور اس سامان جہیز کو لڑکی کے اختیار سے الگ رکھا۔

(۲) اور جس کمرہ میں لڑکی رہتی تھی اس میں لڑکے کے گھر والے سب چھوٹے بڑے آتے جاتے تھے، علیحدہ طور پر لڑکی کو مکان نہیں دیا جیسے شوہر بیوی علیحدہ مکان میں بے تکلفی سے رہتے ہیں، لڑکی نے فرمائش کی کہ غسل خانہ بنوادو اس کے بغیر دقت رہتی ہے، تو برا بھلا کہا اور یہ کہا کہ غسل خانہ اپنے باپ سے بنوالے ہمیں کوئی ضرورت نہیں ہے۔

(۳) اور لڑکے نے اپنی والدہ اور اپنے گھر والوں کی شکایت سن کر معمولی باتوں پر لڑکی کے ساتھ ایذا رسانی، مار پیٹ کا معاملہ کیا۔ اور کہا کہ تو گیس کے چولہے پر روٹی کیوں پکاتی ہے؟ کبھی ہاتھ موڑ دیا، کبھی چہرہ پر طمانچہ مار دیا، کبھی سر پر گھونسے مارے اور بدن پر لات ماری، لڑکی کے سینہ میں پسلی میں، کندھوں میں درد ہو گیا، لڑکی کے والد نے ایکسرا کرایا، اس میں مار پیٹ کے نشان صاف ظاہر ہیں، اب لڑکی پانچ ماہ سے اپنے باپ کے گھر پر ہے، اس مدت کے بعد سسرال والے لڑکی کو لینے آئے ہیں، تو لڑکی کے باپ نے پہلے کئی بار چشم پوشی کی اور اب کی بار ان معاملات کے متعلق گفتگو کی، مگر کوئی تسلی تشفی کی بات ظاہر نہیں ہوئی اور لڑکے کے تایا نے کہا کہ اگر آپ لڑکی کو نہیں بھیجتے تو ساری ذمہ داری تمہارے اوپر ہوگی، ہمارے کسی بھی آدمی پر کوئی ذمہ داری نہیں ہوگی اور یہ کہا کہ یہ رشتہ ہی غلط ہوا ہے، یہ کہہ کر فوراً چلے گئے، چائے تک بھی نہیں پی، لڑکی اور لڑکے میں مزاج کی مطابقت نہیں ہے، لڑکا دینی تعلیم سے ناواقف ہے اور لڑکی دینی دنیوی تعلیم سے واقف کار رہے اور مہذب باشعور باادب ہے۔ اور لڑکی کے قلب میں سسرال کی جانب سے غایت وحشت وخوف اور اندیشہ وانتقام جاگزین ہے اور ان دونوں کے گھر والے بھی مزاج وعادات ونظریات میں مطابقت نہیں رکھتے، ان

حالات مذکورہ میں کیا جائز ہے، کیا نا جائز ہے؟ اور لڑکی کے لئے کیا دستور عمل ہے؟ براہ کرم شرعی طور سے مکمل مفصل جواب عنایت فرمائیں، نوازش ہوگی۔

المستفتی: عبدالحمید ٹھیکیدار، میرٹھ شہر

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: سسرال والوں کا لڑکی کو جہیز کے سلسلہ میں طعنہ دینا ناجائز ہے، یہ لڑکی پر ظلم ہے، بغیر رضامندی کے جہیز کے نام پر مال حاصل کرنا جائز نہیں ہے۔ حدیث شریف میں سخت ممانعت آتی ہے، شوہر پر بیوی کے لئے الگ مکان کا انتظام کرنا لازم ہے، اگر بخوشی سب کے ساتھ رہنے پر راضی ہو جائے تو وہ اس کی مرضی ہے، بلا وجہ شرعی بیوی کو مار پیٹ کرنا شوہر کی طرف سے سخت ظلم ہے۔ حدیث شریف میں آیا ہے کہ سب سے بہتر شریف آدمی وہ ہے جو اپنی بیوی کے ساتھ خیر خواہی کا معاملہ کرتا ہے، اگر واقعی اس طرح ظلم کیا جا رہا ہے، تو جانبین کے با اثر، ذمہ دار لوگوں کی موجودگی میں ذمہ داری کا بین نامہ تحریر کر کے با اثر ذمہ دار لوگوں کی ذمہ داری میں لڑکی کو بھیج دیا جائے۔

عن أبي حرة الرقاشي، عن عمه، أن رسو ل الله صلى الله عليه وسلم قال: لا يحل مال امرئ مسلم إلا بطيب نفس منه. (شعب الإيمان للبيهقي، باب في قبض اليد عن الأموال المحرمة، دارالكتب العلمية بيروت ٤/ ٣٨٧، رقم: ٥٤٩٢)

عن عائشة –رضي الله عنها– قالت: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: خيركم خيركم لأهله، وأنا خيركم لأهلي. الحديث (سنن الترمذي، المناقب، باب فضل أزواج النبي صلى الله عليه وسلم، النسخة الهندية ٢/ ٢٢٧، رقم: ٣٨٩٥)

عن عبدالله بن عمرو –رضي الله عنه– قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: خياركم خياركم لنسائهم. (سنن ابن ماجة، النكاح، باب حسن معاشرة النساء، النسخة الهندية ١/ ١٤٢، دارالسلام، رقم: ١٩٧٨، مسند البزار، مكتبة العلوم والحكم ١٤/ ٣١١، رقم: ٧٩٤٧، قواعد الفقه ١١٠)

لا يجوز لأحد أن يتصرف في ملك الغير بغير إذنه. (قواعد الفقه ۱۱۰)
لا يجوز لأحد أن يأخذ مال أحد بلا بسبب شرعي. الخ (قواعد الفقه ۱۱۰)
وكذا تجب لها السكنى في بيت خال عن أهله. (الدر مع الرد، كتاب الطلاق، باب النفقة، مطلب في مسكن الزوجة، زكريا ديوبند ۵/ ۳۱۹-۳۲۰، كراچی ۳/ ۵۹۹، هندية ۱/ ۵۵۶، جديد زكريا مطول ۱/ ۶۰۴، تبيين الحقائق، مكتبه إمداديه ملتان ۳/ ۵۸، زكريا ۳/ ۳۱۶) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۳؍ جمادی الثانیہ ۱۴۰۹ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۲۴/ ۱۲۹)

نکاح سے قبل مہر اور زیورات وغیرہ کا لین دین کرنا

سوال [۵۲۵۴]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: راجستھان میں کچھ لوگوں میں شادی ایسی ہوتی ہے کہ پانچ دس بچوں کی ایک ساتھ اور اس طرح کرتے ہیں کہ خرچہ بالکل کفایت سے ہوتا ہے، اب ان میں بسا اوقات ایسا ہوتا ہے کہ بارات کے ساتھ دولہا نہیں ہوتا ہے، جیسے پانچ کی شادی ہے اور چار لڑکے موجود ہیں، پانچواں غیر ملک میں ہے، اب بارات تو پانچوں کی جاتی ہے، دولہے چار ہی ہوتے ہیں، پانچویں کا بھی پورا لین دین ہوجاتا ہے، فقط نکاح نہیں ہوتا، جب دولہا وطن آتا ہے تو فقط نکاح ہوجاتا ہے، خرچہ کچھ نہیں ہوتا، تو اس طرح سے بارات کا جانا اور نکاح بعد میں ہونا یہ درست ہے یا نہیں؟

المستفتی: عظیم الدین بستوی، نولگڑھ، راجستھان

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: اگر خرچہ سے بچنے کے لئے ایسا کیا جاتا ہے، تو

اس میں کوئی شرعی مضائقہ نہیں ہے، ہاں البتہ اگر یہ بارات غیر شرعی طریقہ پر جاتی ہے اور اس میں خلاف شرع امور کا ارتکاب ہوتا ہے، تو ممنوع ہوگا، نیز زیورات اور مہر وغیرہ کا لین دین نکاح سے پہلے ہونے میں کوئی شرعی قباحت نہیں ہے، جب کہ اس میں کوئی غیر شرعی لوازمات اور خرافات شامل نہ ہوں۔ فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۳/ربیع الاول ۱۴۱۴ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۲۹/ ۳۳۷۰)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۲۳/۳/۱۴۱۴ھ

جہیز میں تالا، قینچی، سروتہ دینا

سوال [۵۲۵۵]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: لڑکی کو جہیز میں تالہ، قینچی، سروتہ دینا کیسا ہے؟

المستفتی: جلال الدین ادارہ اصلاح امت، مظفرنگر

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: مذکورہ اشیاء جہیز میں دینے میں کوئی قباحت نہیں ہے، عوام کا بے دلیل عقیدہ ہے کہ یہ چیزیں نہ دینے میں غلط اثرات ہوتے ہیں، بے اصل ہے، شرعاً اس میں کوئی قباحت نہیں ہے۔ (مستفاد: فتاوی محمودیہ ڈابھیل ۱۱/ ۲۲۸) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۸/ذیقعدہ ۱۴۱۵ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۱/ ۴۲۱۲)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۲۰/۱۱/۱۴۱۵ھ

خسر کا داماد کو نکاح سے پہلے یا بعد میں سائیکل وغیرہ دینا

سوال [۵۲۵۶]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے

بارے میں: زید نام کا ایک لڑکا ہے، اس کی کسی لڑکی سے شادی کی بات چیت پکی ہوگئی اور نکاح نہیں ہوا تھا، نکاح سے پہلے اس کے خسر نے زید کو ایک گھڑی اور ایک سائیکل زید کے بلا مانگے ہدیۃ دی، تو اس کو لینا جائز ہے یا نہیں؟ (۲) اور زید کو اگر یہی سامان نکاح کے بعد دیا جائے، تو اس کی کیا صورت ہے اور اس کے ساتھ ہی اور دوسری چیز مثلاً سونا چاندی کے زیورات زید کو دے تو اب بعد نکاح ان چیزوں کو لینا کیسا ہے؟

المستفتی: شمس الرحمٰن لاتاپور، بنگال

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: (۱) یہ ہے کہ جب خسر نے بلا جبر بخوشی دیا اور زید نے اس پر قبضہ بھی کرلیا تو شرعاً ہبہ صحیح ہوگیا، اس کا مقصد محبت ومودت میں اضافہ کرنا ہوتا ہے، جس کی ترغیب آئی ہے۔

عن عطاء بن عبداللّٰہ الخراساني قال: قال رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم: تصافحوا یذهب الغل وتهادوا وتحابوا، وتذهب الشحناء. (موطا إمام مالك، کتاب الجامع، ماجاء في المهاجرة، أشرفي دیو بند ٣٦٥)

الهبة هی تملیک العین مجانا، وسببها إرادة الخیر للواهب، دنیوي کعوض ومحبة، وحسن ثناء (وقوله) صلی اللّٰہ علیه وسلم: تهادوا تحابوا. (الدرالمختار، کتاب الهبة، کراچی ٥/ ٦٨٧، زکریا ٨/ ٤٨٨)

الهبة عقد مشروع لقوله صلی اللّٰہ علیه وسلم: تهادوا تحابوا، وعلی ذلک انعقد الإجماع، وتصح بالإیجاب والقبول والقبض. (هدایة أشرفیه دیو بند ٣/ ٢٨٣، هذا في کتاب الفقه علی مذاهب الاربعة، دارالفکر، بیروت ٣/ ٢٩٥)

(۲) یہ ہبہ ہے اس کا قبول کرنا جائز ہے، جیسا کہ اوپر دلائل گذر چکے ہیں۔ فقط واللّٰہ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللّٰہ عنہ

۱۰؍ صفر ۱۴۰۸ھ

(الف فتویٰ نمبر: ۵۰۴/۲۳)

سسر داماد کو دیا ہوا سامان واپس لے سکتا ہے یا نہیں؟

سوال [۵۲۵۷]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: طلاق شدہ عورت کے والدین نے شادی کے وقت جو کچھ دولہا کو دیا، مثلاً کپڑے، گھڑی، انگوٹھی وغیرہ وہ لے سکتے ہیں یا نہیں؟

المستفتی: ضمیر احمد تمبا کو والان، مراد آباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: اگر دی ہوئی چیز دولہا کے پاس موجود نہیں ہے، تو واپس لینا کسی طرح جائز نہیں ہے۔

ولا يصح الرجوع إلا بتراضيهما، أو بحكم الحاكم. (درمختار، کراچی ٥/ ٧٠٤، زکریا ٨/ ٥١٣)

هلاك الموهوب، فإنه مانع من الرجوع لتعذره بعد الهلاك إذا هو غير مضمون عليه. (مجمع الأنهر، دارالكتب العلمية بيروت ٣/ ٥٠٣)

أما العوارض المانعة من الرجوع، فأنواع: منها: هلاك الموهوب؛ لأنه لا سبيل إلى الرجوع في قيمته لعدم انعقاد العقد عليها. (هندية زكريا ٤/ ٣٨٦، جديد زكريا مطول ٤/ ٤٠٩-٤١٠) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۳؍ صفر ۱۴۰۹ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۲۴/ ۱۱۰۶)

لڑکی والوں کا ولیمہ میں دیئے ہوئے روپیوں کو واپس لینا

سوال [۵۲۵۸]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل

کے بارے میں: طلاق شدہ عورت کے میکے والوں نے شادی کے بعد ولیمہ میں ۵۰۰/روپے دئے ،طلاق کے بعد واپس یہ رقم لے سکتے ہیں یا نہیں؟

المستفتی: ضمیر احمد تمبا کو والان، مراد آباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: اگر ولیمہ میں خرچ کرنے کے لئے دیا تھا اور وہ خرچ بھی ہو چکا ہے تو واپسی جائز نہیں ہے۔

هلاک الموهوب، فإنه مانع من الرجوع لتعذره بعد الهلاک إذا هو غیر مضمون علیه. (مجمع الأنهر، کتاب الهبة، باب الرجوع عنها قدیم ۲/ ۳۶۲، جدید، دارالکتب العلمیة بیروت ۳/ ۵۰۳، درمختار کراچی ۷۰۴، زکریا ۸/ ۵۱۳)

أما العوارض المانعة من الرجوع، فأنواع: منها: هلاک الموهوب؛ لأنه لا سبیل إلی الرجوع في قیمته لعدم انعقاد العقد علیها. (هندیة زکریا ٤/ ۳۸٦، جدید زکریا مطول ٤/ ٤۰۹-٤۱۰) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۳/ صفر ۱۴۰۹ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۲۴/ ۱۱۰۶)

جہیز میں ملی ہوئی بھینس سے پیدا شدہ بچہ کا مالک کون؟

سوال [۵۲۵۹]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: ہم تین بھائی ہیں، تینوں شادی شدہ ہیں، ایک بھائی کی شادی میں بیوی کو جہیز میں بھینس ملی، اس کے دودھ کی جو آمدنی ہوئی وہ سبھی نے شرکت میں ہی استعمال کی، اب سب علیحدہ ہونا چاہتے ہیں، لہٰذا اس بھینس کے جو بچے ہیں وہ کس طرح بانٹے جائیں گے؟ کس کو کتنا حق پہنچتا ہے؟ شرعی فیصلہ فرمائیں۔

المستفتی: ضمیر احمد، ضلع مراد آباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: بھینس اوراس کے بچے سب اس بھائی کی بیوی کی ملکیت میں ہوں گے، جس کے جہیز میں بھینس آئی ہے اس کے بچوں میں کوئی دوسرا حصہ دار نہیں ہوگا۔

لأن ولد الحیوان یتبع أمه. (شامي، کتاب اللقطة، مطلب فیمن وجد حطبا في نهر، زکریا ٦/ ٤٤٥، کراچی ٤/ ٢٨٤، کوئٹه ٣/ ٤٥٤)

لأن الفرخ والبیض لصاحب الأم. (عالمگیری، زکریا ٢/ ٢٩٤، جدید ٢/ ٣٠٣)

فالفرخ یکون لصاحب الأنثی؛ لأنه تبع ملکه. (قاضی خان علی الهندیة زکریا ٣/ ٣٩٤، جدید زکریا مطول ٣/ ٢٨٣) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۶ر محرم الحرام ۱۴۰۹ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۱۰۶/۲۴)

جہیز میں آئی گائے کس کی ملک ہوگی

سوال [۵۲۶۰]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: زید نے اپنی بیوی مبینہ خاتون کو کسی وجہ سے طلاق دے دی، اور جہیز کی ایک گائے تھی، اس گائے کو لڑکے نے فروخت کردیا، اس رقم میں سے ایک ہزار روپیہ قرض والے کو ادا کیا، باقی رقم اپنے مصرف میں خرچ کی، طلاق سے قبل، اور گائے کا بچہ بھی طلاق سے قبل فروخت ہوا، جس کی قیمت -/2,675 روپے ہوئی اور بچہ کی قیمت بھی لڑکے کے پاس تھی اور گائے کی پرورش آٹھ سال میں نے کی، تو اس پرورش کی اجرت مجھے ملے گی یا نہیں؟ اور گائے اور بچے کی قیمت پانچ ہزار روپئے ہوتی ہے، قرآن وحدیث کی روشنی میں جواب دیں۔

المستفتی: قمر الہدیٰ دربھنگہ، بہار

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: مسئلہ مذکورہ میں جوگائے والد نے اپنی لڑکی کو دی ہے، وہ لڑکی کی ملک ہے، شوہر کو اس کی قیمت خرچ کرنے کا حق نہیں تھا، اگر شوہر نے گائے اور گائے کا بچہ فروخت کرکے اس کی قیمت اپنے مصرف میں خرچ کی ہے، تو بیوی کے لئے اس کو واپس لینے کا حق ہے؛ لہٰذا گائے اور بچہ کی قیمت شوہر پر ادا کرنا لازم ہے۔ اور شوہر کو گائے کی پرورش کرنے کی اجرت نہیں ملے گی؛ بلکہ پرورش کے ساتھ جو دودھ استعمال کیا ہے، اسی سے اجرت برابر ہو جائیگی۔

عن عائشة –رضي الله عنه– أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قضى أن الخراج بالضمان هذا حديث حسن. وتفسير الخراج بالضمان: هو الرجل يشترى العبد، فيستغله، ثم يجد به عيبا فيرده على البائع، فالغلة للمشتري؛ لأن العبد لو هلك هلك من مال المشتري. (ترمذي، كتاب البيوع، باب ماجاء من يشترى العبد ويستغله، ثم يجد به عيبا، النسخة الهندية ١/ ٢٤١، دارالسلام، رقم: ١٢٨٥) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۸/ جمادی الاولیٰ ۱۴۱۹ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۵۷۸۰/۳۳)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۱۹/۵/۲۹ھ

شادی سے قبل بیوی کو دیئے گئے سامان کا حکم

سوال [۵۲۶۱]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: زید نے اپنی بیوی ہندہ کو طلاق مغلظہ دے دی، اب اس سلسلہ میں زید پر شرعاً مہر دین عدت کا نان نفقہ وسکنی واجب ہوتا ہے؟ زید اس شرعی وجوب سے بچنے کے لئے یہ کہتا ہے کہ ہم نے ڈال کے اندر اتنا روپیہ خرچ کیا ہے، عید کے موقع پر عیدی میں ہم نے جو خرچ کیا ہے وہ ہم کو شرعی وجوب میں سے وضع کیا جائے اور اسی طرح ولیمہ میں جو ہم نے خرچ کیا

ہے وہ بھی وضع کیا جائے۔ (۱) سوال یہ ہے کہ زید نے شادی کے سلسلہ میں ہندہ کو کپڑا اور اس کے ساتھ مٹھائی وغیرہ دی ہے، یہ یا اس کے علاوہ ولیمہ وغیرہ میں جو خرچ ہوا ہے، وہ مہر دین وغیرہ میں سے جو شرعاً واجب ہے، وضع کیا جا سکتا ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا۔

المستفتی: کاتب مولانا محمد صفی اللہ قاسمی

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: نکاح سے پہلے ہندہ زید کے حق میں اجنبیہ تھی اور اجنبیت کی حالت میں جو ہبہ کیا جائے اگر وہ شیٔ موہوب کل یا بعض موجود ہو تو کراہت تحریمی کے ساتھ اس کی واپسی کی گنجائش ہوتی ہے؛ لہٰذا زید نے نکاح سے قبل شادی کے سلسلہ میں کپڑے اور مٹھائی اور عیدی وغیرہ جو کچھ بھی دیا ہے، اگر اس میں سے کوئی چیز باقی ہے، تو زید کے لئے کراہت تحریمی کے ساتھ لینے کی گنجائش ہے اور آپس کی رضامندی سے اس کو مہر میں وضع کرنے کی بھی گنجائش ہے، سو اگر کوئی چیز باقی نہیں ہے تو ختم شدہ اشیاء کو دین مہر میں سے وضع کرنا ہرگز درست نہیں ہے۔ اور زید کے اوپر سے دین مہر کی ذمہ داری ساقط نہیں ہوگی۔

أما العوارض المانعة من الرجوع، فأنواع: منها: هلاک الموهوب؛ لأنه لا سبيل إلى الرجوع في قيمته. (فتاوی عالمگیری، کتاب الهبة، الباب الخامس في الرجوع في الهبة، زکریا ٤/ ٣٨٦، جدید مطول ٤/ ٤٠٩-٤١٠)

والهاء هلاک العين الموهوبة، ولو ادعاه أي الهلاک صدق بلا حلف. الخ (الدرالمختار، کراچی ٥/ ٧٠٤، زکریا ٨/ ٥١٣، مجمع الأنهر، دارالکتب العلمية بيروت ٣/ ٥٠٣، قديم: ٢/ ٣٦٤)

(۲) ولیمہ شوہر کے لئے مسنون ہے، اس کے اخراجات کا ذمہ دار شرعاً شوہر ہی ہے، اس کے اخراجات کو بیوی کے دین مہر میں سے محسوب کرنا ناجائز اور بیوی پر سخت ترین ظلم ہے، بیوی کا دین مہر شوہر کے اوپر سے ساقط نہیں ہوگا۔

عن أنس بن مالک –رضی اللّٰه عنه– أن عبدالرحمن بن عوف جاء

إلی رسول الله صلی الله علیه وسلم وبه أثر صفرة -إلی- قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: أولم ولو بشاة. الحدیث (بخاري شریف، کتاب النکاح، باب الصفرة للمتزوج، النسخة الهندیة ۲/ ۷۷٤، رقم: ٤٩٥٩، ف: ۵۱۵۳)

اوردین مہر کاادا کرنا شوہر پر ہر اعتبار سے واجب ہے۔

وإذا خلا الرجل بامرأته ثم طلقها فلها کمال المهر. (هدایة، کتاب الطلاق، أشرفي دیوبند ۲/ ۳۲۵) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۹ر صفر المظفر ۱۴۱۰ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۲۵/۱۶۲۹)

عورت کا زیور سسرال میں چوری ہوجائے تو لڑکی والے اس کی قیمت لے سکتے ہیں؟

سوال [۵۲۶۲]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: میکے سے لڑکی کو دئے جانے والے زیور اگر سسرال میں چوری ہوجائیں تو اس زیور کو طلاق کے بعد اس عورت کے والدین لے سکتے ہیں یا نہیں؟

المستفتی: ضمیر احمد تمبا کو والان، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: اگر خود لڑکی کے ہاتھ سے چوری ہوگئے تب تو سسرال والوں پر کوئی الزام نہیں۔ اوراگر کسی کے پاس امانت رکھی ہے یا استعمال کے لئے دیا ہے، وہاں حفاظت کے باوجود چوری ہوگئے ہیں تو امانت وعاریت کے چوری ہونے کی وجہ سے کسی پر تاوان نہیں ہے۔

وهي أمانة، فلا تضمن بالهلاک مطلقا. الخ (درمختار، کتاب الإیداع، کراچی ۵/ ٦٦٤، زکریا ۸/ ٤۵۵، کوئٹه ٤/ ۵۵۱)

والعارية أمانة إن هلكت من غير تعد لم يضمنها. (هندية زكريا ٤/ ٣٦٣، جديد مطول ٤/ ٣٨١)

ولو هلكت العارية بلا تعد من المستعير، فلا ضمان، ولو بشرط الضمان، فإنه شرط باطل كما في المحيط. (مجمع الأنهر، دارالكتب العلمية بيروت ٣/ ٤٨٢) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۳؍ صفر ۱۴۰۹ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۲۴/ ۱۱۰۶)

سسرال والوں کا لڑکی کے جہیز کو اپنے قبضہ میں رکھنا

سوال [۵۲۶۳]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: شادی کے موقع پر جو زیورات لڑکی کو شوہر کی طرف سے بطور مہر دئے جائیں اوراسی طرح وہ زیورات جو لڑکی کو اس کے والدین کی طرف سے ملے ہیں، دونوں طرح کے زیورات پر کس کا حق ہے؟ کیا سسرال والوں کا ان زیورات کو لڑکی سے چھین کر جبراً اپنے قبضہ میں رکھنا شرعا درست ہے یا نہیں؟ جب کہ ہمارے علاقہ کا عرف اور رواج یہ ہے کہ شادی میں لڑکی کو اس کے والدین کی طرف سے جو جہیز ملتا ہے لڑکی ہی اس کی مالک سمجھی جاتی ہے، تو کیا سسرال والوں کا لڑکی کے جہیز کو جبراً اپنے قبضہ میں رکھنا اور لڑکی کو اپنے سامان کو استعمال کرنے سے بھی محروم کردینا شرعاً کیسا ہے؟

المستفتی: محمد انس قاسمی، ہردوئی

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: بشرط صحت سوال لڑکی کے والدین کی طرف سے جو جہیز دیا جاتا ہے، اس کی مالک لڑکی ہی ہوتی ہے اور لڑکی کی اجازت اورمرضی کے بغیر سسرال والوں کے لئے جہیز کا سامان استعمال کرنا بھی جائز نہیں ہے، ہاں البتہ اس کی

اجازت اور مرضی سے اس کے استعمال کی گنجائش ہے اور لڑکی کو جو زیور ملا ہے اس کے مہر میں، اس کی مالک بھی لڑکی ہی ہے اور ماں باپ کی طرف سے آیا ہوا زیور بھی لڑکی ہی کی ملکیت ہے، اس میں سسرال والوں کا کوئی حق نہیں ہے؛ لہٰذا سسرال والوں کا لڑکی کو ان زیورات کو استعمال نہ کرنے دینا ظلم اور حرام ہے۔

إن الجهاز ملك المرأة، وأنه إذا طلقها تأخذه كله، وإذا ماتت يورث عنها. (شامي، كتاب الطلاق، باب النفقة، مطلب فيما لو زفت إليه بلا جهاز، كراچی ۳/ ۵۸۵، زكريا ۵/ ۲۹۹) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۰؍ ربیع الاول ۱۴۳۵ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۴۰/ ۱۱۴۶۹)

شادی کے موقع پر دئے ہوئے پیسے کو لڑکی کے باپ کا اپنے اختیار سے خرچ کرنا

سوال [۵۲۶۴]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: لڑکیوں کی شادی کے موقع پر اعزاء ومتعلقین لڑکی کو سامان جہیز دیتے ہیں، یا نقد رقمیں دیتے ہیں کہ اس سے بچی کے لئے کچھ سامان لے کر دے دینا، آخر الذکر لوگ نقد رقم اس لئے دیتے ہیں کہ ہوسکتا ہے جو سامان ہم لے کر جائیں وہ لڑکی کے ماں باپ پہلے ہی خرید چکے ہوں، تو سامان ڈبل ہوجائے گا؛ اس لئے نقد رقم دیتے ہیں کہ جو سامان ماں باپ نے خرید رکھا ہے اس میں سے کوئی سامان ہماری طرف سے ہوجائے گا، تو دریافت یہ کرنا ہے کہ کیا ماں باپ کے لئے ایسا کرنے کی شرعاً اجازت ہے کہ جو سامان انہوں نے خرید رکھا ہے، اس کو شادی کے موقع پر پیسہ دینے والے اعزاء یا متعلقین کے پیسے کے بقدر ان کے نام نامزد کردیں کہ یہ سامان فلاں کی طرف سے ہوگیا؟

(۲) کچھ اعزاء اور احباب زبردستی اصرار کرکے شادی کے دن رقمیں دینا چاہتے

ہیں، منع کرنے کے باوجود نہیں مانتے اور کہتے ہیں کہ ہم تو بچی کو دے رہے ہیں، تو وہ رقم لڑکی ہی کو دینا ضروری ہے یا ماں باپ شادی کے دیگر اخراجات میں لگا سکتے ہیں؟

المستفتی: محمد عارف خیرآباد، سیتاپور

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: لڑکی کی شادی کے موقع پر اعزاء اور متعلقین جو روپئے، پیسے دیتے ہیں، وہ لڑکی کی شادی کے اخراجات میں کسی بھی طرح کے تعاون کی غرض سے دیتے ہیں اور عرف میں ماں باپ کو مکمل اختیار سمجھا جاتا ہے؛ اس لئے ماں باپ اس پیسے کو شادی کی کسی بھی ضرورت میں خرچ کر سکتے ہیں اور یہ بھی درست ہے کہ ماں باپ لڑکی سے یہ کہہ دیں کہ فلاں سامان تمہارے فلاں عزیز کی طرف سے ہے، اس میں بھی کوئی حرج نہیں؛ اس لئے کہ اس طرح کا تعامل لوگوں کے درمیان جاری ہے، بشرطیکہ یہ لین دین نیوتہ کی شکل میں نہ ہو؛ اس لئے کہ نیوتہ جائز نہیں ہے، اور اگر کوئی سامان لڑکی کے واسطے کسی رشتہ دار نے نامزد کر کے دیا ہے، تو وہ متعین سامان لڑکی ہی کو دے دینا چاہئے۔ فقہاء کے حسب ذیل جزئیہ سے یہی حکم شرعی واضح ہوتا ہے، جزئیہ ملاحظہ فرمائیے:

فإن كان من أقرباء الأب، أو من معارفه، فهي للأب، وإن كان من أقرباء الأم أو من معارفها، فهي للأم هكذا حكى عن الشيخ الإمام أبي القاسم والفقيه أبي الليث. وفي النوازل: وبه نأخذ، وفي الينابيع: وقال بعضهم: إذا قالوا: للولد، فهي له، وإن لم يقولوا شيئا، فهي للوالد، وكذلک إذا اتخذ وليمة لزفاف إلى بيت زوجها، فأهدى أقرباء الزوج أو أقرباء المرأة ابنته، وهذا كله إذا لم يقل المهدى أهديت للأب أو للأم فى المسألة الأولى، وللزوج أو للمرأة في المسألة الثانية، وتعذر الرجوع إلى قول المهدى، أما إذا قال: فالقول قول المهدى؛ لأنه هو المملک، وفي الخانية: وقال بعضهم في الأحوال كلها تكون الهبة للوالد؛ لأنه هو الذى اتخذ الوليمة، وقال بعضهم: يكون للولد والاعتماد على ما قلنا أولا.

(الفتاوى التاتارخانية، كتاب الهبة، الفصل الثالث فيما يتعلق بالتحليل وما يتصل به، زكريا ١٤/ ٤٤١- ٤٤٠، رقم: ٢١٦٤٥-٢١٦٤٦، وهكذا في الشامية، كتاب الهبة، كراچی ٨/ ٤٥٣، زكريا ١٢/ ٦٠٥) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۴ محرم الحرام ۱۴۳۶ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۴۱/ ۱۱۸۴۸)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۳۶/۱/۲۴ھ

شرعاً مہر اور جہیز کس کی ملک ہیں؟

سوال [۵۲۶۵]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: زید کی شادی کو تقریباً ایک سال ہوگیا، چند ہی دن کے بعد زن وشوہر میں نامعلوم بنا پر اختلاف ہوگیا اور تاہنوز کشیدگی چلی آرہی ہے، چند معزز حضرات نے ثالثی کے طور پر اختلاف اور کشیدگی دور کرنے کی کوشش کی؛ لیکن کامیاب نہ ہوسکے، زید کو اصرار ہے کہ اسے بیوی پسند نہیں ہے اور وہ طلاق دینا چاہتا ہے، جب کہ زید کے بہن بھائی طلاق کے حق میں نہیں ہیں، نیز بیوی بھی طلاق کو پسند نہیں کرتی اور اس کا کہنا ہے کہ زید اگر چاہے تو دوسری شادی کرلے، میں ان دونوں کی خدمت کرتی رہوں گی؛ لیکن زید بغیر کسی دلیل کے طلاق دینے پر بضد ہے، اس صورت میں وہ زیور اور دیگر چیزیں جو رسم ورواج کے مطابق زید نے بیوی کو اصطلاحاً چڑھائیں علاوہ ازیں ۱۵۱/تولہ ۹۰۰/ملی گرام چاندی جو بطور دین مہر کے نکاح نامہ پر باہم رضامندی سے تحریر ہے اور وہ کل سامان جو لڑکی بطور دین جہیز اپنے ساتھ لائی قبل از طلاق یا بعد از طلاق اس سامان کا مالک کون ہے؟ یا اس کو کس طرح تقسیم کیا جائے؟ شرعی حیثیت سے تحریر فرمائیں۔

المستفتی: اخلاق احمد اصالت پورہ، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: اگر طلاق دے دے گا تو ۱۵۱/تولہ ۹۰۰/ملی گرام

چاندی جوسوال میں لکھی ہوئی ہے، وہ مکمل ادا کرنا واجب ہوگی، نیز لڑکی اپنے میکے سے جو سامان جہیز کے طور پر لائی ہے، اس کی بھی ہر وقت لڑکی مالک ہے اور جو زیور کپڑے وغیرہ لڑکے کی طرف سے بوقت نکاح لڑکی کو چڑھایا گیا تھا وہ برادری کے رواج پر ہے، اگر لڑکی کو مالک بنانے کا رواج ہے تو وہ بھی سب لڑکی کی ملکیت ہے۔ اور اگر زیور بطور عاریت دیا ہے، تو لڑکے کی ملکیت ہے۔

فإن كل أحد يعلم أن الجهاز ملك المرأة، وأنه إذا طلقها تأخذه كله، وإذا ماتت يورث عنها. (الدرالمختار مع الرد المحتار، كتاب الطلاق، باب النفقة، مطلب فيما لو زفت إليه بلا جهاز، زكريا ٥/ ٢٩٩، كراچی ٣/ ٥٨٥)

فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ	الجواب صحیح:
۲۸؍ ربیع الثانی ۱۴۱۴ھ	احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۱/ ۳۴۳۶)	۲۸/ ۴/ ۱۴۱۴ھ

جہیز، زیورات اور استعمالی سامان کا مالک کون؟

سوال [۵۲۶۶]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: میرے داماد کا انتقال ہوگیا ہے، بیٹی کی عدت وفات پوری ہوگئی ہے، میری ایک نواسی ہے جو ایک سال کی ہے، معلوم یہ کرنا ہے کہ لڑکی کا جہیز اور زیور اور استعمالی سامان اور روپیہ پیسہ کس کا حق ہے؟ لڑکی کا ہے یا لڑکے کے وارثین کا ہے؟

المستفتی: مہربان الٰہی رفعت پورہ، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: لڑکی کو میکہ والوں کی طرف سے جو کچھ سامان زیور وغیرہ دیا گیا ہے، وہ سب لڑکی کی ملکیت ہے، داماد کے انتقال کے بعد اس کے ورثاء لڑکی

کی ملکیت کے شرعاً حقدار نہ ہوں گے؛ لہٰذا جہیز اور لڑکی کی ملکیت کے استعمالی سامان سب لڑکی کی ملکیت ہے، اس میں کسی کا کوئی حق نہیں ہے، نیز اگر مہر ادا نہ ہوا ہو تو شوہر کے ترکہ سے مہر وصول کرنے کا بھی حق ہے۔

جهز ابنته، ثم مات، فطلب بقية الورثة القسمة، فإن كان الأب اشترى لها في صغرها، أو كبرها وسلم لها في صحته، فهو لها خاصة. (شامي، كتاب النكاح، باب المهر، مطلب في دعوى الأب أن الجهاز عارية، كراچی ۳/ ۱۵۷، زكريا ديوبند ۴/ ۳۰۹)

فإن كل أحد يعلم أن الجهاز ملك المرأة. (شامي، كراچی ۳/ ۵۸۵، زكريا ۵/ ۲۹۹) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۱ ؍رجب ۱۴۲۶ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۸/۸۹۰۲)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۲۱/۷/۱۴۲۶ھ

شادی کے موقع پر دیئے گئے جہیز اور زیورات وغیرہ کس کی ملکیت ہیں؟

سوال [۵۲۶۷]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: (۱) زید نے جہیز کے طور پر اپنی لڑکی کو جو سامان دیا تھا اس کو واپس لینے کا زید کی لڑکی کو اختیار ہے یا نہیں؟ اگر واپس لینے کا اختیار حاصل ہے، تو عدت کے دوران مطالبہ کرے یا عدت کے اختتام پر، نیز لڑکی لاولد ہے؟

(۲) لڑکے کی والدہ نے زید کی لڑکی کو جو زیورات شادی کے موقع پر چڑھائے تھے وہ زیورات لڑکے کی والدہ نے لڑکے کے انتقال سے ایک سال قبل واپس لے لئے، جب کہ لڑکے نے اپنی شریک حیات سے کہا تھا کہ یہ زیور تمہارے ہیں، جو دل چاہے کرو تمہیں پورا اختیار ہے، زید کی لڑکی ازروئے شرع لڑکے کی والدہ سے اس کا مطالبہ کرسکتی ہے یا نہیں؟

المستفتی: وسیم احمد خان کٹرہ چاند خان، پرانا شہر بریلی

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: (۱) زید نے اپنی لڑکی کو جہیز کے طور پر جو سامان دیا تھا وہ لڑکی کی ملک ہے، لڑکا یا سسرال والوں کا اس میں کوئی حق نہیں، لڑکی جب چاہے اس کو واپس لے سکتی ہے۔ (فتاوی دار العلوم ۷/۴/ ۵، عزیز الفتاوی/ ۴۴۵، امداد المفتیین / ۵۶۰)

جهز ابنته بجهاز وسلمها ذلک ليس له الاسترداد منها، ولا لورثته بعده إن سلمها ذلک في صحته بل تختص به، وبه يفتي. (رد المحتار علی هامش الدرالمختار، کتاب النکاح، باب المهر، کراچی ۳/ ۱۵۵، زکريا ۴/ ۳۰۶، ۳۰۷)

(۲) لڑکے والوں کی طرف سے دولہن کو جو زیورات دئے گئے ہیں، اس کے بارے میں اگر اس بات کا ثبوت ہے کہ لڑکے نے دولہن کو یہ کہہ کر مالک بنا دیا ہے کہ یہ زیورات تمہارے ہی ہیں، تم کو ہر طرح سے اختیار ہے تو دولہن ان زیورات کی مالک بن گئی؛ لہٰذا وہ اس کا حق ہے؛ اس لئے جب ساس نے وہ زیورات لے لیے ہیں، تو دولہن کو مطالبہ کرکے لینے کا حق ہے، نیز اگر لڑکے کی ملک میں روپیہ پیسہ یا جائیداد وغیرہ رہی ہے تو اس کو چار حصہ کرکے ایک حصہ وراثت میں دولہن کو ملے گا۔ (امداد المفتیین/ ۵۶۰، مستفاد: عزیز الفتاوی/۴۴)

المختار للفتوی أن يحکم بکون الجهاز ملکا لا عارية؛ لأنه الظاهر الغالب -إلی- والمعتمد البناء علی العرف کما علمت. (شامي، مطلب في دعوی الأب أن الجهاز عارية، زکريا ديوبند ۴/ ۳۰۹، کراچی ۳/ ۱۵۷)

فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
یکم محرم الحرام ۱۴۲۳ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۷۴۱۲/۳۶)

شوہر کی طرف سے دئے گئے زیور اور جہیز کا مالک کون؟

سوال [۵۲۶۸]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل

کے بارے میں: میری شادی آج سے ۳۰ رسال قبل مرحوم اکرم خان سے مسلم رسم ورواج کے مطابق ہوئی تھی ۱۹۸۵ء میں اور قریب ۱۹۸۸ء میں میرے شوہر اکرم خان کا انتقال ہوگیا، میرے بیوہ ہو جانے کے بعد میری بیوہ والدہ اور میرے بھائی میرے خرچ کا بوجھ برداشت کرتے رہے، بوقت نکاح میرا مہر دس ہزار روپے بتحریر ہوا تھا میرے مرحوم شوہر اکرم خان نے تین عدد سونے کے زیور چڑھائے تھے، جب میں نکاح ہوکر اپنے سسرال رخصت ہوئی اور گھر پہنچی تب میرے شوہر مرحوم اکرم خان نے مجھ سے کہا کہ یہ تینوں زیور سونے کے ہیں، یہ تینوں تمہارے ہیں اور میرے ہی کمائی کے ہیں، اس زیور پر اب آج سے میرا کوئی حق نہیں رہا، آج سے ہی تم اس زیور کی مالک ہو اور تم جس طرح چاہو اس چیز کو اپنے استعمال میں لاسکتی ہو اس پر مجھ کو کوئی بھی اعتراض نہیں ہے اور نہ ہوگا اور جس وقت میں نکاح ہوکر اپنے سسرال پہنچی تو میرے شوہر مرحوم اکرم کے والد نے ۴/۱ حصہ میرے شوہر اکرم کے نام لکھ دیا، میرے شوہر کے اور بھی تین حقیقی بھائی ہیں؛ اس لئے میرے سسر نے میرے شوہر مرحوم اکرم خان کے نام ۴/۱ حصہ لکھ دیا تھا، نکاح کے وقت میری بیوہ ماں اور بھائی نے مجھ کو جو بھی جہیز دیا تھا، وہ سب جہیز میری سسرال میں ہی ہے اور میں اپنی بیوہ والدہ اور بھائی کے پاس ہی ہوں، اور آج بھی یہی میرا خرچ برداشت کرتے ہیں، چنانچہ برائے مہربانی میرے شوہر مرحوم اکرم خان کی ملکیت اور زیور میں جو میرے حقوق مجھ کو پہنچتے ہوں، ان کی نشاندہی فرما کر شکریہ کا موقع عنایت فرمائیں۔

المستفتیۃ: بیوہ ناظمہ بیگم بنت مرحوم علی خان

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: اگر سوال نامہ میں بیان کردہ واقعہ صحیح ہے تو شوہر نے جس زیور کا آپ کو مالک بنایا ہے، اس کی آپ حق دار ہیں اس میں کسی کا حق نہیں ہے۔ اور آپ کو آپ کے والدین نے جو جہیز وغیرہ دیا ہے وہ سب آپ کی ملکیت ہے، اس میں کسی کا کوئی حق نہیں ہے۔ اور اگر سسر آپ کی فیملی میں رہتا تھا اور ۴/۱ حصہ آپ کے شوہر کے

صرف نام کردیا تھا، تو شوہر اس کا مالک نہیں ہوا۔ اور اگر آپ نے اپنا مہر معاف نہیں کیا تھا، تو شوہر کے اوپر آپ کے دین مہر کا حق باقی ہے، اگر آپ معاف نہیں کریں گی اور شوہر کے ورثاء اس کو ادا نہ کریں تو قیامت کے دن شوہر سے وصول کرسکتی ہیں۔

فإن كل أحد يعلم أن الجهاز ملك المرأة. (الدر مع الرد، الطلاق، باب النفقة، مطلب فيما لو زفت إليه بلا جهاز، زكريا ٥/ ٢٩٩، كراچی ٣/ ٥٨٥)

تتعلق بتركة الميت حقوق أربعة مرتبة –إلى– ثم تقضى ديونه من جميع ما بقي من ماله. (سراجي ياسر نديم، ص: ٣-٤)

ما ثبت يكون باقيا ما لم يوجد الدليل المزيل. الخ (قواعد الفقه كراچی، ص: ١١٤) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۸؍شعبان ۱۴۱۲ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۲۸/ ۲۷۹۱)

لڑکی کو میکے کی طرف سے ملنے والے سامان کا مالک کون؟

سوال [۵۲۶۹]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: عبدالقیوم اور عبدالغفور نے اپنی ہمشیرہ کی شادی شرکت میں کی طلاق ہونے پر سامان کچھ واپس آ گیا، کچھ عبدالقیوم نے رکھ لیا سامان عبدالغفور نے بھی دیا تھا، عبدالقیوم سے لینا جائز ہے یا نہیں؟

المستفتی: عبدالغفور نجو پورہ، ٹانڈہ بادلی

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: لڑکی کو میکے والوں کی طرف سے جو سامان بطور جہیز دیا جاتا ہے، وہ بر بناء عرف لڑکی کی ملکیت میں داخل ہوجاتا ہے؛ اس لئے شرعاً بھی اس

سامان کی مالک وحقدار لڑکی ہی ہوتی ہے، لہٰذا واپس شدہ جہیز کا حقدار نہ عبدالقیوم ہے اور نہ ہی عبدالغفور؛ بلکہ سب لڑکی ہی کو ملے گا، اس میں لڑکی کی اجازت کے بغیر بھائیوں میں سے کسی کو تصرف کا حق حاصل نہ ہوگا۔

الثابت بالعرف كالثابت بالنص. (قواعد الفقه، كراچی ۷٤، عقود رسم المفتي قديم ۹٥)

المختار للفتوى أن يحكم بكون الجهاز ملكا لا عارية. -إلى قوله- فيما إذا كان النزاع من الأب أما لو مات فادعت ورثته فلا خلاف في كون الجهاز للبنت. (شامي، كتاب النكاح، باب المهر، مطلب في دعوى الأب أن الجهاز عارية، كراچی ۳/ ۱٥۷، زكريا ٤/ ۳۰۹، البحرالرائق، کوئٹہ ۳/ ۱۸۷، زكريا ۳/ ۳۲٥، مجمع الأنهر مصري قديم ۲/ ۲٦۹، دارالكتب العلمية بيروت ۳/ ۳٦۸، الأشباه و النظائر، القاعدة السادسة، قديم ص: ۱٥۷) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۷/ جمادی الاولیٰ ۱۴۱۱ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۲۶/ ۲۲۱۸)

شادی کے موقع پر دولہن کو ملنے والے زیورات سامان وغیرہ کا مالک کون؟

سوال [۵۲۷۰]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: (۱) شادی کے موقع پر جو زیورات سامان، پرچہ جات اور دیگر قیمتی سامان لڑکی والوں کی طرف سے دولہن کو دئے جاتے ہیں، اس کا مالک کون ہوتا ہے جو زیورات لڑکی کو لڑکے والوں کی طرف سے دئے جاتے ہیں، ان کا مالک کون ہوتا ہے؟

سورۂ ''بقرہ'' آیت: ۲۲۹/ سے معلوم ہوتا ہے کہ لڑکی کو ملے گا۔

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: (۱) جو زیور، سامان جہیز وغیرہ لڑکی والوں کی

طرف سے دیا جاتا ہے، لڑکی ہی اس کی مالک ہوتی ہے۔

لو جهز الأب بنته جهازا ودفعه لها –إلى قوله– والفتوى أنه إن كان العرف مستمرا أن الأب يدفع ذلک الجهاز ملكا لا عارية. الخ (الأشباه والنظائر، القاعدة السادسة قديم: ۱۵۷، شامي، کراچی ۳/ ۱۵۷، زکریا ٤/ ۳۰۹، البحر الرائق، کوئٹه ۳/ ۱۸۷، زکریا ۳/ ۳۲۵)

اور جو زیور، سامان وغیرہ لڑکے والوں کی طرف سے دیا جاتا ہے، عرف میں لڑکی اس کی مالک نہیں ہوتی؛ بلکہ لڑکا ہی اس کا مالک رہتا ہے۔

المعروف بالعرف كالمشروط شرعا. الخ (قواعد الفقه کراچی ۱۲۵)

الثابت بالعرف كالثابت بالنص. الخ (عقود رسم المفتي قديم ۹٤)

المعروف عرفا كالمشروط شرعا. (الأشباه والنظائر، قديم: ۱۵۶)

اور ''سورۂ بقرہ'' آیت: ۲۲۹؍ میں جورب علیم وحکیم، غفور وقہار نے فرمایا ہے، اس سے مراد مہر ہے۔ امام المفسرین علامہ جلال الدین سیوطی نے تفسیر جلالین میں صراحت فرمائی ہے۔

قوله تعالى: ولا يحل لكم أيها الأزواج، ان تأخذوا فما آتيموهن من المهور شيئا إذا طلقتموهن. الخ (جلالين شريف ۱/ ۳۵، تفسیر معارف القرآن ۱/ ۲۰۲) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۴؍ جمادی الاولیٰ ۱۴۰۸ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۶۸۵/۲۴)

زیور اور جہیز کے سامان پر ملکیت کس کی ہے؟

سوال [۵۲۷۱]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: میری ہمشیرہ مسماۃ عصمت جہاں کا عقد مسنون تقریباً پونے چار سال قبل شکیل احمد کے ساتھ ہوا تھا، نکاح کے بعد زوجین ہنسی خوشی اپنے گھر ساتھ ساتھ رہے، تعلقات

ازدواج بھی خوشگوار رہے، اس دوران شوہر گھر سے غائب رہنے لگا جس کے سبب ذریعہ آمدنی بند ہوگیا، کھانے پینے کے اخراجات تنگ ہو گئے، لہٰذا لڑکی اپنے میکے آگئی؛ لیکن اس دوران لڑکی اپنی سسرال بھی گئی، تاکہ اپنی ازدواجی زندگی کو پھر سے شروع کر سکے، مگر اس کا شوہر وہاں مل نہ سکا، مجبوراً پھر اپنے بھائی کے گھر واپس آگئی، سسرال سے اس کو کوئی بلانے یا لینے نہیں آیا، نہ ہی اس کے شوہر اس کو بلانے آئے اور نہ لینے آئے، لڑکی میکے آتے وقت اپنا زیور جو اس کو شادی میں ملا تھا (دونوں طرف کا) اور ضرورت کے کپڑے اپنے ساتھ لے آئی، بقیہ تمام جہیز اپنی سسرال میں چھوڑ آئی جو آج تک وہی ہے، ڈھائی سال اپنے بھائی کے پاس رہنے کے بعد اس کا انتقال ہوگیا، اس دوران اس کے تمام اخراجات کفن دفن کا خرچ بھی اس کے بھائی نے کیا لڑکی نے مرتے وقت مہر بھی معاف نہیں کیا، اس کے شوہر کا کچھ پتہ نہیں ہے، مرحومہ کی کوئی اولاد بھی نہیں ہے۔

(۱) مرحومہ کا جو زیور ہے، اس کا شرعی وارث کون ہے، مرحومہ کا صرف ایک بھائی اور اس کے شوہر کے بھائی وغیرہ ہیں۔

(۲) جو زیور اس کو سسرال سے ملا تھا اس کا شرعی وارث کون ہے؟ مہر کی ادائیگی کی شرعی صورت کیا ہے؟

(۳) لڑکی کے جہیز کے سامان کا وارث کون ہے؟

(۴) مرحومہ کا زیور جو اس کے میکے سے ملا تھا، کیا اس میں بھی اس کے شوہر کے ورثاء کا حصہ ہے؟ اگر ہے تو کتنا؟ برائے کرم جواب عطا فرمائیں۔

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: جتنے دنوں تک بھائی نے خرچہ برداشت کیا وہ اگر بطور قرض کے نہیں تھا، تو تبرع ہے، نیز شوہر پر زمانہ ماضی کا نان نفقہ واجب نہیں رہتا ہے، اسی طرح دونوں میں سے ایک کی موت سے بھی ماضی کا خرچ ساقط ہو جاتا ہے؛ لہٰذا شوہر کے مال میں سے اب وصول نہیں کیا جا سکتا۔

وإذا مضت مدة لم ينفق الزوج عليها، وطالبته بذلك، فلا شيء لها. (قوله) وكذا إذا ماتت الزوجة؛ لأن النفقة صلة والصلات تسقط بالموت. الخ (هداية، كتاب الطلاق، باب النفقة، أشرفي ديوبند ۲/ ٤٤٠، الجوهرة النيرة، دارالكتاب ديوبند ۲/ ۱٦۱، إمداديه ملتان ۲/ ۱٦۸)

(۱) جب مرحومہ کے شوہر کے انتقال کا یقین نہیں ہے تو زیور کے شرعی وارث شوہر اور بھائی ہیں، نصف شوہر کو نصف بھائی کو ملے گا، نیز شوہر کا حصہ معتمد علیہ شخص کے پاس محفوظ رکھنا ضروری ہے۔

والمفقود موقوف الحكم في حق غيره حتى يوقف نصيبه من مال مورثه كما في الحمل، وفي هامشه: يوقف نصيبه إلى أن يبن حاله. (شريفيه ۱۳۸)

(۲) جو زیور سسرال سے ملا تھا، اس کا مدار رواج پر ہے، اگر شوہر نے صراحت سے اس کو مالک نہیں بنایا تھا، تو یہاں کے رواج کے مطابق عاریتی زیور کہلائے گا، جس کا مالک شوہر ہی ہے، مہر کی ادائیگی شوہر کے وارثین اور رشتہ داروں پر واجب نہیں ہے؛ بلکہ اس کے مال میں سے وصول کیا جائے گا۔

والمختار للفتوى أن يحكم بكون الجهاز ملكا لا عارية؛ لأنه الظاهر الغالب إلا في بلدة جرت العادة بدفع الكل -إلى- والمعتمد البناء على العرف كما علمت. (شامي، زكريا ٤/ ۳۰۹، كراچی ۳/ ۱٥۷)

تتعلق بتركة الميت حقوق أربعة مرتبة -إلى- ثم تقضى ديونه من جميع ما بقي من ماله. (سراجي، مكتبه ياسر نديم ۳، ٤)

(۳) جہیز کا سامان اس کے وارثین یعنی نصف شوہر کو اور نصف بھائی کو ملے گا۔

فإن كل أحد يعلم أن الجهاز ملك المرأة إذا طلقها تأخذ كله، وإذا ماتت يورث عنها. (شامي، كراچی ۳/ ٥۸٥، زكريا ٥/ ۲۹۹)

(۴) میکے سے جو زیور ملتا ہے لڑکی اس کی مالک ہو جاتی ہے، اس لئے اس میں بھی نصف شوہر کو اور نصف بھائی کو ملے گا۔

فإن كل أحد يعلم أن الجهاز ملك المرأة. (الدر مع الرد، زكريا ٥/ ٢٩٩، كراچی ٣/ ٥٨٥) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۸/ ذیقعدہ ۱۴۰۷ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۲۴/ ۳۵۶)

مہر، جہیز اور زیورات کا حکم

سوال [۵۲۷۲]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: (۱) مرحوم آزاد راجہ صاحب نے اپنی زندگی میں اپنی بیوی کا مہر ادا نہیں کیا تھا، تو کیا اب ترکہ سے ان کی اہلیہ کا مہر ادا کیا جائے گا؟

(۲) مرحوم کے والدین اب مرحوم کی بیوی کو اس کے جہیز کی چیزیں سونا، کپڑے اور دیگر گھریلو سامان جو لڑکی والوں نے دیا ہے، واپس دینا نہیں چاہتے ہیں، تو کیا حکم ہے؟

(۳) مرحوم کے والدین اب مرحوم کی بیوی کی وہ چیزیں جیسے سونا، کپڑے اور دیگر سامان جو انہوں نے بہو کو دی تھیں، اس پر جائز حق مرحوم کی بیوی کا ہے یا اس کے والدین کا؟ ان کا تعلق عباسی برادری کے عرف ورواج سے ہے؟

المستفتی: فراست حسین مکھن والے، مراد آباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: (۱) مسئلہ مذکورہ میں شوہر نے اپنی بیوی کو اپنی زندگی میں مہر ادا نہیں کیا تھا تو شوہر کے انتقال کے بعد شوہر کے ترکہ میں سے سب سے پہلے بیوی کا مہر ادا کرنا لازم ہے۔ (مستفاد: کفایت المفتی قدیم ۷/ ۳۳۳، جدید زکریا ۵/ ۱۳۱، فتاوی دار العلوم ۸/ ۳۴۷)

فلأن المسمى دين في ذمته، وقد تأكد بالموت، فيقضى من تركته.

(هدايه، كتاب النكاح، باب المهر، أشرفي بك ڈپو ٢/ ٣٣٧)

(۲) لڑکی کو جو زیور، جہیز اور سامان اپنے باپ کے گھر سے ملا تھا وہ لڑکی کا ہے، مرحوم کے گھر والوں کو ان چیزوں کے روکنے اور نہ دینے کا کوئی حق نہیں ہے، لڑکی کو واپس کرنا ضروری ہے۔ (کفایت المفتی، قدیم ۵/۱۰۸، زکریا ۵/۱۰۹، فتاوی دارالعلوم ۸/ ۳۵۸)

جهز ابنته ثم مات، فطلب بقية الورثة القسمة، فإن كان الأب اشترى لها في صغرها، أو في كبرها، وسلم لها في صحته فهو لها خاصة. (شامي، زكريا ٤/ ٣٠٩، كراچی ٣/ ١٥٧)

(۳) جو زیور اور سامان بیوی کو شوہر کی طرف سے دیا جاتا ہے اس زیور اور سامان کے بارے میں حکم یہ ہے کہ اس کا مدار عرف اور رواج پر ہے، اگر آپ کی برادری کا عرف ورواج یہ ہے کہ ان چیزوں کا مالک شوہر رہتا ہے تو یہ چیزیں شوہر کی رہیں گی۔ اور ترکہ میں شامل ہوکر سب ورثاء کے درمیان تقسیم ہوں گی۔ اور اگر عرف یہ ہے کہ ان چیزوں کا مالک بیوی کو بنا دیا جاتا ہے، تو تنہا بیوی مالک ہوگی اور مرحوم کے والدین کو بیوی کو ادا کرنا ضروری ہے، اب سائل اپنی برادری کے عرف کو خود دیکھ لے۔ (کفایت المفتی قدیم ۵/ ۱۲۳، ۵/ ۱۳۴، جدید زکریا ۵/ ۱۲۳، ۵/ ۱۳۲)

والمعتمد البناء على العرف كما علمت. (شامي، مطلب في دعوى الأب أن الجهاز عارية، زكريا ديوبند ٤/ ٣٠٩، كراچی ٣/ ١٥٧) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۲/ جمادی الثانیہ ۱۴۱۹ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۴/ ۵۸۱۴)

نکاح کے وقت دئے گئے زیورات وغیرہ کا حکم

سوال [۵۲۷۳]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: ہماری بیٹی شہرین کی شادی محمد ندیم سے تقریباً ۵/ سال قبل ہوئی تھی، ایک بیٹا

ہے، جس کی عمر تین سال ہے، ندیم نے ١٥/ دن پہلے دوسرا نکاح کرلیا ہے، اور پہلی بیوی شہرین کوطلاق دینا چاہتاہے، ان حالات میں جو کپڑے زیور شہرین کو دیئے گئے تھے، ندیم کی طرف سے یہ زیور کپڑے شہرین کو ملیں گے یا نہیں؟

المستفتی: محمدوسیم اصالت پورہ، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: محمد ندیم نے جو زیورات اور کپڑے بوقت نکاح بیوی کو دیئے تھے، اوران کے بارے میں اگر بیوی کی ملکیت یا عدم ملکیت کی صراحت نہیں کی تھی، تو برادری یا علاقہ کے عرف وعادت پر حکم شرعی مرتب ہوگا؛ لہٰذا اگر علاقہ یا برادری میں دولہن کو مالک بنانے کا عرف ہے تو عرف عملی کی وجہ سے دولہن مالک ہوجائے گی، شوہر محمد ندیم کو اب واپس لینے کا حق نہیں ہے۔ اوراگر برادری یا علاقہ کا عرف واپس کرنے کا ہے تو دولہن شہرین اس کی مالک نہیں ہوگی، اب آپ عرف کو دیکھتے ہوئے خود انصاف سے فیصلہ کرلیں۔ (مستفاد: انوار رحمت، ص: ٣٢٨)

اسی طرح تین سال کا جولڑکا ہے وہ جب تک اپنے کام یعنی کھانا پینا اور استنجاء وغیرہ کرنا خود انجام دینے کی صلاحیت نہ رکھے، اس وقت تک ماں اس کی پرورش کرے گی اور بچہ پر چونکہ شرعاً شوہر کا حق ہے؛ اس لئے بچہ شوہر کو ملے گا۔

وإذا بعث الزوج إلی أهل زوجته أشیاء عند زفافها منها دیباج، فلما زفت إلیه أراد أن یسترد من المرأة الدیباج لیس له إذا بعث إلیها علی جهة التملیک. الخ (هندیة، الفصل السادس عشر في جهاز البنت، زکریا ١/ ٣٢٧، جدید زکریا ١/ ٣٩٣)

وکذا ما یعطیها من ذلک أو من دراهم، أو دنانیر صبیحة لیلة العرس وسمی في العرف صبحة، فإن کل ذلک تعورف في زماننا کونه هدیة لا من المهر، ولا سیما المسمی صبحة، فإن الزوجة تعوضه عنها ثیابا

ونحوها صبيحة العرس أيضا. (شامي، زكريا ٤/ ٣٠٣، كراچی ٣/ ١٥٣)

المعتمد البناء على العرف. (شامي، زكريا ٤/ ٣٠٩، كراچی ٣/ ١٥٧)

والأم والجدة أحق بالغلام حتى يستغني وقدر بسبع سنين، وقال القدوري: حتى يأكل وحده ويشرب وحده، ويستنجي وحده. (هندية، زكريا ١/ ٥٤٢، جديد زكريا ١/ ٥٩٣) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۴۳۲/۶/۲۴ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۲۹/۳۴۴۳/۱۰)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۳۲/۶/۲۴ھ

دولہن پر چڑھائے جانے والے زیور کا حکم

سوال [۵۲۷۴]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: نور احمد مرحوم کی شادی کے وقت شادی کا کل خرچ نور احمد مرحوم ہی کی طرف سے ہوا، یہاں تک کہ زیور، کپڑے، لکڑی کا سامان وغیرہ نور احمد مرحوم نے اپنی بہن گلشن جہاں سے مبلغ تین ہزار روپیہ اور اپنی بھاوج نایاب جہاں بیگم جو شکیل احمد کی بیوی ہے، اس سے مبلغ چھ ہزار روپیہ لے کر بنوایا تھا، اور شادی پر زیور بیوی کو چڑھایا تھا، مالک نہیں بنایا تھا اور نہ مالک بنانے کا کبھی شوہر نے اظہار کیا، اب نور احمد کی بہن گلشن جہاں کے مبلغ تین ہزار روپیہ اور نور احمد کی بھاوج کے چھ ہزار روپیہ کس صورت میں ادا ہوں اور زیور وغیرہ کا کون حقدار ہوتا ہے؟ نور احمد کی ایک بچی ثنا جمال ایک سال کی ہے، جواب مطلوب ہے۔

المستفتی: شکیل احمد چوراہا اصالت پورہ، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: اگر شوہر کی طرف سے وہ زیور تملیکاً دیا گیا تھا تو

وہ عورت کا ہے اور اگر عاریۃ دیا گیا تھا تو وہ بیوی کا نہیں ہے؛ بلکہ شوہر کا ہے۔ اور اگر دیتے وقت کوئی صراحت نہیں کی گئی تھی، تملیک یا عاریت کی، تو رواج اور عرف کا اعتبار ہوگا، اگر مراد آباد کا عرف تملیک کا دینے کا ہے تو وہ عورت کا رہے گا، نور احمد مرحوم کی ملکیت میں جو کچھ روپیہ یا زیور یا دوسرے سامان ہیں ان سے اولاً قرض ادا کرنا واجب ہے، بھائیوں پر قرض ادا کرنا واجب نہیں ہے۔ اور اگر بعد ادائے قرض کچھ ترکہ بچ جائے اور مرحوم نے کوئی وصیت بھی نہیں کی، تو بچا ہوا مال شرعی طریقہ سے تقسیم ہوگا۔

اور اگر ترکہ کم ہے اور قرض زیادہ ہے تو ہر قرض دار کا نام اور رقم کی تفصیل تحریر کریں اسی کے مطابق سہام بنادیئے جائیں گے۔ فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۵؍ رمضان ۱۴۰۷ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۲۳/۲۲۴)

سسر کی طرف سے بہو کو دیئے گئے زیورات کا مالک کون؟

سوال [۵۲۷۵]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: زید کے چار بیٹے ہیں، چاروں لڑکوں کی شادی بھی کردی ہے اور ہر ایک کی زوجہ کو زیورات بھی دیئے ہیں، اور خرچ سب کا ایک ہی جگہ تھا، زید کے ایک لڑکے کی بیوی اپنے ماں باپ کے یہاں گئی ہوئی تھی، وہاں زیور کھوگیا، واضح ہو جس وقت زیور گم ہوا ہے، زید کے چار لڑکے ایک ہی جگہ تھے، اب چاروں الگ الگ ہوگئے ہیں، زید چاہتا ہے کہ اپنی حیات ہی میں زیورات کا حصہ سب کو برابر کردے، تو اب دریافت یہ ہے کہ جو زیورات تین کے پاس ہیں وہ زیورات صرف تین ہی جگہ تقسیم ہونگے یا چار جگہ؟ قرآن وحدیث کی روشنی میں جواب عنایت فرمائیں۔

المستفتی: عبد الحمید بڑھیو والا اودھم سنگ نگر

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: اگر باپ نے ہرلڑکے کی بیوی کوجوزیوردیا تھا، وہ اس کی ملکیت میں دے دیا تھا توہرلڑکے کی بیوی دئے گئے زیورکی مالک بن چکی ہے، اس میں باپ کوترمیم کرنے کا کوئی حق نہیں ہے اور جس دولہن کا زیوراس کے ہاتھ سے کھوگیا ہے، اس کا نقصان صرف اسی پرہوگا، دوسروں پرنہ ہوگا؛ لیکن اگر باپ نے ملکیت میں نہیں دیا تھا؛ بلکہ صرف عاریت میں پہننے کے لئے دے رکھا تھا اور واپس لینے کا ارادہ بھی رہا ہے، تو باپ کواختیار ہے کہ دوسری دوبہنوں کے یہاں سے تمام زیورات منگا کراپنی مرضی کے مطابق تقسیم کردے۔

رجل اتخذ لولده، أو لتلميذه ثيابا، ثم أراد أن يدفع إلى ولده الآخر، أو تلميذه الآخر ليس له ذلك إلا إذا بين وقت الاتخاذ أنها عارية، كذا في السراجية. (الهندية، الباب السادس في الهبة للصغير، زكريا ٤/ ٣٩٢، جديد ٤/ ٤١٧)

اتخذ لولده ثيابا ليس له أن يدفعها إلى غيره إلا إذا بين وقت الاتخاذ أنها عارية. (شامي، كراچی ٥/ ٦٨٩، زكريا ٨/ ٤٩١، بزازية على هامش الهندية، زكريا ٦/ ٢٣٧) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیراحمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۴؍ربیع الاول ۱۴۱۸ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۳/ ۵۲۰۸)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصورپوری غفرلہ
۱۴۱۸/۳/۴ھ

شادی میں چڑھائے ہوئے زیورکا مالک کون؟

سوال [۵۲۷۶]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کوئی شخص بوقت نکاح اپنی ہونے والی شریک حیات کو زیوراور کپڑے چڑھاتا ہے اور پھر کچھ وقت بعد دونوں غلط فہمیوں کی وجہ سے کچھ وقت کے لئے علیحدہ علیحدہ رہتے ہیں، تقریباً ایک ماہ گذرجانے کے بعد ایک اللہ کا بندہ اپنی ذمہ داری پر (کہ

اب دونوں میں کوئی بات نہیں ہوگی) اللہ کی رضا کے لئے اور دونوں کا گھر بنائے رکھنے کے لئے اس لڑکی کو اس کے شوہر کے گھر پہنچا دیتا ہے، اس پر اس کا شوہر اپنی بیوی کو کسی تقریب میں جانے کے لئے زیور نہیں دیتا اور کہتا ہے کہ یہ میرے ہی پاس رہے گا، وہ یعنی اس کی بیوی بغیر زیور پہنے تقریب میں چلی جاتی ہے، براہ کرم یہ بتانے کی زحمت گوارہ کریں، اس زیور پر دونوں میں سے کس کا حق ہے؟

المستفتی: عارف

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: اگر ایسا زیور مراد ہے جس کو شوہر نے صرف پہنانے کے لئے بنوادیا تھا، بیوی کو باقاعدہ مالک نہیں بنایا تھا، تو شوہر کو اختیار ہے کہ وہ دے یا نہ دے اور نہ دینے پر بیوی یا اس کے متعلقین کو اعتراض کا کوئی حق نہیں ہے؛ البتہ وہ زیور جس کو بیوی میکے سے لائی تھی اس میں شوہر کا کوئی اختیار نہیں ہے۔

المالک هو المتصرف في الأعيان المملوكة كيف شاء من الملك. الخ (بيضاوي شريف ۱/ ۷) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۷/ ذیقعدہ ۱۴۱۷ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۲/ ۵۰۳۴)

کیا تھان اور زیورات مہر کا حصہ ہیں؟

سوال [۵۲۷۷]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کیا تھان، زیورات وغیرہ مہر یعنی مہر معجّل یا مؤجل کا حصہ ہوتے ہیں یا نہیں؟ اگر میاں بیوی میں طلاق ہو تو تھان، زیورات پر کس کا حق ہوتا ہے؟

المستفتی: غلام رسول، سری نگر، کشمیر

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: شوہر کی طرف سے جو کپڑے اور زیورات دئے جاتے ہیں اور اس میں بیوی کو مالک بنانے کی کوئی صراحت نہیں ہے، تو ایسی صورت میں برادری اور خاندان کے عرف کے مطابق شریعت کا مسئلہ ہوتا ہے، اگر برادری اور خاندان میں دولہن کو مالک بنانے کا دستور ہے، تو وہ سب چیزیں دولہن کی ملکیت ہوں گی۔ اور اگر دولہن کو مالک بنانے کا دستور نہیں ہے؛ بلکہ طلاق وغیرہ کے موقع پر واپس لینے کا دستور ہے، تو شرعی طور پر دولہن ان چیزوں کی مالک نہیں ہوتی؛ بلکہ اس کو استعمال کی اجازت ہوتی ہے؛ لہٰذا شوہر کی طرف سے دئے گئے زیورات وغیرہ میں اپنے یہاں کے عرف کو دیکھ لیں۔ (مستفاد: فتاوی محمودیہ، میرٹھ ۱/۳۶۱)

الثابت بالعرف كالثابت بالنص. (قواعد الفقه، أشرفي، ص: ٧٤)

لأنه هو المتعارف، فينصرف المطلق إليه. (شامي، زكريا ٤/ ٣٠٨، كراچی ٣/ ١٥٦)

المعتمد البناء على العرف. (شامي زكريا ٤/ ٣٠٩، كراچی ٣/ ١٥٧) **فقط** واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ	الجواب صحیح:
۲۱/ذیقعدہ ۱۴۳۲ھ	احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
(الف فتویٰ نمبر: ۱۰۵۳۸/۳۹)	۲۳/ذیقعدہ ۱۴۳۲ھ

شادی میں عورت کو چڑھائے گئے کپڑوں اور زیورات کا مالک کون؟

سوال [۵۲۷۸]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: افضال نے رشیدہ کو تین طلاق دے دی ہیں، اب رشیدہ کے اوپر جو زیورات اور کپڑے چڑھائے گئے تھے وہ رشیدہ کو ملیں گے یا افضال لینے کا حقدار ہے؟

المستفتی: ماجد علی کسرول، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: بوقت شادی رشیدہ کو جو کپڑے سسرال کی طرف سے دئے گئے ہیں وہ بہر حال رشیدہ کا حق ہے، افضال ان کو واپس نہیں لے سکتا۔ اور زیور کے بارے میں برادری کا عرف دیکھا جائے گا، شادی کے موقع پر عورت کو زیور کا مالک بنا دینے کا عرف ہو تو وہ زیور رشیدہ کا ہے۔ اور اگر عرف عورت کو مالک بنا دینے کا نہیں؛ بلکہ عاریت کے طور پر دینے کا ہے، تو وہ زیور افضال کا ہے، افضال اس کو واپس لے سکتا ہے، اب سائل اپنا عرف خود دیکھ لے۔ (احسن الفتاوی ۷/ ۲۰۸، کفایت المفتی قدیم ۵/ ۱۰۸، جدید زکریا ۵/ ۴۰۹، فتاوی دار العلوم ۸/ ۳۴۷، عزیز الفتاوی، ص: ۴۴۵)

ولها إذا كان العرف مستمرا أن الأب يدفع مثله جهازا لا عارية.

(شامي، زكريا ديو بند ٤/ ٣٠٨، كراچی ٣/ ١٥٦) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲/ شعبان ۱۴۱۹ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۴/ ۵۸۷۶)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۱۹/۸/۲ھ

شوہر کی طرف سے دئے گئے زیورات کا حکم

سوال [۵۲۷۹]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: میری ہمشیرہ کی شادی ۱۴/ اکتوبر ۱۹۹۲ء کو ہوئی تھی؛ لیکن اس درمیان اس کے شوہر کے دماغی اور جسمانی خلل کے باعث رشتہ ازدواج میں منسلک رہنا مشکل ہو رہا ہے، اس کے شوہر طلاق دینے پر تو راضی ہیں اور وقت نکاح جو مہر مبلغ :-/21,000 ہزار روپے طے ہوا تھا وہ دینا چاہتے ہیں، مگر اپنا زیور و کپڑا دینا نہیں چاہتے؛ البتہ ہمارا دیا ہوا جہیز واپس کرنے پر راضی ہیں۔ براہ کرم مطلع فرمائیں کیا لڑکی شوہر کے دئے ہوئے زیور و کپڑے حاصل کرنے کی مجاز ہے؟ واضح ہو کہ لڑکی حنفی المسلک اور اس کا شوہر اہل حدیث سے وابستہ ہے؟

المستفتی: فیض الرحمٰن، مراد آباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: اگر شوہر نے اپنی بیوی کو زیورات دیتے وقت مالک نہیں بنایا تھا، یا آپ کے قبیلہ میں مالک نہیں بنایا جاتا ہے، تو اس کی بات حق بجانب ہے۔ اور اگر اس نے زیورات کا مالک بنا دیا ہے، یا آپ کی برادری میں مالک بنا دینے کا رواج ہے اور اب وہ زیورات نہ دینے کی شرط پر طلاق دینا چاہتا ہے، تب بھی اس کا مطالبہ شرعی طور پر خلع اور طلاق علی المال کے دائرہ میں ہوکر صحیح اور درست ہے۔

وإن تشاقا الزوجان، وخافا أن لا يقيما حدود الله فلا بأس بأن تفتدي نفسها منه بمال يخلعها به، وقوله: إن طلقها على مال فقبلت وقع الطلاق، ولزمها المال. الخ (هداية، كتاب الطلاق، باب الخلع، اشرفي بك ڈپو ديوبند ۲/ ٤٠٤) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۶ ربیع الاول ۱۴۱۴ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۲۹/ ۳۳۸۱)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۱۴/۳/۲۶ھ

زیورات کا حکم

سوال [۵۲۸۰]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: میری ایک لڑکی ناظمہ بی وتین لڑکے، فرقان، بابو اور نوشاد موجود ہیں۔ اور ایک لڑکے عرفان کا انتقال ہوگیا جس نے اپنی بیوی اور تین لڑکیاں چھوڑی ہیں، جن میں وریشہ ۶ ر سال، عائشہ ڈھائی سال، مہناز سوا سال کی ہیں، مرحوم عرفان کوئی زمین جائیداد کا مالک نہیں تھا، اس نے اپنی بیوی کے زیور میں ایک پینڈل اور دو انگوٹھی ایک جوڑا کانوں کے کنڈل (سبھی سونے کے) ایک گلے کا ہار، ایک سیٹ، ایک جھومر، ایک جوڑا پیروں کے توڑے، دو چوڑیاں سبھی چاندی کے، دو زنانی گھڑیاں چھوڑی ہیں، بیوی عدت گذارنے کے بعد چھوٹی

لڑکی مہناز کو ساتھ لے کر اپنی ماں کے یہاں چلی گئی ہے، سارا زیور بھی بیوی کے پاس ہی ہے، اور وہ جہیز کا مطالبہ کر رہی ہے اور تینوں لڑکیوں کو لینے سے انکار کر رہی ہے۔

المستفتی: سلطان جہاں زوجہ بنیاد حسین مرحوم، محلہ کٹگھر پورہ، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: دولہن کے جہیز کا سامان اور زیورات جو میکے سے ملے ہیں وہ بھی عورت کے ہیں اور وہ زیورات جو سسرال کی طرف سے ملے ہیں اگر برادری کے عرف میں دولہن کو جو زیورات دیئے جاتے ہیں وہ بطور ملکیت دیئے جاتے ہیں تو دولہن مالک ہوئی۔ اور اگر بطور ملکیت نہیں دئے جاتے ہیں؛ بلکہ بطور عاریت دئے جاتے ہیں، تو ان میں شوہر کی ملکیت سمجھی جائے گی۔

فإن كل أحد يعلم أن الجهاز ملك المرأة، وأنه إذا طلقها تأخذه كله، وإذا ماتت يورث عنها. (شامي، كتاب الطلاق، باب النفقة، مطلب فيما زفت إليه بلا جهاز، كراچی ۳/ ۵۸۵، زكريا ۵/ ۲۹۹)

(۲) ان بچیوں کے خرچ واخراجات کے ذمہ داران کے دادا ہوں گے اور دادا کے بعد بچیوں کے چچا تایا ہوں گے، ہاں بچیوں کی ماں کو یہ حق ہے کہ لڑکیوں کو اپنے پاس رکھے اور خرچ چچا تایا سے وصول کرے، اگر وہ اپنی پرورش میں نہ رکھنا چاہے تو دادا پر ضروری ہے کہ ان کی پرورش کا نظم کریں۔

والجد بمنزلة الأب في ما ذكر أي من أحكام البكر والثيب والغلام والتأديب. (شامي، زكريا ۵/ ۲۷۱، كراچی ۳/ ۵۶۹، الموسوعة ۸/ ۲۰۵)

فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۷/ محرم الحرام ۱۴۲۷ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۸/ ۸۹۶۱)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصورپوری غفرلہ
۱۲/۱/۱۴۲۷ھ

زیورات کا مالک کون ہے؟

سوال [۵۲۸۱]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: زید کی مجھ سے شادی ہوئی تھی، آپسی نااتفاقی کی وجہ سے نوبت طلاق تک پہنچ گئی اور دونوں کی رضامندی سے طلاق ہوگئی، مہر اور عدت کا خرچ ادا کردیا گیا ہے، اب دریافت طلب امر یہ ہے کہ شوہر کے گھر والوں نے بوقت شادی جو زیور چڑھایا ہے وہ شوہر کا ہوگا یا بیوی کا جب کہ ہمارے گھر خاندان کا رواج ہے کہ جو زیور شادی کے وقت چڑھایا جاتا ہے، اس میں شوہر کو تصرف کرنے فروخت کرکے کاروبار میں لگانے یا دیگر کسی چیز میں استعمال کرنے کا اختیار رہتا ہے؟

المستفتی: ممتاز علی، بلاسپور گیٹ، رام پور

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: سوال نامہ سے واضح ہوتا ہے کہ سائل کے خاندان کا عرف اور دستور یہ ہے کہ جو زیور چڑھایا جاتا ہے وہ بطور ملکیت نہیں ہے؛ بلکہ بطور عاریت کے ہے، اسی وجہ سے شوہر کو یہ حق ہوجاتا ہے کہ اس کو لے کر کے اپنے کاروبار اور ضروریات میں خرچ کرلے اس پر کسی کو اشکال بھی نہیں ہوتا ہے؛ اس لئے چڑھایا ہوا زیور عورت کی ملک نہیں ہے؛ بلکہ شوہر کی ملک ہے؛ اس لئے بیوی کو اس زیور کے مطالبہ کرنے کا حق نہیں ہے۔ (مستفاد: امداد المفتیین، ص: ۵۶۰-۵۶۱، فتاوی محمودیہ ڈابھیل ۱۲/ ۱۱۶، فتاوی عثمانی کراچی ۳/ ۱۵۷، دینی مسائل اور ان کا حل، ص: ۲۲۳)

والمعتمد البناء علی العرف. (شامي کراچی ۳/ ۱۵۷، زکریا ٤/ ۳۰۹)

والعرف في الشرع له اعتبار لذا علیه الحکم قد یدار. (شامي، باب المهر، مطلب فی السفر بالزوجة، زکریا ٤/ ۲۹۵، کراچی ۳/ ۱٤۷) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۹؍ محرم الحرام ۱۴۳۵ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۴۰/ ۱۱۳۷۸)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۳۵/۱/۹ھ

سوال [۵۲۸۲]: کیافرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: ساس نے میری شادی کے وقت سولہ تولہ کا ہار مجھے بہو کے رشتہ سے دیا تھا، اور میری برادری کا دستور یہ ہے کہ جو زیور ساس بہو کو دیتی ہے، تو وہ بہو ہی کا ہو جاتا ہے، میرے زیورات بطور امانت خسر کے پاس رہتے تھے، بوقت ضرورت میں ان سے لے لیتی تھی، میرے شوہر کی شہادت کے بعد تمام زیورات چھ ماہ بعد واپس کئے گئے جس میں ہار نہیں تھا، مطالبہ کے وقت خسر نے ہار دینے سے انکار کر دیا اور کہا کہ یہ ہمارا ہے، دریافت طلب امر یہ ہے کہ یہ ہار کس کی ملکیت ہے؟

المستفتیة: نرگس جہاں، آگرہ

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: سسرال سے ملے ہوئے زیور میں ملکیت کا مدار عرف پر ہے، اگر بہو کو بطور ملکیت دیا جاتا ہے، تو وہ بہو کا ہوگا۔ اور اگر بطور عاریت دیا جاتا ہے، تو وہ بہو کی ملکیت میں نہیں آئے گا؛ لہٰذا جب آپ کے یہاں کا دستور یہ ہے کہ ساس کی طرف سے بہو کو جو زیور دیا جاتا ہے وہ اسی کا ہو جاتا ہے، تو اس دستور اور عرف کا لحاظ کرتے ہوئے شرعاً آپ اس ہار کی مالک ہیں، خسر مالک نہیں ہے، اس کا ہار میں ملکیت کا دعویٰ کرنا ناجائز ہے۔ (مستفاد: فتاوی دارالعلوم ۸/۳۶۳)

وکذا ما یعطیها من ذلک، أو من دراهم، أو دنانیر صبیحة لیلة العرس، ویسمی فی العرف صبحة، فإن کل ذلک تعورف في زماننا کونه هدیة من المهر. (شامي، زکریا ٤/ ٣٠٣، کراچی ٣/ ١٥٣) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۴ رجمادی الاولیٰ ۱۴۲۱ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۵/ ۶۶۳۹)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۲۱/۵/۵ھ

منہ دکھائی کے زیورات کا مالک کون؟

سوال [۵۲۸۳]: کیافرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: دو عدد چاندی کی انگوٹھی اور دو عدد کانٹا چاندی کا بیوی کو منہ دکھائی میں ملا تھا، اور ایک عدد ناک کی کچلی سونے کی گھریلو کام کاج جو اجرت پر کیا کرتی ہے مثلاً (تار سے بھرائی میں) اب صورت مسئولہ یہ ہے کہ یہ سامان بیوی کا ہے یا شوہر کا؟ ان سب باتوں کو شرعی نقطۂ نظر سے تحریر فرمائیں مہربانی ہوگی۔

المستفتی: محمد زاہد کوثر یاپار، ضلع اعظم گڑھ

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: منہ دکھائی وغیرہ میں جو کچھ چیز دی جاتی ہے، وہ اگر یہاں کے عرف میں عورت کو مالک بنا دینے کا رواج ہے، تو وہ عورت اس کی مالک ہوگئی ہے، شوہر کو واپس نہیں مل سکتی۔

والمعتمد البناء علی العرف کما علمت. (شامي، مطلب في دعوی الأب أن الجهاز عارية، زكريا ٤/ ٣٠٩، كراچی ٣/ ١٥٧) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۲/ محرم الحرام ۱۴۰۸ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۴۶۱/۲۳)

جہیز کی واپسی اور لڑکی پر ظلم کرنے کا حکم

سوال [۵۲۸۴]: کیافرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: (۱) میں فاطمہ بنت علی احمد محلّہ تمر تاس سرائے سنبھل کی شادی محمد ناظر ولد عیدہ محلّہ حاجی پیر نچھرایوں سے ہوئی تھی۔ ۳۰/ مارچ ۱۹۹۶ء کو نکاح ہوا تھا، تقریباً دو ماہ شوہر

کے ساتھ رہی اس کے بعد شوہر سعودیہ چلا گیا، شوہر کے گھر والوں نے میرے ساتھ مار پیٹ کی اور مجھے ایک پڑوسی کے ساتھ میرے ماں باپ کے گھر بھجوا دیا اور پھر ہمارا سامان جہیز بھی بھجوادیا اور شوہر سے طلاق نہیں ہوئی، تو دریافت یہ کرنا ہے کہ شوہر کے گھر والوں کا بغیر طلاق کے سامان واپس کردینا شرعاً درست ہے یا نہیں؟

(۲) اور ہمارے چچا سے ایک تحریر وکیل کے ذریعہ لکھوائی کہ میں نے مہر وصول پایا، حالانکہ دس ہزار روپئے مہر ہے، کچھ بھی نہیں دیا، چچا نے مہر کی وصولی کے کاغذ پر انگوٹھا لگا دیا تھا، تو کیا بغیر لڑکی کے دستخط اور انگوٹھا لگائے ہوئے مہر معاف ہوگیا، یا شرعاً شوہر کو دینا ہوگا۔

(۳) اب تقریباً چار سال سے شوہر نے ہماری کوئی خیر خبر نہیں لی ہے اور نہ ہی کوئی خرچ وغیرہ بھیجا ہے، تو کیا شوہر کا یہ فعل شرعاً جائز ہے یا نہیں؟

(۴) اگر شوہر مجھے نہیں رکھنا چاہتا تو کیا چار سال سے مجھے معلق (لٹکائے) رکھنا جائز ہے یا نہیں؟ میں ان حالات میں کیا کروں، میرے مسئلہ کا شرعی حل کیا ہے؟

(۵) شوہر کے گھر والوں پر کیا ذمہ داری عائد ہوتی ہے؟ نہ تو وہ شوہر کا پتہ بتاتے ہیں اور نہ ہی وہ خود خرچہ یا خیر خبر لیتے ہیں، اگر وہ لوگ شوہر کا پتہ بتائیں تو میں خود ان سے رابطہ کروں، کیا شرعاً انہیں شوہر کا پتہ بتانا ضروری ہے یا نہیں؟ شرعی حکم تحریر فرمائیں۔

المستفتیة: فاطمہ بیگم بنت علی احمد انصاری بلڈنگ محلہ تمر تاش سرائے سنبھل، مراد آباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: (۱) مسئولہ صورت میں شوہر کے گھر والوں کا بغیر طلاق کے لڑکی کے یہاں سامان جہیز بھجوانا درست ہے؛ اس لئے کہ سامان جہیز کی اصل مالک لڑکی ہوتی ہے، اس میں کسی کا حق نہیں ہے۔ (مستفاد: فتاوی دارالعلوم ۸/ ۳۵۷-۳۶۰)

جهز ابنته بجهاز وسلمها ذلک لیس له الاسترداد منها، ولا لورثته بعده إن سلمها ذلک في صحته بل تختص به، وبه یفتی. (درمختار مع الشامي، کتاب النکاح، باب المهر، کراچی ۳/ ۱۵۵، زکریا ٤/ ۳۰٦-۳۰۷)

لیکن شوہر کے اہل خانہ کولڑکی کے ساتھ مار پیٹ کرنے کا کوئی حق نہیں ہے، ہاں البتہ اگر شوہر کا ذاتی مکان نہیں ہے، تو ان کو مکان سے نکالنے کا حق ہے اور مار پیٹ کرنا لڑکی کے اوپر بے جا ظلم ہے۔

(۲) اگر آپ کا چچا آپ کا سر پرست ہے اور ذمہ دار ہے اور آپ کی طرف سے آپ کے معاملہ میں وکالت بھی کرتا ہے اور مہر کے وصولی کی تحریر پڑھوا کر سننے کے بعد پھر بخوشی جان بوجھ کر انگوٹھا لگایا ہے، تو مہر کا ذمہ دار آپ کا چچا ہی ہوگا اور مہر وصول کرنے کا معاملہ پھر آپ کے اور چچا کے درمیان ہوگا۔ اور شوہر اور چچا کے درمیان الگ سے معاملہ ہوگا؛ اس لئے کہ اس نے مہر وصول کئے بغیر کاغذ پر انگوٹھا کیوں لگایا ہے؟ اور اس میں کیا راز ہے اس کا ذمہ دار آپ کا چچا ہے۔ اور اگر آپ کا چچا آپ کا سر پرست اور ذمہ دار نہیں ہے اور کسی معاملہ میں آپ کا چچا آپ کی ترجمانی بھی نہیں کرتا ہے، تو ایسی صورت میں چچا کے انگوٹھا لگانے کا کوئی اعتبار نہیں ہے، آپ کو شوہر سے مہر کا مطالبہ کرنے کا حق ہے۔

وأفاد أن المهر وجب بنفس العقد –إلی– وإذا تأكد المهر بما ذكر لا يسقط بعد ذلك. (شامي، کراچی ۳/ ۱۰۲، زکریا ٤/ ۲۳۳)

(۳) شوہر کا یہ فعل قطعاً شریعت کے خلاف ہے، شوہر کے ذمہ بیوی کے نان ونفقہ کی ادائیگی لازم ہے۔

النفقة واجبة للزوجة على زوجها إذا سلمت نفسها. (هداية، أشرفي ديو بند ۲/ ۴۳۷)

(۴) اگر شوہر آپ کو رکھنا نہیں چاہتا، تو آپ کو چار سال سے معلق رکھنا شرعاً جائز نہیں ہے؛ بلکہ شوہر پر لازم ہے کہ یا تو طلاق دے یا آپ کے حقوق ادا کرے، اگر ان دونوں میں سے کوئی کام نہیں کرتا ہے، تو آپ کسی قریب کے محکمۂ شرعیہ میں اپنا معاملہ پیش کردیں، وہ واقعہ کی تحقیق کر کے شرعی فیصلہ صادر کردے گا۔ (مستفاد: عزیز الفتاوی ۱/ ۵۲۴، فتاوی دارالعلوم ۱۱/ ۱۱۳، ۱۱/ ۱۲۳)

ویجب (الطلاق) لو فات الإمساک بمعروف. (درمختار مع الشامي، کراچی ٣/ ٢٢٩، زکریا ٤/ ٤٢٩)

(۵) شوہر کے گھر والوں پر اس کی بیوی کا نفقہ واجب نہیں؛ بلکہ نفقہ کی ذمہ داری شوہر پر ہے؛ لیکن جب شوہر گھر سے غائب ہے اور اس کا پتہ گھر والوں کو معلوم ہے، تو ضروری ہے کہ عورت کو اس کا پتہ بتادیں، ورنہ **”ولا تعاونوا علی الاثم والعدوان“** [مائدۃ:٢] کے تحت آکر گنہگار رہوں گے، اگر گھر والے نہیں بتاتے ہیں، تو بیوی اپنے معاملہ کے لئے عدالت مجاز سے رابطہ قائم کرسکتی ہے۔ فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۸؍ ربیع الثانی ۱۴۲۱ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۵/ ۶۵۷۱)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۸/ ۴/ ۱۴۲۱ھ

متوفیہ کے مہر، جہیز میکے میں علاج کا خرچ اور زیورات کا حکم

سوال [۵۲۸۵]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: میری ایک ہمشیرہ فرزانہ سرور تھی، جس کا چند ماہ قبل انتقال ہوگیا ہے، موت تو برحق ہے؛ لیکن جن حالات میں اس کا انتقال ہوا، اس کا مجھے بے حد قلق ہے، متوفیہ ہمیشہ اپنے شوہر محمد وسیع کی عدم توجہی اور غفلت شعاری کا شکار رہی ہے، وہ حاملہ تھی اور شدید بیمار تھی؛ لیکن محمد وسیع نے کوئی توجہ نہیں دی اور کبھی اس کے علاج ومعالجہ پر ایک پیسہ بھی خرچ نہیں کیا؛ حالانکہ وہ کاروباری اور صاحب ثروت آدمی ہے، وہ تقریباً ڈیڑھ سال سے مستقل بیمار رہی اور دہلی تک کے علاج کا سارا خرچ میکہ میں ہوا، فرزانہ کے مہر کی رقم دس ہزار تھی، جو معاف نہیں کرائی گئی تھی، نہ ہی معاف کی گئی، اس سلسلہ میں مشورہ درکار ہے کہ یہ رقم متوفیہ کے شوہر کے لئے واجب الاداء ہے یا نہیں؟ اور اگر ہے تو اس کی وصولیابی کس طرح ممکن ہے، اس کے علاوہ جہیز کا مسئلہ ہے، کچھ جہیز شادی کے وقت کا ہے، اور کچھ بعد کا، اس میں کچھ زیور متوفیہ

کے سسرال والوں کا ہے، جو نکاح کے وقت دیا گیا تھا، یہ سب جہیز کس کا حصہ ہے؟ (١) متوفیہ کے شوہر پر علاج و معالجہ کا خرچ ادا کرنا لازم ہے یا نہیں؟

(٢) جہیز زیور مہر میں شوہر کا حق ہے یا نہیں؟ اور ماں باپ کا کیا حق بنتا ہے؟

المستفتی: منظور علی شمسی پیر غیب، مراد آباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: (١) متوفیہ کے شوہر پر بہر حال پورا مہر ادا کرنا واجب ہے۔

قال في البدائع: وإذا تأكد المهر بما ذكر لايسقط بعد ذلک، وإن كانت الفرقة من قبلها؛ لأن البدل بعد تأكده لا يحتمل السقوط إلا بالإبراء، كالثمن إذا تأكد بقبض المبيع. (شامي، كتاب النكاح، باب المهر، کراچی ٣/ ١٠٢، زكريا ٤/ ٢٣٣، مصري ٢/ ٤٥٤)

(٢) متوفیہ کے شوہر پر علاج و معالجہ کا خرچ قضا اور قرض کے طور پر جو علاج میکے میں ہو چکا ہے اور میکے والوں نے اس پر خرچ کیا ہے، لازم نہیں ہے؛ بلکہ وہ میکے والوں کی طرف سے تبرع ہو چکا ہے؛ البتہ دوران علاج اس سے کچھ لے لیا ہوتا تو بجا تھا۔

كما لا يلزمه مداواتها: أي اتيانه لها بدواء المرض ولا أجرة الطبيب ولا الفصد ولا الحجامة. هندية عن السراج. (شامي، باب النفقة کراچی ٣/ ٥٧٥، زكريا ٥/ ٢٨٥)

(٣) جہیز، مہر وغیرہ کی مالک تو بلا کسی شرکت کے بیوی ہی ہوتی ہے؛ البتہ شوہر کی طرف سے دئے ہوئے زیورات اس کی برادری کے عرف پر محمول ہیں، اگر برادری میں بیوی کو مالک بنانے کا عرف ہے، تو بیوی اس کی مالک ہے۔ اور اگر برادری میں مالک بنانے کا عرف نہیں ہے؛ بلکہ صرف چڑھایا جاتا ہے اور اسے بعد میں واپس بھی لے لیا جاتا ہے، تو ایسی صورت میں شوہر کے دئے ہوئے زیورات شوہر کو واپس مل سکتے ہیں۔

وفي الفتاوى الخيرية: سئل فيما يرسله الشخص إلى غيره في الأعراس ونحوها هل يكون حكمه حكم القرض أم لا؟ أجاب إن كان العرف بأنهم يدفعونه على وجه البدل يلزم الوفاء به مثليا فبمثله، وإن قيميا فبقيمته، وإن كان العرف خلاف ذلك بأن كانوا يدفعونه على وجه الهبة ولا ينظرون في ذلك إلى إعطاء البدل فحكمه حكم الهبة في سائر أحكامه فلا رجوع فيه بعد الهلاك أو الاستهلاك، والأصل فيه أن المعروف عرفا كالمشروط شرطا. (شامي، كتاب الهبة، کراچی ٥/ ٦٩٦، زكريا ٨/ ٥٠١) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۴ محرم الحرام ۱۴۲۰ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۴/ ۵۹۵۷)

لڑکے کے والد کا چڑھایا ہوا سامان طلاق کے بعد کس کا ہوگا؟

سوال [۵۲۸۶]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: (۱) جو سونا لڑکے کے والد نے شادی میں چڑھایا وہ طلاق کے بعد کس کا ہوگا؟

(۲) لڑکے والوں کی طرف سے مختلف لوگوں نے جو سونا لڑکی کو دیا وہ طلاق کے بعد کس کا ہوگا، لڑکے کا یا لڑکی کا؟

(۳) جو سونا لڑکے نے رخصتی کے بعد اپنی بیوی کو منہ دکھائی میں دیا وہ کس کا ہوگا؟

المستفتی: محمد عثمان کھوکران، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: مرادآباد شمسی برادری میں جو سونا چاندی وغیرہ لڑکے کے والد شادی کے موقع پر دولہن کو دیتے ہیں وہ مالکانہ طور پر دیتے ہیں؛ اس لئے بیوی ہی اس

کی حقدار ہوگی اور اسی طرح لڑکے کی طرف سے مختلف لوگ دولہن کو جو سونا چاندی وغیرہ دیتے ہیں وہ ہر برادری میں دولہن کی ملکیت ہوتی ہے، نیز منہ دکھائی میں جو کچھ دیا جاتا ہے وہ تحفہ ہوتا ہے، وہ بھی ہر برادری میں دولہن کی ملکیت ہوتی ہے؛ اس لئے واپس لینا جائز نہ ہوگا۔

وكذا ما يعطيها من ذلك، أو من دراهم، أو دنانير صبيحة ليلة العرس، ويسمى في العرف صبحة، فإن كل ذلك تعورف في زماننا كونه هدية لا من المهر. الخ (شامي، كتاب النكاح، باب المهر، كراچی ۳/ ۱۵۳، زکریا دیو بند ٤/ ۳۰۳) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۳؍ ربیع الثانی ۱۴۱۹ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۵۷۳۱/۳۳)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۱۹/۴/۲۳ھ

طلاق کے بعد زیورات کی واپسی کا حکم

سوال [۵۲۸۷]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: حسب روایت شادی کے موقع پر میری بچی کو سسرال والوں کی جانب سے زیور چڑھایا گیا، اغلب یہ ہے کہ رشتہ بحال نہیں رہ سکے گا، رشتہ منقطع کرنے کی صورت میں وہ زیور جو لڑکے والوں کی جانب سے اس موقع پر دولہن کو دیا گیا ہے وہ کس کی ملکیت مانی جائے گی؟ مالکانہ تصرف کس کو ہوگا؟

نوٹ: ہماری برادری میں یہ عام رواج ہے کہ طلاق کے موقع پر لڑکی کے گھر والوں کی جانب سے دیا گیا سامان واپس کر دیا جاتا ہے، اسی طرح لڑکے کی جانب سے دئے گئے زیورات کو واپس کر دیتے ہیں؛ البتہ اکا دکا واقعہ ایسا بھی ہوتا ہے کہ لڑکے والے اپنے دئے گئے زیورات واپس نہیں لیتے۔

المستفتی: چودھری شریعت اللہ اصالت پورہ

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: جب برادری کا عام دستور ہے کہ طلاق کے وقت میں جانبین سے دیا گیا سامان واپس ہوجاتا ہے اور اس میں لڑکے والے کی طرف سے جو زیور اور سامان دیا گیا وہ بھی واپس ہوجاتا ہے اور لڑکی والوں کی طرف سے جو بھی سامان دیا گیا وہ بھی واپس ہوجاتا ہے، تو ایسی صورت میں طلاق کے بعد لڑکی کو لڑکے والے کی طرف سے دیئے گئے زیورات نہیں ملیں گے؛ بلکہ واپس کرنے ہوں گے اور ایک آدھ واقعہ جو اس کے خلاف ہوا ہے اس کا اعتبار نہیں۔ (مستفاد: کفایت المفتی قدیم ۵/ ۱۲۳، جدید زکریا ۵/ ۱۲۳، فتاوی محمودیہ قدیم ۹/ ۳۹۹، جدید ڈابھیل ۱۲/ ۱۲۳) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ	الجواب صحیح:
۹/ جمادی الاولیٰ ۱۴۳۵ھ	احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۷/ ۸۳۵۶)	۱۴۳۵/۵/۹ھ

طلاق کے بعد جہیز کی واپسی اور نفقہ کا حکم

سوال [۵۲۸۸]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: (۱) شوال کے مہینے میں زید نے اپنی بیوی ہندہ کو طلاق دے دی تھی اور ہندہ کی عدت بھی گذر چکی ہے، اب عدت گذرنے کے بعد جب جہیز کا مسئلہ سامنے آیا تو شوہر والوں کی طرف سے لڑکی والے کو بار بار کہا جاتا رہا کہ تم اپنا سامان جہیز لے جاؤ؛ لیکن وہ لوگ سامان جہیز لینے نہ آئے؛ بلکہ الٹا وہ لوگ لڑکے والوں سے سامان پہنچانے کا مطالبہ کررہے ہیں، تو کیا ایسی صورت میں لڑکے والوں کے ذمہ ضروری ہے کہ وہ سامان جہیز لڑکی والوں کے گھر پہنچائیں، جب کہ پہنچانے کی صورت میں کافی روپیہ خرچ ہوگا؟

(۲) اگر بیوی اپنے میکے میں عدت گذارے تو کیا بیوی کو عدت کا نفقہ دینا ضروری ہوگا؟ نیز اگر شوہر مولوی ہو تو اسے عدت کا نفقہ کتنا دینا پڑے گا؟ برائے کرم نفقۂ عدت کی تعیین روپیہ کی شکل میں کردیں بڑی مہربانی ہوگی۔

المستفتی: محمد عابد متعلم مدرسہ شاہ ولی اللہ، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: (۱) بیوی کے جہیز کا سامان اس کی ملکیت ہے اور اسی کے ذمہ اس کا لے جانا بھی ہے، شوہر اور شوہر کے گھر والے اس کے مکلّف نہیں ہیں کہ وہ جہیز کے سامان کو لڑکی کے میکے پہنچائیں۔

ولو قال رب الوديعة للمودع: احمل إليّ اليوم الوديعة التي عندك، فقال: أفعل ولم يحملها إليه اليوم حتى مضى اليوم وهلكت عنده بعد ذلك لا يضمن. (هندية، كتاب الوديعة، الباب السادس في طلب الوديعة، زكريا ٤/ ٣٥٢، جديد زكريا ٤/ ٣٦٦)

(۲) نافرمان عورت کا نفقہ شوہر کے ذمہ واجب نہیں ہے؛ البتہ شوہر کے گھر عدت گذارے یا شوہر جہاں کہے وہاں عدت گذارے، تب عورت نفقہ کی حقدار ہوگی؛ لہٰذا اگر شوہر کی مرضی کے خلاف عورت میکے جاکر عدت گذارتی ہے تو وہ نفقہ کی مستحق نہ ہوگی۔

نفقة العدة كنفقة النكاح. وفي الذخيرة: وتسقط بالنشوز، وتعود بالعود. (شامي، كتاب الطلاق، باب النفقة، مطلب في نفقة المطلقة، كراچی ٣/ ٦٠٩، زكريا ٥/ ٣٣٣)

وإن نشزت فلا نفقة لها حتى تعود إلى منزله. (هداية، اشرفی دیوبند ٢/ ٤٣٨)

اور شوہر کے مولوی ہونے اور غیر مولوی ہونے سے خرچ میں کوئی فرق نہیں ہے۔ اور نفقہ کا تعین شوہر کی آمدنی کی حیثیت کے اعتبار سے ہوگا؛ لیکن مسئلہ مذکورہ میں عورت شوہر کی مرضی کے بغیر میکے جاکر عدت گذار رہی ہے؛ اس لئے عدت کے خرچ کی حقدار نہیں ہے۔

لا يقدر نفقتها بالدراهم والدنانير على أي سعر كانت، بل يقدر بها على حسب اختلاف الأسعار، غلاء ورخصا رعاية للجانبين. (هندية، زكريا ١/ ٥٤٧، جديد زكريا ١/ ٥٩٧) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۷؍ جمادی الاخریٰ ۱۴۲۵ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۷/ ۸۴۰۷)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۲۵/۶/۱۷ھ

لڑکی کا انتقال ہوگیا تو جہیز واپس ہوگا یا ورثاء میں تقسیم ہوگا؟

سوال [۵۲۸۹]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: محمد شریف کی بیوی تقریباً دو برس نکاح میں رہی اور بچہ کی پیدائش میں اس کا انتقال ہوگیا، اب عورت کے ماں باپ جہیز جو شادی میں دیا تھا طلب کررہے ہیں، کیا یہ شریعت کی رو سے واپس لینا درست ہے؟ نیز لڑکی کے ماں باپ بھی حیات ہیں۔

المستفتی: محمد شریف محلّہ رحمت نگر، گلی نمبر:۲، مراد آباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: جہیز کا سامان لڑکی کی ملکیت میں ہوتا ہے؛ اس لئے یہ شرعی ترکہ میں شامل ہوگا؛ لہٰذا اس میں سے شوہر کو نصف ملے گا اور لڑکی کی ماں کو چھٹا حصہ ملے گا اور لڑکی کے باپ کو ایک تہائی ملے گا۔ اور کل چھ سہام میں تقسیم ہوکر ۳؍ شوہر کو اور دو باپ کو اور ایک ماں کو ملے گا۔

وللأم ثلث ما بقي بعد فرض أحد الزوجين. الخ (سراجي، ص: ۱۲) **فقط** واللّٰہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۶؍ جمادی الاولیٰ ۱۴۱۲ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۲۷/۲۶۶۲)

استعمال کی وجہ سے ختم شدہ جہیز کے سامان کا حکم

سوال [۵۲۹۰]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: جہیز کا سامان تقریباً ۵۰۰۰؍ ہزار روپئے کا دیا گیا تھا، جس میں سے زیادہ تر سامان استعمال کی وجہ سے ختم ہوگیا، کیا طلاق شدہ عورت اس سامان کی شرعی اعتبار سے قیمت لینے کی مستحق ہے یا نہیں؟

المستفتی: ضمیر احمد تمباکو والان، مراد آباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: آپس میں استعمال کی وجہ جو سامان ختم ہو چکا ہے اس کی قیمت لینے کی مستحق نہیں ہے؛ کیوں کہ لڑکی نے اجازت فعلی کے طریقہ سے نوشہ والوں کو استعمال کی اجازت دی ہے، جس میں ہلاک ہونے کی وجہ سے تاوان لازم نہیں ہوتا۔

ولا يشترط اللفظ، بل يكفي التعاطي، وهو أن يعطى المعير العارية للمستعير، والمعير يأخذها. الخ (كتاب الفقه على المذاهب الأربعة، كتاب العارية، حكمها وركنها وشرطها، دارالفكر بيروت ۳/ ۲۷۲)

ولا تضمن بالهلاك من غير تعد. الخ (درمختار كراچی ٥/ ٦٧٨، زكريا ٨/ ٤٧٦) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۳؍ صفر ۱۴۰۹ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۲۴/ ۱۱۰۶)

لڑکی کے والد بارات کا خرچ لے سکتے ہیں یا نہیں؟

سوال [۵۲۹۱]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: بارات کے اوپر طلاق شدہ عورت کے والدین نے کھانے پر باراتیوں کی خاطر مدارات پر جو کچھ صرف کیا اس کو طلاق شدہ عورت کے والدین لینے کے حقدار ہیں یا نہیں؟

المستفتی: ضمیر احمد تمبا کو والان، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: باراتیوں پر جو کچھ خرچ کیا گیا ہے وہ تبرعاً وہبۃً خرچ کیا گیا ہے، اب واپس لینے کا کوئی حق نہیں ہے۔

هلاك الموهوب فإنه مانع من الرجوع لتعذره بعد الهلاك، إذ هو

غير مضمون عليه. الخ (مجمع الأنهر، كتاب الهبة، باب الرجوع عنها، قديم ۲/ ۳٦۲، جديد دار الكتب العلمية بيروت ۳/ ۵۰۳)

ولا يصح الرجوع إلا بتراضيهما، أو بحكم الحاكم. (درمختار كراچی ۵/ ۷۰٤، زكريا ۸/ ۵۱۳)

أما العوارض المانعة من الرجوع، فأنواع: منها: هلاك الموهوب؛ لأنه لا سبيل إلى الرجوع في قيمته لعدم انعقاد العقد عليها. (هندية، زكريا ٤/ ۳۸٦، جديد زكريا ٤/ ٤۰۹-٤۱۰) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۳؍ صفر ۱۴۰۹ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۲۴/ ۱۱۰۶)

بلا تفریق دوسرا نکاح کرنے کے بعد مہر وسامان جہیز کا حکم

سوال [۵۲۹۲]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: سلطانی بیگم بنت حاجی صغیر احمد صاحب مرحوم، ساکن محلّہ بگلہ امروہہ کی شادی ۱۹۶۷ء میں ہمراہ شمیم احمد ولد نسیم احمد محلّہ بگلہ امروہہ سے بالعوض ایک ہزار روپیہ ہوئی تھی، مگر آپسی تعلقات کشیدہ رہتے ہوئے میرے نکاح کے وقت ایک مکان بھی شمیم احمد کی والدہ نے میرے نام بیع نامہ قطعی کے ذریعہ کیا تھا، شمیم احمد نے مجھ کو گھر سے نکال دیا اور یوں کہا کہ تو ہمارا مکان چھوڑ دے، بس ہمیں مکان چاہئے، تیری کوئی ضرورت نہیں ہے، میں نے کہا ٹھیک ہے، میں اس وقت حاملہ تھی، پانچ چھ ماہ بعد میری ماں کے گھر دوسری لڑکی پیدا ہوئی، میرے والد کا بھی ۱۹۸۱ء میں انتقال ہو چکا ہے اور کوئی میری جان عزت کی حفاظت کرنے والا بجز خدا کے کوئی نہیں ہے، کیا میں ایسے رہتی رہوں یا اپنا نکاح کر سکتی ہوں اور مہر کے لئے کیا حکم ہے؟ اور سامان جہیز وغیرہ کا کیا حکم ہے؟ آگاہ فرمائیں۔

المستفتية: سلطانی بیگم بنت حاجی صغیر احمد مرحوم بگلہ امروہہ

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: سوال نامہ کے درج شدہ حالات میں آپ اپنا معاملہ محکمۂ شرعیہ میں پیش کردیجئے، وہ معاملہ وواقعات کی تحقیق کرکے آپ کے لئے شریعت کے مطابق باعصمت زندگی گذارنے کے لئے کوئی صورت نکال دے گا، اور آپ کا اپنا دوسرا نکاح موجودہ شوہر سے طلاق یا شرعی تفریق حاصل کئے بغیر ہرگز درست نہیں ہوگا، نیز اگر مہر مؤجل ہے، تو طلاق یا موت سے پہلے ادا کرنا شوہر پر واجب نہیں ہے۔ اور مکان وسامان جہیز آپ کی ملکیت ہیں، وہ جب چاہیں آپ لے جاسکتی ہیں۔

أما نكاح منكوحة الغير ومعتدته، فالدخول فيه لا يوجب العدة إن علم أنها للغير؛ لأنه لم يقل أحد بجوازه، فلم ينعقد أصلا. الخ (شامي، كتاب النكاح، باب المهر، زكريا ٤ / ٢٧٤، كراچی ٣/ ١٣٢، مصري ٢ / ٤٨٢، فتاوى دارالعلوم ٧ / ٤٦٦)

إن كان لا إلى غاية معلومة -إلى قوله- قال بعضهم: يصح وهو الصحيح، وهذا لأن الغاية معلومة في نفسها، وهو الطلاق أو الموت. الخ (فتاوى عالمگيري، كتاب النكاح، باب السابع، الفصل الحادى عشر، زكريا ١ / ٣١٨، جديد زكريا ١ / ٣٨٥) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۰ ؍ربیع الثانی ۱۴۰۹ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۲۴/۱۱۹۳)

جہیز اور مہر کے بارے میں شریعت کے خلاف پنچایت کے فیصلہ کا حکم

سوال [۵۲۹۳]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: زید کی ہندہ سے دوسال قبل شادی ہوئی تھی، آپس کی رنجش کی وجہ سے ہندہ اپنے شوہر زید کے نکاح میں نہیں رہنا چاہتی، پنچایت نے کافی سمجھایا؛ لیکن طلاق کی نوبت آ ہی گئی، اور طلاق ہوگئی، اب سامان جہیز اور مہر کا فیصلہ پنچایت نے یہ کیا کہ چونکہ غلطی لڑکی کی طرف سے ہے، طلاق کا مطالبہ لڑکی کر رہی ہے؛ اس لئے لڑکی کو مہر بھی نہیں ملے گا اور سامان جہیز بھی واپس

نہیں ہوگا، اگر غلطی لڑکے کی طرف سے ہو لڑکا رکھنا نہ چاہ رہا ہو اور پھر طلاق ہو جائے تو لڑکے کو مہر بھی دینا ہوگا اور سامان جہیز بھی واپس کرنا ہوگا۔ اور اوپر سے پنچایت لڑکے پر جرمانہ بھی عائد کرتی ہے، جس کو شادی کا خرچ کہتے ہیں یا آئندہ جہاں شادی ہو اس کا خرچ کہتے ہیں، ہمارے یہاں جب بھی فریقین میں اختلاف اور طلاق کی نوبت آئے یہی فیصلہ پنچایت کرتی ہے؟

المستفتی: علماء سیڈھا بجنور، یوپی

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: جہیز کا سامان ہر حال میں لڑکی کا شرعی حق اور اس کی ملکیت ہے۔

المختار للفتوی أن یحکم بکون الجهاز ملکا. (شامي، کتاب النکاح، باب المهر، زکریا ٤/ ٣٠٩، کراچی ٣/ ١٥٧)

لہٰذا طلاق مانگنے پر یہ فیصلہ کرنا درست نہیں ہے کہ جہیز واپس نہیں کیا جائے گا؛ بلکہ طلاق کے بعد عورت کو پورا جہیز واپس کیا جائے گا۔

قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: الصلح جائز بین المسلمین إلا صلحا حرم حلالا، أو أحل حراما. الحدیث (ترمذي، أبواب الأحکام، باب ما ذکر عن النبي صلی الله علیه وسلم في الصح بین الناس، النخسة الهندیة ١/ ٢٥١، دارالسلام، رقم: ١٣٥٢)

إن الجهاز للمرأة إذا طلقها تأخذه کله. (شامي، زکریا ٤/ ٣١١، کراچی پاکستان ٣/ ١٥٨)

البتہ ایسا فیصلہ کرنا درست ہے کہ مہر نہ دینے کی شرط پر اس کو طلاق دی جائے۔

وإن خالعها علی مهرها، فإن کانت المرأة مدخولا بها ...... وإن لم یکن مقبوضا سقط عن الزوج جمیع المهر. (هندیة، کتب الطلاق، الباب الثامن في الخلع، زکریا ١/ ٤٨٩، جدید زکریا ١/ ٥٤٩)

إن طلقها علی مال، فقبلت وقع الطلاق، ولزمها المال. (هندیة، کتاب الطلاق، الباب الثامن: في الخلع، الفصل الثالث: في الطلاق علی المال، زکریا ١/ ٤٩٥، جدید ١/ ٥٥٤)

اوراگرلڑکے کی طرف سے زیادتی ہوئی ہے اور مظلومہ لڑکی کو لڑکے نے خود طلاق دی ہے، تو ایسی صورت میں جہیز کا سامان اور مہر مکمل لڑکی کو ملے گا۔

إن كان النشوز من قبل الزوج فلا يحل له أخذ شيء من العوض على الخلع. (هندية، الباب الثامن في الخلع وما في حكمه، زكريا ١/ ٤٨٨، جديد ١/ ٥٤٨)

وكره تحريما أخذ شيء إن نشز. (شامي، كراچی ٣/ ٤٤٥، زكريا٥/ ٩٣-٩٥)

لیکن مالی جرمانہ کے طور پر تاوان لگانا شرعاً جائز نہیں ہے، اسی طرح لڑکی کا دوسری جگہ شادی کرنے کے خرچ کا مطالبہ لڑکے سے کرنا اور پنچایت کی طرف سے اس کا فیصلہ کیا جانا شرعاً درست نہیں ہے۔

قوله: لا بأخذ المال في المذهب، قال في الفتح: وعن أبي يوسف: يجوز التعزير للسلطان بأخذ المال، وعندهما وباقي الأئمة لا يجوز، ومثله في المعراج: وظاهره أن ذلك رواية ضعيفة عن أبي يوسفؒ، قال في الشرنبلالية: ولا يفتى بهذا لما فيه من تسليط الظلمة على أخذ مال الناس فيأكلونه.

(شامي، كتاب الحدود، باب التعزير كراچی ٤/ ٦١، زكريا ٦/ ١٠٥-١٠٦، هندية، زكريا ٢/ ١٦٧، جديد ٢/ ١٨١، فتح القدير، قديم مطبوعه بيروت ٥/ ٣٤٥، زكريا ٥/ ٣٣٠، كوئٹه ٥/ ١١٢-١١٣)

اور یہ سب معاملہ اس وقت ہے جب پنچایت کے فیصلہ کے مطابق پنچایت کے موقع پر طلاق دی گئی ہو۔ اور اگر پنچایت کے فیصلہ سے پہلے شوہر نے طلاق دی ہو تو ایسی صورت میں چاہے لڑکی کے مطالبہ پر ہی طلاق دی گئی ہو بہر صورت مہر اور جہیز دونوں لڑکی کو دینا لازم ہوگا۔ اور پنچایت کا فیصلہ شرعاً نافذ نہیں ہوگا؛ کیوں کہ طلاق کے بعد پنچایت کا مہر و جہیز نہ دینے کا فیصلہ کرنا قرآن وحدیث کے خلاف فیصلہ ہے۔

قال الله تعالیٰ: ﴿وَمَنْ لَمْ يَحْكُمْ بِمَا أَنْزَلَ اللّٰهُ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْفَاسِقُوْنَ﴾ [سورة المائدة: ٤٧] **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
١٢/٦/١٤٣١ھ
(الف فتویٰ نمبر: ٣٩/ ١٠٠٩٧)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
١٢/٦/١٤٣١ھ

۵/ باب الأجرة في النكاح

اجرتِ نکاح

سوال [۵۲۹۴]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ نکاح کی اجرت لینا کیسا ہے؟ رجسٹر بھرنے کی اجرت طلب کرنا کیسا ہے؟ جو ہدیہ نکاح پڑھانے والے کو دے دیا گیا، پھر اس سے ہدیہ بغیر مرضی کے واپس کر کے کسی دوسرے کارِ خیر میں دینا کیسا ہے؟

المستفتی: محمد شریف امام جامع مسجد محمدی کھیری، لکھیم پور

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: نکاح پڑھانے والے کے لئے نکاح خوانی کی اجرت لینا شرعا جائز اور درست ہے، اسی طرح نکاح کا رجسٹر بھرنے کی اجرت لینا بھی شرعاً جائز ہے۔ اور جو ہدیہ نکاح پڑھانے والے کو دے دیا گیا اور اس نے اس پر قبضہ بھی کرلیا، تو وہ اس کا مالک ہے، بریں بناء اس رقم کو واپس لینا جائز نہیں ہے، جو واپس لے گا وہی اس کا ضامن ہوگا۔

والمختار للفتوى أنه إذا عقد بكرا يأخذ دينارا، وفي الثيب نصف دينار، ويحل له ذلک، كذا قالوا. (هندية، الباب الخامس عشر في أقوال القاضي، ولا ينبغي للقاضي أن يفعل وما لا يفعل، زكريا ٣/ ٣٤٥، جديد زكريا ٣/ ٣٠٦)

وأما بالكتابة فيجوز لهما على قدر كتابتهما؛ لأن الكتابة لا تلزمهما. (شامي، قبيل كتاب الشهادات، زكريا ديوبند ٨/ ١٧٢، كراچی ٥/ ٤٦١)

قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ألا! لا تظلموا لا يحل مال امرئ مسلم إلا بطيب نفس منه. (مشكوة شريف، ٢٥٥، شعب الإيمان ٤/ ٣٨٧، برقم: ٥٤٩٢، منسد أحمد بن حنبل ٥/ ٧٢، رقم: ٢٠٩٧١)

لا يجوز لأحد من المسلمين أخذ مال أحد بغير سبب شرعي.

(شامي، زكريا ٦/ ١٠٦، كراچی، ٤/ ٦١، هندية ٢/ ١٦٧، جديد زكريا ٢/ ١٨١، الموسوعة الفقهية الكويتية ٣٧/ ٣٥٤، البحرالرائق، كوئٹه ٥/ ٤١، زكريا ديوبند ٥/ ٦٨)

فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۱/ جمادی الثانیہ ۱۴۳۲ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۹/ ۱۰۴۴۱)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۳۲/۶/۲۱ھ

نکاح خوانی کی اجرت کی شرعی حیثیت

سوال [۵۲۹۵]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: شادی کے موقع پر عرف میں عموماً نکاح خوانی کے لئے لڑکی والوں کی طرف سے کسی شخص کو بلایا جاتا ہے اور اس کا معاوضہ لڑکے والے دیتے ہیں۔ دریافت طلب امر یہ ہے کہ یہ دستور درست ہے؟ اور کیا نکاح پڑھانے والے کو اس پر معاوضہ لینا درست ہے؟ اگر معاوضہ لینا جائز نہیں ہے، تو اگر کسی شخص نے لیا تو کیا اس کا واپس کرنا واجب اور ضروری ہے؟

المستفتی: محمد عالم کورانہ

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: عرف میں نکاح خواں کو لانے کا دستور یہ ہے کہ اگر لڑکا اور لڑکی دونوں ایک ہی شہر یا ایک ہی گاؤں کے ہوں، تو لڑکے والے نکاح خواں کو بلاتے ہیں اور نکاح خواں کو کچھ دینا ہو تو وہ لڑکے والے ہی دیتے ہیں۔ اور اگر دونوں ایک شہر یا ایک گاؤں کے نہیں؛ بلکہ لڑکی والے دوسرے شہر یا دوسرے گاؤں کے ہیں، تو ایسی صورت میں کبھی لڑکے والے اپنے ساتھ نکاح خواں کو لاتے ہیں وہی اجرت دیتے ہیں، اور اکثر وبیشتر یہ ہوتا ہے کہ لڑکی والوں کے یہاں کے کسی نکاح خواں کا انتخاب کیا جاتا ہے، وہی نکاح پڑھاتا ہے۔ اور اجرت لڑکے والے ہی دیتے ہیں، اس کی وجہ یہی ہے کہ دلالۃً اور عرفاً لڑکے والوں کی

طرف سے اجازت ہوتی ہے کہ لڑکی والے نکاح خواں کو بلائیں، عرف اور دستور یہی ہے، جب عرف اور تعامل یہی ہے کہ نکاح خواں کی اجرت ہر صورت میں لڑکے والوں کی طرف سے دی جاتی ہے، ایسے عرف اور تعامل کی وجہ سے ہر صورت میں لڑکے والوں کی طرف سے اجرت دینا جائز اور درست ہے؛ لیکن اگر ایسا عرف اور تعامل نہیں ہے، تو وہاں پر جس کی طرف سے بھی نکاح خواں کو بلایا جائے گا، وہی اجرت دے گا اور اس میں یہ بات بھی ملحوظ رہے کہ نکاح پڑھانے والا منجانب حکومت مقرر کردہ نہ ہو؛ بلکہ کوئی بھی پڑھا لکھا نیک صالح آدمی نکاح پڑھا سکتا ہو۔ (مستفاد: امداد الفتاوی ۳/۴/ ۳۷، امداد المفتیین کراچی، ص: ۸۶۸، کفایت المفتی ۵/ ۱۵۱)

المختار للفتوى أنه إذا عقد بكرا يأخذ دينارا، وفي الثيب نصف دينار ويحل له ذلك، هكذا قالوا كذا في البرجندي. (هندية، الباب الخامس عشر في أقوال القاضي، وما ينبغي للقاضي أن يفعل ٣/ ٣٤٥، جديد ٣/ ٣٠٦، وهكذا البحرالرائق، كتاب الوقف، قبيل فصل في أحكام المساجد، زكريا ديو بند ٥/ ٤٠٨، كوئٹه ٥/ ٢٤٣، بزازية على هامش الهندية، زكريا ديوبند ٥/ ١٤٠، جديد زكريا ٢/ ٧٢، خلاصة الفتاوى ٤/ ٤٨، أشرفي ديو بند) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۲ ربیع الثانی ۱۴۳۵ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۱۱۵۰۴/۴۰)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۳۵/۴/۲۲ھ

نکاح خوانی کی اجرت کا حکم

سوال [۵۲۹۶]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: ہماری بستی میں انتظامی سہولت کے پیش نظر حلقہ وار نکاح خواں حضرات کا تعین کیا گیا ہے اور اسی نظام کے تحت نکاح پڑھاتے ہیں اور نکاح کا نذرانہ دولہا والوں سے وصول کرتے ہیں؛ لیکن کبھی کبھار ایسا بھی ہوتا ہے کہ ایک حلقہ میں دوسرے حلقہ کا نکاح خواں نکاح پڑھا دیتا ہے۔ (متعینہ نکاح خواں کے نہ ہونے یا کسی اور وجہ سے) یا غیر متعین شخص پڑھا دیتا

ہے، پھراس نذرانہ پر اختلاف ہوتا ہے، متعینہ نکاح خواں اس نذرانہ پر اپنے استحقاق کا دعوی کرتا ہے اور اس سے جبراً پورا نذرانہ وصول کرنے کی کوشش کرتا ہے، یا پھر نصف پر معاملہ طے ہوجاتا ہے، تو مذکورہ بالاتحریر کی روشنی میں ذیل کے مسائل کا جواب عنایت فرمادیں:

(۱) حلقہ وار نکاح خواں حضرات کی تعیین کا شرعاً کیا حکم ہے؟

(۲) نکاح خوانی کے نذرانہ کا کیا حکم ہے؟ اور اس کی ادائیگی لڑکی کے متعلقین پر ہے یالڑکے کے؟

(۳) جس نے نکاح پڑھایا ہے، نذرانہ کا مستحق وہی ہے یا حلقہ کا متعین نکاح خواں؟

المستفتی: جلیس احمد، ٹانڈہ بادلی، رامپور

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: (۱) یہ تعیین نذرانہ کے لین دین کی وجہ سے فتنہ کا باعث ہے؛ اس لئے مناسب نہیں۔

(۲) اگر نکاح خواں کو بلانے والے لڑکے والے ہیں تو نکاح خواں کی اجرت ان کے ذمہ لازم ہوگی۔ اور اگر لڑکی والے نے بلایا ہے تو اجرت دینے کے ذمہ دار بھی لڑکی والے ہوں گے۔ (مستفاد: امداد الفتاوی ۲/ ۲۷۸)

(۳) نذرانہ کا مستحق وہی ہوگا جس نے نکاح پڑھایا ہے، تو متعین نکاح خواں کے لئے کل یا نصف رقم کا لینا ناجائز اور رشوت ہے؛ اس لئے ایسا نظام اگر کہیں بن گیا ہے تو اس کو ختم کرنے کی سعی کرنی چاہئے۔ (مستفاد: امداد الفتاوی ۲/ ۲۷۸) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۱/ جمادی الاولیٰ ۱۴۱۶ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۲/ ۴۴۶۴)

اصل اور نائب امام میں سے اجرت نکاح کا مستحق کون؟

سوال [۵۲۹۷]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے

بارے میں: ہماری مسجد میں امام اور نائب امام دونوں متعینہ تنخواہ پر نماز پڑھاتے ہیں، مقررہ تنخواہ کے علاوہ کچھ آمدنی الگ سے ہوتی ہے، جیسے نکاح وغیرہ الگ سے جو آمدنی ہوتی ہے وہ ساری اصل امام لیتے ہیں، موجودگی اور عدم موجودگی دونوں حالتوں میں اور نائب امام کو نہیں دیتے، نائب امام کہتے ہیں کہ امام صاحب کی عدم موجودگی میں جو آمدنی ہوتی ہے وہ مجھے ملنی چاہئے، چونکہ میں عدم موجودگی میں پابندی سے نماز پڑھاتا ہوں؛ لہٰذا وہ آمدنی جو امام صاحب کی عدم موجودگی میں ہوتی ہے اس کے حق دار امام صاحب ہی ہوتے ہیں، یا نائب امام بھی؟ شرعی حکم کیا ہے؟

المستفتی: محمد یونس فرید نگر، ٹھاکردوارہ، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: منجانب مسجد نائب امام کے لئے جو تنخواہ متعین ہے اس کو وہی ملا کرے گی اور اصل امام صاحب کے لئے جو تنخواہ متعین ہے ان کو بھی وہی ملا کرے گی، اصل امام کی عدم موجودگی میں نائب امام نماز پڑھانے کا مکلّف ہے؛ اس لئے اصل امام کی عدم موجودگی میں نائب امام کے نماز پڑھانے کی وجہ سے اس کو الگ سے کچھ نہیں ملے گا۔ اب رہی نکاح خوانی کی اجرت تو اصل امام کی موجودگی میں اصل امام پڑھایا کرے گا اور اس کی اجرت بھی اصل امام ہی کو ملے گی اور اصل امام کی عدم موجودگی میں نائب امام کو نکاح پڑھانے کا حق حاصل ہوگا اور نکاح خوانی کی اجرت بھی اسی کو لینے کا حق ہوگا؛ لہٰذا اس درمیان نائب امام جو نکاح پڑھائے گا اس کی اجرت نائب امام کو ملے گی، نائب امام کے پڑھائے ہوئے نکاح کی اجرت اصل امام کو نہیں ملے گی۔

وما لم تجب مباشرته عليه حل له أخذ الأجرة عليه. (عالمگيري، الباب الخامس عشر في أقوال القاضي، وما ينبغي للقاضي أن يفعل، زكريا ديوبند ٣/ ٣٤٥، جديد ٣/ ٣٠٦، الفتاوى التاتارخانية، زكريا ديوبند ١١/ ١١٩، رقم: ١٥٦٣٤، المحيط البرهاني، المجلس العلمي ١٢/ ٢٣٣، رقم: ١٤٢٩٩) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
٢٧ رصفر ١٤٢٦ھ
(الف فتویٰ نمبر: ٣٧/ ٨٧٣٦)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصورپوری غفرلہ
١٤٢٦/٢/٢٩ھ

نکاح خوانی کی اجرت نکاح خواں کو دی جائے یا محلّہ کے امام کو؟

سوال [۵۲۹۸]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: ہمارے قصبہ میں ایک نکاح ہوا،لڑکی کے باپ نے نکاح جامع مسجد کے امام سے پڑھوایا،نکاح کی رسید بھی جامع مسجد کے امام نے ہی بنائی،لڑکے والوں نے نکاح کے پیسے گواہوں کے ہاتھ میں دے دئے،گواہوں نے وہ پیسے لے جاکر اس محلّہ کے امام کو دے دئے،انہوں نے رکھ لئے،جب کہ محلّہ کے امام نکاح کی مجلس میں حاضر بھی نہیں ہوئے،تو کیا محلّہ کے امام صاحب کا ان پیسوں کو لینا جائز ہے؟ان پیسوں کا شرعی اعتبار سے مستحق کون ہے؟

المستفتی: حکیم مولانا محمد اسماعیل نزد جامع مسجد افضل گڑھ،بجنور

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: نکاح کی اجرت کا مستحق وہی شخص ہے جس نے نکاح پڑھایا ہے؛ کیوں کہ یہ تو نکاح خوانی کی اجرت ہے، نہ کہ محلّہ کی مسجد کے امام کا حق، جس نے نکاح پڑھایا ہے نکاح کی اجرت اسی کے ہاتھ میں دینی ضروری تھی؛ لہٰذا وہ پیسہ جس کے ہاتھ میں بھی پہنچا ہو اس پر ضروری ہے کہ امانت سمجھ کر مستحق تک پہنچا دے۔

(مستفاد: کفایت المفتی،قدیم ۵/۱۵۳،جدید زکریا ۵/ ۱۴۶)

ثم الأجرة تستحق بأحد معان ثلاثة: إما بشرط التأجيل، أو بالتعجيل، أو باستيفاء المعقود عليه، فإذا وجد أحد هذه الأشياء الثلاثة، فإنه يملكها. (عالمگيری، كتاب الإجارة، الباب الثاني في متى تجب الأجرة، زكريا ديوبند ٤/ ٤١٣، جديد زكريا ٤/ ٤٤٣)

وكل نكاح باشره القاضي، وقد وجبت مباشرته عليه كنكاح الصغار، والصغائر فلا يحل له أخذ الأجرة عليه، وما لم تجب مباشرته عليه حل له أخذ الأجرة عليه. (عالمگيري، الباب الخامس عشر في أقوال القاضي، وما

ينبغي للقاضي أن يفعل زكريا ديوبند ٣/ ٣٤٥، جديد ٣/ ٣٠٦، المحيط البرهاني، كتاب القضاء، الفصل السابع عشر، المجلس العلمي ١٢/ ٢٣٣، رقم: ٤٢٩٩، الفتاوى التاتارخانية، زكريا ١١/ ١١٩، رقم: ١٥٦٣٤) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ

۲۹/۴/۱۴۲۷ھ

(الف فتویٰ نمبر: ۳۸/۸۹۸۳)

اعتراض پر جواب مذکور

سوال [۵۲۹۹]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: احقر نے آپ کے پاس ایک استفتاء بھیجا تھا، اس میں ایک سوال نکاح خوانی کی اجرت کے متعلق تھا، اس کا جو جواب آپ نے تحریر فرمایا ہے، محلّہ کے امام نے اس کو ماننے سے یہ کہہ کر انکار کر دیا کہ یہ سوال وجواب بغیر کسی شرط کے لکھا گیا ہے؛ اس لئے قابل اعتبار نہیں، وہ کہتے ہیں کہ اگر محلّہ کا امام یہ طے کرلے کہ اس محلّہ میں جتنے نکاح ہوں گے، وہ وہی پڑھائے گا تو پھر اس محلّہ میں کسی دوسرے شخص کو نکاح پڑھانے کا حق نہیں ہے، اگر کوئی دوسرا شخص نکاح پڑھاتا ہے، تب بھی اجرت محلّہ ہی کے امام کو ملے گی خواہ وہ مجلس نکاح میں شریک ہو یا نہ ہو تو کیا ان کی یہ بات درست ہے اور لڑکی یا لڑکے والے محلّہ کے امام سے نکاح پڑھوانے پر مجبور ہیں، یا کسی بھی شخص سے نکاح پڑھوا سکتے ہیں، آپ نے جو جواب تحریر فرمایا ہے، اس کی فوٹو کاپی بھی ارسال خدمت ہے۔

المستفتی: حکیم مولوی محمد اسماعیل متصل جامع مسجد، افضل گڑھ، بجنور

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: ہم نے پچھلے سوال اور اپنے یہاں کے جواب کو بار بار پڑھ کر دیکھا ہے، الحمد للہ ہمارا جواب صحیح ہے، بیاہ شادی میں لڑکی اور لڑکے والے آزاد

ہیں، وہ محلّہ کے امام سے نکاح پڑھوائیں یا کسی دوسرے ایسے عالم سے نکاح پڑھوائیں جن سے ان کو عقیدت ہے، یا کسی دوست واحباب سے نکاح پڑھوائیں، ہر طرح کا اختیار ہے، اگر محلّہ کے امام کو مسجد کی کمیٹی نے نکاح خوانی کا بھی ذمہ دار بنایا ہے، تو وہ مسجد کی کمیٹی اور امام تک محدود ہے، محلّہ کے لوگ اپنے نکاح پڑھانے میں مسجد کی کمیٹی کے تابع نہیں اور مسجد کی کمیٹی کو امورِ مسجد کے متعلق نظم کا اختیار ہے، محلّہ کے افراد پر نہیں؛ البتہ محلّہ کے لوگ اگر اپنی خوشی سے اس امام سے نکاح پڑھوانا چاہیں، تو وہ ان کی خوشی ہے اور نکاح خوانی کی اجرت کا حق دار ہر حال میں وہی ہوتا ہے، جس نے خود نکاح پڑھایا ہے اور جس نے نکاح نہیں پڑھایا ہے، وہ نکاح خوانی کی اجرت کا مستحق نہیں ہوتا۔ (مستفاد: امداد الفتاوی ۲/ ۲۶۸، محمودیہ ڈابھیل ۱۷/ ۹۵، میرٹھ ۲۵/ ۲۴۱) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۴ ؍رجب ۱۴۲۷ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۸/ ۹۰۶۸)

نکاح خوانی کی اجرت کس کو ملے؟

سوال [۵۳۰۰]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: نکاح خوانی کی اجرت جائز ہے یا نہیں؟ ایک شخص نکاح پڑھانے کے لئے مقرر ہے، وہ نہ ہو تو اس کی جگہ دوسرا شخص نکاح پڑھاتا ہے، اگر اجرت جائز ہے، تو جس شخص نے نکاح پڑھایا ہے اس کو اجرت ملے گی یا جو پڑھانے کے لئے مقرر ہے، وہ اس کا مستحق ہے؟

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: نکاح خوانی کی اجرت جائز ہے اور اس کا مستحق وہی شخص ہے جس نے نکاح پڑھایا ہے۔ (مستفاد: امداد الفتاوی ۲/ ۲۶۸، خیر الفتاوی زکریا ۴/ ۵۸۶، فتاوی محمودیہ ڈابھیل ۱۷/ ۹۵، میرٹھ ۲۵/ ۲۴۱)

والمختار للفتوی أنه إذا عقد بكرا يأخذ دينارا، وفي الثيب نصف

دينار، ويحل له ذلك. (هندية، كتاب القضاء، الباب الخامس عشر، زكريا ٣/ ٣٤٥، جديد زكريا ٣/ ٣٠٦)

ولا يحل له أخذ شيء على النكاح إن كان نكاحا يجب عليه مباشرته كنكاح الصغائر، وفي غيره يحل. (خلاصة الفتاوى، الفصل العاشر في الحظر والإباحة، مكتبه أشرفي ديوبند ٤/ ٤٨)

كل ما وجب على القاضي والمفتي لا يحل لهما أخذ الأجر به كنكاح صغير؛ لأنه واجب عليه وكجواب المفتي بالقول، وأما بالكتابة، فيجوز لهما على قدر كتابتهما؛ لأن الكتابة لا تلزمهما. (شامي، قبيل كتاب الشهادات، كراچی ٥/ ٤٦١، زكريا ٨/ ١٧٢) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۷/ ربیع الثانی ۱۴۳۵ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۴۰/ ۱۱۵۰۹)

نکاح خوانی کی اجرت کا حقدار کون؟

سوال [۵۱۳۰]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: ایک مکتب ہے جس میں بچوں کو تعلیم دینے کے لئے مکتب کمیٹی نے کچھ مدرس رکھے ہیں اور ان کو تنخواہ دی جاتی ہے۔ اور گاؤں میں آئے دن شادیاں ہوتی رہتی ہیں، جس میں نکاح پڑھانے کے لئے قاضی کی ضرورت پڑتی ہے، مکتب کمیٹی نے مکتب کی آمدنی کی غرض سے نکاح کا رجسٹر چھپوا رکھا ہے، مکتب کمیٹی یہ چاہتی ہے کہ وہ مدرس سے نکاح پڑھوا کر نکاح پڑھانے کا جو پیسہ ملے اس کو مکتب کے اخراجات میں شامل کرلے، تو آیا یہ پیسہ مکتب کے اخراجات میں شامل کرنا درست ہے یا وہ پیسہ نکاح پڑھانے والے مدرسین کو ہی دینا ضروری ہے؟

المستفتی: شکیل احمد ملک جھنڈے والی، دلپت پور، مراد آباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: نکاح پڑھانے کی اجرت کا مستحق وہی شخص ہوتا ہے جو خود نکاح پڑھاتا ہے؛ کیوں کہ یہ نکاح پڑھانے کی اجرت ہے؛ لہٰذا نکاح پڑھانے والے مدرس کے اوپر نہ اس بات کا دباؤ ڈالنا درست ہے کہ وہ مدرسہ میں پیسہ جمع کرے اور نہ ہی اس پیسے کا مکتب کے اخراجات میں شامل کرنے کے لئے مطالبہ کرنا درست ہے، وہ پیسہ صرف نکاح پڑھانے والے کا حق ہے۔

وکل نکاح باشره القاضي، وقد وجبت مباشرته عليه كنكاح الصغار، والصغائر، فلا يحل له أخذ الأجرة عليه، وما لم تجب مباشرته عليه حل له أخذ الأجرة عليه. (عالمگيري، كتاب القضاء، الباب الخامس عشر في أقوال القاضي، زكريا ديوبند ٣/ ٣٤٥، جديد ٣/ ٣٠٦، المحيط البرهاني، الفصل السابع عشر، المجلس العلمي ١٢/ ٢٣٣، رقم: ١٤٢٩٩، الفتاوى التاتارخانية، زكريا ديوبند ١١/ ١١٩، رقم: ١٥٦٣٤) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۹ ربیع الثانی ۱۴۲۷ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۸۹۸۲/۳۸)

اجرت نکاح کا حقدار کون؟

سوال [۵۳۰۲]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: (۱) برکھریا جاٹ ایک گاؤں ہے، وہاں کے باشندوں نے ایک دستور بنا رکھا ہے کہ جب بھی کسی لڑکی کی شادی گاؤں میں ہوگی تو نکاح گاؤں کے امام صاحب پڑھائیں گے۔ اور اگر لڑکے والے گاؤں کے امام صاحب سے نکاح نہیں پڑھواتے ہیں، تو گاؤں کے لوگ لڑکے والوں سے ڈھائی سو روپیہ مدرسہ کے نام پر جبراً لے لیتے ہیں، جس

کے نتیجہ میں ناکح محروم ہوجاتا ہے، تو کیا گاؤں والوں کا یہ دستور بنانا لڑکے والوں سے مدرسہ کے نام پر جبراً ڈھائی سو روپیہ لے لینا جائز ہے یا نہیں؟ نیز نکاح پڑھوانے کے لئے ناکح کو لڑکے والے اپنی رضامندی سے متعین کریں گے یا لڑکی والوں کی تابعداری کے پابند ہوں گے۔

(۲) اگر جبراً روپئے لے لئے ہیں تو کیا ان کو مدرسہ میں لگانا یا مسجد کے امام صاحب کو دے دینا درست ہے یا وہ رقم واجب الاعادہ ہے؟ قرآن وحدیث کی روشنی میں جواب تحریر فرمائیں۔

المستفتی: حافظ محمد حنیف، عبداللہ نگر، ہردوئی

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: (۱-۲) ہمارے دیار میں یعنی پورے ہندوستان میں جو بحیثیت قاضی نکاح پڑھاتا ہے، وہ درحقیقت لڑکی کے وکیل کا وکیل ہوتا ہے، اسی وجہ سے لڑکی کی طرف سے اجازت کے بعد ہی وہ قاضی نکاح پڑھاتا ہے۔ اور لڑکا خود اپنی جانب سے اصیل ہوتا ہے۔ اور عقد نکاح میں قاضی لڑکی کی طرف سے وکیل بن کر ایجاب کرتا ہے اور لڑکا اصیل کی حیثیت سے اس ایجاب کا قبول کرتا ہے، تو اس سے معلوم ہوتا ہے کہ قاضی کے انتخاب کا حق صرف لڑکی والوں کو ہے؛ لہٰذا جب لڑکی والے قاضی کو دعوت دیں گے، تو قاضی کی فیس لڑکی والے ادا کریں گے۔ اور اگر لڑکی والوں نے لڑکے والوں کو اختیار دے رکھا ہے اور پھر لڑکے والے ہی قاضی کو دعوت دیتے ہیں، تو چونکہ معاملہ لڑکے والوں کے ساتھ متعلق ہو چکا ہے؛ اس لئے فیس بھی لڑکے والے دیں گے؛ لیکن چونکہ یہ مسئلہ منصوص نہیں ہے؛ بلکہ عرف اور برادری کے رواج اور شرائط پر موقوف ہے؛ اس لئے اگر کسی برادری میں یہ پنچایتی قانون بن چکا ہے، کہ نکاح خواں کی اجرت ہر حال میں لڑکے والے دیں گے اور یہ قانون اور تعامل سب کو معلوم ہے، تو ایسی صورت میں نکاح خواں کی اجرت لڑکے والے دیں گے؛ لیکن لڑکے والوں پر نکاح خوانی کی اجرت کے علاوہ مسجد یا مدرسہ کے واسطے الگ سے کوئی رقم لازم کرنا شرعاً درست نہیں ہے۔ اور مسجد یا مدرسہ میں اس طرح دباؤ کی رقم لگانا بھی درست نہیں ہے۔

أما السبب فهو أخذ مال الغير بغير إذنه لقوله عليه الصلاة والسلام: على اليد ما أخذت حتى ترد، وقوله عليه الصلاة والسلام: لا يأخذ أحدكم مال صاحبه لاعبا، ولا جادا، فإذا أخذ أحدكم عصا صاحبه، فليرد عليه، ولأن الأخذ على هذا الوجه معصية. (بدائع الصنائع، كتاب الغصب، فصل في حكم الغصب، زكريا ديوبند ٦/ ١٣٩، ١٤٠، كراچی ٧/ ١٤٨)

عن أبي حرة الرقاشي عن عمه، أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال: لا يحل مال امرئ مسلم إلا بطيب نفس منه. (شعب الإيمان، باب في قبض اليد عن الأموال المحرمة، دارالكتب العلمية بيروت ٤/ ٣٨٧، رقم: ٥٤٩٢، السنن الكبرى للبيهقي، دارالفكر ٨/ ٥٠٦، رقم: ١١٧٤٠)

عن أبي حرة الرقاشي عن عمه ...... ألا لا تظلموا، ألا! لا تظلموا، ألا لا تظلموا، إنه لا يحل مال امرئ إلا بطيب نفس منه. الحديث (مسند أحمد بن حنبل ٥/ ٧٢، رقم: ٢٠٩٧١) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ	الجواب صحیح:
۶؍ ربیع الاول ۱۴۲۳ھ	احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
(الف فتویٰ نمبر: ۷۵۴۵/۳۰)	۱۴۲۳/۳/۶ھ

نکاح کے بعد دولہے کی طرف سے دی گئی رقم کا حقدار

سوال [۵۳۰۳]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: ہمارے یہاں یہ دستور ہے کہ نکاح کے بعد دولہے کی طرف سے کچھ رقم بطور ہدیہ کے دی جاتی ہے، اب اس رقم میں سے کچھ حصہ متولی صاحب مسجد کے لئے رکھ لیتے ہیں، کچھ حصہ امام صاحب کو دیتے ہیں اور کچھ حصہ مؤذن صاحب کو دیتے ہیں، اب معلوم یہ کرنا ہے کہ مکمل جو رقم بطور ہدیہ کے دی جارہی ہے اس کا صحیح حقدار کون ہے، اگر

بالفرض والتقدیر پوری رقم کے حق دار امام صاحب ہیں، تو متولی کا مسجد کے لئے اس رقم میں سے کچھ حصہ نکالنا درست ہے یا نہیں؟

المستفتی: محمد انس فاروق گودھرا پنچ محل گجرات

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰه التوفيق: دولہے کی طرف سے جو پیسہ دیا جاتا ہے، وہ عرف میں نکاح پڑھانے کی اجرت ہے، جس کے حق دار صرف نکاح پڑھانے والے امام صاحب ہیں؛ اس لئے اس رقم میں متولی کا مذکورہ تصرف درست نہیں ہے۔

عن أبي حرة الرقاشي عن عمه، أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال: لا يحل مال امرئ مسلم إلا بطيب نفس منه. (السنن الكبرى للبيهقي، كتاب الغصب، باب من غصب لوحا فأدخله في سفينة، أو بنى عليه جدارا، دارالفكر بيروت ٨/ ٥٠٦، رقم: ١١٧٤٠)

والمختار للفتوى أنه إذا عقد بكرا يأخذ دينارا، وفي الثيب نصف دينار، ويحل له ذلک. (هندية، كتاب القضاء، الباب الخامس عشر: في أقوال القاضي، زكريا ٣/ ٣٤٥، جديد ٣/ ٣٠٦) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۸/ صفر المظفر ۱۴۳۴ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۱۱۰۲۲/۴۰)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۳۴/۲/۲۸ھ

نکاح کی اجرت پر کس کا حق ہے؟

سوال [۵۳۰۴]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: زید اپنے محلّہ کی مسجد کا امام ہے اور مسجد کے حلقہ میں جو بھی نکاح ہوتے ہیں وہ محلّہ کی مسجد کے امام صاحب کا حق ہوتا ہے، دوران نکاح امام صاحب کسی بزرگ یا عالم سے

تبرکاً ایجاب وقبول کرالیں اور رجسٹر کی خانہ پری کی ذمہ داری بھی امام صاحب ہی نبھائیں اس صورت میں دولہا کی جانب سے جو نکاح خوانی کا ہدیہ ملتا ہے وہ عموماً امام صاحب کو ہی دیا جاتا ہے، اس موقع پر جو ہدیہ ملا وہ ناکح مذکور نے یہ کہہ کر اپنے پاس رکھ لیا کہ یہ میرا حق ہے، اصلاً امام صاحب کا جو حق سمجھا جارہا تھا اس صورت میں امام صاحب محروم ہوجاتے ہیں، صورت مذکورہ میں نکاح خوانی کا جو ہدیہ ملا ہے وہ امام صاحب جو محلّہ کی مسجد کے امام ہیں، ان کا حق ہے یا ان ناکح کا جنہوں نے تبرکاً نکاح پڑھایا ہے، مدلل ومفصل وضاحت فرمائیں؟

المستفتی: محمد عابد ابن حاجی اکبر علی، ساکن روانہ، شکار پور، بجنور

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: نکاح پڑھانے میں جو اجرت دی جاتی ہے وہ در حقیقت نکاح خوانی کی اجرت ہے، جس کا مستحق اور حق دار نکاح خواں ہوتا ہے؛ لہٰذا جس نے نکاح پڑھایا ہے یہ اجرت اسی کا حق ہے، نہ کہ امام صاحب کا۔ (مستفاد: امداد الفتاوی ۲/ ۲۷۸، فتاوی محمودیہ ڈابھیل ۱۷/ ۹۷، کفایت المفتی، زکریا مدلل ۵/ ۱۴۶)

والمختار للفتوى أنه إذا عقد بكرا يأخذ دينارا، وفي الثيب نصف دينار، ويحل له ذلك. (هندية، كتاب القضاء، الباب الخامس عشر، زكريا ٣/ ٣٤٥، جديد زكريا ٣/ ٣٠٦)

ولا يحل له أخذ شيء على النكاح إن كان نكاحا يجب عليه مباشرته كنكاح الصغائر، وفي غيره يحل. (خلاصة الفتاوى، كتاب القضاء، الفصل العاشر في الحظر والإباحة، أشرفي ديوبند ٤/ ٤٨) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۵؍ محرم الحرام ۱۴۳۵ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۴۰/ ۱۱۳۸۸)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۳۵/۱/۱۶ھ

نکاح خوانی کی اجرت کا کچھ حصہ مسجد کو دینے پر مجبور کرنا

سوال [۵۳۰۵]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: ہمارے علاقہ میں یہ دستور رہے کہ جب بھی کوئی نکاح ہوگا، تو پانچ سو روپئے نکاح پڑھوانے والے کو ادا کرنے ہوتے ہیں، ان میں سے دوسو روپئے مسجد کو جاتے ہیں، بقیہ نکاح خواہ کو ملتے ہیں، تو سوال یہ ہے کہ یہ دوسو روپئے مسجد کو دینا کیسا ہے؟

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: نکاح پڑھانے کے عوض ملنے والے پانچ سو روپئے پورے کے پورے نکاح پڑھانے والے کا حق ہیں؛ البتہ اگر وہ اپنی مرضی سے اس میں سے کچھ روپئے مسجد کو دے دے تو درست ہے۔ اور مذکورہ بالا دستور کو نکاح خواں پر لازم کر کے نکاح خوانی کی اجرت میں کچھ مسجد کو دینے پر مجبور کرنا جائز نہیں ہے۔

عن أبي حرة الرقاشي عن عمه قال: كنت اٰخذًا بزمام ناقة رسول الله صلى الله عليه وسلم في أوسط أيام التشريق، أذود عنه الناس، فقال: ...... ألا! لا تظلموا، ألا! لا تظلموا، ألا! لا تظلموا، إنه لا يحل مال امرئ إلا بطيب نفس منه. الحديث (مسند أحمد بن حنبل ٥/ ٧٢، رقم: ٢٠٩٧١)

وما لم تجب مباشرته عليه حل له أخذ الأجرة عليه. (هندية، القضاء، الباب الخامس عشر، زكريا ٣/ ٣٤٥، جديد ٣/ ٣٠٦، خلاصة الفتاوى، مكتبه أشرفي ديوبند ٤/ ٤٨)

ولا يجوز لأحد من المسلمين أخذ مال الغير بغير سبب شرعي. (هندية، زكريا ٢/ ١٦٧، جديد زكريا ٢/ ١٨١، شرح المجلة، مكتبة الإتحاد ديوبند ١/ ٦٢، رقم: ٩٧) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۷/ ربیع الثانی ۱۴۳۵ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۴۰/ ۱۱۵۱۰)

نکاح خوانی کی اجرت کا مستحق کون، قاضی یا مسجد کا امام؟

سوال [۵۳۰۶]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: نکاح خوانی کی اجرت شرعی اعتبار سے لینا کیسا ہے؟ بعض جگہوں پر آدھی قاضی کو رقم دی جاتی ہے اور آدھی مسجد کو دی جاتی ہے، کیا یہ قاضی کا حق ہے یا مسجد کا؟

المستفتی: حافظ محمد قاسم نرولی، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: نکاح پڑھانے والے کا نکاح پڑھا کر اس کی اجرت لینا شرعاً جائز ہے اور نکاح کی اجرت کا مستحق وہی شخص ہوتا ہے جو نکاح پڑھائے یہ قاضی صاحب کا حق نہیں ہوتا ہے؛ بلکہ اگر قاضی صاحب نکاح پڑھائیں گے تو اجرت انہیں کو ملے گی۔ اور اگر کوئی اور نکاح پڑھائے گا تو اجرت اسی کو ملے گی اور مسجد کا نکاح خوانی کی اجرت سے کوئی تعلق نہیں ہے۔ (مستفاد: کفایت المفتی قدیم ۵/۱۵۳، جدید زکریا ۵/ ۱۴۶)

وكل نكاح باشره القاضي، وقد وجبت مباشرته عليه، كنكاح الصغار والصغائر، فلا يحل له أخذ الأجرة عليه، وما لم تجب مباشرته عليه حل له أخذ الأجرة عليه. (هندية، كتاب القضاء، الباب الخامس عشر في اقوال القاضي، زكريا ديوبند ٣/ ٣٤٥، جديد زكريا ٣/ ٣٠٦، المحيط البرهاني، المجلس العلمي ١٢/ ٢٣٣، رقم: ١٤٢٩٩، الفتاوى التاتارخانية، زكريا ديوبند ١١/ ١١٩، رقم: ١٥٦٣٤) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۶/ جمادی الاولیٰ ۱۴۲۸ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۸/ ۹۲۹۷)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصورپوری غفرلہ
۱۴۲۸/۵/۱۶ھ

نکاح پڑھانے کے لئے حلقہ باٹنے اور اس کی اجرت کا حکم

سوال [۵۳۰۷]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: (۱) شہر قاضی نہ ہونے کی وجہ سے قصبہ سیوہارہ کی ہر مسجد کا حلقہ تقسیم ہوا ہے؛ اس لئے ہر مسجد کا امام اپنے حلقہ میں نکاح پڑھاتا ہے، اور اپنا پورا پورا حق سمجھتے ہیں؛ لہٰذا اگر کوئی امام یا برادری کی وجہ سے کہ میں ماہی گیر ہوں یا منہار ہوں یا ان کی برادری کا امام ہوں اور وہ دوسرے امام کی مسجد کے حلقہ میں جا کر نکاح پڑھا دے، تو ایسے امام کے بارے میں شریعت کا کیا فیصلہ ہے؟

(۲) اگر کوئی حافظ غریب ہو اور وہ تعلق کی بنا پر یا عوام کو غریب بتلا کر کسی امام کے حلقہ میں جا کر نکاح پڑھا دے اور اس مسجد کے امام کا حق لے کر چلا جائے تو ایسے حافظ کے بارے میں کیا خیال ہے؟

(۳) مسجد کا متولی یا برادری کا چودھری دوسری مسجد کے امام کے حلقہ میں کسی اور سے نکاح پڑھوائے اور مسجد کا حق روپئے یا سامان وغیرہ اس مسجد کو چھوڑ کر اپنی مسجد کے لئے لے جائے تو ایسے متولی یا برادری کے چودھری کے بارے میں شریعت کا کیا فیصلہ ہے؟

المستفتی: عظمت علی آسامی

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: (۱) ہندوستان میں مساجد کے جوائمہ ہوتے ہیں وہ صرف محراب کے مصلیوں کے حق دار ہوتے ہیں، اپنے مصلے کے علاوہ باقی کسی بھی چیز میں ان کا کوئی حق متعلق نہیں ہوتا ہے، ان کی اجازت کے بغیر ان کے مصلے پر کھڑے ہوکر دوسروں کو نماز پڑھانے کا حق نہیں ہوتا ہے، کوئی پڑھائے گا تو اعتراض کا حق ہوتا ہے۔ اور یہ کہا جا سکتا ہے کہ امام کا حق مارا گیا۔ اور نکاح پڑھانے میں محلّہ کے امام کا کوئی حق شرعی طور پر وابستہ نہیں ہوتا، لڑکے والے اور لڑکی والے کو پورا پورا اختیار رہے کہ وہ اپنی مرضی سے جس کے

ذریعہ سے چاہیں پڑھوائیں، اس میں محلّہ کے امام یا کسی اور کو کسی قسم کے اعتراض کا حق نہیں ہے، چاہے وہ اپنے ساتھ نکاح پڑھانے والے کو لائیں یا کسی دوسرے محلّہ کے امام کو لائیں، ان کی اپنی مرضی ہے، نیز محلہ میں اگر پنچایتی یا وراثتی قاضی بھی موجود ہو تو اس کو بھی کوئی اختیار نہیں ہے اور نہ ہی نکاح پڑھانے میں شرعی طور پر اس کا کوئی حق متعلق ہوگا۔ (مستفاد: فتاوی محمودیہ، قدیم ۹/ ۱۷۸، محمودیہ قدیم ۱۱/ ۱۶۱، جدید ڈابھیل ۱۰/ ۵۹۴، فتاوی دارالعلوم ۷/ ۱۶۳)

(۲) اگر مذکورہ حافظ نکاح پڑھائے گا تو شرعی طور پر اس حافظ نے اس محلّہ کے امام کا کوئی حق نہیں لیا ہے؛ کیوں کہ نکاح پڑھانے کے ساتھ امام کا کوئی حق متعلق ہی نہیں ہوتا؛ بلکہ اپنا حق سمجھنے والے امام کے بارے میں شریعت جہالت کا فیصلہ کرے گی۔ (مستفاد: فتاوی محمودیہ، قدیم ۹/ ۱۷۸، جدید ڈابھیل ۱۰/ ۵۹۴، فتاوی دارالعلوم ۷/ ۱۶۳)

(۳) نکاح خوانی کسی شخص یا کسی امام یا کسی مسجد کی جاگیر نہیں ہے؛ بلکہ نکاح والے جس کے ذریعہ سے چاہیں پڑھوا سکتے ہیں، شریعت ایسے متولی یا چودھری کے بارے میں یہ فیصلہ کرے گی کہ انہوں نے صحیح عمل کیا ہے، ان کے اس عمل کو غلط کہنے والے خود غلطی پر ہیں۔

فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۰/ ذی الحجہ ۱۴۱۷ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۲/ ۵۰۶۷)

گاؤں پنچایت والوں کا نکاح خوانی کی اجرت مقرر کرنا

سوال [۵۳۰۸]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: نکاح خوانی کے موقع پر ہر گاؤں میں کچھ ذمہ دار یہ طے کر دیتے ہیں کہ مثلاً دوسو روپیہ دولہا یا اس کے ولی سے لیا جائے اور اس متعین کردہ روپیہ میں سے کچھ روپئے قاضی کو دیتے ہیں یہ مقدار ہر بستی والوں نے الگ الگ متعین کر رکھی ہے، قاضی الگ سے کوئی

اجرت نہیں لیتا ہے۔ اور کچھ روپئے مسجد اور کسی کار خیر میں خرچ کرتے ہیں، تو اس روپیہ کو قاعدہ بنا کر دولہا والوں سے وصول کرنا اور کار خیر میں خرچ کرنا کیسا ہے؟

المستفتی: مسعود احمد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: گاؤں پنچایت، برادری پنچایت نے اپنا یہ اصول بنا رکھا ہے اور ایسی صورت میں دولہا یا اس کے ولی نہ دینا چاہیں تو ان پر دباؤ ڈال کر مقررہ رقم وصول کی جاتی ہے یا رواج اور رسم سے مجبور ہو کر طوعاً وکرہاً بھی رقم دی جاتی ہے، اس کو حضرت تھانویؒ نے ''امداد الفتاوی'' میں ممنوع اور ناجائز لکھا ہے۔ (مستفاد: امداد الفتاوی ۳/۳۷۳)

نیز نکاح خوانی کی اجرت لینا تو جائز ہے، مگر یہ اجرت دولہن والوں کی طرف سے ہونی چاہئے؛ اس لئے کہ اسی کو وکیل یا قاضی کی ضرورت ہوتی ہے، دولہا کو نہیں؛ کیوں کہ وہ از خود ایجاب وقبول کرتا ہے یا اس پر لازم ہونا چاہئے جو قاضی کو بلانے والا ہو اگر دولہا کی طرف سے بلایا جائے تو وہ ادا کرے اور دولہن کی طرف سے بلایا جائے تو وہ اجرت ادا کرے، مگر ہر صورت میں دولہا سے وصول کرنا ممنوع ہے۔ (مستفاد: امداد الفتاوی ۳/۳۷۳) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۱ر صفر المظفر ۱۴۱۶ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۲/ ۴۳۲۸)

نکاح خوانی کی اجرت کی ادائیگی کس کے ذمہ واجب؟

سوال [۵۳۰۹]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: (۱) نکاح خوانی کی اجرت کو آں محترم نے جائز لکھا ہے؛ لیکن وضاحت یہ مطلوب ہے کہ یہ اجرت کون دے؟ ہمارے یہاں پورے ضلع بجنور میں نکاح خوانی کی

اجرت دولہا والوں سے لیتے ہیں، جب کہ امام صاحب کو اور قاضی صاحب کو لڑکی والے ہی بلا کرلاتے ہیں، اس شکل کو حضرت تھانویؒ نے منع لکھا ہے۔ معلوم یہ کرنا ہے کہ کیا کوئی درست شکل ہے کہ دولہا والوں سے ہی نکاح کی اجرت لیں اور جائز ہو؛ کیوں کہ اگر ہم لوگوں نے گاؤں میں اعلان کردیا کہ نکاح خوانی کی اجرت لڑکی والے ہی دیں گے؛ کیوں کہ امام صاحب کو لڑکی والے ہی بلا کر نکاح پڑھانے کے لئے لے جاتے ہیں، تو ہمارا رہنا مشکل ہو جائے گا؛ اس لئے بہتر شکل واضح فرمادیں، ہم مولوی صاحبان دارالافتاء مدرسہ شاہی کے فتاوی پر ہی عوام کو اور خود کو لے کر چل رہے ہیں۔

(۲) شادی کے موقع پر لڑکی والوں کے یہاں کھانا کھانے کے بارے میں جو مفصل فتوی دارالافتاء مدرسہ شاہی سے جاری ہوا ہے جو رجسٹر الف: ۲۸/۴۴ ۲۷/ میں موجود ہے، دارالافتاء کی عنایت ہوگی اگر ارسال فرمادیں۔

المستفتی: عبدالرشید قاسمی سیڈھا، بجنور

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: (۱) اگر قاضی یا عالم کو بلانے والے لڑکی والے ہیں اور وہی طے کر کے لائے ہیں، تو اس صورت میں اس کی اجرت لڑکی والوں پر ہی ہوگی؛ کیوں کہ بلانے والے وہی لوگ ہیں، لڑکے والے پر اس کی اجرت نہیں؛ لہٰذا ان پر اس کا بار ڈالنا بھی جائز نہیں ہے؛ لیکن اگر لڑکے والے بخوشی نکاح خواں کی اجرت دے دیتے ہیں، یا لڑکے والوں نے لڑکی والوں کو نکاح خواں کو بلانے کا مکلّف بنایا ہے اور ان ہی کے کہنے کے مطابق لڑکی والوں نے نکاح خواں کو بلایا ہے، تو نکاح خوانی کی اجرت لڑکے والے ادا کریں گے؛ لہٰذا آپ کے یہاں اگر لڑکی والے بلاتے ہیں اور لڑکے والے پیسے دیتے ہیں اور اس کا تعارف وتعامل ہو چکا ہے، تو لڑکے والوں کی طرف سے دلالۃً لڑکی والوں کے لئے اجازت ہوتی ہے، تو ایسی صورت میں بھی لڑکے والے اجرت دے سکتے ہیں؛ لیکن اس بات کو صراحت کے ساتھ طے کرلیا جائے تو زیادہ بہتر ہے، تاکہ لڑکے والوں کی طرف سے لڑکی

والوں کو صراحتاً اجازت مل جائے اور لڑکے والوں کی طرف سے اجرت دینے کی پیشکش بھی صراحت کے ساتھ معلوم ہوجائے، تاکہ آپ کے یہاں کا تعامل بھی جاری ہوجائے اور مسئلہ شرعی پر عمل بھی ہوجائے۔ (مستفاد: کفایت المفتی قدیم ۵/ ۱۵۲، جدید زکریا ۵/ ۱۴۶)

(۲) رجسٹر الف: ۳۸/ ۴۴ ۲۷ رنمبر فتوی حاصل کرنے کے لئے مولانا کلیم اللہ صاحب جو دفتر دارالافتاء کے ذمہ دار ہیں، ان سے رابطہ قائم کریں، وہ اگر بخوشی نقل کر کے آپ کی طرف روانہ کردیں تو ان کے اور آپ کے درمیان آپسی رابطہ کی بات ہے۔ فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ	الجواب صحیح:
۱۲/ جمادی الثانیہ ۱۴۲۹ھ	احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۸/ ۹۶۳۱)	۱۴۲۹/۶/۱۲ھ

نکاح کی اجرت سے متعلق چند سوالات کے جوابات

سوال [۵۳۱۰]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: (۱) کیا نکاح خوانی کی اجرت جائز ہے یا نہیں؟ اگر جائز ہے تو اجرت طے کی جاسکتی ہے یا نہیں؟ اگر طے کی جاسکتی ہے تو اس کی کوئی مقدار متعین ہے یا نہیں؟

(۲) ایک مسجد میں امام صاحب اور مؤذن صاحب دونوں بعوض تنخواہ مامور ہیں، امام صاحب نکاح پڑھاتے ہیں اور رجسٹر میں اندراج کرتے ہیں، نکاح خوانی سے اجرت یا نذرانہ ملتا ہے، تو اس میں مؤذن صاحب بھی دعویدار بنتے ہیں، جب کہ ان کا نذرانہ علیحدہ بھی آتا ہے، کیا مؤذن صاحب کی یہ دعویٰ داری جائز ہے یا ناجائز؟

(۳) امام صاحب کو جو آمدنی مسجد کے ذریعہ سے ہوتی ہے، خواہ وہ نکاح خوانی ہو یا عیدالفطر کے موقع پر جو رقم رمضان کے اخیر میں دی جاتی ہے یا اور کسی دوسرے ذریعہ سے ہو، تو اس آمدنی میں مسجد کی انتظامیہ کمیٹی نے یہ کر رکھا ہے کہ امام صاحب اور مؤذن صاحب کو ہر

آمدنی میں سے نصف نصف تقسیم کردیتے ہیں، جب کہ تنخواہ میں بھی معمولی فرق ہوتا ہے، کیا انتظامیہ کمیٹی کا یہ فیصلہ درست ہے؟

(۴) امام صاحب اور مؤذن کی تنخواہ اور دوسری آمدنی میں کیا تناسب رہنا چاہئے؟

(۵) اگر ایک مسجد کے حلقہ کا نکاح دوسری مسجد کے امام صاحب پڑھادیں، تو اس کا کیا حکم ہے، جب کہ دستور ہے کہ جس مسجد کے حلقہ میں شادی ہو نکاح اسی مسجد کے امام صاحب پڑھاتے ہیں اور انہیں کچھ آمدنی کی توقع رہتی ہے۔ (نوٹ) امام صاحب کی لیاقت یہ ہے: حافظ، عالم فاضل دارالعلوم ہیں اور مؤذن صاحب سادہ لوح حافظ بعض مواقع پر ناظرہ بھی صحیح نہیں ہے۔

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: (۱) نکاح خوانی کی اجرت طرفین یعنی نکاح پڑھانے والے اور اس کو بلانے والے کی رضامندی سے لینی جائز ہے۔ اور اس کی کوئی مقدار متعین نہیں ہے؛ بلکہ جو بھی اجرت چاہیں آپسی رضامندی سے متعین کرسکتے ہیں۔

(مستفاد: کفایت المفتی، قدیم ۵/ ۱۵۱، جدید زکریا ۵/ ۱۴۶، امداد الفتاوی ۳/ ۳۷۲)

وكل نكاح باشره القاضي، وقد وجبت مباشرته عليه، كنكاح الصغار والصغائر، فلا يحل له أخذ الأجرة عليه، وما لم تجب مباشرته عليه حل له أخذ الأجرة عليه. (هندية، كتاب القضاء، الباب الخامس عشر في أقوال القاضي، زكريا ديوبند ۳/ ۳٤٥، جديد زكريا ۳/ ۳۰٦)

(۲) جو نکاح پڑھائے گا وہ اجرت کا مستحق ہوگا، امام پڑھائے گا تو وہ مستحق ہوگا، اگر مؤذن پڑھائے گا تو وہ مستحق ہوگا؛ لہٰذا اگر امام صاحب نے نکاح پڑھایا ہے، تو مؤذن کو دعویداری کا حق نہیں۔ اور اگر موذن نے پڑھایا تو امام کو دعویداری کا حق نہیں۔

والأجرة إنما تكون في مقابلة العمل. الخ (شامي، مطلب أنفق على معتدة الغير، زكريا ٤/ ۳۰۷، کراچی ۳/ ۱٥٦)

(۳) مسجد کی کمیٹی رمضان کے اخیر میں یا کسی اور موقع سے جو رقم بطور انعام امام صاحب اور مؤذن صاحب کو دیتی ہے جو امام اور موذن کی سالانہ آمدنی میں بھی شمار ہوتی ہے، وہ کمیٹی کی صوابدید پر موقوف ہے، چاہے نصف نصف تقسیم کرے یا تناسب سے تقسیم کرے، ان کو اختیار ہے۔

وقف وقفين على المسجد، أحدهما على العمارة، والآخر إلى إمامه، أو مؤذنه، والإمام والمؤذن لا يستقر لقلة المرسوم للحاكم الدين أن يصرف من فاضل وقف المصالح والعمارة إلى الإمام والمؤذن باستصواب أهل الصلاح من أهل المحلة. الخ (شامي، كتاب الوقف، زكريا ٦/ ٥٥١، كراچی ٤/ ٣٦٠)

(۴) امام اور مؤذن کی تنخواہ میں تناسب کا فیصلہ مسجد کے ذمہ داروں کی صوابدید پر ہے، وہ جس کے لئے جتنا چاہیں حسب مناسب تنخواہ متعین کرسکتے ہیں۔

قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: الصلح جائز بين المسلمين إلا صلحا حرم حلالا، أو أحل حراما، والمسلمون على شروطهم، إلا شرطا حرم حلالا، أو أحل حراما. (ترمذي، باب الأحكام ١/ ٢٥١، رقم: ١٣٥٢)

(۵) نکاح پڑھوانے والے زوجین کے آدمی جس سے چاہیں نکاح پڑھوا سکتے ہیں، شریعت کی طرف سے کوئی پابندی نہیں ہے، محلّہ کے ہی امام سے نکاح پڑھوانا ضروری نہیں ہے؛ لہٰذا دوسرے محلّہ کا امام آ کر کے بھی نکاح پڑھا سکتا ہے، اس میں کوئی حرج نہیں ہے۔

(مستفاد: کفایت المفتی قدیم ۵/ ۱۵۱، جدید زکریا ۵/ ۱۴۶، امداد الفتاوی ۳/ ۳۷۲، امداد المفتیین ۱/ ۸۶۸) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۳/ جمادی الثانیہ ۱۴۳۳ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۹/ ۱۰۷۲۵)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۳۳/۶/۲۳ھ

نکاح کا رشتہ کرانے پر کمیشن یا دلالی لینا

سوال [۱۱۳۱۵]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: نکاح کا رشتہ کرانے پر کمیشن یا دلالی لینا کیسا ہے؟

المستفتی: عبدالرشید قاسمی سیڈھا، بجنور

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: نکاح کا رشتہ کرانے پر کمیشن یا دلالی لینا درست ہے؛ کیوں کہ یہ اس کی محنت اور کوشش کا عوض ہے۔

الدلالة في النكاح لا تستوجب الأجر، وبه يفتي الفضلي في فتاواه، وغيره من مشايخ زماننا كانوا يفتون بوجوب أجر المثل، وبه يفتي. (هندية، الإجارة، الباب السادس عشر في مسائل الشيوع في الإجارة، زكريا ديوبند ٤/ ٤٥١، جديد زكريا ٤/ ٤٨٧)

وفي فتاوى الفضلي: الدلالة في النكاح لا تستوجب الأجر، وبه كان يفتي رحمه الله وغيره من مشايخ زمانه كانوا يفتون بوجوب أجر المثل لها؛ لأن معظم الأمر من النكاح يقوم بها، ولها سعي في إصلاح مقدمات النكاح، فيستوجب أجر المثل بمنزلة الدلال في باب البيع، وبه يفتي. (المحيط البرهاني، الإجارة، الفصل الرابع والثلاثون في المتفرقات، المجلس العلمي ١٢/ ١٢٤، رقم: ١٤١٥٩، الفتاوى التاتارخانية، زكريا ديوبند ١٥/ ٣٦٥، رقم: ٢٣٣٨٦) **فقط واللّٰہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۹؍ ربیع الاول ۱۴۳۵ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۴۰/ ۱۱۴۶)

نکاح کے وکیل اور گواہوں کا پیسہ لینا

سوال [۵۳۱۲]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: نکاح کے وقت وکیل کسی کو وکیل بنا دیتا ہے اور یہ وکیل لڑکی سے نکاح کی اجازت لیتا ہے اور دو گواہ ساتھ ہوتے ہیں، جو لڑکی کی اجازت دینے کو سنتے ہیں، معلوم یہ کرنا ہے کہ اس موقع پر گواہ بنانا ضروری ہے یا صرف وکیل کا اجازت لے کر قاضی نکاح کو بتانا کافی ہے؟ نیز وکیل اور گواہ جو پیسے لیتے ہیں یہ پیسے وکیل یا گواہ کو لینا درست ہے؟

المستفتی: عبدالرشید قاسمی سیڈھا، بجنور

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: وکیل اور گواہوں کو پیسے دینے کے بارے میں کوئی جزئیہ نظر سے نہیں گذرا؛ البتہ بوقت نکاح عقد کی مجلس میں وکیل کا ہونا ضروری نہیں ہے، بس دو مرد یا ایک مرد اور دو عورتوں کا موجود ہونا کافی ہے، نیز اگر دو مرد عقد نکاح کی مجلس میں بغیر گواہ بنائے موجود ہوں اور ایجاب وقبول کے الفاظ وہ لوگ سن لیں، تب بھی نکاح صحیح اور درست ہوتا ہے۔

بشرط حضور شاهدين . الخ (درمختار، كتاب النكاح، زكريا ديوبند ٤/ ٨٦، كراچی ٣/ ٢١) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۲/۴/۱۴۱۴ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۴۲۵/۲۹)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۲۲/۴/۱۴۱۴ھ

برادری والوں کا نکاح خواں کی اجرت پانچ سو طے کرنے اور امام سے متعلق کرنے کا حکم

سوال [۵۳۱۴]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: ہمارے علاقہ میں مختلف برادریاں رہتی ہیں اور گاؤں کی ہر مسجد سے متعلق ہر ایک برادری کا ربط وضبط ہوتا ہے، علاقہ میں راعین برادری کی اکثریت ہے، اس برادری نے شادی بیاہ کے منکرات اور بے جا اسراف کو کنٹرول کرنے کے لئے میٹنگ جوڑ کر شادی سے متعلق جہاں دیگر مسائل کو حل کیا ہے وہیں یہ بھی طے کیا ہے کہ نکاح خوانی کی اجرت بھی پورے علاقہ میں صرف ۵۰۰/روپئے ہوں اور یہ اجرت امام صاحب کی ہوگی، نکاح کوئی بھی پڑھائے، نیز امام صاحب کے تقرر کے وقت ذمہ داران مسجد یہ بات بھی مدنظر رکھتے ہوئے تنخواہ کی تعیین کرتے ہیں کہ اتنے نکاح ہوں گے، جس کی اتنی رقم ہوگی اس لئے اتنی تنخواہ طے کرلو اس مسئلہ پر ہمارے علاقہ کے علماء اتفاق نہیں کرتے: اس لئے آپ سے درخواست ہے کہ اس مسئلہ سے متعلق جتنے بھی جزئیات ہوں، ان سبھی کو بھی باحوالہ تحریر فرما کر شکریہ کا موقع عنایت فرمائیں، تا کہ یہ مسئلہ ایک نزاع کی صورت اختیار نہ کر سکے۔

المستفتی: محمد نوشاد تارا پور، پوسٹ بڑھا پور، بجنور

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: انتظامی امور کے پیش نظر شادی بیاہ کے منکرات اور بے جا اسراف کو کنٹرول کرنے کے لئے کمیٹی نے جو نظام بنایا ہے جائز اور درست ہے؛ البتہ نکاح خوانی کی اجرت کا مستحق وہی ہوگا جس نے نکاح پڑھایا، ایسا کرنا درست نہیں ہے کہ نکاح کوئی بھی پڑھائے مگر نکاح خوانی کی اجرت ہر صورت میں امام صاحب کو ملے گی، یہ شریعت کے خلاف ہے۔

إذا اجتمعا المباشر والمسبب أضيف الحكم إلى المباشر. (الأشباه والنظائر قديم: ۲۳۷، جديد: ٤٠٤)

كل نكاح باشره القاضي وقد وجبت مباشرته عليه كنكاح الصغار والصغائر فلا يحل له أخذ الأجرة عليه، كذا في المحيط، والمختار للفتوى أنه إذا عقد بكرا يأخذ دينارا، وفي الثيب نصف دينار، ويحل له ذلك، هكذا قالوا، وكذا في البرجندي. (الفتاوى الهندية، قديم زكريا ۳/ ۳٤٥، جديد ۳/ ٣٠٦)

الدلالة في النكاح لا تستوجب الأجر، وبه يفتى الفضلى في فتاواه، وغيره من مشايخ زمانا كانوا يفتون بوجوب أجر المثل، وبه يفتى. (الفتاوى الهندية قديم زكريا ديوبند ٤/ ٤٥١، جديد زكريا ٤/ ٤٨٧) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۳/ جمادی الاولیٰ ۱۴۳۶ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۴۱/ ۱۲۰۱۹)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۳۶/۵/۳ھ

۶/ باب من أحق بالإنكاح

نکاح پڑھانے کا حق دار کون ہے؟

سوال [۵۳۱۴]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: (۱) موجودہ زمانہ میں وقف بورڈ کیا حیثیت رکھتا ہے اور اس کا کیا مقام ہے؟ بعض مقامات میں کچھ ایسے حضرات ہیں جو اپنے علاقہ کو اپنے نام سے نکاح پڑھانے کے واسطے وقف بورڈ سے رجسٹری کرا لیتے ہیں اور علاقہ کے گاؤں میں سے کچھ گاؤں میں مسجد کمیٹی کی جانب سے مسجد کمیٹی کے صدر یا مسجد معلم اور امام مسجد نکاح پڑھا رہے ہیں، اس صورت میں اپنے نام سے رجسٹرڈ کرانے والے قاضی صاحب کا کہنا ہے کہ نکاح میں ہی پڑھاؤں گا مسجد کے صدر صاحب وامام صاحب چاہے وہ حافظ ہوں یا عالم کوئی بھی نکاح نہ پڑھائیں اور مذکورہ قاضی صاحب نکاح پڑھانے کی صورت میں مسجد کے صدر اور امام پر کیس اور مقدمہ کر دیتے ہیں، مسجد کمیٹی کی غرض نکاح پڑھانے سے یہ ہے کہ نکاح سے ملنے والی رقم مسجد کی ضروریات میں صرف ہو اور امام صاحب کو بطور ہدیہ اور بطور تنخواہ دی جائے اور مسجد کو ذریعہ آمدنی کچھ بھی نہیں ہے، بایں صورت مذکورہ قاضی صاحب نے جو وقف بورڈ سے منظوری کرالی ہے اور وقف بورڈ نے ان کے نام سے رجسٹرڈ کر دیا ہے، تو کیا وقف بورڈ سے طے شدہ مذکورہ قاضی صاحب کو چھوڑ کر صدر مسجد کمیٹی اور امام مسجد کے لئے نکاح پڑھانا جائز ہوگا یا نہیں؟ شرعاً وقانوناً اس بارے میں جو محقق ومدلل مسئلہ ہو اس کی صراحت مطلوب ہے۔

المستفتی: محمد ہاشم گونڈہ

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: نکاح پڑھانے کا حق ولی کو ہے، ولی جس سے چاہے نکاح پڑھوا سکتا ہے، کسی دوسرے کے لئے (خواہ مذکورہ قاضی صاحب ہوں یا مسجد کمیٹی کے صدر

وامام صاحبان) درست نہیں ہے کہ اس حق کو سرکاری طور پر اپنے نام رجسٹرڈ کرالیں؛ البتہ ولی کی مرضی ہے چاہے وہ اس قاضی سے پڑھوائے یا امام صاحب سے پڑھوائے، نیز جب امام نکاح پڑھائے گا، پھر اس کو کچھ نذرانہ مل جائے وہ اسی کا حق ہوگا، مسجد کا نہیں۔

قال ابن عابدين، قال في شرح المنية: الأصل أن الحق في الصلاة للولي، ولذا قدم على الجميع في قول أبي يوسف إلى قوله: لأن هذا حكم يتعلق بالولاية كالإنكاح. (شامي، كتاب الصلاة، باب صلاة الجنائز، كراچی ۲/ ۲۲۰، زكريا ۳/ ۱۲۰)

قال أبو يوسف: ولي الميت أولى؛ لأن هذا حكم يتعلق بالولاية كالإنكاح. (حاشية الطحطاوي على المراقي، دارالكتاب ديوبند ۵۸۹) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۴۲۰/۲/۲۶ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۴۰/ ۶۰۱۱)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۲۰/۲/۲۸ھ

کیا نکاح خواں کا عاقل بالغ ہونا شرط ہے

سوال [۵۳۱۵]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ بروز ہفتہ ۲۷/ جولائی ۱۹۹۱ء کو رات دس بجے نسیم احمد عمر ۲۲/ سال ولد آفتاب احمد کا نکاح مسنون ہمراہ نسرین عمر ۲۱/ سال دختر مجید حسین کی لڑکی سے ہوا، جس میں وکیل اور گواہ صاحبان کے نام حسب ذیل ہیں، لڑکی کے باپ اپنے آپ کو صدیقی کہتے ہیں؛ لیکن وہ صدیقی نہیں ہیں، بقول قوم کے دھوبی ہیں۔

اسمائے گرامی وکیل وگواہان ونکاح خواں

نام وکیل: انور جاوید ولد عبد الحفیظ قوم خان عمر ۲۴/ سال، محلّہ لال مسجد مرادآباد

نام گواہ اول: علیم خان ولد عبد العزیز خان قوم خان، عمر ۲۴/ سال، ساکن پکا باغ مرادآباد

نام گواہ ثانی: ریاض خان ولد سہراب خان، قوم خان، عمر ۲۵ر سال، ساکن پکا باغ، مراد آباد
نام نکاح خواں: صغیر احمد قاسمی ولد مجیب الرحمٰن، قوم شیخ، عمر ۲۳/ سال، ساکن رتوا کشن گنج
مقام نکاح: ابراہیم مارکیٹ بر مکان انور سردار صاحب، مراد آباد

چوں کہ نکاح لڑکے اور لڑکی کے والدین کی رضا مندی کے بغیر لڑکے اور لڑکی نے اپنی مرضی سے کیا ہے، اس لئے اب اس کے اندر اختلاف ہو گیا ہے کہ نکاح پڑھانے والے کی عمر کم ہے؛ اس لئے نکاح درست نہیں ہوا، حالانکہ مفتی صاحب سے معلوم کرنے کے بعد اختلاف کرنے والوں سے کہہ بھی دیا گیا ہے، مفتی صاحب کے فتوی کے مطابق نکاح پڑھانے والے کا بالغ ہونا شرط ہے، عمر سے کوئی تعلق نہیں ہے؛ لیکن وہ اس پر راضی نہیں ہیں کہ ہم کو تو مفتی صاحب کا فتوی مہر لگا ہوا دکھلاؤ، جب ہم مانیں گے۔

لہٰذا آپ سے مؤدبانہ گزارش ہے کہ قرآن وحدیث کی روشنی میں اس کا جواب مرحمت فرما کر شکریہ کا موقع عنایت فرمائیں عین نوازش ہوگی۔

المستفتی: آفتاب احمد مشتاق بلڈنگ اسٹیشن روڈ، مراد آباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: نکاح خواں کا صرف عاقل بالغ ہونا شرط ہے۔ اور ۲۳ر سال کا آدمی اور عالم وفاضل شخص کا نکاح پڑھانا بالکل صحیح اور درست ہے۔ اور جو لوگ اشکال کر رہے ہیں ان کا دعویٰ بلا دلیل ہے، ان کی باتوں کا کوئی اعتبار نہیں ہے، ہاں البتہ نکاح خواں کا پڑھا لکھا ہونا زیادہ بہتر ہوتا ہے اور مذکورہ نکاح خواں بھی پڑھا لکھا اور عالم ہے۔

ويندب إعلانه وتقديم خطبة، وكونه في مسجد يوم جمعة بعاقد رشيد. الخ (الدرالمختار، كتاب النكاح، كراچی ۳/ ۸، زكريا ٤/ ٦٦)

اور اگر لڑکا خان ہے اور لڑکی دھوبی ہے، جیسا کہ سوال نامہ میں درج ہے، تو عرف میں لڑکے کا خاندان لڑکی کے خاندان سے اونچا نہیں ہے، تو کم از کم نیچا بھی نہیں ہے، اور ایسی صورت میں عاقل بالغ لڑکی اگر والدین کی رضا مندی کے بغیر نکاح کر لیتی ہے، تو شرعاً معتبر ہوا کرتا ہے۔

کون المرأة أدنی الکفاء ة معتبرة من جانبه –إلی قوله– ولذا لا تعتبر من جانبها؛ لأن الزوج مستفرش فلا تغیظه دناء ة الفراش، وهذا عند الکل في الصحیح. الخ (الدرالمختار، باب الکفاءة، کراچی ۳/ ۸۵، زکریا ٤/ ۲۰٦)

فلا بد من اعتبارها بخلاف جانبها؛ لأن الزوج مستفرش فلا تغیظه دناء ة الفراش. (هدایة، کتاب النکاح، باب الأولیاء والأکفاء، أشرفي دیوبند ۱/ ۳۲۰)

فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۳؍ربیع الثانی ۱۴۱۲ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۲۷/ ۲۶۲۱)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصورپوری غفرلہ
۳/ ۴/ ۱۴۱۲ھ

دولہے کا خود اپنا نکاح پڑھانا

سوال [۵۳۱۶]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: عرض ہے کہ ایک صاحب نے اپنا نکاح خود پڑھ لیا، نکاح کی صورت حال یہ تھی کہ لڑکے نے لڑکی کے والد کو مسجد میں بلا کر کہا کہ آپ نے اپنی لڑکی کا نکاح دو ہزار روپئے مہر کے ساتھ کیا لڑکی کے والد نے کہا کہ میں نے قبول کیا، مسجد میں پچاس ساٹھ آدمی موجود تھے، اس کے بعد لڑکے نے خطبہ پڑھا، پھر دعا ہوئی، پھر چھوہارے تقسیم ہوئے، گھر میں بھی مسجد سے ایک آدمی نے آکر لڑکی کو چھوہارے دئے، چھوہارے لڑکی نے لئے اور خاموش رہی اور لڑکی کے والد کو سب لوگ جانتے ہیں۔ اور لڑکی کو بھی جانتے ہیں کہ اس کا نکاح ہوا ہے اور نکاح کی شہرت بھی ہوگئی اور خوب شہرت ہوئی اور اس کے بعد لڑکی لڑکے کے گھر بھی گئی اور کچھ دن رہ کر واپس آگئی، اور کوئی ناراضگی اور کوئی بات نہیں پائی گئی، لوگ اس نکاح پر اعتراض کرتے ہیں کہ نکاح ہوا یا نہیں؟ جواب عنایت فرمائیں۔

نوٹ: نکاح کے دو دن بعد لڑکی سے چھ سات آدمیوں کی موجودگی میں یعنی ان کی حاضری

میں لڑکی کے گھر پر لڑکی سے تحریری اجازت لی وہ ساتھ لگی ہوئی ہے اور واضح رہے کہ جب چھوہارے تقسیم کرنے کے لئے گھر میں آئے تو ایک مرد اور بہت سی عورتیں موجود تھیں، اب براہ کرم تحریر فرمائیں کہ امام اعظمؒ کے نزدیک نکاح ہوا کہ نہیں؟ اور متعین گواہ کوئی نہیں کیا گیا اور لڑکی بالغہ عاقلہ ہے۔

المستفتی: طاہر علی خان ولد ننّے خان، قصبہ ککرالہ نگلہ، ضلع بدایوں

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: صورت مذکورہ میں بلاشبہ نکاح صحیح ہو چکا ہے، دوبارہ نکاح کی ضرورت نہیں ہے۔

ولو زوج بنته البالغة العاقلة بمحضر شاهد واحد جاز إن كانت ابنته حاضرة؛ لأنها تجعل عاقدة الخ. (الدرالمختار، کتاب النکاح، کراچی ۳/ ۲۵، زکریا ٤/ ٩٥)

إذا زوج الأب ابنته البالغة بمحضر شاهد واحد إن كانت حاضرة جاز. (هداية، أشرفي ديوبند ٢/ ٣٠٧)

جب پورے مجمع میں نکاح کیا ہے، تو ان میں سے دو گواہ شمار کئے جاسکتے ہیں۔ فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۰/ محرم الحرام ۱۴۰۵ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۲۳/ ۳۴۰)

نکاح پڑھانے کا حق کس کو ہے؟

سوال [۵۳۱۷]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: ایک شخص غیر عالم غیر رشتہ دار ہے، مگر مسجد کا امام ہے۔ اور ایک شخص عالم ہے، رشتہ دار ہے، مگر مسجد کا امام نہیں ہے، تو نکاح پڑھانے میں یہ حق دار وافضل ہے یا وہ جو کہ عالم ہے اور رشتہ دار ہے، چاہے مسجد کا امام نہ ہو؟

المستفتی: فخر الاسلام، سنبھل

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: نکاح پڑھانے کا حق ولی کو ہے، پھر وہ جس کو ولی اجازت دے دے، خواہ وہ امام ہو یا غیر امام، عالم ہو یا غیر عالم، رشتہ دار ہو یا غیر رشتہ دار۔

الأصل أن الحق في الصلاة للولي، وكذا قدم على الجميع ...... لأن هذا حكم يتعلق بالولاية، كالإنكاح. (ردالمحتار، كتاب الصلاة، باب صلاة الجنازة، كراچی ۲/ ۲۲۰، زكريا ۳/ ۱۲۰)

قال أبو يوسف: ولي الميت أولى؛ لأن هذا حكم يتعلق بالولاية كالإنكاح. (حاشية الطحطاوي على مراقي الفلاح، دارالكتاب ديوبند ۵۸۹) **فقط** واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۱ر محرم الحرام ۱۴۲۰ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۴/ ۵۹۸۶)

نکاح پڑھانا کس کا حق ہے؟

سوال [۵۳۱۸]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: نکاح پڑھانا کس کا حق ہے، جہاں نکاح ہو اسی گاؤں یا محلے کے امام کا یا کوئی دوسرا بھی پڑھا سکتا ہے؟ جب کہ ہمارے یہاں یہ اختلاف ہو رہا ہے کہ لڑکے والے جس امام سے نکاح پڑھوانا چاہتے ہیں لڑکی والے اس سے نہیں پڑھوانا چاہتے، تو اس بارے میں شریعت کا کیا حکم ہے؟

المستفتی: جمیل احمد، ایم پی

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: لڑکی سے لڑکی کا ولی یا اس کا محرم ایجاب کراتا

ہے اور اجازت حاصل کرتا ہے، اب لڑکے کی طرف سے صرف قبول کی بات باقی رہ جاتی ہے، اس کے لئے قاضی مقرر کرنے کا حق لڑکے والوں کو حاصل ہونا چاہئے، وہ جس سے چاہیں نکاح پڑھوائیں تو اس بارے میں لڑکی والوں کو اس بات پر راضی ہوجانا چاہئے کہ لڑکے والے جس شخص کو چاہیں نکاح خواں مقرر کریں، ہاں البتہ اگر لڑکے والے بخوشی لڑکی والوں کو اجازت اور اختیار دے دیں تو لڑکی والے بھی نکاح خواں مقرر کرسکتے ہیں، مگر یہ لڑکی والوں کا حق نہیں ہے؛ بلکہ لڑکے والوں کا حق ہے۔ اور بہتر یہی ہے کہ نکاح خواں دیندار، متقی پرہیزگار ہو اور مسائل شرعیہ سے واقف ہو۔

وكونه في مسجد يوم الجمعة بعاقد رشيد. (شامي، زكريا ديوبند ٤/ ٦٧، كراچی ٣/ ٨) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
یکم رجب ۱۴۲۶ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۸/ ۸۸۸۵)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصورپوری غفرلہ
۱۴۲۶/۷/۴ھ

نکاح کس سے پڑھوایا جائے؟

سوال [۵۳۱۹]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ موقع نکاح میں عقد خوانی کا حق لڑکے والوں کو ہے یا لڑکی والوں کو؟ لڑکے کے اہل خانہ میں اگر خود عالم دین موجود ہو تو کیا لڑکی کے گاؤں کے امام پر ایسے شخص کو فوقیت نہیں ہے۔

المستفتی: عمران اررياوی

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: لڑکا اور لڑکی والوں میں سے ہر ایک کو نکاح پڑھوانے کا حق ہے، دونوں لوگ جس شخص پر راضی ہوجائیں اس سے نکاح پڑھوا سکتے ہیں۔ اور اگر دونوں میں سے کسی کے خاندان میں کوئی عالم دین ونیک صالح شخص موجود ہو تو اس

سے بھی نکاح پڑھوا سکتے ہیں، شرعاً اس میں کوئی تحدید نہیں ہے، حتی کہ لڑکا اور لڑکی اگر بالغ ہوں اور وہ دو گواہوں کے سامنے ایجاب وقبول کرلیں تو بھی نکاح صحیح ہوجاتا ہے؛ لہٰذا مسئولہ صورت میں اگر لڑکے کے خاندان میں عالم دین نیک صالح موجود ہے، تو طرفین آپس کی رضاومشورہ سے اس سے بھی نکاح پڑھوا سکتے ہیں۔ (مستفاد: فتاوی محمودیہ قدیم ۱۳/۲۰۸)

لأن هذا حكم يتعلق بالولاية كالإنكاح. (شامي، كتاب الصلاة، باب صلاة الجنازة، كراچی ۲/ ۲۲۰، زكريا ۳/ ۱۲۰، حاشية الطحطاوي على المراقي، دارالكتاب ديوبند ۵۸۹)

الولي في النكاح العصبة بنفسه. (شامي، كراچی ۳/ ۶۵، زكريا ۴/ ۱۶۹)

فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۸ ربیع الثانی ۱۴۲۲ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۵/ ۷۱۵۹)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۲۲/۴/۸ھ

محلوق اللحیہ کا اپنی لڑکی کا نکاح پڑھانا

سوال [۵۳۲۰]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: زید محلوق اللحیہ نے اپنی دختر زینب کا نکاح خالد کے ساتھ بایں طور کہ اولاً اپنی دختر بالغہ سے اجازت نکاح لے کر اور مقدار مہر معلوم کرکے دس بارہ اشخاص کی موجودگی میں خالد سے کہا کہ میں اپنی دختر زینب کو بعوض اتنے مہر کے آپ کے نکاح میں دیتا ہوں، کیا آپ نے اس کو قبول کیا؟ خالد نے کہا جی ہاں قبول کیا میں نے اس کو ''کردیا'' بعض لوگوں میں اس نکاح کے بارے میں چہ میگوئیاں ہوئیں کہ نکاح ہوا یا نہیں؟ اور سلسلہ چہ میگوئیاں کافی دیر تک جاری رہا، بکر جو ایک عالم دین ہے، وہ اس طرح کی افواہوں اور فضولیات سے متأثر ہوکر خالد سے کہتا ہے کہ آپ کو عوام کا منہ بند کرنے کے لئے رسمی طور پر امام حیّ یا ماسوا زید کے کسی سے بھی نکاح پڑھوا لینا چاہئے تھا، تاہم بکر وقوع نکاح مذکور کا معترف ہے اور خالد سے جو ایک مسجد کا امام ہے

بتشدد یہ کہتا ہے کہ آپ اپنی لڑکی کا نکاح خود پڑھائیں میں نہیں پڑھاؤں گا، پھر دیکھتے ہیں کہ عوام الناس علماء کے سر پر بال چھوڑتی ہے یا نہیں؟ لہٰذا ہمیں زمانہ کی رفتار اور دور حاضر کی تعلیم کے مطابق چلنا پڑے گا، نکاح کے اندر جتنی رسومات ہیں ان کو بھی اپنانا پڑے گا؛ لہٰذا دریافت طلب مذکورہ بالا تفصیل سے چند امور ہیں:

(۱) زید محلوق اللحیہ نے بطریق مذکورہ بالا جو نکاح پڑھایا وہ ہوا یا نہیں؟ اور ہوا تو کیسا ہوا موافق سنت یا خلاف سنت؟

(۲) نیز حلق اللحیہ نکاح خوانی میں مخل واثر انداز ہوتا ہے یا نہیں؟

(۳) بکر کے جو خیالات مرقوم ہیں وہ درست ہیں، یا غلط؟ اگر غلط ہیں تو شرعاً ایسے عالم کا کیا حکم ہے۔ اور عوام الناس میں سے جس جس نے اس میں حصہ لیا وہ کس درجہ کے گنہگار رہیں، صغیرہ کے یا کبیرہ کے؟

(۴) خالد کو اپنی مسجد کے محلّہ میں حسب معمول وسابق نکاح خوانی جائز ہے یا نہیں؟

المستفتی: رحمت علی مظاہری، امام مسجد صدیقیان، بجنور

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: مذکورہ صورت میں زینب کا نکاح خالد کے ساتھ جو زینب کے والد محلوق اللحیہ نے پڑھایا ہے بلاشبہ صحیح اور درست ہو چکا ہے، بکر کا یہ کہنا کہ امام حی یا ماسوا زید کسی اور سے پڑھانا چاہئے درست نہیں ہے،؛ اس لئے کہ نکاح جب دو گواہوں کے سامنے ہوا تو نکاح اپنے شرائط کے ساتھ صحیح ہو چکا ہے، دوبارہ نکاح کی بات کرنا محض جہالت ہے۔ اور نکاح کے لئے نئی رسومات کو اپنانے کو لازم کہنا بھی محض جہالت اور دینی مسائل سے بےتعلقی کی بات ہے، زینب کا نکاح خالد کے ساتھ محلوق اللحیہ نے جو پڑھایا ہے وہ صرف اس درجہ میں ہے کہ کسی کا نکاح مسجد میں نہ پڑھا کر گھر میں کسی کی بیٹھک وغیرہ میں پڑھایا گیا ہے، تو جس طرح مسجد میں نہ پڑھانے میں ملامت نہیں کی جاتی ہے، اسی طرح باشرع آدمی کے نہ پڑھانے میں بھی ملامت کی ضرورت نہیں ہے، بس صرف گواہوں کا ہونا لازم ہے۔

إن كان بمحضر من الشهود صح. الخ (درمختار، كتاب النكاح، کراچی ۳/ ۱۳)

(۲) محلوق اللحیہ کا نکاح بھی بلا شبہ صحیح اور منعقد ہو جاتا ہے، ہاں اگر کوئی باشرع متبع سنت عالم پڑھا دے تو بہتر ہے۔

ويندب إعلانه وتقديم خطبة، وكونه في مسجد يوم جمعة، بعاقد رشيد. (شامي، كراچی ۳/ ۸، زكريا ٤/ ٦٦)

(۳) بکر کو مذکورہ نکاح میں چہ میگوئیاں کرنے کا کوئی حق نہیں ہے، اس کے لئے حکم یہ ہے کہ اس قسم کی باتوں سے باز آجائے۔

(۴) جائز ہے۔ فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۵؍ رمضان ۱۴۱۴ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۱/ ۳۵۸۴)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۱۴/۹/۵ھ

دیوبندی کا نکاح بدعتی نے پڑھا دیا تو کیا حکم ہے؟

سوال [۵۳۲۱]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: اگر کسی دیوبندی کا نکاح کسی بدعتی نے پڑھا دیا اور اس نے ایجاب وقبول کے بعد خطبہ نکاح پڑھا ہے، تو کیا نکاح میں کوئی خرابی آئے گی یا نہیں؟

المستفتی: مشرف علی، متعلم مدرسہ شاہی، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: نکاح کے صحیح ہونے کے لئے ایجاب وقبول کا ہونا شرط ہے۔ اور جب گواہوں کی موجودگی میں ایجاب وقبول ہوگیا تو خطبہ نکاح خواہ کوئی بھی پڑھے نکاح بالکل درست ہے۔

ومن شرائطها: الإيجاب والقبول. (درمختار، كتاب النكاح، کراچی ۳/ ۱٤، زكريا ٤/ ٧٦)

وشرط حضور شاهدين مكلفين، حرين، سامعين قولهما معا.
(درمختار، کتاب النکاح، کراچی ۳/ ۲۱، ۲۲، زکریا ٤ / ۸۷- ۸۸) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۹؍ذی الحجہ ۱۴۱۶ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۲/ ۴۵۷۶)

فاسد العقیدہ کے پڑھائے ہوئے نکاح کا حکم

سوال [۵۳۲۲]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: ہمارے یہاں کچھ ایسے عقائد کے لوگ ہیں جن کے بارے میں مفتیان کرام دارالعلوم ونجیب آباد وکرتپور سب کا متفقہ فیصلہ اور فتوی یہی ہے کہ ایسے عقائد رکھنے والے ایمان سے خارج اور مرتد ہیں، ان کے نکاح ختم ہوگئے ہیں، ایسے لوگوں کا بائیکاٹ کر دیا جائے، شادی بیاہ یا کسی بھی تقریب میں ان کو نہ شریک کیا جائے اور نہ ہی ان کی تقریبات میں شرکت کی جائے، اب ایسا شخص اپنے کو صحیح العقیدہ ظاہر کرتے ہوئے قصداً کسی مسلمان کا نکاح پڑھائے اور ان کے ساتھ خلط ملط رہے، تو کیا ایسا شخص شریعت کے لحاظ سے مجرم ہے یا نہیں؟ اگر مجرم ہے تو اس کے ساتھ کیا معاملہ کیا جائے؟ اس شخص نے جس لڑکی کا نکاح پڑھایا وہ رات میں ہوا تھا، جب وہ اپنی سسرال پہنچی اور وہاں کے لوگوں کو پورے واقعہ کا علم ہوا تو وہاں کے علماء وعوام کی میٹنگ ہوئی، بات یہ طے پائی کہ اگر لڑکی یہاں رہنا چاہتی ہے تو کلمہ پڑھے اور نکاح دوبارہ ہو؛ لہٰذا کلمہ پڑھانے کے بعد پھر دوبارہ نکاح ہوا، پوری صورت حال کے پیش نظر تفصیلی جواب سے نوازیں، اللہ رب العزت آپ کو اجر عظیم عطا فرمائے گا۔

المستفتی: عبدالرحمٰن سرائے عالم نجیب آباد، ضلع بجنور

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: فاسد العقیدہ لوگوں کے ساتھ میل جول درست نہیں ہے، تاہم اگر ان میں سے کسی شخص نے کسی مسلمان لڑکی کا نکاح پڑھا دیا؛ جب کہ وہ

لڑکی اس نکاح پر راضی تھی تو یہ نکاح شرعاً منعقد ہو گیا، اس لئے کہ نکاح میں قاضی محض وکیل ہوتا ہے، اصل عاقد ایجاب وقبول کرنے والے ہوتے ہیں اور وہ دونوں مسلمان ہیں؛ لہٰذا اب دوبارہ نکاح کی ضرورت نہیں تھی، پھر بھی اگر دوبارہ نکاح کرا لیا گیا، جیسا کہ سوال میں مذکور ہے، تو اس میں شرعاً کوئی حرج نہیں ہے۔ (مستفاد: فتاوی محمودیہ ڈابھیل ۱۰/ ۵۹۵، ۱۱/ ۵۳۸-۵۳۹)

قال الله تبارک وتعالیٰ: ﴿وَلَا تَرْكَنُوْا اِلَى الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا فَتَمَسَّكُمُ النَّارُ﴾ [هود: ۱۱۳]

قال علي بن أبي طلحة عن ابن عباس –رضي الله عنهما– لا تداهنوا وقال العوفي عن ابن عباس هو اكرمون إلى الشرک، وقال أبو العالية: لا ترضوا بأعمالهم، وقال ابن جرير عن ابن عباس: ولا تميلوا إلى الذين ظلموا وهذا القول حسن أي لا تستعينوا بالظلمة، فتكونوا كأنكم قد رضيتم بأعمالهم. الخ (تفسير ابن كثير مكمل ٦٧٥)

ومن شرائط الإيجاب والقبول ...... وشرط سماع كل من العاقدين لفظ الآخر ليتحقق رضاهما. (درمختار) أي ليصدر منهما ما من شأنه أن يدل على الرضا. الخ (درمختار مع الشامي، كتاب النكاح، كراچی ۳/ ۱٤-۲۱، زكريا ٤/ ٧٦-٨٦)

الوكيل في باب النكاح ليس بعاقد بل هو سفير عن العاقد معبر عنه. (بدائع الصنائع، زكريا ۲/ ۳۲٤، هداية أشرفی ديوبند ۲/ ۳۲۲)

ويندب إعلانه، وتقديم خطبة، وكونه في مسجد يوم جمعة بعاقد رشيد. (درمختار، كتاب النكاح، كراچی ۳/ ۸، زكريا ٤/ ٦٦-٦٧) **فقط اللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ

۱۹؍شعبان ۱۴۳۵ھ

(الف فتویٰ نمبر:)

مذکورہ مسئلہ سے متعلق ”مدرسہ ضیاء العلوم“ کرتپور بجنور کا جواب

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الجواب وباللّٰہ التوفیق: شخص مذکور اپنے عقائد کی بنا پر گمراہ اور بد دین ہے، ایسے شخص کو مرید کرنے کی شرعاً اجازت نہیں وہ مرشد ہدایت نہیں؛ بلکہ مرشد ضلالت ہے۔ سوال میں جو عقائد تحریر کئے گئے ہیں وہ سب قرآن وحدیث اور شریعت اسلامیہ کے خلاف ہیں، نماز، روزہ، حج جیسے اسلام کے بنیادی ارکان کا انکار، قربانی کو ہتیا کہنا کفریہ کلمات ہیں، اسی طرح پیر کے متعلق انتہائی غلو پر مبنی عقیدہ کہ ہمارا پیر ہی ہمارا اللہ ہے، یہ شرک ہے؛ لہٰذا جو لوگ بھی مذکورہ عقائد رکھتے ہیں وہ کفر وشرک میں مبتلا ہیں، اسلام میں ان کا کوئی حصہ نہیں، ایسے لوگوں پر صدق دل سے توبہ لازم ہے اور اپنے ان کفریہ عقائد سے باز آئیں اور تجدید ایمان وتجدید نکاح کر کے دوبارہ اسلام میں داخل ہوں، اہل علم واصحاب صلاح وتقویٰ کو چاہئے کہ ان لوگوں کو قرآن وحدیث کی روشنی میں حق بات سمجھائیں اور راہ راست پر لانے کی کوشش کریں، اگر باوجود فہمائش کے وہ لوگ حق قبول نہیں کرتے یا ان سے حق قبول کرنے کی امید ہی نہیں، تو ایسی صورت میں عوام الناس کے سامنے ان کی حقیقت کو واضح کر کے ان کا بائیکاٹ شرعا لازم ہے، تاکہ لوگ اپنی ناواقفیت کی وجہ سے ان کے دام فریب میں پھنسنے سے محفوظ رہیں، مسلمان ان سے کسی قسم کا کوئی تعلق نہ رکھیں، ان کے ساتھ خورد ونوش، سلام وکلام، لین دین، شادی بیاہ، ان کی تقریبات میں شرکت یا اپنے یہاں ان کی دعوت سب ختم کردیں، جو شخص ان سے تعلقات رکھتا ہے، اس کے ساتھ بھی یہی معاملہ کیا جائے۔

لقولہ تعالیٰ: ﴿وَلَا تَرْكَنُوْا اِلَى الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا فَتَمَسَّكُمُ النَّارُ﴾ [ھود: ۱۱۳]

فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: العبد اسرار احمد نجیب آبادی

خادم ضیاء العلوم کرتپور

۱۷ محرم الحرام ۱۴۳۴ھ

دارالعلوم دیوبند کا جواب

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الجواب وباللّٰہ العصمۃ والتوفیق: جلیل نامی شخص جوکہ دین کی بنیادی باتوں کا منکر ہے اور اس سے مرید ہونے والے نیز اس کے جال میں پھنسنے والے لوگوں نے اگر وہ عقائد اپنا لئے ہیں جو استفتاء میں مذکور ہیں، نماز روزہ، حج، قربانی، وغیرہ سے متعلق اپنی زبانوں سے ہفوات خبیث بکتے ہیں، تو ایسے لوگ دائرۂ اسلام سے خارج ہیں، مذکورہ فی السوال عقائد باطلہ واقوال فاسدہ کے اختیار کرتے ہی ان لوگوں کا ایمان ونکاح ختم ہوگیا، آئندہ کسی مسلمان لڑکی یا مسلمان عورت سے نکاح کریں گے تو نکاح درست نہ ہوگا؛ بلکہ باطل وحرام ہوگا۔ (فتاوی ہندیہ، الباب التاسع فی احکام المرتدین فی المجلد الثانی) میں تفصیل ہے، اگر جلیل اور اس کے متبعین اپنے عقائد واقوال ملعونہ سے سچی پکی توبہ نہ کریں اور اسی حال میں ان میں سے کوئی مرجائے تو نہ اس کی نماز جنازہ پڑھی جائے گی اور نہ ہی اس کو مسلمانوں کے قبرستان میں دفن کرنا جائز ہوگا۔ قرآن کریم میں ہے:

وَلَا تُصَلِّ عَلٰى اَحَدٍ مِّنْهُمْ مَاتَ اَبَدًا وَلَا تَقُمْ عَلٰى قَبْرِهٖ اِنَّهُمْ كَفَرُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَمَاتُوْا وَهُمْ فَاسِقُوْنَ. [سورة التوبة: ٨٤]

یعنی آپ –صلی اللہ علیہ وسلم– ہرگز ان بے ایمانوں میں سے کسی کی نماز نہ پڑھیں اور نہ ان کی قبر پر کھڑے ہوں، بے شک یہ لوگ منکر ہوئے ہیں، اللہ اور اس کے رسول سے اور مرگئے نافرمان ہوکر۔

مشہور فقیہ شیخ علامہ زین الدین بن نجیم المصری الحنفی (المتوفی ۹۷۰ھ) اپنی مشہور کتاب ''الاشباہ والنظائر'' کے فن ثانی میں لکھتے ہیں:

وإذا مات، أو قتل على ردته لم يدفن في مقابر المسلمين، ولا أهل ملة، وإنما يلقى في حفرة كالكلب.

یعنی مرتدین میں سے جب کوئی مرجائے یا حالت ارتداد میں قتل کردیا جائے تو اس کو مسلمانوں کے قبرستان میں دفن نہیں کیا جائے گا اور نہ ہی کسی اہل ملت کے قبرستان میں دفن کیا جائے گا، اوراس کوکسی گڈھے میں کتے کی طرح ڈال دیا جائے گا۔ (كتاب السير، باب الردة ۱/ ۲۹۱)

مرتدین پر حد وسزا جاری کرنا عوام کے اختیار میں نہیں ہے؛ بلکہ جہاں حکومت اسلامیہ ہواس کے فرائض منصبی میں سے ہے۔ دارالافتاء مدرسہ ضیاء العلوم کرتپور بجنور کا منسلک فتوی سلسلہ جلیل اوراس کے متبعین سے متعلق درست وصحیح ہے، اس فتوی کے مستفتی عبداللہ موضع سرائے عالم تحصیل نجیب آباد بجنور ہیں، بتاریخ: ۷/محرم الحرام ۱۴۲۴ھ میں یہ فتوی لکھا گیا ہے، دارالافتاء دارالعلوم دیوبند اس فتوی کی تصدیق کرتا ہے۔ فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: العبد محمود حسن غفرلہ بلندشہری
دارالعلوم دیوبند ۱۱/۲/۱۴۳۴ھ
الجواب صحیح: فخر الاسلام

الجواب صحیح:
حبیب الرحمٰن عفا اللہ عنہ
الجواب صحیح: وقار علی غفرلہ

کیا بوقت عقد دماغ کا حاضر ہونا ضروری ہے؟

سوال [۵۳۲۳]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ یہاں ایک طالب علم کا نکاح طریقہ مسنونہ کے مطابق ایجاب وقبول کے ساتھ ہوا، دوتین روز کے بعد اسی طالب علم نے یہ کہا کہ جب میرا نکاح خطبہ کے ساتھ شروع ہوا تو فوراً پورے جسم پر کپکپی طاری ہوگئی، جس کی وجہ سے میرا ذہن موقع پر حاضر نہ رہا اور جب وکیل نے لڑکی اوراس کا مہر اوراس کے باپ کا نام لیا تو مجھے کچھ پتہ نہیں ہاں جب وکیل نے کہا کہ قبول کیا؟ تو میں نے بحضور دماغ کہا میں نے قبول کیا، تو کیا اس صورت میں جب کہ لڑکی اوراس کے باپ کا نام پہلے سے معہود فی الذہن ہے نکاح ہوا یا نہیں؟ جواب وافی شافی دے کر مشکور فرمائیں کرم ہوگا۔ والسلام

المستفتی: احمد حسن نگ پور، ضلع فیض آباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: اگر شوہر کو لڑکی اور باپ کا علم پہلے ہی سے تھا اور قبول کیا، کہتے وقت بھی دماغ حاضر تھا، تو بلا شبہ نکاح منعقد ہو چکا ہے، اگر چہ قاضی یا وکیل کے نام لیتے وقت ہیبت کی وجہ سے دماغ حاضر نہ رہا ہو۔

وأما ركنه فالإيجاب والقبول والإيجاب ما يتلفظ به أولا من أي جانب كان والقبول جوابه (إلى قوله) لو عقد النكاح بلفظ لا يفهمان كونه نكاحا ينعقد هو المختار. الخ (فتاوى عالمگيري، زكريا ١/ ٢٦٧، جديد ١/ ٣٣٢)

إنما قلنا: هذا لأن الشرع يعتبر الإيجاب والقبول أركان عقد النكاح لا أمورا خارجية. (شامي، كتاب النكاح كراچی ٣/ ٩، زكريا ٤/ ٦٨) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۷/ شعبان ۱۴۰۹ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۱۳۷۹/۲۵)

نکاح پڑھاتے وقت سکۂ رائج الوقت کہنا بھول جائے تو کیا حکم ہے؟

سوال [۵۳۲۴]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: قاضی نکاح پڑھاتے وقت سکۂ رائج الوقت بھول جائے صرف اس طرح زید سے کہے کہ آپ کا نکاح خالدہ کے ساتھ کیا گیا ہے، جیسا کہ مہر غیر معجّل ایک ہزار روپئے ہیں، آپ نے قبول کیا، اس نے کہہ دیا کہ میں نے قبول کیا، تو کیا نکاح ہو جائے گا یا نہیں؟ جب کہ لوگوں کے ذہنوں میں اور عام طور سے جو مہر طے ہوتا ہے اس سکہ سے مراد آج کل جو روپئے چل رہے ہیں یہی مراد ہوتے ہیں۔

المستفتی: محمد نصرت لکھیم پوری

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: سکۂ رائج الوقت کی قید نہیں لگائی ہے؛ بلکہ صرف

ایک ہزار روپئے کا لفظ استعمال کیا ہے، تو اس سے خودبخود ایک ہزار روپئے کا سکۂ رائج الوقت متعین ہو جائے گا اور نکاح بھی صحیح ہو جائے گا۔

ومن أطلق الثمن في البيع، أي أطلقه عن ذكر الصفة بعد ذكر العدديات بأن قال: عشرة دراهم مثلا انصرف إلى غالب نقد البلد؛ لأنه هو المتعارف، فينصرف المطلق إليه، فإن كان إطلاق اسم الدراهم في العرف يختص بها مع وجود دراهم غيرها. (فتح القدير، كتاب البيوع، دارالفكر بيروت ٦/ ٢٦٢، كوئٹه ٥/ ٤٦٩، زكريا ٦/ ٢٤٣)

وفي الحجة: تزوج امرأة على ألف درهم، وفي البلدة نقود مختلفة ينصرف إلى الغالب منها. (فتاوى عالمگيري، زكريا ١/ ٣١٠، جديد ١/ ٣٧٦، فتاوى تاتارخانية، زكريا ٤/ ١٦٤، رقم: ٥٨٤٦) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۶؍ محرم الحرام ۱۴۲۳ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۶/۷۴۷۷)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۲۷/۱/۱۴۲۳ھ

کیا حاملہ کا نکاح پڑھانے والا اپنے نکاح کی تجدید کرے گا؟

سوال [۵۳۲۵]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: ایک شخص نے حاملہ عورت کا نکاح بھولے سے پڑھا دیا، ایک کتاب میں لکھا ہوا تھا کہ ایسا نکاح پڑھانے والا شخص اپنے نکاح کی تجدید کرے، اس کا کیا مطلب ہے؟

المستفتی: محمد اعلم، مدرسہ تعلیم القرآن، کندرکی مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: عورت کے حاملہ ہونے کے دو مطلب ہیں: (۱) شوہر سے حاملہ ہے اور حالت حمل میں شوہر نے طلاق دے دی، یا شوہر کا انتقال ہو گیا تو ایسی صورت میں حاملہ عورت کا نکاح ولادت سے فراغت سے پہلے دوسرے مرد کے ساتھ کرنا

جائز نہیں ہے، اس درمیان جو نکاح کیا جائے گا وہ منعقد نہیں ہوگا؛ اس لئے کہ یہ عورت عدت کے اندر ہے، ولادت سے فراغت کے بعد اس کی عدت ختم ہوگی اور عدت کے اندر دوسرے مرد کے ساتھ نکاح منعقد نہیں ہوتا، عدت گذرنے کا انتظار کرنا واجب ہے؛ اس لئے ایسی حاملہ عورت کا نکاح جان بوجھ کر پڑھایا ہے تو جان بوجھ کر نکاح پڑھانے والا گناہ کبیرہ کا مرتکب ہے، اس پر توبہ کرنا لازم ہے، مگر اس گناہ کبیرہ کرنے کی وجہ سے نکاح پڑھانے والے کا اپنی بیوی کے ساتھ نکاح پر کوئی اثر نہیں پڑے گا، اس کا نکاح بدستور باقی رہے گا؛ البتہ توبہ کرنا لازم ہے، اسی طرح کسی نے ایسی حاملہ عورت کے ساتھ نکاح کیا تو اس نے بھی گناہ عظیم کا ارتکاب کیا، اس پر بھی توبہ کرنا لازم ہے اور اس نکاح کی وجہ سے اس حاملہ عورت کو بیوی بنا کر رکھنا بدکاری اور زنا کاری ہوگی؛ بلکہ عدت گذرنے کے بعد نکاح کر کے رکھی جاسکتی ہے۔

(۲) حاملہ عورت سے ایسی حاملہ عورت مراد ہے کہ اس کا کوئی شوہر نہیں ہے، بدکاری سے حاملہ ہوئی ہے، تو ایسی عورت کا نکاح کسی بھی مرد کے ساتھ صحیح اور درست ہو جاتا ہے، نہ نکاح پڑھانے والے پر کوئی الزام اور نہ ہی نکاح کرنے والے پر، ہاں البتہ جس کے ساتھ نکاح ہوا ہے، وہ اس کی بدکاری کی وجہ سے حاملہ نہیں ہوئی ہے، تو ولادت سے فارغ ہونے تک ہمبستری جائز نہیں۔ اور اگر جس کے ساتھ نکاح ہوا ہے، اسی کی بدکاری سے حاملہ ہوئی ہے تو ہمبستری بھی جائز ہے۔

وصح نكاح حبلى من زنا (قال الشامي: أي عندهما، ثم قال: والفتوى على قولهما) لا حبلى من غيره، وإن حرم وطئها ودواعيه حتى تضع لو نكحها الزاني حل له وطئها اتفاقا. (الدرالمختار مع الشامي، زكريا ٤/ ١٤٢-١٤١، كراچی ٣/ ٤٨) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۲/ ربیع الثانی ۱۴۲۴ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۸۰۱۴/۳۶)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۲۴/۴/۲۱ھ

۷/ باب نکاح الفضولي

لڑکے کے وکیل وگواہوں نے مجلس نکاح میں ایجاب وقبول کے بعد لڑکی کو اطلاع کردی، لڑکی نے اجازت دے دی

سوال [۵۳۲۶]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: زید دہلی میں رہتا ہے اور ہندہ دوسو کلومیٹر کے فاصلہ پر دہلی سے دور رہتی ہے، دونوں میں فون کے ذریعہ بات چیت خفیہ ہوتی رہتی ہے، ایک دن زید نے نکاح کے ارادہ سے دہلی میں رہتے ہوئے دو گواہوں اور ایک وکیل اپنی طرف سے متعین کرکے امام مسجد سے اپنا نکاح پڑھوالیا، جب کہ لڑکی نے اپنی طرف سے کسی کو نکاح کا وکیل نہیں بنایا تھا، اور زید کے دونوں نامزد گواہوں نے نکاح کی اطلاع فون کے ذریعہ ہندہ کو دے دی، جسے ہندہ نے بذات خود فون پر قبول کرلیا اور ہندہ کے گھر والے اور ولی کو اس کی خبر نہ ہوئی، پھر زید ہندہ کو بہلا پھسلا کر اور نکاح کے صحیح ہونے کی سند دکھا کر اپنے پاس پوشیدہ طور پر دہلی لے گیا اور ہندہ کئی روز اس کے پاس رہنے کے بعد اپنے گھر واپس آگئی، مفتی صاحب سے اب سوال یہ ہے کہ یہ نکاح شرعاً (جو فون کے ذریعہ ہوا ہے) منعقد ہوا یا نہیں؟ جب کہ لڑکی (ہندہ) کے ولی اور گھر والے اس نکاح سے راضی نہیں ہیں اور دوسری جگہ نکاح کرنا چاہتے ہیں، اب دخول کے بعد دوسری جگہ نکاح کرنے کے لئے استبراء رحم ضروری ہے یا نہیں؟ اگر ضروری ہے، تو اس کی مدت کتنی ہوگی؟ تشفی بخش جواب مرحمت فرما کر شکریہ کا موقع دیں، عین نوازش ہوگی۔ فقط والسلام

المستفتی: محمد رضوان قصبہ چلکانہ، ضلع سہارنپور

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: مذکورہ صورت میں جب مسجد کے امام نے قاضی بن

کر دو نامزد شرعی گواہوں کی موجودگی میں ہندہ کا نکاح زید کے ساتھ کردیا تو یہ نکاح فضولی ہوا ہے۔اوراس نکاح کے منعقد ہونے کا مدار لڑکی کی اجازت پر موقوف رہا اور بعد میں جب اس نکاح کی اطلاع لڑکی کو دی گئی اور لڑکی نے فون کے ذریعہ سے اس نکاح کو تسلیم کر کے قبول کرنے کی اطلاع دے دی اوراس کے بعد لڑکی (ہندہ) ازخود لڑکے (زید) کے پاس دہلی میں آکر رضا مندی کے ساتھ بخوشی حق زوجیت ادا کرنے لگی، تو یہ نکاح شرعی طور پر نافذ ہو چکا ہے اوراس نکاح کے صحیح ہونے میں کوئی تردد باقی نہیں رہا۔اور معلوم ہوا ہے کہ دونوں ایک ہی برادری میں سے ہیں اور لڑکی عاقلہ، بالغہ ہے، تو ایسی صورت میں لڑکی کے اولیاء کو حق اعتراض بھی باقی نہ رہا، جب کہ مہر بھی مہر مثل سے کم نہ ہو؛ لہٰذا دونوں کے درمیان ازدواجی تعلق قائم ہوجانے کے بعد اس نکاح کو ختم کرنے کا اختیار نہ ماں باپ کو ہے اور نہ ہی کسی دوسرے کو ہے اور زید سے شرعی طور پر طلاق حاصل کر کے عدت پوری کئے بغیر کسی دوسری جگہ نکاح کرنا قطعی طور پر جائز نہیں ہوگا۔

لو زوج رجل امرأة بغير رضاها، أو رجلا بغير رضاه، وهذا عندنا، فإن كل عقد صدر من الفضولي، وله مجيز انعقد موقوفا على الإجازة. (هداية مع الفتح، كتاب النكاح، فصل في الوكالة بالنكاح وغيرها، كوئٹه ۳/ ۱۹۸، زكريا ۳/ ۲۹۷)

صدر من الفضولي وله مجيز انعقد موقوفا على الإجازة، فإذا أجاز من له الإجازة ثبت حكمه مستندا إلى العقد، فسر المجيز في النهاية بقابل يقبل الإيجاب، سواء كان فضوليا أو وكيلا، أو أصيلا. (فتح القدير، کوئٹہ ۳/ ۲۹۷، زکریا ۳/ ۹۷)

أن لا تكون منكوحة الغير لقوله تعالىٰ: ﴿والمحصنات من النساء﴾ معطوفا على قوله عز وجل ﴿حرمت عليكم امهاتكم -إلى قوله- والمحصنات من النساء﴾ وهن ذوات الأزواج. (بدائع الصنائع، زكريا ۲/ ۵۴۸، هندية، زكريا ۱/ ۲۸۰، تاتارخانية، زكريا ٤/ ٦٦، رقم: ٥٥٤٤) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ	الجواب صحیح:
۲۲؍ جمادی الثانیہ ۱۴۳۵ھ	احقر محمد سلمان منصورپوری غفرلہ
(الف فتویٰ نمبر: ۴۱/ ۱۱۵۷۴)	۱۴۳۵/۶/۲۲ھ

فضولی کے پڑھائے ہوئے نکاح کا حکم

سوال [۵۳۲۷]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: زید نے اجنبیہ زاہدہ کے سلسلے میں یہ تحریر لکھی ہے کہ جب جب میں اس سے نکاح کروں اس پر طلاق ہے، اب زید یہ چاہتا ہے کہ زاہدہ مذکورہ سے نکاح کر کے اپنے گھر میں بحیثیت بیوی بنا کر رکھے، اس سلسلے میں مقامی علماء کی مختلف آراء ہیں ایک فریق کہتا ہے کہ اب زاہدہ سے زید جب بھی نکاح کرے گا فوراً طلاق واقع ہو جائے گی، زاہدہ کو بیوی بنا کر نہیں رکھ سکتا، نکاح باقی رہنے کی کوئی صورت نہیں؛ لیکن ایک عالم مولانا فخر الدین صاحب قاسمی اور بعض مستند مفتی صاحبان کی رائے یہ ہے کہ مذکورہ صورت میں اگر زید کا نکاح زاہدہ مذکورہ سے بالفضولی کر دیا جائے اور زید بالفعل قبول کر لے تو اس حالت میں زاہدہ پر طلاق بھی نہیں ہوگی اور زاہدہ زید کی بیوی بن کر رہے، ان پر کوئی گناہ نہیں ہے؛ بلکہ جو شخص زید اور زاہدہ کے تعلقات کو ناجائز کہے وہ بہتان لگانے کے جرم میں حد قذف کا مستحق ہے، یعنی اسلامی حکومت میں اسی کوڑے لگائے جائیں، دریافت طلب امر یہ ہے کہ فریق اول کی رائے صحیح ہے یا مولانا قاسمی کی رائے ٹھیک ہے؟ برائے کرم بحوالہ کتب جواب باصواب مرحمت فرمائیں۔

نوٹ: زید کا نکاح زاہدہ مذکورہ سے بالفضولی ہو گیا ہے، اور زید قبول بالفعل کر کے زاہدہ کو اپنے ساتھ رکھ رہا ہے۔

المستفتی: محمد صابر اودھم، ضلع مراد آباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: فریق ثانی کا قول صحیح ہے کہ فضولی نکاح کر دے اور حالف نکاح کی زبانی اجازت نہ دے اور نہ ہی کسی کی مبارک بادی قبول کرے؛ بلکہ نکاح کی اطلاع ملنے پر مہر کا کچھ حصہ ادا کر دے، یا زاہدہ کے ساتھ ہمبستر ہو جائے، تو طلاق واقع نہیں ہوگی اور زن وشوہر کی زندگی درست اور صحیح ہو جائے گی اور اس نکاح پر کسی کا الزام اور طعن کرنا جائز نہ ہوگا۔ (مستفاد: احسن الفتاوی ۵/ ۱۷۶، امداد الفتاوی ۲/ ۴۵۹)

حلف لا يتزوج فزوجه فضولي، فأجاز بالقول، وبالفعل لا يحنث به يفتى، وتحته في الشامية: كبعث المهر أو بعضه بشرط أن يصل إليها، وقيل: الوصول ليس بشرط. الخ (الدرالمختار مع الشامي، كتاب الأيمان، باب اليمين في الضرب والقتل، زكريا ٥/ ٦٧٢، كراچی ٣/ ٨٤٦، مجمع الأنهر، قديم ١/ ٥٨٣، جديد دارالكتب العلمية بيروت ٢/ ٣١٦) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۳/ جمادی الاولیٰ ۱۴۱۱ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۲۶/ ۲۲۰۲)

فضولی کا نکاح کرانا

سوال [۵۳۲۸]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: ہم نے کلما کی قسم اس طرح کھائی تھی کہ میں کلما کی قسم کھا کر کہتا ہوں کہ میں فلاں کام نہیں کروں گا اور اگر دوبارہ کروں تو جب جب میں نکاح کروں میری بیوی کو طلاق ہو، یہ ہیں ہماری قسم کے الفاظ، اس سے قبل ہم نے جو خط روانہ کیا، اس میں ہم سے یہ غلطی ہوئی تھی کہ ہم نے جب جب کی جگہ صرف ایک جب لکھ دیا تھا، آپ نے جواب لکھا تھا کہ اگر کلما کی قسم میں جب جب کا لفظ استعمال کیا ہے، تو ایسی صورت میں جب بھی کسی عورت سے نکاح کرے گا، تو طلاق واقع ہو جائے گی۔

مفتی صاحب! ضروری بات یہ ہے: کہ آج سے ایک ماہ پہلے ہمارا نکاح اس طرح کر دیا گیا ہے، جس نکاح کا خلاصہ تفصیل یہ ہے: کہ ہم نے کسی سے یہ نہیں کہا کہ تم میرا نکاح کر دو نہ کسی کو وکیل بنایا؛ بلکہ ہمارا رشتہ طے ہو جانے کے بعد ہم نے اپنی قسم کے بارے میں گھر والوں کو آگاہ کر دیا تھا، اس کے بعد ہمارے گھر والوں نے ہمارا نکاح اس طرح کیا، کہ ایک عورت جو بحیثیت فضولی بن کر اس نے یہ عمل کیا، فضولی عورت نے دو مرد گواہوں کی موجودگی میں اس لڑکی سے کہا جہاں رشتہ طے ہوا تھا، کہ ہم نے تمہارا نکاح فلاں ابن فلاں سے اتنے مہر پر کر دیا ہے، کیا تم نے قبول کیا، اس لڑکی نے ایجاب قبول کر لیا، اس کے بعد اس

فضولی عورت نے مرد سے کہا کہ ہم نے تمہارا نکاح فلاں بنت فلاں سے اتنے مہر پر کر دیا ہے، فضولی عورت کی بات سن کر مرد نے زبان سے کچھ نہیں کہا؛ بلکہ مہر کی رقم فضولی عورت کو دے دی، اور مہر کی رقم فضولی عورت نے لڑکی کو جا کر دے دی، مگر ہم نے لڑکی سے ابھی خلوت وجماع نہیں کیا ہے، صرف نکاح کی رضامندی مہر دے کر ظاہر کر دی ہے، کیا عورت نے بحیثیت فضولی بن کر ہمارا جو نکاح کیا ہے، یہ نکاح درست ہو گیا، اگر ابھی ہمارا نکاح درست نہ ہوا ہو تو مہربانی فرما کر جو صحیح نکاح کا طریقہ ہو اس طریقہ سے آگاہ کر دیں؛ کیوں کہ ہم نے ابھی اس لڑکی سے خلوت وجماع نہیں کیا ہے، اگر اس طرح سے ہمارا نکاح نہ ہوا ہو تو آپ کے بتائے ہوئے طریقہ پر دوبارہ اسی لڑکی سے نکاح کر سکتے ہیں؟

المستفتی: محمد خالد بھوگاؤں مین پوری

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: سوال نامہ میں نکاح کے جس حیلہ کا ذکر کیا گیا ہے وہ حیلہ درست ہے، اس طرح نکاح شرعاً جائز ہے؛ لہٰذا وہ عورت آپ کی بیوی بن چکی ہے، اب دوسرے حیلہ کی ضرورت نہیں، اس لڑکی کو بیوی کی حیثیت سے رکھ سکتے ہیں، اور جب آپ نے فضولی عورت کے ذریعہ بیوی کے پاس مہر بھیج دیا ہے، تو اب آپ کے لئے اس کے ساتھ خلوت وجماع سب درست ہے۔ (مستفاد: امداد الاحکام ۴/ ۹۳، امداد الفتاوی زکریا ۲/ ۴۵۹، احسن الفتاوی ۵/ ۱۷۶)

وكذا إذا قال لجماعة لي حاجة إلى نكاح الفضولي، فزوجه واحد منهم. (شامي، كتاب الطلاق، باب التعليق، كراچی ۳/ ۳۴۸، زكريا ٤/ ٥٩٨)

إذا قال كل امرأة أتزوجها، فهي طالق، فزوجه فضولي وأجاز بالفعل بأن ساق المهر ونحوه لا تطلق. (هندية، زكريا ١/ ٤١٩، جديد ١/ ٤٨٨، شامي، كراچی ٣/ ٨٤٦، زكريا ٥/ ٦٧٢) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۹ ربیع الاول ۱۴۲۱ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۵/ ۶۵۳۳)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصورپوری غفرلہ
۹/ ۳/ ۱۴۲۱ھ

۸/ باب تعدد النکاح

ایک نکاح سے زائد پر پابندی مسلم پرسنل لاء کے خلاف

سوال [۵۳۲۹]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: ہندوستان کے اندر تمام مسلمانوں پر ایک ہی مسلم پرسنل لاء لاگو ہوتا ہے، اگر ہندوستان میں رہتے ہوئے کوئی مسلمان سرکاری ملازمت میں ہے، تو کیا اس مسلمان پر پوری طرح مسلم پرسنل لاء لاگو نہیں ہوتا ہے، کوئی بھی مسلم ایک وقت میں ۴ر چار نکاح کرسکتا ہے؛ لیکن سرکاری ملازم پر یہ قانون تھوپا گیا ہے کہ ایک بیوی کے زندہ رہتے ہوئے دوسری شادی نہیں کرسکتا، کیا یہ قانون مسلم پرسنل لاء کے خلاف نہیں ہے؟ کیا یہ شریعت میں مداخلت نہیں ہے؟ شریعت کی رو سے مسلم پرسنل لاء کے تحت جواب سے مستفیض فرمائیں۔

المستفتی: راحت سعید جعفری، زاہد نگر، کرولہ مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: اسلامی شریعت میں ایک سے زیادہ چار تک بیویاں رکھنے کی اجازت ہے؛ لیکن اس کے لئے شوہر کے اوپر سب بیویوں کے درمیان عدل وانصاف اور یکسانیت برتنا لازم اور واجب ہے اور ساری بیویوں کے حقوق ادا کرنے پر قدرت رکھنا بھی لازم ہے کہ سب بیویوں کے جسمانی جنسی حقوق ادا کرنا اور ان کے مالی حقوق ادا کرنا یکسانیت کے ساتھ شوہر پر لازم ہوتا ہے، اگر حقوق زوجیت کی ادائیگی پر قدرت نہیں ہے، تو متعدد نکاح کرنا جائز نہیں؛ لہٰذا اگر کوئی شخص متعدد بیویوں کے حقوق کی ادائیگی پر قدرت رکھتا ہے، پھر اس کے اوپر حکومت کی طرف سے تعدد نکاح پر پابندی لگائی جاتی ہے، تو یہ مسلم پرسنل لاء کے خلاف پابندی ہے، اور شریعت اسلامی میں مداخلت ہے۔

فَانكِحُوا مَا طَابَ لَكُمْ مِنَ النِّسَآءِ مَثْنَى وَثُلاثَ وَرُبَاعَ فَإِنْ خِفْتُمْ اَلَّا تَعْدِلُوا فَوَاحِدَةً. [النساء: ۳]

عن ابن عمر –رضی الله عنه– أن غيلان بن سلمة الثقفي أسلم، وله عشر نسوة في الجاهلية، فأسلمن معه، فأمر النبي صلى الله عليه وسلم أن يتخير منهن أربعا. (سنن الترمذي، النكاح، باب ماجاء في الرجل يسلم وعنده عشر نسوة، النسخة الهندية ۱ / ۲۱٤، دار السلام، رقم: ۱۱۲۸) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۷ر ذی قعدہ ۱۴۳۳ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۱۰۸۲۲/۴۰)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۳۳/۱۱/۷ھ

ازروئے شرع ایک شخص کتنی شادی کرسکتا ہے؟

سوال [۵۳۳۰]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: زید کی بیوی باغی ہوچکی ہے، گھر کے اندر کسی چیز کی کمی نہیں ہے، اللہ کا شکر ہے، زید کی دو ایکڑ زمین ہے، اس میں گیہوں، چاول قریب ساٹھ کنٹل پیدا ہوتے ہیں؛ لیکن اس کے باوجود زید کی بیوی کہتی ہے کہ گھر کے اندر مجھے فاقہ سے رکھتے ہیں، زید نے کافی اپنی بیوی کو سمجھایا؛ لیکن اس نے دوسرا رخ بدلا اور زید سے بداخلاقی سے پیش آنے لگی، بڑی بڑی گندی حرکتیں جو اس تحریر کے اندر لکھنے کے قابل نہیں، پانچ سال کا عرصہ گذر گیا ہے، اس کی بداخلاقی روز بروز بڑھتی گئیں، گھر والوں کو بھی گندی گندی گالیوں سے نوازا، جب کہ گھر والوں نے اس کو سمجھایا؛ لیکن وہ نہیں مانی، زید کی جان کی دشمن بن گئی، زید کے اوپر جان سے مارنے کو حملہ کیا، بہرحال دس ماہ سے اس کے اوپر فالج پڑگئی ہے، اب وہ بالکل محتاج ہوچکی ہے، کافی اس کا علاج کروایا، تھوڑا اس کو فائدہ ہوا تھا، اس کے بعد زید کی بیوی کا بھائی اپنے گھر لے آیا، زید پانچ بار اس کی خیر خبر کو گیا؛ لیکن وہ بداخلاقی سے پیش آئی اور زید کو گھر سے بھگا دیا، چھوٹے چھوٹے بچے ہیں اور ایک دودھ پیتا بچہ ہے، وہ بھی زید کے پاس ہے،

سارے بچے زید کے پاس ہیں، زید بہت پریشان ہے، بچوں کو دیکھے یا باہر سے کما کے لائے، زید بہت پریشان ہے، کیا زید ان حالات میں دوسرا نکاح کرسکتا ہے؟ کیا شرعاً یا قانوناً کوئی جرم تو نہیں ہے، اب زید نے دوسرا نکاح کرنے کا ارادہ کیا، تو اس نے کہہ دیا کہ اگر نکاح کرلیا تو میں عدالت میں پہنچ کر طرح طرح کے مقدموں میں پھنسا دوں گی۔

المستفتی: محمد رضی فرید نگری

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: اللہ تعالیٰ نے مرد کو یہ اختیار دے رکھا ہے کہ وہ چار تک نکاح کرے؛ لہٰذا زید اگر دوسرا نکاح کرنے کی ضرورت محسوس کررہا ہے، تو اس کے لئے شرعی طور پر جائز ہے کہ ایک ساتھ دو بیویاں رکھے، مگر اس پر یہ بھی لازم ہے کہ دونوں بیویوں کے حقوق برابر طور پر ادا کرے اور دونوں بیویوں پر بھی لازم ہے کہ دونوں زید کے پاس رہ کر حق زوجیت ادا کریں۔

فَانْكِحُوْا مَا طَابَ لَكُمْ مِنَ النِّسَآءِ مَثْنٰى وَثُلَاثَ وَرُبَاعَ فَاِنْ خِفْتُمْ اَلَّا تَعْدِلُوْا فَوَاحِدَةً. [النساء: ٣]

عن الحارث بن قيس –رضی الله عنه– قال: أسلمت وعندي ثمان نسوة، قال: فذكرت للنبي صلى الله عليه وسلم فقال: إختر منهن أربعا.

(سنن أبي داؤد، الطلاق، باب في من أسلم، وعنده نساء أكثرمن أربع، النسخة الهندية ١/ ٣٠٤، دارالسلام، رقم: ٢٢٤١) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۴ ذی الحجہ ۱۴۳۰ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۹۸۳۳/۳۸)

حق زوجیت ادا نہ کرنے کی وجہ سے دوسری شادی کرنا

سوال [۵۳۳۱]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل

کے بارے میں: زید کی شادی خالدہ سے ۱۴/اپریل ۱۹۹۳ء لکھنؤ میں ہوئی اور لڑکا ایک گاؤں کا رہنے والا تھا اور شادی کو چار سال بھی گذر گئے، کوئی معاملہ پیش نہیں آیا اور ایک دوسرے کے حقوق کو پہچانتے رہے؛ لیکن ان دنوں میں بھی لڑکی اپنے شوہر سے یہ کہتی رہتی تھی کہ گاؤں چھوڑ کر شہر میں رہیں گے، چاہو تو لکھنو میں رہو یا مرادآباد؛ لیکن کچھ بھی ہو گاؤں میں نہیں رہیں گے یا پھر آپ کہیں بھی رہو میرا بندوبست شہر میں کردو میں کسی بھی قیمت پر گاؤں میں نہیں رہوں گی، اسی اثناء میں خالدہ اپنے باپ کے گھر لکھنؤ آئی ماں باپ سے ملنے کے لئے خالدہ نے یہ سب باتیں اپنے باپ سے رکھیں اور جب زید اپنی بیوی خالدہ کو لینے کے لئے لکھنو گیا تو خالدہ کے باپ نے زید سے یہ ساری باتیں رکھیں، زید نے گاؤں چھوڑنے سے انکار کیا اور کہا کہ میں اپنے والدین کو ہرگز نہیں چھوڑ سکتا، اس پر خالدہ کے باپ نے زید کو دھمکیاں دیں طرح طرح کی؛ کیوں کہ خالدہ کا باپ پی اے سی میں کمپنی کمانڈر کے عہدہ پر فائز ہے، جس کی وجہ سے سخت سے سخت دھمکی دی۔ اور کہا کہ جیل میں سڑوادوں گا، بس میں نے اپنے سسر صاحب کی باتیں تسلیم نہیں کی، پھر ناراضگی بڑھتی چلی گئی، یہاں تک بات پہنچ گئی کہ خالدہ کے باپ نے میرے اوپر عدالت میں جہیز کا مقدمہ درج کرادیا، جس کی وجہ سے میں اور میرا بوڑھا باپ جیل میں گئے اور وہاں بھی سخت سے سخت پریشانی کا سامنا کرنا پڑا، پھر اس نے عدالت سے اپنی لڑکی کا نان ونفقہ میرے اوپر واجب کیا اور کئی سال گذر گئے آج تک میں لڑکی کو خرچ دیتا چلا آیا ہوں، پھر بھی میں نے خالدہ سے کہا کہ اب بہت ہوگیا، آپ میرے ساتھ چلیں تو خالدہ نے بھی انکار کردیا اور اس کے باپ نے کہا نہ میری لڑکی اب تیرے یہاں جائے گی اور نہ میں تجھ کو دوسری شادی کرنے دوں گا، اب زید نے پریشان ہوکر دوسرا نکاح کا ارادہ کیا اور گاؤں کے چند لوگوں کو لے کر دوسرے نکاح کے لئے ہرتھلا پہنچا، تو پھر خالدہ کا باپ پولیس کو لے کر آیا اور نکاح رکوادیا، پولیس لڑکے اور لڑکی کو لے کر تھانہ میں پہنچی اور نکاح کو ملتوی کرادیا، اب اس صورت میں زید دوسرا نکاح کرتا ہے تو گنہگار ہوگا یا نہیں؟ زید اپنا دوسرا نکاح کرسکتا ہے یا نہیں؟

قرآن وحدیث کی روشنی میں مدلل ومفصل جواب سے نوازیں عین کرم ہوگا۔ فقط والسلام

المستفتی: ابرار حسین، موضع صدر پور، ضلع مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: متعدد بیویوں کے نان ونفقہ اور دیگر حقوق ادا کرنے پر قادر ہونے کی صورت میں پہلی بیوی کے علاوہ دوسری عورت سے بھی نکاح کرنا شرعاً جائز ہے، ایسی صورت میں دوسرا نکاح کرنے سے مرد گنہگار نہ ہوگا؛ لہٰذا مسئولہ صورت میں اگر آپ میں اتنی استطاعت ہے تو آپ دوسرا نکاح کرسکتے ہیں تو آپ عنداللہ گنہگار نہ ہوں گے اور اس میں خالدہ کے باپ کو عدالتی کارروائی اور پولیس کیس کرنے کا شرعاً کوئی حق نہیں ہے۔

فَانْكِحُوْا مَا طَابَ لَكُمْ مِنَ النِّسَآءِ مَثْنَى وَثُلاثَ وَرُبَاعَ فَإِنْ خِفْتُمْ اَلَّا تَعْدِلُوْا فَوَاحِدَةً. [النساء: ۳] فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ

۲/شعبان ۱۴۲۲ھ

(الف فتویٰ نمبر: ۳۶/۷۳۴۷)

نکاح ثانی

سوال [۵۳۳۲]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: میری اہلیہ مرحومہ کا انتقال ہوگیا ہے اور میری طبیعت گھبراتی ہے، مجھے ایک لاٹھی کی ضرورت ہے، بفضلہ تعالیٰ میری صحت بھی اچھی ہے، اور اللہ تعالیٰ نے مجھے عبادت کرنے کی توفیق بخشی ہے اور اس فتنہ کے دور میں میں سلامتی والی زندگی گذارنا چاہتا ہوں اور ہندوستان میں نکاح ثانی کرنا عیب سمجھتے ہیں؛ لہٰذا شرعی حکم فرما کر جواب مرحمت فرمائیں۔

المستفتی: عبدالمنان (مرادآباد)

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: شریعت محمدیہ صلی اللہ علیہ وسلم میں نکاح ثانی کی

اجازت ہے، بشرطیکہ بیوی کے جملہ حقوق ادا کرنے پر قادر ہو؛ لہٰذا اس پر گھر کے دوسرے رشتہ دار اور اولاد کا اعتراض کرنا درست نہیں ہے۔

فَانْكِحُوا مَا طَابَ لَكُمْ مِنَ النِّسَآءِ مَثْنَى وَثُلَاثَ وَرُبَاعَ فَإِنْ خِفْتُمْ اَلَّا تَعْدِلُوا فَوَاحِدَةً. [النساء: ۳]

ويكون سنة مؤكدة في الأصح حال الإعتدال أي القدرة على وطء ومهر ونفقة. (شامي، كتاب النكاح، كراچی ۳/ ۷، زكريا ٤/ ٦٥) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۳؍رجب ۱۴۱۹ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۴/۵۸۵۴)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۳/۷/۱۴۱۹ھ

ایک سے زائد عورتوں سے شادی کرنا

سوال [۵۳۳۳]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: میری بیوی بھاگ گئی ہے، تقریباً چال سال ہوگئے ہیں، اس کے بچے بھی میرے پاس ہیں، میں دوسری شادی کرنا چاہتا ہوں، تو کیا دوسری شادی کرسکتا ہوں یا نہیں؟

المستفتی: لیاقت بروالان، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: آپ مرد ہیں، جب آپ کی بیوی بھاگ گئی ہے تو آپ کو دوسری عورت سے نکاح کرنے میں شرعی طور پر کوئی رکاوٹ نہیں ہے۔ اور شریعت میں مرد کو انصاف اور برابری کی شرط پر دو دو، تین تین، چار چار شادیاں کرنے کی اجازت دی ہے۔ اور آپ کو موجودہ حالت میں دوسری عورت سے شادی کرنے کی شریعت کی طرف سے کھلم کھلا اجازت ہے۔

فَانْكِحُوا مَا طَابَ لَكُمْ مِنَ النِّسَآءِ مَثْنَى وَثُلَاثَ وَرُبَاعَ فَإِنْ خِفْتُمْ اَلَّا تَعْدِلُوا فَوَاحِدَةً. [النساء: ۳]

عن الحارث بن قيس –رضی الله عنه– قال: أسلمت وعندي ثمان نسوة، قال: فذكرت للنبي صلى الله عليه وسلم فقال: إختر منهن أربعا.

(سنن أبي داؤد، الطلاق، باب في من أسلم، وعنده نساء أكثرمن أربع، النسخة الهندية ۱/ ۳۰۴، دارالسلام، رقم: ۲۲٤۱)

وصح نكاح أربع من الحرائر والأماء فقط للحر لا أكثر، وله التسرى بما شاء من الإماء. (الدرالمختار مع الشامي، كتاب النكاح، فصل في المحرمات، كراچی ۳/ ٤۸، زکریا ٤/ ۱۳۸) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ

۲۷/ رجب ۱۴۲۵ھ

(الف فتویٰ نمبر: ۳۷/ ۸۵۰۸)

بیوی کی رضامندی کے بغیر دوسری شادی کرنا

سوال [۵۳۳۴]: کیافرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: (۱) زید کوشادی کئے ہوئے تقریباً چھ سال کا عرصہ ہوگیا ہے، اس عرصہ میں کوئی اولاد پیدا نہیں ہوئی، علاج بھی ہر طرح سے کافی کیا فائدہ نہیں ہوا، مجبوراً اولاد کی خاطر دوسری شادی کرنے کا فیصلہ کیا، اپنی بیوی سے مشورہ کیا، رضامند کیا کافی سمجھایا؛ لیکن بیوی رضامند ہونے کے بجائے غصہ ہوگئی، کہنے لگی اگر دوسری شادی کی تو میں اپنے والدین کے گھر چلی جاؤں گی، بہرحال زید نے دوسری شادی کرلی جس سے ایک لڑکی پیدا ہوگئی، پہلی بیوی شادی کے بعد اپنے والدین کے گھر چلی گئی، زید اپنی پہلی بیوی کو بھی اپنے ہمراہ ہی رکھنا چاہتا ہے؛ لیکن بیوی اس طرح سے کہتی ہے کہ صرف میں ہی زید کے نکاح میں رہوں گی، ورنہ مجھے طلاق دے دو، زید نے حتی الامکان رضامند کرنے کی کوشش کی، یہاں تک پنچایت کے سامنے ہاتھ جوڑے معافی بھی مانگی ہے، زید تو اپنے نکاح میں رکھنا چاہتا ہے، بیوی کا کہنا

کہ مجھے مہر بھی مت دو؛ لیکن طلاق دے دو، زید کا کہنا ہے کہ میں خدا کو منہ دکھاؤں گا قیامت میں، میں مہر ادا کروں گا؛ لہٰذا مہر دینا ضروری ہے یا نہیں؟

(۲) زید نے اپنی بیوی کی بغیر رضامندی کے دوسری شادی کرلی، جب کہ زید نے ہر طرح سے رضامند کرنے کی کوشش کی، بیوی نے کہا اگر تم نے دوسری شادی کی تو میں اپنے والدین کے گھر چلی جاؤں گی، شادی کے بعد گھر چلی گئی، کچھ حضرات کا کہنا ہے کہ بیوی کی بغیر رضامندی کے دوسری شادی نہیں ہوسکتی ہے، کیا شریعت میں ایسا ہے کہ دوسری شادی کے لئے اپنی پہلی بیوی کو رضامند کرنا ضروری ہے، ورنہ نکاح نہ ہوگا؟ قرآن وحدیث سے مفصل جواب سے نوازیں۔

المستفتی: محمد جاوید پیرزادہ، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: (۱) اگر عورت مہر معاف کرکے طلاق لینا چاہتی ہے تو مہر معاف کرنے کی شرط پر طلاق دینا جائز ہے، مگر سب سے بہتر یہی ہے کہ جب شوہر طلاق دے تو مہر بھی ادا کردے۔

وإن كان النشوز منها كرهنا له أن يأخذ منها أكثر مما أعطاها . الخ، وإن طلقها على مال فقبلت وقع الطلاق، ولزمها المال. الخ (هداية، كتاب الطلاق، باب الخلع، اشرفي ديوبند ٢/ ٤٠٥)

(۲) اگر شوہر کے پاس بیویوں کے اخراجات کی گنجائش ہے اور دونوں کے درمیان نان ونفقہ اور شب باشی میں برابری کرسکتا ہے، تو اس کے لئے دوسری شادی کرنا شرعاً بلا کراہت جائز ہے اگرچہ پہلی بیوی ناراض ہو تب بھی جائز ہے۔ اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم میں ارشاد فرمایا:

فَانْكِحُوْا مَا طَابَ لَكُمْ مِنَ النِّسَآءِ مَثْنٰى وَثُلٰثَ وَرُبٰعَ. [النساء: ٣]

(فتاوى دارالعلوم ٧/ ٥١) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۱؍ ربیع الثانی ۱۴۱۸ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۳/ ۵۲۵۵)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصورپوری غفرلہ
۲۱/ ۴/ ۱۴۱۸ھ

زوجۂ اول کی طلاق کا مسئلہ عدالت میں ہوتے ہوئے دوسری شادی کرنا

سوال [۵۳۳۵]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کوئی مسلمان پہلی بیوی کی موجودگی میں یا پہلی بیوی کی طلاق کا مقدمہ چل رہا ہو اور عدالت میں زیرِ غور ہو، تو ایسی صورت میں وہ لڑکا کیا دوسری شادی کرسکتا ہے؟ مسلم پرسنل لاء اور قرآن وحدیث کی رو سے ایک مسلمان کتنی شادیاں کرسکتا ہے؟

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: آزاد مرد متعدد بیویوں کے نان ونفقہ اور دوسرے حقوق ادا کرنے پر قادر ہو تو پہلی بیوی کے علاوہ حسب استطاعت دوسری عورت سے بھی نکاح کرنا شریعت محمدیہ کے قانون کے مطابق جائز اور درست ہے، ساتھ میں یہ بھی خیال رہے کہ اگر بے انصافی اور جانبدارانہ عمل دونوں بیویوں کے درمیان کیا جائے یا دونوں میں سے کسی کی حق تلفی ہوتی ہے، تو سخت ترین گنہگار ہوگا؛ بلکہ قیامت کے دن اس حالت میں اٹھے گا کہ اس کے چہرہ کی ایک جانب لقوہ اور فالج کی طرح مسخ کی حالت ہوگی۔

وَاِنْ خِفْتُمْ اَلَّا تُقْسِطُوْا فِى الْيَتَامٰى فَانْكِحُوْا مَا طَابَ لَكُمْ مِنَ النِّسَآءِ مَثْنٰى وَثُلَاثَ وَرُبَاعَ. [النساء: ٤]

عن أبي هريرة –رضي الله عنه– عن النبي صلى الله عليه وسلم قال: إذا كانت عند الرجل امرأتان فلم يعدل بينهما جاء يوم القيامة وشقه ساقط.

(ترمذي، أبواب النكاح، باب ما جاء في التسوية بين الضرائر، النسخة الهندية ۱/ ۲۱۷، دارالسلام، رقم: ۱۱٤۱) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۷/ رجب ۱۴۲۲ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۶/ ۷۳۳۹)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۲۲/۷/۳۰ھ

پہلی بیوی کی طلاق کا مقدمہ عدالت میں ہوتے ہوئے دوسری شادی کرنے کا حکم

سوال [۵۳۳۶]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: پہلی بیوی کی طلاق کا مقدمہ عدالت میں چل رہا ہے، تو ایسی صورت میں وہ لڑکا دوسری شادی کرسکتا ہے یا نہیں؟

المستفتی: ماسٹر نسیم پاکبڑہ، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: شریعت محمدی میں ایک مرد بیک وقت چار بیویوں کو اپنے نکاح میں رکھ سکتا ہے؛ البتہ اس کے لئے لازم اور ضروری ہے کہ وہ اتنی ہی شادی کرے جتنی بیویوں کا نان نفقہ اور حقوق زوجیت ادا کرسکتا ہو؛ لہٰذا مسئولہ صورت میں مذکورہ شخص اگر دوسری شادی کرنی چاہے تو شرعاً کوئی رکاوٹ نہیں۔

فَانْكِحُوْا مَا طَابَ لَكُمْ مِنَ النِّسَآءِ مَثْنٰى وَثُلٰثَ وَرُبٰعَ فَاِنْ خِفْتُمْ اَلَّا تَعْدِلُوْا فَوَاحِدَةً. [النساء: ۳]

عن ابن عمر -رضی اللہ عنہ- أن غیلان بن سلمة الثقفي أسلم، وله عشر نسوة في الجاهلية، فأسلمن معه، فأمر النبي صلى الله عليه وسلم أن يتخير منهن أربعا. (سنن الترمذي، النكاح، باب ماجاء في الرجل يسلم وعنده عشر نسوة، النسخة الهندية ۱/ ۲۱۴، دار السلام، رقم: ۱۱۳۸) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ

۲۳/ رجب ۱۴۲۲ھ

(الف فتویٰ نمبر: ۷۳۴۴/۳۶)

دوسری شادی کرنے پر اعزاء کا طلاق دینے پر مجبور کرنا

سوال [۵۳۳۷]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل

کے بارے میں: میں ایک تعلیم یافتہ شخص ہوں، اللہ کے فضل سے معاشی استحکام بھی نصیب ہے، حال ہی میں میں نے سنت پر عمل کرنے کے لئے دوسرا نکاح کیا ہے، تاکہ غلط راہوں پر میرے قدم نہ پڑیں، میں پہلی بیوی کے حقوق بھی پورے طور پر ادا کر رہا ہوں، اور اس میں کبھی کوئی کوتاہی نہیں کی؛ لیکن اس کے باوجود بعض اعزاء اقرباء مجھ کو دوسری بیوی کو طلاق دینے پر زور زبردستی کرر ہے ہیں، تو کیا دوسری شادی کرنا شرعاً کوئی جرم ہے؟ اور کیا بلا عذر شرعی کسی لڑکی کو طلاق دی جاسکتی ہے؛ حالانکہ اس غریب کا میں ہی تنہا سہارا ہوں؟

المستفتی: حامد حسین، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: اگر آپ دونوں کے حقوق برابری کے ساتھ ادا کرر ہے ہیں، رات گذارنے میں کھانے، کپڑے میں، رہائش میں، ہر شئ میں برابری کا معاملہ کرر ہے ہیں، تو آپ شرعی طور پر کسی قسم کے موردالزام نہیں، نہ کسی کو طعن وتشنیع کا حق ہے اور نہ ہی آپ کی دونوں بیویوں کے معاملہ میں کسی کو دخل دینے کا حق ہے اور دوسری بیوی کو طلاق دینے پر زور دینے والے سب گنہگار ہوں گے۔ اللہ تعالیٰ نے دو بیوی رکھنے کی اجازت دی ہے۔

فَانْكِحُوْا مَا طَابَ لَكُمْ مِنَ النِّسَآءِ مَثْنٰى وَثُلٰثَ وَرُبٰعَ فَاِنْ خِفْتُمْ اَلَّا تَعْدِلُوْا فَوَاحِدَةً. [النساء: ۳] فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۹؍ ذی الحجہ ۱۴۲۳ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۶/ ۷۸۶۶)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصورپوری غفرلہ
۱۴۲۳/۱۲/۲۹ھ

پہلی بیوی کے نہ آنے پر دوسری شادی کرنا

سوال [۵۳۳۸]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: میری شادی ۲۰۰۲ء میں ہوئی تھی، میری بیوی سرکاری دفتر میں کلرک ہے،

شادی کے دن سے ہی میری بیوی الگ کمرہ لے کر رہ رہی ہے، میری والدہ سخت بیمار ہیں، مگر لگ بھگ چار ماہ قبل میری طبیعت خراب ہوگئی تھی، جس کی اطلاع میں نے اپنے رشتہ داروں کے ذریعہ سسرال دی، میری بیوی نے اطلاع پا کر کہا کہ طبیعت خراب تو ہو ہی جاتی ہے، میری بھی طبیعت خراب ہے، وہ آج تک نہیں آئی، طبیعت خرابی کے ایک ہفتہ بعد بیوی کے بھائی آئے، انہوں نے کہا دو چار روز کے بعد بیوی کو بھیج دیں گے؛ لیکن نہیں بھیجا، برابر لوگوں کے ذریعہ اور فون پر بلانے کا تقاضہ کرتے رہے؛ لیکن نہیں آئی، اب ۳۰؍مئی ۲۰۱۲ء کو میں نے عقد ثانی کرلیا ہے، کیوں کہ میری پہلی بیوی نے مجھے ہر طرح سے حق زوجیت سے محروم رکھا، اب کافی لوگوں کے سامنے میرے پاس آنے کے لئے دباؤ ڈال رہی ہے اور دوسری بیوی کو طلاق دلوانے کے لئے کہہ رہی ہے، اس وقت بھائیوں نے نہیں سمجھایا، اب پورا خاندان ساتھ ہے، تو کیا ایسی صورت میں میں نے عقد ثانی جائز کیا ہے؟ پہلی بیوی کا دباؤ ڈالنا میرے اوپر رکھنے کے لئے کیا جائز ہے؟ جب کہ میرے دل میں کراہت ہے؟ پہلی بیوی سے ۸؍سال سے زیادہ کی ایک میری لڑکی ہے، میں اس کو رکھنے کو تیار ہوں، شرعی حکم تحریر فرمائیں۔

المستفتی: راحت سعید

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: شوہر نے جب دو شادیاں کرلی ہیں، تو اس کے اوپر ضروری ہے کہ دونوں بیویوں کے حقوق برابری کے ساتھ ادا کرے اور جو بیوی شوہر کی مرضی کے خلاف کسی دوسری جگہ جا کر رہنے لگے، تو جب تک وہ شوہر کے گھر آ کر شوہر کے حقوق زوجیت ادا نہ کرے، تو اس دوران شوہر کے ذمہ اس کا خرچ واخراجات ادا کرنا لازم نہیں ہے اور دونوں بیویوں میں سے کسی ایک کو یہ حق نہیں ہے کہ اس بات کا مطالبہ کرے کہ دوسری بیوی کو طلاق دے کر نکاح سے الگ کردے اور اس طرح کا مطالبہ عورت کے لئے جائز نہیں۔

عن أبي هريرة رضـ عن النبي صلى الله عليه وسلم قال: لا يحل لامرأة تسأل طلاق أختها لتستفرغ صحفتها، فإنما لها ما قدر لها. (صحيح البخاري، كتاب النكاح، باب

الشروط التي لا تحل في النكاح، النسخة الهندية ۲/ ۷۷٤، رقم: ٤٩٥٨، ف: ٥١٥٢، صحيح مسلم، كتاب النكاح، باب تحريم الخطبة على خطبة أخيه، النسخة الهندية ۱/ ٤٥٤، بيت الأفكار، رقم: ١٤١٣، سنن الترمذي، أبواب الطلاق واللعان، باب ماجاء لا تسأل المرأة طلاق أختها، النسخة الهندية ۱/ ۲۲٦، دارالسلام، رقم: ١١٩٠)

لا نفقة لأحد عشر ...... وخارجة من بيتها بغير حق، وهي الناشزة حتى تعود. (درمختار، كتاب الطلاق، باب النفقة، كراچی ۳/ ٥٧٥، ٥٧٦، زكريا ٥/ ٢٨٦)

عن الشعبي: أنه سئل عن امرأة خرجت من بيتها عاصية لزوجها، أ لها نفقة؟ قال: لا، وإن مكثت عشرين سنة. (مصنف ابن أبي شيبة، موسسة علوم القرآن، بيروت ١٠/ ١٥٢، رقم: ١٩٣٦٩) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۶؍رجب ۱۴۳۳ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۹/ ۱۰۷۵۶)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۶/۷/۱۴۳۳ھ

دوسری شادی کرنے پر پہلی بیوی کا میکہ چلے جانا

سوال [۵۳۳۹]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: میں نے اپنی بیوی ریشما خاتون کو ایک طلاق دے دی تھی، طلاق کے بعد پندرہ دن تک اپنے میکے میں رہی، پھر میرے ساتھ آ گئی اور تقریباً دو سال تک میاں بیوی کی طرح رہتی رہی، اب میں نے دوسری شادی یاسمین خاتون سے کرلی ہے، تو اب پھر وہ میکے چلی گئی، دریافت یہ کرنا ہے کہ اگر ہم اسے رکھنا چاہیں تو رکھ سکتے ہیں یا نہیں؟ اور دونوں بیویوں کو ساتھ رکھ سکتے ہیں یا نہیں؟

المستفتی: محمد نوشاد محلّہ بیگم سرائے سنبھل، مراد آباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: اگر سائل اپنے بیان میں سچا ہے، تو اس کی بیوی

پر ایک طلاق رجعی واقع ہوچکی تھی اور جب طلاق کے پندرہ دن بعد بیوی کو ساتھ رکھنے لگا تو اس سے رجعت بھی ہوگئی اور ایک طلاق رجعی کے بعد رجعت کرکے میاں بیوی کی طرح زندگی گذارنا جائز اور درست ہے۔ اور جب دوسری شادی یاسمین خاتون سے کرلی ہے، تو شوہر پر لازم ہے کہ دونوں بیویوں کے ساتھ یکسانیت اور برابری کا معاملہ کرے، رات گذارنے میں اور خرچہ دینے میں اور رہائش میں بالکل برابری اور یکسانیت کا معاملہ کرنا شوہر پر لازم اور ضروری ہے۔ اور دونوں کو الگ الگ کمرہ دینا بھی لازم ہے۔ اور اگر ان چیزوں میں کسی ایک کے ساتھ جھکاؤ کا معاملہ کرے گا تو شوہر ظالم شمار ہوگا، اللہ کے یہاں اس کی پکڑ ہوگی۔ اور سوال میں یہ بھی پوچھا ہے کہ پہلی بیوی ریشما خاتون کو رکھنا جائز ہے یا نہیں؟ تو اس کو رکھنا بلاشبہ جائز ہے۔

فَانْكِحُوْا مَا طَابَ لَكُمْ مِنَ النِّسَآءِ مَثْنٰى وَثُلَاثَ وَرُبَاعَ فَإِنْ خِفْتُمْ اَلَّا تَعْدِلُوْا فَوَاحِدَةً. [النساء: ٣]

وإذا طلق الرجل امرأته تطليقة رجعية، أو تطليقتين فله أن يراجعها في عدتها، رضيت بذلك أولم ترض. (هداية، أشرفي ديوبند ٢/ ٣٩٤)

والجماع في العدة رجعة، وكذلك المس بشهوة، والتقبيل بشهوة، وكذلك النظر إلى الفرج بشهوة. (تاتارخانية، زكريا ديوبند ٥/ ١٣٩، برقم: ٧٤٨١)

وإذا كان للرجل امرأتان حرتان، فعليه أن يعدل بينهما في القسم بكرين كانتا أو ثيبين؛ لقوله عليه السلام: من كانت له امرأتان ومال إلى أحدهما في القسم جاء يوم القيامة وشقه مائل. (هداية، أشرفي ديوبند ٢/ ٣٤٩)

يجب عليه التسوية بين الحرتين والأمتين في المأكول والمشروب، والملبوس، والسكنى، والبيتوتة. الخ (شامي، كراچی ٣/ ٢٠٢، زكريا ٤/ ٣٧٨، أشرفي ٤/ ٢٨٢) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۲؍رجب ۱۴۳۳ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۹/۱۰۷۵۹)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۲۲؍۷؍۱۴۳۳ھ

دوسری شادی کرنے کے لئے پہلی بیوی کی اجازت ضروری ہے؟

سوال [۵۳۴۰]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: میری لڑکی صابرہ کی شادی غلام نبی کے ساتھ ہوئی، تقریباً دس سال ہوگئے، اس دوران میں ایک لڑکا جس کی عمر ۹/سال ہوگئی ہے، اور ایک لڑکی جس کی عمر چھ سال ہوگئی ہے، دونوں بچے موجود ہیں، غلام نبی نے عورت کے اخراجات بھی پورے نہیں کئے، اب دس سال کے بعد بغیر اس عورت کی مرضی کے اور عورت کے فرماں بردار ہوتے ہوئے دوسری شادی کرلی ہے، پہلی عورت یعنی صابرہ ان کے پاس رہنا نہیں چاہتی؛ کیوں کہ شوہر لڑکی کے اخراجات پورے نہیں کرتا، اور غلام نبی طلاق اس شرط پر دیتا ہے کہ پہلے مجھے ۲۵/لاکھ روپئے دو اور میرے بچے یعنی لڑکا اور لڑکی دونوں مجھے دے دو، اس شرط پر طلاق دیتا ہوں، لڑکی کے والدین ۲۵/لاکھ روپے دینے کی بالکل طاقت نہیں رکھتے اور ماں بچوں کو اپنے پاس سے جدا کرنے کے لئے تیار نہیں؛ کیوں کہ دونوں بچے بھی اپنے والد کے پاس جانے کو تیار نہیں ہیں، اب ان حالات کو مدنظر رکھتے ہوئے طلاق کی کیا شکل ہے؟ شریعت مطہرہ اس بارے میں کیا کہتی ہے اور لڑکی نکاح ثانی کب کرسکتی ہے؟ جواب سے جلد نوازیں۔

نوٹ: شوہر نے تمام زیور بھی برباد کردیا ہے، کیا عدالت سے طلاق لے سکتے ہیں یا نہیں؟

المستفتی: قاری محمد اسماعیل صاحب جامع مسجد جونا کھارا ایس وی روڈ، ممبئی

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: شوہر کو دوسری شادی کرنے میں موجودہ بیوی سے اجازت لینے کی شرعاً ضرورت نہیں ہے، شوہر اپنی مرضی سے جب چاہے، دوسری شادی کرسکتا ہے، اس میں موجودہ بیوی کو رکاوٹ پیدا کرنے کا کوئی حق نہیں ہے۔

فَانْكِحُوْا مَا طَابَ لَكُمْ مِنَ النِّسَآءِ مَثْنٰى وَثُلٰثَ وَرُبٰعَ فَاِنْ خِفْتُمْ اَلَّا تَعْدِلُوْا فَوَاحِدَةً. [النساء: ۳]

اور غیر شرعی عدالت سے طلاق لینے سے شرعی طور پر اس کا کوئی اعتبار نہیں ہوگا اور عورت دوسری جگہ نکاح کرنے کی مجاز نہیں ہوگی۔ اور اگر شوہر حقوقِ زوجیت ادا کر کے لے جانے پر تیار ہوجائے تو عورت کو شوہر کے ساتھ جانا لازم ہوگا۔ اور طلاق کا مطالبہ جائز نہیں ہوگا۔ اور اگر واقعی اخراجات اور حقوق زوجیت ادا نہیں کرتا ہے، تو بمبئی کے محکمہ شرعیہ میں عورت اپنی شکایات پیش کردے اور محکمہ شرعیہ حالات کی تحقیق کر کے شرعی حکم نافذ کردے گا۔ اور عدالتی طلاق معتبر نہیں ہوگی۔

وقد اتفق أئمة الحنفية والشافعية على أنه يشترط لصحة الحكم، واعتباره في حقوق العباد الدعوى الصحيحة، وأنه لابد في ذلک من الخصومة للشرعية. (شامي، كتاب القضاء،مطلب الحكم الفعلي، زكريا ٨/ ٢٣، كراچی ٥/ ٣٥٤)

لم ينفذ حكم الكافر على المسلم. (البحرالرائق، باب التحكيم، زكريا ٧/ ٤٢، كراچی ٧/ ٢٥، شامي، زكريا ٨/ ١٢٨، كراچی ٥/ ٤٢٨) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۶؍ربیع الثانی ۱۴۱۰ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۱۷۶۶/۲۵)

پہلی بیوی کی اجازت کے بغیر دوسری شادی کرنا

سوال [۵۳۴۱]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: (۱) زید کو شادی کیئے ہوئے تقریباً پچیس سال ہوگئے اور چار لڑکیاں بھی ہوئی، مگر اب زید کہتا ہے کہ ہم دوسری شادی کریں، تاکہ اس سے لڑکا ہو، دوسری شادی کے متعلق پہلے تو دل ہی دل میں رکھا تھا، مگر اب بالکل بین طور پر کہتا ہے، اور واقعی شادی کر بھی لے گا اس کے پاس اتنی مالیت بھی ہے کہ دونوں بیویوں کا حق کما حقہ ادا کرسکتا ہے، مگر اس کی بیوی سلمہ کہتی ہے کہ اگر شادی کرلی تو میں خودکشی کرلوں گی اور واقعی اگر زید نے دوسری شادی کرلی تو اس کی بیوی سلمہ خودکشی کرلے گی۔

(ب) زید کی پہلی بیوی شکل وصورت کے اعتبار سے خوبصورت بھی نہیں ہے، تو اب دونوں صورتوں میں زید کیا کرے؟ مفصل مدلل جواب مرحمت فرمائیں۔

المستفتی: محمد زبیر ڈرھیال، ضلع رامپور

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: شریعت کی طرف سے زید کو دوسری شادی کرنے کی اجازت ہے، جب کہ دونوں بیویوں کے حقوق اور دونوں کے درمیان برابری بھی قائم کرسکتا ہو۔

وللحر أن يتزوج أربعا من الحرائر. (فتاوی عالمگري، كتاب النكاح، الباب الثالث في المحرمات، القسم الرابع المحرمات بالجمع، زكريا ١/ ٢٧٧، جديد ١/ ٣٤٣، البحرالرائق، كراچی ٣/ ١٠٥، زكريا ٣/ ١٨٦، الدرالمختار كراچی ٣/ ٤٨، مصري ٢/ ٤٠٠، زكريا ٤/ ١٣٨)

إذا كان للرجل امرأتان حرتان، فعليه أن يعدل بينهما في القسم. (هداية، باب القسم، أشرفي ديوبند ٢/ ٣٤٩)

پہلی بیوی کی ناراضگی اس میں کوئی اثر انداز نہیں ہے۔ (فتاوی دارالعلوم ۷/ ۲۲۵)

فَانْكِحُوْا مَا طَابَ لَكُمْ مِنَ النِّسَآءِ مَثْنٰى وَثُلٰثَ وَرُبٰعَ فَاِنْ خِفْتُمْ اَلَّا تَعْدِلُوْا فَوَاحِدَةً. [النساء: ٣]

البتہ مصلحتاً پہلی بیوی کی اجازت اور اس کو راضی کر کے کرے تو بہتر ہے۔ (فتاوی دارالعلوم ۷/ ۲۲۵) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۳؍ ذی الحجہ ۱۴۰۸ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۲۴/ ۱۰۲۴)

مرد کو چار شادیوں کا اختیار ہے، عورت اس میں مخل نہیں ہوسکتی

سوال [۵۳۴۲]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: ایک لڑکا جس کی شادی کو قریب پانچ سال ہو چکے ہیں، ابھی تک کوئی اولاد

نہیں ہے، لڑکا صحیح ہے اور بیوی کی ڈاکٹری بھی کرا چکا ہے، ڈاکٹروں نے بھی فیل کردیا ہے، اب وہ لڑکا دوسری شادی کرنا چاہتا ہے، تاکہ اولاد ہونے سے نام چلے؛ لیکن لڑکی کے رشتہ دار اس سے مہینہ مکان لکھوانا چاہتے ہیں؛ لیکن لڑکا جیسے بیوی رہتی رہی ہے بہ خوشی رکھنا چاہتا ہے، لڑکی والے زورڈال رہے ہیں کہ مہینہ مکان لکھنا پڑے گا، تو وہ اس بیوی کو طلاق دے سکتا ہے یا نہیں؟ اور دوسرا نکاح کرسکتا ہے یا نہیں؟ جواب چاہئے۔

المستفتی: اشفاق احمد، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: شریعت اسلامی میں مرد کو بشرط ادائے گی حقوق چار تک بیویاں رکھنا جائز ہے، دوسری شادی کرنے میں موجودہ بیوی کو اعتراض کا شرعاً کوئی حق نہیں؛ البتہ شوہر پر دونوں بیویوں کے درمیان ہر چیز میں برابری کا معاملہ رکھنا واجب ہے، ورنہ گنہگار ہوگا۔

فَانْكِحُوْا مَا طَابَ لَكُمْ مِنَ النِّسَآءِ مَثْنٰى وَثُلٰثَ وَرُبٰعَ فَاِنْ خِفْتُمْ اَلَّا تَعْدِلُوْا فَوَاحِدَةً. [النساء: ۳] (فتاوی دارالعلوم ۷/ ۴۷)

إذا كان للرجل امرأتان حرتان، فعليه أن يعدل بينهما في القسم.

(هداية، باب القسم، أشرفي ديو بند ۲/ ۳۴۹)

اور موجودہ بیوی کے ساتھ رہ کر حدوداللہ کے دائرہ میں زندگی گذارنا ممکن ہو، تو طلاق نہ دینا بہتر ہے، اور مکان نام کردینا بھی شوہر پر لازم نہیں، اگر حدوداللہ کے دائرہ سے باہر ہونے کا خطرہ ہو تو طلاق دے دینی چاہئے۔

ولا يجب على الزوج تطليق الفاجرة، ولا عليها تسريح الفاجرة إلا إذا خافا أن لا يقيما حدود الله فلا بأس أن يتفرقا. الخ (الدرالمختار، كوئٹه ۲/ ۳۱۸، كراچى ۳/ ۵۰، زكريا ۴/ ۴۳، ۱۴۴)

إيقاعه مباح –إلى قوله– بل يستحب لو مؤذية. الخ، وفي الشامي: المؤذية له أو لغيره بقولها أو بفعلها. (الدرالمختار كوئٹه ۲/ ۴۵۱، كراچى ۳/ ۲۲۹، زكريا ۴/ ۴۲۷، ۴۲۸) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۴؍رجب المرجب ۱۴۰۸ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۲۴/ ۸۰۷)

۹/ باب نکاح المکرہ

نکاح بالجبر کی ایک صورت

سوال [۵۳۴۳]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: ایک لڑکی زید سے محبت کرتی تھی، اس کے والدین نے کافی منع کیا اور تنبیہ بھی کی باوجود اس کے نہیں مانی، اچانک رات میں اٹھ کر زید کے گھر چلی گئی، صبح کو لڑکی کے والد جبراً زید کے گھر سے لے آئے اور لڑکی کے والد نے اپنے چچا زاد بھائی سے نکاح پڑھوا دیا؛ لیکن یہ نکاح لڑکی کے منشا کے خلاف تھا، لڑکی عاقلہ بالغہ باکرہ تھی، لڑکی نے مجبوراً جب کہ اس کو گولی مارنے کی دھمکی دی گئی روتے ہوئے ہاں کرنے کے بعد دستخط کردئے، بعد رخصتی کے اسی دن رات کو جب کہ خلوت صیحہ تک نہیں ہوئی تھی، لڑکی زید کے ساتھ فرار ہوگئی اور اس نے نگینہ میں زید مذکور کے ساتھ نکاح کرلیا، سوال یہ ہے کہ کیا اس طرح جبراً نکاح منعقد ہوجاتا ہے؟ صورت مسئولہ میں دونوں نکاحوں میں کونسا نکاح صحیح ہوا اول یا ثانی؟ والدین اپنی بیٹی سے تعلق رکھنے کے شرعاً مجاز ہیں یا نہیں کیا حکم ہے۔

المستفتی: نسیم احمد افضل گڑھ محلّہ گوہر علی خان، بجنور

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: مذکورہ صورت میں اس لڑکی کا نکاح باپ نے چچا زاد بھائی کے ساتھ جبراً جو کیا ہے وہ صحیح ہوچکا ہے؛ اس لئے کہ جبر واکراہ کے ساتھ بھی نکاح صحیح ہوجاتا ہے، جب کہ لڑکی نے ہاں کہہ دیا ہے؛ لہٰذا دوسرا نکاح جو بعد میں زید کے ساتھ بھاگ کر نگینہ جاکر کیا ہے وہ صحیح نہیں ہوا ہے؛ لہٰذا زید کے ساتھ رہنا حرام کاری ہوگی۔

وإن أکرہ علی النکاح جاز العقد. الخ (الجوهرة، کتاب الإکراہ، إمدادیہ ملتان ۲/ ۳۵۵، دارالکتاب دیوبند ۲/ ۳۳۷)

وإذا أكرهت المرأة على النكاح، ففعلت، فإنه يجوز العقد. (هندية زكريا ١/ ٢٩٤، جديد زكريا ١/ ٣٦٠) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۳ رجب ۱۴۱۲ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۲۸/ ۲۷۶۹)

جبراً نکاح کا حکم

سوال [۵۳۴۴]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: دادا نے اپنے پوتے کا رشتہ اپنی حیات میں اپنی سالی کی پوتی سے کیا، جس وقت لڑکے کی عمر تقریباً ۱۲/ سال اور لڑکی کی عمر تقریباً ۱۱/ سال تھی، اس کے دو سال کے بعد لڑکے کے دادا کا انتقال ہو گیا، موجودہ صورت یہ ہے کہ لڑکے کی عمر ۲۳/ سال اور پچھلے ڈیڑھ سال سے مسلسل لڑکا اپنے گھر والوں سے اور لڑکی کے گھر والوں سے اس رشتہ کو لڑکی پسند نہ ہونے کی وجہ سے منع کرر ہا ہے، اس کے باوجود بھی دونوں کے گھر والے اس بات کو نظر انداز کرتے ہوئے جبراً دونوں کے نکاح کی تیاریوں میں لگے ہوئے ہیں، حدتو یہ ہے کہ لڑکے نے خود لڑکی اور لڑکی کے سارے گھر والوں سے نکاح کے لئے اپنی نا مرضی ظاہر کی، پر اس کے جواب میں لڑکی کے دادا جبراً نکاح کی کوشش میں لگے ہوئے ہیں اور انہوں نے اپنے بڑے ہونے کا فائدہ اٹھاتے ہوئے لڑکے کے باپ کو اس بات کے لئے راضی کرلیا ہے، کچھ ضروری باتیں: لڑکا بالغ ہے، کاروبار میں اچھی کمائی کرتا ہے، اپنے فیصلے خود لینے کی سمجھ رکھتا ہے، اب سوال یہ ہے کہ اگر اسی طرح سے زور زبردستی سے نکاح کرایا جاتا ہے، تو وہ نکاح کس حد تک جائز ہے؟ اور اس کا کیا وجود ہوگا، مہربانی کرکے جواب مرحمت فرمائیں۔

المستفتی: محمد زبیر پیر غیب، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: باپ دادا کے لئے نابالغ بچوں کا رشتہ طے کرنا

جائز ہے، جب کہ اس وقت نکاح نہیں ہوا ہے، تو بالغ ہو جانے کے بعد بچوں کو اس رشتہ کے باقی رکھنے اور ختم کرنے کا اختیار ہوتا ہے، جب لڑکا اس رشتہ کو پسند نہیں کر رہا ہے، تو شرعی طور پر اسی لڑکی سے شادی کرنے پر لڑکے کو مجبور کرنا ماں باپ اور رشتہ داروں کے لئے جائز نہیں ہے، بلکہ شادی میں بالغ لڑکے کی مرضی کا خیال رکھنا ماں باپ اور رشتہ داروں پر لازم ہے، حتی کہ حدیث شریف میں اس بات کی بھی اجازت آئی ہے کہ لڑکا لڑکی ایک دوسرے کو دیکھ کر پسند کریں، اگر پسند ہو تو نکاح کریں اور پسند نہ ہو تو نکاح نہ کریں، پھر بھی اگر ماں باپ اور رشتہ دار لڑکے کے اوپر اسی لڑکی سے نکاح کرنے کے لئے ناجائز دباؤ ڈال کر نکاح پر مجبور کر دیتے ہیں اور وہ بوقت نکاح اگر صراحت کے ساتھ ایجاب وقبول نہیں کرتا ہے، تو نکاح منعقد نہیں ہوگا۔ اور ایسے مجبور کرنے کی صورت میں صرف ہاں کہہ دینے سے نکاح منعقد نہیں ہوگا؛ بلکہ صراحت کے ساتھ یہ کہنا پڑے گا کہ میں اس کو اپنے نکاح میں قبول کرتا ہوں، ماں باپ اور رشتہ داروں کو یہ بات بھی سوچنی چاہئے کہ جوان لڑکا جب رشتہ قبول کرنے پر راضی نہیں ہے اور زبردستی قبول کرالیا جائے اور بعد میں لڑکا طلاق دے دے تو خواہ مخواہ ایک صاف ستھری لڑکی کو داغدار بنانا ہے، یہ لڑکی کے اوپر سخت ترین ظلم ہے۔

عن المغيرة بن شعبة –رضي الله عنه– أنه خطب امرأة، فقال النبي صلى الله عليه وسلم: أنظر إليها، فإنه أحرى أن يؤدم بينكما. (ترمذي شريف، أبواب النكاح، باب ماجاء في النظر إلى المخطوبة، النسخة الهندية ١/ ٢٠٧، دارالسلام، رقم: ١٠٧٨)

ولا تجبر البالغة البكر، ولا الحر البالغ على النكاح لانقطاع الولاية بالبلوغ. (شامي مع درمختار، كتاب النكاح، باب الولي، كراچی ٣/ ٥٨، زكريا ٤/ ١٥٩)

لا يجوز نكاح أحد على بالغة صحيحة العقل من أب أو سلطان بغير إذنها. (عالمگیری، زكريا ١/ ٢٨٧، جديد ١/ ٣٥٣) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ

۳؍رجب ۱۴۳۴ھ

(الف فتویٰ نمبر: ۴۰/۱۱۱۷۸)

کیا جبراً قبول کرانے سے نکاح منعقد ہو جائے گا

سوال [۵۳۴۵]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: ایک لڑکی راستے سے گذر رہی تھی، کسی لڑکے نے اس کا ہاتھ پکڑ لیا، شور مچانے کے بعد جب لوگوں کے سامنے پیشی ہوئی تو لڑکی کہہ رہی ہے کہ میرا ہاتھ پکڑا ہے، اور لڑکا انکار کرتا ہے، آخر کار لوگوں نے ان کی شادی کرانی چاہی؛ لیکن لڑکا انکار کرتا رہا، ساتویں مرتبہ قبول نہ کرنے پر زبردستی قبول کرایا گیا، لڑکے نے قبول بھی کرلیا، کیا یہ نکاح شریعت کے مطابق صحیح ہوا یا نہیں؟ جواب مع الدلیل عنایت فرمائیں، بینوا توجروا

المستفتی: محمد رفاقت حسین، بھاگلپور، متعلم جامعہ قاسمیہ شاہی مسجد مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: سوال نامہ کے درج شدہ حالات میں زبردستی نکاح قبول کرنے کی وجہ سے منعقد ہو گیا ہے۔

وإن أكره على النكاح جاز العقد. الخ (الجوهرة النيرة، كتاب الإكراه، إمداديه ملتان ۲/ ۳۵۵، دارالكتاب ديوبند ۲/ ۳۳۷)

وإذا أكرهت المرأة على النكاح، ففعلت، فإنه يجوز العقد. (هندية زكريا ۱/ ۲۹٤، جديد ۱/ ۳٦۰) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۵/ ربیع الاول ۱۴۰۹ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۲۴/ ۱۱۶۱)

زبردستی لڑکی کا نکاح کرنا اور لڑکی کا شوہر کے ساتھ چھ سال رہنا

سوال [۵۳۴۶]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل

کے بارے میں: ہندہ انٹر تک پڑھی ہوئی ہے، جب نکاح کے وقت وکیل اور گواہوں نے اجازت مانگی تو لڑکی نے ہاں کرنے سے انکار کردیا اور دستخط بھی نہیں کیئے، اس کے باوجود لڑکی کی پھوپھی نے زبردستی ہاتھ پکڑ کر انگوٹھا لگوادیا جب بھی وہ انکار کرتی رہی کہ میرا نکاح نہیں ہوا، اس کے باوجود لڑکی تقریباً چھ سال تک اس لڑکے کے ساتھ رہی، ایک لڑکا بھی پیدا ہوا، مگر ان چھ سالوں کے درمیان یہ کہتی رہی کہ میرے باپ چچاؤں نے زبردستی مجھے اس لڑکے کے ساتھ بھیج دیا ہے، اور شوہر ماننے سے انکار کرتی رہی، شوہر نے لڑکی کی بدتمیزی کی وجہ سے تین طلاق دے دیں، لڑکی اور لڑکے کے گھر والے اس بات پر راضی ہیں کہ اگر مسئلہ میں کوئی گنجائش ہے تو پھر سے یہ گھر آباد ہوسکتا ہے؛ لہٰذا قرآن وحدیث کی روشنی میں بتائیں کہ یہ نکاح ہوا یا نہیں؟ اور یہ طلاق ہوئی یا نہیں؟

المستفتی: حافظ مجیب الرحمٰن سوربازار سہرسہ، بہار

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: اگر وکیل اور گواہوں سے انکار کردینے کے بعد زبردستی ہاتھ پکڑ کر انگوٹھا لگایا گیا، اس کے بعد نکاح ہوا، پھر رخصتی کے وقت برضا رخصت ہوگئی اور پہلی مرتبہ شوہر کو برضا تمکین بھی دے دی، تو ایسی صورت میں نکاح صحیح ہوگیا ہے بعد میں چاہے انکار کرتی رہی ہو، اور پھر جتنے دن شوہر کے ساتھ رہی ہے، وہ جائز طریقہ سے رہنا ثابت ہوگا اور اب شوہر نے جو طلاق دی ہے، وہ طلاق بھی واقع ہوجائے گی۔ (مستفاد: فتاوی محمودیہ قدیم ۳/ ۲۴۰، جدید ڈابھیل ۱۰/ ۶۴۷)

إذا ثبت الرضا بالقول يثبت بالتمكن من الوطء بالأولى؛ لأنه أدل على الرضا. (شامي، باب الولي، كراچی ۳/ ۶۲، زكريا ٤/ ١٦٥)

وإنما يبطل خيارها إذا رضيت بالنكاح صريحا، أو يوجد منها فعل يستدل به على الرضا كالتمكين من الجماع. (هندية، زكريا ١/ ٢٨٦، جديد ١/ ٣٥٢)

بل رضاها هنا يتحقق تارة بالقول كقولها: رضيت ...... وتارة بالدلالة

کطلب مهرها، ونفقتها أو تمكينها من الوطء ...... أن الكل من قبيل القول إلا التمكين، فيثبت بدلالة نص إلزام القول؛ لأنه فوق القول. (البحر الرائق، زکریا ۳/ ۲۰۳، ۲۰۴، کوئٹہ ۳/ ۱۱۵-۱۱۶) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۷/ جمادی الثانیہ ۱۴۲۱ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۵/ ۶۷۳۵)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۷/ ۶/ ۱۴۲۱ھ

زبردستی نکاح کرانے سے نکاح کا انعقاد

سوال [۵۳۴۷]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: (۱) اگر کسی سے نکاح کرنے پر لڑکا یا لڑکی رضامند نہ ہوں اور ان کے اولیاء یا رشتہ دار زبردستی لڑکا یا لڑکی سے ایجاب وقبول کرائیں تو یہ شرعاً کیسا ہے؟ کیا اس صورت میں نکاح ہو جائے گا، جب کہ لڑکا اور لڑکی راضی نہیں ہیں، نیز جبراً ایجاب وقبول کرانے کی صورت میں اس کا ذمہ دار کون ہوگا؟ جبراً ایجاب وقبول کرنے والے یا کرانے والے اولیاء؟

(۲) اگر کوئی اولاد والدین کی اطاعت وفرماں برداری کے پیش نظر ان کے حسب خواہش شخص سے نکاح کرلے، تو نکاح درست ہوگا یا نہیں؟

المستفتی: محمد ناصر بن عبد الرشید صاحب، آزادنگر کرولہ، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: (۱-۲) اگر زبردستی ایجاب وقبول کرالیا اور لڑکا یا لڑکی نے زبان سے ایجاب وقبول کرلیا تو اس سے نکاح تو منعقد ہو جائے گا؛ لیکن والدین کے لئے یہ عمل جائز نہیں، ان کی ازدواجی زندگی میں اگر توڑ پیدا ہوتا ہے اور تلخی پیدا ہوتی ہے، تو اس کا گناہ ماں باپ پر ہوگا۔ اور نکاح اس لئے منعقد ہو جاتا ہے کہ نکاح اور طلاق کے صحیح ہونے کا مدار الفاظ کے استعمال پر ہے؛ لہٰذا اگر مذاق میں بھی لڑکا لڑکی دو آدمی کے سامنے

ایجاب وقبول کرلیں تو اس سے بھی نکاح صحیح ہوجاتا ہے، اسی طرح اگر شوہر نے مذاق میں طلاق کا لفظ استعمال کرلیا ہے تو اس سے بھی طلاق واقع ہوجاتی ہے۔ اور اسی سے چوتھے سوال کا جواب بھی ہوگیا۔

عن أبي هريرة -رضي الله عنه- أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال: ثلث جدهن جد، وهزلهن جد، النكاح، والطلاق، والرجعة. (أبوداؤد شريف، باب في الطلاق على الهزل، النسخة الهندية ۱/ ۲۹۸، دارالسلام، رقم: ۲۱۹٤، سنن الترمذي، باب ماجاء في الجد والهزل في الطلاق، النسخة الهندية ۱/ ۲۲۵، دارالسلام، رقم:۱۱۸٤)

نكاح المكره صحيح. (فتاوى شامي، زكريا ٤/ ۸۷، كراچی ۳/ ۲۱)

فيجوز نكاح المكره عندنا . (بدائع الصنائع زكريا ۲/ ٦۰۲، كراچی ۲/ ۳۱۰)

وكذلك الجد ليس من شرائط جواز النكاح حتى يجوز نكاح الهازل؛ لأن الشرع جعل الجد والهزل في باب النكاح سواء. (بدائع الصنائع، زكريا ۲/ ٦۱۲، كراچی ۲/ ۳۱۰) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۴؍ ربیع الثانی ۱۴۲۳ھ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۶/ ۷۶۰۱)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۲۳/۴/۱۴ھ

لڑکی کو نکاح پر مجبور کرنا اور رات گذارنا

سوال [۵۳۴۸]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: میرے بھائی کی شادی ۲۰؍ مئی کو قصبہ سہسپور ضلع بجنور محلہ حکیم پورہ، حافظ ذوالفقار صاحب کی لڑکی سے ہوئی تھی۔ نکاح ہوگیا، رخصتی میں دیر ہوگئی، کچھ لوگوں نے وکیل صاحب سے کہا کہ جلدی کرو، وکیل صاحب نے بتایا لڑکی بیہوش ہے گرمی کی وجہ سے۔

(۲) لڑکی کا وکیل باہر آکر بولا میں اتنا بڑا بوجھ اپنے ذمہ نہیں لوں گا؛ کیوں کہ لڑکی نے اجازت نہیں دی ہے، یہ بات بیچ والے حکیم زین العابدین نے سنی تو وہ دوبارہ وکیل کو لے گئے کہ تم دوبارہ اجازت لاؤ، وہ دوبارہ گئے تو حکیم صاحب کا کہنا ہے کہ اندر سے آواز آئی کہ ہاں جی ہاں جی، یہ آواز لڑکی کی ماں کی تھی، اب وکیل صاحب کہتے ہیں کہ لڑکی نے دستخط دوسری لڑکی سے ہاتھ پکڑ کر کرائے ہیں؛ کیوں کہ لڑکی کی حالت ٹھیک نہیں تھی۔

(۳) زید کہتا ہے کہ جب لڑکی کی حالت ٹھیک نہیں تھی تو اس کی مرضی کیسے جانی جائے تو وکیل صاحب کا کہنا ہے کہ وہ ہوش میں نہیں تھی، اس کے ہاتھ کانپ رہے تھے، دوسری لڑکی نے دستخط کئے۔

(۴) زید کہتا ہے کہ اس حالت میں نماز بھی نہیں ہوتی؛ کیوں کہ لڑکی کی حالت ٹھیک نہیں ہے، تو اس حالت میں نکاح کی اجازت بھی نہیں مانی جائے گی؟

(۵) اب لڑکے کا کہنا ہے کہ جب میں لڑکی کے پاس گیا تو لڑکی نے کہا: میرا شبو میرا شبو یہ لڑکے نے معلوم کیا تو خاموش ہوگئی۔

(۶) لڑکے کا کہنا ہے کہ لڑکی نے مجھ سے کہا کہ نہ میں نے دستخط کئے ہیں نہ میں نے اجازت دی۔

(۷) لڑکی نے یہ بھی لڑکے سے کہا کہ اب میں جا کر نہیں آؤں گی۔

(۸) یہ لڑکی کے والد کا کہنا ہے کہ لڑکی تم سے ڈرتی ہے، تم جب گھر آتے ہو تو لڑکی گھبراتی ہے، ابھی لڑکی صرف ایک رات رہی ہے، ہم سے گھبراتی ہے، کسی سے نہیں گھبراتی ڈرتی، ایسا کیوں ہے؟

(۹) زید کا کہنا ہے کہ لڑکی کی شاید مرضی تم سے ملنے کی نہ ہو، یا تمہارے یہاں نہ رہنا چاہتی ہو؛ اس لئے لڑکی کو اور لڑکے کو بلا کر دونوں کا سامنا کرا دیا جائے اور وہاں دو تین دیندار لوگ موجود ہوں۔

(۱۰) حکیم زین العابدین اور مولانا مسعود صاحب کا مشورہ ہوا کہ یہ نکاح فسخ

ہوجائے گا؛ کیوں کہ ہم مطمئن نہیں ہیں، اگر نوبت ایسی آئی تو دوبارہ نکاح کرادیں گے، کیا ایسا کرنا درست وصحیح ہے؟ وضاحت فرمائیں

المستفتی: قاری مہتاب عالم امام اسٹیشن والی مسجد، بجنور

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: برتقدیر صحت سوال جب لڑکی نے بوقت نکاح اجازت نہیں دی اور نہ ہی دستخط کئے، تو مذکورہ نکاح سرے سے منعقد ہی نہیں ہوا اور نہ ہی مہر وغیرہ کا تحقق ہوگا؛ بلکہ لڑکی بالکل آزاد ہے، اپنی مرضی سے دوسری جگہ اپنا نکاح کرسکتی ہے؛ لیکن سوال نامہ میں لڑکی کا ایک رات لڑکے کے یہاں رہنا بھی مذکور ہے، اگر بلا جبر واکراہ لڑکی نے وطی پر قدرت دے دی ہے تو اب لڑکی کا انکار مقبول نہ ہوگا؛ بلکہ نکاح لازم ہوجائے گا۔ اور اگر وطی نہیں ہوئی یا زبردستی اور دباؤ سے وطی کی ہے، تو اس کو رضا پر محمول نہیں کیا جائے گا؛ بلکہ نکاح باطل ہوگا۔ اور لڑکی کو الگ نکاح کرنے کا شرعاً حق حاصل ہوگا۔

وإن فعل هذا غير الولي يعني استأمر غير الولي (وقوله) لم يكن رضا حتى تتكلم به؛ لأن هذا السكوت لقلة الالتفات إلى كلامه، فلم يقع دلالة على الرضا. (هداية، أشرفي بك ڈپو ديوبند ۲/ ۳۱٤)

قال الزوج للبكر البالغة: بلغك النكاح، فسكت وقالت: رددت النكاح ولا بينة لهما على ذلك، ولم يكن دخل بها طوعا في الأصح، فالقول قولها بيمينها، وأما إذا دخل بها طوعا حيث لا تصدق في دعوى الرد في الأصح؛ لأن التمكين من الوطي كالإقرار. (درمختار مع الشامي، زكريا ٤/ ١٦٧، كراچى ٣/ ٦٣، هندية زكريا ١/ ٢٨٩، جديد ١/ ٣٥٥) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ	الجواب صحیح:
۵/ جمادی الاولیٰ ۱۴۲۶ھ	احقر محمد سلمان منصورپوری غفرلہ
(الف فتویٰ نمبر: ۳۷/ ۸۸۰۵)	۱۴۲۶/۵/۶ھ